قصص القرآن

تالیف

مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی

رفیق ندوۃ المصنفین

مکتبہ رحمانیہ

MAKTABA-E-REHMANIA

قصص القرآن

جلد چہارم

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے واقعات وحالات کا مُبصرانہ اور محققانہ بیان

تالیف

مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی رفیقِ اعلیٰ ندوۃ المصنفین دہلی

تخریج وتصحیح

مولانا محمد عرفان فاضل جامعہ مدنیہ، لاہور

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

MAKTABA-E-REHMANIA

فہرست مضامین (جلد چہارم)

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِہٖ لِیَکُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا.

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ کَافَّۃً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا.

امابعد! خدائے تعالیٰ کا احسان عظیم ہے کہ آج قصص القرآن کی تالیف اپنی آخری منزل پر پہنچ کر کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئی، میں کیا اور میری لیاقت اور میرا قلم کیا؟ یہ جو کچھ بھی خدا کے فضل اور قرآن حکیم کی برکت کی بدولت ہوا۔ فالحمد للہ علی ذالك۔

یہ جلد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت و دعوت اور حیات طیبہ اور دیگر مباحث متعلقہ پر مشتمل، اور پہلی تین جلدوں کی خصوصیات و امتیازات کی حامل ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مقدس حالات میں خصوصیت کے ساتھ وہ مباحث لائق مراجعت ہیں جو قرآن حکیم کے حکیمانہ دلائل و براہین کی روشنی میں "حیات عیسیٰ علیہ السلام" سے متعلق ہیں یا عہد قدیم و عہد جدید (توراۃ و انجیل) کے مضامین الٰہیات سے تعلق رکھتے ہیں۔

خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ ﷺ کی "حیات طیبہ" تو وہ مخدوم شے ہے کہ از سلف تا خلف مسلسل ہر زندہ زبان اس خدمت پاک کو اپنا فرض یقین کرتی اور ادائے فرض سے سبکدوشی کا شرف حاصل کرتی رہی ہے۔ خصوصاً عربی زبان کے بعد اُردو زبان میں اس خدمت نے بہترین ذخیرہ پیش کر دیا ہے۔ اور مختصر، متوسط مطول ہر نوع کی تالیفات اس سلسلہ میں موجود ہیں اس لیے اس تالیف میں کوشش کی گئی ہے کہ صرف ان ہی واقعات کو سپرد قلم کیا جائے جن کا قرآن حکیم سے براہِ راست تعلق ہے۔ ورنہ ظاہر ہے کہ ذات اقدس ﷺ کا ہر شعبہ حیات قرآن حکیم کی جیتی جاگتی تصویر، اور آپ ﷺ کا ہر اسوۂ حسنہ آیات قرآن کی تفسیر ہے۔

قصص القرآن کی تالیف اپنی افادیت اور مقصد تالیف کے لحاظ سے کیا درجہ رکھتی ہے۔ اس کا فیصلہ ارباب ذوق کی نگاہ بصیرت کے سپرد ہے..... خدائے تعالیٰ سے دست بدعاء ہوں کہ وہ اس خدمت کو قبول فرمائے۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ وَھُوَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ○

خادم ملت

محمد حفظ الرحمٰن صدیقی کان اللہ لہ

۹ صفر المظفر ۱۳۶۵ھ مطابق ۱۳ جنوری ۱۹۴۶ء

قرآن عزیز اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام جلیل القدر اور اولوالعزم پیغمبروں میں سے ہیں، اور جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ورسل ہیں اسی طرح عیسیٰ علیہ السلام خاتم الانبیاء بنی اسرائیل ہیں، اور جمہور کا اس پر اجماع ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا، اور درمیان کا یہ زمانہ جس کی مدت تقریباً پانچ سو ستر سال ہے۔ فترۃ (انقطاع وحی) کا زمانہ رہا ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام کی جلالت قدر اور عظمت شان کا ایک امتیازی نشان یہ بھی ہے کہ اگر انبیاء بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نبوت و رسالت کا مقام امامت حاصل ہے تو عیسیٰ علیہ السلام مجدد انبیاء بنی اسرائیل ہیں، اس لیے کہ قانون ربانی (تورات) کے بعد بنی اسرائیل کی رشد و ہدایت کے لیے انجیل (بائبل) سے زیادہ عظیم المرتبہ دوسری کوئی کتاب نازل نہیں ہوئی اور یہ ایک حقیقت ہے کہ انجیل کا نزول قانون تورات کی تکمیل ہی کی شکل میں ہوا ہے یعنی نزول تورات کے بعد یہود نے جو قسم قسم کی گمراہیاں دین حق میں پیدا کر لی تھیں انجیل نے توراۃ کی شارح بن کر بنی اسرائیل کو ان گمراہیوں سے بچنے کی دعوت دی اور اس طرح تکمیل تورات کا فرض انجام دیا اور بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فراموش شدہ پیغام ہدایت عیسیٰ علیہ السلام ہی نے دوبارہ یاد دلایا اور تازہ بارانِ رحمت کے ذریعہ اس خشک کھیتی کو دوبارہ زندگی بخشی۔ مزید برآں یہ کہ عیسیٰ علیہ السلام سرور کائنات محمد ﷺ کے سب سے بڑا مناد اور مبشر ہیں اور ہر دو مقدس پیغمبروں کے درمیان ماضی اور مستقبل دونوں زمانوں میں خاص رابطہ اور علاقہ پایا جاتا ہے۔ [1]

قرآن عزیز نے نبی اکرم ﷺ کی مماثلت کے سلسلہ میں جن پاک ہستیوں کے واقعات سے بہت زیادہ بحث کی ہے ان میں حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ (علیہم السلام) کی مقدس ہستیاں زیادہ نمایاں نظر آتی ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت قرآن کے "تذکیر بایام اللہ" میں اس لیے زیادہ اہمیت رکھتی ہے کہ جس دین قویم اور ملت بیضاء کا عروج و کمال محمد ﷺ کی تقدیس کے ساتھ وابستہ تھا اور جس ملت کی دعوت و تبلیغ کا محور و مرکز ذات اقدس ﷺ بننے والی تھی وہ ملت ابراہیم علیہ السلام کے نام سے موسوم ہے ﴿مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ﴾ کیونکہ یہی وہ بوڑھے پیغمبر ہیں جنھوں نے شرک کے مقابلہ میں سب سے پہلے توحید الٰہی کو حنیفیت کا لقب دیا اور آئندہ ہمیشہ کے لیے خدا کی راہ مستقیم کے لیے "ملة حنيفية" کا امتیاز قائم کر دیا، یعنی جو خدا کی پرستش کے لیے مظاہر کائنات کی پرستش کو وسیلہ بناتا ہے "وہ مشرک" ہے اور جو خالق کائنات کی یکتائی کا قائل ہو کر براہِ راست اسی کی پرستش کرتا ہے وہ "حنیف" ہے۔ پس اس مقدس پیغمبر نے خدا پرستی کے اس حقیقی تصور کو عملی حیثیت میں اس درجہ نمایاں کیا کہ مستقبل میں ادیان حق کے لیے اس کی پیروی حق و صداقت کا معیار بن گئی اور خدائے برتر کی جانب سے قبولیت کا یہ شرف عطاء ہوا کہ یہ مقدس پیغمبر کائنات رشد و ہدایت کا امام اکبر اور مجدد اعظم قرار دیا گیا:

﴿ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ﴾ (آل عمران: ۹۵)

"پس پیروی کرو ابراہیم کی ملت کی، جو سب سے کٹ کر صرف خدا کی جانب جھکنے والا ہے۔"

﴿ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا ﴾ (الحج: ۷۸)

"یہ ملت ہے تمہارے باپ ابراہیمؑ کی، اس نے تمہارا نام "مسلم" رکھا نزول قرآن سے قبل اور اس قرآن میں بھی تمہارا نام "مسلم ہے"۔"

اور موسیٰ علیہ السلام کی مقدس زندگی کا تذکرہ اس لیے اہمیت کا حامل ہے کہ ان کی دعوت و تبلیغ کے واقعات یعنی قوم کی جہالت و نافرمانی، دشمنانِ خدا سے نبرد آزمائی پیہم مصائب و آلام پر صبر و استقلال کا دوام و ثبات، اور اسی قسم کے دوسرے کوائف و حالات میں ان کے اور نبی اکرم ﷺ کے درمیان بہت زیادہ مشابہت و مناسبت پائی جاتی ہے اور اس لیے وہ واقعات و حالات، قبول و انکار حق

[1] تفصیل اپنے موقع پر آئے گی۔

اوران سے پیدا شدہ نتائج کے سلسلہ میں بصیرت وعبرت کا سامان مہیا کرتے اور نظائر وشواہد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور عیسیٰ علیہ السلام کی حیات طیبہ کا مقدس ذکر مسطورہ بالا خصوصیات وامتیازات کی بناء پر خاص اہمیت رکھتا ہے۔

غرض قرآن عزیز نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات وواقعات کو بسط وتفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اوران کی حیات طیبہ کے دیباچہ کے طور پران کی والدہ حضرت مریم علیہا السلام کے واقعات زندگی کو بھی روشن کیا ہے تاکہ قرآن کا مقصد "تذکیر بایام اللہ" پورا ہو۔

یہ ذکر پاک قرآن عزیز کی تیرہ سورتوں میں ہوا ہے، ان میں سے کسی جگہ نام مبارک عیسیٰ (یسوع) سے یاد کیا گیا ہے اور کسی جگہ "مسیح علیہ السلام" اور عبداللہ کے لقب سے اور کسی مقام پر کنیت "ابن مریم" کے اظہار کے ساتھ۔

نقشہ ذیل اس حقیقت کا کاشف اورارباب مطالعہ کی بصیرت کے لیے مدد ومعاون ہے:

شمار	سورہ	آیات	عیسیٰ	مسیح	عبداللہ	ابن مریم	تعداد آیات
۱	البقرہ	۸۷، ۱۳۶، ۱۳۷، ۱۳۸، ۲۵۳	۳	۰	۰	۲	۵
۲	آل عمران	۴۲، ۶۴، ۹۴	۵	۱	۰	۱	۲۴
۳	النساء	۱۵۶، ۱۵۹، ۱۷۱، ۱۷۲	۳	۳	۰	۲	۶
۴	المائدہ	۱۷، ۴۶، ۷۲، ۷۵، ۷۸، ۱۱۰، ۱۲۰	۶	۵	۰	۱۰	۱۸
۵	الانعام	۸۵	۱	۰	۰	۰	۱
۶	التوبہ	۲۰، ۳۱	۰	۱	۰	۱	۲
۷	مریم	۱۶، ۳۵	۱	۱	۱	۱	ار
۸	المومنون	۵۰	۱	۰	۰	۱	۱
۹	الاحزاب	۷، ۸	۱	۰	۰	۱	۲
۱۰	الشوریٰ	۱۳	۱	۰	۰	۰	۱
۱۱	الزخرف	۵۷، ۶۳	۱	۰	۰	۱	۲
۱۲	الحدید	۲۷	۱	۰	۰	۱	۱
۱۳	الصف	۶، ۱۵	۲	۰	۰	۲	۲

عمران وحنہ:

حضرت زکریا اور حضرت یحییٰ علیہما السلام کے حالات میں گزر چکا ہے کہ بنی اسرائیل میں عمران ایک عابد وزاہد شخص تھے اوراسی زہد وعبادت کی وجہ سے نماز کی امامت بھی ان ہی کے سپرد تھی اوران کی بیوی حنہ بھی بہت پارساء اور عابدہ تھیں اوراپنی نیکی کی وجہ سے دونوں بنی اسرائیل میں بہت زیادہ محبوب ومقبول تھے۔ [1]

[1] تفسیر ابن کثیر ج ۱ (آل عمران)

محمد بن اسحٰق "صاحب مغازی" نے عمران کا نسب نامہ اس طرح بیان کیا ہے:

عمران بن یاشم بن میشا بن جزقیا بن ابراہیم بن عزریا بن ناوش بن اجر بن یہودا بن نازم بن مقاسط بن ایشا بن ایاز بن رخیعم (رحبعام) بن سلیمان بن داؤد (علیہما السلام) اور حافظ ابن عساکر نے ان ناموں کے علاوہ دوسرے نام بیان کیے ہیں اور ان دونوں بیانات میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے تاہم اس پر تمام علماء انساب کا اتفاق ہے کہ عمران حضرت سلیمان علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں اور حنہ بنت فاقوذ بن قبیل بھی داؤد علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ ❶

عمران صاحب اولاد نہیں تھے اور ان کی بیوی حنہ بہت زیادہ متمنی تھیں کہ ان کے اولاد ہو، وہ اس کے لیے درگاہ الٰہی میں دست بدعاء اور قبولیت دعاء کے لیے ہر وقت منتظر رہتی تھیں۔

کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حنہ صحن مکان میں چہل قدمی کر رہی تھیں، دیکھا کہ ایک پرندا اپنے بچہ کو بھرا رہا ہے، حنہ کے دل پر یہ دیکھ کر سخت چوٹ لگی اور اولاد کی تمنا نے بہت جوش مارا اور حالت اضطراب میں بارگاہِ الٰہی میں دعاء کے لیے ہاتھ اٹھا دیئے اور عرض کیا "پروردگار اسی طرح مجھ کو بھی اولاد عطاء کر کہ وہ ہماری آنکھوں کا نور اور دل کا سرور بنے۔" دل سے نکلی ہوئی دعاء نے قبولیت کا جامہ پہنا اور حنہ نے چند روز بعد محسوس کیا کہ وہ حاملہ ہیں۔ حنہ کو اس احساس سے اس درجہ مسرت ہوئی کہ انہوں نے نذر مان لی کہ جو بچہ پیدا ہو گا اس کو ہیکل (مسجد اقصیٰ) کی خدمت کے لیے وقف کر دوں گی۔ ❷

بہر حال اللہ تعالیٰ نے عمران کی بیوی حنہ کی دعاء کو شرف قبولیت بخشا اور وہ مسرت و شادمانی کے ساتھ امید بر آنے کی گھڑی کا انتظار کرنے لگیں۔

بشر بن اسحاق کہتے ہیں کہ حنہ ابھی حاملہ تھیں کہ ان کے شوہر عمران کا انتقال ہو گیا۔ ❸

مریم علیہا السلام کی ولادت:

جب مدت حمل پوری ہو گئی اور ولادت کا وقت آ پہنچا تو حنہ کو معلوم ہوا کہ ان کے بطن سے لڑکی پیدا ہوئی ہے، جہاں تک اولاد کا تعلق ہے حنہ کے لیے یہ لڑکی بھی لڑکے سے کم نہ تھی مگر ان کو یہ افسوس ضرور ہوا کہ میں نے جو نذر مانی تھی وہ پوری نہیں ہو سکے گی، اس لیے کہ لڑکی کس طرح مقدس ہیکل کی خدمت کر سکے گی؟ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے افسوس کو یہ کہہ کر بدل دیا کہ ہم نے تیری لڑکی کو ہی قبول کیا اور اس کی وجہ سے تمہارا خاندان بھی معزز اور مبارک قرار پایا، حنہ نے لڑکی کا نام مریم علیہا السلام رکھا، سریانی میں اس کے معنی ❹ "خادم" کے ہیں، چونکہ یہ ہیکل کی خدمت کے لیے وقف کر دی گئیں اس لیے یہ نام موزوں سمجھا گیا۔

قرآن عزیز نے اس واقعہ کو معجزانہ اختصار کے ساتھ اس طرح بیان کیا ہے:

﴿ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ

---

❶ البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۵۶

❷ بنی اسرائیل کی مذہبی رسوم میں سے یہ رسم بہت مقدس سمجھی جاتی تھی کہ وہ اپنی اولاد کو ہیکل کی خدمت کے لئے وقف کریں۔ البدایہ والنہایہ ج ۲۔

❸ فتح الباری ج ۲ ص ۳۶۴۔ ❹ فتح الباری ج ۶ ص ۳۶۵۔

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۭ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّىْٓ اُعِيْذُھَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۭ

(آل عمران : ۳۳۔۳۷)

"بیشک اللہ نے آدم اور نوح اور آل ابراہیم اور آل عمران [1] کو (اپنے اپنے زمانہ میں جہاں) والوں پر بزرگی عطاء فرمائی (ان میں سے) بعض، بعض کی ذریت ہیں) اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے (وہ وقت یاد کرو جب عمران کی بیوی نے کہا: "خدایا! میں نے نذر مان لی ہے کہ میرے پیٹ میں جو (بچہ) ہے وہ تیری راہ میں آزاد ہے" پس تو اس کو میری جانب سے قبول فرما۔ بیشک تو سننے والا، جاننے والا ہے۔" پھر جب اس نے جنا تو کہنے لگی۔ "پروردگار! میرے لڑکی پیدا ہوئی ہے اور اللہ خوب جانتا ہے جو اس نے جنا ہے اور لڑکا اور لڑکی یکساں نہیں ہیں (یعنی ہیکل کی خدمت لڑکی نہیں کر سکتی لڑکا کر سکتا ہے) اور میں نے اس کا نام مریم رکھا ہے۔ اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان الرجیم کے فتنہ سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ پس مریم کو اس کے پروردگار نے بہت اچھی طرح قبول فرمایا اور اس کی نشوونماء اچھے طریق پر کی اور زکریا کو اس کا نگران کار بنا دیا۔"

حضرت مریم علیہا السلام جب سن شعور کو پہنچیں اور یہ سوال پیدا ہوا کہ مقدس ہیکل کی یہ امانت کس کے سپرد کی جائے تو کاہنوں [2] میں سے ہر ایک نے یہ خواہش ظاہر کی کہ اس مقدس امانت کا کفیل مجھ کو بنایا جائے مگر اس امانت کی نگرانی کا اہل حضرت زکریا علیہ السلام سے زیادہ کوئی نہ تھا، اس لیے کہ وہ مریم علیہا السلام کی خالہ ایشاع (الیشبع) کے شوہر بھی تھے اور مقدس ہیکل کے معزز کاہن اور خدائے برتر کے نبی بھی تھے، اس لیے سب سے پہلے انہوں نے ہی اپنا نام پیش کیا مگر جب سب کاہنوں نے یہی خواہش ظاہر کی اور باہمی کشمکش کا اندیشہ ہونے لگا تو آپس میں طے پایا کہ قرعہ اندازی کے ذریعہ اس کا فیصلہ کر لیا جائے۔ اور بقول روایات بنی اسرائیل تین مرتبہ قرعہ اندازی کی گئی وہ دریا میں اپنے قلم (پورے) ڈالتے مگر قرعہ کی شرط کے مطابق ہر مرتبہ زکریا علیہ السلام ہی کا نام نکلتا، کاہنوں نے جب یہ دیکھا کہ اس معاملہ میں زکریا علیہ السلام کے ساتھ تائید غیبی ہے تو انہوں نے بخوشی اسی فیصلہ کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا اور اس طرح یہ "سعید امانت" حضرت زکریا علیہ السلام کے سپرد کر دی گئی۔

کہا جاتا ہے کہ مریم علیہا السلام کی کفالت کا یہ معاملہ اس لیے پیش آیا کہ وہ یتیم تھیں اور مردوں میں سے کوئی ان کا کفیل نہیں تھا اور بعض کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں قحط کا بہت زور تھا اس لیے کفالت کا سوال پیدا [3] ہوا۔ لیکن یہ دونوں باتیں اگر نہ بھی ہوتیں تب بھی

---

[1] عمران حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام بھی ہے اور حضرت مریم علیہا السلام کے والد کا بھی یہاں والد مریم علیہا السلام مراد ہیں۔
[2] کاہن سے وہ مقدس ہستیاں مراد ہیں جو ہیکل میں مذہبی رسوم ادا کرتی اور خدمت ہیکل پر مامور تھیں۔
[3] تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۳۶۰۔

کفالت کا سوال اپنی جگہ پھر بھی باقی رہتا اس لیے کہ مریم علیہا السلام اپنی والدہ کی نذر کے مطابق "نذر ہیکل" ہو چکی تھیں اور چونکہ لڑکی تھیں اس لیے ازبس ضروری تھا کہ وہ کسی مردِ نیک کی کفالت میں اس خدمت کو انجام دیتیں۔

غرض زکریا علیہ السلام نے حضرت مریم علیہا السلام کے صنفی احترامات کا لحاظ رکھتے ہوئے ہیکل کے قریب ایک حجرہ ان کے لیے مخصوص کر دیا تاکہ وہ دن میں وہاں رہ کر عبادت الٰہی سے بہرہ ور ہوں اور جب رات آتی تو ان کو اپنے مکان پر ان کی خالہ ایشاع کے پاس لے جاتے اور وہ وہیں شب بسر کرتیں۔ ①

حنہ اور ایشاع:

ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جمہور کا قول یہ ہے کہ ایشاع (الیشبع مریم علیہا السلام کی ہمشیر تھیں اور حدیث معراج میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ اور یحییٰ علیہما السلام کے متعلق یہ فرما کر ((وهما ابنا خالة)) جو رشتہ ظاہر فرمایا ہے اس سے بھی جمہور کے قول کی تائید ہوتی ہے۔

لیکن جمہور کا یہ قول قرآن عزیز اور "تاریخ" دونوں کے خلاف ہے اس لیے کہ قرآن نے مریم علیہا السلام کی ولادت کے واقعہ کو جس اسلوب کے ساتھ بیان کیا ہے وہ صاف بتا رہا ہے کہ عمران اور حنہ، مریم علیہا السلام کی ولادت سے قبل اولاد سے قطعاً محروم تھیں یہی وجہ ہے کہ حنہ نے مریم علیہا السلام کی ولادت پر یہ نہیں کہا "خدایا! میرے تو پہلے بھی ایک لڑکی موجود تھی، اب تو نے دوبارہ بھی لڑکی ہی عطاء فرمائی" بلکہ درگاہِ الٰہی میں یہ عرض کیا کہ جس شکل میں میری دعا کو تو نے قبول فرمائی ہے اس کو حسب وعدہ تیری نذر کیسے کروں؟ نیز تورات اور بنی اسرائیل کی تاریخ سے بھی کہیں یہ ثابت نہیں کہ عمران اور حنہ کے مریم علیہا السلام کے ماسواء کوئی اور اولاد بھی تھی بلکہ اس کے برعکس تاریخ یہود اور اسرائیلیات کا مشہور قول یہ ہے کہ ایشاع، مریم علیہا السلام کی خالہ تھیں۔

دراصل جمہور کی جانب یہ منسوب قول صرف حدیث معراج کے مسطورہ بالا جملہ کے پیش نظر ظہور میں آیا ہے حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ((وهما ابنا خالة)) وہ دونوں خالہ زاد بھائی ہیں، مجاز متعارف کی شکل میں ہے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہ طریق توسع والدہ کی خالہ کو عیسیٰ علیہ السلام کی خالہ فرمایا ہے اور اس قسم کا توسع عام بول چال میں شائع ذائع ہے۔

علاوہ ازیں ابن کثیر رحمہ اللہ کا اس کو قول جمہور کہنا بھی محل نظر ہے اس لیے کہ محمد بن اسحاق، اسحاق بن بشر، ابن عساکر، ابن جریر اور ابن حجر رحمہم اللہ جیسے جلیل القدر اصحاب حدیث وسیر کا رجحان اس جانب ہے کہ ایشاع، حنہ کی ہمشیر اور مریم علیہا السلام کی خالہ ہیں، حنہ کی بیٹی نہیں ہیں۔

---

① روح المعانی سورۂ آل عمران.... مولانا آزاد ترجمان القرآن میں لکھتے ہیں۔ قرآن میں حضرت مسیح علیہ السلام کے ظہور کا ذکر زیادہ تفصیل کے ساتھ درج کیا گیا ہے، یہاں اور سورۂ آل عمران کی آیات (۳۵-۶۳) میں یہاں یہ ذکر حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کی پیدائش کے بیان سے شروع ہوا ہے اور اناجیل اربعہ میں سے سینٹ لوقا کی انجیل ٹھیک اسی طرح یہ تذکرہ شروع کرتی ہے لیکن سورۂ آل عمران میں یہ تذکرہ اس سے پیشتر کے ایک واقعہ سے شروع ہوتا ہے یعنی حضرت مریم علیہا السلام کی پیدائش اور ہیکل میں پرورش پانے کے واقعہ سے اور اس بارہ میں چاروں انجیلیں خاموش ہیں لیکن انیسویں صدی میں متروک اناجیل کا جو نسخہ ویٹیکانؒ کے کتب خانہ سے برآمد ہوا اس نے حضرت مریم علیہا السلام کی پیدائش کا یہ مفقود ٹکڑا کر دیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کم از کم چوتھی صدی عیسوی کے اوائل تک سرگزشت کا یہ ٹکڑا بھی اسی طرح الہامی یقین کیا جاتا تھا جس طرح بقیہ ٹکڑے یقین کیے جاتے ہیں۔ ج ۲ ص ۴۴۳۔

مریم علیہا السلام کا زہد و تقویٰ:

زکریا علیہ السلام مریم علیہا السلام کی ضروری نگہداشت کے سلسلہ میں کبھی کبھی ان کے حجرہ میں تشریف لے جایا کرتے تھے لیکن ان کو یہ بات عجیب نظر آتی کہ جب وہ خلوت کدہ میں داخل ہوتے تو مریم علیہا السلام کے پاس اکثر بے موسم کے تازہ پھل موجود پاتے۔[1] آخر زکریا علیہ السلام سے نہ رہا گیا اور انہوں نے دریافت کیا: مریم تیرے پاس یہ بے موسم پھل کہاں سے آتے ہیں؟ مریم علیہا السلام نے فرمایا: "یہ میرے پروردگار کا فضل و کرم ہے، وہ جس کو چاہتا ہے بے گمان رزق پہنچاتا ہے۔" حضرت زکریا علیہ السلام نے یہ سنا تو سمجھ گئے کہ خدائے برتر کے یہاں مریم علیہا السلام کا خاص مقام اور مرتبہ ہے اور ساتھ ہی بے موسم تازہ پھلوں کے واقعہ نے دل میں یہ تمنا پیدا کر دی کہ جس خدا نے اپنی قدرت کاملہ سے یہ پھل بے موسم پیدا کر دیے، کیا وہ میرے بڑھاپے اور بیوی کے بانجھ ہونے کے باوجود مجھ کو بے موسم پھل (بیٹا) عطاء نہ کرے گا؟ یہ سوچ کر انہوں نے خشوع و خضوع کے ساتھ بارگاہِ ربانی میں دعاء کی اور وہاں سے شرف قبولیت کا مژدہ عطاء ہوا۔

﴿وَ كَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾﴾ (آل عمران: ۳۷)

"اور اس (مریم) کی کفالت زکریا نے کی، جب اس (مریم) کے پاس زکریا داخل ہوتے تو اس کے پاس کھانے کی چیزیں رکھی پاتے۔ زکریا نے کہا: "اے مریم! یہ تیرے پاس کہاں سے آئیں؟" مریم (علیہا السلام) نے کہا "یہ اللہ کے پاس سے آئی ہیں بلاشبہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بے گمان رزق دیتا ہے۔"

مریم علیہا السلام اسی طرح ایک عرصہ تک اپنے مقدس مشاغل کے ساتھ پاک زندگی بسر کرتی رہیں اور مقدس ہیکل کا سب سے مقدس مجاور حضرت زکریا علیہ السلام بھی ان کے زہد و تقویٰ سے بے حد متاثر تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی عظمت اور جلالت قدر کو اور زیادہ بلند کیا اور فرشتوں کے ذریعہ ان کو برگزیدۂ بارگاہ الٰہی ہونے کی یہ بشارت سنائی۔

﴿وَ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَ طَهَّرَكِ وَ اصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۲﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَ اسْجُدِيْ وَ ارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾﴾ (آل عمران: ۴۲-۴۳)

"(اے پیغمبر وہ وقت یاد کیجئے) جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے تجھ کو بزرگی دی اور پاک کیا اور دنیا کی عورتوں پر تجھ کو برگزیدہ کیا، اے مریم! اپنے پروردگار کے سامنے جھک جا اور سجدہ ریز ہو جا اور نماز پڑھنے والوں کے ساتھ نماز ادا کر۔"

﴿وَ مَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَ مَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ

[1] یہ تفصیل اگرچہ تفسیری روایات سے ماخوذ ہے اور آیت میں صرف لفظ رزق آیا ہے لیکن آیت سے بصراحت ثابت ہوتا ہے کہ مریم علیہا السلام کا یہ رزق انسانی داد و دہش کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ بطور کرامت منجانب اللہ تھا۔ (مؤلف)

یَخْتَصِمُوْنَ ﴾ (آل عمران: ٤٤)

"اور تم اس وقت ان کاہنوں کے پاس موجود نہ تھے جب وہ اپنے قلموں پوروں) کو قرعہ اندازی کے لیے) ڈال رہے تھے کہ مریم کی کفالت کون کرے اور تم اس وقت (بھی) موجود نہ تھے جب وہ اس کفالت کے بارے میں آپس میں جھگڑ رہے تھے۔"

حضرت مریم علیہا السلام جبکہ نہایت مرتاض، عابد و زاہد اور تقویٰ و طہارت میں ضرب المثل تھیں اور جبکہ عنقریب ان کو جلیل القدر پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ ہونے کا شرف بھی حاصل ہونے والا تھا تو من جانب اللہ ان کی تقدیس و تطہیر کا یہ اعلان بلاشبہ حق بہ حقدار رسید کا مصداق ہے، تاہم علمی اور تاریخی اعتبار سے بلکہ خود قرآن و احادیث کے مفہوم کے لحاظ سے یہ مسئلہ قابل توجہ ہے کہ آیت ﴿وَاصْطَفٰكِ عَلٰی نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ﴾ کی مراد کیا ہے، اور کیا درحقیقت حضرت مریم علیہا السلام کو بغیر کسی استثناء کے کائنات کی تمام عورتوں پر برتری اور فضیلت حاصل ہے؟ اور یہی نہیں بلکہ اس آیت فضیلت نے مریم علیہا السلام کی ذات سے متعلق علماء سلف میں چند اہم مسائل کو زیر بحث بنا دیا ہے مثلاً: ① کیا عورت نبی ہوسکتی ہے؟ ② کیا حضرت مریم علیہا السلام نبی تھیں؟ ③ اگر نبی نہیں تھیں تو آیت کے جملہ ﴿وَاصْطَفٰكِ عَلٰی نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ﴾ کا مطلب کیا ہے؟

کیا عورت نبی ہوسکتی ہے؟:

محمد بن اسحاق، شیخ ابوالحسن اشعری، قرطبی، ابن حزم (نور اللہ مرقدہم) اس جانب مائل ہیں کہ عورت نبی ہوسکتی ہے بلکہ ابن حزم تو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ حضرت حوا، سارہ، ہاجرہ، اُم موسیٰ، آسیہ اور مریم علیہم السلام یہ سب نبی تھیں اور محمد بن اسحاق رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اکثر فقہاء اس کے قائل ہیں کہ عورت نبی ہوسکتی ہے اور قرطبی فرماتے ہیں کہ مریم علیہا السلام نبی تھیں۔

ان حضرات کے اقوال کے برعکس خواجہ حسن بصری، امام الحرمین شیخ عبدالعزیز اور قاضی عیاض (نور اللہ مرقدہم) کا رجحان اس جانب ہے کہ عورت نبی نہیں ہوسکتی اور اس لیے مریم علیہا السلام بھی نبی نہیں تھیں۔ قاضی اور ابن کثیر یہ بھی کہتے ہیں کہ جمہور کا مسلک یہی ہے اور امام الحرمین تو اجماع تک دعویٰ کرتے ہیں۔ جو علماء یہ فرماتے ہیں کہ عورت نبی نہیں ہوسکتی وہ اپنی دلیل میں اس آیت کو پیش کرتے ہیں:

﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ﴾ (النحل: ٤٣)

"اور تم سے پہلے ہم نے نہیں بھیجے مگر مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم ان کی طرف۔"

اور خصوصیت کے ساتھ حضرت مریم علیہا السلام کی نبوت کے انکار پر یہ دلیل دیتے ہیں کہ قرآن عزیز نے ان کو "صدیقہ" کہا ہے، سورۂ مائدہ میں ہے:

﴿مَا الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّیْقَةٌ ؕ﴾ (المائدہ: ٧٥)

"پس ابن مریم تو ایک پیغمبر ہیں جن سے پہلے اور بھی پیغمبر گزر چکے اور ان کی والدہ صدیقہ تھیں۔"

اور سورۂ نساء میں قرآن عزیز نے منعم علیہم کی جو فہرست دی ہے وہ اس کے لیے نص قطعی ہے کہ "صدیقیت" کا درجہ "نبوت" سے کم اور نازل ہے۔ ❶

اور جو حضرات عورت کے نبی ہونے کے قائل ہیں وہ فرماتے ہیں کہ قرآن عزیز نے حضرت سارہ، ام موسیٰ اور حضرت مریم (علیہن السلام) کے متعلق جن واقعات کا اظہار کیا ہے ان میں بصراحت موجود ہے کہ ان پر خدا کے فرشتے وحی لے کر نازل ہوئے اور ان کو منجانب اللہ بشارات سے سرفراز فرمایا اور ان تک اپنی معرفت، عبادت کا حکم پہنچایا، چنانچہ حضرت سارہ کے لیے سورۂ ہود اور سورہ الذریات ❷ اور ام موسیٰ کے لیے سورۂ قصص ❸ میں اور مریم علیہا السلام کے لیے آل عمران اور سورۂ مریم ❹ میں بواسطہ ملائکہ اور بلاواسطہ خطاب الٰہی موجود ہے اور ظاہر ہے کہ ان مقامات پر وحی کے لغوی معنی (وجدانی ہدایت یا مخفی اشارہ) کے نہیں ہیں جیسا کہ آیت ﴿وَ اَوْحٰی رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ﴾ میں شہد کی مکھی کے لیے وحی کا اطلاق کیا گیا ہے۔

اور خصوصیت کے ساتھ حضرت مریم علیہا السلام کے نبی ہونے کی یہ واضح دلیل ہے کہ سورہ مریم میں ان کا ذکر اسی اسلوب کے ساتھ کیا گیا ہے جس طریقہ پر دیگر انبیاء و رسل کا تذکرہ ہے مثلاً:

﴿وَ اذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ مُوْسٰۤی.... وَ اذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِدْرِیْسَ.... وَ اذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِسْمٰعِیْلَ.... وَ اذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِبْرٰهِیْمَ.... وَ اذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ مَرْیَمَ﴾ یا مثلاً: ﴿وَ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْهَا رُوْحَنَا﴾

ہم نے مریم علیہا السلام کی جانب اپنے فرشتہ جبرئیل علیہ السلام کو بھیجا۔ یا مثلاً ﴿قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ﴾ میں بلاشبہ تیرے پروردگار کی جانب سے پیغامبر ہوں" نیز آل عمران میں مریم علیہا السلام کو ملائکۃ اللہ نے جس طرح خدا کی جانب سے پیغامبر بن کر خطاب کیا ہے وہ بھی اس دعویٰ کی روشن دلیل ہے۔

اور مریم علیہا السلام کے صدیقہ ہونے سے متعلق جو سوال ہے اس کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر قرآن نے حضرت مریم علیہا السلام کو "صدیقہ" کہا ہے تو یہ لقب ان کی شانِ نبوت کے اسی طرح منافی نہیں ہے جس طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے مسلم نبی ہونے کے باوجود آیت ﴿یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ﴾ ❺ میں ان کا صدیق ہونا ان کے نبی ہونے کو مانع نہیں ہے بلکہ ذکر پاک مقامی خصوصیت کی بناء پر مذکور ہوا ہے۔ کیونکہ جو "نبی" ہے وہ بہرحال "صدیق" ضرور ہے البتہ اس کا عکس ضروری نہیں ہے۔

ان علماء اسلام کی ترجمانی جس تفصیل کے ساتھ کتاب الفصل میں مشہور محدث ابن حزم رحمہ اللہ نے کی ہے اس تفصیل و قوت کے ساتھ دوسری جگہ نظر سے نہیں گزری اس لیے سطور ذیل میں اس پورے مضمون کا ترجمہ لائق مطالعہ ہے۔

نبوۃ النساء اور ابن حزم:

یہ فصل ایسے مسئلہ کے متعلق ہے جس پر ہمارے زمانہ میں قرطبہ (اندلس) میں شدید اختلاف بپا ہوا، علماء کی ایک جماعت

---

❶ اُولٰٓىِٕكَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِیْنَ ۚ وَ حَسُنَ اُولٰٓىِٕكَ رَفِیْقًا ﴿۶۹﴾
❷ سورۂ ہود آیت ۷۳-۷۱، والذریات آیت ۲۹-۳۰ ❸ قصص آیت ۷
❹ آل عمران ۴۲-۴۳-۴۵-۴۷ و سورۂ مریم ۱۶-۲۶ ❺ سورۂ یوسف

کہتی ہے کہ عورت نبی نہیں ہوسکتی اور جو ایسا کہتا ہے کہ عورت نبی ہوسکتی ہے وہ ایک نئی بدعت ایجاد کرتا ہے اور دوسری جماعت قائل ہے کہ عورت نبی ہوسکتی ہے اور نبی ہوئی ہیں، اور ان دونوں سے الگ تیسری جماعت کا مسلک توقف ہے اور وہ اثبات و نفی دونوں باتوں میں سکوت کو پسند کرتے ہیں مگر جو حضرات عورت سے متعلق منصب نبوت کا انکار کرتے ہیں ان کے پاس اس انکار کی کوئی دلیل نظر نہیں آتی البتہ بعض حضرات نے اپنے اختلاف کی بنیاد اس آیت کو بنایا ہے ﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ﴾۔

میں کہتا ہوں کہ اس بارہ میں کس کو اختلاف ہے اور کس نے دعویٰ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ عورت کو ہدایت خلق کے لیے رسول بنا کر بھیجتا ہے یا اس نے کسی عورت کو "رسول" بنایا ہے، بحث رسالت کے مسئلہ میں نہیں ہے بلکہ نبوت میں ہے، پس طلب حق کے لیے ضروری ہے کہ اول یہ غور کیا جائے کہ لغت عرب میں لفظ "نبوت" کے کیا معنی ہیں؟ تو ہم اس لفظ کو "انباء" سے ماخوذ پاتے ہیں جس کے معنی "اطلاع دینا" ہیں، پس نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ کسی معاملہ کے ہونے سے قبل بذریعہ وحی اطلاع دے یا کسی بھی بات کے لیے اس کی جانب وحی نازل فرمائے وہ شخص مذہبی اصطلاح میں بلاشبہ "نبی" ہے۔

آپ اس مقام پر یہ نہیں کہہ سکتے کہ وحی کے معنی اس الہام کے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے کسی مخلوق کی سرشت میں ودیعت کر دیا ہے جیسا کہ شہد کی مکھی کے متعلق خدائے برحق کا ارشاد ہے ﴿وَ اَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ﴾ اور نہ وحی کے معنی ظن اور وہم کے لے سکتے ہیں اس لیے کہ ان دونوں کو علم یقین سمجھنا (جو وحی کا قدرتی نتیجہ ہے) مجنوں کے سوا اور کسی کا کام نہیں ہے اور نہ یہاں وہ معنی مراد ہو سکتے ہیں جو باب کہانتہ سے تعلق رکھتے ہیں (یعنی یہ کہ شیاطین، آسمانی باتوں کو سننے اور چرانے کی کوشش کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے ان پر شہاب ثاقب کے ذریعہ رجم کیا جاتا ہے اور جس کے متعلق قرآن یہ کہتا ہے:

﴿ شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ﴾ (الانعام: ۱۱۲)

کیونکہ یہ "باب کہانتہ" رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت کے وقت سے مسدود ہو گیا اور نہ اس جگہ وحی کے معنی نجوم کے تجربات علمیہ سے تعلق رکھتے ہیں جو خود انسانوں کے باہم سیکھنے اور سکھانے سے حاصل ہو جایا کرتے ہیں اور نہ اس کے معنی اس کے رویا (خواب) کے ہو سکتے ہیں جن کے سچ یا جھوٹ ہونے کا کوئی علم نہیں ہے بلکہ ان تمام معانی سے جدا "وحی بمعنی نبوۃ" یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے قصد اور ارادہ سے ایک شخص کو ایسے امور کی اطلاع دے جن کو وہ پہلے سے نہیں جانتا اور مسطورۂ بالا ذرائع علم سے الگ یہ امور حقیقت ثابتہ بن کر اس شخص پر اس طرح منکشف ہو جائیں گویا آنکھوں سے دیکھ رہا ہے اور اللہ تعالیٰ اس علم خاص کے ذریعہ اس شخص کو بغیر کسی محنت و کسب کے بداہۃً ایسا صحیح یقین عطاء کر دے کہ وہ ان امور کو اس طرح معلوم کر لے جس طرح وہ حواس اور بداہت عقل کے ذریعہ حاصل کر لیا کرتا ہے اور اس کو کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی اور خدا کی یہ وحی یا تو اس طرح ہوتی ہے کہ فرشتہ آ کر اس شخص کو خدا کا پیغام سناتا ہے اور یا اس طرح کہ اللہ تعالیٰ براہ راست اس سے خطاب کرتا ہے۔

پس اگر ان حضرات کے نزدیک جو عورت کے نبی ہونے کا انکار کرتے ہیں نبوۃ کے معنی یہ نہیں ہیں تو وہ ہم کو سمجھائیں کہ آخر نبوت کے معنی ہیں کیا؟ حقیقت یہ ہے کہ وہ اس کے ماسواء اور کوئی معنی بیان ہی نہیں کر سکتے۔

اور جبکہ نبوت کے معنی وہی ہیں جو ہم نے بیان کیے تو اب قرآن کے ان مقامات کا بغور مطالعہ کیجیے جہاں یہ مذکور ہے کہ اللہ

عزوجل نے عورتوں کے پاس فرشتوں کو بھیجا اور فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کی جانب سے ان عورتوں کو "وحی حق" سے مطلع کیا۔ چنانچہ فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کی جانب سے ام اسحاق (سارہ علیہا السلام) کو اسحاق علیہ السلام کی ولادت کی بشارت سنائی، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَ امْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَ مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ۝ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَ اَنَا عَجُوْزٌ وَّ هٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ۭ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ﴾ (سورۃ ھود: ۷۱-۷۳)

ان آیات میں فرشتوں نے ام اسحاق کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے اسحاق اور ان کے بعد یعقوب علیہما السلام کی بشارت سنائی ہے اور سارہ علیہا السلام کے تعجب پر یہ کہہ کر دوبارہ خطاب کیا ہے ﴿اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ﴾ تو یہ کیسے ممکن ہے کہ والدۂ اسحاق (سارہ) علیہا السلام نبی تو نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کے ذریعہ اس طرح ان سے خطاب کرے۔

اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جبرئیل علیہ السلام فرشتہ کو مریم (ام عیسیٰ علیہما السلام) کے پاس بھیجتا ہے اور ان کو مخاطب کر کے یہ کہتا ہے:

﴿قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ۝﴾ (سورۃ مریم: ۱۹)

تو یہ "وحی حقیقی" کے ذریعہ نبوت نہیں تو اور کیا ہے اور کیا اس آیت میں صاف طور پر نہیں کہا گیا ہے کہ مریم علیہا السلام کے پاس جبرئیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی جانب سے پیغامبر بن کر آئے؟ نیز زکریا علیہ السلام جب مریم علیہا السلام کے حجرہ میں آتے تو ان کے پاس اللہ کا غیب سے دیا ہوا رزق پاتے تھے اور انہوں نے اسی رزق کو دیکھ کر بارگاہِ الٰہی میں صاحب فضیلت لڑکا پیدا ہونے کی دعا کی تھی، اسی طرح ہم موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے معاملہ میں دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی نازل فرمائی کہ تم اپنے اس بچہ کو دریا میں ڈال دو اور ساتھ ہی ان کو اطلاع دی کہ میں اس کو تمہاری جانب واپس کروں گا اور اس کو "نبی مرسل" بناؤں گا، پس کون شک کر سکتا ہے کہ یہ "نبوت" کا معاملہ نہیں ہے، معمولی عقل وشعور رکھنے والا آدمی بھی بآسانی یہ سمجھ سکتا ہے کہ اگر موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا یہ عمل اللہ تعالیٰ کے عطاء کردہ شرف نبوت سے وابستہ نہ ہوتا اور محض خواب کی بناء پر یا دل میں پیدا شدہ وسوسہ کی وجہ سے وہ ایسا کرتیں تو ان کا یہ عمل نہایت ہی مجنونانہ اور متہورانہ ہوتا اور اگر آج ہم میں سے کوئی ایسا کر بیٹھے تو ہمارا یہ عمل یا گناہ قرار پائے گا اور یا ہم کو مجنوں اور پاگل کہا جائے گا اور علاج کے لیے پاگل خانہ بھیج دیا جائے گا یہ ایک ایسی صاف اور واضح بات ہے جس میں شک وشبہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

تب یہ کہنا قطعاً درست ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا موسیٰ علیہ السلام کو دریا میں ڈال دینا اسی طرح وحی الٰہی کی بناء پر تھا جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رویا[1] (خواب) میں اپنے بیٹے (اسماعیل علیہ السلام) کا ذبح کرنا بذریعہ وحی معلوم کر لیا تھا اس لیے کہ اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام نبی نہ ہوتے اور ان کے ساتھ وحی الٰہی کا سلسلہ وابستہ نہ ہوتا اور پھر وہ یہ عمل محض ایک خواب یا نفس میں پیدا شدہ ظن کی وجہ سے کر گزرتے تو ہر شخص ان کے اس عمل کو یا گناہ سمجھتا یا انتہائی جنون یقین کرتا تو اب بغیر کسی تردد کے یہ کہا جا سکتا ہے

[1] نبیا کا خواب وحی ہوتا ہے نبی رم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایک حدیث میں ایسا ہی فرمایا ہے۔

کہ ام موسیٰ علیہا السلام نبی تھیں۔
علاوہ ازیں حضرت مریم علیہا السلام کی نبوت پر ایک یہ دلیل بھی پیش کی جا سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سورہ کٓھٰیٰعٓصٓ میں ان کا ذکر انبیاء علیہم السلام کے زمرہ میں کیا ہے اور اس کے بعد ارشاد فرمایا ہے:

﴿ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ مِنْ ذُرِّیَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ﴾ (سورۃ مریم: ۵۸)

"یہی ہیں وہ انبیاء آدم کی نسل سے اور ان میں سے جن کو ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ کشتی میں سوار کیا (جن پر اللہ کا انعام واکرام ہوا)"۔

تو آیت کے اس عموم میں مریم علیہا السلام کی تخصیص کر کے ان کو انبیاء کی فہرست میں سے الگ کر لینا کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتا۔
رہی یہ بات کہ قرآن نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مریم علیہا السلام کے لیے یہ کہا ہے ﴿ وَاُمُّهٗ صِدِّیْقَةٌ ﴾ تو یہ لقب ان کی نبوت کے لیے اسی طرح مانع نہیں جس طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے نبی اور رسول ہونے کے لیے یہ آیت مانع نہیں ﴿ یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ ﴾ اور یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے۔ (وباللہ التوفیق)
اب حضرت سارہ، حضرت مریم، حضرت ام موسیٰ (علیہن السلام) کے مسئلہ نبوت کے ساتھ فرعون کی بیوی (آسیہ) کو بھی شامل کر لیجیے۔ اس لیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((کمل من الرجال کثیر ولم یکمل من النساء الا مریم بنت عمران و آسیة بنت مزاحم امرأۃ فرعون))[1]

(او کما قال علیہ السلام)۔

"یعنی مردوں میں سے تو بہت سے آدمی کامل ہوئے ہیں مگر عورتوں میں سے صرف یہی دو کامل ہوئیں مریم بنت عمران اور آسیہ بنت مزاحم زوجہ فرعون۔"

اور واضح رہے کہ مردوں میں یہ درجہ کمال بعض رسولوں (علیہم السلام) کو حاصل ہوا ہے اور اگرچہ ان کے علاوہ انبیاء و رسل بھی درجہ نبوت و رسالت پر مامور ہیں لیکن ان مرسلین کاملین کے درجہ سے نازل ہیں، اس لیے حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن عورتوں کو منصب نبوت سے سرفراز فرمایا ہے ان میں صرف ان دو عورتوں کو ہی درجہ کمال تک پہنچنے کی فضیلت حاصل ہے کیونکہ حدیث میں جس درجہ کمال کا ذکر ہو رہا ہے جو ہستی بھی اس درجہ سے نازل ہے وہ کامل نہیں ہے۔
بہر حال اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ اگرچہ بعض عورتیں بہ نص قرآن نبی ہیں لیکن ان میں سے ان دو عورتوں کو بھی درجہ کمال حاصل ہوا۔ درجات کے اس فرق کو خود قرآن نے اس طرح بیان کیا ہے: ﴿ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ ﴾ حقیقت یہ ہے کہ کامل اس کو کہا جاتا ہے جس کی نوع میں سے کوئی دوسرا اس کا ہمسر نہ ہو پس مردوں میں سے ایسے کامل خدا کے چند ہی رسول ہوئے ہیں جن کی ہمسری دوسرے انبیاء و رسل کو عطا نہیں ہوئی اور بلاشبہ ان ہی کاملین میں سے ہمارے پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

---

[1] بخاری میں الفاظ حدیث یہ ہیں: ((قال رسول اللہ ﷺ کمل من الرجال کثیر ولم یکمل ن النساء الا اسیة امراۃ فرعون و مریم بنت عمران و ان فضل عائشة علی النساء کفضل الثرید علی سائر الطعام))

ابراہیم علیہ السلام ہیں جن کے متعلق نصوص (قرآن و حدیث) نے ان فضائل کمال کا اظہار کیا ہے جو دوسرے انبیاء و رسل کو حاصل نہیں ہیں، اسی طرح عورتوں میں سے وہی درجہ کمال کو پہنچی ہیں جن کا ذکر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں کیا ہے۔ [1]

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کے اس طویل مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر وحی کے ان معانی کو نظر انداز کر کے "جن کا اطلاق بلحاظ عموم لغت جبلت یا نفس میں ظن و وہم کے درجہ کا القاء والہام پر ہوتا ہے" وہ اصطلاحی معنی لیے ہیں جن کو قرآن نے انبیاء و رسل کے لیے مخصوص کیا ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں ایک وہ (وحی) جس کا منشاء مخلوق خدا کی رشد و ہدایت اور تعلیم اوامر و نواہی سے ہوتا اور دوسری یہ کہ خدائے تعالیٰ کسی شخص سے براہِ راست یا فرشتہ کے واسطہ سے اس قسم کا خطاب کرے کہ جس سے بشارات دینا، یا کسی ہونے والے واقعہ کی ہونے سے قبل اطلاع دینا یا خاص اس کی ذات کے لیے کوئی امر و نہی فرمانا مقصود ہو، اب اگر پہلی صورت ہے تو یہ "نبوۃ مع الرسالۃ" [2] ہے اور بالاتفاق سب کے نزدیک یہ درجہ صرف مردوں کے ساتھ ہی مخصوص ہے جیسا کہ سورہ النحل کی آیت سے واضح ہے اور اس مسئلہ میں قطعاً دو رائے نہیں ہیں۔

اور اگر وحی الٰہی کی دوسری شکل ہے تو ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے مؤیدین علماء کی رائے میں یہ بھی نبوت ہی کی ایک قسم ہے کیونکہ قرآن عزیز نے سورۂ شوریٰ میں انبیاء علیہم السلام پر نزول وحی کے جو طریقے بیان کیے ہیں وہ اس وحی پر بھی صادق آتے ہیں۔ سورۂ شوریٰ میں ہے:

﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ ۝٥١﴾ (الشوریٰ: ۵۱)

"اور کسی انسان کے لیے یہ صورت ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے (بالمشافہ) گفتگو کرے مگر یا وحی کے ذریعہ یا پس پردہ کلام کے ذریعہ اور یا اس صورت سے کہ اللہ کسی فرشتہ کو پیغامبر بنا کر بھیجے اور وہ اس کی اجازت سے جس کو کہ وہ چاہے اس بشر کو وحی لا کر سنا دے بلاشبہ وہ بلند و بالا حکمت والا ہے۔"

اور جبکہ قرآن نے وحی کی اس دوسری قسم کا اطلاق بہ نص صریح حضرت مریم، حضرت سارہ، حضرت ام موسیٰ اور حضرت آسیہ علیہن السلام پر کیا ہے جیسا کہ سورۂ ہود، قصص اور مریم سے ظاہر ہوتا ہے تو ان مقدس عورتوں پر "نبی کا اطلاق" قطعاً صحیح ہے اور اس کو بدعت کہنا سرتاسر غلط ہے۔

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کے مؤید علماء نے اس سلسلہ میں پیدا ہونے والے اس شبہ کا جواب بھی دیا ہے "کہ قرآن نے جس طرح صاف الفاظ میں مرد انبیاء کو نبی اور رسول کہا ہے اس طرح ان عورتوں میں سے کسی کو نہیں کہا" جواب کا حاصل یہ ہے کہ جبکہ "نبوۃ مع الرسالۃ" جو کہ مردوں کے لیے ہی مخصوص ہے کائنات انسانی کی رشد و ہدایت اور تعلیم و تبلیغ نوع انسانی سے متعلق ہوتی ہے تو اس کا

---

[1] الفصل فی الملل والاھواء النحل مطبوعہ مصر ۱۳۴۸ھ ج ۵ ص ۱۲۔ ۱۳۔ ۱۴ یہ بحث فتح الباری ج ۶ ص ۳۴۷۔ ۳۴۸۔ ۳۶۸ مطبوعہ مصر میں بھی قابل مراجعت ہے۔

[2] یہاں نبی اور رسول کے اس فرق کو نظر انداز کر دیا گیا ہے جو علم کلام کی خاص اصطلاح ہے کیونکہ قرآن کثرت کے ساتھ نبی اور رسول کو مترادف معنی میں استعمال کرتا ہے۔

تقاضا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس شخص کو اس شرف سے ممتاز فرمایا ہے اس کے متعلق وہ صاف صاف اعلان کرے کہ وہ خدا کا بھیجا ہوا نبی اور رسول ہے، تاکہ امت پر اس کی دعوت و تبلیغ کا قبول کرنا لازم ہو جائے اور خدا کی حجت پوری ہو اور چونکہ نبوت کی وہ قسم جس کا اطلاق عورتوں پر بھی ہوتا ہے خاص اسی ہستی سے وابستہ ہوتی ہے جس کو یہ شرف ملا ہے تو اس کے متعلق صرف یہی اظہار کر دینا کافی ہے کہ جو "وحی من اللہ" انبیاء و رسل کے لیے ہی مخصوص ہے اس سے ان چند عورتوں کو بھی مشرف کیا گیا ہے۔

عورتوں کی نبوت کے اثبات و انکار کے علاوہ تیسری رائے ان علماء کی ہے جو اس مسئلہ میں "سکوت اور توقف" کو ترجیح دیتے ہیں ان میں شیخ تقی الدین سبکی رحمہ اللہ نمایاں حیثیت رکھتے ہیں، فتح الباری میں ان کا یہ قول مذکور ہے:

قال السبکی اختلف فی هٰذه المسئلة ولم یصح عندی فی ذٰلك شیء ..... الخ [1]

سبکی فرماتے ہیں: "اس مسئلہ میں علماء کی آراء مختلف ہیں اور میرے نزدیک اس بارہ میں اثباتاً یا نفیاً کوئی بات ثابت نہیں ہے۔"

کیا حضرت مریم علیہا السلام نبی ہیں؟:

اس تفصیل سے یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کی نبوت کے انکار پر امام الحرمین کا دعوائے اجماع صحیح نہیں ہے۔ نیز یہ بھی تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ فہرست انبیاء میں مسطورۂ بالا دوسری مقدس عورتوں کے مقابلہ میں حضرت مریم علیہا السلام کی نبوت کے متعلق قرآنی نصوص زیادہ واضح ہیں، یہی وجہ ہے کہ امام شعرانی، ابن حزم اور قرطبی رحمہم اللہ کے درمیان حضرت مریم علیہا السلام کے علاوہ نبیات کی فہرست کے بارہ میں خاصہ اختلاف نظر آتا ہے [2] اور حضرت مریم علیہا السلام کی نبوت کے متعلق تمام مثبتین نبوت کا اتفاق ہے۔

ہم کو ابن کثیر رحمہ اللہ کے اس دعویٰ سے بھی اختلاف ہے کہ جمہور، انکار کی جانب ہیں، البتہ اکثریت غالباً سکوت اور توقف کو پسند کرتی ہے۔

آیت ﴿وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ﴾ کا مطلب:

جو علماء عورتوں میں نبوت کے قائل ہیں اور حضرت مریم علیہا السلام کو نبی تسلیم کرتے ہیں، ان کے مسلک کے مطابق تو آیت ﴿وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ﴾ کا مطلب صاف اور واضح ہے وہ یہ کہ حضرت مریم علیہا السلام کو کائنات کی تمام عورتوں پر فضیلت حاصل ہے، جو عورتیں نبی نہیں ہیں ان پر اس لیے کہ مریم علیہا السلام نبی ہیں اور جو عورتیں نبی ہیں ان پر اس لیے کہ وہ ان قرآنی نصوص کے پیش نظر جو ان کے فضائل و کمالات سے تعلق رکھتی ہیں باقی نبیات پر برتری رکھتی ہیں۔

لیکن جو علماء عورتوں کی نبوت کا انکار فرماتے ہیں اور حضرت مریم علیہا السلام کو "نبیه" نہیں تسلیم کرتے وہ اس آیت کی مراد میں دو جدا جدا خیال رکھتے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ آیت کا جملہ ﴿نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ﴾ عام ہے اور ماضی، حال اور مستقبل کی تمام عورتوں کو شامل ہے۔ اس لیے بلاشبہ حضرت مریم علیہا السلام کو بغیر کسی استثناء کے کائنات انسانی کی تمام عورتوں پر فضیلت و برتری حاصل ہے اور اکثر کا قول یہ ہے کہ آیت کے لفظ ﴿الْعٰلَمِيْنَ﴾ سے کائنات کی وہ تمام عورتیں مراد ہیں جو حضرت مریم علیہا السلام کی معاصر تھیں۔ یعنی قرآن عزیز حضرت مریم علیہا السلام کے زمانہ کا واقعہ نقل کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ بشارت دی کہ وہ اپنے زمانہ کی تمام عورتوں

---

[1] فتح الباری ج ٦ کتاب الانبیاء [2] فتح الباری ج ٦ ص ٣٦٨

میں برگزیدہ اور صاحب کمال ہیں اور ہم نے ان سب میں سے ان کو چن لیا ہے اور ﴿الْعٰلَمِیْنَ﴾ کا یہ اطلاق وہی حیثیت رکھتا ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت (بنی اسرائیل) کے لیے اس آیت میں اختیار کی گئی ہے۔

﴿وَ لَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ﴾ (الدخان: ۳۲)

"اور بلاشبہ ہم نے اپنے علم سے ان (بنی اسرائیل) کو جہان والوں کے مقابلہ میں پسند کرلیا ہے۔"

اور جبکہ باتفاق آراء بنی اسرائیل کی فضیلت کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ ﴿الْعٰلَمِیْنَ﴾ سے ان کی معاصر امم و اقوام مراد ہیں کہ ان میں سے امت موسیٰ علیہ السلام کو فضیلت حاصل ہے تو حضرت مریم علیہا السلام کی فضیلت کے باب میں بھی یہی معنی مراد لینے چاہئیں۔

حضرت مریم علیہا السلام کا تقدس اور تقویٰ و طہارت، حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر کی والدہ ہونے کا شرف، مرد کے ہاتھ لگائے بغیر معجزہ کے طور پر ان کے مشکوئے معلیٰ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت باسعادت بلاشبہ ایسے امور ہیں جن کی بدولت ان کو معاصر عورتوں پر فضیلت و برتری حاصل تھی۔

پھر یہ حقیقت بھی فراموش نہیں ہونی چاہیے کہ باب فضیلت ایک وسیع باب ہے اور جس طرح کسی شے کی حقیقت بیان کرنے میں بلیغ اور عمدہ طریق بیان یہ ہے کہ وہ جامع و مانع ہو یعنی اس کی حقیقت پر اس طرح حاوی ہو کہ تمام دوسری چیزوں سے ممتاز ہو جائے، نہ ایسی کوئی کمی رہ جائے کہ اصل حقیقت پوری طرح بیان نہ ہو سکے اور نہ ایسا اضافہ ہو کہ بعض دوسری حقائق بھی ان کے ساتھ شامل ہو جائیں۔ اسی طرح اس کے برعکس بیان فضیلت کے لیے فصاحت و بلاغت کا تقاضا یہ ہے کہ اس کو بیان حقیقت کی طرح حدود و قیود میں نہ جکڑ دیا جائے کیونکہ اس مقام پر حقیقت شے نہیں بلکہ فضیلت شے کا اظہار ہو رہا ہے جو اگر اسی طرح کے دوسرے افراد پر بھی صادق آ جائے تو بیان حقیقت کی طرح اس میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا بلکہ اس موقع پر وسعت بیان ہی از بس ضروری ہوتا ہے تا کہ مخاطب کے دل میں اظہار فضیلت سے جو نفسیاتی اثر پیدا کرنا ہے وہ دل نشین اور مؤثر ہو سکے۔

تو ایسی صورت میں ﴿عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ﴾ کے معنی یہ نہیں ہوں گے کہ حضرت مریم علیہا السلام کے علاوہ دوسری کوئی مقدس عورت اس شرف کو نہیں پہنچ سکتی یا نہیں پہنچی بلکہ مطلب یہ ہوگا کہ حضرت مریم علیہا السلام کو فضائل و کمالات میں بلند سے بلند مرتبہ حاصل ہے، باب فضائل کی یہی وہ حقیقت ہے جس کے فراموش کر دینے پر فضائل صحابہ وغیرہ میں اکثر ہم کو لغزش ہو جاتی اور چند مقدس اشخاص سے متعلق فضائل کے مابین تضاد و تناقض نظر آنے لگتا ہے، البتہ ان فضائل کی حدود سے گزر کر جب ہم صاحب فضائل افراد کے انفرادی و اجتماعی اعمال کا جائزہ لے کر فرق مراتب بیان کرتے ہیں تو وہ ضرور ایک دوسرے کے لیے حد فاصل ثابت ہوتے ہیں۔ مثلاً حضرات صحابہ و صحابیات کے فضائل کے پیش نظر فرق مراتب کا صحیح فیصلہ جب ہی ممکن ہو سکتا ہے کہ ان کے ان فضائل کے ساتھ ساتھ جو زبان وحی ترجمان سے نکلے ہیں ان سے متعلق خصوصی ارشادات قرآنی و حدیثی، ان کی اسلامی خدمات، اسلام سے متعلق ان کی سرفروشیاں و جاں سپاریاں، نصرت حق میں، مالی فداکاریاں، اسلام کے نازک ترین لمحات میں ان کے علم و تدبر کی عقدہ کشائیاں اور ان کی عملی جدوجہد کی رفیع سرگرمیاں ان سب کو سامنے رکھ کر فیصلہ کیا جائے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور بشارات کتب سابقہ:

ادیان وملل کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دین حق اور ملت بیضاء کی تبلیغ ودعوت کا سلسلہ اگرچہ آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک برابر جاری رہا ہے لیکن اس سلسلہ کو مزید قوت پہنچانے اور سربلند کرنے کے لیے سنت اللہ یہ رہی ہے کہ صدیوں بعد ایک ایسے اولوالعزم اور جلیل القدر پیغمبر کو بھیجے جو امتداد زمانہ کی وجہ سے پیدا شدہ عام روحانی اضمحلال کو دور کر کے قبول حق کے افسردہ رجحانات میں تازگی بخشے اور ضعیف روحانی عواطف کو قوی سے قوی تر بنا دے، گویا مذہب کی خوابیدہ دنیا میں حق وصداقت کا صور پھونک کر ایک انقلاب عظیم بپا کر دے اور مردہ دلوں میں نئی روح ڈال دے اور اکثر ایسا ہوتا رہا ہے کہ جن اقوام وامم میں اس عظیم المرتبہ پیغمبر کی بعثت ہونے والی ہوتی ہے صدیوں پہلے ان کے ہادیان ملت اور داعیان حق (انبیاء علیہم السلام) اس مقدس رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی بشارات وحی الٰہی کے ذریعہ سناتے رہتے ہیں تاکہ اس کی دعوت حق کے لیے زمین ہموار رہے اور جب اس نور حق کے روشن ہونے کا وقت آ جائے تو ان اقوام وامم کے لیے اس کی آمد غیر متوقع حادثہ نہ بن جائے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی ان چند اولوالعزم، جلیل القدر اور مقدس رسولوں میں سے ایک ہیں اور اسی بناء پر انبیاء بنی اسرائیل میں سے متعدد انبیاء علیہم السلام ان کی آمد سے قبل ان کے حق میں منادی کرتے اور آمد کی بشارت سناتے نظر آتے ہیں اور ان ہی بشارات کی وجہ سے بنی اسرائیل مدت مدید سے منتظر تھے کہ مسیح موعود کا ظہور ہو تو ایک مرتبہ وہ پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کی طرح اقوام عالم میں معزز وممتاز ہوں گے اور رشد وہدایت کی خشک کھیتی میں روح تازہ پیدا ہو گی اور خدا کے جاہ وجلال سے ان کے قلوب ایک مرتبہ پھر چمک اٹھیں گے۔ بائبل (توراۃ وانجیل) اپنی لفظی ومعنوی تحریفات کے باوجود آج بھی ان چند بشارات کو اپنے سینہ میں محفوظ رکھتی ہیں جو حضرت مسیح (علیہ السلام) کی آمد سے تعلق رکھتی ہیں۔ توراۃ استثناء میں ہے:

"اور اس موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ خداوند سینا سے آیا اور شعیر (سائیر) سے ان پر طلوع ہوا، اور فاران کے پہاڑوں سے جلوہ گر ہوا۔" (ب ۳۳۔ آیت ۲۰)

اس بشارت میں "سینا سے خدا کی آمد" حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نبوت کی جانب اشارہ ہے اور "سائیر سے طلوع ہونا" نبوت عیسیٰ علیہ السلام مراد ہے، کیونکہ ان کی ولادت باسعادت اسی پہاڑ کے ایک مقام "بیت اللحم" میں ہوئی ہے اور یہی وہ مبارک جگہ ہے جہاں سے نور حق طلوع ہوا اور "فاران پر جلوہ گر ہونا" آفتاب رسالت کی بعثت کا اعلان ہے کیونکہ فاران، حجاز کے مشہور پہاڑی سلسلہ کا نام ہے۔ ❶

اور حضرت یسعیاہ نبی علیہ السلام کے صحیفہ میں ہے:

"دیکھ میں اپنا پیغمبر تیرے آگے بھیجتا ہوں جو تیری راہ تیار کرے گا، بیابان میں پکارنے والے کی آواز آتی ہے کہ خداوند کی راہ تیار کرو، اس کے راستے سیدھے بناؤ۔" ❷

اسی بشارت میں "پیغمبر" سے عیسیٰ علیہ السلام مراد ہیں اور بیابان میں پکارنے والے حضرت یحییٰ علیہ السلام ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مناد تھے اور ان کی بعثت سے قبل بنی اسرائیل میں ان کی بعثت رسالت کا مژدۂ جانفزا سناتے تھے۔

---

❶ تفصیل اپنے موقع پر آئے گی۔ ❷ باب ۴۰ آیات ۳۔۴

اور متی کی انجیل میں ہے:

"جب یسوع، ہیرودیس بادشاہ کے زمانہ میں یہودیہ کے بیت لحم میں پیدا ہوا تو دیکھو کئی مجوس پورب سے یروشلم میں یہ کہتے ہوئے آئے کہ یہودیوں کا بادشاہ جو پیدا ہوا ہے وہ کہاں ہے؟.... یہ سن کر ہیرودیس بادشاہ اور اس کے ساتھ یروشلم کے سب لوگ گھبرائے اور اس نے قوم کے سب سردار کاہنوں اور فقیہوں کو جمع کر کے ان سے پوچھا کہ مسیح کی پیدائش کہاں ہونی چاہیے؟ انہوں نے اس سے کہا کہ یہودیہ کے بیت لحم میں کیونکہ نبی (یسعیاہ علیہ السلام) کی معرفت یوں لکھا گیا ہے، اے بیت لحم یہوداہ کے علاقہ: تو یہوداہ کے حامیوں میں ہرگز سب سے چھوٹا نہیں کیونکہ تجھ میں سے ایک سردار نکلے گا جو میری امت اسرائیل کی گلہ بانی کرے گا۔" [1]

اور دوسری جگہ ہے:

"اور جب وہ یروشلم کے نزدیک پہنچے اور زیتون کے پہاڑ پر بیت فگے کے پاس آئے تو یسوع نے دو شاگردوں کو یہ کہہ کر بھیجا کہ اپنے سامنے کے گاؤں میں جاؤ وہاں پہنچتے ہی ایک گدھی بندھی ہوئی اور اس کے ساتھ بچہ تمہیں ملے گا، انہیں کھول کر میرے پاس لے آؤ اور اگر کوئی تم سے کچھ کہے تو کہنا کہ یہ خداوند کو درکار ہیں وہ فی الفور انہیں بھیج دے گا یہ اس لیے ہوا کہ جو نبی کی معرفت کہا گیا تھا وہ پورا ہو کہ "صیہون کی بیٹی سے کہو کہ دیکھ تیرا بادشاہ تیرے پاس آتا ہے وہ حلیم ہے اور گدھے پر سوار ہے بلکہ لادو بچہ پر۔" [2]

اور یوحنا کی انجیل میں ہے:

"اور یوحنا (یحییٰ علیہ السلام) کی گواہی یہ ہے کہ جب یہودیوں نے یروشلم سے کاہن اور لاوی یہ پوچھنے کے لیے اس (یحییٰ علیہ السلام) کے پاس بھیجے کہ تو کون ہے تو اس نے اقرار کیا اور انکار نہ کیا بلکہ اقرار کیا کہ میں تو مسیح نہیں ہوں، انہوں نے اس سے پوچھا پھر کون ہے؟ کیا تو ایلیاہ ہے؟ اس نے کہا میں نہیں ہوں، کیا تو وہ نبی ہے؟ اس نے جواب دیا نہیں، پس انہوں نے اس سے کہا پھر تو ہے کون؟ تاکہ ہم اپنے بھیجنے والوں کو جواب دیں کہ تو اپنے حق میں کیا کہتا ہے؟ اس نے کہا میں جیسا کہ یسعیاہ نبی نے کہا ہے بیابان میں پکارنے والے کی آواز ہوں کہ تم خداوند کی راہ سیدھی کرو۔" [3]

اور مرقس اور لوقا کی انجیلوں میں ہے:

"وہ لوگ منتظر تھے اور سب اپنے اپنے دل میں یوحنا (یحییٰ علیہ السلام) کی بابت سوچتے تھے کہ آیا وہ مسیح تھے یا نہیں تو یوحنا (یحییٰ علیہ السلام) نے ان سب کے جواب میں کہا: میں تو تمہیں بپتسمہ دیتا ہوں مگر جو مجھ سے زور آور ہے وہ آنے والا ہے میں اس کی جوتی کا تسمہ کھولنے کے لائق نہیں، وہ تمہیں روح القدس سے بپتسمہ دے گا۔" [4]

ان ہر دو بشارات سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہود اپنی مذہبی روایات کی بناء پر جن اولوالعزم پیغمبروں کی بعثت کے منتظر تھے ان میں مسیح علیہ السلام بھی تھے اور حضرت یحییٰ علیہ السلام [5] نے ان کو بتایا کہ وہ نہ ایلیا ہیں نہ وہ نبی اور نہ مسیح علیہ السلام بلکہ مسیح علیہ السلام کی بعثت

[1] باب ۲ آیات ۱-۶ [2] باب ۲ آیات ۱-۶ [3] باب ۱ آیات ۱۹-۲۳ [4] لوقا باب ۱ آیات ۱۵-۱۶

[5] عہد نامہ جدید (انجیل) میں یوحنا دو جدا جدا شخصیتیں ہیں ایک یحییٰ علیہ السلام اور دوسری عیسیٰ علیہ السلام کے حواری اور شاگرد۔

کے منادو مبشر ہیں۔

قرآن عزیز نے بھی حضرت زکریا اور حضرت یحییٰ علیہما السلام کے واقعہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت کی تمہید قرار دیا ہے اور یحییٰ علیہ السلام کا مبشر اور منادی بتایا ہے۔ آل عمران میں ہے:

﴿فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ﴾ (آل عمران: ۳۹)

"پس فرشتوں نے اس (زکریا) کو اس وقت پکارا جبکہ وہ حجرہ میں کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا تھا، بیشک اللہ تعالیٰ تجھ کو یحییٰ (فرزند) کی بشارت دیتا ہے، جو اللہ کے کلمہ (عیسیٰ علیہ السلام) کی تصدیق کرے گا۔"

ولادت مبارک:

عابد و زاہد اور عفت مآب مریم علیہا السلام اپنے خلوت کدہ میں مشغول عبادت رہتی اور ضروری حاجات کے علاوہ کبھی اس سے باہر نہیں نکلتی تھیں، ایک مرتبہ مسجد اقصیٰ (ہیکل) کے مشرقی جانب لوگوں کی نگاہوں سے دور کسی ضرورت سے ایک گوشہ میں تنہا بیٹھی تھیں کہ اچانک خدا کا فرشتہ (جبرئیل علیہ السلام) انسانی شکل میں ظاہر ہوا۔ حضرت مریم علیہا السلام نے ایک اجنبی شخص کو اس طرح بے حجاب سامنے دیکھا تو گھبرا گئیں اور فرمانے لگیں "اگر تجھ کو کچھ بھی خدا کا خوف ہے تو میں خدائے رحمان کا واسطہ دے کر تجھ سے پناہ چاہتی ہوں" فرشتے نے کہا: "مریم! خوف نہ کھا، میں انسان نہیں بلکہ خدا کا فرستادہ فرشتہ ہوں اور تجھ کو بیٹے کی بشارت دینے آیا ہوں" حضرت مریم علیہا السلام نے یہ سنا تو از راہ تعجب فرمانے لگیں: میرے لڑکا کیسے ہوسکتا ہے جبکہ مجھ کو آج تک کسی بھی شخص نے ہاتھ نہیں لگایا اس لیے کہ نہ تو میں نے نکاح کیا ہے اور نہ میں زانیہ ہوں" فرشتہ نے جواب دیا: میں تو تیرے پروردگار کا قاصد ہوں، اس نے مجھ سے اسی طرح کہا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ یہ میں اس لیے کروں گا کہ تجھ کو اور تیرے لڑکے کو کائنات کے لیے اپنی قدرت کاملہ کے اعجاز کا "نشان" بنا دوں اور لڑکا میری جانب سے "رحمت" ثابت ہوگا اور میرا یہ فیصلہ اٹل ہے۔ مریم! اللہ تعالیٰ تجھ کو ایک ایسے لڑکے کی بشارت دیتا ہے جو اس کا "کلمہ" [1] ہوگا، اس کا لقب "مسیح" [2] اور اس کا نام عیسیٰ (علیہ السلام) (یسوع) ہوگا اور وہ دنیا اور آخرت دونوں میں باوجاہت اور صاحب عظمت رہے گا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی مقربین میں سے ہوگا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے نشان کے طور پر بحالت شیر خوارگی لوگوں سے باتیں کرے گا اور سن کہولت (بڑھاپے کا ابتدائی دور) بھی پائے گا تا کہ کائنات کی رشد و ہدایت کی خدمت کی تکمیل کرے اور یہ سب کچھ اس لیے ضرور ہو کر رہے گا کہ اللہ تعالیٰ کا قانون قدرت یہ ہے کہ جب وہ کسی شے کو وجود میں لانا چاہتا ہے تو اس کا محض یہ ارادہ اور حکم کہ "ہو جا" اس شے کو نیست سے ہست کر دیتا ہے۔ لہٰذا یہ یوں ہی ہو کر رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس کو اپنی کتاب عطاء کرے گا، اس کو حکمت سکھائے گا اور اس کو بنی اسرائیل کی رشد و ہدایت کے لیے رسول اور اولوالعزم پیغمبر بنائے گا۔

قرآن عزیز نے ان واقعات کا معجزانہ اسلوب بیان کے ساتھ سورۂ آل عمران اور سورۂ مریم میں اس طرح ذکر کیا ہے:

---

[1] یعنی توالد و تناسل کے عام قانون سے جدا قانون اعجاز کے مطابق محض حکم الٰہی اور ارادۂ باری سے ہی رحم مریم میں وجود پذیر ہو جائے گا۔

[2] مسیح بمعنی مبارک یا سیاح جس کا کوئی گھر نہ ہو۔

﴿اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۙ﴿۴۵﴾ وَ يُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَ كَهْلًا وَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّ لَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۷﴾ وَ يُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ﴿۴۸﴾ وَ رَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ﴾ (آل عمران: ۴۵۔۴۹)

"(وہ وقت قابل ذکر ہے) جب فرشتوں نے مریم (علیہا السلام) سے کہا: اے مریم! اللہ تعالیٰ تجھ کو اپنے کلمہ کی بشارت دیتا ہے اس کا نام مسیح، عیسیٰ ابن مریم ہوگا، وہ دنیا و آخرت میں صاحب وجاہت اور ہمارے مقربین میں سے ہوگا اور وہ (ماں کی) گود میں اور کہولت کے زمانہ میں لوگوں سے کلام کرے گا اور وہ نیکوکاروں میں سے ہوگا، مریم علیہا السلام نے کہا: "میرے لڑکا کیسے ہوسکتا ہے جبکہ مجھ کو کسی مرد نے ہاتھ تک نہیں لگایا" فرشتہ نے کہا: "اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے اسی طرح پیدا کر دیتا ہے، وہ جب کسی شے کے لیے حکم کرتا ہے تو کہہ دیتا ہے "ہوجا" اور وہ ہوجاتی ہے، اور اللہ اس کو کتاب و حکمت اور توراۃ و انجیل کا علم عطا کرے گا اور وہ بنی اسرائیل کی جانب اللہ کا رسول ہوگا۔"

﴿وَ اذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ۙ﴿۱۶﴾ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿۱۷﴾ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿۱۸﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿۱۹﴾ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّ لَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّ لَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿۲۰﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَ لِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَ رَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَ كَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿۲۱﴾﴾ (مریم: ۱۶۔۲۱)

"اور اے پیغمبر! کتاب میں مریم علیہا السلام کا واقعہ ذکر کر اس وقت کا ذکر جب وہ ایک جگہ پورب کی طرف تھی اپنے گھر کے آدمیوں سے الگ ہوئی پھر اس نے ان لوگوں کی طرف سے پردہ کرلیا، پس ہم نے اس کی طرف اپنا فرشتہ بھیجا اور وہ ایک بھلے چنگے آدمی کے روپ میں نمایاں ہوگیا مریم اسے دیکھ کر گھبرا گئی، وہ بولی اگر تو نیک آدمی ہے تو میں خدائے رحمان کے نام پر تجھ سے پناہ مانگتی ہوں" فرشتہ نے کہا: "میں تیرے پروردگار کا فرستادہ ہوں اور اس لیے نمودار ہوا ہوں کہ تجھے ایک پاک فرزند دے دوں" مریم بولی "یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ میرے لڑکا ہو، حالانکہ کسی مرد نے مجھے چھوا نہیں اور نہ میں بدچلن ہوں؟" فرشتہ نے کہا: "ہوگا ایسا ہی، تیرے پروردگار نے فرمایا کہ یہ میرے لیے کچھ مشکل نہیں وہ کہتا ہے یہ اس لیے ہوگا کہ اس (مسیح) کو لوگوں کے لیے ایک نشان بنا دوں اور میری رحمت کا اس میں ظہور ہو اور یہ ایسی بات ہے جس کا ہونا طے ہو چکا ہے۔"

جبرئیل امین علیہ السلام نے مریم علیہا السلام کو یہ بشارات سنا کر ان کے گریبان میں پھونک دیا اور اس طرح اللہ تعالیٰ کا کلمہ ان تک پہنچ گیا۔ مریم علیہا السلام نے کچھ عرصہ کے بعد خود کو حاملہ محسوس کیا تو بہ تقاضائے بشری ان پر ایک اضطرابی کیفیت طاری ہو گئی اور اس کیفیت نے اس وقت شدید صورت اختیار کر لی، جب انہوں نے دیکھا کہ مدت حمل ختم ہو کر ولادت کا وقت قریب سے قریب تر ہوتا جا رہا ہے، انہوں نے سوچا کہ اگر یہ واقعہ قوم کے اندر رہ کر پیش آیا تو چونکہ وہ حقیقت حال سے واقف نہیں ہے اس لیے نہیں معلوم وہ کس کس طرح بدنام اور بہتان طرازیوں کے ذریعہ کس درجہ پریشان کرے اس لیے مناسب یہ ہے کہ لوگوں سے دور کسی جگہ چلے جانا چاہیے، یہ سوچ کر وہ یروشلم (بیت المقدس) سے تقریباً نو میل کوہ سراۃ (ساعیر) کے ایک ٹیلہ پر چلی گئیں جواب "بیت اللحم" کے نام سے مشہور ہے، یہاں پہنچ کر چند روز بعد دردزہ شروع ہوا تو تکلیف و اضطراب کی حالت میں کھجور کے ایک درخت کے نیچے تنے کے سہارے بیٹھ گئیں اور پیش آنے والے نازک حالات کا اندازہ کر کے انتہائی قلق اور پریشانی کی حالت میں کہنے لگیں "کاش کہ میں اس سے پہلے مر چکی ہوتی اور میری ہستی کو لوگ ایک قلم فراموش کر چکے ہوتے" تب نخلستان کے نشیب سے خدا کے فرشتہ نے پھر پکارا "مریم علیہا السلام! غمگین نہ ہو، تیرے پروردگار نے تیرے تلے نہر ❶ جاری کر دی ہے اور کھجور کا تنا پکڑ کر اپنی جانب ہلا تو پکے اور تازہ خوشے تجھ پر گرنے لگیں گے پس تو کھا پی اور اپنے بچہ کے نظارہ سے آنکھیں ٹھنڈی کر اور رنج و غم کو بھول جا۔"

حضرت مریم علیہا السلام پر تنہائی، تکلیف اور نزاکت حال سے جو خوف طاری اور اضطراب پیدا ہو گیا تھا فرشتہ کی تسلی آمیز پکار اور عیسیٰ علیہ السلام جیسے برگزیدہ بچہ کے نظارہ سے کافور ہو گیا اور وہ عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھ دیکھ کر شاد کام ہونے لگیں۔ تاہم یہ خیال پہلو میں ہر وقت کانٹے کی طرح کھٹکتا رہتا تھا کہ اگرچہ خاندان اور قوم میری عصمت و پاک دامنی سے ناآشنا نہیں ہے پھر بھی ان کی اس حیرت کو کس طرح مٹایا جا سکے گا کہ بن باپ کے کس طرح ماں کے پیٹ سے بچہ پیدا ہو سکتا ہے؟

مگر جس خدائے برتر نے ان کو یہ بزرگی اور برتری بخشی وہ کب ان کو اس کرب و بے چینی میں مبتلاء رہنے دیتا، اس لیے اس نے فرشتہ کے ذریعہ مریم علیہا السلام کے پاس پھر یہ پیغام بھیجا کہ جب تو اپنی قوم میں پہنچے اور وہ تجھ سے اس معاملہ کے متعلق سوالات کرے تو خود جواب نہ دینا بلکہ اشارہ سے ان کو بتانا کہ میں روزہ دار ہوں اور اس لیے آج کسی سے بات نہیں کر سکتی تم کو جو کچھ دریافت کرنا ہے اس بچہ سے دریافت کر لو، تب تیرا پروردگار اپنی قدرت کاملہ کا نشان ظاہر کر کے ان کی حیرت کو دور اور ان کے قلوب کو مطمئن کر دے گا۔ حضرت مریم علیہا السلام وحی الٰہی کے ان پیغامات پر مطمئن ہو کر بچہ کو گود میں لے کر بیت المقدس کو روانہ ہوئیں، جب شہر میں پہنچیں اور لوگوں نے اس حالت میں دیکھا تو چہار جانب سے ان کو گھیر لیا اور کہنے لگے "مریم علیہا السلام! یہ کیا؟" "تو نے تو بہت ہی عجیب بات کر دکھائی اور بھاری تہمت کا کام کر لیا، اے ہارون نبی علیہ السلام کی بہن! نہ تو تیرا باپ برا آدمی تھا اور نہ تیری ماں ہی بدچلن تھی پھر تو یہ کیا کر بیٹھی؟

مریم علیہا السلام نے خدا کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے لڑکے کی جانب اشارہ کر دیا کہ جو کچھ دریافت کرنا ہے اس سے معلوم کر لو میں تو آج روزہ ❷ سے ہوں۔ لوگوں نے یہ دیکھ کر انتہائی تعجب کے ساتھ کہا: "ہم کس طرح ایسے شیر خوار بچہ سے باتیں کر سکتے ہیں ج

---

❶ سری لغت عرب میں نہر کو بھی کہتے ہیں اور بلند ہستی کو بھی، جمہور نے اس جگہ پہلے معنی مراد لئے ہیں۔۔۔۔ اور حسن بصری، ربیع بن انس اور ابن اسلم رحمہم اللہ سے دوسرے معنی منقول ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے تیرے تلے ایک بلند ہستی پیدا کر دی ہے۔ (البدایہ والنہایہ ج ۲)

❷ بنی اسرائیل کے یہاں روزہ میں خاموشی بھی داخل عبادت تھی۔

ابھی ماں کی گود میں بیٹھنے والا بچہ ہے" مگر بچہ فوراً بول اٹھا "میں اللہ کا بندہ ہوں، اللہ نے (اپنے فیصلہ تقدیر میں) مجھ کو کتاب (انجیل) دی ہے اور نبی بنایا ہے اور اس نے مجھ کو مبارک بنایا خواہ میں کسی حال اور کسی جگہ بھی ہوں، اور اس نے مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہے کہ جب تک میں زندہ رہوں یہی میرا شعار ہو اور اس نے مجھ کو اپنی ماں کا خدمت گزار بنایا اور خودسر اور نافرمان نہیں بنایا اور اس کی جانب سے مجھ کو سلامتی کا پیغام ہے جس دن کہ میں پیدا ہوا اور جس دن کہ میں مروں گا اور جس دن کہ پھر زندہ اٹھایا جاؤں گا"۔ اللہ تعالیٰ نے ان تفصیلات کو سورۂ انبیاء، تحریم اور سورۂ مریم میں ذکر فرمایا ہے:

﴿وَالَّتِیْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝﴾ (الانبیاء: ۹۱)

"اور اس عورت (مریم علیہا السلام) کا معاملہ جس نے اپنی پاکدامنی کو قائم رکھا، پھر ہم نے اس میں اپنی "روح" کو پھونک دیا اور اس کو اور اس کے لڑکے کو جہان والوں کے لیے "نشان" ٹھہرایا ہے۔"

﴿وَمَرْیَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِیْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهِ مِنْ رُّوْحِنَا﴾ (التحریم: ۱۲)

"اور عمران کی بیٹی مریم علیہا السلام کہ جس نے اپنی عصمت کو برقرار رکھا پس ہم نے اس میں اپنی روح کو پھونک دیا۔"

﴿فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِیًّا ۝ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰی جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ یٰلَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا ۝ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِیْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِیًّا ۝ وَهُزِّیْٓ اِلَیْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَیْكِ رُطَبًا جَنِیًّا ۝ فَكُلِیْ وَاشْرَبِیْ وَقَرِّیْ عَیْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَیِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِیْٓ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْیَوْمَ اِنْسِیًّا ۝ فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ قَالُوْا یٰمَرْیَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَیْـًٔا فَرِیًّا ۝ یٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِیًّا ۝ فَاَشَارَتْ اِلَیْهِ ؕ قَالُوْا كَیْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا ۝ قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۫ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا ۝ وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ۝ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ۝ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ۝﴾ (مریم: ۲۲-۳۳)

"پھر اس ہونے والے فرزند کا حمل ٹھہر گیا وہ (اپنی حالت چھپانے کے لیے) لوگوں سے الگ ہو کر دور چلی گئی پھر اسے دردِ زہ (کا اضطراب) کھجور کے ایک درخت کے نیچے لے گیا (وہ اس کے تنا کے سہارے بیٹھ گئی) اس نے کہا کاش میں اس سے پہلے مرچکی ہوتی، میری ہستی کو لوگ ایک قلم بھول گئے ہوتے، اس وقت (ایک پکارنے والے فرشتے نے) اسے نیچے سے پکارا "غمگین نہ ہو تیرے پروردگار نے تیرے تلے نہر جاری کر دی ہے، اور کھجور کے درخت کا تنا پکڑ کر اپنی طرف ہلا، تازہ اور پکے ہوئے پھلوں کے خوشے تجھ پر گرنے لگیں گے، کھا پی (اور اپنے بچہ کے نظارے سے) آنکھیں ٹھنڈی کر،

پھر اگر کوئی آدمی نظر آئے (اور پوچھ گچھ کرنے لگے) تو (اشارہ سے) کہہ دے میں نے خدائے رحمان کے حضور روزہ کی منت مان رکھی ہے میں آج کسی آدمی سے بات چیت نہیں کر سکتی" پھر ایسا ہوا کہ وہ لڑکے کو ساتھ لے کر اپنی قوم کے پاس آئی، لڑکا اس کی گود میں تھا، لوگ (دیکھتے ہی) بول اٹھے "مریم! تو نے عجیب ہی بات کر دکھائی" اور بڑی تہمت کا کام کر گزری، اے ہارون [1] کی بہن! نہ تو تیرا باپ برا آدمی تھا نہ تیری ماں بدچلن تھی" (تو یہ کیا کر بیٹھی) اس پر مریم علیہا السلام نے لڑکے کی طرف اشارہ کیا (کہ یہ تمہیں بتلا دے گا کہ حقیقت کیا ہے" لوگوں نے کہا: بھلا اس سے ہم کیا بات کریں جو ابھی گود میں بیٹھنے والا شیر خوار بچہ ہے" مگر لڑکا بول اٹھا "میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی اور نبی بنایا، اس نے مجھے بابرکت کیا خواہ میں کسی جگہ ہوں، اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا کہ جب تک زندہ رہوں یہی میرا شعار ہو۔ اس نے مجھے اپنی ماں کا خدمت گزار بنایا، ایسا نہیں کیا کہ خودسر اور نافرمان ہوتا، مجھ پر اس کی طرف سے سلامتی کا پیغام ہے جس دن پیدا ہوا، جس دن مروں گا اور جس دن پھر زندہ اٹھایا جاؤں گا"۔

قوم نے ایک شیر خوار بچہ کی زبان سے جب یہ حکیمانہ کلام سنا تو حیرت میں رہ گئی اور اس کو یقین ہو گیا کہ مریم علیہا السلام کا دامن بلاشبہ ہر قسم کی برائی اور تلویث سے پاک ہے اور اس بچہ کی پیدائش کا معاملہ یقیناً منجانب اللہ ایک "نشان" ہے۔

یہ خبر ایسی نہیں تھی کہ پوشیدہ رہ جاتی، قریب اور بعید سب جگہ اس حیرت زا واقعہ اور عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ ولادت کے چرچے ہونے لگے اور طبائع انسانی نے اس مقدس ہستی کے متعلق شروع ہی سے مختلف کروٹیں بدلنی شروع کر دیں، اصحاب خیر نے اس کے وجود کو اگر یمن و سعادت کا ماہتاب سمجھا تو اصحاب شر نے اس کی ہستی کو اپنے لیے فال بد جانا اور بغض و حسد کے شعلوں نے اندر ہی اندر ان کی فطری استعداد کو کھانا شروع کر دیا۔

غرض اسی متضاد فضاء کے اندر اللہ تعالیٰ اپنی نگرانی میں اس مقدس بچہ کی تربیت اور حفاظت کرتا رہا تا کہ اس کے ہاتھوں بنی اسرائیل کے مردہ قلوب کو حیات تازہ بخشے اور ان کی روحانیت کے شجر خشک کو ایک مرتبہ پھر بارآور اور مثمر بنائے۔

﴿وَ جَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ ﴾ [2] (المؤمنون: ۵۰)

---

[1] کہتے ہیں کہ ہارون مریم علیہا السلام کے خاندان میں ایک عابد و زاہد انسان اور بہت نیک نفس مشہور تھا۔ (تفسیر ابن کثیر)

[2] عن ابن عباس فی قولہ ﴿وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ﴾ قال المعین الماء الجاری و ھو النہر الذی قال اللّٰہ تعالٰی ﴿قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا﴾ و کذا قال الضحاک و قتادۃ الی ﴿اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ﴾ ھو بیت المقدس و ھذا واللہ اعلم ھو الاظھر لانہ المذکور فی الایۃ الاخریٰ والقران یفسر بعضہ بعضا و ھذا اولی ما یفسر بہ ثم الاحادیث الاصحیحہ ثم الاثار. (تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۲۴۶)

یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے آیت ﴿وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ﴾ کی تفسیر میں منقول ہے کہ "معین" سے نہر جاری مراد ہے اور یہ اسی نہر کا ذکر ہے جس کو آیت ﴿قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا﴾ میں بیان کیا گیا ہے اور ضحاک اور قتادہ رحمہما اللہ کا بھی یہی قول ہے کہ ﴿اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ﴾ سے بیت المقدس کی سرزمین مراد ہے اور یہی قول زیادہ ظاہر ہے اس لیے کہ دوسری آیت میں بیت المقدس (کی نہر) کا ہی ذکر ہے اور قرآن کا بعض حصہ خود ہی دوسرے حصہ کی تفسیر کر دیا کرتا ہے اور تفسیر آیات میں پہلی جگہ اسی طریق تفسیر کو حاصل ہے اس کے بعد صحیح احادیث کے ذریعہ تفسیر کا اور اس کے بعد آثار کے ذریعہ تفسیر کا درجہ ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

"اور ہم نے عیسیٰ بن مریم اور اس کی ماں (مریم) کو (اپنی قدرت کا) نشان بنا دیا اور ان دونوں کا ایک بلند مقام (بیت اللحم) پر ٹھکانا بنایا جو سکونت کے قابل اور چشمہ والا ہے۔"

بشارات ولادت:

قرآن عزیز نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بچپن کے حالات میں سے صرف اسی اہم واقعہ کا ذکر کیا ہے باقی بچپن کے دوسرے حالات کو جن کا ذکر قرآن کے مقصد تذکیر و موعظت سے خاص تعلق نہیں رکھتا تھا نظرانداز کر دیا ہے لیکن اسرائیلیات کے مشہور ناقل حضرت وہب بن منبہ سے جو واقعات منقول ہیں اور متی کی انجیل میں بھی جن کا ذکر موجود ہے ان میں سے یہ واقعہ بھی ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی تو اسی شب میں فارس کے بادشاہ نے آسمان پر ایک نیا ستارہ روشن دیکھا، بادشاہ نے درباری نجومیوں سے اس کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ اس ستارہ کا طلوع کسی عظیم الشان ہستی کی پیدائش کی خبر دیتا ہے جو ملک شام میں پیدا ہوئی ہے۔ تب بادشاہ نے خوشبوؤں کے عمدہ تحفے دے کر ایک وفد کو ملک شام روانہ کیا کہ وہ اس بچہ کی ولادت سے متعلق حالات و واقعات معلوم کریں، وفد جب شام پہنچا تو اس نے تفتیش حال شروع کی اور یہودیوں سے کہا کہ ہم کو اس بچہ کی ولادت کا حال سناؤ جو مستقبل قریب میں روحانیت کا بادشاہ ثابت ہوگا۔ یہود نے اہل فارس کی زبان سے یہ کلمات سنے تو اپنے بادشاہ ہیرودیس کو خبر کی، بادشاہ نے وفد کو دربار میں بلا کر استصواب حال کیا اور ان کی زبانی واقعہ کو سن کر بہت گھبرایا اور پھر وفد کو اجازت دی کہ وہ اس بچہ کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں۔ پارسیوں کا یہ وفد بیت المقدس پہنچا اور جب حضرت یسوع علیہ السلام کو دیکھا تو اپنے رسم و رواج کے مطابق اول ان کو سجدۂ تعظیم کیا اور پھر مختلف قسم کی خوشبوئیں ان پر نثار کیں اور چند روز وہیں قیام کیا، دوران قیام میں وفد کے بعض آدمیوں نے خواب میں دیکھا کہ ہرودیس اس بچہ کا دشمن ثابت ہوگا اس لیے تم اب اس کے پاس نہ جاؤ اور بیت اللحم سے سیدھے فارس کو چلے جاؤ۔ صبح کو وفد نے فارس کا ارادہ کرتے وقت حضرت مریم علیہا السلام کو اپنا خواب سناتے ہوئے کہا کہ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ یہودیہ کے بادشاہ ہیرودیس کی نیت خراب ہے اور وہ اس مقدس بچہ کا دشمن ہے اس لیے بہتر یہ ہے کہ تم اس کو ایسی جگہ لے جا کر رکھو جو اس کی دسترس سے باہر ہو، اس مشورہ کے بعد حضرت مریم علیہا السلام یسوع مسیح علیہ السلام کو اپنے بعض عزیزوں کے پاس مصر لے گئیں اور وہاں سے ناصرہ چلی گئیں اور جب عیسیٰ علیہ السلام کی عمر مبارک تیرہ سال کی ہوئی تو ان کو ساتھ لے کر دوبارہ بیت المقدس واپس آئیں۔ یہی روایات یہ بھی ظاہر کرتی ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بچپن کے حالات زندگی بھی غیر معمولی تھے اور ان سے طرح طرح کے کرامات کا صدور ہوتا رہتا تھا۔[1] (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)

حلیہ مبارک:

بخاری حدیث معراج میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، میری ملاقات حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ہوئی تو میں نے ان کو میانہ قد سرخ سپید پایا۔ بدن ایسا صاف شفاف تھا معلوم ہوتا تھا کہ ابھی حمام سے نہا کر آئے ہیں، اور بعض روایات میں ہے کہ آپ کے کاکل کاندھوں تک لٹکے ہوئے تھے اور بعض احادیث میں ہے کہ رنگ کھلتا ہوا گندم گوں تھا۔ بخاری کی روایت اور اس

[1] تاریخ ابن کثیر ج ۲ ص ۷۷ و انجیل متی باب ۲

روایت میں اداء وتعبیر کا فرق ہے حسن میں اگر صباحت کے ساتھ ملاحت کی آمیزش بھی ہوتی ہے تو اس رنگ میں ایک خاص کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، کسی وقت اگر سرخی جھلک آئی تو صباحت نمایاں ہو جاتی ہے اور اگر کسی وقت ملاحت غالب آ گئی تو چہرہ پر حسن و لطافت کے ساتھ کھلتا ہوا گندم گوں رنگ چمکنے لگتا ہے۔

بعثت ورسالت:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے قبل بنی اسرائیل ہر قسم کی برائیوں میں مبتلاء تھے اور انفرادی واجتماعی عیوب ونقائص کا کوئی پہلو ایسا نہیں تھا جو ان سے بچ رہا ہو، وہ اعتقاد واعمال دونوں ہی قسم کی گمراہیوں کا مرکز ومحور بن گئے تھے حتیٰ کہ اپنی ہی قوم کے ہادیوں اور پیغمبروں کے قتل تک پر جری اور دلیر ہو گئے تھے، یہودیہ کے بادشاہ ہیرودیس کے متعلق معلوم کر چکے ہو کہ اس نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو اپنی محبوبہ کے اشارہ پر کیسے عبرتناک طریقہ پر قتل کرا دیا تھا اور اس نے یہ سفاکانہ اقدام صرف اس لیے کیا کہ وہ حضرت علیہ السلام کی بڑھتی ہوئی روحانی مقبولیت کو برداشت نہ کر سکا اور اپنی محبوبہ سے ناجائز رشتہ پر ان کی نہی عن المنکر (برائی سے بچانے کی ترغیب) کی تاب نہ لا سکا اور یہ عبرتناک سانحہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی مبارک ہی میں ان کی بعثت سے قبل پیش آ چکا تھا۔

دائرۃ المعارف (انسائیکلو پیڈیا للبستانی) میں یہود سے متعلق جو مقالہ ہے اس کے تاریخی مواد سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی بعثت سے پہلے یہود کے عقائد واعمال کا یہ حال تھا کہ وہ مشرکانہ رسوم وعقائد کو جزء مذہب بنا چکے تھے اور جھوٹ، فریب، بغض وحسد جیسی بداخلاقیوں کو تو عملاً اخلاق کریمانہ کی حیثیت دے رکھی تھی اور اسی بناء پر بجائے شرم سار ہونے کے وہ ان پر فخر کا اظہار کرتے تھے اور ان علماء واحبار نے تو دنیا کے لالچ اور حرص میں کتاب اللہ (توراۃ) تک کو تحریف کیے بغیر نہ چھوڑا اور درہم ودینار پر خدا کی آیات کو فروخت کر ڈالا یعنی عوام سے نذر اور بھینٹ حاصل کرنے کی خاطر حلال کو حرام اور حرام کو حلال بنانے سے بھی دریغ نہیں کیا اور اس طرح قانون الٰہی کو مسخ کر ڈالا۔

یہود کی اعتقادی اور عملی زندگی کا مختصر اور مکمل نقشہ ہم کو شعیا علیہ السلام کی زبانی خود توراۃ نے اس طرح دکھایا ہے:

"خداوند فرماتا ہے: یہ امت (بنی اسرائیل) زبان سے تو میری عزت کرتی ہے مگر ان کا دل مجھ سے دور ہے اور یہ بے فائدہ میری پرستش کرتے ہیں کیونکہ میرے حکموں کو پیچھے ڈال کر آدمیوں کے حکموں کی تعلیم دیتے ہیں۔"

بہرحال ان ہی تاریک حالات میں جب حضرت یحییٰ علیہ السلام کے قتل کا واقعہ بھی ہو گزرا اور بنی اسرائیل نے خدا کے حکموں کے خلاف بغاوت وسرکشی کی حد کر دی تب وہ وقت سعید آ پہنچا کہ جس مبارک بچہ نے حضرت مریم علیہا السلام کی آغوش میں پیغام حق سنا کر بنی اسرائیل کو حیرت میں ڈال دیا تھا سن رشد کو پہنچ کر اس نے یہ اعلان کر کے "کہ وہ خدا کا رسول اور پیغمبر ہے اور رشد وہدایت خلق اس کا فرض منصبی" قوم میں ہلچل پیدا کر دی، وہ شرف رسالت سے مشرف ہو کر اور حق کی آواز بن کر آیا اور اپنی صداقت وحقانیت کے نور سے تمام اسرائیلی دنیا پر چھا گیا، اس مقدس ہستی نے قوم کو للکارا اور احبار کی علمی مجلسوں، راہبوں کے خلوت کدوں بادشاہ اور امراء کے درباروں اور عوام وخواص کی محفلوں میں حتیٰ کہ کوچہ وبرزن اور بازاروں میں شب وروز یہ پیغام حق سنایا۔

لوگو! اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اپنا رسول اور پیغمبر بنا کر تمہارے پاس بھیجا ہے اور تمہاری اصلاح کی خدمت میرے سپرد فرمائی

ہے، میں اس کی جانب سے پیغام ہدایت لے کر آیا ہوں اور تمہارے ہاتھ میں خدا کا جو قانون (توراۃ) ہے اور جس کو تم نے اپنی جہالت اور کج روی سے پس پشت ڈال دیا ہے میں اس کی تصدیق کرتا ہوں اور اس کی مزید تکمیل کے لیے خدا کی کتاب (انجیل) لے کر آیا ہوں، یہ کتاب حق و باطل کا فیصلہ کرے گی اور آج جھوٹ اور سچ کے درمیان فیصلہ ہو کر رہے گا۔ سنو اور سمجھو اور اطاعت کے لیے خدا کے حضور جھک جاؤ کہ یہی دین و دنیا کی فلاح کی راہ ہے۔

اب ان حقائق اور ان کے عواقب و نتائج کو قرآن کی زبانی سنئے اور "احقاق حق و ابطال باطل" کے لطف سے بہرہ مند ہو کر عبرت و موعظت حاصل کیجئے، کیونکہ "تذکیر بایام اللہ" سے قرآن کا مقصد عظیم یہی بصیرت عبرت ہے:

﴿ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَ قَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ٝ وَ اٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَ اَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ٝ وَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ۝ وَ قَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ﴾

(البقرہ: ۸۷۔۸۸)

"اور بیشک ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (توراۃ) عطاء کی اور اس کے بعد ہم (تم میں) پیغمبر بھیجتے رہے اور ہم نے عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) کو واضح معجزے دے کر بھیجا اور ہم نے اس کو روح پاک (جبرئیل) کے ذریعہ قوت و تائید عطاء کی، کیا جب تمہارے پاس (خدا کا) پیغمبر ایسے احکام لے کر آیا جن پر عمل کرنے کو تمہارا دل نہیں چاہتا تو تم نے غرور کو شیوہ (نہیں) بنالیا؟ پس (پیغمبروں کی) ایک جماعت کو جھٹلاتے ہو تو ایک جماعت کو قتل کر دیتے ہو، اور کہتے ہو کہ ہمارے دل (قبول حق کے لیے) غلاف میں ہیں (یہ نہیں) بلکہ ان کے کفر کرنے پر خدا نے ان کو ملعون کر دیا ہے پس بہت تھوڑے سے ہیں جو ایمان لے آئے ہیں۔"

﴿ وَ اِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ ﴾ (المائدہ: ۱۱۰)

"اور (اے عیسیٰ) جب ہم نے بنی اسرائیل (کی گرفت و ارادۂ قتل) کو تجھ سے باز رکھا اس وقت جبکہ تو ان کے پاس کھلے معجزات لے کر آیا تو کہا بنی اسرائیل میں سے منکروں نے، یہ کچھ نہیں ہے مگر کھلا جادو ہے۔"

﴿ وَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ لِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ ﴾

(آل عمران: ۵۰۔۵۲)

"اور میں تصدیق کرنے والا ہوں توراۃ کی جو میرے سامنے ہے اور (اس لیے آیا ہوں) تاکہ تمہارے لیے بعض وہ

چیزیں حلال کردوں جو (تمہاری کج روی کی وجہ سے) تم پر حرام کردی گئی تھیں اور میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی نشانی لے کر آیا ہوں پس اللہ کا خوف کرو اور میری پیروی کرو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ میرا اور تمہارا پروردگار ہے، پس اسی کی عبادت کرو یہی سیدھی راہ ہے۔ پس جبکہ عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے کفر محسوس کیا تو فرمایا اللہ کے لیے کون میرا مددگار ہے تو شاگردوں نے جواب دیا ہم ہیں اللہ کے (دین کے) مددگار۔"

﴿ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ﴾ (الحدید: ۲۷)

"پھران کے بعد (نوح وابراہیم علیہما السلام کے بعد) ہم نے اپنے رسول بھیجے اوران کے بعد عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) کو رسول بنا کر بھیجا اوراس کو کتاب (انجیل) عطاء کی۔"

﴿اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ﴾

(سورہ المائدہ: ۱۱۰)

"(وہ وقت یاد کے لائق ہے) جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کہے گا "اے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام! میری اس نعمت کو یاد کر جو میری جانب سے تجھ پر اور تیری والدہ پر نازل ہوئی جبکہ میں نے روح القدس (جبرئیل) کے ذریعہ تیری تائید کی کہ تو کلام کرتا تھا آغوش مادر میں اور بڑھاپے میں اور جبکہ میں نے تجھ کو سکھائی کتاب، حکمت، توراۃ اور انجیل۔"

﴿وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ﴾ (الصف: ٦)

"اور (وہ وقت یاد کرو) جب عیسیٰ ابن مریم (علیہ السلام) نے کہا: اے بنی اسرائیل! بلاشبہ میں تمہاری جانب اللہ کا بھیجا ہوا پیغمبر ہوں، تصدیق کرنے والا ہوں توراۃ کی جو میرے سامنے ہے اور بشارت سنانے والا ہوں ایک پیغمبر کی جو میرے بعد آئے گا اس کا نام احمد ہے۔" (صلی اللہ علیہ وسلم)

آیات بینات:

قصص القرآن جلد اول معجزات کی بحث میں گزر چکا ہے کہ حق وصداقت کے تسلیم وانقیاد میں انسانی فطرت ہمیشہ سے دو طریقوں سے مانوس رہی ہے ایک یہ کہ مدعی حق کی حقانیت وصداقت، دلائل کی قوت اور براہین کی روشنی کے ذریعہ ثابت اور واضح ہو جائے اور دوسرا طریقہ یہ کہ دلائل و براہین کے ساتھ ساتھ منجانب اللہ اس کی صداقت کی تائید میں عام قانون قدرت سے جدا بغیر اسباب ووسائل اور تحصیل علم وفن کے اس کے ہاتھ پر امور عجیبہ کا مظاہرہ اس طرح ہو کہ عوام وخواص اس کے مقابلہ سے عاجز ودرماندہ ہو جائیں اوران کے لیے اسباب ووسائل کے بغیران امور کی ایجاد ناممکن ہو، پہلے طریق کے ساتھ یہ دوسرا طریق انسان کے عقل وفکر اوراس کی نفسیاتی کیفیات میں ایسا انقلاب پیدا کر دیتا ہے کہ ان کا وجدان یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ داعیٔ حق (نبی وپیغمبر) کا

یہ عمل دراصل خود اس کا اپنا فعل نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ خدا کی قوت کام کر رہی ہے اور بلاشبہ یہ اس کے صادق ہونے کی مزید دلیل ہے۔ چنانچہ قرآن عزیز میں آیت ﴿وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ﴾ [1] میں اسی حقیقت کا اظہار مقصود ہے مگران ہر دو طریقوں میں سے ان اصحاب علم و دانش پر جو قوت فہم و ادراک میں بلند مقام رکھتے ہیں پہلا طریقہ زیادہ مؤثر ثابت ہوتا ہے اور وہ دوسرے طریقہ کو پہلے طریقہ کی تائید و تقویت کی حیثیت سے قبول کرتے اور داعیٔ حق (نبی و پیغمبر) کے دعوائے نبوت و رسالت کی صداقت کا مزید عملی ثبوت یقین کر کے اس پر ایمان لے آتے ہیں اور ان حضرات ارباب عقل و فکر کے برعکس ارباب قوت و اقتدار اور ان کی ذہنیت سے متاثر عام انسانی قلوب دوسرے طریقہ تصدیق سے زیادہ متاثر ہوتے اور نبی و پیغمبر کے معجزانہ افعال کو کائنات کی طاقت و قوت کے دائرہ سے بالاتر ہستی کا ارادہ و قوت فعل یقین کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اور ان امور کو "خدائی نشان" باور کر کے دعوت حق و صداقت کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتے ہیں۔

قرآن عزیز نے اکثر و بیشتر مقامات پر پہلے طریق دلیل کو "حجۃ اللہ" "برہان" اور "حکمۃ" سے تعبیر کیا ہے۔ سورہ انعام میں خدا کی ہستی اس کی وحدانیت، معاد و آخرت اور دین کے بنیادی عقائد کو دلائل، نظائر اور شواہد کے ذریعہ سمجھانے کے بعد رسول اللہ ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا گیا ہے:

﴿قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ﴾ (الانعام: ۱۴۹)

"(اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے، اللہ کے لیے ہی ہے حجت کامل (یعنی مکمل اور روشن دلیل)"

اور اس سورۃ میں دوسری جگہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تذکرہ میں ہے:

﴿وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ﴾ (الانعام: ۸۳)

"اور یہ ہماری "دلیل" ہے جو ہم نے ابراہیم کو اس کی قوم کے مقابلہ میں عطاء کی۔"

اور سورۂ نساء میں ہے:

﴿رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ﴾ (النساء: ۱۶۵)

"(ہم نے بھیجے) پیغمبر خوشخبری سنانے والے اور ڈرانے والے تاکہ لوگوں کی جانب سے خدا پر پیغمبر بھیجنے کے بعد کوئی حجت (دلیل) باقی نہ رہے (کہ ہمارے پاس دلائل کے ذریعہ راہ مستقیم بتانے کوئی نہ آیا تھا اس لیے ہم دین حق کی معرفت سے محروم رہے)۔"

﴿يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ﴾ (النساء: ۱۷۴)

"اے لوگو! بیشک تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی جانب سے برہان (قرآن) آ گیا۔"

---

[1] اور اے پیغمبر (بدر کے غزوہ میں) جب تو نے (دشمنوں پر) مٹھی بھر خاک پھینکی تھی تو تو نے وہ مشت خاک نہیں پھینکی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے پھینکی تھی مفصل بحث جلد اول میں گزر چکی ہے۔

اور سورۂ یوسف میں ہے:

﴿لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ﴾(یوسف: ۲۴)

"اگر نہ ہوتی یہ بات کہ دیکھ لی تھی اس (یوسف علیہ السلام) نے اپنے پروردگار کی دلیل۔"

اور سورۂ نحل میں ہے:

﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ﴾(النحل: ۱۲۵)

"اپنے پروردگار کے راستہ کی جانب دعوت وحکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ اور تبادلہ خیالات کرو ان (مخالفین) کے ساتھ اچھے طریق گفتگو سے۔"

اور سورۂ نساء ہے:

﴿وَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ﴾(النساء: ۱۱۳)

"اور اللہ تعالیٰ نے اتارا تجھ پر کتاب کو اور حکمت کو۔"

اسی طرح "حکمت" کا یہ ذکر سورہ بقرہ آل عمران، مائدہ، لقمان، صٓ، زخرف، احزاب اور قمر میں بہ کثرت موجود ہے اور دوسرے طریق دلیل کو اکثر "آیۃ اللہ" اور آیات اللہ" اور بعض مقامات پر "آیات بینات" اور "بینات" کہا گیا ہے۔

ناقہ صالح علیہ السلام کے متعلق ارشاد ہے:

﴿هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً﴾(الاعراف: ۷۳)

"یہ اونٹنی تمہارے لیے (خدا کی جانب سے) ایک "نشان" ہے۔"

اور حضرت مسیح اور ان کی والدہ مریم علیہما السلام کے متعلق ارشاد ہے:

﴿وَ جَعَلْنٰهَا وَ ابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝﴾(الانبیاء: ۹۱)

"اور ہم نے کر دیا مریم اور اس کے لڑکے عیسیٰ علیہ السلام کو جہان والوں کے لیے "نشان" (معجزہ)"

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات میں ارشاد باری ہے:

﴿وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ﴾ (بنی اسرائیل: ۱۰۱)

"اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو نو نشان (معجزات) عطا کیے۔"

اور حضرت مسیح علیہ السلام کو جو معجزات دیے گئے تھے ان کے متعلق ارشاد ہے:

"اور دیے ہم نے عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کو معجزات۔ اس وقت جبکہ تو ان کے پاس کھلے معجزات لے کر آیا تو کہا بنی اسرائیل میں سے منکروں نے یہ تو کھلا ہوا جادو ہے۔"

ہم نے اس مقام پر اکثر و بیشتر کا لفظ قصداً اختیار کیا ہے کیونکہ قرآن عزیز کے اسلوب بیان سے واقف اس سے بے خبر نہیں ہے کہ اس نے ان الفاظ کے استعمال میں وسعت تعبیر سے کام لیا ہے یعنی جبکہ "معجزہ" بھی ایک خاص قسم کا "برہان" ہے اور قرآن اور آیات قرآن جس طرح سرتاسر "علم و برہان ہیں اسی طرح "معجزہ" بھی ہیں، اس لیے معجزہ پر برہان کا اطلاق اور کتاب اللہ کے جملوں پر آیت اور آیات اللہ کا اطلاق مجاز نہیں بلکہ حقیقت ہے مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دو معجزوں عصاء اور ید بیضاء کے متعلق سورۂ قصص میں ہے:

﴿فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ﴾ (القصص:۳۲)

"پس تیرے رب کی جانب سے یہ دو دلیلیں ہیں۔"

اور کتاب اللہ اور اس کے جملوں پر آیت اور آیات کے اطلاقات سے تو قرآن کی کوئی طویل سورہ ہی خالی ہوگی، تمام قرآن میں جگہ جگہ اس کثرت سے اس کا استعمال ہوا ہے کہ اس کی فہرست مستقل موضوع بن سکتا ہے۔

اسی طرح "آیات بینات" کا اگرچہ بکثرت اطلاق کتاب اللہ (قرآن، توراۃ، زبور، انجیل) اور ان کی آیات پر ہوا ہے مگر مسطورہ بالا مقامات کی طرح بعض بعض جگہ اس کو "معجزات" کے لیے بھی استعمال کیا گیا ہے۔

لائق توجہ بات اور حقیقت معجزات:

نبی اور رسول کی بعثت کا مقصد کائنات کی رشد و ہدایت اور دین و دنیا کی فلاح و خیر کی رہنمائی ہے اور وہ منجانب اللہ وحی کی روشنی میں اس فرض منصبی کو انجام دیتا اور علم و برہان اور حجۃ حق کے ذریعہ راہ صداقت دکھاتا ہے، وہ یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ فطرت اور ماوراء فطرت امور میں تصرف و تغیر بھی اس کا کار منصبی ہے بلکہ وہ بار بار یہ اعلان کرتا ہے کہ میں خدا کی جانب سے بشیر و نذیر اور داعی الی اللہ بن کر آیا ہوں، میں انسان ہوں اور خدا کا ایلچی، اس سے زائد اور کچھ نہیں ہوں تو پھر اس کے دعوائے صداقت کے امتحان اور پرکھ کے لیے، اس کی تعلیم، اس کی تربیت اور اس کی شخصیت کا زیر بحث آنا یقیناً معقول لیکن اس سے ماوراء فطرت اور خارق عادت عجائبات و غرائب کا مطالبہ خلاف عقل اور بے جوڑ بات معلوم ہوتی ہے اور یوں نظر آتا ہے کہ کسی طبیب حاذق کے دعوئے حذاقت طب پر اس سے یہ مطالبہ کرنا کہ وہ طلسمی کھٹکے کی ایک عمدہ الماری یا لکڑی کا ایک عجیب قسم کا کھلونا بنا کر دکھائے، طبیب نے یہ دعویٰ نہیں کیا تھا کہ وہ ماہر لوہار یا بڑھئی ہے بلکہ اس کا دعویٰ تو امراض جسمانی کے علاج کا ہے، اسی طرح پیغمبر خدا کا یہ دعویٰ نہیں ہوتا کہ وہ خدا کی طرح کائنات پر ہمہ قسم کے تصرف و تغیر کا مالک و قادر ہے بلکہ اس کا دعویٰ تو یہ ہے کہ وہ تمام امراض روحانی کے لیے طبیب کامل اور حاذق و ماہر ہے۔

پس دعویٰ نبوت اور معجزات (خارق عادات امور) کے درمیان کیا تعلق ہے؟ اور کیا اس لیے یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ "معجزہ" لازم نبوت میں سے نہیں ہے؟

بلاشبہ یہ سوال بہت زیادہ قابل توجہ ہے اور اس لیے علم کلام میں اس مسئلہ کو کافی اہمیت دی گئی ہے لیکن ہم نے "آیات بینات" عنوان کے ماتحت ابتداء کلام میں دعوائے نبوت کی صداقت سے متعلق دلائل کی جو تقسیم انسانی طبائع اور ان کے فطری رجحانات

کے پیش نظر کی ہے وہ بھی ایک ناقابل انکار حقیقت ہے اور جوہر عقل کے تفاوت درجات نے بلاشبہ انسانوں کی قوت فکریہ کو جدا جدا طریقوں کی جانب مائل کر دیا ہے، ان حالات میں جب ایک نبی اور رسول یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ خدا کی جانب سے ایک ایسے منصب پر مامور ہے جو ریاضات و مجاہدات اور نیک عملی کی قوت سے نہیں بلکہ محض خدا کی موہبت اور عطاء سے حاصل ہوتا ہے اور یہ "منصب نبوت و رسالت" ہے اور اس کا مقصد کائنات کی رشد و ہدایت اور تعلیم حق و صداقت ہے تو بعض انسانی دماغ اور ان کا جوہر عقل اس جانب متوجہ ہو جاتا ہے کہ اگر اس ہستی کا یہ دعویٰ صحت پر مبنی ہے تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اس کو خدائے برتر کے ساتھ اس درجہ قربت حاصل ہے جو دوسرے انسانوں کے لیے ناممکن ہے پس جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس کی صدائے اصلاح اور اس کی تعلیم ہمارے قدیم رسم و رواج یا مذہب و دھرم کے ان عقائد و اعمال کے خلاف ہے جس کو ہم حق سمجھتے آئے ہیں تو ان متضاد اور متخالف تعلیمات کی صداقت و بطالت کے امتحان کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ یہ ہستی کوئی اور ماوراء فطرت یا خارق عادت امر کر دکھائے تو ہمارے لیے یہ سمجھنا بہت آسان ہو جائے گا کہ بغیر اسباب و وسائل کے اس ہستی کے ہاتھ ایسے امر کا صدور یقیناً اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اس کو خدائے برتر کے ساتھ خاص قرب حاصل ہے، تب ہی تو خدائے برحق نے یہ "نشان" دکھا کر اس کی صداقت پر مہر لگا دی، نیز وہ صاحب قوت و اقتدار انسان جن کے غور و فکر کی قوت ایسے سانچہ میں ڈھل گئی ہے کہ ان پر کوئی امر حق اس وقت تک مؤثر ہی نہیں ہوتا جب تک کہ ان کی متکبرانہ طاقت کو غیبی ٹھوکر سے بیدار نہ کیا جائے، وہ بھی اس کے منتظر رہتے ہیں کہ مدعی نبوت و رسالت اپنی صداقت کو دلیل و برہان کے ساتھ ساتھ ایک ایسے "کرشمہ" کے ذریعہ ناقابل انکار بنا دے کہ جس کا صدور دوسرے انسانوں سے یا تو ممکن ہی نہ ہو اور یا بغیر اسباب و وسائل کے استعمال کیے وجود پذیر نہ ہو سکتا ہو تاکہ یہ باور کیا جا سکے کہ بلاشبہ اس ہستی کی تعلیم و تبلیغ کو خدائے برتر کی تائید حاصل ہے۔ اسی لیے علماء کلام نے دعوائے نبوت اور معجزہ کے درمیان تعلق پر بحث کرتے ہوئے یہ مثال بیان کی ہے کہ ایک شخص جب یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس کو بادشاہ وقت نے اپنا نائب مقرر کر کے بھیجا ہے تو اس ملک یا صوبے کے باشندے خواستگار ہوتے ہیں کہ مدعی نیابت اپنے دعویٰ کی صداقت کے لیے کوئی سند اور علامت پیش کرے۔ چنانچہ مدعی نیابت ایک جانب اگر سند دکھاتا ہے تو دوسری جانب ایسی "نشانی" بھی پیش کرتا ہے جس کے متعلق یہ یقین کیا جا سکے کہ بادشاہ کی عطاء کردہ یہ نشانی اس کے عطیہ اور اس منصب کی تصدیق کے علاوہ اور کسی طرح بھی حاصل نہیں کی جا سکتی۔ مثلاً بادشاہ کی انگشتری (مہر حکومت) یا ایسا خاص عطیہ جو صرف اس منصب پر فائز ہستی کو عطاء کیا جاتا ہو۔

تو اگرچہ بظاہر دعویٰ نیابت اور انگشتری یا عطیہ خاص کے درمیان کوئی مطابقت نہیں ہے تاہم اس تعلق خاص نے جو شاہی تصدیق سے وابستہ ہے ان دونوں کے درمیان اہم ربط پیدا کر دیا ہے۔

لیکن جبکہ طریق تصدیق، معیار صداقت و حقانیت میں دوسرے درجہ کی حیثیت رکھتا ہے اور حقیقتاً معیاری حیثیت صرف طریق اول (حجۃ و برہان حق) کو ہی حاصل ہے، اس لیے معجزہ کے وقوع و صدور کا معاملہ پہلے طریق کے وجود و صدور سے قطعاً جدا اور وہ یہ کہ ہر ایک مدعی نبوت و رسالت کے لیے از بس ضروری ہے کہ وہ اپنے دعویٰ حق و صداقت کو حجۃ و برہان کی روشنی اور علم و یقین کی قوت کے ذریعہ ثابت کرے اور اپنی تعلیم و تربیت، اور شخصی حیات کے ہر پہلو میں دعویٰ اور دلیل و برہان کی مطابقت کو واضح کرے اور انسانی جوہر عقل کے فکر و تدبر کی رہنمائی کا فرض اس طرح انجام دے کہ ہر قسم کے ظن و وہم اور فاسد و کاسد خیالات کے مقابلہ

"یقین محکم" روز روشن کی طرح نمودار ہو جائے اور اس ادائے فرض کے لیے کسی کی جانب سے نہ مطالبہ شرط ہے اور نہ جستجو لازم بلکہ یہ نبی اور رسول کا براہ راست وہ فرض ہے جس کے لیے خدائے تعالیٰ نے اس کو منتخب اور مامور کیا ہے اور اگر ایک لمحہ کے لیے بھی وہ اس میں کوتاہی کرتا ہے تو گویا اپنے فرض کی پوری عمارت کو اپنے ہاتھ سے برباد کر دیتا ہے۔

﴿ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ ﴾ (المائدہ: ٦٧)

"اے پیغمبر! جو تم پر نازل کیا گیا ہے تم اس کو پورا پورا پہنچا دو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو منصب رسالت کو ادا نہ کیا۔"

اس کے برعکس معجزہ کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ نبی اور رسول اس کو ضرور ہی دکھائے یا مخالفین کے ہر مطالبہ پر اس کی تعمیل کرے بلکہ "معجزہ" حجت و برہان کی وہ قسم ہے جو اکثر معاندین کے مطالبہ پر وقوع پذیر ہوتا ہے اور اس سے اس کا صدور صرف عالم الغیب کی اپنی "حکمت و مصلحت" پر ہی موقوف رہتا ہے اور وہی خوب جانتا ہے کہ معجزہ کے بارہ میں کسی کا سوال جویائے حق کی حیثیت میں ہے اور کس کا تعنت اور انکار مزید کے لیے کن سعید روحوں پر اس کا یہ اثر پڑے گا کہ وہ کہہ اٹھیں گی ﴿ اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰى ﴾ اور کن بدبختوں پر اس طرح اثر انداز ہوگا کہ یوں گویا ہوں گے: ﴿ اِنَّ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ ﴾

پس قرآن عزیز نے اگر ایک جانب بہ نصوص قطعیہ یہ ظاہر کیا ہے کہ اس نے اپنے نبیوں اور رسولوں کو حجۃ و برہان کے ساتھ مزید تائید و تقویت کے لیے معجزات عطا کیے ہیں تو دوسری جانب یہ بھی صاف صاف نبی کی زبانی کہلا دیا ہے کہ میں خدا کی جانب سے فقط "نذیر مبین" "بشیر و نذیر" اور "رسول و نبی" ہوں۔ میں نے یہ دعویٰ ہرگز نہیں کیا کہ میں کائنات خداوندی کے تصرفات و تغیرات اور ماوراء فطرت امور پر قادر ہوں، ہاں خدائے برتر اگر چاہے تو وہ ایسا کر سکتا ہے اور اس نے ایسا کیا بھی ہے مگر وہ جب ہی کرتا ہے کہ اس کی حکمت و مصلحت اس کی متقاضی ہو۔

چنانچہ حضرت داؤد و سلیمان علیہما السلام کو منطق الطیر اور تسخیر ہوا، طیور و جن کے نشان دیے گئے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو "تسع آیات بینات" "نو کھلے نشان" عطاء کیے گئے جن میں سے دو نشان اعضاء اور ید بیضاء کو قرآن نے "بڑے نشان" کہا ہے اور بحر قلزم میں غرق فرعون اور نجات قوم موسیٰ علیہ السلام کا عجیب و غریب واقعہ مستقل ایک "نشان عظیم" ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر دہکتی آگ کے شعلوں کو "برد و سلام" بنا دیا۔ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کے لیے "ناقہ صالح" کو نشان بنایا کہ جوں ہی اس کو کسی نے ستایا اسی وقت خدا کا عذاب قوم کو تباہ و برباد کر جائے گا۔ چنانچہ ٹھیک اسی طرح پیش آیا۔ حضرت ہود اور حضرت نوح علیہما السلام سے ان کی قوموں نے عذاب طلب کیا اور کافی سمجھانے کے بعد بھی جب ان کا اصرار قائم رہا تو ان پیغمبروں نے عذاب الٰہی کی جو وعیدیں سنائی تھیں وہ ٹھیک اپنے اپنے وقت پر پوری ہوئیں حالانکہ ان سب مواقع میں بظاہر اسباب نزول عذاب اور وقوع حوادث ہلاکت کے کوئی سامان نہیں تھے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جو مختلف نشان (معجزات) دیئے گئے ان کو بھی قرآن نے صاف صاف بیان کر دیا ہے جو ابھی زیر بحث آئیں گے اور آخر میں خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو علمی معجزہ قرآن عطا کیا جس کی تحدی (مقابلہ کے چیلنج) کا کوئی جواب نہ دے سکا، نیز بدر کے معرکہ میں فرشتوں کا نزول اور ان کے ذریعہ مسلمانوں کی نصرت و یاوری اور ﴿ وَ مَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ ﴾ کے اعلان سے اس مشہور معجزہ کا اظہار فرمایا جس نے بدر کے میدان میں مٹھی بھر خاک کو ایک ہزار دشمنوں کی آنکھوں کا آزار بنا دیا اور

"شق القمر" کا معجزہ عطا فرمایا۔ معاملہ زیر بحث کا یہ ایک پہلو یا ایک رخ ہے اور دوسرا پہلو یہ ہے کہ جب خاتم الانبیاء محمد کریم ﷺ کی دعوت ارشاد و تبلیغ حق کے روشن دلائل و براہین کا کوئی جواب مخالفین سے نہ بن پڑا تو از راہ تعنت و سرکشی عجائبات اور خارق عادات امور کا مطالبہ کرنے لگے تب اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی پیغمبر ﷺ کو اطلاع دی کہ ان کا مقصد طلب حق اور جستجوئے صداقت نہیں ہے بلکہ یہ جو کہہ رہے ہیں سرکشی، ضد اور تعصب کی راہ سے کہتے ہیں اس لیے ان کا جواب یہ نہیں ہے کہ خدا کے نشانات کو بھان متی کا تماشا یا مداری کا کھیل بنا دیا جائے بلکہ اصل جواب یہ ہے کہ ان سے کہہ دو میں ان تصرفات کا مدعی نہیں ہوں میں تو نیک و بد امور میں تمیز پیدا کرنے، خدا کے بندوں کا خدا کے ساتھ رشتہ ملانے اور نیک و بد کاموں کے انجام کو واضح کرنے کے لیے "نذیر مبین" اور "نبی رسول" ہوں:

﴿وَ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ عِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ وَ لَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾﴾ (بنی اسرائیل: ۹۰-۹۳)

"اور انہوں نے (مشرکوں نے) کہا: ہم اس وقت تک ہرگز تیری بات نہیں مانیں گے کہ تو ہمارے لیے زمین سے چشمہ ابال دے یا تیرے واسطے کھجوروں کا اور انگوروں کا باغ ہو اور تو اس کے درمیان زمین پھاڑ کر نہریں بہا دے یا تو جیسا گمان کرتا ہے ہمارے اوپر آسمان گرا دے یا تو اللہ اور اس کے فرشتوں کو (ہمارے) مقابل لائے یا تیرے واسطے ایک سونے کا (طلائی) مکان ہو اور یا تو چڑھ جائے آسمان پر اور ہم تیرے چڑھ جانے کو بھی ہرگز اس وقت تک نہیں تسلیم کریں گے تاوقتیکہ تو ہمارے پاس (آسمان سے) کتاب لے کر نہ آئے کہ اس کو ہم پڑھیں (اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے پاکی ہے میرے پروردگار کے لیے میں اس کے سوا کچھ نہیں کہ انسان ہوں، خدا کا پیغامبر ہوں۔"

﴿وَ لَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ﴿۱۴﴾ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿۱۵﴾﴾ (الحجر: ۱۴-۱۵)

"اور اگر کھول دیں ہم ان پر آسمان کا ایک دروازہ اور یہ اس پر چڑھنے لگیں تب بھی ضرور یہی کہیں گے کہ اس کے سواء کچھ نہیں ہے کہ مست کر دی گئی ہیں ہماری آنکھیں بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے۔"

﴿وَ اِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا﴾ (الانعام: ۲۵)

"اور اگر یہ ہر قسم کے نشان بھی دیکھ لیں تب بھی (ضد اور تعصب کی بناء پر) ایمان لانے والے نہیں ہیں۔"

اب ان تفصیلات سے یہ بھی بخوبی روشن ہو گیا کہ علم کلام میں جن علماء کی رائے یہ ظاہر کی گئی ہے کہ "معجزہ دلیل نبوت نہیں

ہے" ان کی مراد کیا ہے؟ وہ دراصل دعویٰ نبوت کی صداقت سے متعلق مسطورہ بالا ہر دو دلائل کے فرق کو ظاہر کرنا چاہتے ہیں اور یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جو ہستی نبوت و رسالت کا دعویٰ کرتی ہے اس پر لازم اور ضروری ہے کہ اپنے دعویٰ کی تصدیق کے لیے "حجۃ و برہان" پیش کرے اور دلائل کی روشنی میں اپنی حقانیت کو ثابت کرے اور وحی الٰہی کی جو تعلیم وہ کائنات کی ہدایت کے لیے پیش کرتی ہے برہان و حجت کے ذریعہ اس کی حقیقت کو واضح کرے تو گویا اس طرح نبوت و رسالت اور حجت و برہان صداقت میں لازم و ملزوم کا رشتہ ہے اس کے برعکس نبوت کے ساتھ معجزات اور آیات اللہ (نشانات خداوندی) کا تعلق اس طرح کا نہیں ہے بلکہ اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر مخالفین کے مطالبہ پر یا بہ تقاضائے حکمت الٰہی نبی اور رسول از خود اپنی صداقت کی تائید میں کوئی نشان (معجزہ) دکھائے تو بلاشبہ وہ اس ہستی کے نبی و رسول ہونے کی ناقابل انکار "دلیل" ہے اور اس کا انکار درحقیقت اس رسول کی صداقت کا انکار ہے کیونکہ اس صورت میں یہ انکار حقیقت اور واقعہ کا انکار ہے اور حقیقت کا انکار "حق" نہیں بلکہ "باطل" ہوتا ہے جو نبوت و رسالت کے مقصد کے ساتھ کسی طرح بھی جمع نہیں ہوسکتا۔ البتہ اگر حکمت الٰہی کا تقاضا یہ ہو کہ تعلیم حق کی روشنی، وحی الٰہی پر دلائل و براہین کا یقین، اور اصول دین پر حجت و برہان کا قیام ہوتے ہوئے اب مخالفین کے بار بار طلب معجزات و عجائبات کی پرواہ نہ کی جائے اور نبی و رسول، وحی الٰہی کی روشنی میں حجت و برہان کے ذریعہ تعلیم حق جاری رکھے اور مخالفین کے جواب میں صاف صاف کہہ دے کہ میں نے ماوراء فطرت پر قدرت کا کبھی دعویٰ نہیں کیا تو اس صورت میں بندوں پر خدا کی حجت تمام ہو جاتی ہے اور کسی امت اور قوم کو یہ حق نہیں رہتا کہ وہ تعلیم حق کے دلائل و براہین اور روشن حجت و بینہ سے اس لیے منہ پھیرے اور اس لیے اس کا انکار کر دے کہ اس کی طلب پر اچنبھوں اور عجائبات کا مظاہرہ کیوں نہیں کیا گیا۔

پس قرآن عزیز نے جن انبیاء و رسل کے واقعات و حالات "تذکیر بایام اللہ" کے سلسلہ میں بیان کرتے ہوئے نصوص قطعیہ کے ذریعہ صراحت و وضاحت سے یہ ثابت کیا ہے کہ ہم نے ان کی صداقت کے نشان کے طور پر نشانات (معجزات) ان کو عطا اور مخالفین کے سامنے ان کا مظاہرہ کیا تو ہمارا فرض ہے کہ ہم بے چون و چرا ان کو قبول اور ان کی تصدیق کریں اور عجائب پرستی کے الزام سے خائف ہو کر عالم غیب کی اس تصدیق سے گریز نہ کریں اور نہ رکیک و باطل تاویلات کے پردہ میں ان کے انکار پر آمادہ ہو جائیں کیونکہ ایسا کرنا اس آیت کا مصداق بن جانا ہے۔

﴿ وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيدُونَ اَنْ يَّتَّخِذُوا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا ۝ ﴾ (النساء: ۱۵۰)

"اور وہ کہتے ہیں کہ ہم کتاب الٰہی کے بعض پر ایمان لاتے ہیں اور بعض کا انکار کرتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ ایمان و کفر کے درمیان میں ایک راہ بنالیں۔"

اور ظاہر ہے کہ یہ مومن و مسلم کی نہیں بلکہ کافر و منکر کی راہ ہے، مومن و مسلم کی راہ تو سیدھی راہ یہ ہے:

﴿ يٰاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۠ وَّلَا تَتَّبِعُوا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ۝ ﴾ (البقرہ: ۲۰۸)

"اے پیروان دعوت ایمانی! اسلام میں پوری طرح داخل ہو جاؤ (اور اعتقاد و عمل کی ساری باتوں میں مسلم بن جاؤ۔ مسلم

ہونے کے لیے صرف اتنا ہی کافی نہیں کہ زبان سے اسلام کا اقرار کرلو) اور دیکھو شیطانی وسوسوں کی پیروی نہ کرو، وہ تو تمہارا کھلا دشمن ہے۔"

بہر حال "سنت اللہ" یہ جاری رہی ہے کہ جب کسی قوم کی ہدایت یا تمام کائنات انسانی کی فوز وفلاح کے لیے نبی اور پیغمبر مبعوث ہوتا ہے تو اس کو منجانب اللہ محکم دلائل و براہین اور آیات اللہ (معجزات) دونوں سے نوازا جاتا ہے، وہ ایک جانب وحی الٰہی کے ذریعہ کائنات کے معاش معاد سے متعلق اوامر ونواہی اور بہترین دستور ونظام پیش کرتا ہے تو دوسری جانب حسب مصلحت خداوندی "خدائی نشانات" کا مظاہرہ کر کے اپنی صداقت اور منجانب اللہ ہونے کا ثبوت دیتا ہے نیز ہر ایک پیغمبر کو اسی قسم کے معجزات ونشانات عطا کیے جاتے ہیں جو اس زمانہ کی علمی ترقیوں یا قومی وملکی خصوصیتوں کے مناسب حال ہونے کے باوجود معارضہ کرنے والوں کو عاجز و درماندہ کر دیں اور کوئی ان کے مقابلہ میں تاب مقاومت نہ لا سکے اور اگر تعصب اور ضد درمیان میں حائل نہ ہوں تو اپنی اکتسابی ترقیوں اور خصوصیتوں کے حقائق سے آگاہ ہونے کی وجہ سے اس اعتراف پر مجبور ہو جائیں کہ یہ جو کچھ سامنے ہے انسانوں کی قدرت سے بالاتر، ان کی دسترس سے باہر، اور صرف خدائے واحد ہی کی جانب سے ہے۔

مثلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں علم نجوم (Astronomy) اور علم کیمیا (Chemistry) کا بہت زور تھا اور ساتھ ہی ان کی قوم کواکب ونجوم کے اثرات کو ان کے ذاتی اثرات سمجھتی اور ان کو مؤثر حقیقی یقین کر کے خدائے واحد کی جگہ ان کی پرستش کرتی تھی اور ان کا سب سے بڑا دیوتا شمس (سورج) تھا کیونکہ وہ روشنی اور حرارت دونوں کا حامل تھا اور یہی دونوں چیزیں ان کی نگاہ میں کائنات کی بقاء وفلاح کے لیے اصل الاصول تھیں اور اسی بناء پر کرۂ ارضی میں "آگ" کو اس کا مظہر مان کر اس کی بھی پرستش کی جاتی تھی، علاوہ ازیں ان کو اشیاء کے خواص واثرات اور ان کے ردعمل پر بھی کافی عبور تھا گویا آج کی علمی تحقیقات کے لحاظ سے وہ کیمیاوی طریق ہائے عمل سے بھی بڑی حد تک واقف تھے۔

اس لیے اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو ان کی قوم کی ہدایت اور خدا پرستی کی تعلیم وتلقین کے لیے ایک جانب ایسے روشن حجۃ و برہان عطا فرمائے جن کے ذریعہ وہ قوم کے غلط عقائد کے ابطال اور احقاق حق کی خدمت انجام دیں اور مظاہر پرستی کی وجہ سے حقیقت کے چہرہ پر تاریکی کا جو پردہ پڑ گیا تھا اس کو چاک کر کے رخ روشن کو نمایاں کر سکیں۔

﴿ وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ ﴾
(الانعام: ۸۳)

اور دوسری جانب جب کواکب پرست اور بت پرست بادشاہ سے لے کر عام افراد قوم نے ان کے دلائل و برہان سے لاجواب ہو کر اپنی مادی طاقت کے گھمنڈ پر دہکتی آگ میں جھونک دیا تو اسی خالق اکبر نے جس کی دعوت وارشاد کی خدمت حضرت ابراہیم علیہ السلام انجام دے رہے تھے ﴿ يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا ﴾ کہہ کر اپنی قدرت کا وہ عظیم الشان نشان (معجزہ) عطا کیا جس نے باطل کے پر ہیبت ایوان میں زلزلہ پیدا کر دیا اور تمام قوم اس خدائی مظاہرہ سے عاجز، حیران و پریشان اور ذلیل وخاسر ہو کر رہ گئی:

﴿ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۝ ﴾ (الانبیاء: ۷۰)

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں سحر (Magic) مصری علوم وفنون میں بہت زیادہ نمایاں اور امتیازی شان رکھتا تھا اور مصریوں کو فن سحر میں کمال حاصل تھا اس لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قانون ہدایت (توراۃ) کے ساتھ ساتھ "ید بیضاء" اور "عصاء" جیسے معجزات دیے گئے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ساحرین مصر کے مقابلہ میں جب ان کا مظاہرہ کیا تو سحر کے تمام ارباب کمال اس کو دیکھ کر یک زبان ہو کر پکار اٹھے کہ بلاشبہ یہ سحر نہیں یہ تو اس سے جدا اور انسانی طاقت سے بالاتر مظاہرہ ہے جو خدائے برحق نے اپنے سچے پیغمبروں کی تائید کے لیے ان کے ہاتھ پر کرایا ہے کیونکہ ہم سحر کی حقیقت سے بخوبی واقف ہیں اور یہ کہہ کر انہوں نے فرعون اور قوم فرعون کے سامنے بے خوفی کے ساتھ اعلان کر دیا کہ وہ آج سے موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کے خدائے واحد ہی کے پرستار ہیں:

﴿وَ اُلْقِیَ السَّحَرَةُ سٰجِدِیْنَ ۝ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰی وَ هٰرُوْنَ ۝﴾ (الاعراف: ۲۰۔۲۲)

مگر فرعون اور امراء دربار اپنی بدبختی سے یہی کہتے رہے:

﴿قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِیْمٌ ۝﴾ (الشعراء: ۳٤) ... ﴿فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰی بِاٰیٰتِنَا بَیِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًی وَّ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْۤ اٰبَآىِٕنَا الْاَوَّلِیْنَ ۝﴾ (قصص: ۳٦)

اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں علم طب (Medical Science) اور علم الطبیعات (Physics) کا بہت چرچا تھا اور یونان کے اطباء وحکماء (فلاسفر) کی طب وحکمت گرد وپیش کے ممالک وامصار کے ارباب کمال پر بہت زیادہ اثر انداز تھی اور ملکوں میں صدیوں سے بڑے بڑے طبیب اور فلسفی اپنی حکمت ودانش اور کمالات طب کا مظاہرہ کر رہے تھے مگر خدائے واحد کی توحید اور دین حق کی تعلیم سے خواص وعوام یکسر محروم تھے اور خود ہی اسرائیل بھی جو کہ نبیوں کی نسل میں ہونے پر ہمیشہ فخر کرتے رہتے تھے جن گمراہیوں میں مبتلاء تھے سطور گزشتہ میں ان پر روشنی پڑ چکی ہے۔

پس ان حالات میں "سنت اللہ" نے جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو رشد وہدایت کے لیے منتخب کیا تو ایک جانب ان کو حجت وبرہان (انجیل) اور حکمت سے نوازا تو دوسری جانب زمانہ کے مخصوص حالات کے مناسب چند ایسے نشان (معجزات) بھی عطاء فرمائے جو اس زمانہ کے ارباب کمال اور ان کے پیرووں پر اس طرح اثر انداز ہوں کہ جویائے حق کو اس اعتراف میں کوئی جھجک باقی نہ رہے کہ بلاشبہ یہ اعمال اکتسابی علوم سے جدا محض خدائے تعالیٰ کی جانب سے رسول برحق کی تائید میں رونما ہوئے ہیں اور متعصب اور متمرد کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارۂ کار نہ رہے کہ ان کو "صریح جادو" کہہ کر اپنے بغض وحسد کی آگ کو اور مشتعل کرے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ان معجزات میں سے جن کا مظاہرہ انہوں نے قوم کے سامنے کیا قرآن عزیز نے "چار معجزات کا بصراحت ذکر کیا ہے:

① وہ خدا کے حکم سے مردہ کو زندہ۔ ② اور پیدائشی نابینا کو بینا اور جذامی کو چنگا کر دیا کرتے تھے۔

③ وہ مٹی سے پرند بنا کر اس میں پھونک دیتے تھے اور خدا کے حکم سے اس میں روح پڑ جاتی تھی۔

④ وہ یہ بھی بتا دیا کرتے تھے کہ کس نے کیا کھایا اور خرچ کیا اور کیا گھر میں ذخیرہ محفوظ رکھا ہے؟

قوموں میں ایسے مسیحا موجود تھے جن کے علاج ومعالجے اور اکتسابی تدابیر سے مایوس مریض شفاء پاتے تھے، ان میں ماہر طبیعات ایسے فلسفی بھی کم نہ تھے جو روح ومادہ کے حقائق اور ارضی وسماوی اشیاء کی ماہیات پر بے نظیر نظریات وتجربیات کے مالک

سمجھے جاتے تھے اور حقائق اشیاء میں ان کی باریک بینی اور مہارت ارباب کمال کے لیے باعث صد ناز تھی لیکن جب ان کے سامنے
عیسیٰ علیہ السلام نے اسباب و وسائل اختیار کیے بغیر ان امور کا مظاہرہ کیا تو ان پر بھی ہدایت و ضلالت کی قدرتی تقسیم کے مطابق یہی اثر پڑا
کہ جس شخص کے قلب میں حق کی طلب موجزن تھی اس نے اقرار کیا کہ بلاشبہ اس قسم کا مظاہرہ انسانی دسترس سے باہر اور نبی برحق کی
تائید و تصدیق کے لیے منجانب اللہ ہے اور جن دلوں میں رعونت، حسد اور بغض و عناد تھا ان کے تعصب نے وہی کہنے پر مجبور کیا جو ان
کے پیشرو انبیاء و رسل سے کہتے آئے تھے۔ ﴿اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ﴾
چوتھے معجزے کے بارے میں بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اس کے مظاہرہ کی وجہ یہ پیش آئی کہ مخالفین جب ان کی دعوت
رشد و ہدایت سے نفور ہو کر ان کو جھٹلاتے اور ان کے پیش کردہ آیات بینات (معجزات) کو سحر اور جادو کہتے تو ساتھ ہی از راہ تمسخر یہ
بھی کہہ دیا کرتے تھے کہ اگر تم خدائے تعالیٰ کے ایسے مقبول بندے ہو تو بتاؤ آج ہم نے کیا کھایا ہے اور کیا بچا رکھا ہے تب عیسیٰ علیہ السلام
ان کے تمسخر کو سنجیدگی سے بدل دیتے اور وحی الٰہی کی نصرت سے ان کے سوال کا جواب دے دیا کرتے تھے۔ [1]
مگر قرآن عزیز نے اس معجزہ کو جس انداز میں بیان کیا ہے اس کو غور کے ساتھ مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس
"نشان" کے مظاہرہ کی وجہ مفسرین کی بیان کردہ توجیہ سے زیادہ دقیق اور وسیع معلوم ہوتی ہے اور وہ یہ کہ عیسیٰ علیہ السلام پیغام ہدایت و تبلیغ
حق کی خدمت انجام دیتے ہوئے اکثر و بیشتر لوگوں کو دنیا میں انہماک، دولت و ثروت کے لالچ، اور عیش پسند زندگی کی رغبت سے باز
رکھنے پر مختلف اسالیب بیان کے ذریعہ توجہ دلایا کرتے تھے تو جس طرح بعض سعید روحیں اس کلمہ حق کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتی تھیں
اس کے برعکس شریر النفس انسان ان کے مواعظ حسنہ سے قلبی نفرت و اعراض کے باوجود امتثال امر کرنے والی ہستیوں سے زیادہ ان کو
یہ باور کرائیں کہ ہم تو ہمہ وقت آپ کے اس ارشاد کی تعمیل میں سرگرم رہتے ہیں۔ لہٰذا قدرت حق نے یہ فیصلہ کیا کہ ان منافقین کی
منافقت کی مضرت کو زائل کرنے کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ایسا "نشان" عطا کیا جائے کہ اس ذریعہ سے حق و باطل منکشف ہو
جائے اور حقوق اللہ اور حقوق انسانی کے اتلاف پر جو ذخیرہ اندوزی کا سامان کیا جا رہا ہے اس کا پردہ چاک کر دیا جائے۔
ان چہارگانہ خدائی نشان (معجزات) کے علاوہ خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بغیر باپ کے پیدائش بھی ایک عظیم الشان "خدائی
نشان" تھا جس کے متعلق ابھی تفصیلات سن چکے ہو۔
حضرت مسیح علیہ السلام کے ہاتھ پر جن معجزات کا ظہور ہوا یا ان کی ولادت جس معجزانہ طریق پر ہوئی یہود نے از راہ حسد ان کا
انکار کیا تو کیا لیکن بعض فطرت پرست مدعی اسلام حضرات نے بھی ان کے انکار کے لیے راہ پیدا کرنے کی ناکام سعی فرمائی ہے ان
میں سے بعض حضرات وہ ہیں جنہوں نے اس انکار کو ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ فطرت پرست اور منکرین خدا یورپین علماء جدید سے
مرعوبیت کی بناء پر یہ روش اختیار کی ہے تاکہ ان کی مذہبیت پر عجائب پرستی کا الزام عائد نہ ہو سکے، ان میں سرسید اور مولوی چراغ علی
صاحب خصوصیت سے قابل ذکر ہیں اور بعض وہ یہود صفت اشخاص ہیں جو اپنی ذاتی غرض اور ناپاک مقصد کی خاطر از راہِ حسد و بغض
حضرت مسیح علیہ السلام کے ان معجزات کا نہ صرف انکار کرتے ہیں بلکہ تاویلات باطل کے پردہ میں ان کا مضحکہ اڑاتے ہیں ان میں سے متنبی
کاذب مرزا قادیانی اور مسٹر محمد علی لاہوری خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۸۴

قادیانی اور لاہوری نے تو یہ ظلم کیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے معجزہ ﴿اَنِّیْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾ کے متعلق یہ کہہ دیا کہ مسیح کا یہ عمل ایک تالاب کی مٹی کا رہین منت تھا، معجزہ کچھ نہیں تھا اس تالاب کی مٹی کی یہ خاصیت تھی کہ جس کسی پرند کی شکل بنائی جاتی اور منہ سے دم تک سوراخ رکھ دیا جاتا تو ہوا بھر جانے سے اس میں آواز بھی پیدا ہو جاتی تھی اور حرکت بھی، گویا العیاذ باللہ! ان بدبختوں کے نزدیک حضرت مسیح علیہ السلام کی جانب سے منکروں کے مقابلہ میں یہ معجزانہ صداقت نہیں تھی بلکہ مداری یا شعبدہ باز کا تماشہ تھا۔

اسی طرح احیاء موتیٰ (مردہ کو زندہ کر دینا) کے معجزہ کا بھی انکار کرتے ہوئے یہ دعویٰ کیا ہے کہ قرآن عزیز نے یہ فیصلہ سنا دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ موت کے بعد کسی کو اس دنیا میں قبل از قیامت زندگی نہیں بخشے گا۔ لیکن لطف یہ ہے کہ اگر پورے قرآن کو از اول تا آخر پڑھ جایئے تو کسی ایک آیت میں بھی آپ کو یہ فیصلہ نہیں ملے گا بلکہ اس دعویٰ کے خلاف متعدد مقامات پر اس کا اثبات پائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں موت دینے کے بعد حیات تازہ بخشی ہے مثلاً سورہ بقرہ کی آیات ذبح بقرہ کے واقعہ میں ارشاد ہے:

﴿فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى﴾ (البقرہ: ۷۳)

یا سورۂ بقرہ ہی کی اس آیت میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ﴾ (البقرہ: ۲۵۹)

یا اسی سورۃ میں تیسری جگہ مذکور ہے:

﴿وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَ لَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَ لٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ﴾ (البقرہ: ۲۶۰)

چنانچہ ان تمام واقعات میں "احیاء موتیٰ" کے صاف اور صریح معانی ثابت ہیں اور جن حضرات نے ان مقامات میں احیاء موتی سے مجازی یا کنائی معنی لیے ہیں ان کو طرح طرح کی تاویلات کی پناہ لینی پڑی ہے مگر ان کی تاویلات سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ احیاء موتی کی یہ تاویل اس وجہ سے نہیں کر رہے ہیں کہ قرآن کے نزدیک اس کا دنیا میں وقوع ممنوع ہے بلکہ وہ کہتے ہیں کہ آیات مسطورہ بالا کے سیاق و سباق کے پیش نظر یہی معنی مناسب حال ہیں۔

غرض یہ دعویٰ کہ قرآن ممنوع قرار دیتا ہے کہ دار دنیا میں "احیاء موتیٰ" وقوع پذیر ہو صرف مرزا قادیانی اور مسٹر لاہوری کے دماغ کی اپج ہے جو قطعاً باطل اور غیر ثابت ہے اور اس کی پشت پر کوئی دلیل نہیں ہے، رہا یہ امر کہ خدا کے عام قانون فطرت کے ماتحت

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات میں بحث گزر چکی ہے ملاحظہ ہو قصص القرآن ج ۲۔
ایضاً ✽ قصص القرآن جلد اول میں بحث گزر چکی ہے۔

ایسا نہیں پیش آتا رہتا سو اگر ایسا ہوتا رہتا تو پھر یہ "معجزہ" ہرگز نہ کہلاتا اور خدائے برتر کا قانون خاص جو تصدیق انبیاء علیہم السلام کے مقصد سے کبھی کبھی مخالفین کے مقابلہ میں بطور تحدی (چیلنج) کے پیش آتا ہے کوئی خصوصیت نہ رکھتا۔

اسی طرح حضرت مسیح علیہ السلام کی بن باپ پیدائش کے مسئلہ کا بھی انکار کیا گیا ہے اور قادیانی اور لاہوری نے بھی اس کے خلاف بے دلیل ہرزہ سرائی کی ہے لیکن اس مسئلہ کی موافق و مخالف آراء سے قطع نظر ایک غیر جانبدار منصف جب حضرت مسیح علیہ السلام کی پیدائش سے متعلق تمام آیات قرآنی کا مطالعہ کرے گا تو اس پر یہ حقیقت بخوبی آشکارا ہو جائے گی کہ قرآن حضرت مسیح علیہ السلام سے متعلق یہود کی تفریط اور نصاریٰ کی افراط دونوں کے خلاف اپنا وہ فرض منصبی ادا کرنا چاہتا ہے جس کے لیے قرآن کی دعوت حق کا ظہور ہوا ہے یہود اور نصاریٰ اس بارہ میں دو قطعاً مخالف اور متضاد سمتوں میں چلے گئے ہیں یہود کہتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام مفتری اور کاذب اور شعبدہ باز تھے اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ وہ خدا، خدا کے بیٹے یا ثالث ثلثہ تھے ان حالات میں قرآن نے ان اوہام و ظنون کے خلاف علم و یقین کی راہ دکھاتے ہوئے دونوں کے خلاف یہ فیصلہ دیا کہ راہ حق افراط و تفریط کے درمیان ہے اور صراط مستقیم کی یہی سب سے بڑی شناخت ہے۔

وہ کہتا ہے واضح رہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام مفتری اور کاذب نہیں تھے بلکہ خدا کے سچے پیغمبر اور راہ حق کے داعی صادق تھے انہوں نے دعوت حق کی تصدیق کے لیے جو بعض عجیب باتیں کر دکھائیں وہ معجزات انبیاء کی فہرست میں شامل ہیں نہ کہ ساحروں اور شعبدہ بازوں کی اور یہ بھی صحیح ہے کہ ان کی پیدائش بغیر باپ کے ہوئی مگر اس سے یہ کیسے لازم آ سکتا ہے کہ وہ خدا یا خدا کے بیٹے ہو گئے کیا جو شخص پیدائش کا محتاج ہو اور پیدائش میں بھی ماں کے پیٹ کا محتاج اور جو شخص بشری لوازم کھانے پینے کا محتاج ہو وہ عبد اور بشر کے ماسواء خدا یا معبود ہو سکتا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں۔

یہاں اس حقیقت کو فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ نصاریٰ نے حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق الوہیت کا جو عقیدہ قائم کیا تھا اس کا بہت بڑا سہارا یہی واقعہ تھا جیسا کہ وفد نجران اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی باہمی گفتگو سے ظاہر ہوتا ہے۔

تو جبکہ قرآن نے یہود و نصاریٰ کے ان تمام باطل عقائد کی واضح الفاظ میں تردید کر کے جو انہوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق قائم کر لیے تھے اپنا فریضہ اصلاح انجام دیا یہ کیسے ممکن تھا کہ اگر بن باپ کے پیدائش کا واقعہ باطل اور غیر واقعی تھا اور جو سہارا بن رہا تھا الوہیت مسیح علیہ السلام کا، اس کے متعلق واضح طور سے قرآن تردید نہ کرتا بلکہ اس کے برعکس وہ جگہ جگہ اس واقعہ کو ٹھیک اس طرح بیان کرتا جاتا جیسا کہ متی کی انجیل میں بیان کیا گیا ہے اس کا فرض تھا کہ سب سے پہلے اسی پر ضرب کاری لگاتا اور صرف اس قدر کہہ کر کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا باپ فلاں شخص تھا اس ساری عمارت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا جس پر الوہیت مسیح علیہ السلام کی بنیاد رکھی گئی ہے مگر اس نے یہ طریقہ اختیار نہیں کیا بلکہ یہ کہا کہ یہ بات کسی طرح بھی مسیح علیہ السلام کی الوہیت کی دلیل نہیں بن سکتی، کیوں؟ اس لیے کہ

﴿اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۝﴾ (آل عمران: ۵۹)

پس اگر بن باپ کی پیدائش مسیح علیہ السلام کو درجہ الوہیت دے سکتی ہے تو آدم علیہ السلام کو اس سے زیادہ الوہیت کا حق حاصل ہے کہ وہ بن ماں باپ کے پیدا ہوئے ہے۔

بہرحال جن تاویل پرستوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کی بن باپ پیدائش سے متعلق آیات کے جملوں کو جدا جدا کر کے احتمالات پیدا کیے ہیں وہ اس لیے باطل ہیں کہ جب اس واقعہ سے متعلق آیات کو یکجا کر کے مطالعہ کیا جائے تو ایک لمحہ کے لیے

آیات کے معانی میں بن باپ پیدائش کے معنی کے ماسوادوسرے کسی بھی احتمال کی گنجائش باقی نہیں رہتی مگر یہ کہ عربی زبان کے الفاظ کے معین مدلولات واطلاقات میں تحریف معنوی پر بیجا جسارت کی جائے۔

نیز بقول مولانا ابوالکلام جن اصحاب نے بغیر باپ کے پیدائش سے متعلق آیات میں تاویل باطل کی ہے ان کی دلیل کا مدار صرف اس بات پر ہے کہ حضرت مریم علیہا السلام کا نکاح اگرچہ یوسف سے ہو چکا تھا مگر رخصتی عمل میں نہیں آئی تھی ایسی صورت میں میاں بیوی کے درمیان مقاربت گو شریعت موسوی کے خلاف نہیں تھی تاہم وقت کے رسم ورواج کے قطعاً خلاف تھی اس لیے حضرت مسیح علیہ السلام کی پیدائش لوگوں پر گراں گزری لیکن اول تو اس واقعہ کا ثبوت ہی موجود نہیں سب بے سند بات ہے دوسرے یہودیوں نے حضرت مریم علیہا السلام پر جو بہتان لگایا تھا "انسائیکلوپیڈیا آف بائیبل" میں تصریح ہے کہ اس بہتان کی نسبت ایک شخص پینتھر اٹالی کی جانب کی تھی نہ کہ یوسف نجار کی جانب اس لیے تاویل کی یہ بنیاد ہی از سرتا پا غلط اور بے اصل ہے۔ [1]

علاوہ ازیں جہاں تک اس مسئلہ کا عقلی پہلو ہے سو عقل بھی اس کے امکان کو ممنوع اور محال قرار نہیں دیتی بلکہ اس کو ممکن الوقوع تسلیم کرتی ہے کیا سائنس کی موجودہ دنیا سے آشنا حضرات اس حقیقت سے ناواقف ہیں کہ آج جبکہ سائنس کی جدید تحقیق نے نظریوں سے آگے قدم بڑھا کر مشاہدہ اور تجربہ سے یہ ثابت کر دیا کہ دوسرے حیوانات کی طرح انسان کی خلقت و پیدائش بھی بیضہ سے ہوتی ہے اور اس کو اصطلاح میں خلیہ [2] تخم کہتے ہیں یہ خلیہ مرد اور عورت دونوں میں ہوتا ہے اور حمل قرار پا جانے کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ مرد کے خلیات تخم عورت کے بیضہ میں داخل ہو جاتے ہیں یہی خلیہ زندگی اور حیات کا تخم ہے اور قدرت حق نے اس کو بہت باریک جثہ عطا فرمایا [3] ہے تو اس تحقیق نے امریکہ اور انگلینڈ کے سائنسدانوں کو اس جانب متوجہ کر دیا ہے کہ کیوں وہ ایک ایسی کوشش نہ کریں کہ بغیر مرد کی مقاربت کے جنس رجال کے خلیات تخم کو آلات کے ذریعہ جنس اناث کے مبیض میں داخل کر کے "وجود انسانی" حاصل کرنے میں کامیاب ہوں۔ سائنس والوں کا یہ تخیل ابھی عملی حیثیت سے کتنا ہی دور ہو لیکن اس سے یہ نتیجہ ضرور پیدا ہوتا ہے کہ عقل یہ ممکن سمجھتی ہے کہ انسانی پیدائش آنکھوں دیکھے عام طریق ولادت کے علاوہ بعض دوسرے طریقوں سے بھی ہو سکتی ہے اور ان کو قانون قدرت کے خلاف اس لیے نہیں کہا جا سکتا کہ ہم نے قدرت کے تمام قوانین کا احاطہ نہیں کر لیا ہے بلکہ انسان جس قدر علم و دانش کی جانب بڑھتا جاتا ہے اس کے سامنے قدرت حق کے قانون کے نئے نئے گوشے کھلتے جاتے ہیں۔

پس اگر یہ صحیح ہے کہ جو بات کل ناممکن نظر آتی تھی آج وہ ممکن کہی جا رہی ہے اور جلد یا بدیر اس کے وقوع پر یقین کیا جا رہا ہے تو نہیں معلوم پھر اس قانون قدرت سے انکار کر دینے کے کیا معنی ہیں جس کا علم اگرچہ ابھی تک ہم کو حاصل نہیں ہے مگر انبیاء ورسل جیسی قدسی صفات ہستیوں پر اس علم کی حقیقت آشکارا ہے تو کیا علمی دلیل کا یہ بھی کوئی پہلو ہے کہ جس بات کا ہم کو علم نہ ہو اور عقل اس کو ناممکن اور محال نہ ثابت کرتی ہو اس کا انکار صرف "عدم علم" کی وجہ سے کر دیا جائے خصوصاً جب یہ انکار ایک مدعی مسیحیت و نبوت کی جانب سے ہو تو اس کے لیے تو یہی کہا جا سکتا ہے۔

اب ان "آیات بینات" کو قرآن حکیم سے سنئے اور موعظت و عبرت کے حصول کا سروسامان کیجئے کہ ماضی کے ان واقعات کی تذکیر سے قرآن کا یہی عظیم مقصد ہے۔

---

[1] ترجمان القرآن ج ۲ [2] خلیہ کو انگریزی میں (Catl) کہتے ہیں۔ [3] اس کا قطر انچ کا 1/500 ہوتا ہے۔

﴿وَ يُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۝ وَ رَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ وَ اُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَ مَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ لِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۟ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝﴾ (آل عمران: ۴۸۔۵۱)

"اور خدا سکھاتا ہے اس (عیسیٰ) کو کتاب، حکمت، توراۃ اور انجیل، اور وہ رسول ہے بنی اسرائیل کی جانب (وہ کہتا ہے) کہ بیشک میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی جانب سے "نشان" لے کر آیا ہوں، وہ یہ کہ میں تمہارے لیے مٹی سے پرند کی شکل بناتا پھر اس میں پھونک دیتا ہوں اور وہ خدا کے حکم سے زندہ پرند بن جاتا ہے اور پیدائشی اندھے کو سوانکھا کر دیتا اور سفید داغ کے جذام کو اچھا کر دیتا ہوں، اور خدا کے حکم سے مردہ کو زندہ کر دیتا ہوں اور تم کو بتا دیتا ہوں جو تم کھا کر آتے ہو اور جو تم گھر میں ذخیرہ رکھ آتے ہو سو اگر تم حقیقی ایمان رکھتے ہو تو بلاشبہ ان امور میں (میری صداقت اور منجانب اللہ ہونے کے لیے) "نشان" ہے اور میں تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں جو میرے سامنے ہے اور (اس لیے بھیجا گیا ہوں) تاکہ بعض ان چیزوں کو جو تم پر حرام ہو گئی ہیں تمہارے لیے حلال کر دوں تمہارے لیے پروردگار ہی کے پاس سے "نشان" لایا ہوں "پس تم اللہ سے ڈرو" اور (اس کے دیے ہوئے احکام میں) میری اطاعت کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے سو اس کی عبادت کرو یہی سیدھی راہ ہے۔"

﴿وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِيْ وَ تُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ﴾ (المائدہ: ۱۱۰)

"اور (اے عیسیٰ ابن مریم! تو میری اس نعمت کو یاد کر) جبکہ تو میرے حکم سے گارے سے پرند کی شکل بنا دیتا اور پھر اس میں پھونک دیتا تھا اور وہ میرے حکم سے زندہ پرند بن جاتا تھا اور جبکہ تو میرے حکم سے پیدائشی اندھے کو سوانکھا اور سفید داغ کے کوڑھ کو اچھا کر دیتا تھا اور جبکہ تو میرے حکم سے مردہ کو زندہ کر کے قبر سے نکالتا تھا۔"

﴿فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝﴾ (الصف: ۶)

"پھر جب وہ (عیسیٰ علیہ السلام) ان کے پاس کھلے نشان لے کر آیا تو انہوں نے (بنی اسرائیل نے) کہا "یہ تو کھلا ہوا جادو ہے۔"

انبیاء علیہم السلام نے جب کبھی بھی قوموں کے سامنے آیات اللہ کا مظاہرہ کیا ہے تو منکروں نے ہمیشہ ان کے متعلق ایک بات ضرور کہی ہے "یہ تو کھلا ہوا جادو ہے۔" پس کیا ایک جویائے حق اور غیر متعصب انسان کے لیے یہ جواب اس جانب رہنمائی نہیں کرتا کہ

انبیاء علیہم السلام کے اس قسم کے مظاہرے ضرور عام قوانین قدرت سے جدا ایسے علم کے ذریعہ ظہور پذیر ہوتے تھے جو صرف ان قدسی صفات ہستیوں کے لیے ہی مخصوص رہا ہے اور ان کے علاوہ انسانی دنیا اس کے فہم حقیقت سے بہرہ مند نہیں ہوئی تب ہی ان لوگوں کے پاس جو از راہ عناد و ضد انکار پر تلے ہوئے تھے، اس کے انکار کے لیے اس سے بہتر دوسری تعبیر نہیں تھی کہ وہ ان امور کو "سحر و جادو" کہہ دیں۔ لہٰذا ان امور کو سحر و جادو کہنا بھی ان کے "معجزہ" اور "نشانِ خداوندی" ہونے کی زبردست دلیل ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی تعلیمات کا خلاصہ:

بہر حال حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو حجت و برہان اور آیات اللہ کے ذریعہ دین حق کی تعلیم دیتے رہتے اور ان کے بھولے ہوئے سبق کو یاد دلا کر مردہ قلوب میں حیات تازہ بخشتے رہتے تھے۔

خدا اور خدا کی توحید پر ایمان، انبیاء و رسل علیہم السلام کی تصدیق، آخرت (معاد) پر ایمان، ملائکۃ اللہ پر ایمان، قضاء و قدر پر ایمان، خدا کے رسولوں اور کتابوں پر ایمان، اخلاق حسنہ کے اختیار اعمال سیئہ سے پرہیز و اجتناب، عبادت الٰہی سے رغبت، دنیا میں انہماک سے نفرت اور خدا کے کنبہ (مخلوق خدا) سے محبت و مودت یہی وہ تعلیم و تلقین تھی جو ان کی زندگی کا مشغلہ اور فرض منصبی بنا ہوا تھا وہ بنی اسرائیل کو توراۃ، انجیل، اور حکیمانہ پند و نصائح کے ذریعہ ان امور کی جانب دعوت دیتے مگر بد بخت یہود اپنی فطرت کج، صدیوں کی مسلسل سرکشی اور تعلیم الٰہی سے بغاوت کی بدولت اس درجہ متشدد ہو گئے تھے اور انبیاء و رسل کے قتل نے ان کے قلوب کو حق و صداقت کے قبول میں اس درجہ سخت بنا دیا تھا کہ ایک مختصر سی جماعت کے علاوہ ان کی جماعت کی بڑی اکثریت نے ان کی مخالفت اور ان کے ساتھ حسد و بغض کو اپنا شعار اور اپنی جماعتی زندگی کا معیار بنا لیا اور اس لیے انبیاء کی سنت راشدہ کے مطابق رشد و ہدایت کے حلقہ بگوشوں میں دنیوی جاہ و جلال کے لحاظ سے کمزور و ناتواں اور زیر دست پیشہ ور طبقہ کی اکثریت نظر آتی تھی، ضعفاء کا یہ طبقہ اگر اخلاص و دیانت کے ساتھ حق کی آواز پر لبیک کہتا تو بنی اسرائیل کا وہ سرکش و مغرور حلقہ ان پر اور خدا کے پیغمبر پر پھبتیاں کستا، توہین و تذلیل کا مظاہرہ کرتا اور اپنی عملی جدوجہد کا بڑا حصہ معاندت و مخالفت میں صرف کرتا رہتا تھا۔

﴿وَ لَمَّا جَآءَ عِیْسٰی بِالْبَیِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَ لِاُبَیِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِیْ تَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَیْنِهِمْ ۚ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿۶۵﴾﴾ (الزخرف: ۶۳۔۶۵)

"اور جب عیسیٰ علیہ السلام ظاہر دلائل لے کر آئے تو کہا: "بلاشبہ میں تمہارے پاس "حکمت" لے کر آیا ہوں اور اس لیے آیا ہوں تاکہ ان بعض باتوں کو واضح کر دوں جن کے متعلق تم آپس میں جھگڑ رہے ہو، پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو، بیشک اللہ تعالیٰ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے سو اس کی پرستش کرو یہی سیدھی راہ ہے" پھر وہ آپس میں گروہ بندی کرنے لگے، سو ان لوگوں کے لیے دردناک عذاب کے ذریعہ ہلاکت اور خرابی ہے۔"

﴿وَ اِذْ قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ

التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝﴾ (الصف: ٦)

"اور (وہ وقت یاد کرو) جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا: اے بنی اسرائیل! بلاشبہ میں تمہاری جانب اللہ کا پیغمبر ہوں، تصدیق کرنے والا ہوں توراۃ کی جو میرے سامنے ہے اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا نام اس کا احمد ہے، پس جب (عیسیٰ علیہ السلام) آیا ان کے پاس معجزات لے کر تو وہ (بنی اسرائیل) کہنے لگے، یہ تو کھلا ہوا جادو ہے۔"

﴿فَلَمَّاۤ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا بِمَاۤ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝﴾ (آل عمران: ۵۲-۵۳)

"پھر جب عیسیٰ (علیہ السلام) نے ان (بنی اسرائیل) سے کفر محسوس کیا تو کہا "اللہ کی جانب میرا کون مددگار ہے" حواریوں نے جواب دیا: "ہم ہیں اللہ کے (دین کے) مددگار۔ ہم اللہ پر ایمان لے آئے اور تم گواہ رہنا کہ ہم مسلمان ہیں، اے ہمارے پروردگار جو تو نے اتارا ہے ہم اس پر ایمان لے آئے اور ہم نے رسول کی پیروی اختیار کر لی پس تو ہم کو (دین حق کی) گواہی دینے والوں میں سے لکھ لے۔"

حواری عیسیٰ علیہ السلام :

مگر عیسیٰ علیہ السلام معاندین ومخالفین کی دراندازیوں اور ہرزہ سرائیوں کے باوجود اپنے فرض منصبی "دعوۃ الی الحق" میں سرگرم عمل رہتے اور شب وروز بنی اسرائیل کی آبادیوں اور بستیوں میں پیغام حق سناتے اور روشن دلائل اور واضح آیات اللہ کے ذریعہ لوگوں کو قبول حق وصداقت پر آمادہ کرتے رہتے تھے اور خدا اور حکم خدا سے سرکش اور باغی انسانوں کی اس بھیڑ میں ایسی سعید روحیں بھی نکل آتی تھیں جو عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت حق پر لبیک کہتی اور سچائی کے ساتھ دین حق کو قبول کر لیتی تھیں، ان ہی پاک بندوں میں وہ مقدس ہستیاں بھی تھیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے شرف صحبت سے فیضیاب ہو کر نہ صرف۔ ایمان ہی لے آئی تھیں بلکہ دین حق کی سربلندی اور کامیابی کے لیے انہوں نے جان و مال کی بازی لگا کر خدمت دین کے لیے خود کو وقف کر دیا تھا اور اکثر و بیشتر حضرت مسیح علیہ السلام کے ساتھ رہ کر تبلیغ ودعوت کو سرانجام دیتی تھیں، اسی خصوصیت کی وجہ سے وہ "حواری" (رفیق) اور "انصار اللہ" (اللہ کے دین کے مددگار) کے مقدس القاب سے معزز وممتاز کی گئیں۔ چنانچہ ان بزرگ ہستیوں نے پیغمبر خدا کی حیات پاک کو اپنا اسوہ بنایا اور سخت سے سخت اور نازک سے نازک حالات میں بھی ان کا ساتھ نہیں چھوڑا اور ہر طرح معاون و مددگار ثابت ہوئیں۔

﴿وَ اِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَ بِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْۤا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝﴾ (المائدہ: ۱۱۱)

"اور (اے عیسیٰ وہ وقت یاد کرو) جبکہ میں نے حواریوں کی جانب (تیری معرفت) یہ وحی کی کہ مجھ پر اور میرے پیغمبر پر ایمان لاؤ تو انہوں نے جواب دیا "ہم ایمان لائے اور اے خدا! تو گواہ رہنا کہ ہم بلاشبہ مسلمان ہیں۔"

﴿ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ لِلْحَوَارِیّٖنَ مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآىِٕفَةٌ ۚ فَاَیَّدْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِیْنَ ۠﴾ (الصف: ١٤)

"اے ایمان والو! تم اللہ کے (دین کے) مددگار ہو جاؤ جیسا کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے جب حواریوں سے کہا: "اللہ کے راستہ میں کون میرا مددگار ہے"۔۔۔۔ تو حواریوں نے جواب دیا "ہم ہیں اللہ (کی راہ) کے مددگار پس بنی اسرائیل کی ایک جماعت ایمان لائی اور ایک گروہ نے کفر اختیار کیا سو ہم نے مومنوں کی ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں تائید کی پس وہ (مومن) غالب رہے۔"

گزشتہ سطور میں یہ واضح ہو چکا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے یہ حواری بیشتر غریب اور مزدور طبقہ میں سے تھے کیونکہ انبیاء علیہم السلام کی دعوت و تبلیغ کے ساتھ "سنت اللہ" یہی جاری رہی ہے کہ ان کی صدائے حق پر لبیک کہنے اور دین حق پر جان سپاری کا مظاہرہ کرنے کے لیے اول غریب اور کمزور طبقہ ہی آگے بڑھتا ہے اور زبردست ہی فداکاری کا ثبوت دیتے ہیں اور وقت کی صاحب اقتدار اور زبردست ہستیاں اپنے غرور اور گھمنڈ کے ساتھ مقابلہ اور معارضہ کے لیے سامنے آتی اور معاندانہ سرگرمیوں کے ساتھ اعلاء کلمۃ اللہ کی راہ میں سنگ گراں بن جاتی ہیں لیکن جب خدائے تعالیٰ کا قانون پاداش عمل اپنا کام کرتا ہے تو نتیجہ میں فلاح و کامرانی ان کمزور فدایانِ حق ہی کا حصہ ہو جاتا ہے اور متکبر و مغرور ہستیاں یا ہلاکت کے قعر مذلت میں جا گرتی ہیں اور یا مقہور و مغلوب ہو کر سرنگوں ہو جانے کے ماسوا کوئی چارۂ کار نہیں دیکھتیں۔

حواری عیسیٰ علیہ السلام اور قرآن و انجیل کا موازنہ:

قرآن عزیز نے عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی منقبت بیان کی ہے، سورۂ آل عمران کی آیات تمہارے سامنے ہیں، حضرت مسیح علیہ السلام جب دین حق کی نصرت و یاری کے لیے پکارتے ہیں تو سب سے پہلے جنہوں نے "نحن انصار اللہ" کا نعرہ بلند کیا وہ یہی پاک ہستیاں تھیں، سورۂ صف میں اللہ رب العالمین نے جب مسلمانوں کو مخاطب کر کے ﴿ كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ ﴾ کی ترغیب دی تو "تذکیر بایام اللہ" کے پیش نظر ان ہی مقدس ہستیوں کا ذکر کیا اور ان ہی کی مثال اور نظیر دے کر نصرت حق کے لیے برانگیختہ کیا اور سورۂ مائدہ میں ان کے قبول ایمان اور دعوت حق کے سامنے انقیاد و تسلیم کا جو نقشہ کھینچا ہے وہ بھی ان کے خلوص، حق طلبی اور حق کوشی کی زندہ جاوید تصویر ہے۔ یہ سب کچھ تو اس وقت کا حال ہے جب تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کے درمیان موجود ہیں لیکن آپ کے "رفع الی السماء" کے بعد بھی ان کی پر استقامت اور دین قویم کی فداکارانہ خدمت کے متعلق سورۂ صف کی آیت ۱۴ ﴿ فَاَیَّدْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِیْنَ ۠﴾ میں کافی اشارہ موجود ہے اور شاہ عبدالقادر (نور اللہ مرقدہ) نے اسی بناء پر آیت زیر بحث کی تفسیر کرتے ہوئے تاریخی شہادت کا اس طرح ذکر فرمایا ہے:

"حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد ان کے یاروں (حواریوں) نے بڑی محنتیں کی ہیں تب ان کا دین نشر ہوا، ہمارے حضرت کے پیچھے بھی حنفیوں نے اس سے زیادہ کیا۔"

مگر اس کے برعکس بائبل (انجیل) بعض مقامات میں اگر ان کی منقبت اور مدح سرائی میں رطب اللسان ہے تو دوسری جانب ان کو بزدل اور منافق ثابت کرتی ہے۔ انجیل یوحنا میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مشہور و معتمد علیہ حواری یہودا کے متعلق اس وقت کا حال جب حضرت یسوع علیہ السلام کو یہودی گرفتار کرنا چاہتے ہیں، اس طرح مذکور ہے:

"یہ باتیں کہہ کر یسوع اپنے دل میں گھبرایا اور یہ گواہی دی کہ میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں کہ تم میں سے ایک شخص مجھے پکڑا دے گا۔ شاگرد شبہ کر کے کہ وہ کس کی نسبت کہتا ہے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے..... ایک شخص جس سے یسوع محبت کرتا تھا..... اس نے یسوع کی چھاتی کا سہارا لے کر کہا اے خداوند وہ کون ہے؟ یسوع نے جواب دیا کہ جسے میں نوالہ ڈبو کر دے دوں گا وہی ہے، پھر اس نے نوالہ ڈبو دیا اور لے کر شمعون اسکریوتی کے بیٹے یہوداہ کو دے دیا اور اس نوالہ کے بعد شیطان اس میں سما گیا۔" [1]

اور انجیل متی میں اس شمعون پطرس حواری کے متعلق جو "بقول اناجیل ساری عمر حضرت یسوع کا پیارا اور معتمد علیہ رہا" یہ مسطور ہے:

"شمعون پطرس نے اس سے کہا، اے خداوند تو کہاں جاتا ہے، یسوع نے جواب دیا کہ جہاں میں جاتا ہوں اب تو میرے پیچھے نہیں آ سکتا مگر بعد میں میرے پیچھے آئے گا۔ پطرس نے اس سے کہا اے خداوند میں اب تیرے پیچھے کیوں نہیں آ سکتا، میں تو تیرے لیے اپنی جان دوں گا، یسوع نے جواب دیا، کیا تو میرے لیے اپنی جان دے گا؟ میں تجھ سے سچ سچ کہتا ہوں کہ مرغ بانگ نہ دے گا جب تک کہ تو تین بار میرا انکار نہ کرے گا۔" [2]

اور اسی متی کی انجیل میں تمام شاگردوں (حواریوں) کی بزدلی اور حضرت یسوع کو بے یار و مددگار چھوڑ کر فرار ہو جانے کا اس طرح ذکر کیا گیا ہے:

"اس پر سارے شاگرد اسے چھوڑ کر بھاگ گئے۔" [3]

ان حوالجات سے تین ایسی باتیں ثابت ہوتی ہیں جن کو کسی طرح بھی عقل و نقل تسلیم کرنے کو تیار نہیں اوّل یہ کہ جو شاگرد اور حواری حضرت یسوع کے زیادہ قریب، ان کے معتمد علیہ اور ان کی نگاہوں میں محبوب تھے وہ نتیجہ میں نہ صرف بزدل بلکہ "منافق نکلے مگر عقل و نقل کا فیصلہ یہ ہے کہ اگرچہ ہر ایک پیغمبر اور مصلح کی جماعت میں ایک چھوٹا سا گروہ منافقین کا عموماً ہوتا ہے جو اپنی دنیوی اغراض کی خاطر بہ کراہت قلب ظاہر داری کے طور پر شریک جماعت ہونا مفید سمجھتا ہے مگر ایک مصلح اور پیغمبر کے درمیان ہمیشہ سے یہ فرق رہا ہے کہ مصلح خواہ اپنی جماعت کے منافقین سے پوری طرح آگاہ نہ ہو سکے لیکن نبی اور پیغمبر کو "وحی الٰہی" کے ذریعہ شروع ہی سے مخلص اور منافق کی اطلاع دے دی جاتی ہے تاکہ ایک منکر و کافر سے زیادہ جس گروہ سے جماعت حق اور اس کی دعوت و اصلاح کو ضرر پہنچ سکتا ہے، نبی اس کے حالات سے غافل نہ رہے۔ پس اسی پر کوئی منافق کسی وقت اور کسی حالت میں بھی نبی اور پیغمبر کا محبوب معتمد علیہ اور مقرب نہیں ہو سکتا، البتہ یہ ایک جدا امر ہے کہ نبی دین حق کی صالح کی وجہ سے اس کے ساتھ اعراض اور درگذر کا طریق عمل مناسب سمجھے جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنے ایک صحابی کے اس سوال پر کہ "جب آپ منافقین کے حالات منافقت سے آگاہ ہیں تو ان کا مقابلہ کر کے کیوں ان کو کیفر کردار تک نہیں پہنچا دیتے تاکہ جماعت مسلمین کو ان کی منافقت سے نجات ملے" یہ جواب د[یا]

[1] باب ۱۳ آیات ۲۱۔۲۷ [2] متی باب ۲۷ آیات ۴۶ [3] باب ۲۶ آیات ۵۶

"اس لیے کہ ان کے قبول ایمان کی ظاہر داری کے بعد ہمارے سخت گیر طریقہ کے متعلق غیر مسلموں کو یہ دھوکا نہ ہو کہ وہ کہہ اٹھیں "محمد ﷺ، اپنے ساتھیوں کو بھی قتل کرنے سے نہیں چوکتے۔"

دوسری بات یہ ثابت ہوتی ہے کہ یہوداہ کے اندر شیطان نے اس وقت حلول کیا جب حضرت یسوع نے اپنے ہاتھ سے اس کو نوالہ ڈبو کر دیا، مگر یہ بات بھی اس لیے عقل و نقل کے خلاف ہے کہ بزرگوں اور مقدس انسانوں کے ہاتھوں سے جو کچھ ہوتا ہے اس کا اثر برکت، طہارت اور تقدیس تو ہوا کرتا ہے لیکن شیطان کا حلول اور بدی کا نفوذ نہیں ہوا کرتا، بیشک یہ درست ہے کہ جب حق کا ترازو قائم ہوتا ہے تو اس سے کھرا اور کھوٹا دونوں کی حقیقت کا انکشاف ہو جایا کرتا ہے لیکن یہ کبھی نہیں ہوتا کہ اس پیمانہ کے مس کرنے سے کسی کھرے میں کھوٹ پیدا ہو جائے اور انجیل کے اس بیان میں صورت حال پہلی نہیں بلکہ دوسری ہے۔

تیسری بات یہ کہ حضرت یسوع کے تمام ان حواریوں میں سے "جن کی مدح و ستائش میں جگہ جگہ بائبل رطب اللسان ہے" ایک، دو، یا دس پانچ نہیں سب کے سب نہایت بزدلی اور غداری کے ساتھ اس وقت حضرت مسیح علیہ السلام سے کنارہ کش ہو گئے، جب دین حق کی حمایت و نصرت کے لیے سب سے زیادہ ان کی ضرورت تھی اور جب کہ پیغمبر خدا علیہ السلام دشمنوں کے نرغہ میں پھنسے ہوئے تھے۔

مگر انجیل کی اس شہادت کے خلاف سورۂ آل عمران میں قرآن عزیز نے یہ شہادت دی ہے کہ اس نازک وقت میں جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں کو دین حق کی نصرت و یاری کے لیے پکارا تو سب نے اولوالعزمی اور فداکارانہ جذبہ کے ساتھ یہ جواب دیا: "نحن انصار اللہ" اور پھر حضرت مسیح علیہ السلام کے سامنے اپنی استقامت دین اور اپنے مخلصانہ ایمان کے متعلق شہادت دے کر نصرت کا پورا پورا یقین دلایا اور پھر سورۂ صف میں قرآن عزیز نے یہ بھی ظاہر کیا کہ ان حواریوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے جو کچھ کہا تھا ان کی موجودگی میں اور ان کے بعد سچی وفاداری کے ساتھ نباہا اور بلاشبہ مومنین صادقین ثابت ہوئے اور اس لیے اللہ تعالیٰ نے بھی ان کی مدد فرمائی اور ان کو دشمنان حق کے مقابلہ میں کامیاب کیا۔

انجیل اور قرآن کے اس موازنہ کو دیکھ کر ایک انصاف پسند یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس معاملہ میں "حق" قرآن کے ساتھ ہے اور علماء نصاریٰ نے انجیل میں تحریف کر کے اس قسم کے گھڑے ہوئے واقعات کا اضافہ اس لیے کیا ہے تاکہ صدیوں بعد کے خود ساختہ عقیدہ "عقیدۂ "صلیب مسیح" سے متعلق یہ داستان صحیح ترتیب پر قائم ہو سکے کہ جب مسیح علیہ السلام کو صلیب پر لٹکایا گیا تو انہوں نے یہ کہتے کہتے جان دے دی:

"ایلی ایلی لماسبقتنی۔" "اے خدا اے خدا! تو نے مجھے کیوں یکہ و تنہا چھوڑ دیا"

اور کسی ایک شخص نے بھی مسیح علیہ السلام کا ساتھ نہ دیا...... بہرحال حواریوں سے متعلق بائبل کی یہ تصریحات محرف اور خود ساختہ داستان سرائی سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔

نزول مائدہ :

مخلص اور فداکار حواریوں کی جماعت اگرچہ صادق الایمان اور راسخ الاعتقاد تھی مگر علمی و مجلسی تکلفات گفت و شنید کے لحاظ سے سادہ لوح اور ضروریات زندگی کے سروسامان کے اعتبار سے غرباء اور ضعفاء کی جماعت تھی اس لیے انہوں نے از راہ سادگی سادہ

دلی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے یہ درخواست کی کہ جس خدائے برتر میں یہ لامحدود طاقت ہے کہ اس کا ایک نمونہ آپ کی ذات اقدس اور وہ نشان (معجزات) ہیں خدائے تعالیٰ نے جن کو آپ کی تصدیق نبوت و رسالت کے لیے آپ کے ہاتھ پر ظاہر فرمایا اس خدا میں یہ طاقت بھی ضرور ہوگی کہ وہ ہمارے لیے غیب سے ایک دستر خوان نازل کر دیا کرے تا کہ ہم روزی کمانے کی فکر سے آزاد ہو کر باطمینان قلب یادِ خدا اور دین حق کی دعوت و تبلیغ میں مصروف رہا کریں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یہ سن کر ان کو نصیحت فرمائی کہ اگرچہ خدا کی طاقت بے غایت اور بے نہایت ہے لیکن کسی سچے بندہ کے لیے یہ زیبا نہیں کہ وہ اس طرح خدا کو آزمائے، پس خدا سے ڈرو اور ایسے خیالات سے بچو، یہ سن کر حواریوں نے جواب دیا "ہم اور خدا کو آزمائیں، حاشا ہمارا تو یہ مقصد نہیں، ہمارا تو یہ مطلب ہے کہ رزق کی جدوجہد سے دل کو مطمئن کر کے خدا کے اس عطیہ کو زندگی کا سہارا بنالیں اور آپ کی تصدیق میں ہم کو حق الیقین کا اعتقاد راسخ حاصل ہو جائے اور ہم اس کی خدائی پر کائنات انسانی کے لیے شاہد عدل بن جائیں۔"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جب ان کا بڑھتا ہوا اصرار دیکھا تو بارگاہِ الٰہی میں دعا کی "اے خدا! تو ان کے سوال کو پورا کر اور آسمان سے ایسا مائدہ (دستر خوان نعمت) نازل فرما کہ وہ ہمارے لیے تیرے غضب کا مظہر ثابت نہ ہو بلکہ ہمارے اوّل و آخر سب کے لیے خوشی کی یادگار (عید) بن جائے اور تیرا "نشان" کہلائے اور اس ذریعہ سے ہم کو اپنے غیبی رزق سے شادکام کرے کیونکہ تو ہی بہتر رزق رساں ہے" اس دعا کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی: عیسیٰ تمہاری دعاء قبول ہے، میں اس کو ضرور نازل کروں گا لیکن یہ واضح رہے کہ اس کھلی نشانی نازل ہونے کے بعد اگر ان میں سے کسی نے بھی خدا کے حکم کی خلاف ورزی کی تو پھر ان کو عذاب بھی ایسا ہولناک دوں گا جو کائنات کے کسی انسان کو نہیں دیا جائے گا۔ قرآن عزیز نے نزول مائدہ کے واقعہ کا اس معجزانہ اسلوب بیان کے ساتھ ذکر کیا ہے:

﴿ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ تَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَ نَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَ نَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَ اٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَ ارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْۤ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّاۤ اُعَذِّبُهٗۤ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ﴾

(المائدہ: ۱۱۲۔۱۱۵)

"اور (دیکھو) جب ایسا ہوا تھا کہ حواریوں نے کہا تھا "اے عیسیٰ بن مریم! کیا تمہارا پروردگار ایسا کر سکتا ہے کہ آسمان سے ہم پر ایک خوان اتار دے؟" (یعنی ہماری غذا کے لیے آسمان سے غیبی سامان کر دے) عیسیٰ علیہ السلام نے کہا خدا سے ڈرو (اور ایسی فرمائشیں نہ کرو) اگر تم ایمان رکھتے ہو، انہوں نے کہا (مقصود اس سے قدرت الٰہی کا امتحان نہیں ہے بلکہ) ہم چاہتے ہیں (ہمیں غذا میسر آئے تو) اس میں سے کھائیں اور ہمارے دل آرام پائیں اور ہم جان لیں کہ تو نے ہمیں سچ بتایا تھا اور اس پر ہم گواہ ہو جائیں۔ اس پر عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے دعا کی "اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان

سے ایک خوان بھیج دے کہ اس کا آنا ہمارے لیے اور ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لیے عید قرار پائے اور تیری طرف سے (فضل وکرم کی) ایک نشانی ہو۔ ہمیں روزی دے تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے" اللہ نے فرمایا: "میں تمہارے لیے خوان بھیجوں گا، لیکن جو شخص اس کے بعد بھی (راہ حق سے) انکار کرے گا تو میں اسے (پاداش عمل میں) عذاب دوں گا، ایسا عذاب کہ تمام دنیا میں کسی آدمی کو بھی ویسا عذاب نہیں دیا جائے گا۔"

یہ مائدہ نازل ہوا یا نہیں؟ قرآن عزیز نے اس کے متعلق کوئی تفصیل نہیں بیان کی اور نہ کسی مرفوع حدیث میں اس کا کوئی تذکرہ پایا جاتا ہے، البتہ آثار صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم میں ضرور تفصیلات مذکور ہیں:

مجاہد اور حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مائدہ کا نزول نہیں ہوا، اس لیے کہ خدائے تعالیٰ نے اس کے نزول کو جس شرط کے ساتھ مشروط کر دیا مطلب کرنے والوں نے یہ محسوس کرتے ہوئے کہ انسان ضعیف البنیان اور کمزوریوں کا مجسمہ ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی لغزش یا معمولی خلاف ورزی کی بدولت اس دردناک عذاب کے سزاوار ٹھہریں اپنے سوال کو واپس لے لیا، علاوہ ازیں اگر مائدہ کا نزول ہوا ہوتا تو وہ ایسا نشانِ الٰہی (معجزہ) تھا کہ نصاریٰ اس پر جس قدر بھی فخر کرتے وہ کم تھا اور ان کے یہاں اس کی جس قدر بھی شہرت ہوتی وہ بے جا نہ ہوتی تاہم ان کے یہاں اس نزول مائدہ کا اس طرح کوئی تذکرہ نہیں پایا جاتا۔ [1]

اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ یہ واقعہ پیش آیا اور مائدہ کا نزول ہوا جمہور کا رجحان اسی جانب ہے البتہ اس کے نزول کی تفصیلات میں مختلف اقوال پائے جاتے ہیں مثلاً صرف ایک دن نازل ہوا یا چالیس روز تک نازل ہوتا رہا؟ اور پھر اترنا بند ہو گیا تو کیوں؟ اور صرف یہی ہوا کہ نازل نہ ہوا یا جن لوگوں کی خلاف ورزی کی وجہ سے بند ہوا ان پر سخت قسم کا عذاب بھی آ پہنچا؟ جو نقول یہ کہتی ہیں کہ مائدہ کا نزول صرف ایک دن نہیں بلکہ چالیس دن تک برابر جاری رہا وہ بند ہو جانے کا سبب یہ بیان کرتی ہیں کہ نزول مائدہ پر حکم یہ ہوا کہ اس کو فقیر مسکین اور مریض ہی کھائیں تونگر اور بھلے چنگے نہ کھائیں مگر چند روز تعمیل کے بعد لوگوں نے آہستہ آہستہ اس کی خلاف ورزی شروع کر دی یا یہ حکم ملا تھا کہ اس کو کھائیں سب مگر اگلے روز کے لیے ذخیرہ نہ کریں مگر کچھ عرصہ کے بعد اس کی خلاف ورزی ہونے لگی اور نتیجہ یہ نکلا کہ نہ صرف مائدہ کا نزول ہی بند ہو گیا بلکہ خلاف ورزی کرنے والے خنزیر اور بندر کی شکل میں مسخ کر دیے گئے۔ [2]

بہرحال ان آثار میں جو قدر مشترک ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی تو مشیت باری کا یہ حکم ہوا کہ مائدہ طیار ہو چنانچہ لوگوں کی آنکھوں دیکھتے خدا کے فرشتے فضاء آسمانی سے اس کو لے کر اترے ادھر فرشتے آہستہ آہستہ اس کو لیے ہوئے اتر رہے تھے اور ادھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام انتہائی خشوع وخضوع کے ساتھ درگاہ الٰہی میں دست بدعا تھے کہ مائدہ آ پہنچا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اوّل دو رکعت نماز شکر ادا کی اور پھر مائدہ (خوان) کو کھولا تو اس میں تلی ہوئی مچھلیاں اور تر و تازہ پھل اور روٹیاں موجود پائیں اور خوان کھولتے ہی ایسی نفیس خوشبو نکلی کہ اس کی مہک نے سب کو مست کر دیا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام

---

[1] تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۱۱۶ مگر یوحنا کی انجیل باب ۶ میں تو یہ اشارہ پایا جاتا ہے کہ یہ واقعہ "عید فصح" کے موقع پر پیش آیا۔

[2] نزول مائدہ کا سوال اگرچہ کیا تھا حواریوں نے مگر کیا تھا سب کی جانب سے اس لئے یہ واضح رہے کہ جن نقول میں خلاف ورزی اور اس سے متعلق کا ذکر ہے اس کا اشارہ حواریوں میں سے کسی کی جانب مطلق نہیں ہے کیونکہ یہ بات نصوص قرآنی کے خلاف ہے۔

نے لوگوں کو حکم دیا کہ وہ کھائیں مگر لوگوں نے اصرار کیا کہ ابتدا آپ کریں، آپ نے ارشاد فرمایا یہ میرے لیے نہیں ہے، تمہاری طلب پر نازل ہوا ہے، یہ سن کر سب گھبرائے کہ نہ معلوم اس کا نتیجہ کیا ہو کہ خدا کا رسول تو نہ کھائے اور ہم کھائیں، آپ نے یہ دیکھ کر ارشاد فرمایا "اچھا فقراء، مساکین، معذورین اور مریضوں کو بلاؤ، یہ ان کا حق ہے تب ہزار ہا بندگانِ خدا نے شکم سیر ہو کر کھایا مگر مائدہ کی مقدار میں کوئی فرق نہیں آیا۔ ❶

اس مسئلہ میں حضرت شاہ عبدالقادر (نور اللہ مرقدہ) مجاہد اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے ہم نوا معلوم ہوتے ہیں اور نزول مائدہ سے متعلق ان دونوں جماعتوں سے الگ ایک اور لطیف بات ارشاد فرماتے ہیں۔ موضح القرآن میں ہے:

﴿هَلْ يَسْتَطِيعُ﴾ "ہو سکے" یہ معنی کہ ہمارے واسطے تمہاری دعا سے اس قدر خرق عادت کرے یا نہ کرے فرمایا ﴿اتَّقُوا اللَّهَ﴾ "ڈرو اللہ سے" یعنی بندہ کو چاہیے کہ اللہ کو نہ آزمائے کہ میرا کہا مانتا ہے یا نہیں اگرچہ خداوند! (آقا و مالک) بہتیری مہربانی کرے ﴿وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ﴾ یعنی برکت کی امید پر مانگتے ہیں اور (تاکہ) معجزہ ہمیشہ مشہور رہے۔ آزمانے کو نہیں کہتے ہیں۔ وہ خوان اترا ایک شنبہ کو وہ نصاریٰ کی عید ہے جیسے ہم کو روز جمعہ۔ بعض کہتے ہیں وہ خوان اترا چالیس روز تک اور پھر بعض نے ناشکری کی یعنی حکم ہوا تھا کہ فقراء اور مریض کھائیں نہ محظوظ (تو انگر) اور چنگے پھر قریب اسی آدمی سوار اور بندر ہو گئے (مگر) یہ عذاب پہلے یہود میں ہوا تھا پیچھے کسی کو نہیں ہوا۔" ❷

اور بعضے کہتے ہیں (مائدہ) نہ اترا، تہدید سن کر مانگنے والے ڈر گئے نہ مانگا، لیکن پیغمبر کی دعا عبث نہیں اور اس کلام (قرآن) میں نقل کرنا بے حکمت نہیں، شاید اس دعا کا اثر یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی امت (نصاریٰ) میں آسودگی مال سے ہمیشہ رہی اور جو کوئی ان میں ناشکری کرے تو شاید آخرت میں سب سے زیادہ عذاب پائے۔ اس میں مسلمان کو عبرت ہے کہ اپنا مدعا خرق عادت کی راہ سے نہ چاہے پھر اس کی شکر گزاری بہت مشکل ہے، اسباب ظاہری پر قناعت کرے تو بہتر ہے۔ اس قصہ میں بھی ثابت ہوا کہ حق تعالیٰ کے آگے حمایت پیش نہیں جاتی۔ ❸

اس سلسلہ میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے موعظت و بصیرت سے متعلق بہت خوب بات ارشاد فرمائی ہے:

"عیسیٰ علیہ السلام سے ان کی قوم نے نزول مائدہ کی درخواست کی تو اللہ تعالیٰ کی جانب سے جواب ملا "تمہاری درخواست اس شرط کے ساتھ منظور کی جاتی ہے کہ نہ اس میں خیانت کرنا نہ اس کو چھپائے رکھنا اور نہ اس کو ذخیرہ کرنا ورنہ یہ بند کر دیا جائے گا اور تم کو ایسا عبرت ناک عذاب دوں گا جو کسی کو نہ دیا جائے گا۔"

اے معشر عرب! تم اپنی حالت پر غور کرو کہ اونٹوں اور بکریوں کی دم پکڑ کر جنگلوں میں چراتے پھرتے تھے، پھر خدائے تعالیٰ نے اپنی رحمت سے تمہارے درمیان ہی سے ایک برگزیدہ رسول مبعوث فرمایا جس کے حسب و نسب سے تم اچھی طرح واقف ہو، اس نے تم کو یہ خبر دی کہ عنقریب تم عجم پر غالب آ جاؤ گے اور اس پر چھا جاؤ گے۔ اور اس نے تم کو سختی

---

❶ یہ واقعات بڑی تفصیل کے ساتھ تمام کتب تفسیر میں موجود ہیں۔

❷ شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مسلک یہ ہے کہ واقعہ مسخ صحیح نہیں ہے۔

❸ موضح القرآن سورۂ مائدہ

کے ساتھ منع فرمایا کہ مال و دولت کی فراوانی دیکھ کر ہرگز تم چاندی اور سونے کے خزانے جمع نہ کرنا مگر قسم بخدا کہ زیادہ لیل و نہار نہ گزریں گے کہ تم ضرور سونے چاندی کے خزانے جمع کرو گے اور اس طرح خدائے برتر کے دردناک عذاب کے مستحق بنو گے۔ ❶

"رفع الی السماء" یعنی زندہ آسمان پر اٹھالیا جانا:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے نہ شادی کی اور نہ بود و باند کے لیے گھر بنایا، وہ شہر شہر اور گاؤں گاؤں خدا کا پیغام سناتے اور دین حق کی دعوت و تبلیغ کا فرض انجام دیتے اور جہاں بھی رات آ پہنچتی وہیں کسی سروسامان راحت کے بغیر شب بسر کر دیتے تھے اور چونکہ ان کی ذات اقدس سے مخلوق خدا جسمانی و روحانی دونوں طرح کی شفا اور تسکین پاتی تھی اس لیے جس جانب بھی ان کا گزر ہو جاتا خلقت کا انبوہ حسن عقیدت کے ساتھ جمع ہو جاتا اور والہانہ محبت کے ساتھ ان پر نثار ہو جانے کو تیار رہتا تھا۔

یہود کو اس دعوت حق کے ساتھ جو بغض و عناد تھا اس نے اس بڑھتی ہوئی مقبولیت کو انتہائی حسد اور سخت خطرہ کی نگاہ سے دیکھا اور جب ان کے مسخ شدہ قلوب کسی طرح اس کو برداشت نہ کر سکے تو ان کے سرداروں، فقیہوں، فریسیوں اور صدوقیوں نے ذات اقدس کے خلاف سازش شروع کی اور طے یہ پایا کہ اس ہستی کے خلاف کامیابی حاصل کرنے کی بجز اس کے کوئی صورت نظر نہیں آتی کہ بادشاہ وقت کو مشتعل کر کے اس کو دار پر چڑھا دیا جائے۔

گزشتہ چند صدیوں سے یہود کے ناگفتہ بہ حالات کی بدولت اس زمانہ میں یہودیہ کے بادشاہ ہیرودیس کی حکومت اپنے باپ دادا کے علاقہ میں سے بمشکل ایک چوتھائی پر قائم تھی اور وہ بھی برائے نام اور اصل حکومت و اقتدار، وقت کے بت پرست شہنشاہ قیصر روم کو حاصل تھا اور اس کی نیابت میں پلاطیس یہودیہ کے اکثر علاقہ کا گورنر یا بادشاہ تھا۔

یہود اگرچہ اس بت پرست بادشاہ کے اقتدار کو اپنی بدبختی سمجھ کر اس سے متنفر تھے مگر حضرت مسیح علیہ السلام کے خلاف قلوب میں مشتعل حسد کی آگ نے اور صدیوں کی غلامی سے پیدا شدہ پست ذہنیت نے ایسا اندھا کر دیا کہ انجام اور نتیجہ کی فکر سے بے پرواہ ہو کر پلاطیس کے دربار میں جا پہنچے اور عرض کیا: "عالی جاہ! یہ شخص نہ صرف ہمارے لیے بلکہ حکومت کے لیے بھی خطرہ بنتا جا رہا ہے اگر فوراً ہی اس کا استیصال نہ کیا تو نہ ہمارا دین ہی صحیح حالت میں باقی رہ سکے گا اور اندیشہ ہے کہ کہیں آپ کے ہاتھ سے حکومت کا اقتدار بھی نہ چلا جائے اس لیے کہ اس شخص نے عجیب و غریب شعبدے دکھا کر خلقت کو اپنا گرویدہ بنا لیا ہے اور ہر وقت اس گھات میں لگا ہے کہ عوام کی اس طاقت کے بل پر قیصر اور آپ کو شکست دے کر خود بنی اسرائیل کا بادشاہ بن جائے۔ اس شخص نے لوگوں کو صرف دنیوی راہ سے ہی گمراہ نہیں کیا بلکہ اس نے ہمارے دین تک کو بھی بدل ڈالا اور لوگوں کو بددین بنانے میں منہمک ہے۔ پس اس فتنہ کا انسداد از بس ضروری ہے تاکہ بڑھتا ہوا یہ فتنہ ابتدائی منزل ہی میں کچل ڈالا جائے۔"

غرض کافی گفت و شنید کے بعد پیلاطیس نے ان کو اجازت دے دی کہ وہ حضرت مسیح علیہ السلام کو گرفتار کر لیں اور شاہی دربار میں مجرم کی حیثیت سے پیش کریں، بنی اسرائیل کے سردار، فقیہ اور کاہن یہ فرمان حاصل کر کے بے حد مسرور ہوئے اور فخر و مباہات

❶ تفسیر ابن کثیر ج ۲ سورۂ مائدہ

کے ساتھ ایک دوسرے کو مبارک باد دینے لگے کہ آخر ہماری سازش کارگر ہوئی اور ہماری تدبیر کا تیر ٹھیک نشانہ پر بیٹھ گیا اور کہنے لگے کہ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ خاص موقع کا منتظر رہا جائے اور کسی خلوت اور تنہائی کے موقع پر اس طرح اس کو گرفتار کیا جائے کہ عوام میں ہیجان نہ ہونے پائے۔ انجیل یوحنا میں اس واقعہ سے متعلق یہ کہا گیا ہے:

> پس سردار کاہنوں اور فریسیوں نے صدر عدالت کے لوگوں کو جمع کر کے کہا ہم کرتے کیا ہیں؟ یہ آدمی تو بہت معجزے دکھاتا ہے، اگر ہم اسے یونہی چھوڑ دیں تو سب اس پر ایمان لے آئیں گے اور رومی آ کر ہماری جگہ اور قوم دونوں پر قبضہ کر لیں گے اور ان میں سے کائفا نامی ایک شخص نے جو اس سال سردار کاہن تھا ان سے کہا تم نہیں جانتے اور نہ سوچتے ہو کہ تمہارے لیے یہی بہتر ہے کہ ایک آدمی امت کے واسطے مرے نہ کہ ساری قوم ہلاک ہو۔ [1]

یہ اس مشورہ کا تذکرہ ہے جو بادشاہ کے پاس جانے سے قبل آپس میں ہوا اور یہ خطرہ ظاہر کیا گیا کہ اگر اس ہستی کو یونہی چھوڑ دیا گیا تو بادشاہ وقت (قیصر) کہیں سلطنت کے لیے خطرہ سمجھ کر رہی سہی برائے نام حکومت یہود کا بھی خاتمہ نہ کر دے۔

اور مرقس کی انجیل میں ہے:

> دو دن کے بعد فسح اور عید الفطر ہونے والی تھی اور سردار کاہن اور فقیہ موقع ڈھونڈ رہے تھے کہ اسے کیونکر فریب سے پکڑ کر قتل کریں کیونکہ کہتے تھے کہ عید کو کہیں ایسا نہ ہو کہ بلوہ ہو جائے۔ [2]

دوسری جانب حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے حواریوں کے مکالمہ کو سورۂ آل عمران اور سورۂ صف کے حوالہ سے نقل کیا جا چکا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جب یہود کے کفر و انکار اور معاندانہ ریشہ دوانیوں کو محسوس کیا تو ایک جگہ اپنے حواریوں کو جمع کیا اور ان سے فرمایا کہ بنی اسرائیل کے سرداروں اور کاہنوں کی معاندانہ سرگرمیاں تم سے پوشیدہ نہیں ہیں، اب وقت کی نزاکت اور کڑی آزمائش و امتحان کی گھڑی کی قربت تقاضا کرتی ہے کہ میں تم سے سوال کروں کہ تم میں کون وہ افراد ہیں جو اس کفر و انکار کے سیلاب کے سامنے سینہ سپر ہو کر خدا کے دین کے ناصر و مددگار بنیں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ ارشاد مبارک سن کر سب نے بڑے جوش و خروش اور صداقت ایمانی کے ساتھ جواب دیا "ہم ہیں اللہ کے مددگار خدائے واحد کے پرستار، آپ گواہ رہیں کہ ہم مسلم وفا شعار ہیں، اور درگاہِ باری میں اپنی اس اطاعت کوشی پر استقامت کے لیے یوں دست بدعا ہیں اے پروردگار! ہم تیری اتاری ہوئی کتاب پر ایمان لے آئے اور صدق دل کے ساتھ تیرے پیغمبر کے پیرو ہیں، خدایا! تو ہم کو صداقت و حقانیت کے فدا کاروں کی فہرست میں لکھ لے۔"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے فریضہ دعوت و تبلیغ کے خلاف یہود بنی اسرائیل کی مخالفانہ سرگرمیوں سے متعلق حالات کا یہ حصہ تو اکثر و بیشتر ایسا ہے کہ قرآن اور انجیل کے درمیان اصولاً اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے لیکن اس کے مابعد کے پورے حصہ بیان میں دونوں کی قطعاً جدا جدا راہیں ہیں اور ان کے درمیان اس درجہ تضاد ہے کہ کسی طرح بھی ایک کو دوسری راہ کے قریب نہیں لایا جا سکتا۔ البتہ اس جگہ پہنچ کر یہود اور نصاریٰ دونوں کا باہمی اتحاد ہو جاتا ہے اور دونوں کے بیانات واقعہ سے متعلق ایک ہی عقیدہ پیش کرتے ہیں، فرق ہے تو یہ کہ یہود اس واقعہ کو اپنا کارنامہ اور اپنے لیے باعث فخر سمجھتے ہیں اور نصاریٰ اس کو یہود بنی اسرائیل کی ایک

---

[1] باب ۱۱ آیات ۴۷-۵۱ [2] باب ۱۴ آیات ۱-۲

قابل لعنت جدوجہد یقین کرتے ہیں۔

یہود اور نصاریٰ دونوں کا مشترک بیان یہ ہے کہ یہود کے سرداروں اور کاہنوں کو یہ اطلاع ملی کہ اس وقت یسوع علیہ السلام لوگوں کی بھیڑ سے الگ اپنے شاگردوں کے ساتھ ایک بند مکان میں موجود ہیں، یہ موقع بہترین ہے، اس کو ہاتھ سے نہ جانے دیجئے فوراً ہی یہ لوگ موقع پر پہنچ گئے اور چاروں طرف سے مکان کا محاصرہ کر کے یسوع علیہ السلام کو گرفتار کر لیا اور توہین وتذلیل کرتے ہوئے پیلاطیس کے دربار میں لے گئے تا کہ وہ ان کو سولی پر لٹکائے اور اگر چہ پیلاطیس نے عیسیٰ علیہ السلام کو بے قصور سمجھ کر چھوڑ دینا چاہا مگر بنی اسرائیل کے اشتعال پر مجبوراً سپاہیوں کے حوالہ کر دیا۔ سپاہیوں نے ان کو کانٹوں کا تاج پہنایا، منہ پر تھوکا، کوڑے لگائے اور ہر طرح کی توہین وتذلیل کرنے کے بعد مجرموں کی طرح سولی پر لٹکا دیا اور دونوں ہاتھوں میں میخیں ٹھونک دیں، سینہ کو برچھی کی انی سے چھید دیا اور اس کسمپرسی کی حالت میں انہوں نے یہ کہتے ہوئے جان دے دی "ایلی ایلی لما سبقتنی" انجیل متی میں اس واقعہ کی تفصیلات کو ان الفاظ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے:

"سردار کاہن نے اس سے کہا: میں تجھے زندہ خدا کی قسم دیتا ہوں کہ اگر تو خدا کا بیٹا مسیح علیہ السلام ہے تو ہم سے کہہ دے۔ یسوع نے اس سے کہا: تو نے خود کہہ دیا بلکہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اس کے بعد تم ابن آدم کو قادر مطلق کی داہنی طرف بیٹھے اور آسمان کے بادلوں پر آتا دیکھو گے اس پر سردار کاہن نے یہ کہہ کر اپنے کپڑے پھاڑے کہ اس نے کفر بکا ہے، اب ہمیں گواہوں کی کیا حاجت رہی، دیکھو تم نے ابھی یہ کفر سنا ہے تمہاری کیا رائے ہے، انہوں نے جواب میں کہا وہ قتل کے لائق ہے اس پر انہوں نے اس کے منہ پر تھوکا اور اس کے مکے مارے اور بعض نے طمانچے مار کے کہا "اے مسیح ہمیں نبوت سے بتا کہ کس نے تجھے مارا.... جب صبح ہوئی تو سب سردار کاہنوں اور قوم کے بزرگوں نے یسوع کے خلاف مشورہ کیا کہ اسے مار ڈالیں اور اسے باندھ کر لے گئے اور پیلاطیس حاکم کے حوالہ کیا.... اور حاکم کا دستور تھا کہ عید پر لوگوں (بنی اسرائیل) کی خاطر ایک قیدی جسے وہ چاہتے تھے چھوڑ دیتا تھا اس وقت برابا نام ان کا ایک مشہور قیدی تھا پس جب وہ اکٹھے ہوئے تو پیلاطیس نے ان سے کہا تم کسے چاہتے ہو کہ میں تمہاری خاطر چھوڑ دوں؟ برابا کو یا یسوع کو جو مسیح کہلاتا ہے؟.... وہ بولے برابا کو، پیلاطیس نے ان سے کہا پھر یسوع کو جو مسیح کہلاتا ہے، کیا کروں، سب نے کہا اس کو صلیب دی جائے اس نے کہا کہ کیوں؟ اس نے کیا برائی کی ہے؟ مگر وہ اور بھی چلا چلا کر بولے کہ اس کو صلیب دی جائے، جب پیلاطیس نے دیکھا کہ کچھ بن نہیں پڑتا الٹا بلوہ ہوتا جاتا ہے تو پانی لے کر لوگوں کے روبرو اپنے ہاتھ دھوئے اور کہا "میں اس راست باز کے خون سے بری ہوں تم جانو" سب لوگوں نے جواب دے کر کہا" کہ اس کا خون ہماری اور ہماری اولاد کی گردن پر" اس پر اس نے برابا کو ان کی خاطر چھوڑ دیا اور یسوع کو کوڑے لگوا کر حوالے کیا تا کہ صلیب دی جائے۔ اس پر حاکم کے سپاہیوں نے یسوع کو قلعہ میں لے جا کر ساری پلٹن اس کے گرد جمع کی اور اس کے کپڑے اتار کر اسے قرمزی چوغہ پہنایا اور کانٹوں کا تاج بنا کر اس کے سر پر رکھا اور ایک سرکنڈا اس کے داہنے ہاتھ میں دیا اور اس کے آگے گھٹنے ٹیک کر اسے ٹھٹھوں میں اڑانے لگے کہ اے یہودیوں کے بادشاہ آداب اور اس پر تھوکا اور وہی سرکنڈا لے کر اس کے سر پر مارنے لگے اور جب اس کا ٹھٹھا کر چکے تو چوغے کو اس پر سے اتار کر پھر اس کے کپڑے اسے پہنائے اور صلیب دینے کو لے گئے۔ اس وقت

اس کے ساتھ دو ڈاکو صلیب پر چڑھائے گئے ایک داہنے اور ایک بائیں اور راہ چلنے والے سر ہلا ہلا کر اس کو لعن طعن کرتے اور کہتے تھے اے مقدس کے ڈھانے والے اور تین دن میں بنانے والے اپنے تئیں بچا اگر تو خدا کا بیٹا ہے تو صلیب پر سے اتر آ، اسی طرح سردار کاہن بھی فقیہوں بزرگوں کے ساتھ مل کر ٹھٹھے کے ساتھ کہتے تھے اس نے اوروں کو بچایا اپنے تئیں نہیں بچا سکتا.... اور دو پہر سے لے کر تیسرے پہر تک تمام ملک میں اندھیرا چھایا رہا اور تیسرے پہر کے قریب یسوع نے بڑی آواز سے چلا کر کہا: "ایلی ایلی لما سبقتنی"۔ "اے میرے خدا! اے میرے خدا! تو نے مجھ کو کیوں چھوڑ دیا" جو وہاں کھڑے تھے ان میں سے بعض نے سن کر کہا، یہ ایلیا کو پکارتا ہے.... یسوع پھر بڑی آواز سے چلایا اور جان دے دی۔" [1]

تفصیلات میں کم و بیش فرق کے ساتھ یہی مفروضہ داستان باقی تینوں انجیلوں میں بھی مذکور ہے۔ چاروں انجیلوں کی اس متفقہ مگر مفروضہ داستان کو مطالعہ کرنے کے بعد طبیعت پر قدرتی اثر یہ پڑتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی موت انتہائی بیکسی اور بے بسی کی حالت میں دردناک طریقہ سے ہوئی اور اگرچہ خدا کے پاک اور مقدس بندوں کے لیے یہ کوئی اچنبھے کی بات نہ تھی بلکہ مقربین بارگاہ صمدی کے لیے اس قسم کی کڑی آزمائشوں کا مظاہرہ اکثر ہوتا رہا ہے لیکن اس واقعہ کا یہ پہلو اس کے مفروضہ اور گھڑے ہوئے ہونے پر روز روشن کی طرح شاہد ہے کہ حضرت یسوع نے ایک اولوالعزم پیغمبر بلکہ مرد صالح کی طرح اس واقعہ کو صبر و رضاء الٰہی کے ساتھ انگیز نہیں کیا بلکہ ایک انتہائی مایوس انسان کی طرح خدا سے شکوہ کرتے کرتے جان دے دی "ایلی ایلی لما سبقتنی" کہتے ہوئے جان دے دینا مایوسی اور شکوہ کی وہ صورت حال ہے جو کسی طرح بھی حضرت مسیح علیہ السلام کے شایان شان نہیں کہی جا سکتی، پھر اس واقعہ کا یہ پہلو بھی کم حیرت زا نہیں ہے کہ بقول انجیل کے یسوع مسیح نے اس حادثہ سے قبل تین مرتبہ خدائے تعالیٰ سے یہ درخواست کی "اے میرے باپ اگر ہو سکے تو یہ (موت کا) پیالہ مجھ سے ٹل جائے" اور جب یہ درخواست کسی طرح قبول نہ ہوئی تو مایوس ہو کر یہ کہنا پڑا "اگر یہ میرے پیئے بغیر نہیں ٹل سکتا تو تیری مرضی پوری ہو۔"

باعث حیرت یہ بات ہے کہ جبکہ عقیدۂ "کفارہ" کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام کا یہ معاملہ خدا اور اس کے بیٹے (العیاذ باللہ) کے درمیان طے شدہ تھا تو پھر اس درخواست کے کیا معنی اور اگر لوازم بشریت کی بناء پر تھا تو خدا کی مرضی معلوم ہو جانے اور اس پر قناعت کر لینے کے بعد پھر یہ بے صبر اور مایوس انسانوں کی طرح جان دینے کا کیا سبب؟

یہود کی گھڑی ہوئی اس داستان کو چونکہ نصاریٰ نے قبول کر لیا تو یہود از راہ فخر و غرور اس پر بے حد مسرور ہیں اور کہتے ہیں کہ مسیح ناصری اگر "مسیح موعود" ہوتا تو خدائے تعالیٰ اس بے بسی اور بے کسی کے ساتھ اس کو ہمارے ساتھ میں نہ دیتا کہ وہ مرتے وقت تک خدا سے شکوہ کرتا رہا کہ اس کو بچائے مگر خدا نے اس کی کوئی مدد نہ کی حالانکہ ہمارے باپ دادا اس وقت بھی کافی اشتعال دیتے رہے کہ اگر تو حقیقتاً خدا کا بیٹا اور "مسیح موعود" ہے تو کیوں تجھ کو خدا نے ہمارے ہاتھوں اس ذلت سے نہ بچا لیا۔

واقعہ یہ ہے کہ نصاریٰ کے پاس اس چبھتے ہوئے الزام کا کوئی جواب نہیں تھا اور واقعہ کی ان تفصیلات کو مان لینے کے بعد "عقیدۂ کفارہ" کی کوئی قیمت باقی نہیں رہ جاتی تھی تب انہوں نے واقعہ کی ان تفصیلات کے بعد ایک پارۂ بیان کا اور اضافہ کیا۔

[1] باب ۲۶ آیت ۵۷ تا ۷۵

یوحنا کی انجیل میں ہے:

لیکن جب انہوں نے یسوع کے پاس آ کر دیکھا کہ وہ مر چکا ہے تو اس کی ٹانگیں نہ توڑ دیں مگران میں سے ایک سپاہی نے بھالے سے اس کی پسلی چھیدی اور فی الفور اس سے خون اور پانی بہ نکلا..... ان باتوں کے بعد ارملیتہ کے رہنے والے یوسف نے جو یسوع کا شاگرد تھا یہودیوں کے خوف سے خفیہ طور پر پیلاطیس سے اجازت چاہی کہ یسوع کی لاش لے جائے، پیلاطیس نے اجازت دے دی پس وہ آ کر اس کی لاش لے گیا اور نیکدیمس بھی آیا جو پہلے یسوع کے پاس رات کو گیا تھا اور پچاس سیر کے قریب مر اور عود ملا ہوا لایا۔ پس انہوں نے یسوع کی لاش لے کر اسے سوتی کپڑے میں خوشبودار چیزوں کے ساتھ کفنایا جس طرح کہ یہودیوں میں دفن کرنے کا دستور ہے اور جس جگہ اسے صلیب دی گئی وہاں ایک باغ تھا اور اس باغ میں ایک نئی قبر تھی جس میں کبھی کوئی نہ رکھا گیا تھا پس انہوں نے یہودیوں کی تیاری کے دن کے باعث یسوع کو وہیں رکھ دیا۔ ہفتہ کے پہلے دن مریم مگدلینی ایسے تڑکے کہ ابھی اندھیرا ہی تھا قبر پر آئی اور پتھر کو قبر سے ہٹا ہوا دیکھا پس وہ شمعون پطرس اور اس کے دوسرے شاگرد کے پاس جسے یسوع عزیز رکھتا تھا دوڑی ہوئی گئی اور ان سے کہا کہ خداوند کو قبر سے نکال لے گئے اور ہمیں معلوم نہیں کہ اسے کہاں رکھ دیا..... لیکن مریم باہر قبر کے پاس کھڑی روتی رہی اور جب روتے روتے قبر کی طرف جھک کے اندر نظر کی تو دو فرشتوں کو سپید پوشاک پہنے ہوئے ایک کو سرہانے اور دوسرے کو پائینتی بیٹھے دیکھا جہاں یسوع کی لاش پڑی تھی انہوں نے اس سے کہا اے عورت تو کیوں روتی ہے اس نے ان سے کہا اس لیے کہ میرے خداوند کو اٹھا لے گئے اور معلوم نہیں کہ اسے کہاں رکھا یہ کہہ کر وہ پیچھے پھری اور یسوع کو کھڑے دیکھا اور نہ پہچانا کہ یہ یسوع ہے۔ یسوع نے اس سے کہا مریم! وہ پھر کر اس سے عبرانی زبان میں بولی "ربونی" یعنی اے استاد! یسوع نے اس سے کہا مجھے نہ چھو، کیونکہ میں اب تک باپ کے پاس اوپر نہیں گیا لیکن میرے بھائیوں کے پاس جا کر ان سے کہو کہ میں اپنے باپ اور تمہارے باپ کے اور اپنے خدا اور تمہارے خدا کے پاس اوپر جاتا ہوں، مریم مگدلینی نے آ کر شاگردوں کو خبر دی کہ میں نے خداوند کو دیکھا اور اس نے مجھ سے یہ باتیں کہیں۔ پھر اسی دن جو ہفتہ کا پہلا دن تھا شام کے وقت جب وہاں کے دروازے جہاں شاگرد تھے یہودیوں کے ڈر سے بند تھے یسوع آ کر بیچ میں کھڑا ہوا اور ان سے کہا کہ تمہاری سلامتی ہو اور یہ کہہ کر اس نے اپنے ہاتھ اور پسلی انہیں دکھائی، پس شاگرد خداوند کو دیکھ کر خوش ہوئے یسوع نے پھر ان سے کہا کہ تمہاری سلامتی ہو جس طرح باپ نے مجھے بھیجا ہے اسی طرح میں بھی تمہیں بھیجتا ہوں اور یہ کہہ کر ان کو پھونکا اور ان سے کہا "روح القدس" لو۔ ①

ہر ایک شخص معمولی غور و فکر کے بعد بہ سہولت سمجھ سکتا ہے کہ یہ پارۂ بیان پہلے حصہ بیان کے ساتھ غیر مربوط اور قطعاً بے جوڑ بلکہ یہ اندازہ لگانا ہی مشکل ہو جاتا ہے کہ یہ دونوں تفصیلات ایک ہی شخصیت سے وابستہ ہیں کیونکہ پہلا پارۂ بیان ایک ایسی شخصیت کا مرقع ہے جو بے بس و بیکس مایوس اور خدا سے شاکی نظر آتی ہے اور دوسرا حصہ بیان ایسی ہستی کا رخ روشن پیش کرتی ہے جو خدائی صفات سے متصف ذات باری کی مقرب اور پیش آمدہ واقعات سے مطمئن و مسرور ہے بلکہ ان کے وقوع کی متمنی اور ان کو اپنے

---

① انجیل یوحنا باب ۱۹ آیت ۳۳۔ ۳۴ و آیت ۳۸۔ ۴۲ و باب ۲۰ آیات ۱ تا ۲۲

ادائے فرض کا اہم جزو سمجھتی ہے۔

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

بہرحال حقیقت چونکہ دوسری تھی اور ایک عرصہ دراز کے بعد "عقیدۂ کفارہ" کی بدعت نے نصاریٰ کو اس کے خلاف اس گھڑے ہوئے افسانہ کی تصنیف پر مجبور کر دیا اس لیے قرآن عزیز نے حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام سے متعلق دوسرے گوشوں کی طرح اس گوشہ سے بھی جہالت و تاریکی کا پردہ ہٹا کر حقیقت حال کے رخ روشن کو جلوہ آرا کرنا ضروری سمجھا اور اس نے اپنا وہ فرض انجام دیا جس کو مذاہب عالم کی تاریخ میں قرآن کی دعوت تجدید و اصلاح کہا جاتا ہے۔

اس نے بتایا کہ جس زمانہ میں بنی اسرائیل، پیغمبر حق اور رسول خدا (عیسیٰ بن مریم علیہما السلام) کے خلاف خفیہ تدبیروں اور سازشوں میں مصروف اور ان پر نازاں تھے اسی زمانہ میں خدائے برتر کے قانون قضاء و قدر نے یہ فیصلہ نافذ کر دیا کہ کوئی طاقت اور مخالف قوت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام پر قابو نہیں پا سکتی اور ہماری محکم تدبیر اس کو دشمنوں کے ہر "مکر" سے محفوظ رکھے گی اور نتیجہ یہ نکلا کہ جب بنی اسرائیل نے ان پر نرغہ کیا تو ان کو پیغمبر خدا پر کسی طرح دسترس حاصل نہ ہو سکی اور ان کو بحفاظت تمام اٹھا لیا گیا اور جب بنی اسرائیل مکان میں گھسے تو صورت حال ان پر مشتبہ ہو گئی اور وہ ذلت اور رسوائی کے ساتھ اپنے مقصد میں ناکام رہے اور اس طرح خدا نے اپنا وعدہ پورا کر دکھایا جو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی حفاظت کے لیے کیا گیا تھا۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام نے یہ محسوس فرمایا کہ اب بنی اسرائیل کے کفر و انکار کی سرگرمیاں اس درجہ بڑھ گئی ہیں کہ وہ میری توہین و تذلیل بلکہ قتل کے لیے سرگرم سازش ہیں تو انہوں نے خاص طور سے ایک مکان میں اپنے حواریوں کو جمع کیا اور ان کے سامنے صورت حال کا نقشہ پیش فرما کر ارشاد فرمایا: امتحان کی گھڑی سر پر ہے، کڑی آزمائش کا وقت ہے، حق کو مٹانے کی سازشیں پورے شباب پر ہیں، اب میں تمہارے درمیان زیادہ نہیں رہوں گا اس لیے میرے بعد دین حق پر استقامت، اس کی نشر و اشاعت اور یاری و نصرت کا معاملہ صرف تمہارے ساتھ وابستہ ہو جانے والا ہے، اس لیے مجھے بتاؤ کہ خدا کی راہ میں سچا مددگار کون کون ہے۔ حواریوں نے یہ کلام حق سن کر کہا: "ہم سب ہی خدا کے دین کے مددگار ہیں، ہم سچے دل سے خدا پر ایمان لائے ہیں اور اپنی صداقت ایمانی کا آپ ہی کو گواہ بناتے ہیں، اور یہ کہنے کے بعد انسانی کمزوریوں کے پیش نظر اپنے دعویٰ پر ہی بات ختم نہیں کر دی بلکہ درگاہِ الٰہی میں دست بدعا ہو گئے کہ جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں تو اس پر ہم کو استقامت عطا فرما اور ہم کو اپنے دین کے مددگاروں کی فہرست میں لکھ لے۔

اس جانب سے مطمئن ہو کر اب حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے فریضہ دعوت و ارشاد کے ساتھ ساتھ منتظر رہے کہ دیکھیے معاندین کی سرگرمیاں کیا رخ اختیار کرتی ہیں اور خدائے برحق کا فیصلہ کیا صادر ہوتا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے اس سلسلہ میں قرآن عزیز کے ذریعہ یہود و نصاریٰ کے ظنون و اوہام فاسدہ کے خلاف "علم و یقین کی روشنی" بخشتے ہوئے یہ بھی بتایا کہ جس وقت معاندین اپنی خفیہ تدبیروں میں سرگرم عمل تھے اسی وقت ہم نے بھی اپنی قدرت کاملہ کی مخفی تدبیر کے ذریعہ یہ فیصلہ کر لیا کہ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے متعلق معاندین حق کی تدبیر کا کوئی گوشہ بھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی پوشیدہ تدابیر کے مقابلہ میں کسی کی پیش نہیں جا سکے گی اس لیے کہ اس کی تدبیر سے بہتر کوئی تدبیر ہو ہی نہیں سکتی۔

﴿وَ مَكَرُوْا وَ مَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ ﴾(آل عمران: ۵۴)

"اور انہوں نے (یہود نے عیسیٰ علیہ السلام کے خلاف) خفیہ تدبیر کی اور اللہ نے (یہود کے مکر کے خلاف) خفیہ تدبیر کی اور اللہ سب سے بہتر خفیہ تدبیر کا مالک ہے۔"

لغت عرب میں "مکر" کے معنی خفیہ تدبیر (اور دھوکا کرنے) کے ہیں اور علم معانی کے قاعدہ "مشاکلہ" کے مطابق جب کوئی شخص کسی کے جواب یا دفاع (Defence) میں خفیہ تدبیر کرتا ہے تو وہ اخلاق اور مذہب کی نگاہ میں کتنی ہی عمدہ تدبیر کیوں نہ ہو اس کو بھی "مکر" ہی سے تعبیر کیا جاتا ہے جیسا کہ ہر ایک زبان کے محاورہ میں بولا جاتا ہے "برائی کا بدلہ برائی ہے" حالانکہ ہر شخص یہ یقین رکھتا ہے کہ برائی کرنے والے کے جواب میں اسی قدر مقابلہ کا جواب دینا اخلاق اور مذہب دونوں کی نگاہ میں "برائی" نہیں ہے تاہم تعبیر میں دونوں کو ہم شکل ظاہر کر دیا جاتا ہے اور اسی کو "مشاکلہ" کہتے ہیں اور یہ فصاحت و بلاغت کا اہم جز سمجھا جاتا ہے۔

غرض خفیہ تدبیر دونوں جانب سے تھی، ایک جانب برے بندوں کی بری تدبیر اور دوسری جانب خدائے برتر کی بہترین تدبیر، نیز ایک جانب قادر مطلق کی تدبیر کامل تھی جس میں نقص و خامی کا امکان نہیں اور دوسری جانب دھوکے اور فریب کی خام کاریاں تھیں جو تار عنکبوت ہو کر رہ گئیں۔

آخر وہ وقت آ پہنچا کہ بنی اسرائیل کے سرداروں، کاہنوں، اور فقیہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک بند مکان میں محاصرہ کر لیا، ذات اقدس اور حواری مکان کے اندر بند ہیں اور دشمن چاروں طرف سے محاصرہ کئے ہوئے ہیں، لہٰذا اب قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوا کہ وہ کیا صورت ہو کہ جس سے دشمن ناکام رہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کسی طرح کا بھی گزند نہ پہنچا سکے تاکہ خدائے قادر کا وعدۂ حفاظت اور دعویٰ تدبیر خیر پورا ہو تو اس کے متعلق قرآن نے بتایا کہ بیشک خدا کا وعدہ پورا ہوا اور اس کی تدبیر محکم نے عیسیٰ علیہ السلام کو دشمنوں کے ہاتھوں سے ہر طرح محفوظ رکھا اور صورت یہ پیش آئی کہ اس نازک گھڑی میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو وحی الٰہی نے بشارت سنائی: "عیسیٰ! خوف نہ کر تیری مدت پوری کی جائے گی (یعنی تم کو دشمن قتل نہیں کر سکیں گے اور نہ تم اس وقت موت سے دوچار ہو گے) اور ہوگا یہ کہ میں تجھ کو اپنی جانب (ملاء اعلیٰ کی جانب) اٹھا لوں گا اور ان کافروں سے ہر طرح تجھ کو پاک رکھوں گا (یعنی یہ تجھ پر کسی قسم کا قابو نہ پا سکیں گے) اور تیرے پیروؤں کو ان کافروں پر ہمیشہ غالب رکھوں گا (یعنی بنی اسرائیل کے مقابلہ میں قیامت تک عیسائی اور مسلمان غالب رہیں گے اور ان کو کبھی ان دونوں پر حاکمانہ اقتدار نصیب نہیں ہوگا، پھر انجام کار میری جانب (موت کے بعد) لوٹ آنا ہے پس میں ان باتوں پر فیصلہ حق دوں گا جن کے متعلق تم آپس میں اختلاف کر رہے ہو۔

﴿اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰۤى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَىَّ وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ جَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝ ﴾(آل عمران: ۵۵)

"(وہ وقت ذکر کے لائق ہے) جب اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ (علیہ السلام) سے کہا: "اے عیسیٰ! بے شبہ میں تیری مدت کو پوری کروں گا اور تجھ کو اپنی جانب اٹھا لینے والا ہوں اور تجھ کو کافروں (بنی اسرائیل) سے پاک رکھنے والا ہوں اور جو تیری پیروی کریں

گے ان کو تیرے منکروں پر قیامت تک کے لیے غالب رکھنے والا ہوں، پھر میری جانب ہی لوٹنا ہے، پھر میں ان باتوں کا فیصلہ کروں گا جن کے بارے میں (آج) تم جھگڑ رہے ہو۔"

﴿ وَ اِذْ كَفَفْتُ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝ ﴾ (المائدہ: ۱۱۰)

(قیامت کے دن اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ کو اپنے احسانات شمار کراتے ہوئے فرمائے گا) اور وہ وقت یاد کرو جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روک دیا (یعنی وہ کسی طرح تجھ پر قابو نہ پا سکے) جبکہ تو ان کے پاس معجزات لے کر آیا اور ان میں سے کافروں نے کہہ دیا: یہ تو جادو کے ماسوا اور کچھ نہیں ہے۔"

تو اب جبکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ اطمینان دلا دیا گیا کہ اس سخت محاصرہ کے باوجود دشمن تم کو قتل نہ کر سکیں گے اور تم کو غیبی ہاتھ ملاءِ اعلیٰ کی جانب اٹھا لے گا اور اس طرح دشمنانِ دین کے ناپاک ہاتھوں سے آپ ہر طرح محفوظ کر دیے جائیں گے تو اس جگہ پہنچ کر ایک دوسرا سوال پیدا ہوا کہ یہ کس طرح ہوا اور واقعہ نے کیا صورت اختیار کر لی؟ کیونکہ یہود و نصاریٰ تو کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام کو سولی پر بھی لٹکایا اور مار بھی ڈالا تب قرآن نے بتایا کہ مسیح بن مریم علیہما السلام کے قتل و صلیب کی پوری داستان سرتا سر غلط اور جھوٹ ہے بلکہ اصل معاملہ یہ ہے کہ جب مسیح علیہ السلام کو بقید حیات ملاءِ اعلیٰ کی جانب اٹھا لیا گیا اور اس کے بعد دشمن مکان کے اندر گھس پڑے تو ان پر صورت حال مشتبہ کر دی گئی اور وہ کسی طرح نہ جان سکے کہ آخر اس مکان میں سے مسیح علیہ السلام کہاں چلا گیا:۔

﴿وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ عِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَ مَا قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ وَ لٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَ اِنَّ الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِیْهِ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَ مَا قَتَلُوْهُ یَقِیْنًۢا ۝ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا ۝﴾ (النساء: ۱۵۷۔۱۵۸)

اور (یہود ملعون قرار دیے گئے) اپنے اس قول پر کہ ہم نے مسیح عیسیٰ بن مریم پیغمبر خدا کو قتل کر دیا حالانکہ انہوں نے نہ اس کو قتل کیا اور نہ سولی پر چڑھایا بلکہ (خدا کی خفیہ تدبیر کی بدولت) اصل معاملہ ان پر مشتبہ ہو کر رہ گیا اور جو لوگ اس کے قتل کے بارہ میں جھگڑ رہے ہیں بلاشبہ وہ اس (عیسیٰ علیہ السلام) کی جانب سے شک میں پڑے ہوئے ہیں ان کے پاس حقیقت حال کے بارہ میں ظن (اٹکل) کی پیروی کے سوا علم کی روشنی نہیں ہے اور انہوں نے عیسیٰ (علیہ السلام) کو یقیناً قتل نہیں کیا بلکہ ان کو اللہ نے اپنی جانب (ملاء اعلیٰ کی جانب) اٹھا لیا اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔"

قرآن عزیز کا یہ وہ بیان ہے جو یہود و نصاریٰ کے اختراعی فسانہ کے خلاف اس نے حضرت مسیح بن مریم علیہما السلام کے متعلق دیا ہے اب دونوں بیانات آپ کے سامنے ہیں، اور عدل و انصاف کا ترازو آپ کے ہاتھ میں۔ پہلے حضرت مسیح علیہ السلام کی شخصیت اور ان کے دعوت و ارشاد کے مشن کو تاریخی حقائق کی روشنی میں معلوم کیجیے اور اس کے بعد ایک مرتبہ پھر ان تفصیلی واقعات پر نظر ڈالیے جو ایک اولوالعزم پیغمبر، مقرب بارگاہ الٰہی اور نصاریٰ کے عقیدۂ باطل کے مطابق خدا کے بیٹے کو خدا کے فیصلہ کے سامنے مایوس، مضطرب،

بے یارومددگار اور خدا سے شاکی ظاہر کرتے ہیں اور ساتھ ہی اس تضاد بیان پر بھی غور فرمائیے کہ ایک جانب عقیدۂ کفارہ کی بنیاد صرف اس پر قائم ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام خدا کا بیٹا بن کر آیا ہی اس غرض سے تھا کہ مصلوب ہو کر دنیا کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے اور دوسری جانب صلیب اور قتل مسیح علیہ السلام کی داستان اس اساس پر کھڑی کی گئی ہے کہ جب وہ وقت موعود آ پہنچتا ہے تو خدا کا یہ فرضی بیٹا اپنی حقیقت اور دنیا میں وجود پذیری کو یکسر فراموش کر کے "ایلی ایلی لما سبقتنی" کا حسرت ناک جملہ زبان سے کہتا اور مرضی الٰہی پر اپنی ناخوشی کا اظہار کرتا ہوا نظر آیا ہے، کیا کسی شخص کو یہ سوال کرنے کا حق نہیں ہے کہ اگر نصاریٰ کے بیان کردہ واقعات کے دونوں حصے صحیح اور درست ہیں تو ان دونوں کے باہم یہ تضاد کیسا اور اس عدم مطابقت کے کیا معنی؟

پس اگر ایک حقیقت بیں اور دوررس نگاہ ان تمام پہلوؤں کو سامنے رکھ کر اور واقعات وحالات کی ان تمام کڑیوں کو باہم جوڑ کر اس مسئلہ کا مطالعہ کرے تو وہ تصدیق حق کے پیش نظر بلا تامل یہ فیصلہ کرے گی کہ بائبل کی یہ داستان تضاد کی حامل اور گھڑی ہوئی داستان ہے اور قرآن نے اس سلسلہ میں جو فیصلہ دیا ہے وہی حق اور مبنی بر صداقت ہے۔

تاریخ شاہد ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد سے سینٹ پال سے قبل تک نصاریٰ "یہود" کی اس خرافی داستان سے قطعاً بے تعلق تھے لیکن جب سینٹ پال (پولوس رسول) نے تثلیث اور کفارہ پر جدید عیسائیت کی بنیاد رکھی تو کفارہ کے عقیدہ کی استواری کے لیے یہود کی اس خرافی داستان کو بھی مذہب کا جز بنا لیا گیا۔

لیکن واقعہ سے متعلق حد درجہ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ جب کہ چودہ صدیوں سے قرآن حکیم نے عیسیٰ علیہ السلام کی عظمت و جلالت قدر کا اعلان کرتے ہوئے ان کے "رفع الی السماء" کی حقیقت کو یہود ونصاریٰ کی خرافی داستان کے خلاف علم ویقین کی روشنی میں نمایاں اور یہود ونصاریٰ کو دلائل و براہین کے ذریعہ لاجواب اور سرنگوں کر دیا تھا تو اس کے مقابلہ میں آج ایک مدعی اسلام، دعوئے نبوت ومسیحیت کے شوق یا ہندوستان پر مسلط عیسائی حکومت کی خودغرضانہ خوشامد میں یہود ونصاریٰ کے اسی عقیدہ کو دوبارہ زندہ کرنا اور اس پر اپنے "باطل عقیدۂ نبوت" کی بنیاد رکھنا چاہتا ہے اور پنجاب (قادیان) کا یہ متنبی قرآن عزیز کی تصریحات سے بے نیاز ہو کر نہایت جسارت کے ساتھ ان تمام واقعات کی تصدیق کرتا ہے جو اس سلسلہ میں یہود ونصاریٰ نے اپنے اپنے باطل مزعومہ عقائد کی تکمیل کے لیے اختراع کیے ہیں، وہ کہتا ہے کہ بلاشبہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہود نے اسیر کیا، ان کا ٹھٹھا اڑایا، ان کے منہ پر تھوکا، ان کے طمانچے بھی لگائے، ان کو کانٹوں کا تاج بھی پہنایا اور ان کے علاوہ ہر قسم کی توہین وتذلیل کا سلوک کرنے کے بعد ان کو صلیب پر بھی چڑھایا اور اپنے زعم میں ان کو قتل بھی کر ڈالا البتہ یہود ونصاریٰ کی حرف بحرف تصدیق کے بعد بغیر کسی قرآنی نص، حدیثی روایت اور تاریخی شہادت کے اپنی جانب سے یہ اضافہ کرتا ہے کہ جب شاگردوں کے مطالبہ پر نعش ان کے حوالہ کر دی گئی اور وہ تجہیز وتکفین کے لیے آمادہ ہوئے تو دیکھا کہ جسم میں جان باقی ہے تب انہوں نے خفیہ طور پر ایک خاص مرہم کے ذریعہ ان کے زخموں کا علاج کیا اور جب وہ چنگے ہو گئے تو پوشیدہ رہ کر کشمیر کو چلے گئے اور وہاں بھی حیات کے آخری لمحوں تک خود کو چھپائے رکھا اور گمنامی میں وہیں انتقال پا گئے، گویا یوں کہیے کہ یہود ونصاریٰ کی مفروضہ داستان میں حضرت مسیح علیہ السلام سے متعلق توہین وتذلیل کے جس قدر بھی پہلو تھے وہ سب تو متنبی کاذب نے قبول کر لیے باقی ان کی عظمت شان اور جلالت مرتبہ سے متعلق پہلو کو داستان سے خارج کر کے اس کے بجائے ایک ایسا فرضی حصہ جوڑ دیا جس سے ایک جانب نیچر پرستوں کو اپنی جانب مائل کرنے کا سامان مہیا ہو سکے اور دوسری جانب

عیسیٰ علیہ السلام کی باقی زندگی مبارک کو گمنامی کے ساتھ وابستہ کر کے توہین وتذلیل کا ایک اور گوشہ جو تشنہ سامان رہ گیا تھا اس کی تکمیل ہو جائے۔ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّاۤ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ﴾

متنبی پنجاب کو یہ سب کچھ کرنے کی کیوں ضرورت پیش آئی؟ اس کی جانب ابھی اشارہ کیا جا چکا ہے اور اس کی تفصیل کے لیے پروفیسر برنی کی کتاب "قادیانی مذہب" لائق مطالعہ ہے یا خود متنبی کاذب کی تصنیفی ہفوات اس حقیقت کو عریاں کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

ہمارے پیش نظر تو یہ مسئلہ ہے کہ متنبی پنجاب نے کس طرح قرآن حکیم کی نصوص قطعیہ کے خلاف یہود ونصاریٰ کے عقیدۂ "توہین" "تصلیب" اور قتل عیسیٰ علیہ السلام کی تائید پر بے جا جسارت کا اقدام کیا اور جس حد تک اختلاف کیا اس میں بھی دعویٰ قرآنی کے خلاف ان کی حیات طیبہ کو نامراد و ناکام اور گمنام ثابت کرنے کی سعی لاحاصل کی۔

آپ ابھی سن چکے ہیں کہ قرآن عزیز نے بنی اسرائیل کے مقابلہ میں خدائے تعالیٰ کی نجات سے دعویٰ حفاظت و برتری کو کس قوت بیان کے ساتھ نمایاں کیا ہے:

﴿وَ مَكَرُوۡا وَ مَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيۡرُ الۡمٰكِرِيۡنَ ۞ اِنِّىۡ مُتَوَفِّيۡكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَجَاعِلُ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡكَ فَوۡقَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا﴾ (آل عمران: ۵۴-۵۵)

اور پھر کس زور کے ساتھ یہ اعلان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دعوائے حفاظت کو اس شان کے ساتھ پورا کیا کہ دشمن کسی حیثیت سے بھی مسیح بن مریم علیہما السلام پر قابو نہ پا سکے اور ہاتھ تک نہ لگا سکے۔

تو اب قابل غور ہے یہ بات کہ ہم دنیا میں روز وشب یہ مشاہدہ کرتے رہتے ہیں کہ اگر کسی صاحب قوت واقتدار ہستی کے عزیز دوست یا مصاحب کے خلاف ان کا دشمن درپے آزار یا قتل کے درپے ہوتا ہے اور یہ سمجھ کر کہ ہم صاحب اقتدار ہستی کی اعانت کے بغیر دشمن کے مقابلہ میں عہدہ برآ نہیں ہو سکتے وہ صاحب اقتدار کی جانب رجوع کرتے ہیں اور یہ ہستی ان کو پوری طرح اطمینان دلاتی ہے کہ دشمن ان کو کسی طرح نقصان نہیں پہنچا سکتا بلکہ ان تک اس کی دسترس ہی نہیں ہونے دی جائے گی تو ہر ایک اہل عقل اس یہی مطلب لیتا ہے کہ اب کسی بھی حالت میں ان کو دشمن کا خطرہ باقی نہیں رہا مگر یہ کہ صاحب اقتدار ہستی یا اپنے وعدہ کا ایفاء نہ کر اور جھوٹا ثابت ہو اور یا دشمن کی طاقت اتنی زیادہ ہو کہ وہ خود بھی اس حمایت ونصرت میں مغلوب ومقہور ہو کر رہ جائے۔

پس جب انسانی دنیا میں یہ اطلاع موصول ہو کہ صاحب اقتدار ہستی کے عزیز، دوست یا مصاحب کو اس کے دشمن گرفتار کر لیا، مارا پیٹا، منہ پر تھوکا اور ہر طرح ذلیل ورسوا کر کے اپنے گمان میں مار بھی ڈالا اور مردہ سمجھ کر نعش اس کے عزیزوں کے کر دی مگر حسب اتفاق نبض دیکھنے سے معلوم ہوا کہ کہیں جان اٹکی رہ گئی ہے لہٰذا علاج معالجہ کیا گیا اور وہ روبصحت ہو گیا تو دنیاء ان اس صاحب اقتدار ہستی کے متعلق کیا رائے قائم کرے گی جس نے اس مظلوم کی حمایت ونصرت کا وعدہ کیا تھا؟ یہ کہ اس نے اپنا پورا کیا یا نہیں کیا؟ ظاہر ہے کہ نہیں کیا خواہ قصداً نہیں کیا یا اس لیے کہ وہ مجبور رہا۔

پس اگر دنیاء انسانی کے معاملات میں صورت حال یہ ہے کہ معلوم نہیں کہ متنبی پنجاب کے عقل ودماغ نے قادر مطلق خد

متعلق کس ذہنیت کے ماتحت یہ فیصلہ کیا کہ خدا نے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو ہر قسم کی حفاظت و صیانت کے وعدہ کے باوجود دشمن کے ہاتھوں وہ سب کچھ ہونے دیا جس کو یہود و نصاریٰ کی اندھی تقلید میں متنبی پنجاب نے تسلیم کرلیا اور اشک شوئی کے لیے صرف اس قدر اضافہ کر دیا کہ اگرچہ یہود نے صلیب وقتل کے بعد سمجھ لیا تھا کہ روح قفس عنصری سے نکل چکی ہے مگر حقیقتاً ایسا نہیں ہوا تھا بلکہ رمق جان ابھی غیر محسوس طور پر باقی تھی اس لیے اسی طرح ان کی جان بچ گئی جس طرح موجودہ زمانہ میں اب سے چند سال قبل جیلوں میں پھانسی دینے کا جو طریقہ رائج تھا اس کی وجہ سے کبھی پھانسی پانے کے رمق جان باقی رہ جاتی تھی اور نعش کی سپردگی کے بعد علاج معالجہ سے وہ اچھا ہو جاتا تھا۔

بہرحال ہم تو اس ذات واحد، قادر مطلق خدا پر ایمان رکھتے ہیں جس نے جب کبھی بھی اپنے خاص بندوں (نبیوں اور رسولوں) سے اس قسم کا وعدۂ حفاظت و صیانت کیا ہے تو پھر اس کو پورا بھی ایسی شان سے کیا ہے جو قادر مطلق ہستی کے لیے شایاں اور لائق ہے۔

حضرت صالح علیہ السلام اور ان کی قوم کے منکرین حق کا معاملہ سورۂ نمل میں جس معجزانہ شان کے ساتھ بیان ہوا ہے اس پر غور فرمائیے۔ ارشاد باری ہے:

﴿وَ كَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَ لَا يُصْلِحُوْنَ ۞ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَ اَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۞ وَ مَكَرُوْا مَكْرًا وَّ مَكَرْنَا مَكْرًا وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۞ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَ قَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۞ وَ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۞﴾ (النمل: ۴۸۔۵۳)

اور شہر میں نو شخص تھے جو (بہت) مفسد تھے اور کوئی کام صلاح کاری کا نہیں کرتے تھے، انہوں نے آپس میں کہا "باہم قسمیں کھاؤ کہ ہم ضرور صالح (علیہ السلام) اور اس کے گھر والوں پر شب خون ماریں گے اور پھر اس کے وارثوں سے کہہ دیں گے کہ ہم اس کے خاندان کی ہلاکت کے وقت موقع پر موجود ہی نہیں تھے اور قسم بخدا ہم ضرور سچے ہیں" اور انہوں نے (صالح علیہ السلام کے خلاف) خفیہ سازش کی اور ہم نے بھی (ان کی سازش کے خلاف) خفیہ تدبیر کی اور وہ ہماری مخفی تدبیر کو نہ سمجھتے تھے پس (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم!) دیکھو! کہ ان کی خفیہ سازشی تدبیر کا کیا حشر ہوا؟ یہ کہ ہم نے ان کو (مفسدوں کو) اور ان کی سرکش قوم کو سب کو ہلاک کر دیا (نگاہ اٹھا کر) دیکھو یہ (قریب ہی) ہیں ان کے گھروں کے کھنڈر ویران ہیں ان کے ظلم کی وجہ سے، بیشک اس واقعہ میں نشانی ہے سمجھ والوں کے لیے اور ہم نے نجات دی ایمان والوں کو جو کہ پرہیز گار تھے۔"

اور پھر مطالعہ کیجیے اس عظیم الشان واقعہ کا جو ہجرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق رکھتا ہے اور سورۂ انفال میں دشمنان حق کی ہلاکی کا ابدی اعلان ہے۔

ان دونوں واقعات میں حق و باطل کے معرکوں، دشمنوں کی خفیہ سازشوں اور انبیاء علیہم السلام کی حفاظت کے لیے وعدۂ الٰہی اور

اس کے بے غل وغش پورا ہونے کا جو نقشہ قرآن عزیز نے پیش کیا ہے، تاریخی نگاہ سے ان پر غور فرمائیے اور فیصلہ کیجئے کہ جس خدا نے صالح علیہ السلام اور خاتم الانبیاء محمد ﷺ کے ساتھ اپنے وعدۂ حفاظت کو اس شان رفیع کے ساتھ پورا کیا ہو۔ کیا متنبی پنجاب کے عقیدہ کے مطابق اسی شان معجزانہ کے ساتھ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں پورا ہوا؟ نہیں ہرگز نہیں، حالانکہ آیات قرآنی شاہد ہیں کہ ان دونوں واقعات کے مقابلہ میں عیسیٰ بن مریم علیہما السلام سے کیے گئے وعدے زیادہ واضح تفصیلات رکھتے ہیں اور ان میں صاف کہا گیا ہے کہ خدا کے بہترین مخفی فیصلہ کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام کے دشمن ان کو ہاتھ تک نہ لگا سکیں گے، تب ہی تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اپنے جن احسانات وانعامات کو شمار کرائے گا ان میں سے ایک بڑا انعام واحسان یہ بھی ہوگا۔

﴿وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ عَنْكَ﴾ (المائدہ: ۱۱۰)

اور جبکہ ہم نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روک دیا تھا۔

متنبی پنجاب کو اگر اپنی نبوت اور مسیحیت کے افتراء اور ڈھونگ کو مضبوط کرنے کے لیے حضرت مسیح علیہ السلام کے زندہ آسمان پر اٹھائے جانے کے خلاف اس درجہ ناگواری تھی جیسا کہ متنبی کاذب کی تصنیفات سے معلوم ہوتا ہے تب بھی یہود ونصاریٰ کی اس اندھی تقلید کے لیے مقابلہ میں جو نصوص قرآنی کے خلاف "کفر بواح" تک پہنچاتی اور حضرت مسیح علیہ السلام کی شان رفیع کے حق میں باعث توہین وتذلیل وعدۂ الٰہی کی تکذیب کرتی ہے" کیا یہ کافی نہیں تھا۔ کہ تاویل باطل [1] کے پردہ میں اتنا ہی کہہ دیا جاتا کہ وہ اگرچہ بقید حیات آسمان پر نہیں اٹھائے گئے مگر اللہ تعالیٰ نے بند مکان سے کسی طریق پر ان کو دشمنوں کے نرغے سے نکال کر محفوظ کر دیا اور دشمن کسی طرح ان کو نہ پا سکے، لیکن وائے برحال متنبی قادیان کہ خدا کے سچے پیغمبر حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے ساتھ بغض وعناد نے ﴿خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ﴾ کا مصداق بنا کر ہی چھوڑا۔

قادیانی تلبیس اور اس کا جواب:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس معرکۃ الآراء مسئلہ میں "جو ان کی عظمت اور جلالت کا زبردست نشان ہے" سورۂ آل عمران کی آیات کا باہمی ربط اور ترتیب ذکری خصوصیت کے ساتھ قابل توجہ ہے کہ متنبی کاذب نے اس میں بھی "تلبیس الحق بالباطل" کا ثبوت دے کر ناواقف کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے۔

قرآن عزیز، سورۂ آل عمران میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح علیہ السلام کے دشمنوں کے نرغہ میں گھر جانے سے متعلق جس تسلی اور وعدہ کا ذکر کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فطری شکل وصورت یہ پیش آئی کہ جب دشمنانِ دین نے حضرت مسیح علیہ السلام کا ایک بند مکان میں محاصرہ کر لیا تو ایک اولوالعزم پیغمبر اور خدائے برحق کے درمیان تقرب کا جو رشتہ قائم ہے اس کے پیش نظر قدرتی طور پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ خیال پیدا ہوا کہ اب کیا پیش آنے والا ہے، راہ حق میں جاں سپاری یا قدرت الٰہی کا کوئی اور کرشمہ؟ اور اگر دشمنوں سے تحفظ کے لیے کوئی کرشمہ پیش آنے والا ہے تو اس کی کیا شکل ہوگی کیونکہ بظاہر کوئی سامان نظر نہیں آتا؟ اور اگر تحفظ ہوا بھی تو کیا کچھ مصائب

[1] تاویل باطل اس لئے کہ حیات عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق دیگر نصوص قرآنی، حدیثی اور اجماع امت کے پیش نظر اس مقام پر یہ تاویل بلاشبہ "باطل" ہے مگر اس سے کم از کم حضرت مسیح علیہ السلام کی توہین اور وعدۂ الٰہی کی تکذیب کا پہلو نہیں نکلتا۔

و آلام اٹھانے کے بعد تحفظ جان ہوگا یا دشمن کسی بھی صورت میں قابو نہ پا سکیں گے؟ تب اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کرتے ہوئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قلب میں فطری طور پر پیدا ہونے والے سوالات کا ترتیب وار اس طرح جواب دیا: "عیسیٰ! میری یہ ذمہ داری ہے کہ میں تیری مقررہ مدت حیات پوری کروں گا یعنی مطمئن رہو کہ تجھ کو دشمن قتل نہ کر پائیں گے" ﴿اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ﴾ "اور صورت یہ ہوگی کہ اس وقت میں تجھ کو اپنی جانب یعنی ملاءاعلیٰ کی جانب اٹھالوں گا" ﴿وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ﴾ اور یہ بھی اس طرح نہیں کہ پہلے سب کچھ مصائب ہو گزریں گے اور پھر ہم تجھ کو آخر میں علاج معالجہ کرا کر اٹھائیں گے، نہیں بلکہ یوں ہوگا کہ تو دشمن کے ناپاک ہاتھوں سے ہر طرح محفوظ رہے گا اور کوئی دشمن تجھ کو ہاتھ تک نہ لگا سکے گا ﴿وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا﴾ یہ تو تمہارے فطری سوالات کا جواب ہوا لیکن اس سے بھی زیادہ ہم یہ کریں گے کہ جو تیرے پیرو ہیں (خواہ غلط کار ہوں جیسا کہ نصاریٰ اور خواہ صحیح العقیدہ ہوں جیسا کہ مسلمان) ان کو قیامت تک یہود پر غالب رکھیں گے اور تا قیام قیامت کبھی ان کو حاکمانہ اقتدار نصیب نہیں ہوگا، باقی رہا تمام معاملات کا فیصلہ، سو اس کے لیے (قیامت کا) دن مقرر ہے اس روز سب اختلافات ختم ہو جائیں گے اور حق و باطل کا دوٹوک فیصلہ کر دیا جائے گا۔

زیر بحث آیات کی یہ تفسیر جس طرح سلف صالحین اور اجماع امت کے مطابق ہے اسی طرح اس میں آیات میں کیے گئے متعدد وعدوں کی ترتیب میں بھی کوئی فرق نہیں پڑتا اور مقدم کو مؤخر اور مؤخر کو مقدم کرنے کی ضرورت پیش نہیں آتی مگر مرزائے قادیانی نے اپنی "مسند مسیحیت و نبوت" کو قائم کرنے کے لیے قرآن، احادیث صحیحہ اور اجماع امت کے خلاف جبکہ یہ دعویٰ کیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت ہو چکی تو اس سلسلہ کی آیات میں تحریف معنوی کی ناکام سعی کو بھی ضروری سمجھا اور دعویٰ کیا کہ اگر مسیح علیہ السلام کی موت کے وقوع کو رفع الی السماء اور تطہیر اور تفوق المطیعین علی الکافرین سے قبل تسلیم نہ کیا جائے گا تو ترتیب ذکری میں فرق آ جائے گا اور مقدم کو مؤخر اور مؤخر کو مقدم ماننا پڑے گا اور یہ قرآن عزیز کی شان بلاغت کے خلاف ہے۔ لہٰذا یہ ماننا چاہیے کہ ﴿اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ﴾ کے وعدہ کا وقوع ہو چکا اور عیسیٰ علیہ السلام پر موت آ چکی۔

مرزائے قادیانی کی یہ "تلبیس" اگرچہ ان حضرات سے تو پوشیدہ نہیں رہ سکتی جو عربیت اور قرآن کے اسلوب بیان کا ذوق رکھتے ہیں لیکن عوام کو مغالطہ میں ڈال سکتی ہے اس لیے اس عنوان کے شروع ہی میں آیات کی تفسیر کو اس طرح بیان کر دیا گیا کہ مرزا کی جانب سے جو تلبیس کی گئی ہے وہ خود بخود زائل ہو جائے تاہم مزید تشریح کے لیے یہ اور اضافہ ہے کہ ترتیب ذکری کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کلام میں اگر چند باتیں ترتیب وار ذکر کی گئی ہیں تو ان کا وقوع بھی اس طرح ہونا چاہیے کہ اس کلام میں ذکر کردہ ترتیب بگڑنے نہ پائے اور مقدم کو مؤخر اور مؤخر کو مقدم کرنا نہ پڑے اور یہ جب ضروری ہے کہ کلام کی فصاحت و بلاغت کا تقاضا ہی یہ ہو کہ ترتیب ذکری میں فرق نہ آنے پائے ورنہ تو بعض مقامات پر تقدیم و تاخیر کو بھی فصاحت کی جان سمجھا جاتا ہے اور یہ علم معانی کا مشہور مسئلہ ہے۔

پس قرآن کی ان آیات میں جمہور اہل اسلام کی تفسیر کے مطابق ترتیب ذکری بحالہ قائم ہے اس لیے کہ خدا کی جانب سے وعدہ یہ ہے کہ میں تمہاری مقررہ مدت پوری کروں گا ﴿اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ﴾ یعنی تمہاری موت ان دشمنوں کے ہاتھ سے نہیں ہوگی بلکہ اپنی طبعی موت سے مرو گے مگر اس پہلے وعدہ کو پورا کرنے کے لیے متعدد صورتیں ہو سکتی تھیں، یہ کہ دشمنوں پر باہر سے اچانک حملہ ہو اور وہ فرار ہو جائیں یا سب وہیں کھیت رہیں اور حضرت مسیح علیہ السلام ان کی زد سے بچ جائیں، یا یہ کہ قوم عاد و ثمود کی طرح زمین یا آسمان سے قدرتی عذاب آ کر ان سب کو ہلاک کر دے، یا یہ کہ حضرت مسیح علیہ السلام کسی ترکیب سے ان کے نرغہ میں سے محفوظ نکل

جائیں اور ان کی دسترس سے باہر ہو جائیں، یا یہ کہ اللہ تعالیٰ اپنے کرشمہ قدرت سے عیسیٰ علیہ السلام کو مکان بند رہتے ہوئے ملاء اعلیٰ کی جانب اٹھا لے وغیرہ وغیرہ۔ تو قرآن نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خبر دی کہ پہلے وعدہ کا ایفاء مسطورہ بالا آخری شکل یعنی ﴿وَ رَافِعُكَ اِلَيَّ﴾ کی شکل میں ہوگا اور ہوگا بھی ایسی قدرت کاملہ کے ہاتھوں کہ اس محاصرہ کے باوجود دشمن اپنے ناپاک ہاتھ تجھ کو نہیں لگا سکیں گے اور میں ان کافروں کے ہاتھ سے تجھ کو پاک رکھوں گا ﴿وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ اور ان باتوں کے علاوہ یہ بھی ہوگا کہ میں تیرے پیروؤں کو تیرے منکروں پر قیامت تک غالب رکھوں گا، بہرحال بعد کے یہ تینوں وعدے بالترتیب جب ہی عمل میں آئیں گے کہ پہلے وعدۂ اول وقوع پذیر ہو جائے یعنی تیری موت ان کے ہاتھوں نہ ہو بلکہ اپنی مقررہ مدت پر پہنچ کر طبعی موت آئے۔ ان آیات میں پہلے وعدہ کے متعلق یہ نہیں کہا گیا کہ میں اول تجھ کو ماروں گا اور پھر بالترتیب یہ سب امور انجام دوں گا، کیونکہ یہ قول صرف جاہل ہی کہہ سکتا ہے لیکن جس کو گفتگو کا معمولی بھی سلیقہ ہے وہ ہرگز ایسا کہنے کی جرأت نہیں کرے گا کیونکہ ترتیب ذکری کے لیے یہ تو ہونا چاہیے کہ ان امور کے وقوع میں ایسی صورت نہ پیدا ہو جائے کہ ترتیب میں فرق لا کر تقدیم و تاخیر کا عمل جراحی کرنا پڑے لیکن اگر کوئی شے زمانہ کا امتداد اور طوالت چاہتی ہے اور اس کا آخری حصہ وقوع ان تمام امور کے بعد پیش آتا ہے جو اس کے بعد مذکور تھے مگر ترتیب ذکری میں مطلق کوئی فرق نہیں آتا تو ایسی شکل میں اس وقوع کے متاخر ہو جانے سے کسی عالم کے نزدیک بھی کلام کی فصاحت و بلاغت میں نقص واقع نہیں ہوتا اور نہ اس قسم کے وقوع ترتیبی کا ترتیب ذکری کے ساتھ کوئی تعلق ہوتا ہے۔

پس مسئلہ زیر بحث میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طبعی موت کا وقوع کبھی بھی ہو اس کا ترتیب ذکری سے مطلق کوئی علاقہ نہیں ہے یہاں تو ﴿اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ﴾ کہہ کر یہ بتایا گیا ہے کہ دیے گئے متعدد وعدوں میں پہل اور اولیت اس وعدہ کو حاصل ہے کہ تمہاری موت کا سبب یہ یہود بنی اسرائیل نہیں ہوں گے بلکہ جب بھی یہ مقررہ مدت پوری ہوگی اس طریق پر ہوگی جو عام طور سے میری جانب منسوب کی جاتی ہے (یعنی طبعی موت) اور یہ وعدہ بہرحال باقی تین وعدوں سے پہلے ہی رہا تب ہی تو یہ تینوں وعدے وقوع میں آ سکے، اور اگر کہیں دشمن حضرت مسیح علیہ السلام کی موت کا سبب بن گئے ہوتے تو پھر "رفع" اور "تطہیر" کے لیے کوئی صورت ہی نہ رہ جاتی اور مرزا قادیانی کی طرح باطل اور رکیک تاویلات کی آڑ لینی پڑتی اور آیات زیر بحث کی "روح" فنا ہو کر رہ جاتی اور یہ اس لیے کہ اگر "رفع" سے رفع روحانی اور "تطہیر" سے روحانی پاکی مراد لیے جائیں تو یہ قطعاً بے محل اور بے موقع ہوگا کیونکہ قرآن کے ارشاد کے مطابق یہ وعدے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیے جا رہے ہیں تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ بتانا کہ تمہارے متعلق یہود کا یہ اعتقاد "کہ تم کاذب اور ملعون ہو" غلط ہے اور تم مطمئن رہو کہ میں تمہارا رفع روحانی کرنے والا ہوں قطعاً عبث تھا کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیغمبر خدا ہیں اور جانتے ہیں کہ یہود کا افتراء کیا حقیقت رکھتا ہے، نیز یہود کو حضرت مسیح علیہ السلام کے رفع روحانی کا پتہ نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ معاملہ عالم غیب سے متعلق ہے تو خدائے برتر کا یہ ارشاد نہ حضرت مسیح علیہ السلام کی برمحل تسلی کا باعث ہو سکتا تھا اور نہ یہود کے لیے سود مند اور یہی حال دوسرے وعدۂ تطہیر کا ہے بلکہ جب بقول قادیانی یہود کے ہاتھوں حضرت مسیح علیہ السلام صلیب پر چڑھا دیے گئے تو نعش پا لینے کے بعد شاگردوں کا مرہم عیسیٰ لگا کر چنگا کر لینے اور پھر منجانب اللہ جن کی ہدایت و ارشاد کے لیے مامور کیے گئے تھے ان سے جان بچا کر بھاگ جانے اور زندگی بھر گمنامی میں زندگی بسر کرتے رہنے کے بعد ﴿رَافِعُكَ اِلَيَّ﴾ اور ﴿وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ کہہ دینے سے نہ یہود کے عقیدۂ متعلق حضرت مسیح علیہ السلام کی ہی تردید ہوگی اور نہ ایک غیر جانبدار انسان ہی یہ سمجھ سکے گا کہ ایسے موقعہ پر

جبکہ عیسیٰ علیہ السلام دشمنوں کے نرغے میں ہیں اور جبکہ ان کو یہ یقین ہے کہ میں خدا کا پیغمبر ہوں اور موت کے بعد رفع روحانی اور تطہیر لازم شے ہے، ان تسلیوں اور وعدوں کا کیا فائدہ ہے خصوصاً جبکہ ان کے ساتھ دشمن نے وہ سب کچھ کرلیا جو وہ کرنا چاہتا تھا۔

البتہ جمہور اہل حق کی تفسیر کے مطابق آیات قرآنی کی روح اپنی معجزانہ بلاغت کے ساتھ پوری طرح ناطق ہے کہ یہ وعدے حضرت مسیح علیہ السلام سے جس طرح کیے گئے وہ برمحل اور فطری اضطراب کے لیے بلاشبہ باعث تسکین ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت کا وقت کے یہود ونصاریٰ کے وراثتی عقائد باطلہ کی تردید کے لیے کافی اور مدلل۔

جمہور اہل حق کی یہ تفسیر "توفی" کے معنی "مقررہ مدت پوری کرنا" اختیار کر کے کی گئی ہے جس کا حاصل (توفی بمعنی موت) نکلتا ہے لیکن توفی کے یہ حقیقی معنی نہیں ہیں بلکہ بطور کنایہ کے مستعمل ہوئے ہیں کیونکہ لغت عرب میں اس کا مادہ (میٹر) وفی، یفی، وفاء ہے جس کے معنی "پورا کرنے" کے آتے ہیں اور اس کو جب باب تفعل میں لے جاکر "توفی" بناتے ہیں تو اس کے معنی "کسی شے کو پورا پورا لے لینا" یا "کسی شے کو سالم قبضہ میں کرلینا" آتے ہیں (توفی اخذہ وافیا تاماً یقال "توفیت من فلان مالی علیہ") اور چونکہ موت میں بھی، اسلامی عقیدہ کے مطابق روح کو پورا لے لیا جاتا ہے اس لیے کنایہ کے طور پر "کہ جس میں حقیقی معنی بحالہ محفوظ رہا کرتے ہیں" "توفی بمعنی موت مستعمل ہوتا ہے اور کہتے ہیں" توفاہ اللہ ای اماتہ" لیکن اگر موقع پر دوسرے دلائل ایسے موجود ہوں جن کے پیش نظر توفی کے حقیقی معنی لیے جاسکتے ہوں یا حقیقی کے ماسوا دوسرے معنی بن ہی نہ سکتے ہوں تو اس مقام پر خواہ فاعل "اللہ تعالیٰ" اور مفعول "ذی روح انسان" ہی کیوں نہ ہو وہاں حقیقی معنی "پورا لے لینا" ہی مراد ہوں گے مثلاً آیت:

﴿اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا﴾ (الزمر: ٤٢)

اللہ پورا لے لیتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت اور ان جانوں کو جن کو ابھی موت نہیں آئی ہے پورا لے لیتا ہے نیند میں ﴿وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ﴾ کے لیے بھی لفظ "توفی" بولا گیا یعنی ایک جانب یہ صراحت کی جارہی ہے کہ یہ وہ جانیں (نفوس) ہیں جن کو موت نہیں آئی اور دوسری جانب یہ بھی بصراحت کہا جارہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نیند کی حالت میں ان کے ساتھ "توفی" کا معاملہ کرتا ہے تو یہاں اللہ تعالیٰ فاعل ہے "متوفی" اور نفس انسانی مفعول ہے "متوفی" مگر پھر بھی کسی صورت سے "توفی بمعنی موت" صحیح نہیں ہیں ورنہ تو قرآن کا جملہ ﴿وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ﴾ العیاذ باللہ مہمل ہوکر رہ جائے گا، یا مثلاً:

﴿وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ﴾ (الانعام: ٦٠)

(اور وہی (اللہ) ہے جو پورا لے لیتا یا قبضہ میں کرلیتا ہے تم کو رات میں اور جانتا ہے جو تم کماتے ہو دن میں) میں بھی کسی طرح توفی بمعنی موت نہیں بن سکتے حالانکہ توفی کا فاعل اللہ اور مفعول انسانی نفوس ہیں یا مثلاً آیت:

﴿حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا﴾ (الانعام: ٦١)

یہاں تک کہ جب آتی ہے تم میں سے ایک کسی کو موت قبض کرلیتے ہیں یا پورا لے لیتے ہیں اس کو ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) میں ذکر موت ہی کا ہو رہا ہے لیکن پھر بھی ﴿تَوَفَّتْهُ﴾ میں توفی کے معنی موت کے نہیں بن سکتے ورنہ بے فائدہ تکرار لازم آئے گا، یعنی

﴿اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ﴾ میں جب لفظ "موت" کا ذکر آ چکا تو اب ﴿تَوَفَّتْهُ﴾ میں بھی اگر توفی کے معنی موت ہی کے لیے جائیں تو ترجمہ یہ ہوگا، یہاں تک کہ جب آتی ہے تم میں سے ایک کسی کو موت، موت لے آتے ہیں ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں دوبارہ لفظ موت کا ذکر بے فائدہ ہے اور کلام فصیح و بلیغ اور معجز تو کیا روزمرہ کے محاورہ اور عام بول چال کے لحاظ سے بھی پست اور لا طائل ہو جاتا ہے البتہ اگر "توفی" کے حقیقی معنی "کسی شے پر قبضہ کرنا یا اس کو پورا لے لینا" مراد لیے جائیں تو قرآن عزیز کا مقصد ٹھیک ادا ہوگا اور کلام بھی اپنے حد اعجاز پر قائم رہے گا۔

اب ہر ایک عاقل غور کر سکتا ہے کہ یہ دعویٰ کرنا کہ "توفی" کے حقیقی معنی موت کے ہیں۔ خصوصاً جبکہ فاعل خدا ہو اور مفعول ذی روح کہاں تک صحیح اور درست ہے۔

بہر حال اس موقع پر "موت" اور "توفی" دونوں کا ساتھ ساتھ بیان ہونا اور دونوں کا ایک ہی معمول ہونا اور پھر دونوں کے معنی میں فرق و تفاوت اس بات کے لیے واضح دلیل ہے کہ یہ دونوں مرادف الفاظ نہیں ہیں اور جس طرح لیث و اسد (بمعنی شیر) ابل و جمل (بمعنی اونٹ) نون و حوت (بمعنی مچھلی) وغیرہ اسماء کا اور جمع، شمل، کسب (بمعنی جمع ہونا) اور لبث مکث (بمعنی ٹھہرنا) اور عطش، ظما (پیاس) اور جوع، سغب (بمعنی بھوک) مصادر کا حال ہے، موت اور توفی کے درمیان وہ معاملہ نہیں ہے بلکہ ان کے حقیقی معانی میں نمایاں فرق ہے۔ اور مثلاً آیت:

﴿فَاَمْسِکُوْهُنَّ فِی الْبُیُوْتِ حَتّٰی یَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ﴾ (النساء: ۱۵)

"پس روکے رکھو ان (عورتوں) کو گھروں میں یہاں تک کہ لے لے ان کو موت"

میں موت کو فعل توفی کا فاعل قرار دیا گیا ہے اور ہر ایک زبان کی نحو (گرامر) کا یہ مسئلہ ہے کہ فاعل اور فعل ایک نہیں ہوتے کیونکہ فعل، فاعل سے صادر ہوتا ہے، عین ذات فاعل نہیں ہوا کرتا تو اس سے یہ بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ توفی کے حقیقی معنی "موت" کے ہرگز ہرگز نہیں ہیں، ورنہ اس کا اطلاق جائز نہیں ہو سکتا تھا۔ ان تین مقامات کے علاوہ سورہ بقرہ کی آیت:

﴿ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ مَّا کَسَبَتْ﴾ (البقرہ: ۲۸۱)

پھر پورا دیا جائے گا ہر ایک نفس کو جو کچھ اس نے کمایا ہے۔"

اور سورۂ نحل کی آیت:

﴿وَ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ﴾ (النحل: ۱۱۱)

"اور پورا دیا جائے گا ہر نفس کو جو کچھ اس نے کمایا۔"

میں بھی توفی کا فاعل اللہ تعالیٰ اور مفعول نفس انسانی ہے تاہم یہاں توفی بمعنی موت نہیں بن سکتے اور بہت واضح اور صاف بات ہے۔

غرض ان آیات میں باوجود اس امر کے کہ "توفی" کا فاعل اللہ تعالیٰ اور اس کا مفعول "انسان یا نفس انسانی" ہے پھر بھی باجماع اہل لغت و تفسیر "موت کے معنی" نہیں ہو سکتے خواہ اس لیے کہ دلیل اور قرینہ اس معنی کے خلاف ہے اور یا اس لیے کہ اس مقام

پر توفی کے حقیقی معنی (پورا لے لینا یا قبض کر لینا) کے ماسواء "موت کے معنی" کسی طرح بن ہی نہیں سکتے۔

تو مرزائے قادیانی کا یہ دعویٰ کہ "توفی" اور "موت" مرادف الفاظ ہیں یا یہ کہ توفی کا فاعل اگر اللہ تعالیٰ اور مفعول، انسان یا نفس انسانی ہو تو اس جگہ صرف "موت" ہی کے معنی ہوں گے، دونوں دعوے باطل اور نصوص قرآنی کے قطعاً مخالف ہیں۔

﴿هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○﴾

توفی اور موت یقیناً مترادف الفاظ نہیں ہیں اور توفی کے حقیقی معنی "موت" نہیں بلکہ "پورا لے لینا یا قبض کر لینا" ہیں۔ قرآن عزیز سے اس کی ایک واضح دلیل یہ ہے کہ پورے قرآن میں کسی ایک جگہ بھی موت کا فاعل اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کو قرار نہیں دیا گیا مگر اس کے برعکس توفی کا فاعل متعدد مقامات پر ملائکہ (فرشتوں) کو ٹھہرایا ہے مثلاً سورۂ نساء میں ہے:

﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ﴾ (النساء: ۹۷)

"بیشک وہ لوگ جن کو فرشتوں نے قبض کر لیا یا پورا پورا لے لیا۔"

اور سورۂ انعام میں ہے: ﴿تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا﴾ "قبض کر لیا یا پورا لے لیا" اس کو ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتوں) نے اور سورۂ سجدہ میں ہے ﴿قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ﴾ (اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے قبض کرے گا تم کو موت کا فرشتہ)" اور سورۂ انفال میں ہے: ﴿وَلَوْ تَرٰٓى إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ﴾ (الانفال: ۵۰) "اور کاش کہ تو دیکھے جس وقت کہ قبض کرتے ہیں فرشتے ان لوگوں (کی روحوں) کو جنھوں نے کفر کیا ہے۔

ان تمام مقامات پر اگرچہ توفی "کنایۃ" بمعنی موت استعمال ہوا ہے لیکن پھر بھی چونکہ اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی بجائے ملائکہ اور ملک الموت کی جانب ہو رہی تھی اس لیے لفظ "توفی" کا اطلاق کیا گیا اور لفظ "موت" استعمال نہیں کیا گیا اور یہ صرف اس لیے کہ موت تو اللہ کا فعل ہے اور موت کے وقت انسان کا یعنی روح انسانی کا قبض کرنا اور اس کا پورا پورا لے لینا یہ فرشتوں کا عمل ہے، تو جن مقامات میں یہ بتانا مقصود ہے کہ جب خدا کسی کی اجل پوری کر دیتا اور موت کا حکم صادر فرماتا ہے تو اس کی صورت عمل کیا پیش آتی ہے ان مقامات میں موت کا اطلاق ہرگز موزوں نہیں تھا بلکہ "توفی" کا لفظ ہی اس حقیقت کو ادا کر سکتا تھا۔

موت اور توفی کے درمیان قرآنی اطلاقات کے پیش نظر ایک بہت بڑا فرق یہ بھی ہے کہ قرآن عزیز نے جگہ جگہ "موت" اور "حیات" کو تو مقابل ٹھہرایا ہے لیکن "توفی" کو کسی ایک مقام پر بھی "حیات" کا مقابل قرار نہیں دیا۔ مثلاً سورہ ملک میں ہے:

﴿الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ ......﴾ (الملک: ۲)

"خدا ہی وہ ذات ہے جس نے پیدا کیا موت کو اور زندگی کو۔" اور سورۂ فرقان میں ہے:

﴿وَلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً﴾ (الفرقان: ۳)

"اور وہ نہیں مالک ہیں موت کے اور نہ حیات کے۔"

اور اسی طرح ان دونوں کے مشتقات کو مقابل ٹھہرایا ہے مثلاً: ﴿كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتٰى﴾ (البقرہ) ﴿يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا﴾ (روم)

﴿فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا﴾ (البقرہ) ﴿وَ اُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾ (آل عمران) ﴿وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى﴾ (شوریٰ) (وغیر ذلک کثیرا) البتہ توفی کے حقیقی معنی میں چونکہ یہ وسعت موجود ہے کہ اسلام کے نقطہ نظر سے موت کی جو حقیقت ہے بطریق کنایہ اس پر بھی حسب موقعہ اس کا اطلاق ہوسکتا ہے تو یہ استعمال اور اطلاق بھی جائز ٹھہرا اور اس میں کسی کو بھی اختلاف نہیں۔

"توفی" کے معنی کی اس مفصل تشریح وتوضیح کا حاصل یہ ہوا کہ لغت عرب اور قرآنی اطلاقات دونوں اس کے شاہد ہیں کہ توفی اور موت دونوں کے حقیقی معنی میں بھی اور دونوں کے اطلاقات میں بھی واضح فرق ہے اور دونوں مرادف الفاظ نہیں ہیں خواہ توفی کا فاعل اللہ تعالیٰ اور مفعول "انسان اور روح انسانی" ہی کیوں نہ ہو۔ مگر اسلامی نقطہ نظر سے چونکہ موت ایک ایسی حقیقت کا نام ہے جس پر بطریق "توسع" اور "کنایہ" توفی کا اطلاق کیا جاسکتا ہے۔ پس جس مقام پر قرینہ اور محل استعمال کا تقاضا یہ ہوگا کہ وہاں توفی بول کر کنایۃً موت کے معنی لیے جانے چاہئیں تو اس جگہ "موت" کے معنی مراد ہوں گے لیکن اس کے برعکس اگر دلیل، قرینہ اور محل استعمال حقیقی معنی کا متقاضی ہے تو اس جگہ وہی معنی مراد ہوں گے اور ان ہی کو مقدم سمجھا جائے گا خواہ کنائی معنی وہاں قطعاً نہ بن سکتے ہوں اور خواہ بن سکتے ہوں مگر محل استعمال اور دوسرے دلائل اس کو مرجوح یا ممنوع قرار دیتے ہوں۔

یہی وہ حقیقت ہے جس کو بہ نظر غائر مطالعہ کرنے کے بعد لغت کے مشہور امام ابوالبقاء نے یہ تصریح کی ہے کہ عوام میں توفی کے معنی اگرچہ "موت" کے سمجھے جاتے ہیں مگر خواص کے نزدیک اس کے معنی "پورا لے لینا" اور "قبض کرنا" ہیں فرماتے ہیں:

التوفی الاماتة و قبض الروح و علیه استعمال العامة والاستیفاء و اخذ الحق و علیه استعمال البلغاء.

الحاصل، سورۂ مائدہ کی آیت ﴿اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ﴾ میں اگر حقیقی معنی مراد ہوں، جیسا کہ جلیل القدر علماء تفسیر ولغت نے اختیار کیے ہیں۔ تب بھی مرزائے قادیانی کے علی الرغم آیات زیر بحث کا یہ مطلب ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ تسلی دی گئی "اے عیسیٰ! میں تجھ کو پورا پورا لے لینے والا ہوں یا تجھ کو قبض کرنے والا ہوں اور صورت یہ ہوگی کہ میں تجھ کو اپنی جانب (ملاء اعلیٰ کی جانب) اٹھا لینے والا ہوں اور تجھ کو دشمنوں کے ناپاک ہاتھوں سے پاک رکھنے والا ہوں..... الخ" یعنی جب شروع میں یہ بتایا کہ تجھ کو قبض کرلیا جائے گا یا پورا لے لیا جائے گا تو قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوا کہ قبض کرنے اور پورا لے لینے کی مختلف شکلیں ہیں مثلاً ایک یہ کہ موت آ جائے اور روح کو قبض کرلیا جائے اور پورا لے لیا جائے اور دوسری یہ کہ زندہ ملاء اعلیٰ کی جانب (اپنی جانب) اٹھا لیا جائے تو یہاں کون سی صورت پیش آئے گی۔ پس اس کو صاف اور واضح کرنے کے لیے کہا گیا کہ دوسری شکل اختیار کی جائے گی تاکہ دشمنوں کی سازشوں کے مقابلہ میں معجزانہ تدبیر کے ذریعہ وعدۂ الٰہی ﴿وَ مَكَرُوْا وَ مَكَرَ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ﴾ پورا ہو اور ﴿وَ اِذْ كَفَفْتُ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ﴾ کا عظیم الشان مظاہرہ ہو جائے اور "توفی" اور "رفع" ہو جانے پر نتیجہ یہ نکلے کہ ذات اقدس کافروں کے ہاتھ سے ہر طرح محفوظ ہو جائے اور اس طرح وعدۂ ربانی ﴿وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ بغیر کسی تاویل کے صحیح ہو جائے اور تاویل باطل کے ذریعہ شک اور تردد یا حقیقت حال سے انکار صرف ان ہی قلوب کا حصہ رہ جائے جو قرآن سے علم حاصل کرنے کی بجائے اول اپنے ذاتی اوہام وظنون کو راہنما بناتے اور پھر قرآن کے منطوق ومفہوم کے خلاف اس کے منہ میں اپنی زبان رکھ دینا چاہتے ہیں اور اس سے وہ کہلانا چاہتے ہیں جو وہ خود کہنا نہیں چاہتا مگر وہ قرآن عزیز کی اس صفت سے غافل رہتے ہیں:

﴿لَّا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ﴿٤٢﴾﴾ (السجدہ: ۴۲)

"اس قرآن کے آگے سے اور نہ اس کے پیچھے سے (کسی جانب سے بھی) باطل نہیں پھٹک سکتا، یہ اتارا ہوا ہے ایسی ہستی کی جانب سے جو حکمت والی، خوبیوں والی ہے۔"

متنبی پنجاب کو جب قرآن عزیز کی ان نصوص سے متعلق تحریف معنوی میں ناکامی ہوئی اور خسران کے سوا کچھ ہاتھ نہ آیا تو مجبور ہو کر اور قرآن عزیز کے اطلاقات، احادیث صحیحہ کی اطلاعات اور اجماع امت کے فیصلہ کو پس پشت ڈال کر "فلسفہ" کی آغوش میں پناہ لینے کا ارادہ کیا اور اپنی تصانیف میں یہ ہرزہ سرائی کی کہ اگر حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر زندہ اٹھا لیے گئے تو یہ عقل کے خلاف ہے اس لیے کہ کوئی مادی جسم ملاء اعلیٰ تک پرواز نہیں کر سکتا اور کر بھی جاتا تو اتنی طویل مدت کیسے زندہ ہے اور وہاں کھانے، پینے اور رفع حاجت کرنے کی صورت کیسے عمل میں آسکتی ہے؟

قدرت الٰہی کے معجزانہ افعال کو خلاف عقل کہہ کر بات اگر ختم ہوسکتی تو شاید قادیانی کی یہ فلسفیانہ موشگافی درخور اعتناء سمجھی جا سکتی۔ لیکن آج فلسفہ جدید بہ شکل سائنس ترقی کر کے جس حد تک پہنچ چکا ہے وہاں نظریات (Theores) نہیں بلکہ مشاہدات اور عملیات (Practicles) اس بات کو ثابت کر رہے ہیں کہ فضاء کے موانعات کو اگر آہستہ آہستہ ہٹا دیا جائے یا ان کو ضبط (Control) میں لے آیا جائے تو مادی جسم کے لیے غیر معلوم بلندی تک پہنچنا ممکن العمل ہو جائے گا اور اس کے لیے جوجد وجہد وہ کر رہے ہیں اس کو ممکن العمل سمجھ کر ہی کر رہے ہیں اور سائنٹیفک (Scientific) طریقہ پر کر رہے ہیں، پس اگر آج کا انسان میلوں اوپر ہوائی جہاز کے ذریعہ جا سکتا ہے اور ٹیلی ویژن کے ذریعہ ہزاروں میل سے مادی انسان کے ساتھ باتیں کرتے وقت اس کے جسم کی تصویر لے سکتا ہے اور ہوا اور آفتاب کی لہروں اور شعاعوں پر کنٹرول کر کے ہزاروں میل تک اپنی آواز کو بذریعہ ریڈیو نشر کر سکتا ہے اور ہزاروں برس کے گزرے ہوئے واقعات کو فضاء میں نظم کر کے آج اس طرح سنا سکتا ہے گویا وہ سب کچھ اس وقت ہو رہا ہے تو اس انسان کے خالق بلکہ خالق کائنات کے متعلق از راہِ تفلسف یہ کہنا کہ وہ مادی جسم کو ملاء اعلیٰ تک کیسے لے جا سکتا ہے اپنی غباوت پر مہر کرنا نہیں تو اور کیا ہے۔

اور اگر ادویات اور غذاؤں اور حفظان صحت کے مختلف طریقوں سے عمر طبعی کو دوگنا اور تین گنا کیا جا سکتا اور کیا جا رہا ہے نیز اگر مختلف غذاؤں کے اثرات ونتائج میں یہ فرق ہو سکتا ہے اور ہوتا ہے کہ کسی سے فضلہ زیادہ بنے اور کسی سے بہت کم بنے اور کسی سے قطعاً نہ بنے بلکہ وہ خالص خون کی شکل میں تحلیل ہو جائے اور اگر انسان اپنی ریاضتوں اور مجاہدوں کے ذریعہ روحانی قوت کو بڑھا کر آج اس دنیا میں دنوں، ہفتوں بلکہ مہینوں بغیر خورد ونوش زندہ رہ سکتا ہے تو مجبور انسانوں کی ان کامیاب کوششوں کو صحیح سمجھنے کے باوجود خالق ارض وسماوات کی جانب حضرت مسیح علیہ السلام کی رفعت آسمانی پر مسطورۂ بالا شکوک پیش کرنا یا ان کے پیش نظر ان کی بجسد عنصری ملاء اعلیٰ تک پہنچنے اور وہاں زندہ رہنے کا انکار کرنا اگر جہالت نہیں تو اور کیا ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ جو شخص علمی حقائق سے ناآشنا اور علوم قرآن سے محروم ہے وہ "خلاف عقل" اور "ماوراء عقل" ان دونوں کے درمیان فرق کرنے سے عاجز ہے اور اس لیے ہمیشہ ماوراء عقل کو خلاف عقل کہہ کر پیش کرتا رہتا ہے۔

دراصل انسان کی فکری گمراہیوں کا سرچشمہ صرف دو ہی باتیں ہیں ایک یہ کہ انسان "عقل" سے اس درجہ بے بہرہ ہو جائے

کہ ہر ایک بات بے سمجھے بوجھے مان لے اور اندھوں کی طرح ہر ایک راہ پر چلنے لگے، دوسری بات یہ کہ جو حقیقت بھی عقل سے بالاتر نظر آئے اس کو فوراً جھٹلا دے اور یہ یقین کر لے کہ جس شے کو اس کی سمجھ یا چند انسانوں کی سمجھ ادراک نہیں کر سکتی وہ شے حقیقتاً وجود نہیں رکھتی اور تکذیب کے لائق ہے حالانکہ بہت سی باتیں وہ ہیں جو ایک دور کے تمام عقلاء کے نزدیک ماوراء عقل سمجھی جاتی ہیں، اس لیے کہ ان کی عقلیں ان باتوں کا ادراک کرنے سے عاجز رہیں مگر وہی باتیں علمی ترقی کے دوسرے دور میں جا کر نہ صرف ممکن الوقوع قرار پاتی بلکہ مشاہدہ اور تجربہ میں آ جاتی ہیں پس اگر ہر ایک وہ شے جو کسی ایک انسان یا جماعت یا اس کے دور کے تمام اہل عقل کے نزدیک ماوراء عقل تھی "خلاف عقل" کہلانے کی مستحق تھی تو وہ دوسرے دور میں کیوں عقل کے لیے ممکن ہوئی بلکہ مشاہدہ میں آ گئی۔

قرآن عزیز نے گمراہی کی اس پہلی حالت کو (جہل، ظن، خرص، اٹکل) سے تعبیر کیا ہے اور دوسری حالت کو "الحاد" کہا ہے اور یہ دونوں حالتیں "علم و عرفان" سے محرومی کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ خلاف عقل اور ماوراء عقل کے درمیان یہ فرق ہے کہ خلاف عقل بات وہ ہو سکتی ہے جس کے نہ ہو سکنے کے متعلق علم و یقین کی روشنی میں مثبت دلائل و براہین موجود ہوں اور عقل، دلیل و برہان اور علم یقین سے یہ ثابت کرتی ہو کہ ایسا ہونا ناممکن اور محال ذاتی ہے اور ماوراء عقل اس بات کو کہتے ہیں کہ بعض باتوں کے متعلق عقل ہی کا یہ فیصلہ ہے کہ چونکہ انسانی عقل کا ادراک ایک خاص حد سے آگے نہیں بڑھتا اور حقیقت اسی حد پر ختم نہیں ہو جاتی، لہٰذا ہر وہ بات جو عقل کے احاطہ میں نہ آ سکتی ہو مگر اس کے انکار پر علم و یقین کے ذریعہ برہان و دلیل بھی دی جا سکتی ہو تو ایسی بات کو خلاف عقل نہیں بلکہ ماوراء عقل کہیں گے۔

خلاف عقل اور ماوراء عقل کے درمیان امتیاز ہی کا یہ نتیجہ ہے کہ جن چیزوں کو کل کی دنیا میں عام طور پر خلاف عقل کہا جاتا رہا ان کو اہل دانش و بینش نے خلاف عقل نہ سمجھتے ہوئے موجودہ دور میں ممکن بلکہ موجود کر دکھایا اور کل یہی عقل کی ترقی آج کی بہت سی ماوراء عقل باتوں کو احاطہ عقل میں لا سکے گی اور نہ معلوم یہ سلسلہ کب تک جاری رہے گا۔

پس جو شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بجسد عنصری رفع الی السماء کا اس لیے منکر ہے کہ عقلی فلسفہ اس کا انکار کرتا ہے تو اس کا یہ دعویٰ "برہان و دلیل اور علم و یقین کی جگہ محض جہل، ظن، اٹکل کے ماتحت ہے" اور ایسے حضرات کے لیے پھر عالم غیب کی تمام ماوراء عقل باتوں، مثلاً وحی، فرشتہ، جنت، جہنم، حشر، معاد، معجزہ وغیرہ تمام باتوں کو خلاف عقل کہہ کر جھٹلا دینا چاہیے۔ قرآن عزیز نے ان ہی جیسے منکرین حق کے متعلق صاف صاف مکذبین کا لقب تجویز کر دیا ہے:

﴿بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَ لَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴾ (یونس: ۳۹)

"نہیں یہ بات نہیں ہے (جیسا کفار کہتے ہیں) اصل حقیقت یہ ہے کہ جس بات پر یہ اپنے علم سے احاطہ نہ کر سکے اور جس بات کا نتیجہ ابھی پیش نہیں آیا اس کے جھٹلانے پر آمادہ ہو گئے۔ ٹھیک اسی طرح انہوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں تو دیکھو ظلم کرنے والوں کا کیسا کچھ انجام ہو چکا ہے۔"

آیت ﴿كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ﴾ کہہ کر جس حقیقت کا اعلان کیا گیا ہے "یعنی انسان کی عقل جس بات کا ادراک

کر سکے اس کو دلیل و برہان اور علم یقین کے بغیر ہی جھٹلا دینا اور صرف اس بناء پر انکار کر دینا کہ یہ بات ہماری سمجھ سے بالاتر ہے" اس کی ایک نظیر مرزائے قادیانی کا وہ انکار ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے "رفع الی السماء" سے متعلق ہے اور اس کے خلیفہ مسٹر لاہوری کی فلسفیانہ موشگافیاں بھی اسی بے دلیل انکار و جحود کا شعبہ ہیں۔

اس حربہ کو بھی کمزور سمجھ کر متنبی پنجاب نے پھر رخ بدلا اور یہ دعویٰ کیا کہ اس موقع کے علاوہ قرآن کے کسی مقام سے یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ "رفع" سے "رفع روحانی" کے ماسواء کوئی معنی لیے گئے ہیں یعنی مادی شے کی جانب رفع کی نسبت کی گئی ہو لہٰذا اس مقام پر بھی رفع روحانی کے علاوہ معنی لینا قرآن کے اطلاق استعمال کے خلاف ہے۔

مگر متنبی کاذب کا یہ دعویٰ اوّل تو بنیاداً ہی غلط ہے کیونکہ اگر کسی لفظ کے محل استعمال سے یا قرآن ہی کی دوسری نصوص سے ایک معنی متعین ہیں تب یہ سوال پیدا کرنا کہ "یہی استعمال دوسرے کسی مقام پر جب تک ثابت نہیں ہوگا قابل تسلیم نہیں" حد درجہ کی نادانی ہے تاوقتیکہ دلیل سے یہ ثابت نہ کر دیا جائے کہ لغت عرب میں اس لفظ کا اس معنی میں استعمال جائز ہی نہیں اور اگر اتمام حجت کے طور پر اس قسم کے لچر سوال یا دعوے کو قابل جواب، یا لائق رد سمجھا ہی جائے تو سورۂ والنازعات کی یہ آیت کافی و وافی ہے:

﴿ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾﴾ (النازعات: ۲۷۔۲۸)

"(اے افراد نسل انسانی) خلقت اور پیدائش کے لحاظ سے کیا تم زیادہ بھاری اور بوجھل ہو یا آسمان، جس کو خدا نے بنایا اور اس کے بوجھل جسم کو بلند کیا۔"

اور ایک آسمان پر ہی کیا موقوف ہے یہ ہم سے لاکھوں اور کروڑوں میل دور فضاء میں سورج، چاند اور ستاروں کو خدائے برتر نے جو بلندی اور رفعت عطاء کی ہے کیا یہ سب کے سب مادی اجسام نہیں ہیں؟ اور اگر ہیں اور یقیناً ہیں تو جس خالق ارض و سماوات نے ان مادی اجسام کا رفع کیا ہے، وہ اگر ایک انسانی مخلوق کا رفع آسمانی کر دے تو اس کو قرآن کے اطلاق و استعمال کے خلاف کہنا غباوت اور جہالت نہیں تو اور کیا ہے، البتہ ثبوت درکار ہے تو اس کے لیے قرآن عزیز کی نصوص، صحیح احادیث اور اجماع امت سے زیادہ موثق ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے؟

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رفع سماوی اور چند جذباتی باتیں:

مرزائے قادیانی نے اگرچہ اس مسئلہ میں جمہور کے خلاف یہود و نصاریٰ کی پیروی میں تحریف مطالب کی کافی سعی ناکام کی ہے اور مسٹر لاہوری نے بھی تفسیر قرآن میں تحریف معنوی کے ذریعہ اپنے مقتداء کی مدد کی، تاہم دل کا چور ان کو مطمئن نہیں کر سکا اور اس لیے انہوں نے دلائل و براہین کی جگہ جذبات کو دلیل راہ بنایا اور کبھی تو یہ کہا کہ جو لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر زندہ تسلیم کرتے ہیں وہ ان کو خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر فضیلت دیتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم زمین پر ہوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر، یہ تو سخت توہین کی بات ہے۔

لیکن علمی حلقوں میں اس لچر اور لوچ جذبہ کی کیا قدر و قیمت ہو سکتی ہے جبکہ ہر ایک مذہبی انسان اس حقیقت سے بخوبی آشنا ہے کہ اگرچہ فرشتے، ہمیشہ بقید حیات ملاء اعلیٰ میں موجود اور سکونت پذیر ہیں تاہم ان سب کے مقابلہ میں بلکہ ان کی جلیل القدر

ہستیوں مثلاً جبرئیل و میکائیل کے مقابلہ میں بھی ایک مفضول سے مفضول نبی کا رتبہ بہت بلند اور عالی ہے، حالانکہ وہ نبی زمین پر مقیم رہا ہے اور جبرئیل کا قیام ملاء اعلیٰ کے بھی بلند تر مقام پر رہتا ہے چہ جائیکہ خاتم الانبیاء ﷺ کا مرتبہ جلیل کہ جس کی عظمت...... "بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر" میں مضمر ہے، علاوہ ازیں نبی اکرم ﷺ نے شب معراج میں "قاب قوسین او ادنیٰ" کا جو تقرب پایا ہے وہ نہ کسی ملک اور فرشتہ کو حاصل ہوا اور نہ کسی نبی اور رسول کو، اس لیے حضرت مسیح علیہ السلام کا رفع آسمانی اس "رفعت" کو پہنچ ہی نہیں سکتا جو اسریٰ میں آپ کو حاصل ہوئی۔ بہر حال فاضل و مفضول کے درمیان فرق مراتب کے لیے تنہا ملاء اعلیٰ کا قیام معیار فضیلت نہیں ہے خصوصاً اس "افضل ہستی" کے مقابلہ میں جس کی فضیلت کا معیار خود اس کا وجود باجود ہو اور جس کی ذات قدسی صفات خود ہی منبع فضائل اور مرجع کمالات ہو ایسی ہستی سے تو "مقام" عزت و مرتبہ پاتا ہے نہ کہ وہ ذات گرامی۔

حسن یوسفؑ، دم عیسیٰؑ، ید بیضاء داری   آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

اور کبھی یہ کہا کہ جو شخص عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ تسلیم کرتا ہے وہ "العیاذ باللہ" نبی اکرم ﷺ کی اس لیے توہین کرتا ہے کہ وہ بقید حیات نہیں رہے اور اس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پھر ذات اقدس پر برتری حاصل ہوگئی۔

یہ مقولہ پہلے سے بھی زیادہ بے کیف اور بے معنی ہے بلکہ سرتا سر غلط بنیاد پر قائم، اس لیے کہ کون اہل عقل اور ذی ہوش کہہ سکتا ہے کہ "زندگی" بھی فاضل و مفضول کے درمیان معیار فضیلت ہے، اس لیے کہ زندگی کی قیمت ذاتی کمالات و فضائل سے ہے نہ اس لیے کہ وہ زندگی ہے، پھر "معیار فضیلت" کی اس بحث سے قطع نظر اس موقع پر نبی اکرم ﷺ کے مسئلہ فضیلت کو درمیان لانا اس لیے بھی قطعاً بے محل ہے کہ جبکہ قرآن عزیز کی نصوص نے تمام کائنات پر آپ ﷺ کی برتری کو ثابت کر دیا اور آپ کی سیرت نے زندہ شہادت بن کر ان نصوص کی تصدیق کر دی تو کسی بھی انسان کی "زندگی" یا "رفع آسمانی" یا اور کوئی "وجہ فضیلت" اس کے مقابلہ میں نہیں لائی جا سکتی، اور ہر ایک حالت و صورت میں "فضل کلی" اسی جامع کمالات ہستی کو حاصل رہے گا۔

وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کی تفسیر:

اس مسئلہ کو ختم کرنے سے پہلے اب ایک بات باقی رہ جاتی ہے کہ سورۂ نساء کی مسطورہ بالا آیت میں ﴿وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ﴾ کی کیا تفسیر ہے؟ یعنی وہ کیا اشتباہ تھا جو یہودیوں پر طاری کر دیا گیا تو قرآن عزیز اس کا جواب اس مقام پر بھی اور آل عمران میں بھی ایک ہی دیتا ہے اور وہ "رفع الی السماء" ہے، آل عمران میں اس کو وعدہ کی شکل میں ظاہر کیا ﴿وَرَافِعُكَ اِلَيَّ﴾ اور نساء میں ایفاء وعدہ کی صورت میں یعنی ﴿بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ﴾ جس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ محاصرہ کے وقت جب منکرین حق گرفتاری کے لیے اندر گھسے تو وہاں عیسیٰ علیہ السلام کو نہ پایا، یہ دیکھا تو سخت حیران ہوئے اور کسی طرح اندازہ نہ لگا سکے کہ صورت حال کیا پیش آئی اور اس طرح ﴿وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ﴾ کا مصداق بن کر رہ گئے، اس کے بعد قرآن کہتا ہے:

﴿وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۭ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۝﴾ (النساء: ۱۵۷)

اشتباہ کے بعد جو صورت حال پیش آئی اس کا نقشہ بیان کیا گیا ہے اور اس سے دو باتیں بصراحت ظاہر ہوتی ہیں: ایک

کہ یہود اس سلسلہ میں اس طرح شک میں پڑ گئے تھے کہ گمان اور اٹکل کے ماسوا ان کے پاس علم ویقین کی کوئی صورت باقی نہیں رہ گئی تھی اور دوسری بات یہ کہ انہوں نے کسی کو قتل کر کے یہ مشہور کیا کہ انہوں نے "مسیح علیہ السلام" کو قتل کر دیا اور یا پھر آیت زمانہ نبوت محمدی کے یہود کا حال بیان کر رہی ہے۔

پس قرآن عزیز کے ان واضح اعلانات کے بعد جو حضرت مسیح علیہ السلام کی حفاظت وصیانت کے سلسلہ میں کیے گئے ہیں اور جن کو تفصیل کے ساتھ سطور بالا میں بیان کر دیا گیا ہے ان دو باتوں کی جزئی تفصیلات کا تعلق آثار صحابہ رضی اللہ عنہم اور تاریخی روایات پر رہ جاتا ہے اور اس سلسلہ میں صرف ان ہی روایات و آثار کو قابل تسلیم سمجھا جائے گا جو اپنی صحت روایت کے ساتھ ساتھ ان بنیادی تصریحات سے نہ ٹکراتی ہوں جن کا ذکر متعدد مقامات پر قرآن عزیز نے بصراحت کر دیا ہے اور (القران یفسر بعضہ بعضا) قرآن کا ایک حصہ دوسرے حصہ کی خود ہی تفسیر کر دیتا ہے" کے اصول پر جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دشمن ہاتھ تک نہ لگا سکے اور وہ محفوظ ملاء اعلیٰ کی جانب اٹھا لیے گئے اور جیسا کہ حیاۃ عیسیٰ علیہ السلام کی بحث میں ابھی نصوص قرآنی سے ثابت ہوگا کہ وہ وقوع قیامت کے لیے "نشان" ہیں۔ اور اس لیے دوبارہ کائنات ارضی میں واپس آ کر اور مفوضہ خدمت انجام دے کر پھر موت سے دوچار ہوں گے۔

شخص مقتول ومصلوب سے متعلق آثار وتاریخ کی جو ملی جلی روایات ہیں ان کا حاصل یہ ہے کہ "سبت کی شب" میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام بیت المقدس کے ایک بند مکان میں اپنے حواریوں کے ساتھ موجود تھے کہ بنی اسرائیل کی سازش سے دمشق کے بت پرست بادشاہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی گرفتاری کے لیے ایک دستہ بھیجا، اس نے آ کر محاصرہ کر لیا۔ اسی اثناء میں اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو ملاء اعلیٰ کی جانب اٹھا لیا۔ جب سپاہی اندر داخل ہوئے تو انہوں نے حواریوں میں ایک ہی شخص کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہم شبیہ پایا۔ اور اس کو گرفتار کر کے لے گئے اور پھر اس کے ساتھ وہ سب کچھ ہوا جس کا ذکر گزشتہ سطور میں ہو چکا ہے۔ ان ہی روایات میں بعض اس کا نام یودس بن کریا یوطا بیان کرتے ہیں اور بعض جرجس اور دوسرے داؤد بن لوزا کہتے ہیں۔

پھر ان روایات میں سے بعض میں ہے کہ یہ شخص مقتول اپنی خلقت ہی میں حضرت مسیح علیہ السلام کا مشابہ اور ان کا نقش ثانی تھا، اسرائیلیات انجیلی میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں میں سے یہودا اسخرلوطی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا شبیہ تھا اور بعض روایات میں ہے کہ جب یہ نازک گھڑی آ پہنچی تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں کو دعوت وتبلیغ حق سے متعلق تلقین وہدایات کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی مجھ کو مطلع کر دیا ہے کہ میں ایک مدت تک کے لیے ملاء اعلیٰ کی جانب اٹھا لیا جاؤں گا اور یہ واقعہ مخالفین اور متبعین دونوں کے لیے سخت آزمائش وامتحان بن جانے والا ہے۔ لہٰذا تم میں سے جو شخص اس پر آمادہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کو میرا شبیہ بنا دے اور وہ خدا کی راہ میں جام شہادت پائے اس کو جنت کی بشارت ہے تب ایک حواری نے پہل کی اور خود کو اس کے لیے پیش کیا اور منجانب اللہ وہ حضرت کا ہم شکل ہو گیا اور سپاہیوں نے اس کو گرفتار کر لیا۔ [1]

یہ تفصیلات نہ قرآن میں مذکور ہیں اور نہ احادیث مرفوعہ میں اس لیے وہ صحیح ہوں یا غلط نفس مسئلہ اپنی جگہ اٹل ہے اور قرآن کی آیات میں منصوص، اس لیے اصحاب ذوق کو اختیار ہے کہ وہ صرف قرآن کے اس اجمال پر ہی قناعت کریں کہ حضرت مسیح علیہ السلام

---

[1] واقعات کی یہ تفصیلات تاریخ ابن کثیر ج ۲ اور کتب تفسیر میں منقول ہیں۔

کا رفع الی السماء اور ہر طرح دشمنوں سے تحفظ نیز یہود پر معاملہ کا مشتبہ ہو کر کسی دوسرے کو قتل کرنا یہود و نصاریٰ کے پاس اس سلسلہ میں علم و یقین سے محروم ہو کر ظن و تخمین اور شک و شبہ میں مبتلا ہو جانا اور قرآن کا حقیقت واقعہ کو علم و یقین کی روشنی میں ظاہر کر دینا یہ سب حقائق ثابتہ ہیں: ﴿وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ﴾ اور ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ....الایۃ﴾ کی تفسیر میں ان روایات کی تفصیلات کو بھی قبول کر لیں اور یہ سمجھ کر تسلیم کریں کہ زیر بحث آیات کی تفسیر ان تفصیلات پر موقوف نہیں ہے بلکہ یہ امر زائد ہے جو آیات کی تفسیر صحیح کے لیے موید ہے۔

حیات عیسیٰ علیہ السلام:

سورۂ آل عمران، مائدہ اور نساء کی زیر بحث آیات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق حکمت الٰہی کا یہ فیصلہ صادر ہوا کہ ان کو بقید حیات ملاء اعلیٰ کی جانب اٹھا لیا جائے اور وہ دشمنوں اور کافروں سے محفوظ اٹھا لیے گئے۔ لیکن قرآن نے اس مسئلہ میں صرف اسی پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ حسب موقعہ ان کی حیات امروز پر نصوص قطعیہ کے ذریعہ متعدد جگہ روشنی ڈالی ہے اور ان مقامات میں اس جانب بھی اشارات کیے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات طویل اور رفع الی السماء میں کیا حکمت مستور تھی تاکہ اہل حق کے قلوب تازگی ایمان سے شگفتہ ہو جائیں اور باطل کوش اپنی کور باطنی پر شرمائیں۔

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ:

﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۝﴾ (النساء: ۱۵۹)

"اور کوئی اہل کتاب میں سے باقی نہ رہے گا مگر یہ کہ وہ ضرور ایمان لائے گا عیسیٰ (علیہ السلام) پر اس (عیسیٰ علیہ السلام) کی موت سے پہلے اور وہ (عیسیٰ علیہ السلام) قیامت کے دن ان پر (اہل کتاب پر) گواہ بنے گا۔"

اس آیت سے قبل آیات میں وہی مسطورہ بالا واقعہ مذکور ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو نہ صلیب پر چڑھایا گیا اور نہ قتل کیا گیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی جانب اٹھا لیا، یہ یہود و نصاریٰ کے اس عقیدہ کی تردید ہے جو انہوں نے اپنے باطل زعم اور اٹکل سے قائم کر لیا تھا، ان سے کہا جا رہا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق صلیب پر چڑھائے جانے اور قتل کیے جانے کا دعویٰ قابل لعنت ہے کیونکہ بہتان اور لعنت توام ہیں، اس کے بعد اس آیت میں امر اول کی تصدیق میں اس جانب توجہ دلائی جا رہی ہے کہ آج اگر اس ملعون عقیدہ پر فخر کر رہے ہو تو وہ وقت بھی آنے والا ہے جب عیسیٰ بن مریم علیہما السلام خدائے برتر کی حکمت و مصلحت کو پورا کرنے کے لیے کائنات ارضی پر واپس تشریف لائیں گے اور اس عینی مشاہدہ کے وقت اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) میں سے ہر ایک موجود ہستی کو قرآن کے فیصلہ کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آنے کے سوا کوئی چارہ کار باقی نہ رہے گا اور پھر جب وہ اپنی مدت حیات ختم کر کے موت کی آغوش سے دو چار ہو جائیں گے تو قیامت کے دن اپنی امت (اہل کتاب) پر اسی طرح گواہ ہوں گے جس طرح تمام انبیاء و مرسلین اپنی اپنی امتوں پر شاہد بنیں گے۔

یہ حقیقت کچھ مخفی نہیں ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اگرچہ یہود و نصاریٰ دونوں واقعہ صلیب و قتل پر متفق ہیں لیکن اس سل

میں دونوں کے عقائد کی بنیاد قطعاً متضاد اصول پر قائم ہے، یہود، حضرت مسیح علیہ السلام کو مفتری اور کاذب کہتے اور دجال [1] سمجھتے ہیں اور اس لیے فخر کرتے ہیں کہ انہوں نے یسوع مسیح علیہ السلام کو صلیب پر بھی چڑھایا اور پھر اس حالت میں مار بھی ڈالا۔ اس کے برعکس نصاریٰ کا عقیدہ یہ ہے کہ دنیا کا پہلا انسان آدم علیہ السلام گنہگار تھا اور ساری دنیا گنہگار تھی اس لیے خدا کی صفت "رحمت" نے ارادہ کیا کہ دنیا کو گناہوں سے نجات دلائے اس لیے اس کی صفت "رحمت" نے ابنیت (بیٹا ہونا) کی شکل اختیار کی اور اس کو دنیا میں بھیجا تا کہ وہ یہود کے ہاتھوں سولی پر چڑھے اور مارا جائے اور اس طرح ساری کائنات ماضی و مستقبل کے گناہوں کا "کفارہ" بن کر دنیا کی نجات کا باعث بنے۔

سورۂ نساء کی آیات میں قرآن عزیز نے صاف صاف کہہ دیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے قتل کے دعویٰ کی بنیاد کسی بھی عقیدہ پر بنی ہو لائق لعنت اور باعث ذلت وخسران ہے۔ خدا کے سچے پیغمبر کو مفتری سمجھ کر یہ عقیدہ رکھنا بھی لعنت کا موجب اور خدا کے بندے اور مریم علیہا السلام کے بطن سے پیدا انسان کو خدا کا بیٹا بنا کر اور "کفارہ" کا باطل عقیدہ تراش کر مسیح علیہ السلام کو مصلوب و مقتول تسلیم کرنا بھی گمراہی اور علم وحقیقت کے خلاف اٹکل کا تیر ہے اور اس سلسلہ میں صحیح اور مبنی برحقیقت فیصلہ وہی ہے جو قرآن نے کیا ہے اور جس کی بنیاد "علم ویقین اور وحی الٰہی" پر قائم ہے۔

پس آج جبکہ تمہارے سامنے اس اختلاف کے فیصلہ کے لیے جو شک وظن کی شکستہ بنیادوں پر قائم تھا علم ویقین کی روشنی آ چکی ہے پھر بھی تم اپنے ظنون کاسدہ اور اوہام فاسدہ پر اصرار کر رہے ہو اور حضرت مسیح علیہ السلام سے متعلق باطل عقیدہ کو ترک کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے ہو تو قرآن کا ایک دوسرا فیصلہ اور وحی الٰہی کا یہ اعلان بھی سن لو کہ تمہاری نسلوں پر وہ وقت بھی آنے والا ہے جب قرآن کے اس صحیح فیصلہ اور اعلانِ حق کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام ملاءِ اعلیٰ سے کائنات ارضی کو واپس ہوں گے اور ان کی یہ آمد ایسی مشاہد ہوگی کہ یہود ونصاریٰ میں سے ایک فرد بھی ایسا نہ رہے گا جو بادل خواستہ یا بادل ناخواستہ اس ذات گرامی پر یہ ایمان نہ لے آئے کہ بلاشبہ وہ خدا کے سچے رسول ہیں، خدا کے بیٹے نہیں برگزیدہ انسان ہیں، مصلوب ومقتول نہیں ہوئے تھے، بقید حیات ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں:

﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ﴾

یہ بات خاص طور پر قابل توجہ ہے کہ سورۂ آل عمران اور سورۂ مائدہ کی طرح اس جگہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے لفظ "توفی" نہیں بولا گیا بلکہ بصراحت لفظ "موت" استعمال کیا گیا ہے، یہ کیوں؟ صرف اس لیے کہ ان دونوں مقامات پر جس حقیقت کا اظہار مقصود ہے اس کے لیے "توفی" ہی مناسب ہے جیسا کہ سورۂ آل عمران سے متعلق آیات کی تشریح وتفسیر میں گزر چکا اور سورۂ مائدہ سے متعلق آیت کی تفسیر میں عنقریب بیان ہوگا اور اس جگہ چونکہ براہ راست "موت" ہی کا تذکرہ مطلوب ہے اور اس حالت کا ذکر ہے جس کے بعد حضرت مسیح علیہ السلام بھی ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۗ﴾ کا مصداق بننے والے ہیں اس لیے یہاں "موت" کو بصراحت بیان کرنا ہی ازبس ضروری تھا اور یہ مزید برہان ہے اس دعویٰ کے لیے کہ آل عمران اور مائدہ میں لفظ "موت" کی جگہ "توفی" کا اطلاق بلاشبہ

[1] دجال دجل سے ماخوذ ہے جس کے معنی "فریب" ہیں۔

خاص مقصد رکھتا ہے ورنہ جس طرح ان دونوں مقامات پر "توفی" کا اطلاق کیا گیا تھا اسی طرح یہاں بھی کیا جاتا، یا جس طرح اس جگہ لفظ "موت" کا اطلاق کیا گیا ہے اسی طرح ان دونوں مقامات پر بھی لفظ موت ہی کا استعمال ہونا چاہیے تھا مگر قرآن عزیز کے ان دقیق اسالیب بیان کے فرق کا فہم طالبین حق کا ہی حصہ ہے نہ کہ مرزائے قادیانی اور مسٹر لاہوری جیسے اصحاب زیغ کا جو اپنی خاص اغراض ذاتی کے پیش نظر پہلے ایک نظریہ ایجاد کر لیتے ہیں اور بعد ازاں اس سلسلہ کی تمام آیات قرآنی کو اسی کے سانچہ میں ڈھال کر اس کا نام "تفسیر قرآن" رکھتے ہیں۔

بہر حال جمہور کے نزدیک آیت زیر عنوان کی تفسیر یہی ہے جو سپرد قلم کی جا چکی، مشہور محدث، جلیل القدر مفسر اور اسلامی مؤرخ عماد الدین بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اس تفسیر کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے بسند صحیح نقل کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں:

قتادہ، عبدالرحمن اور بہت سے مفسروں کا یہی قول ہے اور یہی قول حق ہے جیسا کہ عنقریب ہم دلیل قاطع سے اس کو ثابت کریں گے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) [1]

اور سرتاج محدثین ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی کی تائید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"اسی تفسیر پر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یقین کیا ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس تفسیر کو ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ نے روایت سعید بن جبیر اور ابو رجاء نے بھی حسن رضی اللہ عنہ سے بسند صحیح روایت کیا ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ﴿قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ یعنی قبل موت عیسیٰ علیہ السلام قسم بخدا بیشک وشبہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بقید حیات ہیں اور جب وہ آسمان سے اتریں گے تو سب اہل کتاب ان پر ایمان لے آئیں گے اور ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ نے اسی تفسیر کو اکثر اہل علم سے نقل کیا ہے اور ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے اسی تفسیر کو "ترجیح دی ہے۔" [2]

مگر اس صحیح تفسیر کے علاوہ کتب تفسیر میں احتمال عقلی کے طور پر دو قول اور بھی منقول ہیں مگر وہ دونوں بلحاظ سند ضعیف اور ناقابل اعتماد اور بلحاظ سیاق و سباق (یعنی آیت زیر بحث سے قبل اور بعد کی آیات کے لحاظ سے) غلط اور ناقابل التفات ہیں یعنی ایسے احتمالات عقلی جو نقل اور آیات کے باہمی نظم و ترتیب کے خلاف ہیں۔

ان ہر دو معنی میں سے ایک معنی یہ ہیں کہ "موتہ" میں جو ضمیر ہے اس کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بجائے اہل کتاب کی جانب لوٹایا جائے اور آیت کا ترجمہ یوں کیا جائے "اور اہل کتاب میں سے کوئی فرد ایسا نہیں ہے جو اپنی موت سے پہلے عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان نہ لے آتا ہو" یعنی اگرچہ یہود و نصاریٰ اپنی زندگی میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق قرآن کے بتائے ہوئے عقیدے پر ایمان نہیں لاتے اور اپنے اپنے عقیدہ پر قائم رہتے ہیں لیکن جب ان کو "موت" آ دباتی ہے تو وہ اس آخری حالت میں "جو نزع کا وقت کہلاتا ہے" صحیح عقیدہ کے مطابق ایمان لے آتے ہیں اور اہل کتاب کے ہر ایک فرد پر بلا استثناء یہی حالت گزرتی ہے اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ "اہل کتاب کا ہر ایک فرد اپنی موت سے پہلے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آتا ہے" یعنی جب وہ عالم دنیا سے منقطع ہو کر عالم غیب سے وابستہ ہو رہا ہوتا ہے اس وقت اس پر اصل حقیقت منکشف ہو جاتی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیشک خدا کے سچے پیغمبر تھے۔

---

[1] ابن کثیر ج ۱ [2] فتح الباری شرح بخاری ج ۶ ص ۳۰۴

پس اس بات سے قطع نظر کہ یہ دونوں تفسیریں نقل روایت کے اعتبار سے ناقابل اعتماد اور غیر صحیح اور آیات کے سیاق وسباق کے خلاف ہیں عقلی نقطہ نظر سے بھی غلط ہیں اس لیے کہ اگر آیت کے معنی یہ ہیں جو سطور بالا میں نقل کیے گئے تب یہ آیت اپنے مقصد بیان کے خلاف بے معنی اور بے نتیجہ ہو جاتی ہے (العیاذ باللہ) کیونکہ قرآن عزیز دوسرے مقامات پر صاف کہہ چکا ہے کہ جب انسان عالم دنیا سے کٹ کر عالم غیب سے وابستہ ہو جاتا ہے اور نزع کی یہ کیفیت اس پر طاری ہو جاتی ہے کہ جو معاملات اس ساعت سے قبل تک اس کے لیے غیب کے معاملات تھے وہ مشاہدہ میں آنے شروع ہو جاتے ہیں تو اس وقت اس کے اعمال و کردار کا صحیفہ لپیٹ دیا جاتا ہے اور اب تبدیلی اعتقاد کا کوئی نتیجہ اور ثمرہ نہیں ملتا یعنی اس وقت کا نہ اقرار و اعتراف معتبر اور نہ انکار مستند۔

﴿فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَ كَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۝ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ۝﴾ (الزمر: ۸۳۔۸۵)

"پس جب آئے ان کے پاس پیغمبر واضح دلائل لے کر تو اس چیز سے خوش ہوئے جو ان کے پاس علم سے تھی اور گھیر لیا ان کو اس چیز نے جس کی وہ مذاق بناتے تھے پس جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو انہوں نے کہا ہم خدائے واحد پر ایمان لے آئے اور جن چیزوں کو ہم اس کا شریک بناتے تھے اس سے منکر ہوئے، پس نہیں نافع ہوا ان کا (یہ) ایمان جب انہوں نے ہمارے عذاب کا مشاہدہ کر لیا یہ اللہ کی سنت ہے جو اس کے بندوں میں ہمیشہ جاری رہی اور اس موقع پر کافروں نے زیاں پایا۔"

﴿وَ لَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰۤى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَ لَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَ هُمْ كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝﴾ (النساء: ۱۸)

"لیکن ان لوگوں کی توبہ، توبہ نہیں ہے جو (ساری عمر تو) برائیاں کرتے رہے لیکن جب ان میں سے کسی کے آگے موت آ کھڑی ہوئی تو کہنے لگا اب میں توبہ کرتا ہوں، (ظاہر ہے کہ ایسی توبہ سچی توبہ نہیں ہوتی) اسی طرح ان لوگوں کی توبہ بھی توبہ نہیں ہے جو دنیا سے کفر کی حالت میں جاتے ہیں ان تمام لوگوں کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔"

تو ایسی صورت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا معنی رکھتا ہے؟ انسان جب اس حالت پر پہنچ جاتا ہے تو اس کے سامنے سے غیب کے پردے ہٹ جاتے ہیں اور برزخ، ملائکۃ اللہ، عذاب یا راحت، جنت و جہنم، غرض دین حق کی تعلیم کردہ غیب کی ساری حقیقتیں اس پر منکشف ہو جاتی ہیں اور اس میں یہود و نصاریٰ کی ہی خصوصیت کیا ہے یہ حالت تو ہر ایک ابن آدم پر گزرنے والی ہے نیز جب اس قسم کا ایمان قابل قبول ہی نہیں ہے تو اس کا ذکر اسی اسلوب کے ساتھ ہونا چاہیے تھا جو غرق فرعون کے وقت فرعون کے ایمانی اعتراف و اقرار کے لیے اختیار کیا گیا اور جس میں اس وقت کی ایمانی پکار کی بے وقتی ظاہر کی گئی ہے نہ کہ

ایسے اسلوب بیان کے ساتھ گویا مستقبل میں ہونے والے کسی ایسے عظیم الشان واقعہ کی خبر دی جارہی ہے جو مخاطبین (یہود و نصاریٰ) کے عقائد و عزائم کے خلاف حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق قرآن کی تصدیق اور اس کے اٹل فیصلہ کی زندہ شہادت بن کر پیش آنے والا ہے ورنہ تو ایک عیسائی اور یہودی پنجۂ موت میں آ جانے کے وقت جانِ عزیز سپرد کر دینے سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لایا تب کیا اور نہ لایا تب کیا، اس کی یہ تصدیق کائنات انسانی کے علم و ادراک سے باہر صرف اس کے اور خدا کے درمیان تعلق رکھتی ہے اور ظاہر ہے کہ ایسی بات کا ایسے موقع پر تذکرہ کرنا قطعاً بے محل ہے جہاں ایک قوم کو اس کے ایک خاص عقیدہ پر ملزم و مجرم بنانے کے لیے فیصلہ حق کی تائید کے لیے ماضی اور مستقبل میں کائنات ارضی پر پیش آنے والے واقعات کو پیش کیا جارہا ہے جیسا کہ آیت کے سیاق و سباق سے واضح ہو رہا ہے علاوہ ازیں ان احتمالات کی یہاں اس لیے بھی گنجائش نہیں ہے کہ غرغرہ کے وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اس قسم کا ایمان تو ہر اس اہل کتاب سے متعلق ہے جو اس آیت کے نزول سے کچھ دن قبل یا صدیوں قبل گزر چکے اور مر کھپ چکے ہیں۔ لہٰذا اگر آیت میں یہ مضمون بیان کرنا مقصود تھا تو اس کے لیے مؤکد مستقبل کی یہ تعبیر ﴿لَيُؤْمِنَنَّ﴾ فصاحت و بلاغت کلام کے بالکل خلاف ہے اس کے لیے تو ایسی تعبیر کی ضرورت تھی جو ماضی، حال اور استقبال تینوں زمانوں پر حاوی ہوتی تاکہ قرآن کا مفہوم اپنے توسع کے لحاظ سے پوری طرح ادا ہوتا۔

نیز دوسرے معنی تو اس لیے بھی قطعاً غلط اور بے محل ہیں کہ اس آیت سے قبل اور بعد کی آیات ہیں یعنی سیاق و سباق میں خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہی نہیں ہے کیونکہ شروع آیات میں صرف حضرت مسیح علیہ السلام کا ذکر ہو رہا ہے اور اس آیت کے آخر میں یہ ارشاد ہوا ہے: ﴿وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا﴾ اور واضح ہے یہ بات کہ اس جگہ شاہد سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مراد ہیں اور ﴿عَلَيْهِمْ﴾ کی ضمیر سے ان کی امت تو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیے بغیر درمیان کی کسی ضمیر کا مرجع ذات اقدس کو قرار دینا نہ صرف یہ کہ فصاحت و بلاغت کے منافی ہے بلکہ قاعدۂ عربیت کے قطعاً خلاف اور انتشار ضمائر کا موجب ہے۔

غرض بے غل و غش صحیح معنی وہی ہیں جو جمہور نے اختیار کیے ہیں اور یہ دونوں خود ساختہ احتمالات آیت کی تفسیر تو کیا صحیح احتمال کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔ [1]

حیاۃ و نزول عیسیٰ علیہ السلام اور احادیث صحیحہ:

قرآن عزیز نے جس معجزانہ اختصار کے ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع سماوی، حیات امروز اور علامت قیامت بن کر نزول من السماء کے متعلق تصریحات کی ہیں صحیح ذخیرہ احادیث نبوی میں ان آیات ہی کی تفصیلات بیان کر کے ان حقائق کو روشن کیا گیا ہے۔ چنانچہ امام حدیث بخاری اور مسلم نے صحیحین (صحیح بخاری، صحیح مسلم) میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت متعدد طریقہ ہائے

---

[1] اس مقام کے علاوہ سورۂ زخرف کی آیت ﴿مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ﴾ اور سورۂ آل عمران کی ابتداء سے بیاسی آیات تک جو وفد نجران سے تعلق رکھتی ہیں یہ سب مقامات و دلالۃ النص یا اشارۃ النص کی شکل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات کے لئے دلیل برہان ہیں اور اگرچہ ان کی تفصیلات اور وجوہ استشہاد میرے پاس مدون و مرتب ہیں تاہم کتاب کی طوالت کے خوف سے اس جگہ ان کو نظر انداز دیا گیا ہے بقوت فرصت انشاء اللہ مستقل مضمون کی صورت میں ہدیہ ناظرین ہوگا، اور یا پھر حجۃ الاسلام علامہ محمد انور شاہ نور اللہ مرقدہ کی کتاب "عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسیٰ علیہ السلام" اس مقصد کے لئے قابل مراجعت ہے۔

سند سے نقل کی ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلاً فیکسر الصلیب و یقتل الخنزیر و یضع الجزیۃ و یفیض المال حتی لا یقبلہ احد و حتی تکون السجدۃ الواحدۃ خیرا لہ من الدنیا و ما فیہا ثم قال ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ اقرؤا ان شئتم ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا﴾ [1]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے ضرور وہ وقت آنے والا ہے کہ تم میں عیسیٰ بن مریم حاکم عادل بن کر اتریں گے، وہ صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے (یعنی موجودہ عیسائیت کو مٹائیں گے) اور جزیہ اٹھا دیں گے (یعنی نشان الٰہی کے مشاہدہ کے بعد اسلام کے سوا کچھ بھی قبول نہیں ہوگا اور اسلامی احکام میں بارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جزیہ کا حکم اسی وقت تک کے لیے ہے) اور مال کی اس درجہ کثرت ہوگی کہ کوئی اس کو قبول کرنے والا نہیں ملے گا اور خدا کے سامنے ایک سجدہ دنیا و مافیہا سے زیادہ قیمت رکھے گا (یعنی مالی کثرت کی وجہ سے خیرات و صدقات کے مقابلہ میں عبادت نافلہ کی اہمیت بڑھ جائے گی) پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر تم (قرآن سے اس کا استشہاد) چاہو تو یہ آیت پڑھو ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ..... الایۃ﴾ اور کوئی اہل کتاب میں سے نہ ہوگا مگر (عیسیٰ علیہ السلام کی) موت سے پہلے اس پر (عیسیٰ پر) ضرور ایمان لے آئے گا اور وہ (عیسیٰ علیہ السلام) قیامت کے دن ان پر گواہ ہوگا۔"

(۲) بخاری اور مسلم میں بسند نافع مولیٰ ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بھی منقول ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم۔ [2]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم میں ابن مریم اتریں گے اور اس حالت میں اتریں گے کہ تم ہی میں سے ایک شخص تمہاری امامت کر رہا ہوگا۔"

ان دونوں روایات کے علاوہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے متعدد طریقہ ہائے سند سے اور روایات بھی صحیحین: مسند احمد اور [سن]ن [3] میں درج ہیں جو یہی مفہوم و معنی ادا کرتی ہیں، ان میں سے ایک زیادہ مفصل ہے اور مسئلہ زیر بحث کے بعض دوسرے پہلوؤں [کو بھ]ی نمایاں کرتی ہے۔ مسند احمد میں ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الانبیاء اخوۃ لعلات امھاتھم شتّٰی و دینھم واحد و انّی اولی النّاس بعیسی بن مریم لانہ لم یکن نبی بینی و بینہ و انہ نازل فاذا رائیتموہ فاعرفوہ رجلٌ مربوعٌ الی الحمرۃ والبیاضِ علیہ ثوبان ممصّران کان رأسہ یقطر ان لم یصبہ بلل فیدق الصلیب و یقتل الخنزیر و یضع الجزیۃ و یدعوالناسَ الی الاسلام و یھلک اللہ فی زمانہ المسیح الدّجال ثم تقع الامانۃ علی الارض حتّٰی ترتع الاسود مع الابل والنمار مع البقر والذئاب مع الغنم و یلعب الصبیان بالحیات لاتضرھم فیمکث اربعین سنۃ ثم یتوفّٰی و یصلی علیہ المسلمون

[1] [کت]اب الانبیاء [2] ایضاً [3] ابوداؤد، نسائی، ترمذی، ابن ماجہ

"نبی ﷺ نے فرمایا: "تمام انبیاء اصول دین میں علاتی بھائیوں کی طرح ہیں، دین سب کا ایک اور فروع دین مختلف اور میں دوسرے انبیاء کے مقابلہ میں عیسیٰ بن مریم علیہ السلام سے زیادہ قریب ہوں اس لیے کہ ان کے اور میرے درمیان کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا اور بلاشبہ وہ کائنات ارضی پر اتریں گے، پس جب تم ان کو دیکھو تو اس حلیہ سے پہچان لینا: میانہ قد، سرخ و سفید رنگ ہوگا ان کے جسم پر دو سرخی مائل رنگ کی چادریں ہوں گی ایسا معلوم ہوگا گویا فی الحال غسل کر کے آ رہے ہیں اور سر سے پانی کے قطرے موتی کی طرح ٹپک پڑنے والے ہیں۔ وہ صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے (موجودہ عیسائیت کا خاتمہ کر دیں گے) اور جزیہ اٹھا دیں گے اور لوگوں کو "اسلام" کی دعوت دیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کے زمانہ میں تمام ادیان و ملل کو مٹا دے گا اور صرف ایک ہی دین "دین اسلام" باقی رہ جائے گا اور اللہ تعالیٰ ان ہی کے زمانہ میں مسیح دجال کو ہلاک کرے گا پھر کائنات میں "امانت" (امر خیر) جگہ کر لے گی حتی کہ شیر اونٹوں کے ساتھ، چیتے گائے بیلوں کے ساتھ، بھیڑیے بکریوں کے ساتھ چرتے نظر آئیں گے اور بچے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے، اور ان کو کوئی گزند نہیں پہنچے گا، پس عیسیٰ علیہ السلام چالیس سال اس زمین پر زندہ رہیں گے پھر وفات پا جائیں گے اور مسلمان ان کے جنازہ کی نماز ادا کریں گے۔"

اور صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک طویل حدیث روایت کی گئی اس میں خروج دجال کا ذکر کرتے ہوئے نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد مبارک مذکور ہے:

④ فاذا جاؤا الشام خرج فبينا هم يعدّون القتال يسوّون الصفوف اذا قيمت الصلوٰة فينزل عيسٰى بن مريم... الخ

"پس جب مسلمان ملک شام پہنچیں گے تو دجال کا خروج ہوگا ابھی مسلمان اس کے مقابلہ میں جنگ کی تیاریاں کر رہے ہوں گے۔ صفیں درست کرتے ہوں گے کہ نماز کے لیے اقامت ہونے لگے گی۔ اس درمیان میں عیسیٰ علیہ السلام بن مریم کا نزول ہوگا اور وہ مسلمانوں کی امامت کا فرض انجام دیں گے۔"

اور صحیح مسلم میں حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے ایک طویل روایت منقول ہے جس میں یہ مذکور ہے:

اذا بعث الله المسيح بن مريم (عليه السلام) فينزل عند المنارة البيضاء شرقي دمشق بين مهرودتين واضعًا كفيه على اجنحة ملكين اذا طأطأ رأسه قطر و اذا رفعه تحدّر منه جمان كاللؤلوء..... الخ

"ابھی دجال ایک مسلمان پر اپنے شیطانی کرشموں کی آزمائش کر ہی رہا ہوگا) کہ اللہ تعالیٰ مسیح بن مریم علیہ السلام کو بھیج دے گا وہ جب کائنات ارضی پر اتریں گے تو مسجد دمشق کے مشرقی جانب کے سفید منارہ پر اتریں گے اور ان کے بدن پر (سرخی مائل) گہری زرد رنگ کی دو چادریں ہوں گی (یعنی ایک بدن کے اوپر کے حصہ پر اور دوسری زیریں حصہ بدن پر لپٹی ہوگی) اور دو فرشتوں کے بازوؤں پر سہارا لیے ہوں گے۔ جب سر جھکائیں گے تو سر سے پانی ٹپک پڑنے لگے گا اور جب سر اٹھائیں گے تو پانی کے قطرے موتیوں کی طرح ٹپکیں گے (یعنی غسل کیے آ رہے ہوں گے)۔"

اور مختلف طریقہ ہائے سند سے امام احمد نے مسند میں اور ترمذی رحمہ اللہ نے سنن میں حضرت مجمع بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے بسند صحیح یہ روایت کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

يقتل ابن مريم الدّجال بباب لُدّ. [1]

"ابن مریم، دجال کو باب لد پر قتل کریں گے۔"

امام ترمذی اس روایت کو نقل کر کے فرماتے ہیں "**هذا حديث صحيح**" اور اس کے بعد ان حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کی فہرست شمار کراتے ہیں جن سے نزول عیسیٰ بن مریم علیہما السلام اور ان کے ہاتھوں قتل دجال سے متعلق روایات کتب حدیث میں منقول ہیں فرماتے ہیں:

اور اس باب میں حضرت عمران بن حصین، نافع بن عیینہ، ابو برزہ اسلمی، حذیفہ بن اسید، ابوہریرہ، کیسان، عثمان بن العاص، جابر بن عبداللہ، ابوامامہ باہلی، ابن مسعود، عبداللہ بن عمرو بن العاص، سمرۃ بن جندب، نواس بن سمعان، عمرو بن عوف، حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہم سے بھی روایات منقول ہیں۔ [2]

امام احمد رحمہ اللہ نے مسند میں امام مسلم رحمہ اللہ نے صحیح میں اور اصحاب سنن نے سنن میں، بروایت حضرت حذیفہ بن الاسیدی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت نقل کی ہے:

قال اشرف علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم من غرفة و نحن نتذكر الساعة فقال: لا تقوم الساعة حتى تروا عشر ايات، طلوع الشمس من مغربها والدخان والدابة، و خروج ياجوج و ماجوج و نزول عيسى بن مريم و الدجال و ثلثة خسوف خسف بالمشرق و خسف بالمغرب و خسف بجزيرة العرب و نار تخرج من قعر عدن تسوق و تحشر الناس تبيت معهم حيث باتوا و تقيل معهم حيث قالوا. [3]

"حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم (صحابہ) ایک مجلس میں بیٹھے ہوئے قیامت کے متعلق بات چیت کر رہے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بالاخانہ سے جھانکا اور ارشاد فرمایا: "قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم دس نشان نہ دیکھ لو گے۔ آفتاب کا مغرب سے طلوع، دخان (دھواں) دابۃ الارض، خروج یاجوج و ماجوج، عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کا نزول، دجال کا خروج، تین مقامات میں خسوف کا پیش آنا (زمین میں دھنس جانا) مشرق میں مغرب میں اور جزیرۃ العرب میں، آگ کا قعر عدن سے نکلنا جو لوگوں کو سمیٹ لے جائے گی اور جب رات کو لوگ آرام کریں گے تو وہ بھی ٹھہر جائے گی اور جب دوپہر کو قیلولہ کریں گے تب بھی وہ ٹھہری رہے گی۔"

اور محدث ابن ابی حاتم نے اور جلیل القدر محدث و مفسر ابن جریر طبری رحمہ اللہ نے بروایت حسن بصری رحمہ اللہ بسند صحیح حیات و نزول عیسیٰ بن مریم علیہما السلام سے متعلق ایک روایت نقل کی ہے اس میں ہے:

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اليهود ان عيسى لم يمت و انه راجعٌ اليكم قبل يوم القيمة.

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود سے فرمایا: "عیسیٰ علیہ السلام مرے نہیں اور بلاشبہ وہ قیامت سے پہلے تمہاری جانب لوٹ کر آئیں گے۔"

اسی طرح ابن ابی حاتم اور ابن جریر رحمہما اللہ نے سورۂ نساء کی آیات متعلقہ وفد نجران کی تفسیر کرتے ہوئے اصول حدیث کے

---

[1] شہر دمشق کی شہر پناہ کا ایک دروازہ ہے۔ [2] ترمذی باب نزول عیسیٰ بن مریم علیہما السلام

[3] اس حدیث میں جن علامات کا ذکر ہے وہ سب تشریح طلب ہیں مگر یہاں ان کی تشریحات بے محل ہیں اس لئے نظر انداز کر دی گئیں، عام تشریحات کتب تفسیر و حدیث میں اور شاہ رفیع الدین دہلوی نور اللہ مرقدہ کے رسالہ علامات قیامت میں قابل مطالعہ ہیں۔

نقطہ نظر سے بہ سند حسن ایک طویل روایت ربیع بن انس رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے اس میں بھی بصراحت یہ مذکور ہے:

فقال لهم النبی صلی اللہ علیہ وسلم الستم تعلمون ان ربنا حیٌّ لا یموت و ان عیسیٰ یأتی علیه الفناء. ۞

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وفد سے فرمایا: کیا تم نہیں جانتے کہ بلاشبہ ہمارا پروردگار زندہ ہے جس کے لیے موت نہیں ہے اور بلاشبہ عیسیٰ علیہ السلام کو فنا (موت) سے دوچار ہونا ہوگا۔"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ لفظ "یأتی" فرمایا ہے جو مستقبل کے لیے بولا جاتا ہے لفظ "اتی" نہیں فرمایا جو ماضی کے لیے مخصوص ہے۔

اور بیہقی نے کتاب الاسماء والصافات میں اور محدث علی متقی گجراتی نے کنز العمال میں باسناد حسن و صحیح اس سلسلہ میں جو روایات نقل فرمائی ہیں ان میں نزول عیسیٰ علیہ السلام کے ذکر کے ساتھ "من السماء" کا لفظ صراحت سے موجود ہے۔ ۞

یہ اور اسی قسم کا کثیر ذخیرۂ حدیث ہے جو حیات و نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام پیغمبر بنی اسرائیل (علیہ السلام) سے متعلق کتب حدیث و تفسیر میں منقول ہے اور جو قوت سند کے لحاظ سے صحیح اور حسن سے کم رتبہ نہیں رکھتا اور باعتبار شہرت و تواتر روایات جن کا یہ حال ہے کہ حسب تصریح امام ترمذی، حافظ حدیث عماد الدین بن کثیر، حافظ حدیث ابن حجر عسقلانی اور دیگر آئمہ حدیث سولہ جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان کو روایت کیا ہے جن میں سے بعض صحابہ کا یہ دعویٰ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تصریحات سینکڑوں صحابہ رضی اللہ عنہم کے مجمع میں خطبہ دے کر فرمائیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بغیر کسی انکار و اجنبیت کے ان روایات کو خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے دورِ خلافت میں علیٰ رؤس الاشہاد سناتے تھے۔ چنانچہ ان جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم سے جن ہزار ہا شاگردوں نے سنا ان میں سے یہ عظیم المرتبہ ہستیاں قابل ذکر ہیں جن میں ہر فرد روایت حدیث میں ضبط و حفظ، ثقاہت و علمی تبحر کے پیش نظر امامت و قیادت کا درجہ رکھتا ہے: مثلاً سعید بن المسیب، نافع مولیٰ ابوقتادہ، حنظلہ بن علی الاسلمی، عبدالرحمٰن بن آدم، ابوسلمہ، ابوعمرہ، عطاء بن بشار، ابوسہیل، موثر بن غفارہ، یحییٰ بن ابی عمرو، جبیر بن نضیر، عروہ بن مسعود ثقفی، عبداللہ بن زید انصاری، ابوزرعہ، یعقوب بن عامر، ابونضرہ ابوالطفیل رحمہم اللہ۔

پھر ان علماء کبار اور محدثین اعلام سے جن بے شمار تلامذہ نے سنا ان میں سے راویان حدیث کے طبقہ میں جن کو حدیث اور علوم قرآن کا رتبہ بلند حاصل ہے اور جو اپنے اپنے وقت کے "امام الحدیث" اور "امیر المومنین فی الحدیث" تسلیم کیے گئے ہیں، بعض کے اسماء گرامی یہ ہیں: ابن شہاب زہری، سفیان بن عیینہ، لیث، ابن ابی ذئب، اوزاعی، قتادہ، عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ، سہیل، جبلہ بن سہیم، علی بن زید، ابورافع، عبدالرحمٰن بن جبیر، نعمان بن سالم، معمر، عبداللہ بن عبیداللہ رحمہم اللہ۔

غرض ان روایات و احادیث صحیحہ کا صحابہ، تابعین، تبع تابعین یعنی خیر القرون کے طبقات میں اس درجہ شیوع ہو چکا تھا اور وہ بغیر کسی انکار کے اس درجہ لائق قبول ہو چکی تھیں کہ آئمہ حدیث کے نزدیک حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات و نزول سے متعلق ان احادیث کو مفہوم و معنی کے لحاظ سے درجۂ "تواتر" حاصل تھا اور اسی لیے وہ بے جھجک اس مسئلہ کو "احادیث متواترہ" سے ثابت اور مسلم کہتے تھے۔ اور حقیقت بھی یہ ہے کہ روایت حدیث کے تمام طبقات و درجات میں ان روایات کو "تلقی بالقبول" کا یہ درجہ حاصل رہا ہے کہ ہر دور میں اس کے رواۃ میں "ائمہ حدیث" اور روایت حدیث کے "مدار" نظر آتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان مرفوع و موقوف ر

۞ تفسیر ابن جریر ج ۵ ۞ کتاب الاسماء والصفات صفحہ ۴۰۱ و کنز العمال ج ۷ ص ۲۶۸

صحابہ رضی اللہ عنہم احادیث اور روایات کے ناقلین میں امام احمد، امام بخاری، امام مسلم، ابوداؤد، نسائی، ترمذی، ابن ماجہ جیسے اصحاب صحیح و سنن، ائمہ حدیث کے اسماء گرامی شامل ہیں اور وہ باتفاق ان روایات کی صحت وحسن کے قائل ہیں، چنانچہ یہ اور اسی قسم کی احادیث صحیحہ کا ذکر کرتے ہوئے مشہور محدث ومفسر ابن کثیر رحمہ اللہ اپنی تفسیر میں اول یہ عنوان قائم کرتے ہیں:

ذکر الاحادیث الواردة فی نزول عیسٰی بن مریم (علیهما الصلوٰة والسلام) الی الارض من السماء فی اٰخر الزمان قبل یوم القیٰمة.

"ان احادیث کا ذکر جو حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے آسمان سے زمین پر اترنے کے بارے میں نازل ہوئی ہیں۔ [1]

اور اس کے بعد سلسلہ کی احادیث کو نقل کرنے کے بعد آخر میں یہ تحریر فرماتے ہیں:

فهذه احادیث متواترة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم من روایة ابی هریرة و ابن مسعود و عثمان بن العاص و ابی امامة والنواس بن سمعان و عبدالله بن عمرو بن العاص و مجمع بن جارثة و ابی شریحة و حذیفة بن اسید رضی الله عنهم و فیها دلالة علی صفة نزوله و مکانه.... الخ [2]

"پس یہ ہیں وہ احادیث جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر کے درجہ تک منقول ہوئی ہیں اور یہ نقل روایت (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ) ابوہریرہ، ابن مسعود، عثمان بن العاص، ابوامامہ، نواس بن سمعان، عبداللہ بن عمرو بن العاص، مجمع بن جارثہ، ابی شریحہ، حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے اور ان روایات میں عیسیٰ بن مریم کے طریقہ نزول اور مکان نزول سے متعلق بھی رہنمائی موجود ہے۔"

اور حافظ حدیث ابن حجر عسقلانی (نور اللہ مرقدہٗ) علامہ ابوالحسین آبری رحمہ اللہ سے نزول عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق احادیث کے تواتر کو فتح الباری میں ان الفاظ کے ساتھ نقل کرتے ہیں:

"ابوالحسن خسعی ابری سے منقول ہے کہ احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس بارہ میں تواتر کو پہنچ چکی ہیں کہ مہدی اسی امت میں سے ہوں گے اور عیسیٰ علیہ السلام ان کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔"

اور تلخیص الجبیر کتاب الطلاق کے ضمن میں یہ تحریر فرماتے ہیں:

قال ابوالحسن الخسعی الابری بان المهدی من هذه الامة و ان عیسٰی یصلّی خلفه.... الخ

"لیکن رفع عیسیٰ علیہ السلام کا معاملہ تو تمام علماء حدیث وتفسیر کا اس پر اجماع ہے کہ وہ اپنے جسد عنصری کے ساتھ ہنوز زندہ ہیں (اور وہی قریب قیامت نازل ہوں گے)۔"

اور محدث عصر محقق وقت علامہ سید محمد انور شاہ رحمہ اللہ "عقیدة الاسلام" میں اس "تواتر" کی تائید میں یہ تحریر فرماتے ہیں:

وللمحدّث العلّامة الشوکانی رسالة سمّاها التوضیح فی تواتر ماجاء فی المنتظر والدجال والمسیح ذکر

---

[1] تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۵۷۸،۵۸۳

[2] حضرت استاذ کا یہ رسالہ اپنے موضوع میں بے نظیر تصنیف ہے، عربی زبان میں تحریر ہے اور علماء وطلبہ دونوں کے لئے لائق مطالعہ ہے۔ مصنف قصص القرآن اس سلسلہ کے اکثر مباحث میں اسی رسالہ کا خوشہ چین ہے۔

فیہا تسعة و عشرین حدیثا فی نزوله علیه السّلام ما بین صحیح و حسن و صالح هذا و ازین منه مرفوع و اما الأثار فتفوت الاحصاء.... الخ

اور محدث علامہ شوکانی نے ایک رسالہ تصنیف کیا ہے جس کا نام یہ رکھا ہے "التوضیح فی التواتر ماجاء فی المنتظر والدجال والمسیح" اس رسالہ میں انہوں نے انتیس احادیث حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے متعلق نقل کی ہیں جو اصول حدیث کے لحاظ سے صحیح، حسن، صالح تینوں درجات کو شامل ہیں اور مرفوع احادیث اس تعداد سے بھی زیادہ موجود ہیں اور آثار صحابہ رضی اللہ عنہم تو بیشمار ہیں۔

اور یہی وجہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع سماوی اور حیات ونزول من السماء پر امت محمدیہ (علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کا اجماع منعقد ہو چکا ہے۔ چنانچہ علم عقائد وکلام کی مشہور ومستند کتاب عقیدہ سفارینی میں امت کے اس اجماع کی تصریح موجود ہے۔

و منها ای من علامات السّاعة العظمی العلامة الثالثة ان ینزل من السّماء سید (المسیح) عیسٰی بن مریم (علیه السّلام) و نزوله ثابت بالکتاب والسنة و اجماع الامة و اما الاجماع فقد اجمعت الامة علی نزوله و لم یخالف فیه احد من اهل الشریعة و انما انکر ذٰلك الفلاسفة والملاحدة مما لا یعتد بخلافه۔ ❶

"اور علامات قیامت میں سے تیسری علامت یہ ہے کہ حضرت (مسیح علیہ السلام) عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) آسمان سے اتریں گے اور ان کا آسمان سے اترنا کتاب (قرآن) سنت (حدیث) اور اجماع امت سے قطعاً ثابت ہے (قرآن وحدیث سے نزول ثابت کرنے کے بعد فرماتے ہیں) جہاں تک اجماع امت کا تعلق ہے تو اس میں ذرا شبہ نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان سے نازل ہونے پر امت کا اجماع ہے اور اس بارہ میں پیروان شریعت اسلامی میں سے کسی ایک کا بھی خلاف موجود نہیں البتہ فلسفیوں اور ملحدوں نے نزول عیسیٰ علیہ السلام کا انکار کیا ہے اور اسلام میں ان کا انکار قطعاً بے وقعت ہے۔"

حیات ونزول مسیح علیہ السلام کی حکمت:

گزشتہ سطور میں حیات نزول مسیح علیہ السلام کو دلائل و براہین کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے جو ایک منصف اور طالب حق کو علم یقین عطا کرتے ہیں، اب مزید طمانیت قلب کے لیے ان چند حکمتوں کا ذکر بھی مناسب معلوم ہوتا ہے جن کو علماء حق نے اس سلسلہ میں بیان فرمایا ہے لیکن اس کے مطالعہ سے قبل یہ حقیقت بہر حال پیش نظر رکھنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں اور اس کی مشیت کی مصلحتوں کا احاطہ عقل انسانی کے لیے ناممکن ہے اور مخلوق، خالق کائنات کے اسرار وحکم پر عبور بھی کیسے کرسکتی ہے؟ تاہم علماء امت، فراست مومن اور علم حق کی راہ سے دین اور احکام دین کے اسرار ومصالح پر قلم فرسائی کرتے اور اپنی محدود دسترس کے مطابق اس موضوع پر علمی حقائق کا اظہار کرتے آئے ہیں۔

---

❶ صحابہ، تابعین اور تبع تابعین کے تین زمانوں کو "خیر القرون" کہا جاتا ہے چونکہ نبی معصوم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تینوں کے متعلق یہ ارشاد فرمایا ہے ((خیر القرون قرنی، ثم الذین یلونهم، ثم الذین یلونهم)) سب سے بہتر میرا زمانہ ہے پھر ان لوگوں کا جو اس زمانہ سے قریب ہیں اور پھر ان کا جو اس دوسرے زمانہ سے متصل ہیں اور اس کے بعد فرمایا "پھر جھوٹ کی کثرت ہو جائے گی یعنی اس ہر سہ ادوار کے بعد اکثریت کے اندر دین انحطاط پیدا ہو جائے گا اور اسلامی خصوصیات اخلاق مٹ جائے گی۔

اسلامی دور کی علمی تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ دورِ اوّل میں علم الاسراء کی امامت کا شرف عمر بن الخطاب، علی بن ابی طالب اور صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو حاصل تھا، اور اس کے بعد اگرچہ ہر ایک صدی میں دو چار علماء ربانی اس کے ماہر و محقق رہے ہیں لیکن خصوصیت کے ساتھ خلیفہ اموی عمر بن عبدالعزیز، امام ابوحنیفہ، علامہ عزالدین بن عبدالسلام مصری، حافظ ابن تیمیہ، امام غزالی، رومی، سید مرتضیٰ زبیدی اور شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہم اللہ کو اس علم سے خاص مناسبت تھی اور اللہ تعالیٰ نے اس سلسلہ میں ان کو فطری ملکہ عطا فرمایا تھا۔

بہرحال حکمت کی حیثیت لطائف و نکات کی ہوتی ہے اور اس کو دلیل و حجت کا مرتبہ نہیں دیا جا سکتا اس لیے زیر بحث مسئلہ میں بھی "حکمت و مصلحت" کا ذکر اسی نقطہ نظر سے سمجھنا چاہیے۔ واللہ اعلم بالصواب و لکل شیء عندہ فصل الخطاب۔

① یہود بنی اسرائیل اپنی مذہبی کتابوں کی پیشین گوئیوں اور بشارتوں میں یہ پڑھ چکے تھے کہ ان کو دو شخصیتوں "مسیح ہدایت" اور "مسیح ضلالت" سے سابقہ پڑے گا، اس لیے وہ منتظر تھے کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد "مسیح ہدایت" کا ظہور کب ہوتا ہے لیکن شومیٔ قسمت کہ جب مسیح ہدایت کا ظہور ہوا تو انہوں نے بغض و حسد کی راہ سے اس کو "مسیح ضلالت" کہہ کر رد کر دیا اور صرف یہی نہیں بلکہ آمادۂ قتل ہو گئے اور چونکہ قتل انبیاء ان کا دستور رہا تھا اس لیے وہ اس پر ہر وقت جری رہتے تھے، پس جبکہ وہ دوسرے انبیاء علیہم السلام کی طرح ان کے قتل کے بھی قائل ہو گئے تو یہ تعجب خیز بات نہ ہوئی کہ جب مسیح ضلالت (دجال) کا خروج ہو تو یہود اس کو مسیح ہدایت کہہ کر قومی حیثیت سے اس کے پیرو ہو جائیں کیونکہ مذہبی تعلیم کے پیش نظر ان پر مسیح ہدایت کا اتباع ضروری تھا اور جب وہ مسیح ہدایت کو مسیح ضلالت کہہ کر قتل کر چکے تو اب مسیح ضلالت کو ہی اس کے دعوے کے مطابق مسیح ہدایت تسلیم کرنے پر آمادہ ہو جائیں گے مگر مشیت الٰہی فیصلہ کر چکی تھی کہ مسیح ضلالت کی گمراہی کا فتنہ چونکہ عظیم الشان ہو گا اور وہ اول خدائی کا دعویٰ کرے گا اور اس کے بعد مسیح ہدایت بنے گا اس لیے اس کا خروج قیامت کے قریب ہی ہونا چاہیے جو دورِ فتن یعنی فتنوں کی آماجگاہ ہو گا اس لیے حکمت الٰہی کا یہ بھی منشاء ہوا کہ "مسیح ہدایت" کو یہود کے فتنہ سے اس طرح بچا لیا جائے کہ وہ اس کو ہاتھ بھی نہ لگا سکیں اور جب وہ وقت آ پہنچے کہ مسیح ضلالت اپنی گمراہی کا علم بلند کرے تو مسیح ہدایت ملاء اعلیٰ سے کائنات ارضی پر اترے اور یہود بنی اسرائیل جو کہ بہ تعداد کثیر مسیح ضلالت کے پیرو ہو رہے ہوں گے، اپنی آنکھوں سے حق و باطل کا مشاہدہ کر لیں اور جب مسیح ہدایت کے مقدس ہاتھوں سے مسیح ضلالت کا خاتمہ ہو جائے تو ﴿ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ ﴾ حق الیقین بن کر ان کی نگاہوں کے سامنے آ جائے اور اس طرح قبول حق کے ماسواء ان کے لیے دوسرا چارۂ کار باقی ہی نہ رہے اور یا پھر وہ بھی مسیح ضلالت کے ساتھ "فی النار" کر دیے جائیں۔

نیز یہ حقیقت بھی پیش نظر رہے کہ ادیان و ملل کی تاریخ میں صرف یہود ہی ایک ایسی جماعت ہے جس نے اپنے انبیاء علیہم السلام کے خون ناحق سے ہاتھ رنگے تھے وہ صرف "نبی" ہی تھے جو ﴿علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل﴾ کے مصداق تھے مگر کوئی صاحب شریعت رسول ان کے اس قتل ناحق کا مظلوم نہیں بنا تھا اس لیے یہ پہلا موقعہ تھا کہ انہوں نے ایک جلیل القدر رسول (عیسیٰ بن مریم علیہما السلام) کو قتل کرنے کا نہ صرف ارادہ کیا بلکہ دنیوی اسباب کے لحاظ سے مکمل تیاری کر لی تھی تب مشیت حق نے یہ فیصلہ کیا کہ مسیح ہدایت کو اس طرح بچا لیا جائے کہ خود یہود کو بھی محسوس ہو جائے کہ وہ مسیح بن مریم علیہما السلام پر دسترس نہ پا سکے، لہٰذا فیصلہ مشیت بروئے کار آیا اور حضرت مسیح علیہ السلام کو ملاء اعلیٰ کی جانب اٹھا لیا گیا اور تمام دنیوی اسباب ہیچ ہو کر رہ گئے لیکن اس احساس کے باوجود چونکہ حقیقت

حال تک نہ پہنچ سکے اور ظن و گمان ہی کے قعر میں پڑے رہے گو اپنی بات رکھنے کے لیے مشہور یہی کرتے رہے کہ ہم نے مسیح بن مریم علیہما السلام کو قتل کر دیا۔ ادھر متبعین مسیح ہدایت (نصاریٰ) کی بدبختی دیکھئے کہ کچھ عرصہ کے بعد پولوس رسول نے ان میں عقیدۂ تثلیث و کفارہ کی بدعت پیدا کر کے یہود کے گھڑے ہوئے افسانہ صلیب کو بھی داخل عقیدہ کر دیا اور اب یہود و نصاریٰ دونوں جماعتیں اس گمراہی میں مبتلاء ہو گئیں کہ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام صلیب پر چڑھا کر قتل کر دیئے گئے۔ تب قرآن عزیز نے نازل ہو کر حق و باطل کے درمیان فیصلہ سنایا اور حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق دونوں جماعتوں نے جو دو الگ الگ رخ اختیار کیے تھے اور پھر ایک مسئلہ میں دونوں کا اتفاق بھی ہو گیا تھا ان سب کے متعلق علم یقین کے ذریعہ حقیقت حال کو واشگاف اور دونوں گمراہیوں کو واضح کر کے قبول حق کے لیے دعوت دی مگر جماعتی حیثیت سے دونوں نے انکار کر دیا اور حضرت مسیح علیہ السلام سے متعلق اپنے اپنے گمراہ کن عقیدہ پر قائم رہے مگر عالم الغیب والشہادۃ چونکہ ان حقائق کا ان کے وقوع سے قبل عالم و دانا تھا اس لیے اس کی حکمت کا یہ بھی تقاضا ہوا کہ مسیح ہدایت کو کائنات ارضی پر اس وقت دوبارہ بھیجا جائے جب مسیح ضلالت کا بھی خروج ہو چکے تاکہ یہود و نصاریٰ کے سامنے حقیقت حال مشاہدہ کے درجہ میں روشن ہو جائے یہود آنکھوں سے دیکھ لیں کہ جس کے قتل کے مدعی تھے قدرت الٰہی کے کرشمے کی بدولت وہ بقید حیات موجود ہے اور نصاریٰ نادم ہوں کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی سچی پیروی چھوڑ کر جو گمراہ کن عقیدہ اختیار کیا تھا وہ سرتاپا باطل اور ہیچ تھا اور اس طرح ہدایت و ضلالت کے معرکہ میں حق کی سربلندی اور باطل کی پستی کا دونوں مشاہدہ کر کے قرآن عزیز کی تصدیق پر مجبور ہو جائیں اور دونوں جماعتیں "ایمان حق" کو برضاء و رغبت اختیار کر لیں اور اپنے باطل عقائد پر شرمسار و سرنگوں ہو جائیں۔ اور چونکہ ان دونوں جماعتوں کے علاوہ ہدایت و ضلالت کا یہ مشاہدہ و مظاہرہ دوسرے اہل باطل بھی کریں گے اس لیے وہ بھی حلقہ بگوش اسلام ہو جائیں گے اور اس طرح احادیث صحیحہ کے مطابق اس زمانہ میں کائنات ارضی کا صرف ایک ہی مذہب ہوگا اور وہ "اسلام" ہوگا۔

۲ ﴿هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝۲۸﴾ (الفتح: ۲۸)

ادیان و ملل کی تاریخ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور معاندین حق کے درمیان "سنت اللہ" کے دو مستقل دور رہے ہیں۔ پہلا دور حضرت نوح علیہ السلام سے شروع ہو کر حضرت لوط علیہ السلام پر ختم ہوتا ہے اس دور میں سنت اللہ یہ رہی کہ جب قوموں نے اپنے پیغمبروں کی صدائے حق پر کان نہ دھرا بلکہ برابر اس کا تمسخر کرتی اور اس کے پیغام حق کے آڑے آتی رہیں، تب اللہ تعالیٰ کے عذاب نے ان کو ہلاک کر دیا اور دوسروں کے لیے ان کو باعث عبرت و بصیرت بنا دیا اور دوسرا دور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے شروع ہو کر خاتم الانبیاء محمد ﷺ تک پہنچا ہے اس دور میں سنت اللہ کی خصوصیت یہ رہی ہے کہ جب اعداء حق اور دشمنان دین قویم نے کلمہ حق کی مخالفت پر اصرار کیا اپنے پیغمبروں کو ایذا دی اور ان کے ساتھ تمسخر کو اپنا نصب العین بنا لیا تو اللہ تعالیٰ نے ان قوموں کو ہلاک کرنے کی بجائے اپنے پیغمبروں کو یہ حکم دیا کہ وہ خدا کی راہ میں وطن چھوڑ دیں اور ہجرت کر جائیں، چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پہلے پیغمبر ہیں جنہوں نے قوم [1] کے سامنے یہ اعلان کیا:

---

[1] یہ حضرت ابراہیم کی اپنی قوم نہیں تھی اس لئے کہ یہ نبی سام (سامی) تھے اور نمارودۂ عراق اور ان کی قوم بنی حام (حامی) تھے۔

﴿ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴾ (عنکبوت: ۲٦)

اور عراق سے شام کی جانب ہجرت فرما گئے۔

پھر یہی صورت حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیش آئی اور وہ بنی اسرائیل کو ساتھ لے کر مصر سے شام کو ہجرت کر گئے مگر فرعون اور اس کے لشکریوں نے چونکہ مزاحمت کی اور ہجرت کے بھی آڑے آئے اس لیے وہ بحر قلزم میں غرق کر دیئے گئے۔

اور یہی صورت نبی اکرم ﷺ کو پیش آئی کہ جب قریش مکہ نے اذیت، تمسخر، دین حق کے ساتھ تصادم، اعمال دین کی مزاحمت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا تب مشیت الٰہی کا فیصلہ ہوا کہ آپ ﷺ مکہ سے مدینہ کو ہجرت کر جائیں، چنانچہ ہر قسم کی نگرانی اور مکان کے ہر طرف محاصرہ کے باوجود کرشمہ قدرت سے آپ ﷺ محفوظ و مامون مدینہ ہجرت کر گئے۔

"سنت اللہ" کے اسی دور میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت ہوئی اور ان کی قوم بنی اسرائیل نے ان کے ساتھ اور ان کی دعوت حق کے ساتھ بھی وہ سب کچھ کیا جو معاندین حق اور دشمنان دین اپنے پیغمبروں کے ساتھ کرتے رہے تھے اور ان میں ایک یہ خصوصیت زیادہ تھی کہ وہ حضرت مسیح علیہ السلام سے قبل چند انبیاء کو قتل تک کر چکے تھے اور اب حضرت مسیح علیہ السلام کے قتل کے درپے تھے، اسی کے ساتھ یہ مسطورۂ بالاحقیقت بھی فراموش نہیں رہنی چاہیے کہ یہود مسیح ہدایت اور مسیح ضلالت دو مسیح کے منتظر تھے اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو مسیح ضلالت قرار دے کر آج بھی مسیح ہدایت کے منتظر ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ کی حکمت بالغہ کا یہ فیصلہ ہوا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی ہجرت، کائنات ارضی کی بجائے ملاء اعلیٰ کی جانب ہو تا کہ مقررہ وقت آنے پر وہ مسیح ہدایت اور مسیح ضلالت کے درمیان مشاہدہ سے امتیاز کر سکیں اور ایک جانب اگر مسیح ہدایت کو مسیح ہدایت سمجھیں تو دوسری جانب قرآن کے فیصلہ حق کی صداقت و حقانیت کو دیکھ کر دین حق "اسلام" کے سامنے سر تسلیم خم کر دیں اور ساتھ ہی نصاریٰ کو بھی اپنی جہالت اور یہود کی کورانہ تقلید پر ندامت ہو اور وہ بھی تعلیم قرآن کی صداقت پر یقین و اعتقاد کے ساتھ شہادت دینے پر آمادہ ہو جائیں۔

کچھ عجیب صورت حال ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام اور خاتم الانبیاء محمد کریم ﷺ کے درمیان دعوت و تبلیغ حق، اور معاندین کی جانب سے حق کی معاندت و مخالفت، اور پھر اس کے نتائج و ثمرات میں بہت ہی زیادہ مشابہت پائی جاتی ہے دونوں کی اپنی قوم نے دونوں کو جھٹلایا دونوں کی قوموں نے سازش قتل کے بعد مکانوں کا محاصرہ کیا قدرت حق کے کرشمۂ اعجاز نے دونوں کو دشمنوں کی دسترس سے ہر طرح محفوظ رکھا، دونوں کے لیے ہجرت کا معاملہ پیش آیا، البتہ نبی اکرم ﷺ کی چونکہ بعثت عامہ تھی اور اس کی دعوت و تبلیغ کے لیے ذات اقدس ﷺ کا کرۂ ارضی پر قیام مسلسل ضروری تھا، اس لیے مکہ سے مدینہ کو ہجرت کا حکم ہوا اور عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام چونکہ قوم کو دعوت حق پہنچا چکے تھے اور ایک خاص مقصد عظیم کے پیش نظر ان کا مدت مدید کے بعد کائنات ارضی پر موجود ہونا ضروری تھا اس لیے ان کو ہجرت ارضی کی بجائے ہجرت ساوی پیش آئی پھر جس طرح نبی اکرم ﷺ نے اپنے زمانہ کے قائد ضلالت "امیہ بن خلف" کو اپنے حربہ سے قتل کیا، عیسیٰ بن مریم علیہما السلام بھی اپنی قوم کے مسیح ضلالت دجال کو قتل کریں گے اور جس طرح نبی اکرم ﷺ کو ہجرت کے بعد آپ ﷺ کے وطن مکہ پر قدرت حق نے اقتدار عطا فرما دیا، عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کا نزول بھی شام ہی کے اس مشہور شہر میں ہوگا جس سے اپنی قوم کی معاندانہ سازشوں کی بناء پر ملاء اعلیٰ کی جانب ہجرت پیش آئی تھی اور بیت المقدس، دمشق اور شام کے پورے ملک پر

یہود کے علی الرغم ان کی حکومت ہوگی۔ ❶

③ حضرت مسیح علیہ السلام سے پہلے قتل انبیاء علیہم السلام نے یہود کو اس درجہ گستاخ اور بے باک بنا دیا تھا کہ وہ یہ سمجھ بیٹھے کہ کسی ہستی کے متعلق یہ فیصلہ کہ وہ نبی صادق ہے یا متنبی کاذب ہمارے ہاتھ میں ہے اور جس کو ہم اور ہمارے فقیہ "کاذب" قرار دے دیں وہ واجب القتل ہے۔ چنانچہ اسی زعم باطل میں انہوں نے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو مسیح ضلالت کہا اور ان کے فقیہوں نے قتل کا فتویٰ صادر کر دیا۔ حالانکہ وہ جلیل القدر ہستی تھی کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل میں اس پایہ کا کوئی پیغمبر مبعوث ہی نہیں ہوا تھا اور اس نے جدید پیغام حق (انجیل) کے ذریعہ روحانیت کی مردہ کھیتی میں دوبارہ جان ڈال دی تھی، تب اللہ تعالیٰ کی مشیت کا فیصلہ ہوا کہ ہمیشہ کے لیے بنی اسرائیل کے اس زعم باطل کو پاش پاش کر دیا جائے اور دکھا دیا جائے کہ رب العالمین، خالق کائنات جس کی حفاظت کا وعدہ کر لے کائنات کی کوئی ہستی یا مجموعہ کائنات بھی اس پر دسترس نہیں پا سکتی چنانچہ ید قدرت نے اس وقت اس مقدس ہستی کو جسد عنصری کے ساتھ ملاء اعلیٰ کی جانب اٹھا لیا جبکہ مکان کے محاصرہ کے ساتھ دشمنوں نے اس کی حفاظت جان کے تمام وسائل دنیوی مسدود کر دیے تھے۔

پھر اس واقعہ نے ایک نئی صورت پیدا کر دی وہ یہ کہ مذاہب کی تاریخ میں صرف حضرت مسیح علیہ السلام ہی کی شخصیت ایسی ہے جن کے قتل وعدم قتل کے متعلق حق و باطل کے درمیان سخت اختلاف پیدا ہوا اور یہود و نصاریٰ کے باہم واقعہ صلیب وقتل پر اتفاق کے باوجود دو باطل اور متضاد عقائد کی کشمکش نظر آنے لگی۔

یہود قتل وصلیب کی وجہ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ان کے نزدیک وہ مسیح ضلالت تھے اور نصاریٰ وجہ صلیب یہ بتاتے ہیں کہ وہ خدا کے بیٹے تھے جو کائنات کے گناہوں کا کفارہ بننے کے لیے بھیجے گئے تھے تاکہ پاپی دنیا پاپ سے پاک ہو جائے اور صدیوں بعد جب قرآن نے "امر حق" کو واضح اور مسیح بن مریم علیہما السلام سے متعلق حقیقت حال کو روشن کیا تب بھی دونوں جماعتوں نے جماعتی حیثیت سے اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ لہٰذا قدرت حق کا فیصلہ ہوا کہ خود مسیح بن مریم علیہما السلام ہی وقت موعود پر نازل ہو کر قرآن کے فیصلہ کی تصدیق کر دیں اور یہود و نصاریٰ کے باطل عقائد کا خود بخود اس طرح خاتمہ ہو جائے اور اس کے بعد مدعیان اہل کتاب کو شرک باطل کی پیروی کے لیے کوئی گنجائش باقی نہ رہے اور خدا کی حجت ان پر تمام ہو جائے۔

نیز جبکہ اللہ تعالیٰ نے کائنات ہست وبود کے لیے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ خدا کی ہستی کے ماسوا ہر ایک وجود کو فنا اور موت ہے ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ﴾ .... ﴿كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ﴾ اور یہ ظاہر ہے کہ ملاء اعلیٰ اور عالم قدس مقام موت نہیں ہے بلکہ مقام حیات ہے اس لیے از بس ضروری ہے کہ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام بھی موت کا ذائقہ چکھیں اور اس کے لیے کائنات ارضی اتریں تاکہ زمین کی امانت زمین ہی کے سپرد ہو اس لیے "حیات و رفع" کے بعد "نزول ارضی" مقدر ہوا۔ ❷

علماء حق نے حیات ونزول عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق جو "اسرار و حکم" بیان فرمائے ہیں یہاں ان کا احاطہ مقصود نہیں ہے اس مختصر چند حکمتوں کا ذکر کر دیا گیا ورنہ محدث عصر علامہ سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ نے اس سلسلہ میں ایک طویل مقالہ ع الاسلام میں سپرد قلم فرمایا ہے جو لائق مطالعہ ہے حضرت استاد نے نہایت لطیف مگر دقیق پیرایہ بیان میں کائنات عالم کو "انسان کبیر"

---

❶ خلاصہ از عقیدۃ الاسلام ❷ فتح الباری ج ٦

انسان کو "عالم صغیر" قرار دے کر ان ہر دو عالم کی حیات و موت پر جو بحث فرمائی ہے اس سے حضرت مسیح علیہ السلام کے رفع اور قرب قیامت میں کائنات ارضی کی جانب رجوع کی حکمت بہت اچھی طرح واضح ہو جاتی ہے لیکن یہ کتاب چونکہ اس دقیق بحث کی متحمل نہیں ہے اس لیے اپنی جگہ قابل مراجعت ہے۔

آخر میں اب اپنی جانب سے چند جملے اس سلسلہ میں اضافہ کر کے اس مبحث کو ختم کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

④ قرآن عزیز میں "میثاق انبیاء" سے متعلق یہ ارشاد باری ہے:

﴿وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَاۤ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْۤا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾﴾ (آل عمران: ۸۱)

"اور وہ وقت قابل ذکر ہے جبکہ اللہ نے نبیوں سے (یہ) عہد لیا کہ جب تمہارے پاس (خدا کی جانب سے) کتاب اور حکمت آئے پھر ایسا ہو کہ تمہاری موجودگی میں ایک رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آئے جو تصدیق کرتا ہو ان کتابوں کی جو تمہارے پاس ہیں ضرور تم اس پر ایمان لانا اور ضرور اس کی مدد کرنا، اللہ نے کہا: کیا تم نے اقرار کیا؟ انہوں نے جواب دیا ہاں ہم نے اقرار کیا، اللہ نے کہا: پس تم اپنے اس عہد پر گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔"

آل عمران کی ان آیات میں حسب تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما [1] اس عہد و پیمان کا تذکرہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے ازل میں خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق انبیاء و رسل علیہم السلام سے لیا، قرآن کے اسلوب بیان کے مطابق اگرچہ یہ خطاب انبیاء و رسل کی معرفت ان کی امتوں سے تھا کہ ان میں سے جو امتیں خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ مبارک پائیں تو ان پر ایمان لائیں اور دعوت حق میں ان کی نصرت و یاری کریں۔ چنانچہ ہر ایک پیغمبر نے اپنے اپنے دور میں تعلیم حق کے ساتھ ساتھ خدا کے اس وعدہ کو بھی یاد دلایا اور ان میں سے اہل حق نے وعدہ دیا اور اقرار کیا کہ ضرور ان پر ایمان لائیں گے اور پیغام حق میں ان کی مدد کریں گے۔

تو یہ "میثاق النبیین" اگرچہ اس طرح پورا ہوتا رہا تاہم ازل میں چونکہ اس عہد و میثاق کے اول مخاطب حضرات انبیاء و رسل تھے اس لیے اس میثاق کی عملی حیثیت کا تقاضا تھا کہ خود انبیاء و رسل میں سے بھی کوئی نبی یا رسول اس عہد و میثاق کا عملی مظاہرہ کر کے دکھائے تاکہ یہ خطاب اولین براہ راست بھی مؤثر ثابت ہو مگر ﴿ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ﴾ میں بقاعدۂ عربیت خطاب تھا ان تمام انبیاء و رسل سے جو ذات اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اس کائنات ارضی میں مبعوث ہونے والے تھے کیونکہ ازل ہی میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ مقرر ہو چکا تھا ﴿وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ﴾ پس محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت "خاتم النبیین" اور ازل سے مقدر "میثاق النبیین" کا

---

[1] عن علي و ابن عباس في تفسيز أيه ما بعث الله نبيا من الانبياء الا اخذ عليه الميثاق لئن بعث الله محمدا و هو حي ليؤمنن به ولينصرنه و امره ان ياخذ الميثاق علي امته لئن بعث محمد و هم احياء ليؤمنن به و لينصرنه. (تفسیر ابن کثیر ج ۱)
اللہ تعالیٰ نے انبیاء میں سے جس نبی کو بھی کسی قوم کی رشد و ہدایت کے لئے مبعوث فرمایا تو اس سے یہ عہد ضرور لیا ہے کہ اگر تم میں سے کوئی اس وقت زندہ ہو جبکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوگی تو تم ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور اس کی مدد کرنا اور ان سے یہ بھی کہا کہ وہ اپنی اپنی امتوں سے بھی یہی عہد و پیمان لیں کہ ان میں سے جو اس وقت موجود ہوں وہ اس پر ایمان لائیں اور اس کی مدد کریں۔

اجتماع صرف اسی ایک شکل میں ممکن تھا کہ انبیاء سابقین میں کوئی ایک پیغمبر بعثت محمد ﷺ کے بعد نزول فرمائیں اور وہ اور ان کی امت دنیاء انسانی کے سامنے خاتم الانبیاء ﷺ پر ایمان لائیں اور "دین حق" کی مدد و نصرت کا مظاہرہ کریں تاکہ ﴿لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ﴾ کا وعدہ حق پورا ہو۔

گزشتہ صفحات میں یہ حقیقت بخوبی عیاں ہو چکی ہے کہ اگرچہ تمام انبیاء و رسل اپنے اپنے زمانہ میں محمد ﷺ کی بشارات دیتے چلے آتے تھے لیکن یہ خصوصیت حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی کے حصہ میں آئی کہ وہ ذات اقدس ﷺ کی بعثت کے لیے تمہید اور براہ راست منادی و مبشر بنے اور بنی اسرائیل کو تعلیم حق دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا:

﴿اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ﴾ (سورۃ الصف: ٦)

اور حقیقت یہ ہے کہ خاتم انبیاء بنی اسرائیل ہی کا یہ حق تھا کہ وہ خاتم الانبیاء والرسل کی بعثت کا "مناد" اور "مبشر" ہو اس لیے حکمت ربانی کا یہ فیصلہ ہوا کہ میثاق النبیین کے وقار کے لیے ان ہی کو منتخب کیا جائے اور اس معاملہ میں وہی تمام انبیاء و رسل کی نمائندگی کریں تاکہ امتوں کی جانب سے ہی نہیں بلکہ براہ راست انبیاء و رسل کی جانب سے وفاء عہد کا عملی مظاہرہ ہو سکے، اسی حقیقت کے پیش نظر نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا:

((انا اولی الناس بعیسی ابن مریم والانبیاء اولاد علات لیس بینی و بینه نبی)).

مگر قرآن چونکہ خدا کا آخری پیغام ہے اور ﴿اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ﴾ کے وعدۂ الٰہی نے رہتی دنیا تک اس کو تحریف سے محفوظ کر دیا ہے اس لیے قدرتی طور پر اس کی تعلیم کے ثمرات دوسرے انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات کے مقابلہ میں مدت طویل تک اپنا کام کرتے رہیں گے اور اس کی روشنی سے قلوب کو گرمانے اور اطاعت ربانی کے لیے مشتعل کرنے کے لیے علماء امت انبیاء بنی اسرائیل کی طرح خدمت حق انجام دیتے رہیں گے۔ لیکن جب بعثت محمد ﷺ کو گزرے ہوئے بہت ہی طویل عرصہ ہو جائے گا اور امت مرحومہ کے عملی قومی اور اجتماعی اعضاء میں انتہائی اضمحلال پیدا ہو کر یہ کیفیت ہو جائے گی کہ ان کی بیداری اور تیز روی کے لیے صرف علماء حق کی روحانیت ہی کافی ثابت نہیں ہو گی وہ وقت اس کا متقاضی ہو گا کہ کوئی "قائم بالحجة" ان کو سنبھالے اور اس لیے مشیت الٰہی نے مقدر کیا کہ جو ہستی عیسیٰ بن مریم علیہ السلام انبیاء و رسل کے میثاق ازل کی نمائندگی کے لیے مامور ہے اس کا ایسے ہی وقت نزول ہو اور وہ امت محمد ﷺ کے درمیان رہ کر ذات اقدس ﷺ کی نیابت اور امت کی امامت کا فرض انجام دے اور ﴿لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ﴾ کا عملی مظاہرہ کر کے دکھائے۔

اب کرشمہ قدرت دیکھیے کہ ازل کے ان مقدرات نے جو کہ ملاء اعلیٰ سے تعلق رکھتے تھے کائنات ارضی میں کس طرح اپنی بساط بچھائی؟ بنی اسرائیل اپنے جلیل القدر پیغمبر کے قتل کے لیے سازش مکمل کر چکے ہیں شاہی دستہ چہار جانب سے مکان کو محصور کیے ہوئے ہے مگر قدرت حق اپنا کام اس طرح نہیں کرتی کہ معجزانہ کرشمہ کے ذریعہ ان کو محفوظ وہاں سے نکال کر خدا کی وسیع زمین کے دوسرے حصہ میں "ہجرت" کرا دیتی نہیں بلکہ ہوا یہ کہ ان کو ملاء اعلیٰ کی ہجرت کے لیے محفوظ و مامون زندہ اٹھا لیا اور سازش و محصور

کرنے والوں کو ظن و ریب کی دلدل میں پھنسا کر ان کے لیے خسر الدنیا والآخرۃ کا نشان عطاء کر دیا اور پھر ارضی انسان کے ارضی احکام کے لیے وہ وقت مقرر کر دیا جو "میثاق النبیین" کی نمائندگی کے لیے موزوں تھا، یہی ہے وہ حقیقت جس کو زبان وحی ترجمان نے اس طرح ظاہر فرمایا: "والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا" اور اسی کو نص قرآن نے یوں واضح کیا ہے: ﴿وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾۔

پھر یہ ہستی میثاق انبیاء ورسل کی نمائندگی کا اس طرح حق ادا کرے گی کہ جب اس کا نزول ہوگا تو اس کرشمہ قدرت کو دیکھ کر مسلمانوں کے قلوب تصدیق قرآن اور تازگی ایمان سے روشن ہو جائیں گے اور وہ حق الیقین کے درجہ میں یقین کریں گے کہ بلاشبہ راہ مستقیم صرف اسلام ہی ہے اور مخبر صادق کی جس طرح یہ خبر صادق نکلی عالم غیب سے متعلق اس کی تمام خبریں اسی طرح حق اور بلاشبہ حق ہیں اور نصاریٰ بحیثیت قوم اپنے باطل عقیدۂ تثلیث و کفارہ پر نادم وشرمسار ہوں گے اور قرآن اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کو اپنے لیے راہ نجات اور راہ سعادت یقین کریں گے اور یہود جب مسیح ہدایت اور مسیح ضلالت کے معرکہ حق و باطل کا مشاہدہ کرلیں گے اور مسیح ہدایت کے نزول سے اپنے دعوائے قتل وصلیب کے ملعون عقیدہ کو باطل پالیں گے تو اب ان کو بھی "ایمان بالحق" کے سواء کوئی چارۂ کار نہیں رہے گا اور مسیح ضلالت کے رفقاء کے علاوہ وہ سب ہی "مسلم" بن جائیں گے یہی ہے قرآن کی وہ خبر صادق ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ مسلمانوں میں ایمان کی تازگی و شگفتگی نصاریٰ اور یہود میں تبدیلی عقائد کا حیرت انگیز انقلاب دیکھ کر اب مشرک جماعتوں پر بھی قدرتی اثر پڑے گا اور ساتھ ہی خدا کے مقدس پیغمبر کے زبردست روحانی اثرات کارفرما ہوں گے اور نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ بھی حلقہ بگوش اسلام ہو جائیں گے اور اس طرح وحی ترجمان حامل قرآن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد اپنی صداقت کو نمایاں کرے گا۔ ویدعو الناس الی الاسلام و یھلك اللہ فی زمانہ الملل کلھا الا السلام و یھلك اللہ فی زمانہ الدجال.

اس تفصیل سے یہ بھی روشن ہو گیا کہ قرآن اور احادیث کی تصریحات ثابت کر رہی ہیں کہ اگر اس فرض کی انجام دہی کے لیے کوئی جدید نبی مبعوث ہوتا تو ایک جانب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خصوصی شرف "خاتم النبیین" باقی نہ رہتا اور دوسری جانب "میثاق النبیین" کے خطاب اوّلین کا عملی مظاہرہ عالم وجود میں نہ آتا کیونکہ وہ ہستی بہرحال محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہی میں سے ہوتی۔ البتہ سابقہ نبی کی آمد نقلاً اور عقلاً دونوں حیثیت سے شرف خصوصی "خاتم النبیین" کے لیے بھی قادح نہیں ہے اور "میثاق النبیین" کو بھی پورا کرتی ہے۔

واقعات نزول صحیح احادیث کی روشنی میں:

گزشتہ صفحات میں نزول عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق جو صحیح احادیث ذکر کی گئیں اور ان سے اور بعض دوسری صحیح احادیث سے جو تفصیلات ظاہر ہوتی ہیں ان کو ترتیب کے ساتھ یوں بیان کیا جا سکتا ہے۔

قیامت کا دن اگرچہ معین ہے مگر ذات باری کے ماسواء کسی کو اس کا علم نہیں ہے اور اس کا وقوع اچانک ہوگا ﴿عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾ اور قیامت کا علم خدا ہی کو ہے ﴿حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً﴾ حتیٰ کہ ان پر اچانک قیامت کی گھڑی آ جائے گی ﴿لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً﴾ "قیامت ان پر نہیں آئے گی مگر اچانک" اور حدیث جبرئیل علیہ السلام میں ہے:

((ما المسئول عنھا باعلم من السائل))

"(جبرئیل علیہ السلام نے کہا) قیامت کے بارہ میں آپ سے زیادہ مجھے بھی علم نہیں جو اجمالی علم آپ کو ہے اسی قدر مجھ کو بھی ہے۔"

اور ایک اور حدیث میں ہے:

((سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول قبل ان یموت بشهر: تسألون عن الساعة وانما علمها عند الله)).

"تم مجھ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہو تو اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے"۔

البتہ قرآن عزیز اور احادیث صحیح نے چند ایسی علامات بیان کی ہیں جو قیامت کے قریب پیش آئیں گی اور ان سے صرف اس کے نزدیک ہو جانے کا پتہ چل سکتا ہے، ان "اشراط ساعت" میں سے ایک بڑی علامت حضرت مسیح علیہ السلام کا ملاء اعلیٰ سے نزول ہے جس کی تفصیلات یہ ہیں:

"مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان سخت معرکہ جنگ بپا ہو رہا ہوگا اور مسلمانوں کی قیادت و امامت سلالہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ایک ایسے شخص کے ہاتھ میں ہوگی جس کا لقب "مہدی" ہوگا اس معرکہ آرائی کے درمیان ہی میں مسیح ضلالت "دجال" کا خروج ہوگا یہ نسلاً یہودی اور یک چشم ہوگا کرشمہ قدرت نے اس کی پیشانی پر (ک، ا، ف، ر) کافر لکھ دیا ہوگا جس کو اہل ایمان فراست ایمانی سے پڑھ سکیں گے اور اس کے دجل و فریب سے جدا رہیں گے۔ یہ اوّل خدائی کا دعویٰ کرے گا اور شعبدہ بازوں کی طرح شعبدے دکھا کر لوگوں کو اپنی جانب توجہ دلائے گا مگر اس سلسلہ کو کامیاب نہ دیکھ کر کچھ عرصہ کے بعد مسیح ہدایت ہونے کا مدعی ہوگا یہ دیکھ کر یہود بکثرت بلکہ قومی حیثیت سے اس کے پیرو ہو جائیں گے اور یہ اس لیے ہوگا کہ یہود مسیح ہدایت کا انکار کر کے ان کے قتل کا ادعاء کر چکے ہیں اور مسیح ہدایت کی آمد کے آج تک منتظر ہیں اسی حالت میں ایک روز دمشق (شام) کی مسجد جامع میں مسلمان منہ اندھیرے نماز کے لیے جمع ہوں گے نماز کے لیے اقامت ہو رہی ہوگی اور مہدی موعود امامت کے لیے مصلے پر پہنچ چکے ہوں گے کہ اچانک ایک آواز سب کو اپنی جانب متوجہ کر لے گی مسلمان آنکھ اٹھا کر دیکھیں گے تو سپید بادل چھایا ہوا نظر آئے گا اور تھوڑے سے عرصہ میں یہ مشاہدہ ہوگا کہ عیسیٰ علیہ السلام دو زرد حسین چادروں میں لپٹے ہوئے اور فرشتوں کے بازوؤں پر سہارا دیئے ہوئے ملاء اعلیٰ سے اتر رہے ہیں فرشتے ان کو مسجد کے منارہ شرقی پر اتار دیں گے اور واپس چلے جائیں گے اب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تعلق کائنات ارضی کے ساتھ دوبارہ وابستہ ہو جائے گا اور وہ عام قانون فطرت کے مطابق صحن مسجد میں اترنے کے لیے سیڑھی کے طالب ہوں گے فوراً تعمیل ہوگی اور وہ مسلمانوں کے ساتھ نماز کی صفوں میں آ کھڑے ہوں گے مسلمانوں کا امام (مہدی موعود) از راہ تعظیم پیچھے ہٹ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے امامت کی درخواست کرے گا۔ آپ فرمائیں گے کہ یہ اقامت تمہارے لیے کہی گئی ہے اس لیے تم ہی نماز پڑھاؤ۔ فراغت نماز کے بعد اب مسلمانوں کی امامت حضرت مسیح علیہ السلام کے ہاتھوں میں آ جائے گی اور وہ حربہ لے کر مسیح ضلالت (دجال) کے قتل کے لیے روانہ ہو جائیں گے اور شہر پناہ کے باہر اس کو باب لد پر مقابل پائیں گے دجال سمجھ جائے گا کہ اس کے دجل اور زندگی کے خاتمہ کا وقت آ پہنچا اس لیے خوف کی وجہ سے رانگ کی طرح پگھلنے لگے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آگے بڑھ کر اس کو قتل کر دیں گے اور پھر جو یہود دجال کی رفاقت میں قتل سے بچ جائیں گے وہ اور عیسائی سب اسلام قبول کر لیں گے اور مسیح ہدایت کی پیروی کے لیے مسلمانوں کے شانہ بشانہ کھڑے نظر آئیں گے اس کا اثر مشرک جماعتوں پر بھی پڑے گا اور اس طرح اس زمانہ میں اسلام کے ماسوا کوئی مذہب باقی نہیں رہے گا۔

ان واقعات کے کچھ عرصہ بعد یاجوج ماجوج کا خروج ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام مسلمانوں کو اس

سے محفوظ رکھیں گے، حضرت مسیح علیہ السلام کا دورِ حکومت چالیس [1] سال رہے گا اور اس درمیان میں وہ ازدواجی زندگی بسر کریں گے اور ان کے دورِ حکومت میں عدل و انصاف اور خیر و برکت کا یہ عالم ہوگا کہ بکری اور شیر ایک گھاٹ پر پانی پئیں گے اور بدی اور شرارت کے عناصر دب کر رہ جائیں گے۔ [2]

وفات مسیح علیہ السلام :

چالیس سالہ دورِ حکومت کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کا انتقال ہو جائے گا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں دفن ہوں گے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طویل حدیث میں ہے:

((فیمکث اربعین سنة ثم یتوفّی و یصلّی علیه المسلمون و یدفنونه))۔ [3]

"پھر وہ کائنات ارضی پر اتر کر چالیس سال قیام کریں گے اور اس کے بعد وفات پا جائیں گے اور مسلمان ان کے جنازہ کی نماز پڑھیں گے اور ان کو دفن کر دیں گے۔"

اور ترمذی نے بسند حسن محمد بن یوسف بن عبداللہ بن سلام کے سلسلہ سے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے:

((قال مکتوبٌ فی التوراة صفة محمّد و عیسٰی ابن مریم یدفن معه))۔ [4]

"عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا تورات میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت (حلیہ و سیرت) مذکور ہے اور یہ بھی مسطور ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام ان کے ساتھ (پہلو میں) دفن ہوں گے۔"

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ:

سورۂ مائدہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کے مختلف حالات کا تذکرہ کیا گیا ہے پھر آخر سورہ بھی ان ہی کے تذکرہ پر ختم ہوتی ہے۔ اس مقام پر اللہ تعالیٰ نے اول قیامت کے اس واقعہ کا نقشہ کھینچا ہے جب انبیاء علیہم السلام سے ان کی امتوں کے متعلق سوال ہوگا اور وہ غایت ادب سے اپنی لاعلمی کا اظہار کریں گے اور عرض کریں گے خدایا! آج کا دن تو نے اس لیے مقرر فرمایا ہے کہ ہر معاملہ میں حقائق امور کے پیش نظر فیصلہ سنائے اور ہم چونکہ صرف ظواہر ہی پر کوئی حکم لگا سکتے ہیں اور قلوب اور حقائق کا دیکھنے والا تیرے سوا کوئی نہیں اس لیے آج ہم کیا شہادت دے سکتے ہیں، صرف یہی کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں کچھ معلوم نہیں تو علام الغیوب ہے اس لیے تو ہی سب کچھ جانتا ہے۔

﴿يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝﴾ (المائدہ: ۱۰۹)

---

[1] اور مسلم میں ہے کہ دورِ حکومت سات سال رہے گی حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تطبیق کی صورت یہ ہے کہ جب مسیح علیہ السلام کا رفع سماوی ہوا اس وقت ان کی عمر تینتیس سال تھی اور نزول کے بعد سات سال مزید بقید حیات رہیں گے، اس طرح کائنات ارضی میں کل مدت حیات چالیس سال ہو جائے گی۔

[2] ماخوذ از صحیح احادیث عن ابن عساکر فی تاریخه

[3] اس سے قبل یہ حدیث مکمل نقل کی گئی ہے۔ اس کو ابن ابی شیبہ نے مصنف میں، امام احمد نے مسند میں، ابوداؤد نے سنن میں، ابن جریر نے تفسیر میں اور ابن حبان نے صحیح میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

[4] تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۵۸۴

"وہ دن (قابل ذکر ہے) جبکہ اللہ تعالیٰ پیغمبروں کو جمع کرے گا پھر کہے گا تم (اپنی اپنی امتوں کی جانب سے) کیا جواب دیئے گئے؟ وہ (پیغمبر) کہیں گے (تیرے علم کے سامنے) ہم کچھ نہیں جانتے بلاشبہ تو ہی غیب کی باتوں کا خوب جاننے والا ہے۔"

ظاہر ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا ﴿لَا عِلْمَ لَنَا﴾ فرمانا علم حقیقی کی نفی پر ہی مبنی ہوگا یہ مطلب نہیں ہوگا کہ وہ درحقیقت اپنی امتوں کے جواب سے لاعلم ہیں کہ کس نے ایمان کو قبول کیا اور کس نے انکار کیا کیونکہ جواب کا مقصد اگر یہ ہوتو یہ صریح جھوٹ اور کذب بیانی ہے اور انبیاء علیہم السلام کی جانب اس عمل بد کی نسبت ناممکن ہے اس لیے انبیاء علیہم السلام کا یہ جواب مسطورۂ بالا حقیقت کے ہی پیش نظر ہوگا۔ ظاہر حالات کے علم سے انکار پر مبنی نہیں ہوگا اس کے لیے خود قرآن عزیز ہی شاہد عدل ہے کیونکہ وہ متعدد جگہ یہ کہتا ہے کہ قیامت کے دن انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی امتوں پر شہادت دیں گے کہ ہم نے ان تک خدا کا پیغام پہنچا دیا تھا اور یہ کہ انہوں نے ہماری دعوت کو قبول کیا یا رَد کر دیا۔ تو ان ہر دو مقامات پر نظر رکھنے کے بعد یوں کہا جائے گا کہ پاس ادب کے طریقہ پر اول انبیاء علیہم السلام کا یہی جواب ہوگا جو مائدہ میں مذکور ہے لیکن جب ان کو خدائے برتر کا یہ حکم ہوگا کہ وہ صرف اپنے علم کے مطابق شہادت دیں تب وہ شہادت دیں گے۔

﴿فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّ جِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝﴾ (النساء: ۴۱)

"پھر (اے پیغمبر!) کیا حال ہوگا اس دن (یعنی قیامت کے دن) جب ہم ہر ایک امت سے ایک گواہ طلب کریں گے (یعنی اس کے پیغمبر کو طلب کریں گے جو اپنی امت کے اعمال و احوال پر گواہ ہوگا) اور ہم تمہیں بھی ان لوگوں پر گواہی دینے کے لیے طلب کریں گے۔"

﴿وَ جِایْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ﴾ (الزمر: ۶۹)

"اور لائے جائیں گے (قیامت کے دن) انبیاء اور شہداء اور فیصلہ کیا جائے گا ان لوگوں کے درمیان اچھائی اور برائی کا حق کے ساتھ۔"

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے بھی ﴿لَا عِلْمَ لَنَا﴾ کی یہی تفسیر بیان فرمائی ہے: [1]

عن ابن عباس ﴿يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ ...الاية﴾ يقولوا الربّ عزّوجل لا علم لنا الا علم انت اعلم به منا.

"حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ آیت ﴿يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ ....الاية﴾ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: انبیاء علیہم السلام رب عزوجل سے عرض کریں گے، ہم کو کوئی علم نہیں ہے مگر ایسا علم کہ جس کے متعلق تو ہم سے بہتر جانتا ہے۔"

اور شیخ المحققین علامہ سید انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ آیت کے جملہ ﴿لَا عِلْمَ لَنَا﴾ کو "علم حقیقی کے انکار" پر محمول کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

---

[1] تفسیر ابن کثیر جلد ا

"یہ بات مسلم ہے کہ ایک انسان کو..... خواہ وہ کسی درجہ اور رتبہ کا ہو..... دوسرے انسان کے متعلق جو کچھ بھی معلوم ہوتا ہے وہ علم حقیقی کے لحاظ سے "ظن" کے درجہ سے آگے "علم" تک نہیں پہنچتا، اس بناء پر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

((نحن نحکم بالظواھر و اللہ متولی السرائر)).

"ہم ظاہر معاملات پر حکم لگاتے ہیں اور بھیدوں اور حقیقتوں پر تو صرف خدا کو ہی قابو حاصل ہے۔"

نیز ایک دوسری حدیث میں ہے کہ ذات اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"تم میرے پاس اپنے جھگڑے لاتے ہو اور بعض تم میں سے زیادہ چرب زبان ہوتے ہیں اور مجھ کو علم غیب نہیں ہے کہ حقیقت سے آگاہ ہو جایا کروں اس لیے جو بھی فیصلہ دیتا ہوں ظاہر حالات پر ہی دیتا ہوں تو یاد رہے کہ جو شخص بھی اپنی چرب زبانی سے کسی بھائی کا ادنیٰ سا ٹکڑا بھی ناحق حاصل کرے گا تو بلا شبہ جہنم کا ٹکڑا حاصل کرلے گا۔"[1]

بہر حال قرآن عزیز، احادیث رسول ﷺ، آثار صحابہ رضی اللہ عنہم، اور اقوال علماء سب یہی ظاہر کرتے ہیں کہ اس موقعہ پر انبیاء علیہم السلام کا جواب "عدم علم" کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ از راہ پاس ادب "حقیقی علم پر انکار" کو واضح کرتا ہے۔

غرض ذکر یہ تھا کہ اصل مقام پر اصل تذکرہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس واقعہ کا ہو رہا ہے جو قیامت میں پیش آئے گا جبکہ اللہ تعالیٰ ان پر اپنے انعامات شمار کرانے کے بعد ان سے ان کی امت کے متعلق سوال کرے گا اور حسب حال جوابات پیش کریں گے مگر سابق آیات میں چونکہ دوسرے مطالب ذکر ہوئے تھے اس لیے ان سے امتیاز پیدا کرنے کے لیے تمہیداً قیامت میں ہونے والے ان سوال و جواب کا ذکر ضروری ہوا جو عام طور پر انبیاء علیہم السلام سے ان کی امتوں کے متعلق کیے جائیں گے اور اس لیے بھی یہ تذکرہ ضروری تھا کہ اگلی آیات میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جواب کا ذکر کیا گیا ہے اس کا پیراۂ بیان بھی انبیاء علیہم السلام کے جواب کے ساتھ مطابق رکھتا ہے:

﴿وَ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَ اُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا یَكُوْنُ لِیْۤ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ ۗ بِحَقٍّ ؔ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَ لَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۝۱۱۶ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبَّكُمْ ۚ وَ كُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ ؕ وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۝۱۱۷ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَ اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝۱۱۸﴾ (المائدہ: ۱۱۶-۱۱۸)

"اور (وہ وقت بھی قابل ذکر ہے) جب اللہ تعالیٰ عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام سے کہے گا "کیا تو نے لوگوں (بنی اسرائیل) سے کہہ دیا تھا کہ مجھ کو اور میری ماں کو دونوں کو اللہ کے ماسواء خدا بنالینا" عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے "پاکی تجھ کو ہی زیبا ہے میرے لیے کیسے ممکن

---

[1] عقیدۃ الاسلام ص ۱۶۵

تھا کہ میں وہ بات کہتا جو کہنے کے لائق نہیں اگر میں نے یہ بات ان سے کہی ہوتی تو یقیناً تیرے علم میں ہوتی (اس لیے کہ) تو وہ سب کچھ جانتا ہے جو میرے جی میں ہے اور میں تیرا بھید نہیں پا سکتا بلاشبہ تو غیب کی باتوں کا خوب جاننے والا ہے، میں نے اس بات کے ماسواء جس کا تو نے مجھ کو حکم دیا ان سے اور کچھ نہیں کہا" وہ یہ کہ صرف اللہ ہی کی پوجا کرو جو میرا اور تمہارا سب کا رب ہے" اور میں ان پر اس وقت تک کا گواہ ہوں جب تک میں ان کے درمیان رہا پھر جب تو نے مجھ کو قبض کر لیا تب تو ہی ان پر نگہبان تھا اور تو ہر چیز پر گواہ ہے اگر تو ان سب کو عذاب چکھائے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر ان کو بخش دے پس تو ہی بلاشبہ غالب حکمت والا ہے۔"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب اپنا جواب دے چکیں گے تب اللہ تعالیٰ یہ ارشاد فرمائے گا:

﴿قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۱۹﴾ (المائدہ: ۱۱۹)

"اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ ایسا دن ہے کہ جس میں راستبازوں کی راستبازی ہی کام آ سکتی ہے، ان ہی کے لیے بہشت ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ خدا سے راضی اور خدا ان سے راضی (کا مقام اعلیٰ پائیں گے) یہ بہت ہی بڑی کامیابی ہے۔"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جواب ایک جلیل القدر پیغمبر کی عظمت وشان کے عین مطابق ہے وہ پہلے بارگاہ رب العزت میں عذر خواہ ہوں گے کہ یہ کیسے ممکن تھا کہ میں ایسی نامناسب بات کہتا جو قطعاً حق کے خلاف ہے ﴿سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْۤ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ﴾ پھر پاس ادب کے طور پر خدا کے علم حقیقی کے سامنے اپنے علم کو ہیچ اور بے علمی کے مترادف ظاہر کریں گے ﴿اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَ لَاۤ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ﴾ اور اس کے بعد اپنے فرض کی انجام دہی کا حال گزارش کریں گے ﴿مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِيْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ۚ﴾ اور پھر امت نے اس دعوت حق کا جواب کیا دیا؟ اس کے متعلق ظاہر امور کی شہادت کا بھی اس اسلوب کے ساتھ ذکر کریں گے جس میں ان کی شہادت خدا کی شہادت کے مقابلہ میں بے وقعت نظر آئے ﴿وَ كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝﴾ اور اس کے بعد یہ جانتے ہوئے کہ امت میں مومنین قانتین بھی ہیں اور منکرین جاحدین بھی، وقوع عذاب اور طلب مغفرت کا اس انداز میں ذکر کریں گے جس سے ایک جانب خدا کے مقرر کردہ پاداش عمل کے قانون کی خلاف ورزی بھی مترشح نہ ہو اور دوسری جانب امت کے ساتھ رحمت وشفقت کے جذبہ کا جو تقاضا ہے وہ بھی پورا ہو جائے ﴿اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَ اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝﴾ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام عرض داشت یا جواب کے مضمون کو ختم کر چکے تو رب العالمین نے اپنے قانون عدل کا یہ فیصلہ سنا دیا تاکہ مستحق رحمت ومغفرت کو مایوسی نہ پیدا ہو بلکہ مسرت وشادمانی سے ان کے قلوب روشن ہو جائیں اور مستحق عذاب غلط توقعات قائم نہ کر سکیں ﴿هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ ... الاية﴾

ان تمام تفصیلات کا حاصل یہ ہے کہ آیات زیر بحث کا سیاق وسباق صراحت کرتا ہے کہ یہ واقعہ قیامت کے روز پیش آئے

گا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ملاء اعلیٰ پر اٹھا لیے جانے کے وقت پیش نہیں آیا۔ اس لیے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کی ابتداء ﴿یَوْمَ یَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ ... الایة﴾ سے کرنا اور انتہاء واقعہ ﴿هٰذَا یَوْمُ یَنْفَعُ الصّٰدِقِیْنَ صِدْقُهُمْ ... الایة﴾ پر ہونا روز قیامت کے ماسواء اور کسی دن پر صادق نہیں آ سکتا اور اس ایک قطعی بات کے علاوہ دوسرے کسی احتمال کی مطلق گنجائش نہیں ہے۔

نیز یہ تفصیلات واضح کرتی ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنی امت کے قبول و انکار کے حالات سے آگاہی کے باوجود آیات مائدہ میں مذکور اسلوب بیان اس لیے اختیار فرمائیں گے کہ دوسرے انبیاء و رسل علیہم السلام بھی مقام کی نزاکت حال اور رب العزت کے دربار میں غایت پاس ادب کے لیے یہی اسلوب بیان اختیار فرمائیں گے۔

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اور انبیاء علیہم السلام کے جوابات میں اسلوب بیان کی یکسانیت کے باوجود اجمال و تفصیل کا فرق صرف اس لیے ہے کہ زیر بحث آیات میں اصل مقصود حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی امت کے قبول و انکار اور ان کے نتائج و ثمرات کا تذکرہ ہے اور انبیاء علیہم السلام کا ذکر صرف واقعہ کی تمہید کے طور پر ہے۔

حقیقت حال کے اس انکشاف کے بعد اب جمہور امت مسلمہ کے خلاف خلیفہ قادیانی مسٹر محمد علی لاہوری کی تحریف معنوی بھی قابل مطالعہ ہے کہتے ہیں کہ سورۂ مائدہ میں مذکور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور پروردگار عالم کا یہ سوال و جواب اس وقت پیش آ چکا جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نعش ملنے پر شاگردوں نے ان کا علاج کر کے چنگا کر لیا اور پھر وہ شام سے فرار ہو کر مصر اور مصر سے کشمیر پہنچے اور گمنامی کی حالت میں انتقال فرما گئے۔ مسٹر لاہوری نے اپنے دعوے میں دو دلائل پیش کیے ہیں: ایک یہ کہ عربیت کے قاعدے سے لفظ "اذ" ماضی کے لیے مستعمل ہے نہ کہ مستقبل کے لیے اور دوسری دلیل یہ کہ اگر جمہور کے عقیدہ کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام کا انتقال نہیں ہوا اور وہ قیامت کے قریب نازل ہوں گے تو ضروری ہے کہ ان کو اپنی امت (نصاریٰ) کے عقیدہ الوہیت مسیح علیہ السلام اور تثلیث کا علم ہو چکا ہوگا کیونکہ نصاریٰ نے ان کے رفع کے زمانہ تک تثلیث کو نہیں اپنایا تھا اور اگر ایسا ہوتا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جواب ایسے اسلوب پر نہ ہوتا جس سے ان کی لاعلمی ظاہر ہوتی ہے۔

مسٹر لاہوری نے قرآن کی تحریف معنوی پر یہ اقدام یا تو اس لیے کیا کہ اپنے مرشد متنبی قادیان (علیہ ما علیہ) کے دعوائے مسیحیت کو قوت پہنچائیں اور مغالطہ اور سفسطہ سے کام لے کر "خسران مبین" کا سامان مہیا کریں اور یا پھر وہ قواعد عربیت سے اس درجہ ناواقف ہیں کہ نہ ان کو نحو کے معمولی استعمالات ہی کا علم ہے اور نہ وہ آیات قرآنی کے سیاق و سباق کا ہی کچھ درک رکھتے ہیں اور صرف جاہلانہ دعاوی پر دلیر نظر آتے ہیں۔

جن قوانین عربیت میں "اذ" اور "اذا" کے درمیان یہ فرق بیان کیا گیا ہے کہ "اذ" اگر فعل مستقبل پر بھی داخل ہو تب بھی "ماضی" کے معنی دیتا ہے اور "اذا" اگرچہ فعل ماضی پر بھی داخل ہو تب بھی مستقبل کے معنی دیا کرتا ہے ان ہی قوانین میں علماء معانی و بلاغت یہ بھی تصریح کرتے ہیں کہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کسی گزرے ہوئے واقعہ کو اس طرح پیش کرنے کے لیے گویا وہ زمانہ حال میں پیش آ رہا ہے صیغہ مستقبل سے تعبیر کر لیا کرتے ہیں یعنی اس کے لیے "اذا" کا استعمال جائز رکھتے بلکہ مستحسن سمجھتے اور اس کو "استحضار" اور "حکایۃ الحال" کہتے ہیں اور اسی طرح مستقبل میں ہونے والے ایسے واقعہ کو جس کے وقوع سے متعلق یہ یقین دلانا ہو کہ وہ ضرور ہو کر رہے گا اور ناممکن ہے کہ اس کے خلاف ہو سکے اکثر ماضی کے صیغہ سے تعبیر کرنا مستحسن سمجھتے بلکہ بلاغت تعبیر کے لحاظ سے ضروری اور

مفید یقین کرتے ہیں کیونکہ اس طرح مخاطب اور سامع کے سامنے ہونے والے واقعہ کا نقشہ اس طرح آ جاتا ہے گویا وہ ہو گزرا ہے اور یہ بھی "استحضار" ہی کی ایک صورت سمجھی جاتی ہے دور کیوں جایئے لفظ "اذ" کا استعمال مستقبل کے لیے خود قرآن عزیز میں متعدد مقامات پر ثابت ہے:

﴿وَ لَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا یٰلَیْتَنَا نُرَدُّ وَ لَا نُكَذِّبَ بِاٰیٰتِ رَبِّنَا وَ نَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ۝﴾(الانعام:۲۷)

"اور کاش کہ تو دیکھے جس وقت کہ وہ کھڑے کیے جائیں گے آگ (جہنم) کے اوپر پس کہیں گے اے کاش کہ ہم لوٹا دیئے جائیں دنیا میں اور نہ جھٹلائیں ہم اپنے رب کی نشانیوں کو اور ہو جائیں ہم ایمان والوں میں سے۔"

اسی طرح سورۂ انعام میں روز قیامت مجرموں کی حالت کا اس طرح ذکر کیا ہے:

﴿وَ لَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَیْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ رَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ۝﴾(الانعام:۳۰)

"اور کاش کہ تو دیکھے، جب وہ اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے تو (پروردگار) کہے گا کیا یہ حق نہیں ہے؟ وہ کہیں گے قسم ہے پروردگار کی یہ (روز حشر) حق اور سچ ہے پس پروردگار کہے گا تو چکھو اس کے بدلہ میں عذاب جو تم کفر کیا کرتے تھے۔"

اور ان ہی مجرمین کی روز قیامت حالت کا نقشہ سورۂ سبا میں اس طرح بیان کیا گیا ہے:

﴿وَ لَوْ تَرٰۤى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَ اُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ۝ وَّ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِهٖ﴾(سبا:۵۱۔۵۲)

"اور کاش کہ تو دیکھے جبکہ وہ (منکرین) گھبرائیں گے، پس نہیں بھاگ سکیں گے اور پکڑے جائیں گے قریب سے اور کہیں گے ہم (اب) اس پر ایمان لے آئے۔"

اور سورۂ سجدہ میں اس حقیقت کو ان الفاظ کے ساتھ بیان کیا ہے:

﴿وَ لَوْ تَرٰۤى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ﴾(السجدہ:۱۲)

"اور کاش کہ تو دیکھے جبکہ مجرم اپنا سر نیچے ڈالے ہوئے ہوں گے اپنے رب کے سامنے۔"

یہ اور اسی قسم کے متعدد مقامات ہیں جن میں مستقبل کے واقعات کو ماضی کے ساتھ تعبیر کیا گیا اور اس لیے لفظ "اذ" کا استعمال مفید سمجھا گیا پس جس طرح ان مقامات میں ﴿اذ وقفوا، قال، قالوا اذ فزعوا، واخذوا، اذ المجرمون ناکسوا﴾ تمام افعال لفظ "اذ" کے باوجود مستقبل کے معنی دے رہے ہیں اسی طرح ﴿اذ قال الله یعیسی﴾ کے استعمال کو مستقبل کے لیے سمجھئے اور جس طرح ان تمام مقامات کے سیاق و سباق دلالت کر رہے ہیں کہ ان واقعات کا تعلق روز قیامت سے ہے ٹھیک آیات مائدہ کی زیر بحث آیات کا سیاق و سباق صراحت کر رہا ہے کہ اس واقعہ کا تعلق قیامت کے دن سے ہے۔

قاعدۂ عربیت کی اس حقیقت افروز تحقیق کے بعد مسٹر لاہوری کی دوسری دلیل پر نظر ڈالیے تو وہ اس سے بھی زیادہ لچر نظر آئے گی اس لیے کہ گذشتہ تحقیق سے یہ واضح ہو چکا کہ سورۂ مائدہ کی آیات زیر بحث میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جواب ہرگز اس بات پر مبنی نہیں ہے کہ ان کو اپنی امت کی گمراہی کا علم نہیں ہوگا اور وہ اپنی لاعلمی ظاہر کریں گے، ایک مرتبہ ان آیات پر پھر غور کرو گے تو صاف نظر آئے گا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اصل جواب صرف یہ ہے:

﴿مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِيْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ۚ﴾

اور اول آخر باقی آیات میں یا جواب کے مناسب حال تمہید ہے اور یا اللہ تعالیٰ کی جلالت و جبروت اور اپنی بیچارگی و درماندگی بلکہ عبودیت کا اظہار ہے جس میں ایک جلیل القدر پیغمبر کی شان کے مناسب حضرۃ القدس کے سامنے شہادت پیش کی گئی ہے علاوہ ازیں اگر مسٹر لاہوری کا یہ قول صحیح مان لیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع سماوی تک نصاریٰ نے چونکہ تثلیث کا عقیدہ نہیں اختیار کیا تھا اس لیے انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا تو اس صورت میں اللہ تعالیٰ کا یہ سوال کیا معنی رکھتا ہے:

﴿ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَ اُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ﴾

کیا العیاذ باللہ اس کا یہ مطلب نہ ہوا کہ خدا نے عیسیٰ علیہ السلام کی امت پر جھوٹا الزام لگایا؟ پھر یہ کیا کم حیرت کی بات ہے کہ قادیانی اور لاہوری ایک جانب تو یہ کہہ رہے ہیں مگر اس کے قطعاً متضاد "آئینہ کمالات" میں قادیانی نے یہ کہا ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام کی روح کو یہ معلوم ہوا اور اس کو بتایا گیا کہ اس کی امت کس طرح شرک میں مبتلاء ہوگئی تب عیسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی، خدایا! تو میرا مثیل نازل فرما تا کہ میری امت اس شرک سے نجات پائے اور تیری سچی پرستار بنے۔

ببیں تفاوت رہ از کجا ست تا بکجا

حقیقت یہ ہے کہ قادیانی اور لاہوری کی تفسیر کا معیار یہ نہیں ہے کہ وہ قرآن کی آیات کے مطالب قرآن کی زبان سے سننا چاہتے ہیں بلکہ پہلے سے ایک باطل عقیدہ کو عقیدہ بناتے ہیں اور پھر اس کے سانچہ میں قرآن کو ڈھالنا چاہتے ہیں اور جب قرآن اس سانچہ میں ڈھلنے سے انکار کرتا ہے تو تحریف کے حربہ سے زبردستی اس پر مشق ستم کرنا چاہتے ہیں مگر وہ ایسا کرتے وقت میں اس حقیقت کو فراموش کر دیتے ہیں کہ قرآن امت کی ہدایت کے لیے رہتی دنیا تک امام الہدیٰ ہے۔ اس لیے کوئی "ملحد و زندیق" خواہ کتنی ہی تحریف معنوی کی کوشش کرے ہمیشہ ناکام اور خاسر رہے گا اور خود قرآنی اطلاقات ہی اس کے عقیدہ و فکر کے بطلان کے لیے ناطق ہوں گے بلکہ بمصداق، دروغ گو را حافظہ نہ باشد، وہ اکثر اپنے ہی متضاد اقوال کی بھول بھلیاں میں پھنس کر اپنی کذب بیانی اور تفسیری افتراء پر مہر لگا لیتا ہے جس کی تازہ شہادت ابھی سطور بالا میں نقل ہو چکی ہے۔

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ:

حیات و رفع مسیح علیہ السلام سے متعلق گزشتہ مباحث میں "توفی" کی حقیقت پر کافی روشنی پڑ چکی ہے اور سورۂ مائدہ کی آیات مسطورہ بالا کی تفسیر کے بھی تمام پہلو واضح ہو چکے ہیں تاہم قرآن کے اعجاز بلاغت اور اسلوب بیان کی لطافت سے مستفید ہونے کے

لیے چند سطور اس مسئلہ پر بھی سپرد قلم کر دینا مناسب ہے کہ اس مقام پر قرآن نے عیسیٰ علیہ السلام کے قیام ارضی کو ﴿مَا دُمْتُ فِيهِمْ﴾ سے اور کائنات ارضی سے انقطاع تعلقات کو ﴿تَوَفَّيْتَنِي﴾ سے کیوں تعبیر کیا۔

گزشتہ سطور میں لغت اور معانی کے حوالوں سے یہ تو ثابت ہو چکا کہ "توفی" کے حقیقی معنی "اخذ وتناول" (لے لینے اور قبضہ میں کر لینے) کے ہیں اور موت کے معنی میں بطور کنایہ اس کا استعمال ہوتا ہے اور یہ کہ کنایہ میں حقیقی معنی برابر ساتھ ساتھ رہتے ہیں مجاز کی طرح یہ نہیں ہوتا کہ حقیقی معنی سے جدا ہو کر لفظ غیر موضوع لہ میں استعمال ہونے لگے۔ پس اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق قرآن کا عقیدہ یہ ہوتا کہ ان کو موت آ چکی اور سوال و جواب کا یہ سلسلہ موت کے اسی وقت سے متعلق ہے نہ کہ قیامت کے دن سے تو پھر بلاغت و معانی کا تقاضا یہ تھا کہ اس موقع پر "حیات" اور "موت" ایک دوسرے کے متضاد الفاظ کو استعمال کیا جاتا تاکہ یہ حیثیت واضح ہو سکتی کہ سوال و جواب کا معاملہ "موت" کے ہم قریں ہے اور پھر لفظ "موت" کی صراحت اپنے مقابل لفظ "حیات" کی طالب ہوتی مگر قرآن نے ان دونوں الفاظ کی بجائے ﴿مَا دُمْتُ فِيهِمْ﴾ کو "حیات" کی اور "توفی" کو "موت" کی جگہ استعمال کیا ہے تو یہ کس لیے اور کس مقصد سے یا بغیر کسی حکمت و مصلحت کے یہ اسلوب اختیار کر لیا؟ جمہور امت تو اس کا ایک ہی جواب رکھتی ہے اور وہ یہ کہ قرآن نے دوسرے مقامات کی طرح اس مقام پر بھی اعجاز و ایجاز سے کام لیا ہے اور ان دو لفظوں میں وہ حضرت مسیح علیہ السلام کی زندگی، رفع، نزول اور موت تمام مراحل کو سمو دینا چاہتا ہے وہ اگر یہ کہتا "ما حییت" "میں جب تک زندہ رہا" اور "فلما امتنی" "پس جب تو نے مجھ کو موت دے دی" تو اس کا مطلب یہ ہوتا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی عام حالات کے مطابق دو ہی مراحل پیش آئے ہیں "زندگی" اور "موت" ان دونوں مرحلوں کے درمیان کوئی خاص صورت حال پیش نہیں آئی، لیکن جبکہ یہ خلاف واقعہ تھا اور ان کی زندگی اور موت کے درمیان دو اہم مراحل پیش آ چکے ہوں گے: ایک "ملاء اعلیٰ کی جانب بقید حیات رفع، اور دوسرے کائنات ارضی پر دوبارہ رجوع (نزول)" اس لیے از بس ضروری ہوا کہ حیات اور موت کی جگہ دو ایسے الفاظ اختیار کیے جائیں جو ان چاروں مراحل پر صادق آ سکیں اور جبکہ متعدد مقامات پر حسب حال ان مراحل کی تفصیل بیان ہو چکی ہے تو اعجاز بلاغت کا یہی تقاضا ہے کہ اب ان کو ایجاز و اختصار کے ساتھ بیان کیا جائے۔

صورت حال کا یہی نقشہ تھا جس کے لیے قرآن عزیز نے "ما حییت" کی جگہ "ما دمت فیھم" استعمال کیا تاکہ یہ جملہ اختصار کے ساتھ حضرت مسیح علیہ السلام کی زندگی کے دونوں حصوں پر حاوی ہو جائے اس حصہ پر بھی جو ابتداء زندگی سے شروع ہو کر "رفع الی السماء" پر ختم ہوتا ہے اور اس حصہ پر بھی جو "نزول ارضی" سے شروع ہو کر "موت" پر جا کر ختم ہو جاتا ہے اور اسی طرح قرآن نے "فلما امتنی" کا اسلوب بیان اختیار کیا تاکہ یہ جملہ بھی پہلے کی طرح باقی دونوں مرحلوں کو اپنے اندر سمو لے اس مرحلہ کو بھی جو "رفع الی السماء" کی صورت میں پیش آیا اور اس مرحلہ کو بھی جو نزول کے بعد "موت" کی صورت میں نمودار ہوا کیونکہ موت سے صرف ایک ہی حقیقت ظاہر ہو سکتی تھی مگر "توفی" میں بیک وقت دونوں حقیقتیں موجود تھیں، حقیقی معنی کے لحاظ سے صرف "اخذ وتناول" اور کنایہ کے اعتبار سے اخذ وتناول کے ساتھ ساتھ "موت" جیسا کہ سطور بالا میں "کنایہ" اور "مجاز" کے باہمی فرق سے معلوم ہو چکا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام عرض کریں گے خدایا! جو وقت میں نے ان کے درمیان گزارا اس کے لیے تو بیشک میں شاہد ہوں لیکن "توفی" کے اوقات میں ان پر فقط تو ہی نگہبان رہا باقی تیری شہادت تو ہر حالت میں ہر وقت ہر شے پر حاوی ہے۔

مسئلہ متعلقہ کی یہ پوری بحث اس سے قطع نظر کہ نبی معصوم ﷺ نے آیات کی تفسیر میں کیا ارشاد فرمایا ہے لغت، معانی، بلاغت کے پیش نظر تھی ورنہ ان آیات کی تفسیر میں ایک مومن صادق کے لیے وہ صحیح مرفوع احادیث کافی ہیں جن کو محدثین نے بسند صحیح روایت کیا ہے مثلاً مشہور محدث حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ نے بروایت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے جو حدیث نقل کی ہے اس کا ترجمہ یہ ہے:

جب قیامت کا دن ہوگا تو تمام انبیاء علیہم السلام کو اور ان کی امتوں کو بلایا جائے گا اور عیسیٰ علیہ السلام بھی بلائے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ اول ان کے سامنے اپنی ان نعمتوں کو شمار کرائے گا جو دنیا میں ان پر نازل ہوتی رہیں اور عیسیٰ علیہ السلام ان سب کا اعتراف کریں گے اس کے بعد اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا:

﴿ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَ اُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ﴾

تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام انکار فرمائیں گے پھر نصاریٰ بلائے جائیں گے اور ان سے سوال کیا جائے گا تو وہ دروغ بیانی کرتے ہوئے کہیں گے کہ ہاں عیسیٰ علیہ السلام نے ہم کو یہی تعلیم دی تھی، یہ سن کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر سخت خوف طاری ہو جائے گا، بدن کے بال کھڑے ہو جائیں گے اور خشیت الٰہی سے ان کا رواں رواں بارگاہِ صمدی میں سجدہ ریز ہو جائے گا اور یہ مدت ایک ہزار سال معلوم ہوگی حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے نصاریٰ کے خلاف حجت قائم کر دی جائے گی اور ان کی خود ساختہ صلیب پرستی کا راز فاش کر دیا جائے گا اور پھر ان کو جہنم میں جھونک دیئے جانے کا حکم ہو جائے گا۔ [1]

اور محدث ابن ابی حاتم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بسند صحیح یہ روایت نقل کی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "کہ اللہ تعالیٰ جب قیامت کے دن عیسیٰ علیہ السلام سے ان کی امت کے متعلق سوال کرے گا تو اپنی جانب سے عیسیٰ علیہ السلام پر جواب بھی القاء کر دے گا" اور اس القاء کے متعلق نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر القاء ہوگا کہ وہ یہ جواب دیں:

﴿سُبْحٰنَكَ مَا یَكُوْنُ لِیْۤ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ ﴾ [2]

اور صحیحین (بخاری و مسلم) اور سنن میں جو حدیث شفاعت منقول و مشہور ہے اس سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ جس طرح قیامت میں تمام انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی امتوں سے متعلق اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہوں گے اور معاملہ کے پیش آنے سے قبل خائف و ہراساں ہوں گے حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی ان میں سے ایک ہوں گے اور ان پر یہ خوف طاری ہو رہا ہوگا کہ جب ان سے امت کی مشرکانہ بدعت پر سوال ہوگا تو وہ درگاہِ صمدی میں کس طرح اس سے عہدہ برآ ہو سکیں گے؟

الحاصل سورۂ مائدہ کی ان آیات کی تفسیر وہی صحیح ہے جو جمہور امت کی جانب سے منقول ہے اور قادیانی اور لاہوری کی تفسیر برائے الحاد و زندقہ سے زیادہ کوئی وقعت نہیں رکھتی۔

---

[1] تفسیر ابن کثیر ج ۱ سورۂ مائدہ [2] ایضاً

حضرت مسیح علیہ السلام کی دعوت اصلاح اور بنی اسرائیل کے فرقے:

گزشتہ مباحث میں پڑھ چکے ہو کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو انجیل عطاء کی تھی اور یہ الہامی کتاب دراصل توراۃ کا تکملہ تھی یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیمی اساس اگرچہ توراۃ ہی پر قائم تھی مگر یہود کی گمراہیوں مذہبی بغاوتوں اور سرکشیوں کی وجہ سے جن اصلاحات کی ضرورت تھی اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح علیہ السلام کی معرفت انجیل کی شکل میں ان کے سامنے پیش کر دیا تھا، حضرت مسیح علیہ السلام کی بعثت سے پہلے یہود کی اعتقادی اور عملی گمراہیاں اگرچہ بے شمار حد تک پہنچ چکی تھیں اور حضرت مسیح علیہ السلام نے مبعوث ہو کر ان سب کی اصلاح کے لیے قدم اٹھایا، تاہم چند اہم بنیادی باتیں خصوصیت کے ساتھ قابل اصلاح تھیں جن کی اصلاح کے لیے حضرت مسیح علیہ السلام بہت زیادہ سرگرم عمل رہے۔

① یہود کی ایک جماعت کہتی تھی کہ انسان کے اعمال نیک و بد کی سزا اسی دنیا میں مل جاتی ہے باقی قیامت، آخرت، آخرت میں جزا وسزا، حشر ونشر، یہ سب باتیں غلط ہیں یہ "صدوقی" تھے۔

② دوسری جماعت اگرچہ ان تمام چیزوں کو حق سمجھتی تھی مگر ساتھ ہی یہ یقین رکھتی تھی کہ وصول الی اللہ کے لیے ازبس ضروری ہے کہ لذات دنیا اور اہل دنیا سے کنارہ کش ہو کر "زہادت" کی زندگی اختیار کی جائے۔ چنانچہ وہ بستیوں سے الگ خانقاہوں اور جھونپڑیوں میں رہنا پسند کرتے تھے مگر یہ جماعت حضرت مسیح علیہ السلام کی بعثت سے کچھ پہلے اپنی یہ حیثیت بھی کھو چکی تھی اور اب ترک دنیا کے پردہ میں دنیا کی ہر قسم کی گندگی میں آلودہ نظر آتی تھی ظاہر رسم وطریق زاہدوں کا سا ہوتا مگر خلوت کدوں میں وہ سب کچھ نظر آتا جن سے رندان بادہ خوار بھی ایک مرتبہ حیا سے آنکھیں بند کر لیں، یہ "فریسی" کہلاتے تھے۔

③ تیسری جماعت مذہبی رسوم اور خدمت ہیکل سے متعلق تھی لیکن ان کا بھی یہ حال تھا کہ جن رسوم اور خدمات کو لوجہ اللہ کرنا چاہیے تھا اور جن اعمال کے نیک نتائج خلوص پر مبنی تھے ان کو تجارتی کاروبار بنالیا تھا اور جب تک ہر ایک رسم اور خدمت ہیکل پر بھینٹ اور نذر نہ لے لیں قدم نہ اٹھائیں حتیٰ کہ اس مقدس کاروبار کے لیے انہوں نے توراۃ کے احکام تک میں تحریف کر دی تھی یہ "کاہن" تھے۔

④ چوتھی جماعت ان سب پر حاوی اور مذہب کی اجارہ دار تھی اس جماعت نے عوام میں آہستہ آہستہ یہ عقیدہ پیدا کر دیا تھا کہ مذہب اور دین کے اصول واعتقادات کچھ نہیں ہیں مگر "وہ" جن پر وہ صاد کر دیں، ان کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ حلال کو حرام اور حرام کو حلال بنا دیں، احکام دین میں اضافہ یا کمی کر دیں جس کو چاہیں جنت کا پروانہ لکھ دیں اور جس کو چاہیں جہنم کی سند تحریر کر دیں۔ خدا کے یہاں ان کا فیصلہ اٹل اور انمٹ ہے غرض بنی اسرائیل کے "اربابًا من دون اللہ" بنے ہوئے تھے اور تورات کی لفظی اور معنوی ہر قسم کی تحریف میں اس درجہ جری تھے کہ اس کو دنیا طلبی کا مستقل سرمایہ بنالیا تھا اور عوام وخواص کی خوشنودی کے لیے ٹھہرائی ہوئی قیمت پر احکام دین کو بدل ڈالنا ان کا مشغلہ دینی تھا یہ "احبار" یا "فقیہ" تھے۔

یہ تھیں وہ جماعتیں اور یہ تھے ان کے عقائد واعمال جن کے درمیان حضرت مسیح علیہ السلام مبعوث ہوئے اور جن کی اصلاح حال کے لیے ان کی بعثت ہوئی انہوں نے ہر ایک جماعت کے فاسد عقائد واعمال کا جائزہ لیا رحم وشفقت کے ساتھ ان کے عیوب ونقائص

پر نکتہ چینی کی ان کو اصلاح حال کے لیے ترغیب دی اور ان کے عقائد و افکار اور ان کے اعمال و کردار کی نجاستوں کو دور کر کے ان کا رشتہ خالق کائنات اور ذات واحد کے ساتھ دوبارہ قائم کرنے کی سعی کی۔ مگر ان بدبختوں نے اپنے اعمال سیاہ کی اصلاح سے یکسر انکار کر دیا اور نہ صرف یہ بلکہ ان کو "مسیح ضلالت" کہہ کر ان کی دعوت حق و ارشاد کے دشمن اور ان کے خلاف سازشیں کر کے ان کی جان کے درپے ہو گئے۔

اناجیل اربعہ:

حضرت مسیح علیہ السلام پر جو انجیل نازل ہوئی تھی کیا موجودہ چاروں انجیلیں وہی ہیں یا یہ حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد کی تصانیف ہیں؟ اس کے متعلق تمام اہل علم کا جن میں نصاریٰ بھی شامل ہیں اتفاق ہے کہ ان میں سے کوئی ایک بھی حضرت مسیح علیہ السلام کی انجیل نہیں ہے اور نہ اس کا ترجمہ ہے لیکن پھر ان موجودہ انجیلوں کے متعلق عیسائی کیا کہتے ہیں اور ناقدین کی رائے کیا ہے یہ مسئلہ تفصیل طلب ہے۔

یہ بات بہر حال تسلیم شدہ ہے کہ موجودہ چاروں انجیلوں کے متعلق نصاریٰ کے پاس کوئی ایسی سند موجود نہیں جس کی بناء پر وہ یہ کہہ سکیں کہ ان کی روایات کا سلسلہ یا ان کی ترتیب و تالیف کا زمانہ حضرت مسیح علیہ السلام یا ان کے شاگردوں (حواریوں) تک پہنچتا ہے نہ اس کے لیے کوئی مذہبی سند ہے اور نہ تاریخی، بلکہ اس کے خلاف خود عیسائیت کی مذہبی تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ پہلی صدی عیسوی سے چوتھی صدی عیسوی کے اوائل تک عیسائیوں میں اکیس سے زیادہ انجیلیں الہامی یقین کی جاتی اور رائج و معمول بہا تھیں لیکن ۳۲۵ء میں نالیسیا کی کونسل نے ان میں سے صرف چار کو منتخب کر کے باقی کو متروک قرار دے دیا اور سخت حیرت کا مقام ہے کہ کونسل کا یہ انتخاب کسی تاریخی اور علمی بنیاد پر نہیں ہوا بلکہ ایک طرح کی فال نکالی گئی اور اس کو الہامی اشارہ تسلیم کر لیا گیا، چنانچہ ان اکیس سے زائد انجیلوں میں سے بعض یورپ کے قدیم کتب خانوں میں پائی گئی ہیں مثلاً انیسویں صدی میں ویٹیکان کے مشہور کتب خانہ سے متروک اناجیل کا ایک نسخہ برآمد ہوا تھا جس میں موجودہ چاروں انجیلوں سے بہت کچھ زائد موجود ہے موجودہ نسخوں میں سے سینٹ لوقا کی انجیل میں خصوصیت کے ساتھ حضرت مسیح علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ تفصیل سے درج ہے لیکن سورۂ مریم میں قرآن عزیز نے اس واقعہ کو جس طرح حضرت مریم علیہا السلام کی پیدائش اور ہیکل میں تربیت کے ذکر سے شروع کیا ہے نہ لوقا کی انجیل میں اس کا ذکر ہے اور نہ باقی تینوں انجیلوں میں۔ ویٹیکان کے اس نسخہ میں یہ واقعہ ٹھیک سورۂ مریم میں مذکور واقعہ کی طرح درج ہے۔ [1]

اسی طرح سولہویں صدی میں روما کے مشہور پوپ سکٹس (Skits) کے قدیم کتب خانہ میں ایک اور متروک انجیل کا نسخہ برآمد ہوا جس کا نام انجیل برنابا ہے، یہ نسخہ پوپ کے مقرب لاٹ پادری فرامرنیو نے پڑھا اور پوپ کی اجازت کے بغیر کتب خانہ سے چرا لایا چونکہ اس میں خاتم الانبیاء محمد ﷺ سے متعلق کثرت سے واضح اور صاف بشارتیں موجود تھیں حتیٰ کہ "احمد" نام تک مذکور تھا نیز الوہیت مسیح علیہ السلام کے خلاف عقیدہ کی تعلیم پائی جاتی تھی اس لیے وہ لاٹ پادری مسلمان ہو گیا حال ہی میں اس کا عربی ترجمہ مصر میں علامہ سید رشید رضا مرحوم نے المنار پریس سے شائع کیا ہے جو قابل مطالعہ ہے، ڈاکٹر سعادہ نے اس کے مقدمہ میں جو قابل قدر علمی تحقیق پیش کی ہے اس میں ہے کہ اس انجیل کا پتہ پانچویں صدی عیسوی کے اواخر میں اس تاریخی منشور (حکم نامہ) سے چلتا ہے جو

---

[1] ترجمان القرآن جلد دوم

خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے عیسائیوں کے پوپ گلیسیوس کی جانب سے کلیساؤں کے نام بھیجا گیا تھا اور جس میں ان کتابوں کے نام درج تھے جن کا پڑھنا پڑھانا عیسائیوں پر حرام کیا گیا تھا ان ہی میں انجیل برنابا کا نام بھی شامل تھا۔

علاوہ ازیں محققین یورپ بھی آج اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے ابتدائی تین صدیوں میں ایک سو سے زائد انجیلیں پائی جاتی تھیں جو بعد میں چار کو چھوڑ کر باقی متروک کر دی گئیں اور کلیسہ کے فیصلہ کے مطابق ان کا پڑھنا حرام کر دیا گیا اس لیے آہستہ آہستہ وہ سب مفقود ہوتی چلی گئیں اور کہتے ہیں کہ ان مفقود نسخوں میں ایک مشہور انجیل، انجیل ایگنٹس (انجیل اغنطس) بھی تھی جو اب ناپید ہے۔

نیز یہ بات بھی خصوصیت کے ساتھ قابل توجہ ہے کہ سینٹ پال (پولوس رسول) کے جو خطوط ہیں اور جن پر موجودہ عیسائیت کی بنیادیں قائم ہیں ان کے مطالعہ سے جگہ جگہ یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ لوگوں کو خبردار کرتا اور ڈراتا ہے کہ وہ ان انجیلوں کی جانب توجہ نہ دیں جو حضرت مسیح علیہ السلام کے نام کی بجائے دوسرے ناموں سے منسوب ہیں کیونکہ مجھ کو روح القدس نے اسی کے لیے مامور کیا ہے کہ میں انجیل مسیح علیہ السلام کی حمایت کروں، اسی کو اسوہ بناؤں اور اس کی تعلیم کو تمام عیسائی دنیا میں پھیلاؤں، چنانچہ حسب ذیل جملے اس کی صراحت کرتے ہیں کہ اس کے نزدیک مسیح علیہ السلام کی انجیل عیسائیوں میں متروک ہو چکی تھی اور بعد کی بے سند انجیلوں کا عام رواج ہو گیا تھا اور ان ہی میں سے یہ چار ہیں جو نالیسیا کی کونسل نے بغیر کسی سند کے فال کے ذریعہ صحیح تسلیم کر لیں۔

اب ان چار کا حال بھی سنئے۔ ان میں سے سب سے قدیم متی کی انجیل تسلیم کی جاتی ہے، بایں ہمہ اس کے متعلق نصاریٰ میں سے علماء متقدمین تو بالاتفاق اور علماء موجودہ میں سے اکثر اس کے قائل ہیں کہ موجودہ انجیل متی اصل نہیں ہے بلکہ اس کا ترجمہ ہے اس لیے کہ اصل کتاب عبرانی میں تھی جو اب ناپید ہے اور ضائع ہو گئی لیکن یہ اصل کا ترجمہ ہے یا اس میں بھی تحریف ہوئی ہے اس کے متعلق کوئی تاریخی سند موجود نہیں حتیٰ کہ مترجم کا نام تک معلوم نہیں اور نہ یہ پتہ کہ کس زمانہ میں یہ ترجمہ ہوا اور مشہور عیسائی عالم جرجیس زوبن الفتوحی اللبنانی نے اپنی کتاب میں تصریح کی ہے کہ متی نے اپنی انجیل بیت المقدس میں بیٹھ کر ۳۹ء میں عبرانی میں تصنیف کی تھی جیسا کہ مقدس ایرونیموس نے کہا ہے کہ اوسیبیوس نے اپنی تاریخ میں بیان کیا ہے کہ متی کی انجیل کا یونانی ترجمہ اصل نہیں ہے اور جب بانیتوس نے یہ ارادہ کیا تھا کہ وہ ہندوستان جا کر عیسائیت کی تبلیغ کرے تو اس نے متی کی انجیل کو عبرانی میں مکتوب اسکندریہ کے کتب خانہ قیصر میں محفوظ دیکھا تھا مگر وہ نسخہ مفقود ہو گیا اور نہیں کہا جا سکتا کہ کس زمانہ میں کس شخص نے یونانی زبان میں موجودہ ترجمہ کو روشناس کرایا۔ [1]

دوسری انجیل مرقس کی ہے اس کے متعلق مشہور عیسائی عالم پطرس گواماگ اپنی کتاب مروج الاخبار فی تراجم الابرار میں مرقس کی سوانح حیات پر لکھتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ نسل یہودی لاوی اور پطرس حواری عیسیٰ علیہ السلام کا شاگرد تھا۔ رومیوں نے جب عیسائیت اختیار کر لی تو ان کے مطالبہ پر یہ انجیل تصنیف کی، یہ الوہیت مسیح علیہ السلام کا منکر تھا اور اس نے اپنی انجیل میں اس حصہ کو بھی نہیں لیا جس میں حضرت مسیح علیہ السلام پطرس کی مدح کرتے ہیں یہ ۶۸ء میں اسکندریہ کے قید خانہ میں قتل ہوا بت پرستوں نے اس کو قتل کر دیا۔ [2]

---

[1] الفاروق بین المخلوق والخالق ج ۱ ص ۲۰ ماخوذ جرجیس زوبن البنانی مطبوعہ بیروت

[2] قصص الانبیاء للنجار۔

اور عیسائی دنیا کو اس بارے میں اختلاف ہے کہ مرقس کی انجیل کب تصنیف ہوئی۔ چنانچہ الفارق کے مصنف مرشد الطالبین ص ۱۷۰ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ علماء نصاریٰ کا خیال یہ ہے کہ یہ پطرس کی نگرانی میں ۶۱ ھ میں تصنیف ہوئی۔ [1]

تیسری انجیل سینٹ لوقا کی انجیل ہے جس قدر اختلاف علماء نصاریٰ میں متی کی انجیل سے متعلق ہے اس سے بھی زیادہ لوقا کی انجیل کی صحت وعدم صحت کے متعلق اختلاف ہے چنانچہ الفارق کے مصنف نے اس سلسلہ میں خود علماء نصاریٰ کے ہی اقوال نقل کیے ہیں اور یہ ثابت کیا ہے کہ یہ الہامی کتاب نہیں ہے وہ فرماتے ہیں کہ مسٹر گنڈل اپنے رسالہ "الہام" میں دعویٰ کرتا ہے کہ لوقا کی انجیل الہامی نہیں ہے وجہ یہ ہے کہ لوقا نے خود اپنی انجیل کی ابتداء میں یہ لکھا ہے کہ یہ (انجیل) اس نے ثاوفیلس کے ساتھ خط وکتابت کی بناء پر لکھی ہے وہ اس کو مخاطب کر کے لکھتا ہے کہ مسیح علیہ السلام کی باتیں جن لوگوں نے آنکھوں سے دیکھی تھیں انہوں نے ہم تک جس طرح پہنچائی ہیں ان کو بہت سے لوگ ہم سے نقل کر رہے ہیں اس لیے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ان کو خود ہی صحیح طریقہ پر جمع کر دوں تا کہ تم کو صحیح حقیقت معلوم ہو جائے، اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس نے حضرت مسیح علیہ السلام کا زمانہ نہیں پایا، اور محققین نصاریٰ یہ بھی تصریح کرتے ہیں کہ لوقا کی انجیل مرقس کی انجیل کے بعد وجود میں آئی ہے اور پطرس اور پولوس کے مرنے کے بعد تصنیف کی گئی ہے۔ [2]

اصل بات یہ ہے کہ لوقا انطاکیہ میں طبابت کرتا تھا اس نے مسیح علیہ السلام کو نہیں دیکھا اور مسیحیت کو سینٹ پال (پولوس) سے سیکھا ہے اور پولوس کے متعلق یہ بات پایہ تحقیق کو پہنچ چکی ہے کہ وہ دراصل متعصب یہودی اور عیسائیت کا بدترین دشمن تھا اور نصاریٰ کے خلاف علی الاعلان اپنی جدوجہد جاری رکھتا تھا مگر جب اس نے یہ دیکھا کہ اس کی ہمہ قسم کی مخالفتوں اور رکاوٹوں کے باوجود مسیحیت کی ترقی ہوتی جا رہی ہے اور روکے نہیں رکتی تب اس نے یہودیانہ مکر وفریب سے کام لیا اور اعلان کیا کہ عجب معجزہ ہوا میں بحالت صحت تھا کہ ایک دم اس طرح زمین پر گرا جیسا کہ کوئی کشتی میں بچھاڑ دیتا ہے اور اس حالت میں حضرت مسیح علیہ السلام نے مجھ کو چھوا اور پھر سخت زجر وتوبیخ کی کہ آئندہ تو ہرگز میرے پیروؤں کے خلاف کوئی اقدام نہ کرنا پس میں اسی وقت حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان لے آیا اور پھر حضرت مسیح علیہ السلام کے حکم سے میں مسیحی دنیا کی خدمت کے لیے مامور ہو گیا انہوں نے مجھ کو فرمایا کہ میں لوگوں کو مسیح علیہ السلام کی انجیل کی بشارت سنا دوں اور اس کے اتباع کی ترغیب دوں۔ چنانچہ اس نے آہستہ آہستہ "کلیسہ" پر ایسا قبضہ کیا کہ دین عیسوی کی اصل صداقتوں کو مٹا کر بدعتوں اور برائیوں کا مجموعہ بنا دیا، الوہیت مسیح علیہ السلام تثلیث وابنیت اور کفارہ کی بدعت ایجاد کر کے مسیحیت کو وثنیت میں تبدیل کر دیا اور شراب، مردار اور خنزیر سب کو حلال بنا دیا۔ یہی وہ مسیحیت ہے پولوس کے صدقہ میں جس سے آج دنیا روشناس ہے اس کے بعد کون کہہ سکتا ہے کہ پولوس کے شاگرد لوقا کی انجیل الہامی انجیل ہے اور جیروم کہتا ہے کہ بعض قدیم علماء نصاریٰ اس کے قائل ہیں کہ لوقا کی انجیل کے ابتدائی دو باب الہامی نہیں الحاقی ہیں کیونکہ یہ اس نسخہ میں موجود نہیں ہیں جو مارسیوں فرقہ کے نسخوں میں ہے، اور مشہور نصرانی عالم اکہارن لکھتا ہے کہ لوقا کی انجیل کے باب ۲۲ آیات ۴۳۔۴۴ الحاقی ہیں، وہ یہ بھی کہتا ہے کہ معجزات سے متعلق جو بیان ہے اس میں کذب بیانی اور شاعرانہ مبالغہ سے کام لیا گیا ہے جو غالباً کاتب کی جانب سے اضافہ ہیں لیکن صدق کا کذب سے امتیاز حد درجہ دشوار ہے اور کلی میش لکھتا ہے کہ متی اور مرقس کی انجیلیں بہت جگہ آپس میں مخالف اور متضاد

[1] الفارق ص ۳۱۹ [2] قصص الانبیاء للنجار ص ۴۷۷، ۴۷۹

واقعات کی حامل ہیں لیکن جس معاملہ میں دونوں کا اتفاق ہو اس کو لوقا کی انجیل کے بیان پر ترجیح حاصل ہے۔ [1] اور یہ واضح رہے کہ لوقا کی انجیل میں بیس سے زیادہ مواقع پر متی کی انجیل سے اضافہ ہے اور مرقس کی انجیل سے تو اس سے بھی کہیں زیادہ۔ [2] پس ان تمام دلائل سے نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ لوقا کی انجیل ہرگز الہامی نہیں ہے اور نہ کسی حواری کی تصنیف ہے۔

چوتھی انجیل یوحنا کی ہے اس کے متعلق نصاریٰ کا عام عقیدہ یہ ہے کہ یہ حضرت مسیح علیہ السلام کے محبوب شاگرد یوحنا زبدی کی ہے زبدی صیاد، یوحنا کے والد کا نام تھا، جلیل کے بیت صیدا میں ولادت ہوئی اور حواری۔ عیسیٰ علیہ السلام کا شرف حاصل ہوا اور نصاریٰ میں مشہور بارہ حواریوں میں سے سب سے زیادہ ان ہی کو تقدیس حاصل ہے۔ جرجیس زوبیں اللبنانی لکھتا ہے کہ جس زمانہ میں شیرنیطوس اور بیسوں اور ان کی جماعت اپنے عقیدہ کی تشہیر کر رہی تھی کہ الوہیت مسیح علیہ السلام کا عقیدہ باطل ہے وہ بشر تھے اور حضرت مریم علیہا السلام کے بطن سے پیدا ہوئے اور حضرت مریم علیہا السلام سے قبل وہ عالم وجود میں نہیں تھے اس زمانہ میں ۹۶ء میں پادریوں، لاٹ پادریوں کی مجلس مشاورت ہوئی اور انہوں نے یوحنا کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست پیش کی کہ وہ حضرت مسیح علیہ السلام کی باتیں تحریر کریں اور جو باتیں دوسری انجیلوں میں پائی جاتی ہیں ان کے ماسواء جو کچھ معلوم ہو وہ لکھیں خصوصیت سے الوہیت مسیح کا مسئلہ ضرور لکھیں تاکہ شیرنیطوس وغیرہ کی جماعت کے خلاف ہمارے ہاتھ مضبوط ہوں تب یوحنا ان کی بات نہ ٹال سکے اور یہ انجیل لکھنے پر مجبور ہوئے [3] مگر اس کے باوجود مسیحی علماء زمانہ تصنیف کی تعیین میں مختلف نظر آتے ہیں بعض کہتے ہیں ۰۶۵ء میں تالیف ہوئی اور بعض ۰۹۶ء اور بعض ۰۹۸ء میں تصنیف ہونا بیان کرتے ہیں۔

مگر ان کے مقابلہ میں ان مسیحی علماء کی تعداد کم نہیں ہے جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یوحنا کی انجیل، حواری یوحنا کی تصنیف ہرگز نہیں ہے چنانچہ کیتھولک ہیرالڈ [4] جلد نمبر ۷ میں پروفیسر لن سے منقول ہے کہ انجیل یوحنا از ابتداء تا انتہاء مدرسہ اسکندریہ کے ایک طالب علم کی تصنیف ہے اور برٹش نیدر لکھتا ہے کہ انجیل یوحنا اور رسائل یوحنا ان میں سے کوئی ایک بھی حضرت مسیح علیہ السلام کے شاگرد یوحنا کی تصنیف نہیں ہے بلکہ کسی شخص نے دوسری صدی کے اوائل میں اس کو تصنیف کر کے اس لیے یوحنا کی جانب منسوب کر دیا تاکہ وہ لوگوں میں مقبول و مشہور بن جائے اور صاحب الفارق کہتے ہیں کہ مشہور مسیحی عالم کروٹیس کا بیان ہے کہ یہ انجیل شروع میں بیس ابواب پر مشتمل تھی بعد میں افاس کے کنیسہ نے اس میں اکیسویں باب کا اضافہ کر دیا جبکہ یوحنا کا انتقال ہو چکا تھا [5] ان حوالجات سے یہ بخوبی آشکارا ہوتا ہے کہ بلاشبہ یوحنا حواری کی انجیل نہیں ہے اور صرف اس مقصد سے تصنیف کر کے یوحنا کی جانب منسوب کی گئی کہ الوہیت مسیح علیہ السلام کے عقیدہ کنیسہ کو قوت پہنچائی جائے اور اصلاح عقیدہ کی جو آواز کبھی کبھی مسیحی دنیا میں اٹھتی تھی اس کو دبایا جائے۔

چہارگانہ اناجیل کے متعلق مسطورہ بالا مختصر تنقیدات کے علاوہ ان کے الہامی نہ ہونے کے دو واضح دلائل یہ بھی ہیں کہ ان چاروں انجیلوں میں حضرت مسیح علیہ السلام کی زندگی کے وقائع درج ہیں حتیٰ کہ نصاریٰ کے زعم کے مطابق ان کی گرفتاری، صلیب، قتل، مر کر جی اٹھنے اور حواریوں پر ظاہر ہونے وغیرہ تک کے حالات بھی موجود ہیں۔ پس اگر یہ اناجیل انجیل مسیح علیہ السلام یا اس کا کوئی حصہ ہوتیں تو ان میں ان باتوں کا قطعاً تذکرہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔ وہ واقعات تو مسیح علیہ السلام کے بعد ان کے شاگرد جمع کرتے اور ان کو ایک تاریخی

---

[1] قصص الانبیاء ص ۴۷۷ [2] ایضاً ص ۴۷۷ [3] قصص الانبیاء ص ۴۷۷

[4] مطبوعہ ۱۸۴۴ء [5] الفارق ص ۳۴۲-۳۴۱

حیثیت حاصل ہوتی نہ کہ وہ کتاب اللہ کہلانے کے مستحق ہوتے اور یہ کہ جس طرح ان انجیلوں کے مصنفین کے بارہ میں اختلاف ہے اسی طرح ان تصنیفات کے باہم روایات واقعات میں بھی تناقض اور سخت اختلاف پایا جاتا ہے یعنی بعض معجزات وعجیب واقعات ایسے ہیں جو ایک انجیل میں پائے جاتے ہیں اور دوسری انجیل میں ان کا اشارہ تک نہیں ہے یا بعض میں ایک واقعہ جس طرح مذکور ہے دوسری میں کچھ زیادتی یا کمی کے ساتھ ایسے طریقہ پر بیان ہوا ہے کہ پہلی انجیل کے بیان میں اور اس میں صریح تضاد اور خلاف نظر آتا ہے مثلاً صلیب مسیح علیہ السلام کا واقعہ اناجیل میں تضاد بیان کے ساتھ منقول ہے۔

یہ بات بھی کم حیرت کے لائق نہیں ہے کہ یہ اناجیل اربعہ جن جن زبانوں میں منقول ہوئی ہیں ان کی عبارات وکلمات کے بقاء وتحفظ کی کبھی پرواہ نہیں کی گئی بلکہ ایک ہی زبان کے مختلف ایڈیشنوں اور اشاعتوں میں بہ کثرت الفاظ اور جملوں کی تبدیلی، کمی اور بیشی موجود ہے خصوصاً جن مقامات پر علماء نصاریٰ اور علماء اسلام کے درمیان بشارات کے سلسلہ میں یہ بحث آ گئی ہے کہ ان کا مصداق خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یا حضرت مسیح علیہ السلام یا کوئی اور نبی، نیز جن مقامات پر الوہیت مسیح علیہ السلام کی صراحت میں فرق پڑتا نظر آتا ہوان کو کافی تختہ مشق بنایا جاتا رہا ہے...... اگر تحریفات لفظی ومعنوی اور تضاد بیان کی تفصیلات وتشریحات کو بہ نظر وسیع مطالعہ کرنا ہوتو اس کے لیے مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی اظہار الحق و حافظ ابن قیم کی ہدایۃ الحیاری، باجہ جی زادہ کی الفارق بین المخلوق والخالق، اور مولانا آل نبی امروہی کی اظہار حق لائق دید کتابیں ہیں۔

غرض موجودہ چاروں انجیلیں الہامی انجیلیں نہیں ہیں نہ ان کے الہامی ہونے کی روایتی سند ہے اور نہ تاریخی، نہ ان کے مصنفین کے متعلق قطعی اور یقینی علم حاصل ہے اور نہ زمانہائے تصانیف ہی متعین ہیں بلکہ اس کے خلاف پولوس کے بیانات ان کتابوں کی تاریخی حیثیت مضامین ومطالب کا باہمی تضاد وتغیر اسی پر شاہد ہیں کہ یہ ہرگز انجیل مسیح علیہ السلام یا اس کا حصہ نہیں ہیں اور یہ کہ انجیل مسیح علیہ السلام نصاریٰ کے ہی ہاتھوں اول تحریف لفظی ومعنوی کا شکار ہوئی اور اس کے بعد مفقود ہوگئی بلکہ ان چہارگانہ انجیلوں میں سے کوئی بھی اصل نہیں ہے بلکہ یونانی اور اس سے منقول دوسری زبانوں کے تراجم ہیں جو تبدیلی وتغیر اور نقص وازدیاد کا برابر شکار ہوتے رہے ہیں اور صرف یہی نہیں کہ یہ اناجیل اربعہ انجیل مسیح علیہ السلام نہیں ہیں بلکہ کسی علمی تاریخی اور مذہبی سند سے ان کا شاگردان مسیح علیہ السلام کی تصنیف ہونا بھی ثابت نہیں ہے بلکہ بعد کے مصنفین کی تصانیف ہیں البتہ ان تراجم میں مواعظ ونصائح اور مقامات حکمت کے سلسلہ میں ایک حصہ ایسا ضرور ہے جو حضرت مسیح علیہ السلام کے ارشادات عالیہ سے ماخوذ ہے اس لیے نقل میں کہیں کہیں اصل کی جھلک نظر آ جاتی ہے۔

قرآن اور انجیل:

قرآن عزیز کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ جس طرح خدا ایک ہے اسی طرح اس کی صداقت بھی ایک ہی ہے اور وہ کبھی کسی خاص قوم، خاص جماعت اور خاص گروہ کی وراثت نہیں رہی بلکہ ہر قوم اور ہر ملک میں خدا کی رشد وہدایت کا پیغام ایک ہی احساس وبنیاد پر قائم رہتے ہوئے اس کے سچے پیغمبروں یا ان کے نائبوں کے ذریعے ہمیشہ دنیا کے لیے راہ مستقیم کا داعی اور منادر رہا ہے اور اسی کا نام "صراط مستقیم" اور "اسلام" ہے اور قرآن اسی بھولے ہوئے سبق کو یاد دلانے آیا ہے اور یہی وہ آخری پیغام ہے جس نے تمام مذاہب کی صداقتوں کو اپنے اندر سمو کر کائنات ارضی کی ہدایت کا بیڑا اٹھایا ہے اور اس لیے اب اس کا انکار گویا خدا کی تمام صداقتوں کا

انکار ہے۔ اسی بنیادی تعلیم کے پیش نظر اس نے حضرت مسیح علیہ السلام کی عظمت شان کو سراہا اور یہ اعتراف کیا کہ بلاشبہ انجیل الہامی کتاب اور خدا کی کتاب ہے لیکن ساتھ ہی جگہ جگہ یہ بھی بہ دلائل بتلایا کہ علماء اہل کتاب نے ان کی سچی تعلیم کو بدل ڈالا اور ہر قسم کی تحریف کر کے اس کی تعلیم کو شرک و کفر کی تعلیم بنا دیا۔ مگر بعض بعض مقامات پر اہل کتاب کو توراۃ و انجیل کے خلاف عمل پر ملزم بناتی ہوئی موجودہ تورات و انجیل کے حوالے بھی دیتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ نزول قرآن کے وقت اصل نسخے بھی اگرچہ محرف شکل میں ہی کیوں نہ ہوں پائے جاتے تھے۔ بہر حال اس وقت بھی یہ دونوں کتابیں لفظی اور معنوی دونوں قسم کی تحریفات سے اس درجہ مسخ ہو چکی تھیں کہ وہ تورات موسیٰ اور انجیل مسیح علیہما السلام کہلانے کی مستحق نہیں رہی تھیں۔ چنانچہ قرآن نے اصل کتابوں کی عظمت اور اہل کتاب کے ہاتھوں ان کی تحریف اور ان کا مسخ دونوں کو واضح طور پر بیان کیا ہے:

﴿ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ﴾ (آل عمران: ۳۔۴)

"(اے محمد ﷺ!) اللہ نے تجھ پر کتاب کو اتارا حق کے ساتھ جو تصدیق کرنے والی ہے ان کتابوں کی جو اس کے سامنے ہیں اور اتارا اس نے تورات اور انجیل کو (قرآن سے) پہلے جو ہدایت ہیں لوگوں کے لیے اور اتارا فرقان (حق و باطل میں فرق کرنے والا)۔"

﴿ وَ يُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۝ ﴾ (آل عمران: ۴۸)

"اور سکھاتا ہے وہ کتاب کو، حکمت کو، توراۃ کو، انجیل کو۔"

﴿ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَ مَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَ الْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ ﴾ (آل عمران: ۶۵)

"اے اہل کتاب! تم کس لیے ابراہیم (علیہ السلام) کے بارے میں جھگڑتے ہو اور حال یہ ہے کہ توراۃ اور انجیل کا نزول نہیں ہوا، مگر ابراہیم (علیہ السلام) کے بعد، پس کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے۔"

﴿ وَ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّ نُوْرٌ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَ لْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ وَ مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ ﴾ (المائدہ: ۴۶۔۴۷)

"اور پیچھے بھیجا ہم نے عیسیٰ ابن مریم (علیہما السلام) کو جو تصدیق کرنے والا ہے اس کتاب کی جو سامنے ہے تورات اور دی ہم نے اس کو انجیل جس میں ہدایت اور نور ہے اور جو اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرتی ہے اور سرتاسر ہدایت اور نصیحت

ہے پرہیزگاروں کے لیے اور چاہیے کہ اہل انجیل اس کے مطابق فیصلہ دیں جو ہم نے انجیل میں اتار دیا ہے اور جو اللہ کے اتارے ہوئے قانون کے موافق فیصلہ نہیں دیتا پس یہی لوگ فاسق ہیں۔"

﴿وَ لَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴾(المائدہ: ٦٦)

"اور اگر وہ تورات اور انجیل کو قائم رکھتے (تحریف کر کے ان کو مسخ نہ کر ڈالتے) اور اس کو قائم رکھتے جو ان کی جانب ان کے پروردگار کی جانب سے نازل ہوا ہے تو البتہ وہ (فارغ البالی کے ساتھ) کھاتے اپنے اوپر سے اور اپنے نیچے سے بعض ان میں میانہ رو صلاح کار ہیں اور اکثر ان کے بدعمل ہیں۔"

﴿قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ﴾(المائدہ: ٦٨)

"(اے محمد ﷺ!) کہہ دیجئے: اے اہل کتاب تمہارے لیے ٹکنے کی کوئی جگہ نہیں ہے جب تک تورات اور انجیل اور اس شے کو جس کو تمہارے پروردگار نے تم پر نازل کیا قائم نہ کرو (تاکہ اس کا نتیجہ قرآن کی تصدیق نکلے)۔"

﴿وَ اِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۚ﴾(المائدہ: ١١٠)

"اور جب میں نے تجھ کو (اے عیسیٰ علیہ السلام) سکھائی کتاب حکمت تورات اور انجیل۔"

﴿اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَ الْاِنْجِيْلِ ؗ﴾(الاعراف: ١٥٧)

"(نیکوکار) وہ شخص ہیں جو پیروی کرتے ہیں الرسول کی جو نبی اُمی ہے اور جس کا ذکر اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا پاتے ہیں۔"

﴿اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَ يُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَ الْاِنْجِيْلِ﴾(التوبہ: ١١١)

"بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے خرید لیا ہے مومنوں سے ان کی جانوں اور ان کے مالوں کو اس بات پر کہ ان کے لیے جنت ہے وہ اللہ کے راستہ میں جنگ کرتے ہیں پس قتل کرتے ہیں اور قتل ہوتے ہیں ان کے لیے اللہ کا وعدہ سچا ہے جو تورات اور انجیل میں کیا گیا ہے۔"

غرض یہ مدح و منقبت ہے اس تورات اور انجیل کی جو تورات موسیٰ اور انجیل عیسیٰ کہلانے کی مستحق اور درحقیقت کتاب اللہ لیکن یہود و نصاریٰ نے ان الہامی کتابوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ اس کا حال بھی قرآن ہی کی زبان سے سنئے:

﴿ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَ قَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ ﴾ (البقرہ: ۷۵)

"کیا تم توقع رکھتے ہو کہ وہ تمہاری بات مان لیں گے حالانکہ ان میں ایک گروہ ایسا تھا جو اللہ کا کلام سنتا تھا پھر اس کو بدل ڈالتا تھا باوجود اس بات کے کہ وہ اس کے مطالب کو سمجھتا تھا اور دیدہ و دانستہ تحریف کرتے تھے۔"

﴿ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَ وَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ۝ ﴾ (البقرہ: ۷۹)

"پس افسوس ان (مدعیان علم) پر جن کا شیوہ یہ ہے کہ خود اپنے ہاتھ سے کتاب لکھتے ہیں پھر لوگوں سے کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے اور یہ سب کچھ اس لیے کرتے ہیں تاکہ اس کے معاوضہ میں ایک حقیری قیمت دنیوی فائدہ کی حاصل کریں پس افسوس اس پر جو کچھ وہ لکھتے ہیں اور افسوس اس پر جو کچھ وہ اس ذریعہ سے کماتے ہیں۔"

﴿ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ﴾ (النساء: ٤٦)

"وہ اہل کتاب، کتاب اللہ (تورات و انجیل) کے کلمات کو ان کے محل و مقام سے بدل ڈالتے ہیں یعنی تحریف لفظی اور معنوی دونوں کرتے ہیں۔"

ان کے علاوہ ثمن قلیل (معمولی پونجی) کے عوض آیات اللہ کی فروخت کرنے کے متعلق تو بقرہ، آل عمران، نساء، توبہ میں متعدد آیات موجود ہیں جن کا حاصل یہ ہے کہ یہود و نصاریٰ، تورات و انجیل کی بیع دونوں طرح کیا کرتے تھے، تحریف لفظی کے ذریعہ بھی اور تحریف معنوی کے سلسلہ سے بھی۔ گویا سیم و زر کے لالچ سے عوام و خواص کی خواہشات کے مطابق کتاب اللہ کی آیات میں لفظی و معنوی تحریف ان کے فروخت کرنے کی حیثیت رکھتی ہے جس سے بڑھ کر شقاوت بدبختی کا دوسرا کوئی عمل نہیں اور جو ہر حالت میں موجب لعنت ہے۔

انجیل اور حواری عیسیٰ علیہ السلام :

مفسرین عام طور پر حواری کو "حور" سے ماخوذ کہتے ہیں جس کے معنی کپڑے کی سپیدی کے ہیں جب کپڑا دھل جانے کے بعد سپید ہو جاتا ہے تو اہل عرب کہا کرتے ہیں "حار الثوب" اس لیے دھوبی کو "حواری" کہتے ہیں اور "حواریون" اس کی جمع آتی ہے۔ اس معنی کے پیش نظر حضرت مسیح علیہ السلام کے شاگردوں کو یا اس لیے حواری کہتے ہیں کہ ان میں سے اکثر دھوبی اور مچھیرے کا پیشہ کرتے تھے اور یا اس لیے کہ جس طرح دھوبی کپڑا صاف کر دیتا ہے یہ بھی حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیم سے لوگوں کے قلوب کو روشن کر دیا کرتے تھے حواری کے معنی ناصر و مددگار اور ناصح کے بھی آتے ہیں اور عبدالوہاب نجار فرماتے ہیں کہ نصاریٰ حضرت مسیح علیہ السلام کے حواریوں کو "شاگرد" کہتے ہیں یہ تعبیر بے اصل نہیں ہے بلکہ اس حقیقت پر مبنی ہے کہ یہ اصل کے اعتبار سے "حبور" عبرانی لفظ ہے جس کے معنی "شاگرد" کے ہیں اور اس کی جمع "حبوریم" آتی ہے یہی حبوریم ہے جو عربی میں جا کر حواری اور حوارین کہلایا۔

حواریین عیسیٰ علیہ السلام کا گذشتہ صفحات میں تفصیل سے ذکر آچکا ہے لیکن قرآن عزیز نے صرف "حواریون" کہہ کر مجمل تذکرہ کیا ہے، کسی کا نام مذکور نہیں ہے، انجیل نے البتہ ان کے نام بھی بتلائے ہیں اور تعداد بھی۔ چنانچہ متی کی انجیل کے باب ۱ میں بارہ نام شمار کیے ہیں اور چار انجیلوں سے خارج برنابا کی متروک انجیل کے باب ۱۴ میں بھی یہی تعداد مسطور ہے البتہ چند ناموں میں اختلاف پایا جاتا ہے، نقشہ حسب ذیل ہے:

انجیل متی

نمبر شمار	نام
۱	پطرس (سمعان)
۲	اندراوس پطرس کا بھائی
۳	یعقوب بن زیدی
۴	یوحنا (یعقوب کا بھائی)
۵	فیلپس
۶	برثولماوس
۷	توما
۸	متی العشار
۹	یعقوب بن حلفی
۱۰	لباوس (ملقب بہ تداوس)
۱۱	مسعان القانوی
۱۲	یہودا الخریوطی

انجیل برنابا

نمبر شمار	نام
۱	پطرس الصیاد (سمعان)
۲	اندراوس
۳	برنابا
۴	یعقوب بن زیدی
۵	یوحنا بن زبدی
۶	فیلپس
۷	برثولماوس
۸	تداوس
۹	یعقوب بن حلفی
۱۰	یہودا
۱۱	متی العشار
۱۲	یہدا الخطر یوطی [1]

دونوں انجیلوں کے درمیان صرف دو ناموں میں اختلاف ہے، متی میں توما اور سمعان قانوی ہیں اور برنابا میں ان کی جگہ خود برنابا اور تداوس ہیں ان میں کون صحیح کہتا ہے؟ اس کا فیصلہ مشکل ہے لیکن دلیل کی روشنی میں یہ کہنا بہت آسان ہے کہ کلیسہ کی کونسل نے بے دلیل اور بے سند صرف اس بنا پر برنابا اور اس کے رفیق تداوس کے نام منظور کر دیئے کہ ان دونوں کی روایات الوہیت مسیح علیہ السلام اور کفارہ کے خلاف سچی عیسائیت پر مبنی تھیں اور یہ کلیسہ کے اس عقیدہ کے قطعاً خلاف تھیں جو سینٹ پال کی محرف عیسائیت کا مقبول عقیدہ تھا اور ہے مگر عجیب بات یہ ہے کہ اگرچہ برنابا کا نام موجودہ عیسائیت میں حواریوں سے خارج سمجھا جاتا ہے تاہم ان رسولوں کی فہرست میں آج بھی موجود ہے جنھوں نے ملکوں میں خدائی بادشاہت کا اعلان کیا اور مسیحی دین کی دعوت وتبلیغ کا فرض انجام دیا۔

---

[1] قصص الانبیاء للنجار ص ۴۸۲۔

حضرت مسیح علیہ السلام اور موجودہ مسیحیت:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم حق کا خلاصہ گذشتہ بیانات میں سپردقلم ہو چکا ہے وہ خدا کے سچے پیغمبر حق وصداقت کے داعی دین مبین کے ہادی و مبلغ تھے اور خدا کے تمام سچے پیغمبروں کی طرح ان کی تعلیم بھی پہلی صداقتوں کی موید اور وقت کی انفرادی و اجتماعی ضروریات کے انقلابات و حوادث کے مناسب حال انجیل کی شکل میں اصلاح و انقلاب کے لیے منادتھی، توحید خالص، معرفت کردگار کے لیے کردگار سے ہی بلا وسیلہ تقرب، محبت و شفقت، رحمت و عفو کی اخلاقی برتری ان کی پاک تعلیم کا نچوڑ تھا، لیکن انسانی انقلابات کی ذہنی تاریخ میں اس سے زیادہ حیرت اور تعجب کی غالباً کوئی بات نہ ہو کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی مقدس تعلیم ہی کے نام پر موجودہ مسیحیت، توحید کی جگہ تثلیث، معرفت حق کے لیے ابنیت کا عقیدہ، نجات کے لیے علم و عمل کی درستکاری کی جگہ کفارہ پر ایمان جیسی مشرکانہ اور جاہلانہ بدعات کی تبلیغ اور نشر و اشاعت میں سرگرم عمل ہے۔

تثلیث؟:

بستانی نے دائرۃ المعارف (Encyclopaedia) میں اس مسئلہ پر مسیحی نقطہ نظر سے سیر حاصل بحث کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ عیسائی مذہب نے سب سے پہلے تثلیث کا نام "رسولوں کے عہد" میں سنا، اس سے قبل مسیحیت اس عقیدہ سے قطعاً ناآشنا تھی اور رسولوں کا عہد سینٹ پال (پولوس رسول) سے شروع ہوتا ہے۔ یہ وہی حضرت ہیں جن کی بدولت دین مسیحی نے نیا جنم لیا اور جن کی یہودیت نے از راہ تعصب مسیحی صداقت و توحید کے عقیدہ کو وثنیت اور شرک سے آلودہ کر کے کامیابی کا سانس لیا، یہ عقیدہ دراصل وثنی (بت پرستانہ) فلسفہ کی موشگافیوں کی پیداوار اور صنم پرستانہ عقیدہ "اوتار" کی صدائے بازگشت ہے اور اس حقیقت پر مبنی ہے کہ ذات یا صفات خداوندی بشکل انسانی کائنات ارضی میں وجود پذیر ہوسکتی ہے گویا یہ عقیدہ فلاسفہ ہیلانیسن اور غنوسطینین کے عقائد فلسفیانہ کا ایک معجون مرکب ہے۔ چنانچہ تاریخ قدیم سے پتہ چلتا ہے کہ دوسری صدی عیسوی میں انطاکیہ کے بشپ (Bushap) تھیوفیلوس نے سب سے پہلے اس سلسلہ میں ایک یونانی کلمہ "ٹریاس" کا استعمال کیا اس کے بعد ایک دوسرے بشپ ترتلیانوس نے اس کے قریب قریب ایک لفظ تیرنتیاس ایجاد کیا، یہی وہ یونانی لفظ ہے جو موجودہ مسیحی عقیدہ "ثالوث" (تثلیث) مرادف اور ہم معنی ہے۔ اگر اس مسئلہ کی حقیقت کو ذرا اور گہری نظر سے دیکھنے کی کوشش کی جائے تو تاریخی حقائق سے یہ بات نمایاں نظر آئے گی کہ ثالوث کا عقیدہ دراصل مسیحیت اور وثنیت کی اس آمیزش کا نتیجہ ہے جو مسیحیت کے غلبہ اور وثنیت (بت پرستی) کی مغلوبیت کی وجہ سے پیش آیا خصوصاً جب مصری بت پرستوں نے اس مذہب کو قبول کیا تو انہوں نے اس عقیدہ کو بہت ترقی دی اور فلسفیانہ دقیقہ سنجیوں کے ساتھ اس کو علمی بحث بنا دیا۔ مسیحیت قبول کر لینے کے بعد بت پرستوں پر جو ردعمل ہوا اس کے نتیجہ میں سے ایک اہم بات یہ تھی کہ ان کی خواہش ہمیشہ یہ رہی کہ وہ کس طرح گذشتہ وثنیت کی موجودہ مسیحیت کے ساتھ مطابقت پیدا کریں؟ تا کہ اس طرح قدیم و جدید دونوں ادیان کے ساتھ ربط قائم رہ سکے، چنانچہ بقول مولانا ابوالکلام آزاد "اسکندریہ کے فلسفہ آمیز اصنامی تخیل سیراپیز (Serapis) سے تثلیثی وحدت کی اصل لی گئی اور ایزیز (Isis) کی جگہ حضرت مریم علیہا السلام کو اور ہورس (Hors) کی حضرت مسیح علیہ السلام کو دی گئی" اور اس یونانی اور مصری فلسفیانہ وثنیت کی بدولت موجودہ مسیحیت میں الوہیت مسیح علیہ السلام اور تثلیث "کلیسہ" کا مقبول عقیدہ بن گیا۔

یہ عقیدۂ تثلیث ابھی سن طفولیت ہی میں تھا کہ علماء نصاریٰ میں اس کے رد و قبول پر معرکۃ الآراء بحثیں شروع ہوگئیں "نیقاد" کی کونسل میں مشرقی گرجاؤں میں اور خصوصی اور عمومی مجالس میں جب بحث نے طول کھینچا تو کلیسہ نے فیصلہ دیا کہ مسئلہ ثالوث (تثلیث) حق اور اس کے خلاف "الحاد" ہے ان ملحد جماعتوں اور فرقوں میں نمایاں فرقہ "ابیونیین" ہے جو کہتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام انسان محض تھے۔ دوسرا "سابلیین" ہے جس کا خیال ہے کہ خدا ذات واحد ہے اور اب ابن، روح القدس، یہ مختلف صورتیں ہیں جن کا اطلاق مختلف حیثیتوں سے ذات واحد ہی پر ہوتا ہے۔ تیسرا فرقہ "آریوسیین" ہے اس کا عقیدہ ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام اگرچہ "ابن اللہ" ہیں مگر "اب" کی طرح ازلی نہیں ہیں بلکہ کائنات بلند و پست سے قبل "اب" کی تخلیق سے مخلوق ہوا ہے اور اس لیے وہ "اب" سے نیچے اور اس کی قدرت کے سامنے مغلوب و خاضع ہے اور چوتھا فرقہ "مقدونیین" ہے ان کا کہنا ہے کہ "اب" اور "ابن" دو ہی اقنوم ہیں "روح القدس" اقنوم نہیں ہے بلکہ مخلوق ہے۔

کلیسہ نے ان کو اور اسی قسم کے دوسرے فرقوں کو "ملحد" قرار دے کر نیقادی کی کونسل منعقدہ ۳۲۵ء اور قسطنطنیہ کی کونسل منعقدہ ۳۸۱ء کے مطابق ثالوث (تثلیث) کو مسیحی عقیدہ کی بنیاد تسلیم کیا اور فیصلہ دیا کہ "اب" اور "ابن" اور "روح القدس" تینوں جدا جدا مستقل اقنوم (اصل ہیں) اور عالم لاہوت میں تینوں کی وحدت ہی خدا ہے گویا اس طرح ریاضی اور علم ہندسہ کے اٹل اور نا قابل انکار بدیہی مسئلہ کے خلاف یا یوں کہیے کہ بداہۃً عقل کے خلاف یہ تسلیم کر لیا کہ "ایک" تین ہے اور "تین" ایک اور یہ بھی کہا کہ "ابن" ازل ہی میں "اب" سے پیدا ہوا اور "روح القدس" کا صدور بھی ازل ہی میں "اب" سے ہوا ہے اور پھر ۵۸۹ء میں طلیطلہ کونسل نے یہ ترمیم منظور کر لی کہ "روح القدس" کا صدور "اب" سے ہی نہیں بلکہ "اب" اور "ابن" دونوں سے ہوا ہے۔ اس ترمیم کو "لاطینی کلیسہ" نے تو بغیر چون و چرا تسلیم کر لیا اور اس کو کلیسہ کا عقیدہ بنا لیا لیکن "یونانی کلیسہ" اول تو خاموش رہا مگر اس کے کچھ عرصہ کے بعد اس ترمیم کو بدعت قرار دے کر تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور اس باہمی اختلاف نے اس قدر شدید صورت اختیار کر لی کہ "یونانی کلیسہ" اور "کیتھولک لاطینی کلیسہ" کے درمیان کبھی اتفاق و اتحاد پیدا نہ ہو سکا۔

ثالوث یا تثلیث کا یہ عقیدہ دین مسیحی کے رگ و پے میں خون کی طرح ایسا سرایت کر گیا کہ مسیحی کے بڑے فرقوں رومن کیتھولک اور پراٹسٹنٹ کے درمیان سخت بنیادی اختلافات کے باوجود بنیادی طور پر اس میں اتفاق ہی رہا اور صرف یہی نہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ قابل حیرت ہے یہ بات کہ لوتھر کی جماعت اور اصلاح پسند کلیساؤں نے بھی ایک عرصہ دراز تک اس کیتھولک عقیدہ کو ہی بغیر کسی اصلاح و ترمیم کے عقیدہ تسلیم کر لیا البتہ تیرھویں صدی عیسوی میں فرقہ لاہوتی کی اکثریت نے اور جدید فرقوں سوسینیائی، جرمانی، موحدین اور عمومیین وغیرہم نے اس عقیدہ کو نقل و عقل کے خلاف کہہ کر تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ [1]

یہ ہے مسیحیت میں عقیدۂ تثلیث کی وہ مختصر تاریخ جس سے یہ حقیقت بخوبی آشکارا ہو جاتی ہے کہ دین مسیحی کی حقیقی صداقت کی تباہی کا راز اسی الحاد اور مشرکانہ بدعت کے اندر پوشیدہ ہے جو صنم پرستانہ تخیل کا رہین منت ہے۔

عقیدۂ ثالوث کیا شے ہے اور "اب" "ابن" "روح القدس" کی تعبیرات کی حقیقت کیا ہے یہ مسئلہ بھی مسیحیت کے ان مباحث میں سے ہے جن کا فیصلہ کن جواب کبھی نہ مل سکا اور جس قدر اس کو صاف اور واضح کرنے کی کوشش کی گئی اس میں الجھاؤ اور

[1] دائرۃ المعارف للبستانی ج ۶ ص ۳۰۵ کلمہ (ثالوث)

پیچیدگی کا اضافہ ہی ہوتا گیا اور نتیجہ یہ نکلا کہ جس عقیدہ کو مسیحیت میں اساسی اور بنیادی حیثیت حاصل تھی وہی "معمہ" بن کر رہ گیا اور قدیم وجدید علماء نصاریٰ کو یہ کہنا پڑا کہ تثلیث میں توحید ہے اور توحید میں تثلیث، یہ مذہب کا ایسا مسئلہ ہے جو دنیا میں حل نہیں ہو سکتا اور دوسرے عالم میں پہنچ کر ہی یہ عقیدہ حل ہوگا۔ اس لیے یہاں اس کو عقل سے سمجھنے کی کوشش کرنا فضول ہے بلکہ خوش عقیدگی کے ساتھ قبول کر لینا ہی نجات کی راہ ہے۔ چنانچہ اواخر انیسویں صدی کے مشہور عیسائی عالم پادری فنڈر نے "میزان الحق" میں یہی بات ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔

تاہم اس صنم پرستانہ فلسفہ کی جو تشریحات کی گئی ہیں ان کو مختصر طور پر یوں سمجھنا چاہیے کہ اس کائنات ہست و بود کو جس میں ہم بس رہے ہیں "عالم ناسوت" کہا جاتا ہے اور ملاء اعلیٰ کہ جس کا تعلق عالم غیب سے ہے وہ اور اس سے ماوراء جہاں نہ زمین و زماں کا گزر اور نہ مکین و مکان کا جہاں سب کچھ ہے لیکن مادیت سے بالاتر اور وراء الوراء ہے اس کا نام "عالم لاہوت" ہے تو جب زیر و بالا اور بلند و پست کچھ بھی نہ تھا اور ازل کی غیر محدود وسعت میں "وقت" ایک بے معنی لفظ تھا اس وقت تین اقنوم[1] تھے "باپ" "بیٹا" "روح القدس" اور ان ہی تین اقانیم کی مجموعی حقیقت کا نام "خدا" ہے۔ رومن کیتھولک، پراٹسٹنٹ اور ان دونوں سے جدا کلیسۂ شرقی تینوں ہی اس پر متفق ہیں اور اسی کو دین مسیحیت کی روح یقین کرتے ہیں اور بڑی جسارت کے ساتھ دعویٰ کرتے ہیں کہ کتاب مقدس کی تصریحات اسی کا اعلان کرتی ہیں۔

اس عجوبہ روزگار عقیدہ نے اس حد پر پہنچ کر جو نئے نئے مباحث و افکار پیدا کیے ان کا مطالعہ کرنے سے دیدۂ حیرت اور چشم عبرت کے لیے بہت کچھ سامان مہیا ہو جاتا ہے، بڑی بڑی مذہبی کونسلوں، بڑے بڑے کلیساؤں کے بشپوں اور پاپاؤں نے اس عقیدہ کی تشریح میں یہ عجیب و غریب مباحث پیدا کیے کہ "اقنوم اول" باپ سے کس طرح اقنوم ثانی بیٹے کی ولادت ہوئی اور پھر باپ سے یا باپ اور بیٹے دونوں سے کس طرح اقنوم ثالث "روح القدس" پھوٹ کر نکلی یا کس طرح اس کا صدور ہوا اور یہ کہ ان کے باہم نسبت کیا ہے اور ان کے جدا جدا کیا القاب و صفات ہیں جو ایک دوسرے کو آپس میں متمائز کرتے ہیں اور پھر جب یہ تثلیث توحید بن جاتی ہے تو اس کی صفات و القاب کی کیا صورت ہو جاتی ہے، نیز یہ کہ جس کو ہم خدا کہتے ہیں اس میں تینوں اقانیم برابر کے شریک ہیں یا کوئی ایک پورا اور دوسرے دو جزوی حصہ دار ہیں اور جزوی شرکت ہے تو کس نسبت اور تعلق سے ہے؟ غرض خدائے برتر کی مقدس اور پاک ہستی کو معاذ اللہ کمہار کے چاک پر رکھا ہوا برتن فرض کر کے جس طرح اس کو بنایا اور تیار کیا ہے اور توحید خالص کو تباہ و برباد کر کے جس طرح شرک و ترکیب کا نیا سانچہ ڈھالا ہے دنیائے مذاہب و ادیان کی تاریخ میں ایسا مذہبی تغیر و انقلاب چشم فلک نے نہ کبھی دیکھا نہ سنا ان ھذا لشیء عجاب۔ بہر حال "باپ" "بیٹا" "روح القدس" کی جدا جدا تفصیلات و تشریحات اور پھر وحدت سے ترکیب اور ترکیب سے وحدت کی عجوبہ زا تعبیرات کی ایک بھول بھلیاں ہے جس کا کہیں اور چھور نظر ہی نہیں آتا اور جب کہنے والا ہی لفظی تعبیرات کے علاوہ "حقیقت" سمجھنے سے عاری ہے تو سننے والا کیا خاک سمجھ سکتا ہے۔

باپ: اقانیم ثلاثہ میں "اب" پہلا اقنوم ہے۔ اسی سے اقنوم ثانی کی ولادت ہوئی اور "عالم لاہوت" میں یہ کبھی بھی دوسرے اور تیسرے اقانیم سے جدا نہیں ہوتا، مگر مسیحی فرقوں میں کنیسہ کی عام تعلیم کے مطابق اکثر فرقے یہ کہتے ہیں کہ وحدت لاہوت میں تینوں

---

[1] اقنوم کے معنی "اصل"

کا درجہ مساوی ہے اور کسی کو کسی پر برتری حاصل نہیں ہے اور آریوسی کہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہے بلکہ دوسرا اقنوم "بیٹا" اقنوم اول کی طرح ازلی نہیں ہے البتہ عالم بالا و پست سے غیر معلوم مدت پہلے اقنوم اول سے پیدا ہوا ہے اس لیے اس کا درجہ "باپ" کے بعد اور اس سے کم ہے اور مقدونی فرقہ کہتا ہے کہ صرف وہی اقنوم ہیں "باپ" اور "بیٹا" اور "روح القدس" مخلوق ہے اور فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے جس کا پایہ تمام ملائکۃ اللہ سے بلند ہے اور طلیطلہ کی کونسل کا فیصلہ یہ ہے کہ روح القدس "باپ" اور "بیٹا" دونوں سے پھوٹ کر نکلی ہے یا دونوں سے ہی اس کا صدور ہوا ہے مگر قسطنطنیہ کی کونسل روح القدس کو صرف باپ ہی سے صادر ہونا بتلاتی ہے اور قدیم و جدید فرقوں میں سے ایک بڑی جماعت اقنوم ثالث مریم علیہا السلام کی تسلیم کرتی اور روح القدس کے اقنوم ہونے کا انکار کرتی ہے۔

بیٹا: عربی میں "ابن" فرنچ میں "فی"..... اور انگریزی میں (Son) اور اُردو میں "بیٹا" کہتے ہیں، یہ اس شکل انسانی پر بولا جاتا ہے جو عام قانون قدرت کے مطابق مرد و عورت کے جنسی تعلقات کا نتیجہ ہوتا ہے مگر عقیدۂ ثالوث کے مطابق وہ عالم لاہوت میں "باپ" سے جدا بھی نہیں ہے اور پیدا بھی ہے اور پھر بعض کے نزدیک اس کی پیدائش ازلی ہے اور بعض کے نزدیک غیر ازلی، آگے چل کر کہتے ہیں کہ جب "باپ" کی مشیت کا فیصلہ ہوا تو اقنوم ثانی "بیٹا" عالم ناسوت (کائنات ہست و بود) میں مریم کے بطن سے پیدا ہو کر "مسیح" کہلایا اور بعض کا تو یہ دعویٰ ہے کہ خود باپ ہی عالم ناسوت میں بیٹا بن کر مریم کے بطن سے تولد ہوا اور مسیح علیہ السلام کی شکل میں روشناس ہوا اور طرفہ تماشا یہ کہ بعض کے نزدیک تو اقنوم ثانی "ابن" کو اقنوم اول "اب" پر برتری اور تفوق حاصل ہے۔

روح القدس: اسی طرح "روح القدس" کے متعلق بھی سخت اختلاف ہے: کوئی کہتا ہے کہ وہ اقنوم ہی نہیں ہے اس لیے عالم لاہوت میں اس کو الوہیت حاصل نہیں ہے۔ چنانچہ مکدونی اور آریوسی کہتے ہیں کہ وہ ملائکۃ اللہ میں سے ہے اور ان میں سب سے برتر و بلند ہے اور ماراتونیوس کہتا ہے کہ "روح القدس" کی تعبیر مجاز ہے اور اللہ تعالیٰ کے افعال پر مجازاً اس کا اطلاق کیا جاتا ہے ورنہ الگ سے کوئی حقیقت نہیں ہے اس بناء پر اس قول کے قائلین کو "مجازئین" کہا جاتا ہے اور علماء جدید میں کلارک کہتا ہے کہ الہامی کتابوں عہد نامہ قدیم وجدید میں کسی ایک جگہ بھی "الوہیت" کا درجہ نہیں دیا گیا، فرقہ مکدونی نے الوہیت روح القدس کا انکار کرتے ہوئے شد و مد سے یہ کہا ہے کہ اگر جوہر الوہیت میں روح القدس کو بھی دخل ہوتا ہے تو یا وہ مولود ہوتی یا غیر مولود، اگر مولود ہے تو اس کے اور "ابن" کے درمیان کیا فرق رہا اور اگر غیر مولود ہے تو اس کے اور "اب" کے درمیان کیا امتیاز ہے۔

ان کے مقابلہ میں دوسری جماعتیں کہتی ہیں کہ "روح القدس" کو بھی الوہیت حاصل ہے یوسیو رومانی کہتا ہے کہ "روح القدس" کا صدور "اب" اور "ابن" دونوں سے ہوا اور وہ ان کے جوہر نفس سے ہے اور دونوں کے ساتھ وحدت لاہوت میں "الٰہ" ہے اور اثناسیوس کہتا ہے کہ روح القدس کی الوہیت ناقابل انکار ہے اور کتب سماویہ میں روح پر "الٰہ" کا اور الٰہ پر "روح" کا اطلاق ثابت و مسلم ہے اور اس کی جانب ان ہی امور کی نسبت کی گئی ہے جن کا تعلق ذات خدا کے ماسوا اور کسی سے نہیں ہے مثلاً تقدیس ذات، معرفت جمیع حقائق وغیرہ اور یہ عقیدہ قدیم سے چلا آتا ہے جیسا کہ نظم وسولجیا سے ثابت ہے جس کی قدامت تالیف سب کے نزدیک مسلم ہے اس میں الوہیت "روح القدس" کا اعتراف موجود ہے اور مولٹ لفیلو پیٹرس نے انکار الوہیت روح پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ نصاریٰ کے نزدیک خدائے حقیقی کی توحید کا تثلیث میں مضمر ہونا ایک مسلم حقیقت ہے پھر روح کو الوہیت سے خارج کرنا کوئی معنی نہیں رکھتا اور مکدونیوں کے اعتراض کا جواب دیتے ہوئے مار اثناسیوس کہتا ہے کہ کتب سماوی میں روح کو ابن نہیں کہا گیا بلکہ روح

الاب اور روح الابن کے اطلاقات پائے جاتے ہیں لہٰذا اس کو "ابن" یا "اب" کہنا صحیح نہیں اور نہ اس کو الوہیت سے نکال کر مخلوق کہنا درست ہوسکتا ہے اور ادراک بشری عاجز ہے کہ ان فلسفیانہ بحثوں سے "روح القدس" کی حقیقت تک پہنچ سکے البتہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ فقط تولید (پیدا ہونا) ہی تنہا ایسا واسطہ نہیں ہے جو "اب" کے ساتھ قائم ہو بلکہ انبثاق (صدور یا پھوٹ نکلنا) بھی ایک شکل ہوسکتی ہے مگر ہم اس دنیا میں تولید و انبثاق کے درمیان فرق ظاہر کرنے پر قادر نہیں ہیں البتہ یہ ضرور کہہ سکتے ہیں کہ تولید و انبثاق دونوں کا "اب" کے ساتھ ازلی و ابدی اور تلازم کا تعلق ہے۔ پس ہمارے لیے یہ ہرگز مناسب نہیں ہے کہ فلاسفہ قدیم (فلاسفہ یونان) کی طرح "روح القدس" اور "اب" کے درمیان فلسفیانہ موشگافیوں کے ذریعہ وہ اعتقادات قبول کرلیں جو انہوں نے خدا سے صدور ارواح کے متعلق پیدا کر لیے ہیں۔

اسی کے ساتھ ساتھ وہ اختلافات بھی پیش نظر رہنے چاہئیں جو گذشتہ سطور میں بیان ہوچکے ہیں کہ بعض کلیسہ "روح القدس" کا فقط اقنوم اول (باپ) سے صادر ہونا مانتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ "باپ" اور "بیٹا" دونوں سے اس کا صدور ہوا ہے، یہ اختلاف بھی عیسائی فرقوں کے درمیان سخت کشاکش کا سبب رہا ہے کیونکہ ۳۸۱ء میں منعقدہ کونسل قسطنطنیہ نے "منشور ایمانی" میں یہ واضح کردیا تھا کہ روح القدس کا صدور "باپ" ہی سے ہوا ہے اور عرصہ تک یہی عقیدہ مسیحی دنیا میں نافذ رہا لیکن ۴۴۷ء میں اول ہسپانیہ کے کلیسہ نے پھر فرانس کے کلیسہ نے اور اس کے بعد تمام لاطینی رومن کلیساؤں نے اس ترمیم کو جزء عقیدہ بنایا کہ "روح القدس" کا صدور اقنوم اول (باپ) اور اقنوم ثانی (بیٹا) دونوں سے ہوا ہے، عیسائی علماء کہتے ہیں کہ دراصل یہ بحث ۸۶۶ء میں سب سے پہلے شرق کے بطرق فوتیوس نے اس لیے پیدا کی کہ اس کی اور اس کی جماعت کی یہ خواہش تھی کہ کسی طرح شرق (یونان) کے کلیسہ کو غرب (روم) کے کلیسہ سے جدا کردیا جائے اور مشرق و مغرب کے کلیساؤں کا اتحاد باقی نہ رہنے دیا جائے، اسی خیال کی تائید و تقویت کے لیے ۱۰۴۳ء میں بطریق میخائیل کرولاریوس نے اس عقیدہ کو بہت جلد شائع کیا اور آخر کار صدیوں تک ان اختلافات نے کلیسہ ہائے مشرق و مغرب کے درمیان مخالفانہ کشمکش کو قائم رکھا اور دونوں کلیسہ ایک دوسرے پر یہ الزام قائم کرتے رہے کہ مخالف کلیسہ نے مسیحیت میں الحاد و بدعت کی آمیزش کرکے حقیقی مذہب کو مٹا ڈالا ہے اور رومن کیتھولک اور پراٹسٹنٹ کی بالعموم اور کلیساؤں کے مختلف فرقوں کی بالخصوص کشمکش کا یہ سلسلہ اس وقت تو انتہائی شدت اختیار کرچکا تھا اور باہم ہولناک خونریزیوں اور بہیمانہ مظالم کا جہنم بن چکا تھا جبکہ اسلام اعتقادات کی سادگی، اعمال صالحہ کی پاکیزگی اور اپنی علمی و عملی روحانیت کی شگفتگی کی بدولت "امن عام" اور "رحمت" کا نیر درخشاں بنا ہوا تھا۔

ازمنہ مظلمہ اور اصلاح کنیسہ کی آواز:

یہ وہ زمانہ تھا جب عیسائیوں کے مذہبی کلیسہ معمولی معمولی اختلافات کی بناء پر پوپ کی حکومت اور پیروان پوپ کی حکومتوں کے ذریعہ ایک دوسری جماعت کو گردن زدنی اور کشتنی قرار دیتی اور ہزاروں اور لاکھوں انسانوں کو وحشت ناک عذابوں میں مبتلاء کر کے قتل کردیا کرتی تھیں اسی بناء پر مؤرخین تاریخ کے اس دور کی ازمنہ مظلمہ (زمانہ ہائے تاریک) کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

قرآن نے حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق جس حقیقت اور صداقت کا اظہار کیا تھا پوپ اور کلیسا سے مرعوبیت نے اگرچہ ایک مدت مدید تک عیسائیوں کو اس طرف متوجہ نہیں ہونے دیا مگر پھر بھی یہ صدائے حق اثر کیے بغیر نہ رہ سکی اس کی تفاصیل اگرچہ خاتم

الانبیاء محمد ﷺ کی حیات طیبہ میں مذکور ہوں گی لیکن یہاں صرف اس قدر اشارہ کرنا مقصود ہے کہ رومن کیتھولک، پراٹسٹنٹ اور دوسرے فرقوں نے بغیر کسی جھجک کے سینٹ پال کی تحریف (تثلیث) مسیحیت کا بنیادی عقیدہ تسلیم کر لیا تھا اور اگرچہ بعض چھوٹی جماعتوں یا افراد نے کبھی کبھی اس کے خلاف آواز اٹھائی مگر وہ آواز دب کر رہ گئی اور نقار خانہ میں طوطی کی صدا سے زیادہ اس کی حیثیت نہ بن سکی مثلاً ۳۲۵ء اور ۳۸۱ء میں جب نیقادی کونسل اور قسطنطنیہ کونسل نے تثلیث کو دین مسیحی کی بنیاد قرار دیا اس وقت ابونیین نے صاف صاف اعلان کر دیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام صرف انسان ہیں اور الوہیت کا ان سے کوئی علاقہ نہیں اور سابلیین کہتے تھے کہ اقانیم ثلاثہ، تین مختلف جوہر نہیں ہیں بلکہ وحدت لاہوتی کی مختلف صورتیں اور تعبیریں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ صرف اپنی ذات واحد کے لیے اطلاق کرتا ہے تاہم اس وقت تک چونکہ پوپ اور کلیسہ کے فیصلے خدائی فیصلے سمجھے جاتے تھے اور بشپ اور پاپا "اربابًا من دون اللہ" یقین کیے جاتے تھے اس لیے ان اصلاحی آوازوں کو "الحاد" کہہ کر دبا دیا گیا مگر جب صلیبی جنگوں نے عیسائیوں کو مسلمانوں کے اتنے قریب کر دیا کہ انہوں نے اسلام کے اعتقادی اور عملی نظام کا بہت کچھ نقشہ اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اسلام سے متعلق بطارقہ (Batariqa) بساقفہ (Bishaqifa) کی غلط بیانی اور بہتان ان پر ظاہر ہونے لگی تب ان میں بھی آزادی فکر نے کروٹ لی اور کورانہ تقلید کو شکست و ریخت کرنے کا جذبہ پیدا ہوا۔ چنانچہ لوتھر کی آواز پہلی صدائے حق تھی جس نے جرأت کے ساتھ "اربابًا من دون اللہ" کے بتوں کو ماننے سے انکار کر دیا اور پوپ کے مقابلہ میں کتاب مقدس کی پیروی کی دعوت دی مگر آپ کو تعجب ہوگا یہ سن کر کہ پوپ کی جانب سے لوتھر کے خلاف جو الحاد اور بددینی کے الزامات لگائے گئے تھے ان میں سب سے بڑا الزام یہ تھا کہ یہ در پردہ "مسلمان" ہو گیا ہے اور پاپا کے خلاف اس کی صدا قرآن کی صدائے بازگشت ہے۔

بہر حال یہی وہ صدائے اصلاح تھی جو بلاشبہ اسلام کی دعوت تفکر و تعقل سے متاثر ہو کر آہستہ آہستہ "اصلاح کنیسہ" کے نام سے مسیحی دنیا میں گونج اٹھی اور آگ کی طرح ہر طرف اس کے شعلے نظر آنے لگے ان ہی اصلاحات میں سے ایک اہم اصلاحی تخیل یہ بھی تھا کہ عقیدۂ ثالوث کتاب مقدس (عہد نامہ جدید) کے قطعاً خلاف ہے۔ چنانچہ تیرھویں صدی عیسوی میں قدیم لاہوتی فرقہ کے جمہور نے نسطوری فرقہ کے جماعتی فیصلہ نے اور جدید جماعتوں میں سے سوسینیانیین .... جرمانئین .... موحدین..... اور عمومیین اور دوسری جماعتوں نے تعلیم کلیسا کے خلاف مذہبی بغاوت کرتے ہوئے صاف کہہ دیا کہ تثلیث کا عقیدہ نقل و عقل دونوں کے خلاف اور ناقابل تسلیم ہے اور اگرچہ قومی و مذہبی عصبیت نے ان کو اسلامی عقیدہ کا پیرو ہونے سے باز رکھا تاہم انہوں نے عقیدۂ تثلیث کی مختلف شکلوں کے ساتھ ایسی تعبیرات کرنی شروع کر دیں جس سے عقیدۂ ثالوث باطل ہو کر توحید الٰہی کے پاک اور مقدس جراثیم پیدا ہونے لگے مثلاً سوئڈنبرگ نے کہا: "اقانیم ثلاثہ" "باپ" "بیٹا" "روح القدس" کا تعلق حضرت مسیح علیہ السلام کی ذات کے ماسوا ذات احدیت سے نہیں ہے یعنی مسیح علیہ السلام کی ذات اپنی طبع لاہوتی کے پیش نظر "باپ" ہے اور عالم ناسوت میں انسانی شکل کی تقید کی وجہ سے "بیٹا" اور "اقنوم ثانی" ہے اور اس حیثیت سے کہ روح القدس کا صدور اس سے ہوا ہے وہ اقنوم ثالث "روح" ہے غرض "ثالوث" کا تعلق صرف حضرت مسیح علیہ السلام سے ہے اور کانٹ (Cant) کہتا ہے کہ عقیدۂ ثالوث کے یہ معنی نہیں ہیں کہ "باپ" "بیٹا" "روح القدس" بلکہ یہ عالم ذات میں خدائے برتر کی تین بنیادی صفات کی جانب اشارہ ہے جو باقی تمام صفات کے لیے مصدر اور منبع کی حیثیت رکھتی ہیں اور وہ "قدرت" (اب) حکمت (ابن) اور "محبت" (روح) ہیں یا اللہ کے ان تین افعال کی جانب اشارہ ہے جو "خلق" "حفظ" اور "ضبط" کے

نام سے بھی تعبیر کیے جاتے ہیں اور ہیگن اور شیلنگ نے اس خیال کی کافی اشاعت کی کہ عقیدۂ ثالوث حقائق کی طرح کوئی حقیقت نہیں ہے۔ ایک تخیلی نظریہ ہے ان کی مراد یہ ہے کہ جہاں تک حقیقت کا تعلق ہے خدائے برتر کی ذات وحدہ لاشریک لہٗ ہے اور مسیح علیہ السلام مخلوق خدا، لیکن عام خیال وتصور میں جب ہم لاہوتی عالم کی جانب پرواز کرتے ہیں تو ہمارا خیال اس عالم میں خدا، مسیح علیہ السلام اور روح القدس کو "اب" "ابن" اور "روح" کی تعبیرات دیتا اور ان کے باہم تعلق کو اقانیم ثلاثہ کی حیثیت میں دیکھتا ہے۔

"عقلیین" "لوتھرین" اور "موحدین" اور "جرمانیین" کے علاوہ بھی بہت لوگ ہیں جو سابلیین کے عقیدہ کو اختیار کر کے ایک بڑی جماعت کی شکل اختیار کر رہے ہیں۔

ان تمام باتوں کے باوجود اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یورپ کی نشاۃ جدید میں بھی عام طور پر تمام کلیساؤں کا ثالوث (تثلیث) پر ہی عقیدہ ہے اور ان کے نزدیک اس کلمہ کی تعبیر وہی ہے جو چوتھی صدی عیسوی میں متعدد مذہبی کونسلوں نے کی اور جو بلاشبہ شرک جلی اور توحید کے یکسر منافی ہے۔

قرآن اور عقیدۂ تثلیث:

نزول قرآن کے وقت جمہور مسیحی جن بڑے فرقوں میں تقسیم تھے ثالوث کے متعلق ان کا عقیدہ تین جدا جدا اصولوں پر مبنی تھا ایک فرقہ کہتا تھا کہ مسیح علیہ السلام عین خدا ہے اور خدا ہی بشکل مسیح علیہ السلام دنیا میں اتر آیا ہے اور دوسرا فرقہ کہتا ہے کہ مسیح ابن اللہ (خدا کا بیٹا) ہے۔ اور تیسرا کہتا تھا کہ وحدت کا راز تین میں پوشیدہ ہے۔ باپ، بیٹا، مریم اور اس جماعت میں بھی دو گروہ تھے اور دوسرا گروہ حضرت مریم علیہا السلام کی جگہ "روح القدس" کو اقنوم ثالث کہتا تھا، غرض وہ حضرت مسیح علیہ السلام کو ثالث ثلاثہ (تین میں کا تیسرا) تسلیم کرتے تھے اس لیے قرآن کی صدائے حق نے تینوں جماعتوں کو جدا جدا بھی مخاطب کیا ہے اور یکجا بھی اور دلائل وبراہین کی روشنی میں مسیحی دنیا پر یہ واضح کیا ہے کہ اس بارہ میں راہ حق ایک اور صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ مسیح علیہ السلام مریم علیہا السلام کے بطن سے پیدا شدہ انسان اور خدا کا سچا پیغمبر اور رسول ہے باقی جو کچھ بھی کہا جاتا ہے وہ باطل محض ہے..... خواہ اس میں تفریط ہو جیسا کہ یہود کا عقیدہ ہے کہ العیاذ باللہ وہ شعبدہ باز اور مفتری تھے یا افراط ہو جیسا کہ نصاریٰ کا عقیدہ ہے کہ وہ خدا ہیں اور خدا کے بیٹے ہیں یا تین میں کے تیسرے ہیں۔

قرآن عزیز نے صرف یہی نہیں کیا کہ نصاریٰ کے تردیدی پہلو کو ہی اس سلسلہ میں واضح کیا ہو بلکہ اس کے علاوہ حضرت مسیح علیہ السلام کی شان رفیع کی اصل حقیقت کیا ہے اور عند اللہ ان کو کیا قربت حاصل ہے، اس پر بھی نمایاں روشنی ڈالی ہے تاکہ اس طرح یہود کے عقیدہ کی بھی تردید ہو جائے اور افراط وتفریط سے جدا راہ حق آشکارا نظر آنے لگے۔

حضرت مسیح علیہ السلام خدا کے مقرب اور برگزیدہ رسول ہیں:

﴿قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۟ اٰتٰىنِیَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِیْ نَبِیًّا ۟ۙ۝۳۰ وَّ جَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَ اَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ۝۳۱ وَّ بَرًّۢا بِوَالِدَتِیْ ؗ وَ لَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ۝۳۲ وَ السَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَ یَوْمَ اَمُوْتُ وَ یَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ۝۳۳﴾ (مریم: ۳۰-۳۳)

"(مسیح علیہ السلام نے کہا) بیشک میں اللہ کا بندہ ہوں اور اس نے مجھ کو نبی بنایا ہے اور مجھ کو مبارک ٹھہرایا جہاں بھی میں رہوں اور اس نے مجھ کو نماز کی اور زکوٰۃ کی وصیت فرمائی جب تک بھی زندہ رہوں اور اس نے مجھ کو میری والدہ کے لیے نیکوکار بنایا اور مجھ کو سخت گیر اور بدبخت نہیں بنایا مجھ پر سلامتی ہو جب میں پیدا ہوا جب میں مرجاؤں اور جب حشر کے لیے زندہ اٹھایا جاؤں۔"

﴿اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَ جَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ وَ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓىِٕكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ۝ وَ اِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَ اتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝﴾ (الزخرف: ۵۹-۶۱)

"وہ (مسیح علیہ السلام) نہیں ہے مگر ایسا بندہ جس پر ہم نے انعام کیا اور میں نے اس کو مثال بنایا ہے بنی اسرائیل کے لیے اور اگر ہم چاہتے تو کر دیتے ہم تم میں سے فرشتے زمین میں چلنے پھرنے والے اور بلاشبہ وہ (مسیح علیہ السلام) نشان ہے قیامت کے لیے۔ پس اس بات پر تم شک نہ کرو اور میری پیروی کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔"

﴿وَ اِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ﴾ (الصف: ۶)

"اور (وہ وقت یاد کرو) جب عیسیٰ بن مریم علیہما السلام نے کہا اے بنی اسرائیل! بلاشبہ میں تمہاری جانب اللہ کا رسول ہوں تصدیق کرنے والا ہوں جو میرے سامنے ہے تورات اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا اس کا نام احمد ہے۔"

حضرت مسیح علیہ السلام نہ خدا ہیں نہ خدا کے بیٹے:

﴿لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝﴾ (المائدہ: ۱۷)

"بلاشبہ ان لوگوں نے کفر اختیار کر لیا جنھوں نے یہ کہا "بیشک اللہ وہی مسیح بن مریم ہے" کہہ دیجیے کہ اگر اللہ یہ ارادہ کر لے کہ مسیح بن مریم (علیہما السلام)، مریم اور کائنات زمینی پر جو کچھ بھی ہے سب کو ہلاک کر ڈالے تو کون شخص ہے جو اللہ سے (اس کے خلاف) کسی شے کے مالک ہونے کا دعویٰ کر سکے اور اللہ کی بادشاہت ہے آسمانوں کی اور زمین کی وہ جو چاہتا ہے اس کو پیدا کر سکتا ہے اور اللہ ہر شئے پر قدرت رکھنے والا ہے۔"

﴿لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَ قَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَ مَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

أَنْصَارٍ ۝﴾(المائدہ:۷۲)

"بلاشبہ ان لوگوں نے کفر اختیار کیا جنھوں نے کہا بلاشبہ اللہ وہی مسیح بن مریم (علیہ السلام) ہے۔حالانکہ مسیح (علیہ السلام) نے یہ کہا: اے بنی اسرائیل اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا پروردگار ہے بیشک جو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے پس یقیناً اللہ نے اس پر جنت کو حرام کر دیا ہے اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور ظالموں کے لیے کوئی مدد نہیں ہے۔"

﴿وَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝﴾(البقرہ:۱۱۶)

"اور انہوں نے کہا: اللہ نے "بیٹا" بنالیا ہے وہ ذات تو ان باتوں سے پاک ہے بلکہ (اس کے خلاف) اللہ کے لیے ہی ہے جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں ہے ہر شے اللہ کے لیے تابع دار ہے۔"

﴿اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۝﴾ (آل عمران:۵۹)

"بلاشبہ عیسیٰ (علیہ السلام) کی مثال اللہ کے نزدیک آدم کی سی ہے کہ اس کو مٹی سے پیدا کیا۔پھر اس کو کہا ہو جا تو وہ ہو گیا۔"

﴿یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ وَ لَا تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِیْحُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ كَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَاۤ اِلٰی مَرْیَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ۚ۫ وَ لَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَیْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَ كَفٰی بِاللّٰهِ وَكِیْلًا ۝﴾(النساء:۱۷۱)

"اے اہل کتاب اپنے دینی معاملہ میں حد سے نہ گزرو اور اللہ کے بارے میں حق کے ماسوا کچھ نہ کہو بلاشبہ مسیح ابن مریم (علیہ السلام) اللہ کے رسول ہیں اور اس کا کلمہ ہیں جس کو اس نے مریم پر ڈالا (یعنی بغیر باپ کے اس کے حکم سے مریم کے بطن میں وجود پذیر ہوئے) اور اس کی روح ہیں۔پس اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور تین (اقانیم) نہ کہو اس سے باز آ جاؤ تمہارے لیے بہتر ہو گا بلاشبہ اللہ خدائے واحد ہے پاک ہے اس سے کہ اس کا بیٹا ہو، اسی کے لیے ہے (بلاشرکت غیرے) جو کچھ بھی ہے آسمانوں اور زمین میں اور کافی ہے اللہ "وکیل" ہو کر۔"

﴿بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَنّٰی یَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝﴾(الانعام:۱۰۱)

"وہ (خدا) موجد ہے آسمانوں اور زمین کا اس کے لیے بیٹا کیسے ہو سکتا ہے اور نہ اس کی بیوی ہے اور اس نے کائنات کی ہر شے کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر شے کا جاننے والا ہے۔"

﴿مَا الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ اُمُّهٗ صِدِّیْقَةٌ ؕ كَانَا یَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ﴾(المائدہ:۷۵)

"مسیح بن مریم (علیہ السلام) نہیں ہیں مگر خدا کے رسول بلاشبہ ان سے پہلے رسول گزر چکے ہیں اور ان کی والدہ صدیقہ ہیں، یہ دونوں کھانے کھاتے تھے، (یعنی دوسرے انسانوں کی طرح کھانے پینے وغیرہ امور میں وہ بھی محتاج تھے)۔"

﴿لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَ لَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَ مَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ يَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ۝﴾(النساء: ۱۷۲)

"ہرگز مسیح (علیہ السلام) اس سے ناگواری نہیں اختیار کرے گا کہ وہ اللہ کا بندہ کہلائے اور نہ مقرب فرشتے حتیٰ کہ روح القدس "جبرئیل" ناک بھوئیں چڑھائیں گے اور جو عبادت سے ناگواری کا اظہار کرے اور غرور اختیار کرے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنی جانب اکٹھا کرے گا یعنی جزاوسزا کے دن سب حقیقت حال کھل جائے گی۔"

﴿وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَ قَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝﴾(التوبہ: ۳۰)

"اور یہود کہتے ہیں کہ عزیر خدا کا بیٹا ہے اور نصاریٰ کہتا ہے مسیح (علیہ السلام) خدا کا بیٹا ہے یہ ان کے منہ کی باتیں ہیں ریس کرنے لگے اگلے کافروں کی بات کی اللہ ان کو ہلاک کرے کہاں سے پھرے جاتے ہیں۔"

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَ لَمْ يُوْلَدْ ۝ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝﴾(الاخلاص: ۱-۴)

"اے (محمدؐ) کہہ دیجئے اللہ یکتا ہے، اللہ بے نیاز ہستی ہے، نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا اور کائنات میں کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے۔"

قرآن نے اس سلسلہ میں اپنی صداقت اور اصلاح عقائد و اعمال کا جو مدلل اور واضح اعلان کیا اس کے مطالعہ کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ موجودہ کتاب مقدس کے محرف اور مسخ کر دیے جانے کے باوجود جس شکل و صورت میں آج موجود ہے وہ کسی ایک مقام پر بھی "ثالوث" کے اس عقیدہ کا پتہ نہیں دیتی جس کی تفصیلات و تشریحات ابھی سطور بالا میں علماء نصاریٰ، مذہبی کونسلوں اور کلیساؤں سے نقل ہو چکی ہیں اور بجز تعبیر کے جگہ جگہ حضرت مسیح علیہ السلام کی زبان سے خدا کو "باپ" اور خود کو "بیٹا" ظاہر کیا گیا ہے اس کے لیے اور کوئی ثبوت واضح اور مصرح طور پر مہیا نہیں ہے۔ پس اگر ہم اس سے قطع نظر بھی کر لیں کہ یہ تعبیرات "تحریفی" اور صنم پرستی کے تخیل کی رہین منت ہیں اور اگر بالفرض یہ تسلیم کر لیں کہ خدائے برتر کی جانب سے سچی الہامی انجیل میں بھی یہ تعبیرات موجود تھیں تب بھی ان سے نصاریٰ کا عقیدۂ "تثلیث" کسی طرح صحیح ثابت نہیں ہوسکتا کیونکہ "ابن" کا لفظ اگرچہ حقیقی معنی کے لحاظ سے اس انسان پر بولا جاتا ہے جو کسی کی صلب یا کسی کے بطن سے مادہ منویہ کے ذریعہ پیدا ہوا ہو، تاہم محاورات زبان اور اہل زبان کے استعمالات و اطلاقات شاہد ہیں کہ یہ لفظ کبھی مجاز کے طور پر اور کبھی تشبیہ یا کنایہ کے طریق سے اور بھی مختلف معانی پر بولا جاتا ہے مثلاً ایک بڑی عمر کا شخص اپنے سے چھوٹے کو مجازاً "ابن" (بیٹا) کہہ دیا کرتا ہے یا بادشاہ اپنی رعایا کو "اولاد" کہہ کر خطاب کرتا ہے یا استاد اپنے شاگردوں کو "بیٹا" کہہ کر پکارتا ہے یا جو شخص کسی علم و ہنر کا ماہر یا اس کی خدمت میں سرشار ہوتا ہے تو اس کو کنایۃً اس علم و ہنر کا بیٹا کہہ کر یاد کرتے ہیں اور کہا کرتے ہیں "ابن القانون" "ابن الفلسفہ" "ابن الفلاحۃ" "ابن الحدادہ" یا دنیا طلبی کی حرص و آرزو میں اگر حد

سے گزر چکا ہے تو اس کو "ابن الدراہم" "ابن الدنانیر" کہہ دیا کرتے ہیں، اسی طرح مسافر کو "ابن السبیل" مشہور شخصیت کو "ابن جلا" بڑے ذمہ دار انسان کو "ابن لیلہا" آنے والے دن سے بے پرواہ شخص کو "ابن یومیہ" دنیا ساز ہستی کو "ابن الوقت" کہتے ہیں یا جس کے اندر کوئی وصف نمایاں طور پر موجود ہوتا ہے تو اس وصف کی جانب لفظ ابن کو منسوب کر کے ذات موصوف کو یاد کرتے ہیں مثلاً صبح کو "ابن ذکاء" کہتے ہیں اور ان تمام مثالوں سے زیادہ یہ کہ انبیاء بنی اسرائیل اپنی امتوں کو ابناء اور اولاد کے ساتھ ہی خطاب کرتے اور نصائح و مواعظ میں یہ ظاہر فرماتے ہیں کہ امم واقوام انبیاء علیہم السلام کی روحانی اولاد ہوتی ہیں۔

اور یہی حال "اب" اور "باپ" کے اطلاقات و استعمالات کا ہے، ایک چھوٹا اپنے بڑے کو، ایک ضرورت مند اپنے مربی کو، ایک شاگرد اپنے استاد کو، ایک امتی اپنے نبی رسول کو "اب" اور "باپ" کہنا فخر سمجھتا ہے حالانکہ ظاہر ہے کہ اس قسم کے تمام اطلاقات مجاز، کنایہ اور تشبیہ کے طور پر کیے جاتے ہیں اسی طرح بے نظیر مقرر اور خطیب کو "ابوالکلام" بہترین انشاء پرداز کو "ابوالقلم" ماہر نقاد کو "ابوالنظر" ڈراؤنی اور ہیبت ناک شے کو "ابوالہول" سخی کو "ابوالنجاد" فن کاشتکاری کے ماہر کو "ابوالفلاحہ" صنعت وحرفت کے حاذق کو "ابوالصنع" شب و روز بولتے رہتے ہیں۔

تو ان اطلاقات کے پیش نظر بآسانی یہ کہا جا سکتا ہے کہ کتاب مقدس میں ذات احدیت پر اب (باپ) کا اطلاق رب حقیقی کی حیثیت میں اور حضرت مسیح علیہ السلام پر ابن (بیٹا) کا اطلاق محبوب و مقبول الٰہی کی حیثیت میں ہوا ہے یعنی جس طرح باپ اور بیٹے کے درمیان محبت و شفقت کا رشتہ مضبوط و مستحکم ہوتا ہے اس سے کہیں زیادہ محبت و شفقت کا وہ رشتہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے اور اس کے مقدس پیغمبر مسیح علیہ السلام کے درمیان قائم ہے، ایک صحیح حدیث میں بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس استعارہ اور تشبیہ کو استعمال فرماتے ہوئے کہا ہے:

الخلق عیال اللہ "تمام مخلوق خدا کا کنبہ ہے۔"

پس روزمرہ کے محاورات و اطلاقات کو نظر انداز کر کے کتاب مقدس کے لفظ "اب" اور "ابن" کے ایسے معانی و مطالب مراد لینا جو صریح شرک کے مترادف ہوں بلکہ اس سے بھی زیادہ قباحت و شناعت کے ساتھ خدا کی ہستی کو تین اقانیم سے مرکب ظاہر کرتے اور خدا کے حصے بخرے بناتے ہوں، کسی طرح بھی جائز نہیں ہو سکتا اور صریح ظلم اور اقدام شرک ہے (تعالی اللہ علوا کبیرا) بالخصوص ایسی صورت میں جبکہ ان ہی اناجیل میں حضرت مسیح علیہ السلام کا یہ ارشاد مذکور ہے۔ ❶

"میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں کہ تم آسمان کو کھلا ہوا اور خدا کے فرشتوں کو اوپر جاتے ہوئے اور ابن آدم (مسیح علیہ السلام) پر اترتے دیکھو گے۔"

اور باب ۱۳ میں بصراحت خود کو "رسول" کہا ہے:

"میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ نوکر اپنے مالک سے بڑا نہیں ہوتا اور نہ "رسول" اپنے بھیجنے والے سے۔"

اور باب ۴ میں ہے:

"کیونکہ یسوع نے خود گواہی دی کہ "نبی" اپنے وطن میں عزت نہیں پاتا۔"

اور باب ۳ میں ہے:

---

❶ باب ۱ آیت ۵۱

"اور آسمان پر کوئی نہیں چڑھا سوائے اس کے جو آسمان سے اترا یعنی ابن آدم جو آسمان میں ہے۔"

اور باب ۶ میں ہے:

"پس جو معجزہ اس نے دکھایا وہ لوگ اسے دیکھ کر کہنے لگے جو نبی دنیا میں آنے والا تھا وہ فی الحقیقت یہی ہے۔"

اور انجیل متی میں ہے: [1]

"لیکن اس لیے کہ تم جان لو کہ ابن آدم (مسیح علیہ السلام) کو زمین پر گناہوں کے معاف کرنے کا اختیار ہے۔"

علاوہ ازیں اگر عہد نامہ جدید میں حضرت مسیح علیہ السلام کے لیے "ابن" کا اطلاق موجود ہے تو نیکوکار انسانوں پر بھی "ابناء اللہ" اور بدکاروں کے لیے "ابناء ابلیس" کا اطلاق پایا جاتا ہے۔ چنانچہ انجیل متی میں ہے۔ [2]

"مبارک ہیں وہ جو صلح کراتے ہیں کیونکہ وہ خدا کے بیٹے کہلائیں گے۔"

اور انجیل یوحنا میں ہے: [3]

"یسوع نے ان سے کہا: اگر تم ابراہیم کے فرزند ہوتے تو ابراہیم کے سے کام کرتے ...... انہوں نے اس سے کہا ہم حرام سے پیدا نہیں ہوئے ہمارا ایک باپ ہے یعنی خدا۔"

لہٰذا عقیدۂ تثلیث میں نصاریٰ کے لیے موجودہ کتاب مقدس سے بھی کوئی حجت و دلیل نہیں ملتی اور اس لیے بغیر کسی شک و ریب کے یہ کہنا حق ہے کہ یہ عقیدۂ تثلیث صنم پرستانہ عقائد کے امتزاج کا نتیجہ ہے۔

لائق توجہ بات:

یہ بات کبھی فراموش نہیں ہونی چاہیے کہ ادیان ملل سابقہ کے مسخ و تحریف میں تحریف کرنے والوں کو اس سے بہت زیادہ مدد ملی کہ بنیادی عقائد میں صراحت اور وضاحت کی جگہ وقت کے معبروں، مفسروں اور ترجمانوں نے کنایات، استعارات اور تشبیہات سے بہت زیادہ کام لیا، ان تعبیرات کا نتیجہ یہ نکلا کہ جب ان مذاہب حق کا صنم پرستوں اور فلسفیوں سے واسطہ پڑا اور انہوں نے کسی نہ کسی طرح اس دین حق کو قبول کر لیا تو اپنے فلسفیانہ اور مشرکانہ افکار و خیالات کے لیے ان ہی استعارات اور تشبیہات کو پشت پناہ بنایا اور آہستہ آہستہ ملت حقیقی کی شکل و صورت بدل کر اس کو معجون مرکب بنا ڈالا، اسی حقیقت کے پیش نظر قرآن عزیز نے وجود باری، توحید، رسالت، الہامی کتب، ملائکۃ اللہ، غرض بنیادی عقائد میں ذو معنی الفاظ، پر پیچ تشبیہات اور توحید میں خلل انداز استعارات و کنایات کی بجائے واضح صریح اور غیر مبہم اطلاقات کو اختیار کیا ہے تا کہ کسی ملحد، زندیق اور مشرک فلسفی کو توحید خالص میں شرک اور اوہام و ظنون کی نکتہ آفرینیوں کا موقع ہاتھ نہ آنے پائے اور اگر کوئی شخص اس کے باوجود بھی بے جا جسارت کرے تو خود قرآن عزیز کی نصوص صریحہ ہی اس کے الحاد کو پاش پاش کر دیں۔

کفارہ:

موجودہ مسیحیت کا دوسرا عقیدہ جس نے دین مسیحیت کی حقیقت کو برباد کر ڈالا "کفارہ" کا عقیدہ ہے اس کی بنیاد اس تخیل پر

---

[1] باب ۹ آیت ۶ [2] باب ۵ آیت ۹ [3] باب ۸ آیت ۴۰-۴۱

قائم ہے کہ تمام کائنات "جس میں نیکوکار اور انبیاء ورسل سب ہی شامل ہیں" ابتداء آفرینش سے ہی گنہگار ہے، آخر رحمتِ الٰہی کو جوش آیا اور اس کی مشیت نے ارادہ کیا کہ بیٹے کو کائنات ارضی میں بھیجے اور وہ مصلوب ہو کر اول وآخر تمام کائنات کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے اور اس طرح دنیا کو نجات اور مکتی حاصل ہو سکے لیکن اس عقیدے کے قوام بنانے کے لیے چند ضروری اجزاء کی ضرورت تھی جن کے بغیر یہ عمارت کھڑی نہیں کی جا سکتی تھی اس لیے "عہد رسول" میں سب سے پہلے مسیحیت نے یہودیت کے اس عقیدے کو تسلیم کر لیا کہ ان کو صلیب پر بھی چڑھایا گیا اور مار بھی ڈالا گیا اور اس کو شرف قبولیت دینے کے بعد دوسرا قدم یہ اٹھایا کہ "الوہیت" کے باوجود مسیح علیہ السلام کا صلیب پانا اور قتل ہونا اپنے لیے نہیں بلکہ کائنات کی نجات کے لیے تھا چنانچہ جب اس پر یہ حادثہ گزر لیا تو اس نے پھر الوہیت کی چادر اوڑھ لی اور عالم لاہوت میں باپ اور بیٹے کے درمیان دوبارہ لاہوتی رشتہ قائم ہو گیا۔

پس جب مذہب میں خدائے برتر کے ساتھ صحت عقیدہ اور نیک عملی مفقود ہو کر نجات کا دارومدار عمل کردار کی بجائے "کفارہ" پر قائم ہو جائے اس کا حشر معلوم؟

قرآن نے اسی لیے جگہ جگہ یہ واضح کیا ہے کہ نجات کے لیے عقیدہ کی صحت یعنی صحیح خدا پرستی اور نیک عملی کے ماسوا کوئی دوسری راہ نہیں ہے اور جو شخص بھی اس "راہ مستقیم" کو ترک کر کے خوش عقیدگی اور اوہام وظنون کو اسوہ بنائے گا اور نیک عملی اور صحیح خدا پرستی پر گامزن نہ ہو گا بلاشبہ گمراہ ہے اور راہ مستقیم سے یکسر محروم۔

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ النَّصٰرٰى وَ الصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝﴾ (البقرہ: ۶۲)

"جو لوگ اپنے کو مومن کہتے ہیں اور جو یہودی ہیں اور جو نصاریٰ ہیں اور جو صابی ہیں ان میں سے جو بھی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لے آیا اور اس نے نیک عمل کیے تو یہی وہ شخص ہیں جن کا اجر ان کے پروردگار کے پاس ہے، نہ ان پر خوف طاری ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔"

یعنی قرآن کی دعوت اصلاح ادیان وملل کا مقصد یہ نہیں ہے کہ یہودی، نصرانی صابی گروہوں کی طرح ایک نیا گروہ مومنوں کے نام سے اس طرح اضافہ کر دے کہ گویا وہ بھی ایک قومی، نسلی یا ملکی گروہ بندی ہے کہ خواہ اس کی خدا پرستانہ زندگی اور عملی زندگی کتنی ہی غلط اور برباد ہو یا سرے سے مفقود ہو مگر اس گروہ بندی کا فرد ہونے کی وجہ سے ضرور کامیاب اور خدا کی جنت ورضا کا مستحق ہے۔

قرآن کا مقصد ہرگز یہ نہیں ہے بلکہ وہ یہ اعلان کرنے آیا ہے کہ اس کی دعوت حق سے پہلے کوئی شخص کسی بھی گروہ اور مذہبی جماعت سے تعلق رکھتا ہوا گر اس نے (قرآن کی تعلیم حق) کے مطابق خدا پرستی اور نیک عملی کو اختیار کر لیا ہے تو بلاشبہ وہ نجات یافتہ اور کامیاب ہے ورنہ تو وہ اگر مسلمان گھر میں پیدا ہوا پلا اور بڑھا اور اسی سوسائٹی میں زندگی گزار کر مر گیا مگر قرآن کی دعوت حق کے مطابق خدا پرستی اور نیک عملی دونوں سے محروم رہا یا مخالف تو اس کے لیے نہ کامیابی ہے اور نہ فوز وفلاح۔ باقی رہا مسیحیت کے کفارہ کا خصوصی مسئلہ تو قرآن نے اس کے ابطال اور تردید کے لیے یہ راہ اختیار کی کہ جن بنیادوں پر اس کو قائم کیا گیا تھا ان کی ہی جڑ کاٹ دی، چنانچہ گذشتہ سطور میں صلیب اور قتل مسیح علیہ السلام کے انکار، رفع الی السماء کے اثبات کے مبحث میں اس پر کافی روشنی پڑ چکی ہے۔

محمد ﷺ اور قرآن:

قرآن کلام الٰہی ہے اور خاتم الانبیاء محمد ﷺ اس کے مہبط ہیں وہ ان پر نازل ہوا ہے، قرآن علم ویقین کی روشنی ہے اور ذات اقدس ﷺ اس کا عملی نمونہ اسوہ اور نقشہ ہیں ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ قرآن رشد وہدایت ہے اور محمد ﷺ راشد وہادی، قرآنی حق وصداقت کے لیے دعوت وپیغام ہے اور نبی اکرم ﷺ اس کے داعی اور پیغامبر، اس لیے قرآن کا ہر ایک جملہ اور اس کی ہر ایک آیت کسی نہ کسی حیثیت میں ذات قدسی صفات سے تعلق رکھتی ہے تو اب کس طرح یہ کہا جائے کہ قرآن میں اتنی جگہ اس مقدس ہستی کا ذکر ہے۔

ایک مرتبہ حضرت عائشہ ؓ سے چند صحابہ ؓ نے عرض کیا کہ آپ نبی اکرم ﷺ کے کچھ حالات زندگی ہم کو سنائیں، صدیقہ عائشہ ؓ نے نگاہ تعجب سے دریافت کیا: کیا تم قرآن نہیں پڑھتے جو مجھ سے خلق نبی کے متعلق سوال کرتے ہو۔ (فان خلقہ کان القران) آپ ﷺ کی تمام اخلاقی زندگی قرآن کے سانچہ میں ڈھلی ہوئی تھی، قرآن جو کچھ کہتا ہے محمد ﷺ نے اسی کو کر دکھایا۔

پس قرآن کے کسی حصہ کو سامنے لانا گویا حیات طیبہ کا پیش نظر لے آنا ہے۔

البتہ قرآن عزیز نے جن آیات میں آپ ﷺ کے اسمائے گرامی یا اوصاف عالی کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا ﴿یا ایّھا النّبیّ﴾ اور ﴿یا ایّھا الرّسول﴾ کہہ کر مخاطب کیا، اس کی تفصیل مسطورۂ ذیل نقشہ سے ظاہر ہوتی ہے۔ اس نقشہ میں نبی، اور رسول، کے علاوہ جن اسماء اور اوصاف کی تفصیل مسطور ہے وہ یہ ہیں:

(۱) محمد	(۲) احمد	(۳) عبداللہ	(۴) شاہد	(۵) بشیر	(۶) نذیر
(۷) مبشر	(۸) مذکر	(۹) عزیز	(۱۰) رؤف	(۱۱) رحیم	(۱۲) امین
(۱۳) مزمل	(۱۴) مدثر	(۱۵) منذر	(۱۶) ہادی	(۱۷) یٰسین	(۱۸) رحمۃ
(۱۹) نعمت	(۲۰) طٰہٰ	(۲۱) نور	(۲۲) حق	(۲۳) سراج منیر	(۲۴) شہید
(۲۵) داعی الی اللہ	(۲۶) خاتم النبیین	(۲۷) نبی	(۲۸) رسول	(۲۹) عبدہ	

نقشہ

نام یا صفت	نام سورۃ	آیات
(۱) محمد	آل عمران	۱۴۴
	احزاب	۴۰
	محمد	۱
	الفتح	۲۹
(۴) شاھد	احزاب	۴۶
	مزمل	۱۵
(۶) بشیر	اعراف	۱۸۸
	ھود	۲
	سبا	۲۸
	فاطر	۲۴
(۸) مذکر	الغاشیہ	۲۱
(۹) سراج منیر	فاطر	۴۶
(۱۰) داعی الی اللہ	فاطر	۴۶
(۱۱) حق	یونس	۱۰۸

نام یا صفت	نام سورۃ	آیات
(۲) احمد	صف	۶
	حدید	۹
(۳) عبداللہ	جن	۱۹
	کہف	۱
	الفتح	۹
(۵) مبشر	احزاب	۴۶
	الفتح	۹
	فرقان	۵۶
	نساء	۱۹
(۷) نذیر	بقرہ	۱۱۹
	عنکبوت	۵۰
	نساء	۱۹
	اعراف	۱۸۸
	ھود	۲

نام	سورت	آیات
(۱۲) عزیز	توبہ	۱۲۸
(۱۳) رؤف	توبہ	۱۲۸
(۱۴) رحیم	توبہ	۱۲۸
(۱۵) امین	دخان	۱۹
(۱۶) نور	مائدہ	۱۵
(۱۷) نعمۃ	بقرہ	۲۳۱
	نمل	۸۱
(۱۸) ھادی	روم	۵۳
(۱۹) رحمۃ	انبیاء	۱۱۷
(۲۰) طٰہٰ	طٰہٰ	۱
(۲۲) مزمل	مزمل	۱
(۲۴) منذر	نمل	۹۲
(۲۶) نبی	آل عمران	۱۶۱
	اعراف	۱۵۷،۱۵۶
	مائدہ	۸۱
	انفال	۶۴،۶۵،۶۷،۷۰
	براۃ	۶۱،۷۳،۱۱۳
	حجرات	۲
	احزاب	۱،۲۸،۳۲،۳۸،۴۶
	فاطر	۵۰،۵۲
	تحریم	۱،۳،۸،۹
	طلاق	۱
	ممتحنہ	۱۲
	حجر	۸۹
	فاطر	۲۳،۲۴،۲۷،۴۲،۴۶
	الفتح	۹
	الذاریات	۵۰_۵۱
	ملک	۸،۹،۱۷،۲۶
	فرقان	۵۶
	البقرہ	۱۱۹
	سبا	۲۸،۴۶
	صٓ	۷
	احقاف	۵
(۲۱) یٰسٓ	یٰسین	۱
(۲۳) مدثر	مدثر	۱
(۲۵) خاتم النبیین	احزاب	۴۰
(۲۷) رسول	بقرہ	۱۴۶،۲۵۰
	آل عمران	۲۳،۸۱،۸۲،۱۰۱،۱۳۲
		۱۵۳،۱۷۲،۱۷۹،۱۸۳
	نساء	۱۴،۵۲،۶۱،۶۴،۶۹،۷۹
		۸۰،۱۰۰،۱۱۵،۱۶۲،۱۷۰
	مائدہ	۱۵،۳۲،۴۱،۵۵،۵۶،۶۷
		۸۲،۹۲،۹۹،۱۴۰
	اعراف	۱۵۷،۱۵۸
	انفال	۱،۱۲،۲۴
	توبہ	۱،۲،۷،۱۶،۲۴،۲۶،۲۹
		۳۳،۵۴،۵۹،۶۳،۶۵،۸۰
		۸۱،۸۴،۸۶،۸۸،۹۱،۹۴

(۲۷) رسول	نحل	۱۱۳
	اسراء	۹۳
	حج	۷۸
	مومن	۷۸
	زخرف	۲۹
	جمعہ	۲
	صف	۹،۱۱،۶۶
	حشر	۴،۶،۷،۸
	ممتحنہ	۱
	جن	۲۲،۲۸
	الحاقہ	۴۲
	نور	۴۷،۴۸،۵۱،۵۲،
		۵۴،۵۶،۶۲،۶۳
(۲۸) شہید	بقرہ	۱۴۳
	نساء	۴۱
	نحل	۸۹
	حج	۷۸
	فرقان	۷،۲۷،۳۰،۴۱
	طلاق	۱۱

		۹۷،۹۹،۱۰۵،۱۰۷،۱۲۸
(۲۷) رسول	عنکبوت	۱۸
	حجرات	۱،۳،۸،۱۴،۱۵
	الفتح	۹،۱۲،۱۳،۱۷،۲۶،۲۷
		۲۸،۹۶
	احزاب	۶،۲۱،۲۹،۳۱،۳۳،۳۶،۴۰
	فاطر	۵۲،۵۷،۷۱
	دخان	۱۴،۱۹
	حدید	۷،۸،۲۹
	مجادلہ	۵،۸،۹،۱۲،۱۳،۲۰،۲۲
	محمد	۳۲،۳۳
	منفقون	۱،۷،۸
	تغابن	۸،۱۲

(۲۹) عبدہ	الفرقان	۱
	اسراء	۱

قرآن عزیز اور صحیح احادیث میں نبی اکرم ﷺ کے جن اسماء وصفات کا ذکر ہے علماء اسلام نے اس پر مستقل تصانیف کی ہیں اور ابن دحیہ پہلے بزرگ ہیں جنھوں نے اس پر قلم اٹھایا۔ ان کے علاوہ ابن کثیر، بیہقی، ابن عساکر (رحمہ اللہ) جیسے محدثین نے ان تمام احادیث وآثار کو یکجا جمع کر دیا ہے جن میں آپ ﷺ کے اسمائے صفات اور القاب مذکور ہیں، مشہور محدث ابوبکر بن عربی نے شرح ترمذی میں ان کی شمار چونسٹھ کرائی ہے بعض نے ننانوے بعض نے تین سو اور بعض اہل علم نے ان کو ایک ہزار تک پہنچایا[1] ہے۔ مگر یہ کثرت تعداد اس لیے صحیح نہیں ہے کہ اس شمار میں ان تمام انتسابات کو بھی شامل کر لیا گیا ہے جو کسی مناسبت حال سے آپ ﷺ

[1] فتح الباری ج ٦ ص ۴۳۵

کی جانب منسوب ہیں اگرچہ بحیثیت اسماء صفات یا القاب کے ان کا اطلاق ذات اقدس پر صحیح نہیں ہوسکتا مثلاً آپ ﷺ نے انبیاء علیہم السلام اور اپنے درمیان صفت نبوت کے تعلق کو ظاہر اور ختم نبوت کو واضح کرنے کے لیے خود کو قصر نبوت کی آخری لبنہ (اینٹ) فرمایا ہے تو جن بزرگوں کو آپ ﷺ کے اسماء وصفات کی کثرت سے شغف تھا انہوں نے صفات النبی میں "اللبنہ" کو بھی شمار کرلیا۔ [1]

بخاری کی ایک مرفوع حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میرے پانچ نام ہیں: محمد ہوں، احمد ہوں، ماحی ہوں یعنی کفر وشرک کو مٹانے والا ہوں، حاشر ہوں۔ اس لیے کہ قیامت کے دن تمام کائنات سے پہلے میں حضرت حق کی بارگاہ میں حاضر ہوں گا۔ اور عاقب ہوں (بقول زہری آخری پیغمبر ہوں) حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: پانچ کا یہ عدد حصر کے لیے نہیں ہے بلکہ اس جگہ ان اسماء وصفات کا ذکر ہے جو کتب سابقہ اور امم واقوام ماضیہ میں آپ ﷺ سے متعلق مشہور ومعروف اور بشارات وپیشین گوئیوں میں مسطور تھے۔ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ باتفاق علماء اسلام قرآن میں آپ ﷺ کے جو اسماء وصفات مذکور ہیں وہ یہ ہیں:

الشاهد، البشير، النذير، المبين، الداعي الى الله، السراج المنير، المذكر، الرحمة، النعمة، الهادي، الشهيد، الامين، المزمل، المدثر۔ لیکن ہماری فہرست کے مقابلہ میں یہ فہرست ناقص ہے جن اسماء وصفات کا ذکر نقشہ میں ہے وہ بھی جمہور کے نزدیک مسلم، حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ احادیث میں مذکور اسماء وصفات میں سے حسب ذیل صفات بہت مشہور ومعروف ہیں: المتوكل، المختار، المصطفى، الشفيع المشفع، الصادق المصدوق۔

بہرحال محمد اور احمد ﷺ دو اسماء اعلام (نام ہیں) اور باقی اسماء صفات والقاب ہیں اور قرآن میں آپ ﷺ کے نام پاک کے انتساب سے ایک سورت کا نام سورۂ محمد ہے جس کے شروع میں ہی آپ ﷺ کا اسم گرامی مذکور ہے:

﴿وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ﴾ (محمد:۲)

اور صرف ایک جگہ سورۂ صف میں احمد منقول ہے یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کی اس بشارت کے تذکرہ میں یہ نام آیا ہے جو آپ ﷺ کی آمد سے متعلق انہوں نے بنی اسرائیل کو سنائی تھی:

﴿وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ﴾

یہ حقیقت بھی قابل فراموش نہیں ہے کہ آپ ﷺ کے اسماء وصفات محض رسمی نہیں ہیں کہ والدین نے جو چاہا نام رکھ دیا اور احباب واصحاب نے جس صفت ولقب سے جی چاہا پکار لیا بلکہ ان اسماء صفات کا آپ ﷺ کی زندگی اور آپ ﷺ کے اخلاق و اعمال کے ساتھ بہت گہرا تعلق ہے جیسا کہ ابھی ماحی، حاشر اور عاقب کے متعلق خود زبان وحی ترجمان سے سن چکے ہو یا مثلاً محمد اس ہستی کو کہتے ہیں جس کے تذکرے ہمیشہ خوبی اور نیک گوئی کے ساتھ ہوتے ہوں، یہ انبیاء سابقین علیہم السلام کی بشارات اور مستقبل میں تذکرہائے حیات کی جانب اشارہ ہے اور احمد اس ذات پر اطلاق ہوتا ہے جو سب سے زیادہ حمد الٰہی کے لیے نغمہ سنج ہو یہ ذات اقدس کی عبدیت کاملہ اور انسان کامل ہونے کو ظاہر کرتا ہے بلاشبہ آپ ﷺ خدا پرست انسانوں کے لیے مبشر وبشیر اور فتنہ جو مفسدوں، کافروں اور مشرکوں کے لیے منذر ونذیر ہیں، روز قیامت، صادق وکاذب دونوں پر شاہد وشہید ہیں، چشم حق بین اور گوش حق نیوش کے

[1] فتح الباری ج ۶ ص ۴۳۶

لیے مذکر (ناصح) ہیں، راہ حق سے بھٹکے ہوؤں کے لیے ہادی اور خدا سے بھاگے ہوؤں کے لیے داعی ہیں ان کا وجود رحمۃ ہے کائنات عالم کے لیے اور ان کی ہستی نظام کائنات کے لیے نعمت ہے، جہل وشرک کے لیے نور ہیں اور پیغام الٰہی کے لیے نبی ورسول، مصائب وآلام میں عزیز ہیں اور نوع انسانی کے ہر ایک گوشۂ حیات کے لیے رؤف ورحیم، ان کی صدا، صدائے حق ہے اور ان کی ذات الصادق الامین، قرآن خدا کا آخری پیغام ہے اس لیے وہ خاتم النبیین ہیں، ان کی بعثت عالمگیر ہے اس لیے طٰہٰ ویٰسین ہیں اور آسمان نبوت کے سراج منیر ہیں اور کائنات ورسالت کے بشیر ونذیر، عالم ادیان وملل کی سلطانی کے باوجود گدائے کملی پوش ہیں اس لیے مزمل ہیں اور مدثر، پھر باایں ہمہ حسن وکمال ﴿اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ﴾ اور ﴿لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ﴾ کے مصداق ہیں اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلَيْهِ۔ خدا پر توکل اس کا شعار ہے اس لیے متوکل اس کا وصف عالی وقار ہے اور وہ خدائے برحق کا برگزیدہ ومختار ہے بارگاہ الٰہی میں ابرار ومقربین سے بھی زیادہ مصطفیٰ، مجتبیٰ نیکوکار وصالحین کے لیے الشفیع المشفع اور ہر ایک شعبہ ہائے حیات میں الصادق المصدوق ہے۔ (ﷺ)

ہم جانتے ہیں کہ اظہار مقصد کے لیے یہ اشارات کافی نہیں ہیں بلکہ اپنے معنوی مناسبات کے لحاظ سے ہر ایک وصف ونام قرآن سے شہادت کا طالب ہے اور قرآن کی شہادت بلاشبہ ہر ایک گوشہ کی تفصیل کے لیے شاہد عدل لیکن افسوس کہ کتاب کا موجودہ ترتیبی نقشہ اس کا متحمل نہیں ہے اس لیے صرف آیات کے حوالجات اور ارشادات پر ہی اکتفا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

بشارات النبی ﷺ:

﴿وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝﴾ (آل عمران: ۸۱)

"اور (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ نے پیغمبروں سے عہد کیا کہ میں تم کو جو کچھ کتاب اور حکمت عطاء کروں اور پھر تمہارے پاس وہ پیغمبر آئے جو ان کتابوں کی تصدیق کرتا ہو جو تمہارے پاس ہیں تم ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور اس کی مدد کرنا (پھر) اللہ نے فرمایا کیا تم اس عہد کا اقرار کرتے ہو اور اس کو میرا اہم عہد سمجھ کر قبول کرتے ہو تو انہوں نے کہا بیشک ہم اقرار کرتے ہیں اللہ نے فرمایا اب تم اس عہد پر گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ بنتا ہوں۔"

حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس آیت "میثاق" میں اس عہد ومیثاق کا تذکرہ ہے جو ازل میں تمام انبیاء ورسل علیہم السلام سے خاتم الانبیاء ﷺ کے متعلق لیا گیا، خطاب اگرچہ براہ راست انبیاء علیہم السلام سے ہے مگر مقصود ومراد میں ان کی امتیں بھی شامل ہیں کیونکہ عمومی طور پر ان ہی کے ذریعہ وفاء عہد کا مظاہرہ ہونے والا تھا۔

اس عہد میثاق کو اس درجہ اہمیت کیوں حاصل ہے؟ یہ بات کچھ تمہید کی محتاج ہے مادیات وروحانیت پر فاعل مختار ایک ہی ہستی ہے اور وہ خدا ہے مگر مادیات میں خدائے برتر کے جاری قانون فطرت کا ہم شب وروز مشاہدہ کرتے رہتے ہیں اور وہ ہم کو محسوس نظر آتا ہے اس کے برعکس عالم روحانیات حواس خمسہ سے بلند احساسات تعقل وتفکر کا محتاج ہے یہاں وجدان وشعور جب عقل وفکر کو رہنما بناتے اور دونوں راہنما ریب وشک اور اوہام وظنون سے محفوظ "سلیم" بن کر رہنمائی کا حق ادا کرتے ہیں تو انسان کے سامنے روز

روشن کی طرح یہ حقیقت چمک اٹھتی ہے کہ خدائے واحد کی احدیت و یکتائی عالم مادیات اور روحانیت میں ایک ہی قسم کے قانون فطرت کو نافذ رکھتی ہے۔

اب ذرا دیدۂ عبرت کو وا کیجئے اور کائنات ہست و بود پر نظر ڈالیے تو یہ حقیقت ہر جگہ ابھری ہوئی ملے گی کہ ذات واحد کے ماسواء یہاں کائنات کی ہر ایک شے کے لیے دو ہی سرحدیں مقرر ہیں آغاز و انجام اور درمیان کی تمام کڑیاں نشوو ارتقاء کے لیے وقف ہیں ہر ایک چیز شروع ہوتی اور درمیانی دور میں ترقی پذیر رہتی اور پھر حد کمال کو پہنچ کر اپنی ضرورت کو پورا کر دیتی ہے اس کو انجام اور شروع کو آغاز کہتے ہیں۔

روحانیات میں بھی یہی سلسلہ جاری ہے نسل انسانی کا جب آدم علیہ السلام سے آغاز ہوا تو مادی وجود کے ساتھ خدا کی معرفت یعنی خدا پرستی کی امانت کو بھی ساتھ لایا وہ اگر ایک جانب نسل انسانی کے مادی باپ تھے تو دوسری جانب خدا کی بخشی ہوئی ہدایت وصداقت کے لیے "نبی" اور "ایلچی" بھی تھے اور جب کہ خدا کی ہستی ایک اور اس کی بنیادی صداقت و ہدایت کا پیغام بھی ایک ہے تو ضروری ہوا کہ نوع انسانی کی رشد و ہدایت اور خدا پرستی کی بنیادی تعلیم کا سلسلہ بھی ایک ہی لڑی میں پرو یا جائے اور آغاز سے انجام تک اس سلسلہ کی تمام کڑیاں ایک دوسرے سے اس طرح وابستہ ہوں کہ ان میں سے کسی ایک کی بھی تکذیب گویا پورے سلسلۂ روحانیت کی تکذیب کے مرادف ہو۔ چنانچہ اس حقیقت کو قرآن نے اس طرح ظاہر کیا ہے:

﴿لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهِ﴾ (البقرہ: ۲۸۵)

"ہم ایمان وتصدیق میں خدا کے کسی ایک پیغمبر کے درمیان بھی تفریق جائز نہیں رکھتے۔"

اور اسی کو زبان وحی ترجمان نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

((نحن بنو علات دیننا واحد)).

"ہم تمام انبیاء ورسل کی تعلیمات اصل و بنیاد میں اسی طرح ایک ہیں جیسا کہ علاتی بھائی کہ ان سب کا باپ ایک ہی ہے۔"

پھر اس سلسلۂ روحانیت کی اگر چہ تمام کڑیاں ایک دوسرے سے وابستہ و پیوستہ ہیں۔ مگر آغاز اور نشوونما اور دور کمال و انجام کے پیش نظر اسی طرح باہم فرق مراتب رکھتی ہیں جس کا مظاہرہ ہم کو عالم مادیات کے مختلف سلسلوں میں نظر آتا ہے اور جس کو ہم فطری (Natural) کہتے ہیں اور ان درجات و مراتب میں بھی درجہ کمال کو جس سے کہ انجام کی سرحد ملتی ہے سب سے زیادہ رفعت و بلندی حاصل ہوتی ہے کیونکہ وہی اس سلسلہ کا محور و مرکز (Center) اور قطب رحی (چکی کی کیلی) ہوتا اور وابستہ و پیوستہ کی منزل مقصود سمجھا جاتا ہے۔

چنانچہ کائنات کی ہر شے کی طرح خود عالم انسانی نے بھی اس ربع مسکوں پر عہد طفولیت گزارا ہے، اس وقت دنیائے انسانی ایک چھوٹے سے کنبے کی طرح آباد تھی اور نسل انسانی کا باپ ہی روحانی طبیب بھی تھا لیکن جب سلسلۂ بود و ماند آہستہ آہستہ خاندانوں، برادریوں قبیلوں سے آگے بڑھ کر قوموں اور جغرافیائی نسلوں میں تقسیم ہونے لگا اور وحدت نے کثرت کی ہی شکل نہیں اختیار کر لی بلکہ کثرت میں بھی تنوع پیدا ہونے لگا تو ان مادی نشوونما اور ترقیوں کے ساتھ ساتھ روحانی رشد و ہدایت نے بھی نقطۂ

وحدت پر قائم رہتے ہوئے تنوع اور کثرت کی شکل اختیار کر لی یعنی ہر ایک قوم و ملک میں جدا جدا ہادی و رہنما اور پیغمبر مبعوث ہونے لگے بلکہ بعض حالات میں ایک قوم میں بیک وقت متعدد نبیوں نے دعوت حق میں ایک دوسرے کی اعانت کا فرض انجام دیا۔ اگرچہ ان کی دعوتوں کی بنیاد سرتاسر ایک ہی "اصل و بنیاد" پر قائم تھی۔

﴿ كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ وَ اَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَ مَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ وَ اللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝﴾ (البقرہ: ۲۱۳)

"ابتداء میں ایسا تھا کہ لوگ الگ الگ گروہوں میں بٹے ہوئے نہیں تھے ایک ہی قوم و جماعت تھے (پھر ایسا ہوا کہ باہم دگر مختلف ہو گئے اور الگ الگ ٹولیاں بن گئیں) پس اللہ نے (یکے بعد دیگر) نبیوں کو مبعوث کیا وہ (ایمان و عمل کی برکتوں کی) بشارت دیتے اور (انکار و بدعملی کے نتائج سے) ڈراتے تھے۔ نیز ان کے ساتھ کتاب الٰہی نازل کی گئی تاکہ جن باتوں میں لوگ اختلاف کرنے لگے تھے ان میں وہ فیصلہ کر دینے والی ہو (اور تمام لوگوں کو راہ حق پر متحد کر دے) جو لوگ باہم دگر مختلف ہوئے تو اس لیے نہیں ہوئے کہ ہدایت سے محروم اور حقیقت سے بے خبر تھے، نہیں وحی الٰہی کے واضح احکام ان کے سامنے تھے مگر پھر بھی محض آپس کی ضد اور مخالفت سے اختلاف کرنے لگے تھے بالآخر اللہ نے ایمان والوں کو (دین کی) وہ حقیقت دکھا دی جس میں لوگ مختلف ہو رہے تھے۔ اور اللہ جسے چاہتا ہے دین کی سیدھی راہ دکھلا دیتا ہے۔"

﴿ وَ مَا كَانَ النَّاسُ اِلَّاۤ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا وَ لَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝﴾ (یونس: ۱۹)

"اور (ابتداء میں) انسانوں کی ایک ہی امت تھی پھر الگ الگ ہو گئے اور اگر تمہارے پروردگار کی جانب سے پہلے سے ایک بات نہ ٹھہرا دی گئی ہوتی تو جن باتوں میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں ان کا فیصلہ کبھی کا ہو چکا ہوتا۔"

لیکن خدائے واحد کی جانب سے رشد و ہدایت کا یہ سلسلہ اگرچہ وقتی تقاضا کے پیش نظر ہزاروں برس تک قوموں اور ملکوں میں تنوع اختیار کیے رہا۔ تاہم وہ اپنے مقصد وحدت کو فراموش نہ کر سکا اور بنیادی وحدت کے ساتھ اس عارضی کثرت کو بھی ایک ہی نقطۂ وحدت پر لانے کے لیے اس وقت تک برابر حرکت کرتا رہا جب تک کہ اپنے مرکز وحدت اور مقصد کمال کو نہ پا سکا۔

یعنی خدا کی صداقت کا پیغام اگرچہ جدا جدا قوموں اور ملکوں میں نبیوں اور پیغمبروں کی زبانی پہنچایا جاتا رہا اور گو ان تمام پیغامات میں فروعی اور وقتی تنوع سے قطع نظر اساسی اور بنیادی وحدت قائم رہی مگر خدا کی وحدانیت اور اس کے پیغام کی اساسی وحدت کا تقاضہ یہی تھا کہ یہ مختلف دعوتیں اور پیغامات سمٹ کر ایک ایسے نقطہ اور مرکز پر آ جائیں کہ وہ تمام کائنات کے لیے بیک وقت اور رہتی دنیا تک ایک ہی پیغام بن کر اپنی نمود دکھلائے اور ایک ایسا پیغمبر مبعوث ہو جس کی بعثت، بعثت عام ہو اور جس کی دعوت، عالمگیر

دعوت ہوتا کہ پھر اس تنوع اور کثرت کی ضرورت باقی نہ رہے۔

عالم روحانیات کی اپنی "مثل اعلیٰ" یا اپنے محورِ و مرکز کی جانب یہ حرکت جب کہ عالم مادیات کے نشوو ارتقاء کے متناسب حالات سے وابستہ تھی اور خالق کائنات کا قانون فطرت جب کہ دونوں سمتوں میں ایک ہی اصل پر کارفرما ہے تو یہ بھی از بس ضروری ہوا کہ روحانیت کے کمال و ارتقاء کا یہ دور مادی عالم کے ایسے دور کے ساتھ رونما ہو کہ کائنات انسانی کے ارتقاء دماغی وعقل کی استعدادات اپنے رشد و کمال کے ایسے نقطہ پر پہنچ جائیں کہ حجاب مستقبل میں مستور تمام ترقیاں اسی ارتقاء کا نتیجہ کہلائیں اور گو اس سلسلہ میں ایک مدت کیوں نہ ہو جائے مگر کائنات ارضی کا یہ پورا مادی کارخانہ اسباب مادی کی بناء پر ایک کنبہ اور ایک خاندان بن کر رہ جائے اور ملکوں اور قوموں کی بہتات و کثرت کے باوجود کسی ایک گوشہ کے حرکت و سکون کے اثر سے تمام کائنات متاثر ہونے پر مجبور ہو جائے تاکہ اس وقت عالم روحانیات کا آخری نقطۂ ارتقاء کائنات انسانی کے عقل و دماغ کو اپنی دعوت کی یکتائی و وحدت سے متاثر کر سکے اور دنیا دانستہ یا نادانستہ اسی کے بتلائے ہوئے سوسائٹی کے نظام کو آہستہ آہستہ اپنا کر عملاً خدا کا ایک کنبہ بن جائے اور مساوات عالم اور اخوت ہمہ گیر کا مظاہرہ کر دکھائے اور نتیجہ یہ نکلے کہ دین حق صرف تعلیم قرآن ہی میں منحصر ہو کر رہ جائے۔

تاریخ اقوام و ملل شاہد ہے کہ قرآن کی دعوت و اصلاح کی صدائے حق نے جب چھٹی صدی عیسوی میں دنیا کو پکارا ہے اس وقت دنیا کے تمام مذاہب و ادیان خود اصحاب مذاہب کے تاریخی اقوال کے مطابق اپنی حقیقی روشنی کو یکسر فراموش کر چکے تھے [1] اور دنیا کے ہر گوشے اور ہر سمت میں مذہب و دھرم اور نظام سوسائٹی تنگی و تاریکی اختیار کر چکا تھا اس وقت قرآن کی آواز پہلی آواز تھی جس نے دنیا کے مذاہب اور ان کی سوسائٹی کے ابتر نظام میں نیا انقلاب پیدا کر دیا اور اقوام و امم نے بہ عجلت یا بہ دیر، اعتراف و اقرار کے ساتھ یا حاسدانہ انکار کے ساتھ مذہب اور سوسائٹی دونوں میں اسی کی اصطلاحات کو اپنایا اور قبول اصلاحات کے بغیر آنے والی دنیا میں اپنے وجود کو قائم نہ رکھ سکے۔

توحید کامل اور خالص خدا پرستی، نسل و خاندان یا کفارہ کی جگہ خدا پرستی اور نیک عملی پر مدار نجات، نسلی غرور و تفاخر کا انہدام، کاسٹ سسٹم کا خاتمہ، حقوق انسانیت میں تمام افراد انسانی کی مساوات، اخوت عام کی داغ بیل، رواجی غلامی کے خلاف اصلاح و انقلاب کی تشکیل، عورتوں کے لیے حقوق انسانیت میں مساوات کا اعلان اور حقوق صنفی میں امتیازی احکامات، انقلاب و اصلاح، وراثت، ازدواجی زندگی میں ظالمانہ رواج کا خاتمہ اور جدید مفید اصلاحات (خلع و طلاق وغیرہ) زکوٰۃ کے وجوب، سود و قمار کی حرمت اور دوسری اصلاحات کے ذریعہ اقتصادی نظام میں بنیادی انقلاب، انفرادی اور اجتماعی ملکیت کی تسلیم اور دونوں کے مابین تجدیدی اعتدال کا اعلان سیاسی اور ملکی نظام میں بادشاہت شخصی اور پارٹی اقتدار کے خاتمہ کے ساتھ شوروی نظام کی تشکیل ایسے اہم امور ہیں کہ آج کی دنیا میں ہر ایک انصاف پسند عاقل کے نزدیک ان کی صداقت و افادیت تسلیم ہے اور اگر یہ صحیح ہے تو بلاشبہ یورپ و ایشیا میں افریقہ و امریکہ میں سوسائٹی کے نظام اور مذہب و دھرم کی اصلاح کے نام سے جو صدائیں بھی اس تعلیم اور اعلان حق کے بعد اٹھیں اگر بغیر کسی تعصب کے تاریخی انقلابات پر غور کیجیے گا تو ان میں بالواسطہ یا بلاواسطہ اسی صدا کی بازگشت پائیں گے جو چھٹی صدی عیسوی میں فاران کی چوٹی سے بلند ہوئی اور جس نے ﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ﴾ کو تاریخ عالم میں سچ کر دکھایا۔

---

[1] اس سلسلہ کے حوالجات آئندہ تعلیم الاسلام اور مسئلہ خاتم النبیین کے مبحث میں ذکر ہوں گے۔

تاریخی حقائق کی اس روشنی میں اب پھر ہم کو گذشتہ مضمون کی جانب واپس جانا چاہیے کہ جبکہ مادی استعدادات نشوونما پا رہے تھے اور چند صدیوں بعد جو قوموں کے انقلابات و اصلاحات کے لیے چند برسوں سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتیں، مادی اسباب کی بدولت یہ سارا کارخانہ عالم ایک کنبہ بن جانے والا تھا۔ اس وقت ازبس ضروری ہوا کہ "وحدت مذہب" کی روحانی صدا بلند ہو اور اس کی صدائے حق کسی خاص قوم اور ملک کی بجائے کائنات کے ہر گوشہ کے لیے یکساں حیثیت رکھے۔

پس منشائے تقدیر الٰہی یہ ہوا کہ ایسے پیغام اور پیغامبر کی نصرت وحمایت کے لیے ازل ہی میں انبیاء ورسل سے عہد و میثاق لیا جائے اور ان کو مطلع کیا جائے کہ جب وہ پیغام کامل اور "آخری صدائے حق" بلند ہو جس کا تعلق رہتی دنیا تک تمام کائنات ارضی کے ساتھ یکساں طور پر وابستہ ہے تو وہ اور ان کی امتیں اس کو قبول کریں اور اس کی مدد فرض سمجھیں کیونکہ کائنات روحانی کا یہی مرکز وحدت اور نقطہ مثل اعلیٰ ہے۔ چنانچہ یہی وہ عہد میثاق ہے جس کو تمام امتوں نے اپنے اپنے دور میں اپنے پیغمبروں اور نبیوں کی معرفت "بشارات" کی شکل میں سنا اور آج بھی دنیا کے تمام مذاہب و ادیان میں خواہ وہ امتداد زمانہ کی بناء پر شرک کی آلودگیوں سے قطعاً منحرف ہو چکے ہوں یا ان میں تحریف وصداقت کا امتزاج قریبی دور سے وابستہ ہو۔ اوتار یا نبی مرسل کی معرفت کے ساتھ ایک "منتظر ہستی" کا مشترک عقیدہ پایا جاتا ہے۔ "یہود مسیح" کے علاوہ بھی "ایلیا" یا وہ نبی کہہ کر اس کی آمد کے منتظر ہیں، نصاریٰ بھی ہر قسم کی تحریف کے باوجود مسیح کے بعد فارقلیط (پیراکلیوطاس) بمعنی (احمد) یا "روح حق" یا "ناصر" وغیرہ صفات کے تعارف سے اسی کے انتظار میں ہیں۔ مجوس آج تک ایک "نجات دہندہ" کا انتظار کر رہے ہیں اور ویدک دھرم (سناتن دھرم) ہندوؤں میں بھی ایک "اوتار" کا انتظار ہو رہا ہے اور آج عقلیت کے نام پر اس "ہستی منتظر" کے عقیدہ کو کتنا ہی مضحکہ خیز سمجھا جائے اور خود مذہبی افراد اپنے اپنے مذہب کے اس عقیدہ کو کیسا ہی غیر معقول کیوں نہ ٹھہرائیں لیکن ان کے پاس اس کا جواب کچھ نہیں ہے کہ مذاہب وادیان کے موجودہ اختلافات کے باوجود چھوٹے سے ناستک گروہ کو چھوڑ کر ہزارہا برس کائنات انسانی میں اس عقیدہ کا کسی نہ کسی شکل میں مشترک عقیدہ بنا رہنا اس کے "حقیقت" ہونے کی ناقابل انکار دلیل ہے۔ البتہ یہ بات جدا ہے کہ جس طرح یہود نے از راہ حسد "مسیح ہدایت کے انتظار کے باوجود" حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قبول نہ کیا اسی طرح مذاہب عالم کی اقلیت کو چھوڑ کر جو کہ حلقہ بگوش اسلام ہو گئی ان کی اکثریت نے محمد ﷺ کو قومی وملکی عصبیت اور گروہ بندی کی بندشوں کی وجہ سے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا یا ان کی دعوت حق کو عرب کے لیے محدود قرار دے کر خود کو اس سے علیحدہ کر لیا۔

بہرحال ہندوستان کا قدیم مذہب چونکہ حقیقت مذہب کو فراموش کر چکا اور اس کی موجودہ شکل نے کسی طرح قدیم شکل و صورت کو بدل کر نیا رخ اختیار کر لیا اور اس کی تاریخ خود اس کے اپنے پاس بھی نہیں ہے اور اب اس کی تمام بنیاد صرف آبائی رسوم پر یا چند مخصوص فلسفیانہ عقائد پر قائم ہے اس لیے ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہ "منتظر ہستی" کے متعلق جو روایات رکھتے ہیں ان کی اصل حقیقت کیا تھی اور یہی حال بدھسٹ کا بھی ہے اس لیے ہم ابوریحان بیرونی اور بعض دیگر مفسروں اور مؤرخوں کے ان بیانات سے قطع نظر کرتے ہیں جو انہوں نے ہندوؤں کے عقیدہ "کلنکی اوتار" کے "شنبل" میں نزول کو محمد ﷺ پر منطبق کرنے کی سعی کی ہے۔

اور یہاں صرف یہود ونصاریٰ پر نازل کتب سماویہ تورات، زبور اور انجیل سے ہی ان بشارات کو پیش کر دینا مناسب سمجھتے ہیں جن میں تحریف کے باوجود اب بھی اصل کتاب کی چمک باقی ہے اور علمائے یہود ونصاریٰ کے پاس انطباق کے انکار کی موجہ دلیل

موجود نہیں ہے، چنانچہ حضرت مولانا رحمت اللہ (نور اللہ مرقدہ) کی میزان الحق اور حافظ ابن قیم کی ہدایۃ الحیاری اور باجہ جی زادہ کی الفارق وغیرہ کتب سے اور ان مناظرات مطبوعہ سے ظاہر ہوتا ہے جو علماء نصاریٰ اور علماء اسلام کے درمیان ان بشارات سے متعلق پیش آئے ہیں اور جن کے متعلق بعض علماء نصاریٰ کو اقرار و اعتراف کے ماسوا کوئی چارۂ کار نظر نہیں آتا۔

تورات اور بشارات:

تورات کتاب استثناء میں ہے:

خداوند تیرا خدا تیرے لیے تیرے ہی درمیان سے تیرے ہی بھائیوں میں سے تیری مانند ایک نبی برپا کرے گا، تم اس کی طرف کان دھریو، اس سب کی مانند جو تو نے خداوند اپنے خدا سے حوب میں مجمع کے دن مانگا اور کہا کہ ایسا نہ ہو کہ میں خداوند اپنے خدا کی پھر سنوں اور ایسی شدت کی آگ پھر دیکھوں تا کہ میں مر نہ جاؤں اور خداوند نے مجھے کہا کہ انہوں نے (بنی اسرائیل نے) جو کچھ کہا سو اچھا کیا۔ "میں ان کے لیے ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اسے فرماؤں گا وہ سب ان سے کہے گا۔" اور ایسا ہوگا کہ جو کوئی میری باتوں کو کہ جنھیں وہ میرا نام لے کر کہے گا نہ سنے گا تو میں اس کا حساب اس سے لوں گا لیکن وہ بھی اگر ایسی گستاخی کرے کہ کوئی بات میرے نام سے کہے جس کے کہنے کا میں نے اسے حکم نہیں دیا اور معبودوں کے نام سے کہے تو وہ نبی قتل کیا جائے۔ [1]

نشان زدہ جملوں کو غور سے پڑھئے اور پھر ہر ایک جملہ کی حقیقت کو تاریخی روشنی میں دیکھئے تو تاریخ کا بے لاگ فیصلہ ایک اور صرف ایک ہی ہوگا اور وہ یہ کہ اس بشارت کا مصداق ذات اقدس محمد ﷺ کے ماسوا دوسری کوئی ہستی نہیں ہے۔

بشارت کا پہلا جملہ یہ ہے: "میں ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کروں گا۔" تاریخ کہتی ہے کہ بنی اسرائیل کے بھائیوں میں بنی اسمٰعیل کے علاوہ دوسرا کوئی نہیں جو اس کا مصداق بن سکے اور بنی اسمٰعیل میں محمد ﷺ کے ماسوا کوئی نبی ہی نہیں ہوا جو موسیٰ علیہ السلام کی مانند کہلایا جا سکے اور دوسرا جملہ ہے: "میں اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اس سے فرماؤں گا وہ سب ان سے کہے گا۔" اس جملہ کو ایک بار پھر غور سے پڑھئے اور اس کے بعد قرآن کی ان آیات کا مطالعہ کیجئے جن میں بعینہٖ یہی صفات نبی اکرم ﷺ کے لیے مذکور ہیں:

﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝﴾ (النجم: ۳۔۴)

"وہ (محمد ﷺ) اپنی خواہش سے کچھ نہیں کہتے وہ جو کچھ بھی کہتے ہیں خدا کی وحی سے کہتے ہیں جو ان پر وحی کی جاتی ہے۔"

﴿فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝﴾ (مریم: ۹۷)

"پس بے شبہ ہم نے اس (قرآن) کو تیری زبان پر آسان کر دیا تا کہ تو اس کے ذریعہ متقیوں کو بشارت دے اور کج راہوں کو (عذاب الٰہی سے) ڈرائے۔"

---

[1] باب ۱۸ آیت ۱۵۔۲۱

﴿ وَ اِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾ وَ اِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ ﴾ (الشعراء: ۱۹۲-۱۹۵)

"اور یقیناً یہ جہانوں کے پروردگار کا اتارا ہوا ہے اس کو روح الامین (جبرئیل) نے تیرے قلب پر اتارا تاکہ تو گمراہوں کو (اعمال بد کے نتائج سے) ڈرانے والوں میں سے ہو یہ ہے صاف عربی زبان میں اور اس کا ذکر پہلی کتابوں میں موجود ہے۔"

بشارات کے جملوں اور قرآن کی ان آیات کے اسلوب بیان کا مطالعہ کرنے کے بعد کون انکار کرسکتا ہے کہ یہ دونوں کسی ایک ہی ہستی کی صفات کا ذکر ہے اب تیسرے جملہ کو پڑھیے: "جو کوئی میری باتوں کو جنھیں وہ میرا نام لے کر کہے گا نہ سنے گا تو میں اس کا حساب اس سے لوں گا۔" اور ساتھ ہی ان آیات قرآنی کا مطالعہ کیجیے:

﴿ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّ جِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ عَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَ لَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ ﴾ (النساء: ۴۱-۴۲)

"اور پھر (اے پیغمبر!) کیا حال ہوگا اس دن (قیامت کے دن) جب کہ ہم ہر ایک امت میں سے ان پر ایک گواہ طلب کریں گے، اور ہم تم کو ان سب پر گواہ بنائیں گے سو جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی اور الرسول (محمد ﷺ) کی نافرمانی کی وہ اس دن یہ پسند کریں گے کاش کہ (وہ دھنس جائیں اور) زمین ان کے اوپر برابر ہو جائے اور اُس دن یہ اللہ سے کوئی بات بھی پوشیدہ نہ رکھ سکیں گے۔"

غور کیجیے کہ دونوں عبارتوں میں کس درجہ مطابقت ہے اور سب کے بعد اس فقرے کو بامعان نظر دیکھیے لیکن وہ نبی جو ایسی گستاخی کرے کہ کوئی بات میرے نام سے کہے جس کے کہنے کا میں نے حکم نہیں دیا اور معبودوں کے نام سے کہے تو وہ نبی قتل کیا جائے۔" اور پھر قرآن کی اس آیت کو بھی پڑھیے اور فرمائیے کہ کیا یہ دونوں مضامین ایک ہی حقیقت کے دو نقش نہیں ہیں؟

﴿ وَ لَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿۴۴﴾ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿۴۵﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ ﴾ (الحاقہ: ۴۴-۴۸)

"اور یہ پیغمبر بعض باتوں کو اپنی جانب سے گھڑ کر ہماری جانب منسوب کر دے تو بے شبہ ہم اس کا داہنا ہاتھ پکڑ لیں اور پھر اس کی گردن کی رگ کاٹ ڈالیں (قتل کر دیں) اور اس وقت تم میں سے کوئی بھی اس کو ہماری گرفت سے باز نہیں رکھ سکتا۔"

تورات کی پیش گوئی اور آیات قرآنی کے مسطورہ بالا تطابق کے بعد تحدی (چیلنج) کے ساتھ دعویٰ کیا جاسکتا ہے کہ بشارات میں ذکر کردہ مجموعہ صفات کا مصداق ذات اقدس ﷺ کے ماسوا کوئی دوسری ہستی تاریخی دنیا میں نہیں پائی جاتی یہ مجموعہ صفات نہ حضرت مسیح علیہ السلام پر صادق آتے ہیں نہ حضرت داؤد و سلیمان علیہما السلام پر اور نہ حضرت زکریا و یحییٰ علیہما السلام پر اور نہ دوسرے انبیاء بنی اسرائیل پر صادق ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب علماء یہود سے اس کے متعلق دریافت کیا جاتا ہے تو وہ ایک "منتظر ہستی" کے مزید انتظار کے ماسوا

دوسرا کوئی جواب نہیں رکھتے اور خاتم الانبیاء ﷺ کو اس کا مصداق نہ سمجھنے میں بے دلیل انکار اور خموشی کے علاوہ ان کے پاس اور کچھ نہیں ہے اسی طرح نصاریٰ بھی حضرت مسیح علیہ السلام کو اس بشارت کا مصداق ثابت کرنے میں مجموعہ صفات کے پیش نظر عاجز و درماندہ نظر آتے اور صاف اور واضح باتوں کو دور از کار تاویلات کا جامہ پہنا کر اعتراف حقیقت سے گریز کرنا چاہتے ہیں۔

اور تورات استثناء ہی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک نغمہ باب ۳۱ میں مذکور ہے جو انہوں نے موت سے چند لمحات قبل بحکم الٰہی بنی اسرائیل کو سنایا۔ اس میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ میدان تیہ میں اپنی قوم کو جمع کرو اور خدا کا یہ پیغام سناؤ کہ جب بنی اسرائیل خدا کے وعدے کے مطابق شہروں میں جا بسیں گے تو حکومت، تمول اور رفاہیت میں بدمست ہو کر خدا کی نافرمانیوں میں مبتلا ہو جائیں گے حتیٰ کہ بت پرستی سے بھی باز نہیں رہیں گے۔ پس جب ان کی حالت اس درجہ ابتر ہو جائے گی تو میں ان سے خفا ہو جاؤں گا اور ان سے اپنا منہ چھپا لوں گا اور اس کے بعد میری غیرت حق حرکت میں آئے گی اور میں بھی ان (بنی اسرائیل) کو ایک ایسی قوم کے ذریعہ خفا کر دوں گا اور ان سے اپنی نعمت (نبوت) چھین کر اس قوم کو بخش دوں گا جو ان پڑھ [1] اور تمدن سے دور، بے عقل، خانہ بدوش ہوگی جس کو تم اور دنیا کی قومیں "متمدن جماعت" نہ سمجھیں گی۔ اس کے بعد باب ۳۳ میں اس نغمہ کی تکمیل ان الفاظ کے ساتھ کی گئی ہے:

تم اس بشارت یا پیغمبرانہ پیشین گوئی کے لیے تاریخ ماضی پر نظر ڈالو اور دیکھو کہ بنی اسرائیل کی متمردانہ سرگرمیاں، باغیانہ اور سرکشانہ شرانگیزیاں جب حد سے زیادہ متجاوز ہوگئیں اور انہوں نے مسیح علیہ السلام ہدایت جیسی جلیل القدر ہستی کو بھی رد کر دیا اور حضرت یحییٰ علیہ السلام جیسے مقدس پیغمبر کو قتل کر ڈالا تو ان کی جگہ خدا نے کس قوم کو پسند کیا کس کو شرف رسالت سے نوازا اور کس نے ساری کائنات میں حیرت زا انقلاب بپا کر کے سچی خدا پرستی اور نیک عملی کا غلغلہ بلند کر دیا اور بنی اسرائیل نے کس کے عظمت و جلال کو دیکھ کر حاسدانہ اس کے روکنے کی سعی کی۔ کیا یہ عرب قوم نہیں تھی اور کیا یہ محمد ﷺ کی مقدس ہستی اور ان کی قوم نہ تھی جس پیغمبر نے دنیوی وسائل و اسباب کی نظر میں اُمی "ان پڑھ" ہونے کے باوجود متمدن قوموں کے ظالمانہ و جابرانہ تمدن کو فنا کے گھاٹ اتار کر اس عظیم الشان عادلانہ تمدن کی بنیاد ڈالی کہ ہر قسم کے اسباب و وسائل کے فقدان اور موانع کے باوجود جس کی عظمت و سرعت رفتار نے ماہرین فلسفہ تاریخ کو یہ کہنے پر مجبور کر دیا کہ اسلام کی دعوت و اصلاح اور انقلاب، دنیائے تاریخ کی مستثنیات میں سے ہے۔ یہی وہ اُمی اور گلہ بان قوم تھی جو ایک "اُمی" کی خدا پرستانہ تعلیمات سے تربیت پا کر چند ہی برسوں میں دنیا کی قوموں کی تربیت و اصلاح کے لیے "بہترین معلم" ثابت ہوئی اور اونٹوں اور بکریوں کے چرانے والے دیکھتے ہی دیکھتے انسانوں کے چرواہے بن گئے اور بنی اسرائیل کی ہمہ قسم کی حاسدانہ اور معاندانہ جدوجہد اس کی راہ ترقی میں پرکاہ کی برابر بھی سنگ راہ نہ بن سکی تو کیا تاریخ کے ان ابھرے ہوئے نقوش کے بعد بھی اس انکار کے لیے کوئی گنجائش رہ جاتی ہے کہ تورات کی اس پیشین گوئی کا مصداق محمد ﷺ اور بنی اسمٰعیل علیہ السلام کے

---

[1] کتاب مقدس کے قدیم نسخوں میں "ان پڑھ" کا لفظ تمام زبانوں میں موجود ہے مگر بعد کے ایڈیشنوں میں اس کی جگہ کہیں "بے عقل" اور کہیں اسی کے مترادف الفاظ پائے جاتے ہیں حاصل اگرچہ پھر بھی وہی رہتا ہے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ قرآن میں محمد ﷺ کی صفت اُمی اور آپ کی قوم کی "امیین" مذکور ہے جس کا لفظی ترجمہ "ان پڑھ قوم" ہوتا ہے اس لیے محض اس لئے کہ پیشین گوئی کا یہ صاف تطابق باقی نہ رہے قدیم لفظ کو بدل کر اس قسم کے الفاظ رکھے گئے۔ مختلف ایڈیشنوں کی اس قسم کی لفظی تحریفات کے لیے میزان الحق کا مطالعہ از بس ضروری ہے۔

ماسواء کوئی اور ہستی ہے؟ نہیں ہرگز نہیں۔ یہی وہ اوصاف اور واضح حقیقت ہے جس کو قرآن نے اس طرح بیان کیا ہے:

﴿ اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَ الْاِنْجِیْلِ ؗ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ یَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ یُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ وَ یُحَرِّمُ عَلَیْهِمُ الْخَبٰٓىٕثَ وَ یَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَ الْاَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ عَزَّرُوْهُ وَ نَصَرُوْهُ وَ اتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۠ ﴿۱۵۷﴾ قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعَا ا ۣالَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ وَ اتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ ﴾

(الاعراف: ۱۵۷۔۱۵۸)

"پس میں ان کے لیے رحمت لکھ دوں گا) جو الرسول (محمد ﷺ) کی پیروی کریں گے کہ وہ نبی اُمی [1] ہوگا (یعنی دنیا کے سلسلہ تعلیم وتعلّم کے لحاظ سے ان پڑھ ہوگا اور) اس کے ظہور کی خبر وہ اپنے یہاں تورات اور انجیل میں لکھی پائیں گے وہ انہیں نیکی کا حکم دے گا اور برائی سے روکے گا اور پسندیدہ چیزیں حلال کرے گا اور گندی چیزیں حرام ٹھہرائے گا اور اس بوجھ سے نجات دے گا جس کے تلے وہ دبے ہوں گے اور ان پھندوں سے نکالے گا جن میں گرفتار ہوں گے تو جو لوگ ان پر ایمان لائے اس کے مخالفوں کے لیے روک ہوئے (راہ حق میں) اس کی مدد کی اور اس روشنی کے پیچھے ہوئے جو اس کے ساتھ بھیجی گئی ہے (یعنی قرآن) سو وہی ہیں جو کامیابی پانے والے ہیں (اے پیغمبر!) تم لوگوں سے کہو: اے افراد نسل انسانی! میں تم سب کی طرف بھیجا ہوا آیا ہوں، وہ خدا کی آسمانوں کی اور زمینوں کی بادشاہت اسی کے لیے ہے، کوئی معبود نہیں مگر وہی ایک ذات، وہی جلاتا ہے، وہی مارتا ہے پس اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول اور نبی اُمی پر کہ اللہ اور اس کے کلمات (یعنی اس کی تمام کتابوں) پر ایمان رکھتا ہے اس کی پیروی کرو تاکہ کامیابی کی راہ تم پر کھل جائے۔"

اور تورات استثناء میں ہے:۔

"اور یہ وہ برکت ہے جو موسیٰ (علیہ السلام) مرد خدا نے اپنے مرنے سے آگے بنی اسرائیل کو بخشی اور اس نے کہا کہ خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا، فاران ہی کے پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا، دس ہزار قدسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے داہنے ہاتھ میں ایک آتشی شریعت ان کے لیے تھی۔"

موسیٰ علیہ السلام نے یہ بشارت بھی بنی اسرائیل کو اپنی موت سے قبل ایسی حالت میں سنائی تھی کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کی وداعی حالت کو

---

[1] اُمی لفظ اُم کی جانب منسوب ہے جس کے معنی ماں کے ہیں، اہل عرب یہ لفظ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جس نے پڑھا لکھا نہ ہو گویا وہ ماں کے پیٹ سے آج ہی پیدا ہوا ہے، اہل عرب چونکہ عام طور سے ان پڑھ تھے اس لئے اُمیین کہلائے اور پیغمبر اسلام نے بھی چونکہ "وحی الٰہی" کے ذریعہ تعلیم وتربیت کے ماسوا دنیا کے اسباب تعلیم وتعلّم کے لحاظ سے کسی کے سامنے زانوائے ادب تہہ نہیں کیا اس لئے ان کی صفت بھی اُمی رہی، آپ ﷺ نے خود بھی یہ ارشاد فرمایا: ((نحن امة امیة لا نکتب ولا نحسب))

دیکھ کر دل تنگ اور دل گیر ہو رہے تھے اور یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ اب خداوند خدا موسیٰ علیہ السلام جیسا کوئی پیغمبر مبعوث نہ کرے گا۔

سینا جو طور۔کے نام سے مشہور اور وادی سینا میں واقع ہے اور زبان حال سے شہادت دے رہا ہے کہ آگ کی جستجو کے بہانے موسیٰ علیہ السلام کو یہیں خدا سے ہم کلام کا شرف حاصل ہوا تھا اور ﴿ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴾ کا مظاہرہ میرے ہی سینہ پر ہوتا رہا ہے اور شعیر (ساعیر یا سراۃ) اس پہاڑی سلسلہ کا نام ہے جو عرب میں سب سے زیادہ طویل اور شام سے یمن تک شمالاً و جنوباً پھیلا ہوا ہے اور القدس (یروشلم) کے سامنے ہو کر گزرتا ہے، یہیں وہ جگہ ہے جو بیت اللحم کے نام سے آج بھی حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت مبارک کی گواہ اور بعثت مسیح علیہ السلام کا مناد ہے اور فاران عبرانی (جرو) میں عرب کے اس حصہ کو کہتے ہیں جو حجاز کے نام سے مشہور ہے یہی مقام اس وادی غیر ذی زرع (بن کھیتی کی سرزمین) کو اپنے آغوش میں لیے ہوئے ہے جس کو مکہ کہتے ہیں اور جو بہت مشہور و معروف ہے اور مقام ولادت و بعثت ہے خاتم الانبیاء محمد ﷺ کا۔

اس تفصیل کے بعد پیشین گوئی کا مطلب واضح ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا خدائے برتر کی صداقت و ہدایت کا پیغام نور ہدایت بن کر سینا سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شکل میں نمودار ہوا اور سراۃ (شعیر) پر حضرت مسیح علیہ السلام کی صورت میں طلعت افروز ہوا اور فاران پر محمد ﷺ کا رخ انور بن کر جلوہ گر ہوا۔

فراعنہ کی طویل و مدید غلامی سے اس خانوادۂ نبوت (بنی اسرائیل) کے قلوب میں یاس و حرمان نے ایسی جگہ کر لی تھی کہ اب ان کو وہم و گمان بھی نہ تھا کہ اس بنجر زمین پر خدا کی رحمت کی بارش ہوگی اور حجابہائے تاریک سے "نور ہدایت" اپنی نمود دکھلائے گا۔اس لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صدائے حق گویا نور ہدایت کی وہ نمود تھی جس نے صدیوں بعد پھر ان کے گھرانے پر رونمائی کی اور موسیٰ علیہ السلام کے بعد اگرچہ بہت انبیاء علیہم السلام احیائے حق کے لیے مبعوث ہوئے مگر حضرت مسیح علیہ السلام کے وجود گرامی نے جس شان و عظمت کے ساتھ اس درمیان کی پیدا شدہ اندھیاریوں کا پردہ چاک کر کے ہدایت و رشد کی روشنی چمکائی گویا وہ طلوع تھا اس نور ہدایت کا جو موسیٰ علیہ السلام کی حیات طیبہ میں اپنی نمود دکھا چکا تھا اور جس کے ذریعہ آسمان ہدایت کے اُفق میں صبح سعادت نے شب ظلمت سے جھانکنا شروع کر دیا تھا اور تاریخ شاہد ہے کہ یہی نور ہدایت بنی اسرائیل سے منتقل ہو کر جب بنی اسمٰعیل تک پہنچا تو خاتم الانبیاء محمد ﷺ میں اس طرح جلوہ گر ہوا کہ فاران کی چوٹیوں سے جب اس کی کرنیں کائنات کے چہار جانب پھیلیں تو تمام عالم انسانی کو روشن و منور بنا دیا اور ظلمت شرک و کفر کو مٹا کر نور توحید سے ہر گوشۂ عالم کو تاباں و درخشاں کر دیا۔ چنانچہ تورات میں مذکور اس حقیقت کو قرآن عزیز نے اس سے زیادہ بہتر اور معجزانہ اسلوب بیان کے ساتھ ادا کیا ہے:

﴿ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ ﴾ (التین: ۱۔۶)

"شاہد ہے (وہ مقام جو مرکز ہے) انجیر و زیتون کے باغوں (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مقام ولادت "بیت اللحم") اور شاہد ہے طور سینا اور شاہد ہیں یہ بلد امین "مکہ" یقیناً ہم نے انسان کو بہترین مخلوق بنایا پھر اس کو انتہائی پستی میں پھینک دیا ماسواء

ان انسانوں کے جو ایمان لائے اور کام کیے نیک پس ان کے لیے اجر ہے بے منت (یعنی خدا کا فضل اور رضا اور جنت)۔"

الواو للشہادۃ ، واؤ کا استعمال شہادت کے لیے بھی ہوتا ہے عربیت کا مشہور قاعدہ ہے اور اس قسم کی شہادت اکثر ایسے مواقع کے لیے مخصوص ہے کہ متکلم جس حقیقت کو ظاہر کرنا چاہتا ہے مختلف وجوہ کی بنا پر مخاطب کو اس کے سمجھنے میں مشکل پیش آتی ہے تب بعض بدیہی اور محسوس مثالیں دے کر مخاطب کے لیے اس حقیقت کا سمجھنا آسان بنا دیتا ہے۔ سورۂ والتین کی آیات میں بھی صورت حال ایسی ہی ہے اس لیے کہ بتلانا یہ مقصود ہے کہ خدائے تعالیٰ نے انسان کو بہترین مخلوق بنایا ہے اس کے باوجود اگر سچا خدا پرست اور نیک کردار نہیں ہے تو انجام کار وہ انتہائی پستی میں پھینک دیا جائے گا اور اس کی حقیقت چوپاؤں سے بھی بدتر ہو جائے گی ﴿أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ﴾ مگر یہ کہ سچا خدا پرست اور نیک اعمال ثابت ہو تو پھر انسانیت کے بلند سے بلند درجہ کا مستحق اور بے حساب و بے منت خدا کی نعمتوں کا مستوجب ہے، ظاہر ہے کہ یہ بات کافی تفکر و تدبر کی محتاج ہے۔ ایک ہستی تمام مخلوقات سے اپنی تخلیق و تکوین میں "احسن" بھی ہو اور پھر قعر مذلت کی گہرائیوں میں بھی پھینک دی جائے اس لیے بطور شہادت نہایت لطیف پیرایہ میں تین مشہور اور نمایاں دور ہدایت کا ذکر کر کے اس جانب توجہ دلائی کہ اگر تاریخ کا مقصد یہ ہے کہ ماضی کے آئینہ میں مستقبل کی تصویر دیکھی جا سکے تو ان ہر سہ ادوار تاریخ کا مطالعہ کرو اور دیکھو کہ خدائے برتر نے کائنات کی رشد و ہدایت کا شرف "انسان" ہی کو بخشا اور پھر غور کرو کہ وہ بھی انسان ہی تھے جنہوں نے خدا کے پیغمبروں کی پیروی میں سچی خدا پرستی اور نیک عملی اختیار اور نتیجہ یہ نکلا کہ روز قیامت کے فیصلہ سے قبل بھی اسی دنیا میں انہوں نے عزت، شرافت، حکومت سب کچھ پایا اور آخرت کا اجر تو بے منت و بے حساب الگ رہا اور وہ بھی انسان ہی تھے جو سرکشی، بغاوت اور پیغمبرانہ تعلیم کے خلاف فساد انگیزی کی بدولت آخرت سے پہلے ہی ذلت و رسوائی اور ہلاکت و بربادی کے قعرہائے مذلت سے دوچار ہوئے اور جہنم کے اسفل سافلین سے جو واسطہ آئندہ پڑنے والا ہے وہ جدا ہے۔ پس اگر ان حقائق کو پیش نظر رکھو گے اور تاریخ ماضی کے ان اوراق کو دیدۂ عبرت سے دیکھو گے تو پھر تمہاری یہ حیرت، اعتراف حقیقت سے بدل جائے گی اور آئینہ عقل و فکر میں یہ سب کچھ روشن ہو جائے گا۔ تورات کی بشارت کے یہ الفاظ بھی خصوصیت کے ساتھ قابل توجہ ہیں:

"وہ دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے داہنے ہاتھ میں آتشی شریعت ان کے لیے تھی۔"

قابل توجہ اس لیے ہے کہ جب ہم تاریخ کے اس واقعہ کا مطالعہ کرتے ہیں کہ رمضان ۸ ہجری مطابق جنوری ۶۳۰ء میں فتح مکہ کی غرض سے جب محمد ﷺ روانہ ہوئے ہیں تو دس ہزار صحابہ رضی اللہ عنہم جلو میں تھے اور آتشی شریعت یعنی "جہاد بالسیف کا حکم الٰہی.... ان کے ہاتھ میں تھی" تو قدرت الٰہی کے اس اعجاز کو دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں کہ جس ذات برتر نے موسیٰ علیہ السلام کی لسان حق سے ان جملوں کو ادا کرایا۔ اسی نے محمد ﷺ کے حق میں اس کو کر دکھایا ﴿وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝﴾ تو کیا کسی حق پرست حق آگاہ کو ذرا سا بھی تامل ہو سکتا ہے کہ بلاشبہ موسیٰ علیہ السلام کی بشارت کا مصداق خاتم الانبیاء محمد ﷺ ہی کی ذات گرامی ہے۔

تورات کی یہ اور اسی قسم کی دوسری بشارات ہیں جن کے پیش نظر بعثت محمد ﷺ سے صدیوں پہلے یہود کو نبی آخر الزماں کا انتظار تھا اور وہ یہ یقین رکھتے تھے کہ اب وہ وقت دور نہیں ہے کہ نور ہدایت "آفتاب عالمتاب" بن کر جلوہ گر ہونے والا ہے، اسی لیے جب کبھی ان کے اور مشرکین کے درمیان جنگ پیش آ جاتی تو کہا کرتے تھے کہ وہ وقت قریب آ رہا ہے کہ نبی آخر الزماں مبعوث ہوں

گے اور ہم ان پر ایمان لا کر ان کی قیادت میں تم سے حق و باطل کی جنگ کریں گے اور کامیاب ہوں گے۔ چنانچہ جب قومی اور نسلی تعصب اور بغض وحسد کی بناء پر انہوں نے آفتاب ہدایت کی روشنی سے منہ پھیر لیا اور آنکھیں بند کر لیں تو قرآن عزیز نے ان کو (یاد ایام) کے ساتھ ملزم ومجرم بناتے ہوئے یہ کہا:

﴿وَ لَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۫ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝۸۹﴾ (البقرہ: ۸۹)

"چنانچہ جب ایسا ہوا کہ اللہ کی طرف سے ان کی ہدایت کے لیے ایک کتاب نازل ہوئی اور وہ اس کتاب کی تصدیق کرتی تھی جو پہلے سے ان کے پاس موجود ہے تو باوجودیکہ وہ (تورات کی پیشینگوئیوں کی بناء پر اس ظہور کے منتظر تھے، اور) کافروں کے مقابلہ میں اس کا نام لے کر فتح ونصرت کی دعائیں مانگتے تھے لیکن جب وہی جانی بوجھی ہوئی بات سامنے آ گئی تو صاف انکار کر گئے اور مخالفت پر کمر باندھ لی پس اِن لوگوں کے لیے جو دیدہ و دانستہ کفر کی راہ اختیار کریں اللہ کی لعنت ہے۔"

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ محمد ﷺ کی بعثت سے پہلے ایک دفعہ قبیلہ غطفان اور یہود کے درمیان جنگ ہوئی تو خیبر کے یہود ان کے مقابلہ میں فتح ونصرت کے لیے یہ دعا مانگتے تھے۔ [۱]

اللّٰھم انا نسئلک بحق محمد النبی الامی الذی وعدتنا ان تخرجہ فی اٰخر الزمان ان نصرتنا علیھم.

"خدایا! ہم تجھ سے اس نبی اُمی کا واسطہ دے کر دعا مانگتے ہیں جس کے متعلق تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے کہ وہ آخر الزماں ہوں گے۔"

اور علی ازدی سے منقول ہے کہ "یثرب" (مدینہ) کے یہود ہمارے مقابلہ کے وقت اکثر یہ دعا کرتے تھے:

اللّٰھم ابعث ھٰذا النبی یحکم بیننا و بین الناس.

"خدایا! اس نبی موعود کو مبعوث فرما جو ہمارے اور لوگوں (مشرکوں) کے درمیان حق کا فیصلہ کر دے۔" [۲]

اور عقبہ ثانیہ میں جب مدینہ کے ستر اشخاص آپ ﷺ سے دعوت اسلام کی حقیقت معلوم کرنے آئے اور آپ ﷺ نے ان پر حقیقت حال ظاہر فرمائی تو انہوں نے اسی وقت ایک دوسرے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا، بلاشبہ یہ وہی پیغمبر ہیں جن کی بعثت سے متعلق ہم اکثر یہودی علماء سے سنا کرتے ہیں [۳] اور کیا اس تاریخی پہلو سے ان اقوال کی صداقت پر روشنی نہیں پڑتی کہ جب رومیوں کے ہاتھوں بنی اسرائیل کی آخری اور فیصلہ کن تباہی عمل میں آئی تو آخر شام، فلسطین، شرق اُردن یمن جیسے شاداب و زرخیز علاقوں کو چھوڑ کر وہ کون سی اہم وجہ تھی جس نے یہود کے نمایاں اور مشہور قبائل بنو قریظہ اور بنو نضیر (وغیرہ) کو یثرب اور نواح یثرب میں آباد ہونے کی ترغیب دی یقیناً صرف ایک ہی وجہ تھی اور وہ یہ کہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بعد اپنے انبیاء کی بشارات میں یہ بھی سنا تھا کہ اس "منتظر ہستی" کا ظہور یثرب اور نواح یثرب میں ہوگا۔ مگر وائے بدبختی کہ قبول حق کا سب سے بڑا مانع ان کو یہ پیش آیا کہ

[۱] البدایہ والنہایہ ج ۲ عن البیہقی [۲] بدائع الفوائد ج ۲ از مسند بزار [۳] تفسیر ابن کثیر ج ۱

قومی، جماعتی اور نسلی حسد نے ان کو اس کی اطاعت سے باز رکھا۔ حتیٰ کہ جب انصار رضی اللہ عنہم میں سے بعض حضرات علماء یہود کے سامنے یہ کہہ گزرتے کہ ہم نے تو اس نبی امی پر ایمان لانے کی بات سب سے پہلے تمہاری ہی زبانی سنی تھی اور اس کے ظہور سے قبل تم ہی اس کے چرچے کیا کرتے اور ان کتابوں سے متعلق بشارات سنایا کرتے تھے پھر اب کیا ہوا کہ جب اس کا ظہور ہوا تو تم انکار کر بیٹھے تو وہ علانیہ جھوٹ بول دیتے اور کہتے کہ ہم کو یاد نہیں کہ کب ہم نے تم سے ایسی باتیں کہی تھیں۔ [1]

تورات کی طرح عہدنامہ جدید (اناجیل) میں بھی تحریف لفظی معنوی کے باوجود نبی اکرم ﷺ کی بعثت سے متعلق یہ بشارات ملتی ہیں۔ متی کی انجیل میں ہے:

لیکن بہت سے اول آخر ہو جائیں گے اور اخر اول ○ کیونکہ آسمان کی بادشاہت اس گھر کے مالک کی مانند ہے جو سویرے نکلا تاکہ اپنے انگوری باغ میں مزدور لگائے اور اس نے مزدوروں سے ایک دینار روز ٹھہرا کر انہیں اپنے باغ میں بھیج دیا○ پھر پہر دن چڑھے کے قریب نکل کر اس نے اوروں کو بازار میں بیکار کھڑے دیکھا○ اور ان سے کہا تم بھی باغ میں چلے جاؤ جو واجب ہے تمہیں دوں گا پس وہ چلے گئے پھر اس نے دو پہر اور سہ پہر کے قریب نکل کر ویسا ہی کیا اور کوئی ایک گھنٹہ دن رہے پھر نکل کر اوروں کو کھڑا پایا اور ان سے کہا تم کیوں یہاں تمام دن بیکار کھڑے رہے○ انہوں نے اس سے کہا اس لیے کہ کسی نے ہم کو مزدوری پر نہیں لگایا۔ اس نے ان سے کہا۔ تم بھی باغ میں چلے جاؤ۔ جب شام ہوئی تو باغ کے مالک نے اپنے کارندے سے کہا کہ مزدوروں کو بلاؤ اور پچھلوں سے لے کر پہلوں تک انہیں مزدوری دے دو○ جب وہ آئے جو گھنٹہ بھر دن رہے لگائے گئے تھے تو انہیں ایک ایک دینار ملا جب پہلے مزدور آئے تو انہوں نے یہ سمجھا کہ ہمیں زیادہ ملے گا اور ان کو بھی ایک ہی دینار ملا تو گھر کے مالک سے یہ شکایت کرنے لگے کہ ان پچھلوں نے ایک ہی گھنٹہ کام کیا ہے اور تو نے انہیں ہمارے برابر کر دیا جنھوں نے (ہم نے) دن بھر کا بوجھ اٹھایا اور سخت دھوپ سہی ○ اس نے جواب دے کر ان میں سے ایک سے کہا: "میاں میں تیرے ساتھ بے انصافی نہیں کرتا، کیا تیرا مجھ سے ایک دینار نہیں ٹھہرا تھا جو تیرا ہے اٹھا لے اور چلا جا، میری مرضی یہ ہے کہ جتنا تجھے دیتا ہوں اس پچھلے کو بھی اتنا ہی دوں ○ کیا مجھے روا نہیں کہ اپنے مال کو جو چاہوں سو کروں؟ یا تو اس لیے کہ میں نیک ہوں بری نظر سے دیکھتا ہے ○ اس طرح آخر، اول ہو جائیں گے اور اول آخر○

اس بشارت میں حضرت مسیح علیہ السلام نے مثالی رنگ میں اقوام و امم عالم کی عملی زندگی اور خدا کی جانب سے ان پر اجر و ثواب کا مرقع پیش فرمایا ہے پہلے مزدور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے قبل کی دنیا کے لوگ ہیں اور دوسری جماعت سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت بنی اسرائیل مراد ہیں۔ تیسرا گروہ نصاریٰ ہیں اور چوتھی جماعت خاتم الانبیاء محمد ﷺ کی امت ہے، کائنات ارضی کی عمر کے لحاظ سے پہلی، دوسری اور تیسری جماعت کے مقابلہ میں محمد ﷺ کی امت کا زمانہ حیات یوں سمجھئے گویا دن کا آخری حصہ ہے اور اجر و ثواب میں اس آخری امت کو پہلی امتوں کے مقابلہ میں برابر کر دینے کا مطلب یہ ہے کہ خدا کے یہاں ان کو دوسری تمام امتوں پر برتری حاصل ہے اس لیے کہ اگرچہ ان کا وجود حیات امتوں کے آخر میں ہوا ہے لیکن چونکہ یہ خدا کے آخری پیغام "قرآن" کی حامل اور "سرخیل انبیاء"

[1] تفسیر ابن کثیر ج ا

رسلؑ کی امت ہیں اور تمام امتوں سے ان کے رسول ﷺ پر ایمان لانے کا وعدہ و میثاق لیا گیا ہے۔ لہٰذا حیات دنیا کے لحاظ سے گو ان کا زمانہ آخر ہے مگر مرتبہ اور عظمت کے اعتبار سے وہ سب سے اول ہیں۔ یہی ہے مراد بشارت کے پہلے اور آخری جملہ کی یعنی "بہت سے اول آخر ہو جائیں گے اور آخر اول اور اس طرح آخر اول ہو جائیں گے اور اول آخر۔"

نبی آخر الزماں ﷺ نے بھی ٹھیک اسی طرح ایک مثال بیان فرمائی ہے جو بخاری میں منقول ہے: "دوسری امتوں کے مقابلہ میں دنیا کے اندر تمہاری مثال ایسی ہے جیسا کہ دن کے طویل عرصہ میں عصر (شام) سے غروب آفتاب کے وقت کی، اہل تورات (یہود) کو تورات عطا کی گئی اور انہوں نے اس پر عمل کیا حتیٰ کہ وہ دوپہر ڈھلے عاجز رہ گئے (یعنی خدا کی تعلیم حق کو فراموش کر بیٹھے) تب ان کو مالک نے ایک قیراط مزدوری دے دی اور پھر اہل انجیل (نصاریٰ) کو کام پر لگایا اور انہوں نے دوپہر ڈھلے سے عصر (شام) تک کام کیا اور پھر وہ بھی عاجز رہ گئے تب ان کو بھی مالک نے ایک ایک قیراط مزدوری دے دی، آخر میں ہم کو قرآن ملا اور ہم نے دنیا کی زندگی کے دن غروب ہونے تک کام کیا۔ تب مالک نے ہم کو دو دو قیراط عطا کیے اس پر پہلوں نے شکایت کی کہ ہم نے زیادہ محنت کی مگر تو نے ان کو اور ہم کو برابر کر دیا۔ مالک نے کہا میں نے تمہاری مزدوری میں سے تو کم نہیں کیا۔ تب مالک نے فرمایا: تو پھر میری یہ مرضی ہے کہ میں اپنے پاس سے جس کو چاہوں (مزدوری کی کیفیت و نوعیت کے فرق اور کام کی صلاحیت و استعداد کے پیش نظر) زیادہ دوں۔ فھو فضل اوتیہ من اشاء

اور امم ماضیہ و اقوام سابقہ کے مقابلہ میں امت محمدیہ کی یہی فضیلت ہے جس کو قرآن نے بصراحت اس معجزانہ اسلوب میں بیان کیا ہے:

﴿ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ﴾ (آل عمران: ۱۱۰)

"تم (تمام امم و اقوام میں) بہترین امت ہو جو کائنات انسانی (کی خدمت) کے لیے وجود میں لائی گئی ہے۔ تم لوگوں کو بھلائی کا حکم کرتے ہو اور برائیوں سے باز رکھتے ہو۔"

بہرحال آخری جماعت کا اول ہو جانا اگر اس کا مصداق امت محمد ﷺ نہیں تو اور کون ہے جس کا ذکر تورات کی ان بشارات میں ہو رہا ہے اور جن کی تصدیق "نبی امی" اور قرآن دونوں کر رہے ہیں، عقلاً بھی یہ فرق مراتب واضح ہے اس لیے کہ جبکہ محمد ﷺ تمام انبیاء و رسل کے بعد مبعوث ہوئے اور آپ ﷺ کے قبول کرنے والوں میں آپ ﷺ کی قوم سے بھی زیادہ دنیا کی دوسری اقوام و امم کے افراد شامل ہیں تو یہ ظاہر ہے کہ جب کوئی فرد یا جماعت پہلے سے کسی مذہبی جماعت میں شامل ہے تو اس کے لیے جدید دعوت حق کو قبول کرنے میں قومی، جماعتی اور نسلی عصبیت و غرور سب سے بڑی رکاوٹ بن کر سامنے آ جاتا ہے۔ پس جو شخص اس رکاوٹ کو پاؤں تلے روند کر دعوت حق پر "لبیک" کہتا ہے وہ بلاشبہ اس کا مستحق ہے کہ اپنے اپنے زمانہ میں پہلی صداقتوں پر ایمان لانے والوں کے مقابلہ میں اس کو دو چند بلکہ چند در چند اجر و ثواب عطا ہو۔

اور انجیل یوحنا میں ایک بشارت اس طرح مسطور ہے:

"اور یوحنا کی گواہی یہ ہے کہ جب یہودیوں نے یروشلم سے "کاہن" اور "لیوی" یہ پوچھنے کو اس کے پاس بھیجے کہ تو کون ہے تو

اس نے اقرار کیا اور انکار نہ کیا کہ میں تو مسیح نہیں ہوں انہوں نے اس سے پوچھا کہ پھر کون ہے؟ کیا تو ایلیاہ ہے؟ اس نے کہا نہیں ہوں، کیا تو وہ نبی ہے اس نے جواب دیا نہیں پس انہوں نے اس سے کہا پھر تو کون ہے تا کہ ہم اپنے بھیجنے والوں کو جواب دیں کہ تو اپنے حق میں کیا کہتا ہے؟" [1]

اس پیشین گوئی کا تاریخی زمانہ وہ ہے جب حضرت یحییٰ (یوحنا علیہ السلام [2]) اپنی صدائے حق سے بنی اسرائیل کو مسحور کر رہے تھے اور حضرت مسیح علیہ السلام کے ظہور کی بشارت دیتے تھے اس وقت یہود کے مقدسین کی ایک جماعت ان کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے یہ سوالات کیے۔

سوالات میں تین پیغمبروں کے متعلق ان سے دریافت کیا گیا کہ وہ ان میں سے کون ہیں مگر انہوں نے انکار کیا وہ ان تینوں میں سے کوئی نہیں ہیں تو یہ سوالات ظاہر کرتے ہیں کہ یہود تین یا دو پیغمبروں کے ظہور کے منتظر تھے۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے، حضرت ایلیا [3] کے اور ایک ایسے پیغمبر کے جس کا ذکر ان کے درمیان اس درجہ مشہور تھا کہ انہوں نے سوالات کے وقت دو ناموں کی طرح نام لینا ضروری نہیں سمجھا اور صرف "وہ نبی" کہنا ہی کافی خیال کیا۔

یہ بشارت اس درجہ واضح اور صاف ہے کہ نصاریٰ بجز بے دلیل انکار کے تاریخ کے اس سوال کا جواب دینے سے قاصر ہیں کہ اگر محمد ﷺ "وہ نبی" کا مصداق نہیں ہیں تو پھر کون ہے۔ کیا معاملہ کی صورت یہ نہیں ہے کہ جس طرح یہود ظہور مسیح علیہ السلام کے منتظر تھے مگر ان کی آمد پر از راہ حسد ان کو رَدّ کر دیا، اسی طرح یہود و نصاریٰ دونوں "وہ نبی" کی شہرت عام کے پیش نظر اس کے ظہور کے سخت منتظر ہونے کے باوجود اس کی بعثت وظہور کے نسلی وقومی عصبیت کی بدولت منکر ہو گئے۔ چنانچہ اسی حقیقت کو قرآن حکیم نے اس طرح بیان کیا ہے:

﴿ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَ اِنَّ فَرِیْقًا مِّنْهُمْ لَیَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ هُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝۱۴۶ ﴾ (البقرہ: ۱۴۶)

"وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب عطا کی وہ تم کو اس طرح "پیغمبر حق" پہچانتے ہیں جیسا اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور بلاشبہ ان میں سے ایک فریق حق کو چھپاتا ہے اور وہ خوب جانتے ہیں کہ وہ حق کو چھپا رہے ہیں۔"

یوحنا کی انجیل میں حضرت مسیح علیہ السلام کی وصیت بھی محمد ﷺ کی بشارت کے لیے شاہد عدل ہے، فرماتے ہیں:

"تم میں سے کوئی مجھ سے نہیں پوچھتا کہ تو کہاں جاتا ہے؟ بلکہ اس لیے کہ میں نے یہ باتیں تم سے کہیں تمہارا دل غم سے بھر گیا ○ لیکن میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمہارے لیے فائدہ مند ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو وہ مددگار تمہارے

---

[1] باب ۱۶ آیات ۱۹۔۲۲

[2] یوحنا عبرانی میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کا نام ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک حواری کا نام بھی ہے جن کی جانب یوحنا منسوب ہے۔

[3] کہا جاتا ہے کہ کتب قدیمہ میں ایلیا بھی محمد ﷺ کی صفت منقول تھی اور اس لیے خواص علماء یہود ایلیا اور فارقلیط کو ایک ہی تسلیم کرتے تھے مگر بعد کی تحریفات کی بدولت ایک اور "منتظر ہستی" کا اضافہ ہو گیا اور وہ الیاس علیہ السلام ہیں۔ یہود نے اب یہ گھڑ لیا کہ حضرت الیاس علیہ السلام کا دوبارہ ظہور ہو گا اور اس کے لیے اناجیل میں بھی دو کی جگہ تین کے ظہور کا ذکر نظر آتا ہے۔

پاس نہ آئے گا لیکن اگر جاؤں گا تو اسے تمہارے پاس بھیج دوں گا اور وہ آ کر دنیا کو گناہ اور راستبازی سے اور عدالت کے بارہ میں قصوروار ٹھہرائے گا۔"[1]

یہ بشارت حضرت مسیح علیہ السلام کی وصیت ہے اور تمثیلی استعاروں اور تشبیہوں کی بجائے واضح الفاظ میں ایک "موعود پیغمبر" کی خبر دیتی ہے اور موعود ہستی کی جن صفات کا اس میں ذکر ہے وہ حرف بحرف خاتم الانبیاء محمد ﷺ پر صادق آتی ہیں۔

حضرت مسیح علیہ السلام حواریوں اور شاگردوں کو دیکھ رہے ہیں کہ وہ ان کی جدائی سے کس درجہ متاثر ہیں دل غم سے بھرے ہوئے ہیں آنکھیں پرنم ہیں، حسرت و یاس چہرے سے ٹپک رہی ہے کیوں؟ کیا اس لیے کہ ایک انسان ان سے جدا ہو رہا ہے نہیں، نہیں بلکہ خدا کا ایک ہادی، نبی و رسول، پیغمبر صداقت کی وداعی گھڑیاں قریب ہیں اور اب نہیں کہا جا سکتا کہ دنیا ایسی مقدس ہستیوں سے بہرہ ور ہوگی یا نہیں کیونکہ منکروں اور باطل پرستوں نے خدا کی اس نعمت کی کوئی قدر نہ کی اور اس کو رَد کر دیا۔ اس غم آگیں منظر میں حضرت مسیح علیہ السلام ان کو تسلی و تشفی دیتے اور یقین دلاتے ہیں کہ "میرا جانا تمہارے لیے "فائدہ مند" ہے" اور پھر اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں "اگر میں نہ جاؤں تو وہ "مددگار" تمہارے پاس نہ آئے گا" یعنی میرا کائنات ارضی پر یہ قیام اس "مددگار" کی آمد کے لیے تاخیر کا باعث ہو رہا ہے جس کا آنا تمہارے لیے اس درجہ مفید ہے کہ بایں محبت وخلوص میرا جانا ہی تمہارے لیے فائدہ مند ہے" پھر اس کی معرفت کے لیے مزید باتیں بیان فرمائیں کہ وہ دنیا کو گناہوں (برائیوں) سے باز رکھے گا راست بازی کا حکم کرے گا اور افراط وتفریط کی ان روشوں کے خلاف جو انسانی دنیا کے ہر معاملہ میں رگ و ریشہ کی طرح پھیلی ہوں گی "عدل" سے گریز پر مجرم اور قصوروار ٹھہرائے گا۔

قدرتی طور پر اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر وہ ہستی کون ہے جو ان مجموعہ صفات کا مصداق بن سکے۔ علماء نصاریٰ کہتے ہیں کہ اس سے مراد "روح القدس" ہے اور وہ حضرت مسیح علیہ السلام کے قبر میں جی اٹھنے اور آسمان پر باپ کے پاس چلے جانے کے بعد شاگردوں پر نمودار ہوئی لیکن جب اس باطل تاویل پر ان سے یہ کہا گیا کہ ماضی یا مستقبل میں کون سا زمانہ آچکا ہے یا آئے گا جس پر بشارت کا یہ جملہ صادق آ سکے جو دراصل پوری وصیت کی روح ہے "وہ آ کر دنیا کو گناہ سے اور راست بازی سے اور عدالت کے بارے میں قصوروار ٹھہرائے گا" اور کس طرح یہ عبارت صرف اس نور پر صادق آ سکتی ہے جو شاگردوں پر (روح القدس) ایک کبوتر کی شکل میں نازل ہو کر دکھلائی گئی۔

یہ وصیت تو اس تاویل کے برعکس صاف یہ ظاہر کر رہی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ایک ایسے عظیم المرتبہ، جلیل القدر پیغمبر کے ظہور کی بشارت سنا رہے ہیں جس کی آمد کائنات انسانی کے لیے حضرت مسیح علیہ السلام کی موجودگی سے بھی زیادہ سودمند ثابت ہوگی اور جو ایک مرتبہ پھر کائنات کو اس کا بھولا ہوا سبق یاد دلائے گی اور اس کی تعلیم حق کا معیار سرتاسر "عدل" پر مبنی ہوگا کہ یہی تمام اخلاق کریمانہ اور شعبہ حیات کے لیے اساس اور بنیاد کار ہے اور اس حقیقت پر نظر رکھتے ہوئے جب ہم تاریخی مذاہب سے دریافت کرتے ہیں کہ اس کا مصداق کون ہے تو اس کے ماسواء اور کوئی جواب نہیں ملتا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد وصیت میں مذکور اوصاف کی مصداق ہستی محمد ﷺ کے ماسواء کوئی ظہور میں نہیں آئی۔ یہی مقدس ہستی ہے جس نے ایسے زمانہ میں جبکہ دنیا کی قوموں اور ان کی سوسائٹیوں میں

---

[1] باب ۱۶

"عدل" ایک بے معنی شے رہ گئی تھی اور جب کہ سچی نیک عملی اور خدا پرستی، قومی اور اجتماعی زندگی سے خارج ہو چکی تھی دنیاء انسانی کو یہ پیغام سنایا:

﴿اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ وَ اِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَ يَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ وَ الْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝﴾(النحل:۹۰)

"بیشک اللہ حکم دیتا ہے "عدل" کا "احسان" کا قرابت داروں کے ساتھ سلوک کا اور یقیناً منع کرتا ہے فحش کاموں اور باتوں سے۔ اور بغاوت وسرکشی سے وہ تم کو نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت قبول کرو۔"

اور یہی وہ مقدس ہستی ہے جس کے ظہور کی بدولت اس کی امت کا مقصد حیات یہ ظاہر کیا گیا:

﴿كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾(آل عمران:۱۱۰)

"(اے امت محمد ﷺ) تم بہترین امت ہو جو لوگوں (کی خدمت) کے لیے عالم وجود میں لائی گئی ہے تم لوگوں کو بھلائی اور نیکیوں کا حکم کرتے اور ان کو برائیوں سے باز رکھنے کی تلقین کرتے ہو۔"

مضمون وصیت کے اس نمایاں پہلو کے ماسواء ایک اور روشن اور واضح بات اس وصیت یا بشارت میں وہ جملہ ہے جس میں موعود ہستی کو ایک خاص وصف کے ساتھ یاد کیا گیا ہے یہ وصف اگرچہ جدید ایڈیشنوں میں "مددگار"۔ "وکیل"۔ "معزی" اور "شفیع" ہے، لیکن قدیم یونان، فرنچ، لیٹن اور انگریزی تراجم میں "پیراکلیوتاس" اور عبرانی (جبرو) اور عربی تراجم میں "فارقلیط" پایا جاتا ہے جو عربی لفظ احمد کے ہم معنی اور مرادف ہے۔

یہ بات تو علماء نصاریٰ اور ہر ایک تاریخ دان کے نزدیک متفق علیہ اور مسلم ہے کہ موجودہ اناجیل میں سے کوئی ایک بھی حضرت مسیح علیہ السلام کی اصل انجیل نہیں ہے بلکہ جن ناموں سے یہ منسوب ہیں ان کے بھی اصل نسخے نہیں بلکہ تراجم ہیں اور یہ کہ مسیح علیہ السلام کی انجیل کا اوریجنل (اصل) نسخہ قدیم جبرو (عبرانی) زبان میں تھا اس لیے یہ دعویٰ بسہولت کیا جاسکتا ہے کہ اوریجنل نسخہ میں یہ لفظ بلاشبہ احمد ہی ہوگا۔ جیسا کہ سورۂ صف میں قرآن عزیز نے حضرت مسیح علیہ السلام کا یہ قول نقل کیا ہے:

﴿وَ مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ﴾(الصف:٦)

اور دلیل یہ ہے کہ موجودہ انجیل کے تراجم میں فارقلیط اسی لفظ احمد کا ہم معنی اور مرادف لفظ اختیار کیا گیا مگر جب علماء نصاریٰ نے یہ دیکھا کہ صداقت خاتم الانبیاء محمد ﷺ کے لیے کتاب مقدس سے بصراحت تام بہت بڑی دلیل ہاتھ آگئی اور علماء اسلام کی جانب سے ہم پر قوی حجت قائم ہوئی جاتی ہے تو بعد کے ایڈیشنوں میں لفظ فارقلیط یا پیراکلیوتاس نکال دیا گیا اور اب اس کی جگہ کبھی ناصر (مددگار) کبھی وکیل، کبھی شفیع اور کبھی معزی (تسلی دینے والا) لکھا جانے لگا تاکہ واضح نام کی بجائے ایک ایسی صفت آجائے جس کا اطلاق بغیر کسی تعیین کے ہر ایک ذات حق پر ہوسکے۔ اناجیل کے قدیم وجدید نسخوں اور پھر قدیم وجدید کے مختلف ایڈیشنوں میں لفظ فارقلیط اور اسی قسم کی دوسری گوناگوں تحریفات کا مطالعہ کرنا ہو تو اس کے لیے میزان الحق اور الفارق کا مطالعہ ازبس مفید ہے یہاں

اس حقیقت کو ثابت کرنے کے لیے کہ اناجیل کے عربی تراجم میں مسطورہ بالا الفاظ کی بجائے فارقلیط تھا صرف یہ ایک ثبوت کافی ہے کہ ایک صدی قبل کے عربی نسخہ میں جو لندن سے ۱۸۴۴ء میں شائع ہوا تھا یہ لفظ یوحنا باب ۱۴ آیت ۱۶ میں موجود تھا "والهلب من الاب فيعطيكم فارقليطا اخر۔

تاہم علماء نصاریٰ کی اس واضح تحریف کے بعد بھی ان کا مقصد حل نہیں ہوسکتا اور ایک مرتبہ ان سے پھر یہ سوال کیا جاسکتا ہے کہ اس بشارت میں لفظ فارقلیط (احمد) کی جگہ مسطورۂ بالا الفاظ میں سے ہی کوئی لفظ سہی مگر جبکہ اس بشارت کا مصداق روح القدس کا کبوتر کی شکل میں شاگردوں پر نمودار ہو جانا" کسی طرح نہیں بنتا تو پھر حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد تاریخ ادیان میں وہ کون سی ہستی ہے جس کو اس کا مصداق سمجھا جائے۔ کیا علماء نصاریٰ اس بے دلیل انکار کے ساتھ کہ اس کا مصداق ذات اقدس محمد ﷺ نہیں ہیں جرأت کر کے یہ کہہ سکتے ہیں کہ فلاں ہستی اس مجموعہ صفات کا مصداق تھی یا آج ہے یا آئندہ آئے گی۔ نہیں وہ نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ ان کے پاس اس انکار کے لیے صرف یہی ایک مثبت دلیل ہے کہ روح القدس اس کا مصداق ہے کاش کہ وہ قدرت بھی رکھتے کہ روح القدس کو انسانی شکل میں کائنات کی ہدایت کے لیے لاسکتے کہ وہ پیغمبرانہ صداقت کے ساتھ لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتی برائیوں سے روکتی اور عدل ترک کر کے افراط وتفریط کی راہ بداختیار کرنے پر لوگوں کو قصوروار ٹھہراتی تب شاید ان کا یہ قول الفاظ بشارت کی مطابقت کرسکتا ورنہ تو یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ اس بشارت کو ذات اقدس ﷺ کے حق میں تسلیم نہ کرنا صرف نسلی، قومی اور جماعتی گروہ بندی سے پیدا شدہ عصبیت وحسد کا نتیجہ ہے۔

اس سے قطع نظر ہم تسلیم کیے لیتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی انجیل میں احمد (فارقلیط) کی بجائے مسطورہ بالا الفاظ ہی میں سے کوئی لفظ تھا تب بھی اس کا مصداق خاتم الانبیاء ﷺ کے ماسوا کوئی نہیں ہوسکتا اس لیے کہ قرآن عزیز نے مختلف مقامات پر نبی اکرم ﷺ کے جو اوصاف حمیدہ بیان کیے ہیں وہ ان ہی مسطورۂ بالا الفاظ کے ہم معنی ہیں مثلاً سورۂ توبہ میں آپ ﷺ کو عزیز، رؤف، رحیم کہا گیا ہے:

﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝﴾ (التوبہ: ۱۲۸۔۱۲۹)

"(ایمان والو!) تمہارے پاس (اللہ کا) ایک رسول آ گیا ہے جو تم ہی میں سے ہے تمہارا رنج وکلفت میں پڑنا اس پر بہت شاق گزرتا ہے وہ تمہاری بھلائی کا بڑا ہی خواہش مند ہے وہ ایمان والوں کے لیے شفقت رکھنے والا، رحمت والا ہے (اے پیغمبر!) اگر اس پر بھی یہ لوگ سرتابی کریں تو ان سے کہہ دو میرے لیے اللہ کا سہارا بس کرتا ہے کوئی معبود نہیں ہے مگر صرف اس کی ذات، میں نے اس پر بھروسہ کیا وہ تمام عالم ہستی کی جہانداری کے عرش عظیم کا خداوند ہے۔"

اور سورۂ انبیاء میں ارشاد ہے:

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝﴾ (الانبیاء: ۱۰۷)

"اور ہم نے تجھ کو نہیں بھیجا مگر جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر۔"

اور اگر صحیح احادیث کی تصریحات کو بھی ان آیات کی تفسیر کے طور پر شامل کر لیا جائے تب تو اناجیل کے تراجم میں مذکورہ اوصاف بعینہٖ آپ کو مل جائیں گے مثلاً الشافع المشفع الشفیع، الناصر (مددگار) وغیرہ۔

پھر اسی باب کی آیت ۱۳ کو اس مضمون کے ساتھ اگر ملایئے تو معاملہ اور زیادہ واضح اور صاف ہو جائے گا حضرت مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں:

"لیکن جب وہ سچائی کی روح آئے گا تو تم کو سچائی کی راہ دکھائے گا اس لیے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا اور تمہیں آئندہ کی خبریں دے گا۔"

غور فرمایئے کیا یہ مضمون "روح القدس" پر صادق آ سکتا ہے جس نے چند شاگردوں پر ظاہر ہو کر اپنی نمود دکھلائی یا ایسی ہستی پر جو لوازم بشریت سے متصف ہونے کے باوجود کائنات انسانی میں رہ کر سچائی کی راہ دکھلائے اور امور غیب سے متعلق خدا نے جو کچھ بتلایا ہے (علامات قیامت، جنت و جہنم، حشر و نشر وغیرہ کی تفصیلات) اس کو مخلوق خدا تک پہنچانے اور پھر معلوم کرو تاریخ ماضی سے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد محمد ﷺ کے علاوہ کون آیا جس نے خدا سے بھٹکے ہوئے انسانوں کا رشتہ دوبارہ خدا سے ملایا اور ادیان و ملل کی گم شدہ صداقتوں کو قرآن کے ذریعہ روشن و نمایاں کیا، کیا موافق و مخالف دونوں شہادتیں اس پر متفق نہیں ہیں کہ اس کی قوم دوست و دشمن سب ہی اس کو "الصادق الامین" کہہ کر پکارتے تھے اور کیا انجیل کا یہ فقرہ اس لیے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا اور قرآن کی یہ آیت ﴿ وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ۝ ﴾ وہ اپنی خواہش سے کچھ نہیں کہتا، جو کچھ کہتا ہے اس وحی سے کہتا ہے جو خدا کی جانب سے اتاری جاتی ہے، ایک ہی مقدس ہستی کی تقدیس حیات اور صداقت قول و عمل کے دو عکس نہیں ہیں پس سچائی کی روح میں لفظ "روح" سے فائدہ اٹھا کر اور بقیہ تمام مضمون بشارت سے آنکھ بند کر کے اس کو "روح القدس" کہہ دینا علمی دیانت ہے؟ ہرگز نہیں۔

غرض وصیت یا بشارت حضرت مسیح علیہ السلام کی جانب سے واضح اور صاف اعلان ہے۔ ظہور قدسی صفات ﷺ کا اور اس کا انکار بداہت کا انکار اور تعصب بیجا کی دلیل [1] بشارات النبی ﷺ کا یہ باب بہت وسیع ہے اور چھٹی صدی ہجرت میں ایک مسیحی عالم سعید بن حسن اسکندرانی نے جب کتاب مقدس میں ان بشارات کو دیکھ کر اسلام قبول کیا تو محیط النظر ایک مستقل کتاب اسی موضوع پر تصنیف کی اور ہمیشہ سے علماء اسلام بھی اس موضوع پر تفصیل کے ساتھ لکھتے رہے ہیں حتیٰ کہ بعض علماء نے ہندوؤں کی قدیم کتابوں اور مجوس کے قدیم نوشتوں میں بھی "منتظر ہستی" سے متعلق جو کچھ مذکور ہے اس کو بشارات النبی ﷺ میں شامل کیا ہے مگر ہم اسی قدر پر اکتفا کرتے ہوئے قرآن عزیز کی ان آیات پر اس مضمون کو ختم کر دینا چاہتے ہیں جو نزول قرآن کے وقت سے یہود و نصاریٰ کے سامنے برابر اعلان کرتی رہی ہیں کہ قدیم سماوی کتابوں میں اس مقدس پیغمبر کا تذکرہ برابر رہا ہے اور چونکہ خدا کی تقدیر یہ فیصلہ کر چکی تھی کہ اس کا آخری اور کامل و مکمل قانون اسی ذات اقدس ﷺ کے ہاتھوں کائنات ہست و بود تک پہنچے گا۔ اس لیے از بس ضروری

---

[1] اس پیشینگوئی میں فارقلیط سے مفصل محققانہ بحث کے لیے میزان الحق از مولانا رحمت اللہ (نور اللہ مرقدہ) الفارق، ہدایۃ الحیاری اور رسالہ تہذیب الاخلاق مضمون فارقلیط قابل مراجعت ہیں۔

تھا کہ اس کا ذکر پہلے نوشتوں میں ہوتا کہ جب اس کے ظہور کا وقت آ پہنچے تو تمام صادق ادیان وملل سے متعلق امتیں میثاق الٰہی کے مطابق اس پر ایمان لائیں اور اس کی پیش کردہ صداقت اور قانون ہدایت "قرآن" کو اپنے لیے راہ عمل بنائیں۔ چنانچہ سورۃ الفتح میں ارشاد ہے:

﴿مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا٘ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۛۚ وَ مَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۛ﴾ (الفتح: ۲۹)

"محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ (صحابہ رضی اللہ عنہم) ان کے ساتھ ہیں وہ منکروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم خو ہیں۔ (اے مخاطب!) تو ان کو دیکھے گا (خدا کے سامنے) جھکنے والے سجدہ کرنے والے اور اس طریقہ سے خدا کے فضل اور اس کی رضاء کے خواہش مند ہیں ان کی نشانی یہ ہے کہ ان کے چہروں (پیشانیوں) پر سجدے کے نشانات ہیں، تورات اور انجیل میں ان کا ذکر اسی طرح ہے۔"

یہ ذکر انجیل برنابا میں تفصیل کے ساتھ موجود ہے اور آپ ﷺ کی صفات بہت نمایاں الفاظ میں مذکور ہیں لیکن وہ نصاریٰ کے نزدیک متروک ہے مگر جیسا کہ سابق میں کہا جا چکا ہے اس کا ترک کسی دلیل پر قائم نہیں ہے بلکہ وہ اور بعض دوسری اناجیل کا ترک محض ایک فال کی بناء پر ہوا جو اسی غرض سے نکالی گئی تھی۔ اور سورۂ شعراء میں ہے:

﴿وَ اِنَّهٗ لَتَنْزِیْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِیْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ ﴿۱۹۵﴾ وَ اِنَّهٗ لَفِیْ زُبُرِ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۹۶﴾﴾ (الشعراء: ۱۹۲-۱۹۶)

"اور یقیناً یہ (قرآن) جہانوں کے پروردگار کا اتارا ہوا ہے، اس کو روح الامین (جبرئیل علیہ السلام) نے (خدا کی جانب سے) تیرے قلب پر نازل کیا تاکہ تو (خدا کے نافرمانوں کو) ڈرانے والوں میں سے ہو یہ صاف عربی زبان میں ہے اور اس کا ذکر پہلوں (گذشتہ پیغمبروں) کی کتابوں میں ہے۔"

اور ایک مرتبہ خود نبی اکرم ﷺ نے انہی بشارات کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

((دعوۃ ابی ابراھیم و بشریٰ عیسٰی)).

"(یعنی) میں اپنے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کی دعا ہوں اور عیسیٰ مسیح (علیہ السلام) کی بشارت ہوں (یعنی) دعاء خلیل اور نوید مسیحا۔"

قرآن عزیز نے دعا ابراہیم علیہ السلام کا ذکر اس طرح کیا ہے:

﴿رَبَّنَا وَ ابْعَثْ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِكَ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ یُزَكِّیْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۲۹﴾﴾ (البقرہ: ۱۲۹)

"اے ہمارے پروردگار! ان (اہل عرب) ہی میں سے ایک رسول بھیج، جو ان پر تیری آیات پڑھے اور ان کو کتاب اور

حکمت سکھائے اور ان کو (ہر قسم کی برائیوں سے) پاک کرے بے شبہ تو غالب اور حکمت والا ہے۔"

اور بشارت مسیح علیہ السلام کا ذکر سورۂ صف میں اس طرح منقول ہے:

﴿وَ اِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝﴾ (الصف: ۶)

"اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جب عیسیٰ ابن مریم (علیہما السلام) نے کہا: "اے بنی اسرائیل! میں تمہاری جانب اللہ کا رسول (ایلچی) ہوں تصدیق کرنے والا ہوں تورات کی جو میرے سامنے موجود ہے اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا اور اس کا نام احمد (فارقلیط) ہوگا پس جب ان کے پاس وہ (خدا کا پیغمبر) دلائل لے کر آیا تو یہ کہنے لگے یہ تو کھلا جادو ہے۔"

صبح سعادت:

تاریخ ادیان و ملل شاہد ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ظہور پر تقریباً چھ صدیاں گزر چکی ہیں اور معمورۂ عالم خدا کے پیغمبروں کی معرفت حاصل کی ہوئی صداقت حق کو فراموش کر چکا ہے تمام کائنات انسانی خدا پرستی کی بجائے مظاہر پرستی میں مبتلاء ہے اور ہر ملک میں نوع انسانی سے لے کر نوع جمادات تک کی پرستش سرمایہ نازش بنی ہوئی ہے۔ کوئی انسان کو اوتار (خدا) کہہ رہا ہے تو کوئی خدا کا بیٹا۔ ایک اگر مادہ پرست ہے تو دوسرا خود اپنی آتما (روح) کو ہی خدا سمجھ رہا ہے۔ سورج کی پوجا ہے، چاند اور تاروں کی پرستش ہے، حیوانوں، درختوں اور پتھروں کی عبادت ہے، آگ، پانی، ہوا، مٹی کے سامنے ناصیہ فرسائی ہے غرض کائنات کی ہر شے پرستش اور پوجا کے لائق ہے اور نہیں ہے تو صرف ذات واحد قابل پرستش نہیں ہے نہ اس کی احدیت کا تصور خالص ہے اور نہ صمدیت کا۔ اس کو اگر مانا بھی جاتا ہے تو دوسروں کی پرستش اور عبادت کے ذریعہ وہ اگر خالق موجودات ہے تو دوسروں کے واسطہ اور احتیاج کے ساتھ مادہ، روح اور ترکیب سب ہی باتوں کا محتاج ہے وہ اگر مالک موجودات ہے بھی تو انسان، حیوان، درخت، پتھر کے بل بوتہ پر، غرض ساری دنیا میں اصل کارفرمائی مظاہر کی تھی اور "ذات حق" صرف نام کے لیے، حقیقت سے چشم پوشی تھی مگر مجاز کے ساتھ ذوق عشق، ذات حق سے بعد تھا مگر، مظاہر سے قربت سرمایہ، سعادت، خالق سے بیگانگی تھی مگر مخلوقات کی عبادت گزاری شعار عام تھا اور ہر طرف

﴿مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ﴾

"ہم ان کو نہیں پوجتے مگر اس لیے تاکہ وہ خدا کی جانب ہماری قربت کا ذریعہ بن جائیں۔" کا مظاہرہ نظر آتا تھا۔

یہی وہ تاریک دور تھا جس میں "سنت اللہ" یعنی خدا کے قانون ہدایت و ضلالت نے ماضی کی تاریخ کو پھر دہرایا اور غیرت حق نے فطرت کے قانون ردعمل (Reaction) کو حرکت دی یعنی آفتاب ہدایت برج سعادت سے نمودار ہوا اور چہار جانب چھائی ہوئی شرک و جہالت اور رسم و رواج کی تاریکیوں کو فنا کر کے عالم ہست و بود کو علم و یقین کی روشنی سے منور کر دیا۔

۹ ربیع الاول مطابق ۲۰ اپریل ۵۷۱ء کی صبح، وہ صبح سعادت تھی جب مدنیت و حضارت سے محروم، بن کھیتی کی سرزمین مکہ کے ایک معزز قبیلہ قریش (بنی ہاشم) میں عبداللہ بن عبدالمطلب کے یہاں آمنہ بنت وہب کے مشکوے معلیٰ سے آفتاب رسالت محمد ﷺ نے ظہور کیا۔

خدایا! صبح کیسی سعادت افروز تھی جس نے کائنات ارضی کو رشد و ہدایت کے طلوع کا مژدۂ جانفزا سنایا اور وہ ساعت کیسی مبارک و محمود تھی جو معمورۂ عالم کے لیے پیغام بشارت بنی، عالم کا ذرہ ذرہ زبان حال سے نغمے گا رہا تھا کہ وقت آ پہنچا کہ اب دنیاء ہست و بود کی شقاوت دور اور سعادت مجسم سے عالم معمور ہو، ظلمت شرک و کفر کا پردہ چاک ہو اور آفتاب ہدایت روشن و تابناک ہو۔ مظاہر پرستی باطل ٹھہرے اور خدائے واحد کی توحید مقصد حیات قرار پائے۔

دنیا تو کیا ملک، قبیلہ اور خاندان کو بھی یہ علم نہ تھا کہ مذاہب عالم جس آفتاب رسالت کے طلوع ہونے کے منتظر ہیں وہ اس غیر متمدن سرزمین اور عبدالمطلب کے گھرانے سے جلوہ گر ہوگا کہ اس کی ولادت باسعادت کو خاص اہمیت دیتے اور تاریخ ولادت کو اپنے سینہ میں محفوظ رکھتے مگر جس خالق کائنات کے نوشتہ تقدیر نے اس کو مقدس ہستی بنانے کا فیصلہ کیا۔ اسی کے ید قدرت نے ولادت باسعادت کے لیے ایک معجزانہ تاریخی نشان بھی ظاہر کر دیا اور وہ اصحاب الفیل کا واقعہ تھا۔

معتبر اور مستند روایات شاہد ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی ولادت اس واقعہ سے چند ماہ بعد ہوئی۔ [1]

یہ واقعہ جن خصوصیات کا حامل ہے ان کے پیش نظر یہ عرب کے لیے عموماً اور اہل حجاز کے لیے خصوصاً نہایت عجیب اور حیرت زا تھا۔ اور اس لیے وہ کبھی اس کو فراموش نہیں کر سکتے تھے۔ اس لیے انہوں نے اس کا نام ہی عام الفیل (یعنی ہاتھیوں والا سال) رکھ دیا۔ مگر وہ یہ سمجھنے سے قاصر تھے کہ دراصل یہ واقعہ ایک (نشان) ہے اس جلیل القدر ہستی کے ظہور کا جو ایک روز تمام معمورۂ انسانی کو مرکز توحید اور قبلہ ابراہیمی پر جمع کر دے گی اور اس کو غیر اللہ (بتوں) کی آلودگیوں سے پاک کر کے توحید الٰہی کے نغموں کے لیے مخصوص کرائے گی۔ کیونکہ یہی وہ پہلا مقام ہے جو صرف خدائے واحد کی پرستش کے لیے بنایا گیا۔ یہ مندر نہیں تھا کہ مورتی کی پوجا کی جائے، یہ گرجا اور کلیسا بھی نہ تھا کہ یسوع مسیح علیہ السلام اور کنواری مریم علیہا السلام کے مجسموں کے سامنے سر جھکایا جائے نہ یہ آتش کدہ تھا آگ کو نور کا مظہور قرار دے کر اس کی پرستش کی جائے اور نہ یہ صلوات یہود تھا کہ حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا بنا کر اس کی تقدیس کے نغمے گائے جائیں بلکہ یہ تو خدا اور صرف ایک خدا کی عبادت کے لیے بنایا گیا تھا:

﴿اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝﴾ (آل عمران: ۹۶)

غرض بعثت کے بعد جب قدرت کے اعجاز نما ہاتھوں نے عام الفیل میں آپ ﷺ کی ولادت کا راز سربستہ آشکارا کر دیا تب دنیا نے یہ سمجھا کہ ابرہۃ الاشرام اور اس کے لشکر سے کعبۃ اللہ کی یہ حفاظت اس لیے تھی کہ وہ وقت قریب آ پہنچا جب دوبارہ یہ مقدس مقام خدائے واحد کی عبادت اور توحید خالص کی مرکزیت کا شرف حاصل کرنے والا ہے پس جو طاقت بھی اس مقصد عظیم سے تصادم ہوگی خود ہی پاش پاش ہو کر رہ جائے گی۔

---

[1] واقعہ کی تفصیلات قصص القرآن ج ۳ میں گزر چکیں۔

ابرہہ عیسائی تھا اور اہل عرب (قریش) مشرک، پھر کون کہہ سکتا ہے کہ ابرہہ اور اس کے لشکر کی بربادی قریش کی نصرت و حمایت کے لیے تھی، نہیں! بلکہ اس لیے سب کچھ ہوا کہ مشیت الٰہی کے خلاف ابرہہ کی خواہش تھی کہ یمن (صنعاء) میں جو خوبصورت گرجا (القلیس) باپ، بیٹا، روح القدس (تثلیث) کے فروغ دینے کو بنایا گیا تھا مرکز توحید "کعبۃ اللہ" کی جگہ وہ مرجع خلائق بنے اور اس مقصد کی خاطر اس نے انہدام کعبہ کے لیے لشکر کشی کی اِدھر قریش یعنی سارا عرب اس کی مقاومت سے عاجز و درماندہ تھا، ابرہہ وقت کے تمام جنگی اسلحہ اور سروسامان کا مالک اور قریش ان سب سے یکسر محروم، تب غیرت حق حرکت میں آئی اور دنیا نے دیکھ لیا کہ دنیوی طاقت کے گھمنڈ پر مشیت الٰہی سے ٹکرانے والا خود ہی فنا کے گھاٹ اتر گیا اور محور توحید "کعبہ" خدائی حفاظت کے سایہ میں اس طرح قائم رہا۔

﴿اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰىؕ﴾ (النازعات: ٢٦)

"بلاشبہ اس بات میں بڑی ہی عبرت ہے اس شخص کے لیے جو خوف خدا رکھتا ہے۔"

قرآن عزیز نے سورۃ الفیل میں اسی حقیقت کو معجزانہ اسلوب بیان کے ساتھ نقل کیا ہے:

﴿اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِؕ اَلَمْ یَجْعَلْ كَیْدَهُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍۙ وَّ اَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَۙ تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ۪ۙ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ۠﴾

(الفیل: ١۔٥)

"(اے پیغمبر!) کیا تجھے نہیں معلوم کہ تیرے پروردگار نے ہاتھیوں والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ کیا ان کے فریب کو ناکام نہیں بنا دیا؟ اور ان پر فوج در فوج پرند بھیج دیے، وہ پرند ان پر کنکریاں پھینکتے تھے پھر (خدا نے) ان ہاتھیوں والوں کو کھائے ہوئے بھس کے مانند کر دیا۔"

بہرحال عام الفیل، نبی اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کا سال ہے اور یہ واقعہ آپ ﷺ کے ظہور قدسی کا سب سے بڑا قریبی نشان ہے اور یہ حقیقت اس شخص پر بخوبی عیاں ہے ﴿لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَ هُوَ شَهِیْدٌ﴾ جس کے پاس قبول حق کے لیے دل ہے یا وہ حاضر دماغی کے ساتھ امر حق کی جانب کان لگائے ہوئے ہے۔"

تاریخ ولادت کی تحقیق:

تمام ارباب تاریخ و سیر کا تین باتوں پر کلی اتفاق ہے ایک یہ کہ ولادت کا سال "عام الفیل" تھا چنانچہ سیرت و مغازی کے مشہور امام محمد بن اسحاق رحمہ اللہ اور جلیل القدر محدث و مؤرخ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ جمہور کی یہی رائے نقل کرتے ہیں:

و كان مولده عليه الصلوة والسلام عام الفيل و هذا هو المشهور عن الجمهور و قال ابراهيم بن منذر الحزامي و هو الذى لا يشك فيه احد عنمائنا انه عليه الصلوة والسلام وُلِدَ عام الفيل.[1]

---

[1] تاریخ ابن کثیر ج ۲ ص ۲۶۱

"جمہور کے نزدیک یہی قول مشہور ہے کہ نبی ﷺ کی ولادت عام الفیل میں ہوئی اور ابراہیم بن منذر کہتے ہیں کہ اس بات میں کسی عالم کو بھی شک وشبہ نہیں کہ نبی علیہ السلام عام الفیل میں پیدا ہوئے۔"

والمجتمع علیہ انہ علیہ السلام ولد عام الفیل۔ ❶

"اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ محمد ﷺ عام الفیل میں پیدا ہوئے۔"

اور دوسری اور تیسری بات یہ کہ آپ ﷺ کی ولادت ربیع الاوّل کے مہینے میں دوشنبہ (پیر) کے دن صبح صادق کے وقت ہوئی:

وھذا مالا خلاف فیہ انہ ولد ﷺ یوم الاثنین ثم الجمھور علی ان ذلک کان فی شھر ربیع الاول۔ ❷

"اور اس پر کلی اتفاق ہے کہ آپ ﷺ دوشنبہ (پیر) کے دن پیدا ہوئے، پھر جمہور کا یہ بھی فیصلہ ہے کہ ربیع الاوّل کا مہینہ تھا۔"

قال ابوقتادۃ رضی اللہ عنہ ان اعرابیا قال یا رسول اللہ ما تقول فی صوم یوم الاثنین فقال ذلک یوم ولدتُ فیہ و انزل علیّ فیہ۔ ❸

"ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گاؤں کے ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ﷺ پیر کے دن کے متعلق کیا فرماتے ہیں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ وہ دن ہے، جس میں میری ولادت ہوئی اور جس میں مجھ پر سب سے پہلی وحی نازل ہوئی۔"

لیکن اہل سیر و تاریخ اس بات میں مختلف الرائے ہیں کہ ربیع الاول کی کون سی تاریخ تھی عوام میں تو مشہور قول ہے کہ ۱۲ ربیع الاوّل تھی اور بعض کمزور روایات اس کی پشت پر ہیں اور اکثر علماء ۸ ربیع الاوّل کہتے ہیں لیکن صحیح اور مستند قول یہ ہے کہ ۹ ربیع الاوّل تاریخ ولادت ہے اور مشاہیر علماء تاریخ وحدیث اور جلیل المرتبہ ائمہ دین اسی تاریخ کو "صحیح" اور "اثبت" کہتے ہیں، چنانچہ حمیدی، عقیل، یونس بن یزید، ابن عبداللہ، ابن حزم، محمد بن موسیٰ، خوارزمی، ابوالخطاب ابن دحیہ، ابن تیمیہ، ابن قیم، ابن کثیر، ابن حجر عسقلانی، شیخ بدرالدین عینی جیسے مقتدر علماء کی یہی رائے ہے۔

محمود پاشا فلکی نے (جو قسطنطنیہ کا مشہور ہیئت داں اور منجم گزرا ہے) ہیئت کے مطابق جو زائچہ اس غرض سے مرتب کیا تھا کہ محمد ﷺ کے زمانہ سے اپنے زمانہ تک کے کسوف وخسوف (سورج گرہن و چاند گرہن) کا صحیح حساب معلوم کرے، پوری تحقیق کے ساتھ یہ ثابت کیا ہے کہ سن ولادت باسعادت میں کسی حساب سے بھی دوشنبہ (پیر) کا دن ۱۲ ربیع الاول کو نہیں آتا۔ بلکہ ۹ ربیع الاول ہی کو آتا ہے اس لیے بلحاظ قوت وصحت روایات اور باعتبار حساب ہیئت ونجوم ولادت مبارک کی مستند تاریخ ۹ ربیع الاول ہے۔ ❹

اصحاب فیل کے واقعہ سے کس قدر عرصہ بعد ولادت ہوئی؟ متعدد اقوال میں سے مشہور قول یہ ہے کہ پچاس دن بعد ظہور قدسی ہوا ہے:

وقیل بخمسین یوما و ھو اشھر۔ ❺

---

❶ تاریخ ابن کثیر ج ۲ ص ۲۶۱ ❷ ایضاً ج ۲ ص ۲۶۱ ❸ مسلم

❹ ۸ اور ۹ کا اختلاف حقیقی نہیں ہے بلکہ مہینے کے ۲۹ اور ۳۰ کے حساب پر مبنی ہے اور جبکہ حساب سے ثابت ہو گیا کہ صحیح تاریخ ۲۱ اپریل تھی تو ۸ کے متعلق تمام اقوال دراصل ۹ کی تائید میں پیش ہو سکتے ہیں۔

❺ فتح الباری ج ۶ و تاریخ ابن کثیر ج ۲ ص ۲۶۰

"ایک قول یہ ہے کہ اصحاب فیل کے واقعہ سے پچاس دن بعد ولادت باسعادت ہوئی اور یہی قول زیادہ مشہور ہے۔"

نسب مبارک:

نبی اکرم ﷺ عربی النسل ہیں اور عرب کے معزز قبیلہ قریش کی سب سے زیادہ مقتدر شاخ بنی ہاشم سے ہیں، قرآن عزیز نے اہل عرب کو خطاب کرتے ہوئے متعدد مقامات پر آپ ﷺ کے عربی نژاد ہونے کا ذکر کیا ہے:

﴿هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُزَكِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ۗ﴾(الجمعه: ۲)

"(خدا) وہ ذات ہے جس نے امیین (ان پڑھ لوگوں) میں سے ہی ایک رسول بھیج دیا جو ان پر اس کی آیات پڑھتا اور ان کا تزکیہ کرتا اور ان کو الکتاب (قرآن) اور حکمت سکھاتا ہے۔"

﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ﴾(التوبه: ۱۲۸)

"بلاشبہ تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک رسول (محمد ﷺ) آیا۔"

﴿اِذْ بَعَثَ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ﴾(آل عمران: ۱٦٤)

"جب کہ بھیج دیا اللہ نے ان میں ایک رسول جو بلحاظ نسب ان ہی میں سے ہے۔"

﴿وَ كَذٰلِكَ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی وَ مَنْ حَوْلَهَا﴾(الشورٰی: ۷)

"اسی طرح ہم نے آپ ﷺ پر قرآن کو بزبان عربی اتارا ہے تاکہ (اے محمد ﷺ) تم مکہ والوں اور ان کے گردوپیش کے بسنے والوں کو (برائیوں سے) ڈراؤ۔"

﴿اَعْجَمِیٌّ وَّ هٰذَا لِسَانٌ عَرَبِیٌّ مُّبِیْنٌ ۝﴾(النحل: ۱۰۳)

"کیا (اس قرآن کو سکھا دیتا ہے کوئی عجمی) اور حالت یہ ہے کہ یہ واضح عربی زبان میں ہے۔"

ماہرین انساب عرب کا اس پر اتفاق ہے کہ آپ ﷺ حضرت اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام کی نسل سے ہیں اس لیے کہ قریش بغیر کسی اختلاف رائے کے عدنانی، ہیں اور عدنان کے اسماعیلی ہونے میں دو رائے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔

عرب کے علم الانساب کے مشہور عالم محدث ابن عبدالبر تحریر فرماتے ہیں:

وأجمعوا ان محمداً رسول الله ﷺ من ولد عدنان و ان عدنان من ولد اسمٰعیلؑ و ان ربیعة و مضر من ولد اسمٰعیل۔ [1]

"اور علماء انساب کا اس پر اتفاق ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ عدنان کی نسل سے ہیں اور عدنان اسمٰعیل علیہ السلام کی نسل سے ہے

[1] القصد والامم ص ۲۲ والانباہ علی قبائل الرواہ ص ۴٦

اور ربیعہ اور مضر بھی اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں۔"

علماء انساب نے نسب نامہ کی تفصیل اس طرح بیان کی ہے:

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

اور والدہ کی جانب سے آپ ﷺ کا نسب نامہ کلاب پر جا کر پدری سلسلۂ نسب کے ساتھ مل جاتا ہے یعنی آمنہ بنت وہب بن عبدمناف بن زہرہ بن کلاب، کلاب کو حکیم بھی کہتے ہیں۔

البتہ عدنان اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے درمیان سلسلہ کے ناموں سے متعلق ماہرین انساب کی آرا مختلف [1] ہیں اس لیے نبی اکرم ﷺ نے اس کے متعلق ارشاد فرما کر "کذب النسابون" (نسب بیان کرنے والوں نے غلط بیانی کی ہے) کسی رائے کی توثیق نہیں فرمائی اور اپنے سلسلہ نسب کے متعلق صرف اس قدر ارشاد فرمایا ہے:

ان اللہ اصطفی کنانة من ولد اسمٰعیل واصطفی قریشا من کنانة واصطفی من قریش بنی ہاشم واصطفانی من بنی ہاشم. [2]

"اللہ تعالیٰ نے اسماعیل علیہ السلام کی نسل میں سے کنانہ کو ممتاز بنایا اور کنانہ میں سے قریش کو عزت وعظمت بخشی اور قریش میں سے بنی ہاشم کو امتیاز عطا فرمایا اور بنی ہاشم میں سے مجھ کو منتخب فرمایا۔"

گویا اس طرح سلسلہ نسب کے صرف ان حصوں کی تصدیق فرمائی جو ماہرین انساب کے درمیان بلا خلاف مسلم تھے۔

اسلام نے نسبی تفاخر اور اس پر مبنی سماجی رسم ورواج کو بہت بڑا گناہ اور جرم قرار دیا ہے۔ وہ کہتا ہے خدا کے یہاں فضیلت کا معیار "ایمان اور عمل صالح" ہے اور وہاں حسب ونسب کی کوئی پرسش نہیں ہے، نیز نسبی تفاخر اسلام کے بنیادی قانون "اخوت اسلامی" کے قطعاً منافی ہے اس لیے اسلام کے اجتماعی دستور میں اس کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے، تاہم واقعاتی طور پر تاریخ یہ پتہ دیتی ہے کہ ہمیشہ انبیاء ورسل علیہم السلام اپنی قوم اور اپنے ملک کے معزز خاندان میں سے ہوتے رہے ہیں، حکمت خداوندی کا یہ فیصلہ غالباً اس لیے ہوا کہ قوموں اور ملکوں کے رسم ورواج اور نسبی تفاخر کے خلاف ان کی دعوت حق اور ان کا پیغام صداقت کہیں ذاتی مفاد کے لیے نہ سمجھ لیا جائے اور اس طرح اس کا اخلاقی پہلو کمزور نہ ہو جائے مثلاً کسی سماجی زندگی میں ذات پات کی تقسیم اور کاسٹ سسٹم اس طرح موجود ہے کہ اس کی وجہ سے بعض انسان بعض کو حقیر وذلیل سمجھنے لگے ہیں تو اگر اس قوم یا ملک میں کوئی پیغمبر اس خاندان سے تعلق رکھتا ہو جس کو قومی اور ملکی رواج نے نیچ اور پست اقوام کا لقب دے رکھا ہے ایسی حالت میں اس ظلم صریح باطل کوشی کے خلاف اس پیغمبر کی صدائے حق اتنی سرعت کے ساتھ کامیاب نہ ہوتی جس قدر اس حالت میں ہو سکتی ہے جس کو وہ خود اس قوم ملک کے اونچے خاندان سے تعلق رکھتا ہو اور صرف ایک اسی خاص مسئلہ میں نہیں بلکہ اس کے پیغام حق کی تمام اصلاحات میں یہ فرق ضرور نظر آئے گا۔

بہر حال یہ حکمت ہر مقام اور ہر موقع پر مفید ہو یا نہ ہو عرب کے حالات وواقعات کے لیے از بس مناسب اور مفید ثابت ہوئی چنانچہ صدائے اسلام نے جب اپنی انقلابی اور اصلاحی گرج سے روحانیت کی خفتہ کائنات میں تہلکہ ڈال دیا تو ایک جانب نبی اکرم ﷺ

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۲ [2] مسلم

نے اہل عرب کو یہ سنایا کہ جہاں تک خاندانی امتیاز کا تعلق ہے تو میں قریشی بھی ہوں اور ہاشمی بھی، اور یہ امتیاز تمہارے نقطہ نظر سے بہت بلند ہے مگر میری نگاہ میں اس کی حیثیت صرف یہ ہے: "ولا فخر، یہ کوئی فخر کرنے کی چیز نہیں ہے۔" اور دوسری جانب نسبی تفاخر کی بنیادوں کے انہدام اور مساوات انسانی کی دعوت عام کے لیے اس خدائی فرمان کا اعلان کر کے کائنات انسانی کی تمام تاریک ذہنیت کے خلاف انقلاب عظیم برپا کر دیا:

﴿ يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ ﴾ (الحجرات: ۱۳)

"لوگو! میں نے تم سب کو ایک مرد و عورت سے پیدا کیا ہے (یعنی تخلیق انسانی کی ابتدا آدم اور اس کی بیوی حوا (علیہما السلام) سے ہوئی ہے) اور تم کو خاندانوں اور قبیلوں میں صرف اس لیے بانٹ دیا ہے کہ آپس میں (صلہ رحمی کے لیے) پہچان اور معرفت کا طریقہ قائم کر لو (اور اصل یہ ہے کہ) بلاشبہ اللہ کے نزدیک وہی عزت والا ہے جو تم میں سے پرہیزگاری کی زندگی بسر کرنے والا ہے۔"

اور حجۃ الوداع کے موقع پر جب آپ ہزار ہا صحابہ رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں وداعی پیغام سنا رہے ہیں اور اسلام کے بنیادی اصول کے استحکام کے لیے اہم وصایا پیش فرما رہے تھے اس حکم خداوندی کی تائید میں یہ انقلاب آفریں پیغام بھی ارشاد فرمایا:

ان اللہ یقول ﴿ يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ ﴾ فلیس لعربی علی عجمی فضلٌ و لا لعجمی علی عربی فضلٌ و لا لاسود علی ابیض فضل و لا لابیض علی اسود فضل الا بالتقوٰی یا معشر القریش لا تجیئوا بالدنیا تحملونها علی رقابکم و یجئ الناس بالاٰخرۃ فانی لا اغنی عنکم من اللہ شیئًا .... الخ [1]

"اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: "اے افراد نسل انسانی! بلاشبہ ہم نے تم کو ایک مرد و عورت سے پیدا کیا ہے اور ہم نے تمہارے درمیان خاندان اور قبائل بنا دیے ہیں تاکہ (صلہ رحمی کے لیے) تعارف پیدا کرو بلاشبہ تم میں اللہ کے نزدیک وہی برگزیدہ ہے جو زیادہ متقی (نیک کردار ہے) پس (خوب یاد رکھو کہ) نہ عربی کو عجمی پر کوئی فضیلت ہے اور نہ عجمی کو عربی پر کوئی برتری حاصل ہے نہ کالے کو گورے پر کوئی فضیلت ہے اور نہ گورے کو کالے پر کوئی بزرگی۔ بلکہ ان سب کے لیے فضیلت کا معیار صرف تقویٰ (نیک عملی) ہے۔ اے گروہ قریش! ایسا نہ ہو کہ تم (خاندانی فخر کے زعم باطل کی وجہ سے قیامت میں) دنیا کو کاندھے پر لاد کر لاؤ اور دوسرے لوگ (نیک عملی کی بدولت) آخرت کا سامان لے کر آئیں، واضح رہے کہ (تمہارے محض قریشی ہونے کی وجہ سے) میں تم کو خدا کے فیصلے سے قطعاً بے پرواہ نہیں بنا سکتا (خدا کے یہاں تو صرف عمل ہی کام آئے گا)۔"

اور ایک مرتبہ نسبی فخر کے خلاف تبلیغ حق کرتے ہوئے اس کو "جاہلی تعصب" فرمایا اور مسلمانوں کو اس سے بچنے کے لیے سخت

[1] مجمع الفوائد جلد ۱ از معجم طبرانی کبیر

تاکید فرمائی۔ ارشاد فرمایا:

((ان اللہ تعالیٰ قد اذھب عنکم عبیۃ الجاھلیتہ و فخرھا بالاباء و انما ھو مؤمن تقی او فاجر شقی الناس کلھم بنو ادم و ادم خلق من تراب)). [1]

"اللہ تعالیٰ نے (دعوت اسلام کے ذریعہ) تمہارے درمیان سے جاہلیت کے تعصب اور نسبی فخر کو مٹا دیا ہے اور اب انسان یا نیکوکار مومن ہے اور یا بدکار پاپی، سب انسان آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور آدم علیہ السلام کی پیدائش مٹی سے ہوئی ہے، (پھر فخر کرنے کا کیا موقع ہے)؟"

اسی مقدس تعلیم کا نتیجہ تھا کہ اسلام کے دور اولین میں نہ ذات پات کا کوئی سوال باقی رہ گیا تھا اور نہ خاندانی تفاخر کی کوئی حیثیت سمجھی جاتی تھی اور اس صدائے حق نے غلاموں تک کو سروری بخش دی تھی، چنانچہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی سالاری لشکر اور امامت جہاد، بلال حبشی رضی اللہ عنہ کے لیے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ارشاد "سید ھذہ الامۃ" "اس امت کا سردار" قریش اور ہاشمی صحابہ کے درمیان ایک عجمی انسان ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی جلالت و عظمت، صہیب رومی رضی اللہ عنہ اور سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی رفعت و بلندی مرتبت اور اسی قسم کے ہزاروں واقعات تھے جو چشم فلک نے آنکھوں سے دیکھے اور تاریخ نے آغوش صفحات میں محفوظ رکھے ہیں مگر وائے بدبختی کہ بیرونی اثرات اور عرب سے باہر عجمی ماحول نے ایک عرصہ کے بعد مسلمانوں کو پھر اسی لعنت سے دوچار کر دیا۔ جس کا مرثیہ اقبال مرحوم کو اس طرح کرنا پڑا۔ ع

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانہ میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

سرور دو عالم ﷺ نے یہ فرما کر ((انما ھو مومن تقی او فاجر شقی)) اس مسئلہ کو اس درجہ صاف کر دیا تھا کہ مسلمان کی زندگی میں کبھی اس کے برعکس زندگی کا کوئی اثر پڑنا ہی نہیں چاہیے تھا، ذات پات تو صرف اس لیے تھیں کہ چھوٹے چھوٹے حلقوں میں باہمی تعارف، صلہ رحمی اور حسن سلوک کا معاملہ ایک دوسرے کے ساتھ بآسانی ہو سکے، ورنہ کیسی ذات، کہاں کا خاندان؟ کون برادری؟ یہاں تو صرف دو ہی فطری اور نیچرل تقسیمیں ہیں یا "نیکوکار" یا "بدکار" کسی قوم، کسی خاندان اور کسی ملک کا انسان ہو اگر "سچی خدا پرستی" اور نیکوکاری رکھتا ہے تو وہ سب ایک برادری اور ایک قوم ہیں اور اگر مشرک و کافر اور بدکار پاپی تو یہ سب ایک گروہ اور ایک ٹولی ہیں۔

یتیمی:

خاتم الانبیاء محمد ﷺ کے والد ماجد کا نام عبداللہ اور والدہ ماجدہ کا نام آمنہ تھا۔ ابھی آفتاب ہدایت نے کائنات ہست و بود میں طلوع نہیں کیا تھا اور حضرت آمنہ کی مشکوئے معلیٰ اس ودیعت کی امین ہی تھی کہ والد ماجد کا انتقال ہو گیا اور ارباب سیرت کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ایک قافلہ تجارت کے ساتھ شام تشریف لے گئے تھے، واپسی میں جب قافلہ مدینہ (یثرب) پہنچا تو وہ بیمار ہو گئے اور

[1] ابوداؤد۔ ترمذی

اس لیے اپنے ننھیال بنی نجار میں قیام پذیر رہے قافلہ جب مکہ پہنچا تو عبدالمطلب نے بیٹے کے متعلق دریافت کیا قافلہ نے ان کی بیماری اور مدینہ میں قیام کا واقعہ کہہ سنایا۔ تب عبدالمطلب نے اپنے بڑے بیٹے حارث کو دریافت حال کے لیے مدینہ بھیجا، حارث جب مدینہ پہنچے تو معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ نے ایک ماہ چند روز بیمار رہ کر داعی اجل کو لبیک کہہ دیا۔ واپس آ کر جب حارث نے باپ کو حادثہ کی اطلاع دی تو عبدالمطلب اور تمام خاندان کو اس صدمہ جانکاہ نے بے حال کر دیا۔ کیونکہ عبداللہ اپنے باپ اور بھائیوں کے بہت چہیتے تھے۔

غرض جب ولادت باسعادت ہوئی تو اس سے قبل ہی آپ ﷺ کو یتیمی کا شرف حاصل ہو چکا تھا، چنانچہ قرآن نے آپ ﷺ کی یتیمی و دنیوی وسائل سے محرومی کے باوجود آغوش رحمت کردگار میں نشوونما پا کر ہادی عالم بننے کا معجزانہ اختصار کے ساتھ سورہ والضحیٰ میں تذکرہ کیا ہے:

﴿ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝ ﴾ (الضحیٰ: ۶-۸)

"(اے پیغمبر!) کیا تجھ کو خدا نے یتیم نہیں پایا پھر اپنی آغوش (رحمت) میں جگہ دی اور کیا تجھ کو ناواقف نہیں پایا، پھر تجھ کو (کائنات کی ہدایت کے لیے) ہدایت ماب بنایا اور کیا تجھ کو (ہر قسم کے وسائل سے محروم و محتاج نہیں پایا) پھر تجھ کو (ہر قسم کی سروری دے کر) غنی بنا دیا۔"

بقول حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ ان آیات میں عجیب و غریب اعجاز اور اسلوب بیان کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کے تمام ارتقائی مدارج کا تذکرہ ہے تم سمجھتے ہو، کہ ﴿ فَاٰوٰى ﴾ کے معنی یہ ہیں کہ پروردگار عالم نے آپ ﷺ کو رہنے سہنے کی صورت پیدا کر دی یا آپ ﷺ کو بے یار و مددگار نہیں رہنے دیا، یہ بھی صحیح ہے مگر اس کلام ربانی کی اصل روح یہ ہے کہ اس نے ذات اقدس ﷺ کو ہر قسم کے مادی اسباب و وسائل سے بے پرواہ رکھ کر اپنی آغوش رحمت میں لے لیا اور آپ ﷺ کے نشوو ارتقاء کو خالص اپنی تربیت میں کامل و مکمل کیا۔ [1] اور ﴿ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴾ کی تفسیر کو خود قرآن ہی نے دوسری جگہ روشن کر دیا ہے مثلاً سورۂ شوریٰ میں ہے:

﴿ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ۭ ﴾ (الشوریٰ: ۵۲)

"اور اسی طرح ہم نے تیری جانب اپنے "امر" کی روح کا القاء کیا (حالانکہ اس سے پہلے) نہ تو کتاب (قرآن سے واقف تھا اور نہ ایمان (کی حقیقت) سے، لیکن ہم نے اس کو "نور" (روشنی) بنا دیا ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں (اس کی صلاحیت و استعداد کے پیش نظر) اس کے ذریعہ ہدایت دیتے ہیں۔"

اور آیت ﴿ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴾ میں دنیوی احتیاج و غناء کا ذکر روح کلام نہیں ہے بلکہ اس جانب اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے

[1] تفسیر ابن کثیر

آپ ﷺ کو قربت و کمال کا وہ مرتبہ عظمیٰ عطا فرمایا ہے کہ مادی اور روحانی ہر قسم کی احتیاج سے بالاتر بنا کر صفات حمیدہ اور اخلاق کریمانہ کی مثل اعلیٰ "غنا" سے بہرہ ور بنا دیا، یہی وہ غنی ہے جس کا خود ذات اقدس ﷺ نے اس طرح ذکر فرمایا ہے:

((لیس الغنٰی عن کثرۃ العرض ولکن لغنٰی عن النفس)).

"غنا مالداری کی بہتات کا نام نہیں ہے حقیقی غنیٰ "نفس کا ماسوی اللہ سے مستغنیٰ ہو جانا" ہے۔"

عمر مبارک ابھی چھ سال ہی کی تھی کہ آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ آمنہ کا بھی انتقال ہو گیا بی بی آمنہ آپ ﷺ کو آپ کے ننھیال (مدینہ) میں لے کر گئی تھیں، واپسی میں مقام ابوا میں بیمار ہو گئیں اور چند روز علیل رہ کر وہیں انتقال فرمایا اور سن مبارک ابھی آٹھ منزلیں ہی طے کر پایا تھا کہ دادا عبدالمطلب نے بھی دنیا سے منہ موڑ لیا اور اس طرح عہد طفلی ہی میں وسائل تربیت اور دنیوی اسباب کفالت سے محرومی نے گویا مشیت الٰہی کی جانب سے یہ اعلان کر دیا کہ جس ذات قدسی صفات کو خدائے واحد نے خالص اپنی تربیت کے لیے منتخب کر لیا ہے کیسے ممکن ہے کہ اس کو دنیوی اسباب و وسائل تربیت کا محتاج بنائے۔

اللہ تعالیٰ نے ایک یتیم و یسیر اور مادی وسائل سے محروم ہستی کو اپنے لیے چن کر کس طرح اپنی ربوبیت کاملہ کا مظہر بنایا۔ سورہ انشراح میں اس حقیقت کو اچھوتے انداز میں بیان فرمایا:

﴿ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ﴿١﴾ وَ وَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ﴿٢﴾ الَّذِیْۤ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ﴿٣﴾ وَ رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ﴿٤﴾ ﴾ (الانشراح: ١-٤).

"کیا ہم نے (قبول حق و صداقت کے لیے) تیرا سینہ نہیں کھول دیا اور (معرفت الٰہی کی حقیقی طلب اور قوم اور کائنات انسانی کی بے راہ روی پر ان کی ہدایت کی تڑپ کا) وہ بوجھ ہم نے تجھ سے دور کر دیا جس نے تیری کمر توڑ رکھی تھی اور ہم نے تیرے ذکر کو کائنات ہست و بود میں بلند کر دیا۔"

"شرح صدر" یہ کہ اب وسائل تعلیم و تعلم کے ذریعہ حاصل ہونے والے تمام علوم و معارف اس عطاء الٰہی اور وہبی معرفت و علم کے سامنے ہیچ ہو کر رہ گئے ہیں جس کی سمائی کے لئے ہم نے تیرے سینہ کو کھول دیا ہے، اب علوم و معارف کے بحر ناپیدا کنار بھی ہوں تو تیرے سینہ کا دامن وسیع ان کے لیے کافی و وافی ہے اور اسی "شرح صدر" نے معرفت الٰہی کے تمام پوشیدہ گنجینے تجھ پر وا کر دیے اور وہ سارا بوجھ تیرے سینہ پر سے ہٹ گیا جس نے تیری کمر کو اس لیے شکستہ کر رکھا تھا کہ قلبی جستجو اور دلی تڑپ کے باوجود تو اس سے قبل نہیں جانتا تھا کہ معرفت الٰہی کی راہ مستقیم کون سی ہے اور گم کردہ راہوں کی راہنمائی کی سبیل کیا ہے؟ مگر اب یہ سب کچھ روشن ہو جانے کے بعد ہم نے عالم بالا و پست میں تیرے ذکر کو وہ بلندی اور رفعت عطا فرمائی کہ تیرا مقام ؏

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

قرار پایا، چنانچہ نام احمد و محمد ﷺ ہے اور مقام، مقام محمود، سورۃ الحمد وظیفہ حیات ہے اور لواء حمد قیامت میں طغرائے امتیاز ؏

حسن یوسفؑ، دم عیسیٰؑ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

یہی نہیں بلکہ "قرآن کی تجدید دعوت" کے ذریعہ تیری صدائے حق نے اعتقاد و عمل اور ایمان و کردار کی راہ سے تمام دنیا کے نظام ہائے اجتماعی و سماجی میں جو عظیم الشان انقلاب بپا کر دیا اور سوسائٹی کے ہر شعبہ کی پرانی اور فرسودہ بساط کو اُلٹ کر جو نئی بساط بچھا دی اس نے تیرے ذکر کو وہ رفعت و برتری عطا کی کہ کوئی قوم، کوئی مذہب اور کوئی جماعت کسی نہ کسی شکل میں اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔

بت پرستی سے نفرت، خلوت پسندی اور عبادت الٰہی کا ذوق :

عہد طفولیت سے ازدواجی زندگی کے ابتدائی مراحل تک کے حالات و واقعات تفصیل کے ساتھ کتب سیرت و حدیث میں منقول ہیں۔ اس لیے وہیں لائق مراجعت ہیں۔ مختصر یہ کہ دادا عبدالمطلب کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کے چچا ابوطالب آپ ﷺ کے ساتھ بہت انس رکھتے تھے اور زندگی بھر آپ ﷺ کی رفاقت کا حق ادا کرتے رہے۔ انبیاء و رسل کی سنت کے مطابق آپ ﷺ نے اپنی روزی کا بار کسی پر نہیں ڈالا اور دنیوی مشاغل میں آپ ﷺ نے بکریاں بھی چرائیں اور تجارت بھی کی، شام کے مشہور تجارتی شہر بصریٰ میں بھی اس غرض سے تشریف لے گئے اور پچیس سال کی عمر میں یہی سفر حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے عقد کا باعث ہوا، آپ ﷺ خدیجہ رضی اللہ عنہا کا مال تجارت مضاربت پر بصریٰ کی منڈی میں لے گئے، خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام میسرہ بھی رفیق سفر تھا، اس درمیان میں آپ ﷺ کی صداقت و امانت، ایک یہودی راہب کی بشارت اور بیش بہا منافع تجارت کا جو تجربہ اور مشاہدہ کیا تھا میسرہ نے وہ سب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے کہہ سنایا چنانچہ یہی تاثر ازدواجی رشتہ کا باعث بن گیا۔

اب زندگی میں ایک اور انقلاب ہوا کہ آپ ﷺ کو خلوت گزینی کی طرف رغبت ہوئی اور غار حرا میں روز و شب بسر ہونے لگے، بت پرستی سے شروع ہی سے نفرت تھی اس لیے کبھی نہ کسی صنم کے آگے سر جھکایا اور نہ کسی ایسی مجلس میں شرکت فرمائی جو صنم پرستی کے میلے کہلاتے تھے، اب خلوت میں فطرت سلیم جس طرح راہنمائی کرتی خدائے واحد کی عبادت کرتے مگر ایک خلش سینہ میں ایسی تھی جو اس حالت میں بھی بے چین ہی رکھتی، اکثر یہ سوچ کر تڑپ جاتے تھے کہ میری قوم خصوصاً اور دنیاء انسانی عموماً کس طرح خدائے واحد کو چھوڑ کر صنم پرستی اور مظاہر پرستی میں مبتلا ہے اور یہ کہ اخلاق کی دنیا کس طرح اُلٹ گئی ہے آخر وہ کونسا نسخہ کیمیاء ہے جو اس حالت میں انقلاب پیدا کر دے اور سچی خدا پرستی اور نیک عملی پھر ایک مرتبہ اپنی نمود دکھلائے۔

یہی جذبات و تاثرات تھے جو قلب مضطرب میں موجزن تھے اور خلوت کدۂ حرا میں انہی کیفیات کے ساتھ ذات اقدس ﷺ مصروف یاد الٰہی رہتی اور جب کئی کئی دن اس طرح گزر جاتے تو کبھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا حاضر ہو کر آذوقہ حیات دے جاتیں اور کبھی خود بنفس نفیس جا کر چند روز کا سامان خورد و نوش لے آتے اور حراء میں پھر مشغول عبادت ہو جاتے، چنانچہ چودہ صدیاں گزرنے کے بعد بھی آج حرا زبان سے اس کیف آگیں منظر کا شاہد ہے جس کا لطف اس نے برسوں اٹھایا ہے، مشہور محدث و مؤرخ حافظ عماد الدین ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے اس واقعہ ان مختصر الفاظ میں حسن و خوبی کے ساتھ بیان کیا ہے:

و انما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب الخلا و الانفراد عن قومه لما یراهم علیه من الضلال المبین من عبادة الاوثان و السجود للاصنام و قویت محبة للخلوة عند مقاربة ایحاء اللہ الیه صلوات اللہ و سلامه علیه۔ [1]

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۳ ص ۵

"اور رسول اللہ ﷺ (دور شباب میں) خلوت پسند ہو گئے تھے اور قوم سے الگ تنہائی میں وقت گزارتے تھے کیونکہ وہ قوم کی اس کھلی گمراہی کو دیکھ کر" کہ وہ بت پرستی میں مبتلا اور بتوں کے سامنے سجدہ گزار ہے" کڑھتے تھے اور جوں جوں آپ ﷺ پر وحی الٰہی کے نزول کا زمانہ قریب ہوتا جاتا تھا (مشیت الٰہی سے) اسی قدر آپ ﷺ کی خلوت پسندی میں اضافہ ہوتا جاتا، صلوات اللہ وسلامہ علیہ" اس ذات اقدس ﷺ پر خدا کی رحمتیں اور سلامتی نازل ہو۔"

بہرحال یہی وہ خلوت کدۂ عبادت تھا جہاں ذات اقدس ﷺ پر سب سے پہلے "وحی الٰہی" کا نزول ہوا اور بالترتیب سورۂ اقراء اور سورۂ مدثر کی چند آیات سنانے کے لیے بشیر ونذیر بنا دیا۔

حقیقت وحی:

یہ "وحی" و "تنزیل" کیا ہے جس کو "نبوت ورسالت" کے خصائص میں سے کہا جاتا ہے اور یہ "منصب نبوت ورسالت" کیا شے ہے جس کا "وحی وتنزیل" کے ساتھ اتنا گہرا اور قریبی تعلق ہے کہ منطقی اصطلاح میں "لازم وملزوم" کہا جا سکتا ہے اور اس اصطلاحی گفتگو سے قطع نظر سادہ الفاظ میں اس سوال کو کیوں نہ اس طرح پیش کر دیا جائے کہ کائنات انسانی کے ہر معاملہ میں جبکہ حسن وقبح کے درمیان امتیاز پیدا کرنے کے لیے فطرت نے ہم کو "جوہر عقل" عطا کر دیا ہے اور انسان کے اندر کی یہ سرچ لائٹ (Search Light) ہر ایک مادی شعبۂ حیات میں رہنمائی کرتی ہے تو پھر "رسول ونبی کے ذریعہ پیغام الٰہی" کی حاجت کیا ہے؟ اور عالم روحانیات کے مسائل اور معرفت الٰہی کے حصول میں تنہا "عقل" ہی کیوں کافی نہیں سمجھی جاتی؟ یہی وہ سوال ہے جس کے حل ہو جانے پر "وحی" اور "نبوت" دونوں کی حقیقت بھی خود بخود واضح ہو جا سکتی ہے۔

اس سوال کو حل کرنے کے لیے پہلے ایک تمہید قابل توجہ ہے اور دراصل وہی اس مسئلہ کی کلید ہے۔

تم جب کائنات کے وجود وخلق کو عمیق فکر ونظر سے مشاہدہ کرتے ہو تو یہ حقیقت ہر جگہ ابھری ہوئی نظر آتی ہے کہ خالق کائنات نے اپنی ربوبیت کاملہ کے فیض وعطا سے ہر شے کو جس طرح وجود بخشا اور خلق کیا اس کو "ہدایت" (راہنمائی) سے بھی سرفراز کیا ہے اور اگر یہ نہ ہوتی تو کائنات کا وجود وخلق مہمل اور بیکار ہو جاتا، کیونکہ یہی "ہدایت" ہر ایک جاندار پر زندگی اور معیشت کی راہ کھولتی، ان کی حیات کو مفید بناتی اور ضروریات حیات کی طلب وحصول میں راہنمائی کرتی ہے اور یہی ناموس فطرت کا وہ فیض عام ہے جس کے بغیر کوئی مخلوق بھی سامان حیات اور وسائل تربیت سے استفادہ نہیں کر سکتی ورنہ وجود وحیات کی یہ گرمجوشیاں ہی ظہور پذیر ہو سکتیں۔

"مچھلی کے جائے کن تیرائے" اسی حقیقت کی جانب اشارہ ہے، وہ جب اس دنیا میں آنکھ کھولتے ہیں تو خود بخود پانی میں تیرنے لگتے اور اپنی غذا کی جستجو میں مصروف ہو جاتے ہیں، پرندوں کے بچے انڈے سے باہر آتے ہی ہوا میں اُڑنے کی کیوں کوشش کرتے نظر آتے ہیں، حیوان اور انسان کا بچہ جب اس کارگاہ ہستی میں قدم رکھتا ہے تو بھوک وپیاس دور کرنے کے لیے ماں باپ سے تعلیم حاصل نہیں کرتا بلکہ خود بخود ماں کے سینہ پر منہ رکھ کر غذا کے خزانہ سے دودھ کیوں چوسنے لگتا ہے۔ آخر یہ سب کیا ہے اور کیوں ہے؟ تم کہتے ہو کہ یہ فطرت کا قانون ہے جو ان سب کو "فیض ہدایت" سے فیض یاب کر کے مخلوق کی نشوونما کا سامان مہیا کرتا ہے، یہ "ہدایت" ہے جو ہر حرکت حیات میں اپنا کام کر رہی ہے اور یہ "فیض ہدایت" ہے جو خالق کائنات کی جانب سے مخلوقات کی نشوونماء کے لیے "فیض عام" ہوا ہے۔

لیکن ابھی وسعت نظر کو آگے بڑھنے دیجئے اور قدرت حق کے مشاہدہ کے لیے تیز گام ہو جیے تو کارگہ قدرت اور نوامیس فطرت کی کرم فرمائیاں اور زیادہ جلوہ آرا نظر آئیں گی۔ اور تم دیکھو گے کہ یہ "ہدایت" بھی دوسری موجودات کی طرح ارتقائی درجات رکھتی ہے اور ہر ایک درجہ اپنی افادیت کی نمود جدا رکھتا ہے۔ چنانچہ اس راہ میں سب سے پہلے "وجدان کی ہدایت" سامنے آتی ہے اور یہ طبیعت حیوانی کے "فطری اور باطنی الہام" کا نام ہے، یہی وہ ابتدائی درجہ ہے جو بچہ کو قید ہستی میں آنے کے فوراً بعد ہی کسی خارجی تعلیم و تربیت کے بغیر اس کی غذا کا پتہ دیتا اور اسباب حیات کے لیے معلم بنتا ہے اور یہی وہ حقیقت ہے جو انسان کی ارتقائی منزل پر پہنچ کر اور "ضمیر کی آواز" "اندر کی صدا" بن کر حقائق کی معرفت کے لیے خارجی دلائل و براہین سے زیادہ قوی حجت ثابت ہوتی ہے۔ اس کے بعد "ہدایت حواس" کا درجہ ہے یہ پہلے درجہ سے بلند ہے اور اس کی عطاء و بخشش سے ہر ایک ذی روح دیکھنے، سننے، سونگھنے، چکھنے، چھونے کی قوتیں حاصل کرتا ہے اور ان کے ذریعہ کائنات عالم میں اپنی افادیت اور استفادہ دونوں کو ترقی دیتا ہے۔

قدرت حق کی جانب سے یہ دونوں درجے انسان اور حیوان دونوں کو عطاء ہوئے ہیں اور دونوں کی یکساں طور پر راہنمائی کرتے ہیں، مگر ان دونوں سے بلند ایک درجہ اور ہے جو "ہدایت عقل" کہلاتا ہے اور صرف "انسان" ہی کے لیے مخصوص ہے اور یہ بھی پہلے دو درجوں کی طرح بدیہی اور فطرت کے قوانین و نوامیس میں نمایاں جگہ رکھتا ہے۔ یہی وہ "ہدایت" ہے جو انسان کو بقیہ تمام حیوانات سے امتیاز بخشتی، اس کے سامنے فکر و نظر اور ترقیوں کی راہیں کھولتی ہے اور اسی کی بدولت وہ "اشرف المخلوقات" کہلانے کا مستحق سمجھا جاتا ہے۔

عطیہ الٰہی "ہدایت" کے یہ تینوں درجے اپنے اپنے حلقۂ اثر میں حضرت انسان کی راہنمائی کا حق ادا کرتے رہتے ہیں۔ چنانچہ "وجدان" اس میں سعی پیہم کا جوش و ولولہ پیدا کرتا ہے "حواس" اس کے لیے معلومات فراہم کرتے ہیں اور "عقل" اس کو جزئیات و کلیات کا علم بخشتی اور ان سے متعلق احکام و نتائج ترتیب دیتی ہے۔

غرض یہی وہ "ہدایت" ہے، قرآن عزیز نے جس کا ذکر انسانی تخلیق و تربیت کے سلسلہ میں کیا ہے، مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے باہمی مکالمہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدائے برحق کی ربوبیت کاملہ کا جس طرح اظہار فرمایا ہے اس کا ذکر یوں کیا ہے۔ سورۂ طٰہٰ میں ہے:۔

﴿ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۝ ﴾ (طٰہٰ:۵۰)

"ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی بناوٹ دی پھر اس پر راہ عمل کھول دی۔"

اور سورۂ اعلیٰ میں ہے:

﴿ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ ﴾ (الاعلیٰ:۲-۳)

"وہ پروردگار جس نے ہر چیز پیدا کی پھر اس کو درست کیا پھر ہر وجود کے لیے ایک اندازہ ٹھہرا دیا، پھر اس پر راہ عمل کھول دی۔"

اور سورۂ بلد میں ہے:

﴿ اَلَمۡ نَجۡعَلۡ لَّهٗ عَيۡنَيۡنِ ۙ﴿۸﴾ وَ لِسَانًا وَّ شَفَتَيۡنِ ۙ﴿۹﴾ وَ هَدَيۡنٰهُ النَّجۡدَيۡنِ ۚ﴿۱۰﴾ ﴾ (البلد: ۸۔۱۰) [1]

"کیا ہم نے اس کو (دیکھنے کے لیے) دو آنکھیں نہیں دیں اور کیا (بولنے کے لیے) زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے، اور ہم نے اس کو اچھی اور بری دونوں راہیں دکھادیں۔"

اور سورۂ دہر میں ہے:

﴿ اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ۖ نَّبۡتَلِيۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِيۡعًۢا بَصِيۡرًا ﴿۲﴾ اِنَّا هَدَيۡنٰهُ السَّبِيۡلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ اِمَّا كَفُوۡرًا ﴿۳﴾ ﴾ (الدھر: ۲۔۳)

"ہم نے انسان کو (مرد و عورت کے) ملے جلے نطفہ سے پیدا کیا جس کو (ہم) مختلف حالتوں میں پلٹتے ہیں پھر اسے سننے والا اور دیکھنے والا بنا دیا، ہم نے اس پر راہ عمل کھول دی، اب یہ اس کا کام ہے کہ شکر گزار بنے یا ناشکر گزار۔"

مگر یہ بات بھی بہت صاف ہے کہ ہدایت کے ان ہر سہ مراتب "وجدان" "حواس" "عقل" کی راہ عمل اپنے اپنے دائرۂ عمل ہی تک محدود ہے یعنی "وجدان" ایک جاندار کے اندر زندگی کے لیے جوش عمل اور سعی مسلسل ولولہ تو پیدا کرسکتی ہے مگر حیوان یا انسان سے باہر محسوسات خارجیہ کا ادراک اور علم اس کے دائرۂ عمل سے خارج ہے، اسی طرح "ہدایت حواس" محسوسات کا ادراک ضرور پیدا کردیتی ہے لیکن یہ اس کے احاطۂ عمل سے باہر ہے کہ وہ محسوسات کے نتائج و احکام اور جزئیات سے کلیات کا اور کلیات سے جزئیات کا استنباط کرسکے کیونکہ یہ کارفرمائی "ہدایت عقل" سے متعلق ہے جو عام حیوانات کے لیے نہیں بلکہ صرف انسان کے ساتھ ہی مخصوص ہے۔

تو "ہدایت عقل" اگرچہ پہلی دونوں ہدایات کے مقابلہ میں بلند مرتبہ رکھتی اور کائنات کی بلند ترین ہستی (حضرت انسان) کی راہنمائی کرتی ہے تاہم اس سے بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ "عقل" کا دائرہ وسیع تر ہونے کے باوجود پھر محدود ہے کیونکہ یہ ایک حقیقت ثابتہ ہے کہ عقل جو کچھ اور جس قدر بھی نتائج و احکام کا استنباط و استخراج کرتی ہے اس کا دائرہ محسوسات ہی تک محدود رہتا ہے اور حواس خمسہ (قوت باصرہ، سامعہ، لامسہ، شامہ، ذائقہ) نے اپنی اپنی خدمات انجام دے کر جو کچھ ہمارے لیے فراہم کیا ہے "عقل اسی پر اپنا تصرف کرتی اور کرسکتی ہے لیکن یہ بات کہ محسوسات کی سرحد سے پرے کیا کچھ ہے اور اس پردے کے پیچھے کیا ہے؟ اس مقام پر پہنچ کر "عقل" بھی عاجز و درماندہ ہو کر رہ جاتی ہے اور یہ "درجہ ہدایت" بھی اس سلسلہ میں ہم کو کسی قسم کی روشنی پہنچانے سے معذور نظر آتا ہے۔

علاوہ ازیں اگر وجدان کی تکمیل کے لیے حواس اور حواس کی تکمیل کے لیے عقل کی ہدایت موجود نہ ہوتی تو انسان ہرگز ان مدارج ارتقاء اور مراتب رفیع پر نہ پہنچ پاتا جن تک آج پہنچا ہوا ہے اور آئندہ جن تک پہنچنے کے لیے میدان عمل میں گامزن ہے، اگر انسان

---

[1] اس آیت میں وجود کائنات کے چار مراتب بیان کرکے قرآن نے ایک عظیم الشان "حقائق علمیہ" کا ایک باب کھول دیا ہے یہ چار مراتب بالترتیب "خلق، تسویہ، تقدیر، ہدایت" ہیں اور یہی چار مراتب خلاصہ حقائق ہیں خلق یہ کہ وجود بخشا، تسویہ یہ کہ اس کی استعداد کے مطابق اس کی درست کاری کی، تقدیر یہ کہ ہر شے سے متعلق اس کے بدء خلق سے اس کے نتیجہ حیات تک کے لیے پہلے سے ایک مقررہ اندازہ طے کردیا اور ہدایت یہ کہ اس پر ہر قسم کی راہ عمل کھول دی۔ تفصیلات کتب تفاسیر میں مطالعہ فرمائیں۔

میں وجدان کی قوت نہ ہوتی تو کس طرح حواس کی دنیا تک اپنی حیات کو پہنچا سکتا اور اگر محسوسات کے ادراک کے لیے حواس کی قوتیں نہ ہوتیں تو انسان کس طرح اپنی ذات سے خارج اشیاء کا ادراک کر سکتا اور ترقی کے لیے کوئی قدم اٹھا سکتا اور جبکہ حواس کے وسائل ادراک محدود ہیں، اور نہ صرف محدود بلکہ بسا اوقات گمراہی اور غلطی میں مبتلا کر دیتے ہیں مثلاً ہم کو طویل فاصلہ کی بڑی سے بڑی چیز چھوٹی نظر آتی ہے یا خلط صفراء کے بڑھ جانے سے شیریں سے شیریں چیز ذائقہ میں تلخ معلوم ہوتی ہے یا فاصلہ ہونے کی وجہ سے ہم رنگوں کے امتیاز میں اکثر غلطی کر جاتے ہیں تو ان تمام حالتوں میں، عقل کی ہدایت، کام آتی اور صحیح راہنمائی کرتی ہے اور اصل حقیقت کو پیش نظر لاتی ہے، وہ کہتی ہے کہ اگر طویل فاصلہ کی بناء پر تم کو "جہاز" ایک چھوٹی سی چیز نظر آتا ہے تو یہ نگاہ اور قوت باصرہ کا قصور ہے ورنہ جہاز ایک لمبی چوڑی اور بڑی شے کا نام ہے، اسی طرح شیریں اور تلخ کا فیصلہ کرتی ہے اور کہتی ہے کہ حقائق میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی شیریں ہر حالت میں شیریں ہے، اس لیے ذائقہ کی یہ تلخی مرض کی وجہ سے ہے غرض حواس کی غلطیوں سے محفوظ رکھ کر اصل حقیقت کو واضح کرنا "عقل کی ہدایت" کا فریضہ ہے اس لیے ہم ایک قدم اور آگے بڑھا کر یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اس سے قطع نظر...... کہ عقل محسوسات کی حدود سے آگے کچھ نہیں جانتی ...... انسان کی عملی زندگی کے تمام حالات میں عقل کی ہدایت بھی کافی اور مؤثر ثابت نہیں ہوتی اس لیے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ نفس انسانی، جذبات، رجحانات اور قسم قسم کی خواہشات سے متاثر و مغلوب ہے بلکہ اکثر یہ مشاہدہ ہوتا رہتا ہے کہ جب "عقل" اور "جذبات" کے درمیان کشمکش ہوتی ہے تو فتح "جذبات" ہی کی ہوتی ہے اور "عقل" درماندہ ہو کر رہ جاتی ہے۔

تو ان حالات میں "عقل" ہی تقاضا کرتی ہے کہ یہاں "عقل سے بھی بلند" اور کوئی درجہ ہونا چاہیے جو عقل سے زیادہ مؤثر رہنما اور ہر قسم کی کوتاہیوں سے پاک اور بے لوث ثابت ہو۔

اس تمہید کا حاصل یہ نکلا کہ انسان محسوسات کے دائرہ میں محدود رہ کر بھی اور ماوراء محسوسات کے ادراک کے لیے بھی "ہدایت عقل" سے بلند (ایک چوتھے) درجہ ہدایت کا محتاج ہے تو اب لائق غور و فکر ہے یہ بات کہ جس "رب العالمین" نے اپنی ربوبیت کاملہ سے انسان کے ارتقائی کمالات کی حاجات وضروریات کے پیش نظر ہدایت وجدان سے بلند ہدایت حواس اور ہدایت حواس سے رفیع ہدایت عقل عطا فرمائی تو جبکہ عقل کی ہدایت بھی خاص حدود سے آگے نہیں جا سکتی اور حصول کمالات اور اعمال کے صحیح ضبط و نظم کے لیے ہی کافی نہیں ہے۔ نیز ماوراء محسوسات کے عدم علم کے باوجود اس کے انکار پر کوئی مثبت علمی دلیل موجود نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس وجدانی جذبات و احساسات اور شعور نفس اس کے "حقیقت" ہونے کا پتہ دیتے ہیں تو کیا اس خدائے برحق کی ربوبیت اور فیض رحمت کے لیے یہ منافی نہ تھا کہ وہ انسان کو "ہدایت عقل" سے بلند کوئی "مرتبہ ہدایت" عطا نہ کرے؟ ضرور منافی تھا اور اس لیے ایسا نہیں ہوا بلکہ اس نے اس کو ایک اور بلند تر مرتبہ "ہدایت وحی" بخشا، یہ مرتبہ ہدایت اپنی راہنمائی میں ہر قسم کی کوتاہیوں اور خطاء و قصور سے مامون و محفوظ ہے کیونکہ یہ خدا کی جانب سے ہر شے کی حقیقت کا علم و یقین عطا کرتا ہے اور ہدایت وحی کے افاضہ کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ایسی مقدس ہستی کو جو ہر قسم کے گناہوں اور عیوب سے "معصوم" ہوتی ہے اس مقصد کے لیے چن لیتا ہے کہ وہ اس کی جانب سے کائنات انسانی تک "ہدایت وحی" کو پہنچا دے، اس لیے یہ مقدس ہستی ایک جانب لوازم بشریت کے ساتھ مقید رہ کر دوسرے انسانوں کی طرح "انسان" اور "بشر" کہلاتی ہے اور دوسری جانب عیوب و مآثم سے "معصوم" رہ کر خدا کے ساتھ وہ تعلق رکھتی

ہے جو دوسرے مقدس سے مقدس انسانوں کو بھی حاصل نہیں ہوتا اور اس طرح خدا اور اس کے بندوں کے درمیان افاضۂ "ہدایت وحی" کے لیے ایلچی اور واسطہ بنتی ہے، ایسی حقیقت کا نام مذہب کی اصطلاح میں "نبوت و رسالت" ہے۔

قرآن حکیم نے ہدایت کے اس مرتبہ عالی کا جگہ جگہ ذکر کیا ہے۔ حسب ذیل چند شواہد ملاحظہ ہوں:

﴿وَ اَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى﴾ (حٰم السجدہ: ۱۷)

"لیکن قوم ثمود تو اسے بھی ہم نے راہ حق و ہدایت دکھلائی تھی لیکن اس نے اندھے پن کو پسند کیا اور "ہدایت" کی راہ نہ چلی۔"

﴿قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَ اُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ (الانعام: ۷۱)

"(اے پیغمبر!) کہہ دیجئے، یقیناً اللہ کی ہدایت ہی "حقیقی ہدایت" ہے اور ہم سب کو اس کا حکم دیا گیا ہے کہ تمام کائنات عالم کے پروردگار کے آگے سر عبودیت جھکا دیں۔"

﴿وَ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴾ (الروم: ۶۹)

"اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں سعی و جانفشانی کی تو ضرور ہے کہ ہم بھی ان پر اپنی راہیں کھول دیں اور بلاشبہ اللہ ان لوگوں کا ساتھی اور مددگار ہے جو نیک کردار ہیں۔"

﴿اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝ وَ اِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَ الْاُوْلٰى ۝﴾ (اللیل: ۱۲۔۱۳)

"بلاشبہ یہ ہمارا کام ہے کہ ہم رہنمائی کریں (ہدایت وحی عطاء کریں) اور یقیناً آخرت اور دنیا دونوں ہمارے ہی لیے ہیں۔"

ارتقائی نقطۂ نظر سے "ہدایت وحی" اور مسئلہ نبوت و رسالت کی وضاحت کے لیے اشہب فکر کو یوں بھی مہمیز کیا جا سکتا ہے کہ جب کہ یہ عقلی اور عملی نظریہ مسلمات میں سے ہے کہ "بقاء انفع" یا "بقاء اصلح" کے فطری قانون کے مطابق کائنات کی گوناگوں موجودات میں ہر ایک شے اپنے موجود رہنے کے لیے کوئی "حکمت و مصلحت" ضرور رکھتی ہے اور حکیم مطلق کا قانون فطرت کسی شے کو اسی وقت تک باقی رکھتا ہے جب تک اس کا وجود "نافع" اور "مفید" ہونے کی صلاحیت رکھتا اور جس غرض و غایت کے لیے اس کو پیدا کیا گیا ہے اس کو پورا کرتا ہے اور اسی قانون "بقاء انفع و اصلح" سے یہ بات بھی بہت واضح اور نمایاں طور پر ثابت ہوتی ہے کہ "نفع اور افادیت" کا سب سے اہم جزو یہ ہے کہ ہر شے اپنے سے بلند مخلوق اور سلسلۂ مخلوقات میں سے ہر نوع اپنے سے بلند نوع کی بقاء کے لیے مفید و معاون ثابت ہو، پس جبکہ حضرت انسان کو عقل بھی موجودات عالم کی سب سے بلند مخلوق اور مدارج ارتقاء کی بلند ترین کڑی تسلیم کرتی ہے اور اسی قانون کی رو سے موجودات عالم کی ہر شے اس کی خدمت، اس کے نفع اور اس کی افادیت میں مصروف عمل نظر آتی ہے تو یہ کیوں کر ممکن تھا کہ اشرف المخلوقات (انسان) کا وجدان، اس کے جذبات عالیہ اور اس کے افکار و خیالات کی پرواز جبکہ عالم مادیات سے کہیں زیادہ بلند اور رفیع ہیں اور اس کی عقل یہ جاننے کے باوجود کہ وہ ماوراء مادہ سے ناواقف ہے پھر بھی اس پردہ کے پیچھے کچھ ہونے کا احساس رکھتی اور اس کی معرفت کے لیے چسک محسوس کرتی ہے۔ فطرت الٰہی کا فیضان اور بقاء انفع کا ناموس اس کو عالم مادیات و محسوسات ہی کے اندر محصور رکھتا، اگر ایسا ہوتا تو بلاشبہ فطرت "بخیل" ٹھہرتی بلکہ یہ فطرت کا بہت بڑا ظلم ہوتا اور یہ ظاہر ہے کہ

تنہا عقل اس کو اس منزل تک پہنچانے کے لیے قاصر و نا کام ہے لہٰذا از بس ضروری تھا کہ "فطرت الٰہی" اس کی رہنمائی کے لیے مزید کوئی سامان مہیا کرتی اور انسان کی ذہنی و فکری ترقیوں کو درجۂ تکمیل تک پہنچاتی۔ پس ماوراء مادہ علوم و معارف اور کائنات انسانی کی فلاح و نجات کے مقصد عظیم کے لیے عقل کی رہنمائی کا یہی وہ فیضان الٰہی ہے جس کو قرآن کی اصطلاح اور مذہبی بول چال میں "وحی نبوت" کہا جاتا ہے اور آیات ذیل اسی حقیقت کا اعلان کرتی ہیں:

﴿ وَ اُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَ مَنْۢ بَلَغَ ﴾ (الانعام: ۱۹)

"اس نے (خدا نے) مجھ پر اس قرآن کی وحی کی تا کہ اس کے ذریعہ تمہیں (اہل عرب کو) اور انہیں جن تک اس کی تعلیم پہنچ جائے (ربع مسکون کو) "انکار اور بد عملی کے نتیجہ سے" ڈراؤں۔"

﴿ اِنَّاۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ كَمَاۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلٰی نُوْحٍ وَّ النَّبِیّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَ اَوْحَیْنَاۤ اِلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَ عِیْسٰی وَ اَیُّوْبَ وَ یُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَیْمٰنَ ۚ وَ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾ وَ رُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَیْكَ مِنْ قَبْلُ وَ رُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَیْكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰی تَكْلِیْمًا ﴿۱۶۴﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِیْنَ وَ مُنْذِرِیْنَ لِئَلَّا یَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا ﴿۱۶۵﴾ ﴾ (النساء: ۱۶۳-۱۶۵)

"(اے پیغمبر!) ہم نے تمہاری جانب اسی طرح "وحی" بھیجی جس طرح نوح علیہ السلام پر اور ان نبیوں پر جو نوح علیہ السلام کے بعد ہوئے بھیجی تھی، اور جس طرح ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب اور اولاد یعقوب، عیسیٰ ایوب، یونس، ہارون، سلیمان (علیہم السلام) پر بھیجی اور داؤد کو زبور عطاء فرمائی، نیز خدا کے وہ رسول جن کا حال ہم (قرآن میں) پہلے سنا چکے ہیں اور جن کا حال ہم نے تمہیں نہیں سنایا، اور (اسی طرح) اللہ نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا جیسا کہ واقعی طور پر کلام کرنا ہوتا ہے، یہ تمام رسول (خدا پرستی اور نیک عملی پر) خوش خبری دینے والے اور (انکار حق پر) ڈرانے والے تھے (اور اس لیے بھیجے گئے تھے) کہ ان کے آنے (اور نیک و بد بتلانے) کے بعد لوگوں کے پاس کوئی حجت باقی نہ رہے جو وہ خدا کے حضور پیش کر سکیں (یعنی یہ عذر کر سکیں کہ ہمیں راہ حق کی طرف کسی نے دعوت نہیں دی تھی) اور خدا (اپنے کاموں میں) سب پر غالب ہے اور (اپنے تمام کاموں میں) حکمت والا ہے۔"

﴿ وَ لَمَّا جَآءَ عِیْسٰی بِالْبَیِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَ لِاُبَیِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِیْ تَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۶۴﴾ ﴾ (الزخرف: ۶۳-۶۴)

"اور جب عیسیٰ علیہ السلام خدا کی) نشانیاں لے کر آیا، کہا "میں تمہارے پاس حکمت و دانائی لے کر آیا ہوں اور اس لیے آیا

ہوں کہ بعض ان باتوں کو جن کے متعلق تمہارے درمیان اختلاف ہے صاف صاف بیان کر دوں، پس اللہ کے متقی بندے بن جاؤ اور میری پیروی کرو (اس بات میں کہ) بیشک اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے پس اسی کی عبادت کرو کہ یہی سیدھا راستہ ہے۔"

﴿يَآيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ اعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ فَضْلٍ ۙ وَّ يَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝﴾ (النساء: ۱۷۴-۱۷۵)

"(اے افرادِ نسل انسانی!) تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے برہان (دلیل و حجت) آ گئی اور ہم نے تمہاری طرف واضح اور آشکارا روشنی بھیج دی پس جو لوگ اس پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کا سہارا مضبوط پکڑ لیا تو وہ انہیں عنقریب اپنی رحمت کے سایہ میں داخل کر دے گا اور ان پر اپنا فضل کرے گا اور انہیں اپنے تک پہنچنے کی راہ دکھائے گا۔ ایسی راہ جو بالکل سیدھی راہ ہے۔"

قرآن نے ان آیات میں "ہدایت وحی" کو "حکمت" "برہان" (حجت و دلیل اور نور مبین) (آشکار روشنی) کہا ہے تاکہ یہ بخوبی واضح ہو جائے کہ جس طرح محسوسات و مادیات کے لیے "عقل" کو "روشنی" اور "دلیل راہ" کہا جاتا ہے اسی طرح عقل کے دائرۂ حدود سے آگے کے لیے "ہدایت وحی" یہی حیثیت رکھتی اور یہی خدمات انجام دیتی ہے۔

"ہدایت وحی" کی ضرورت پر اب تک جو کچھ کہا گیا اگر اس کے علاوہ مزید اضافہ مطلوب ہو تو مبدأ فیاض کے اس لطیف و حسین فیضان کے متعلق اس روشن پہلو سے بھی نظر کی جا سکتی ہے کہ جب ہم حواس کی قوتوں کا فکر عمیق سے مطالعہ کرتے ہیں تو یہ حقیقت صاف نمایاں نظر آتی ہے کہ ناموس فطرت نے یہاں ایک قوت کے عملی نظام کو اس طرح سانچہ میں ڈھالا ہے کہ انسان کے اندر ودیعت کی ہوئی قوت حواس اس وقت تک اپنا صحیح عمل نہیں کر پاتی جب تک خارج سے اس کی مدد نہ کی جائے۔ مثلاً قوت باصرہ دیکھنے کی قوت کا نام ہے اور تم اس سے اپنی زندگی میں برابر کام لیتے رہتے ہو اور اس بحث سے "قطع نظر" کہ جو شے باہر موجود ہے وہ آنکھ کے باریک پردوں پر اپنا عکس ڈال رہی ہے یا آنکھ کے پردوں میں جو روشنی ہے وہ اندر سے بشکل شعاع نکل کر موجود خارجی کو متاثر کر رہی ہے، اور اس کو ہم "دیکھنا" کہتے ہیں۔ "تم" نے کبھی اس پر ضرور غور کیا ہوگا کہ جب تم کسی قسم کی بھی روشنی میں ہوتے ہو تو اپنی قوت باصرہ کی استعداد کے مطابق جس شے کو دیکھنا چاہتے ہو دیکھتے ہو لیکن جوں ہی تاریکی کا شکار ہو جاتے ہو اور شب دیجور کے ساتھ ابر سیاہ کے پردے روشنی پر چھا جاتے ہیں اس وقت حلقۂ چشم میں قوت باصرہ کی موجودگی کے باوجود تم یہ کہا کرتے ہو کہ "ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا" تو آخر بینا ہوتے ہوئے ایسا کیوں کہتے ہو؟ تمہارا جواب اس وقت یہ ہوتا ہے کہ قانون قدرت نے یہی مقرر کر دیا ہے کہ باطنی قوائے عمل اس وقت تک اپنا صحیح کام نہیں کرتے جب تک خارج سے اس سلسلہ کی مدد نہ پہنچے۔ اس لیے قوت باصرہ کی باطنی قوت بھی محتاج ہے کہ دیئے (چراغ) کی روشنی سے لے کر ماہتاب و آفتاب تک جس حیثیت کی بھی روشنی ہو اپنا عملی مظاہرہ کر سکے گی اور یہی حال دوسرے حواس کا بھی ہے۔

پس اگر یہ صحیح ہے اور بلاشبہ صحیح ہے کہ خدائے واحد کا قانونِ قدرت اور ناموس فطرت اپنی وحدت کی جلوہ نمائی کا مظاہرہ کائنات مادی اور عالم روحانی میں یکساں طور پر کرتا رہتا ہے تو بے تامل یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگرچہ اس میں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں کہ "عقل" حضرت انسان کے اندر کی وہ روشنی ہے جس کو ید قدرت نے انسانیت کے ارتقائی منازل پر گامزن ہو کر انسانیت کی "مثل اعلیٰ" اور "مقصد عظیم" کو پانے کے لیے ودیعت کیا ہے، مگر مسطورۂ بالا قانون یہاں بھی اسی طرح کارفرما ہے جیسا کہ قوائے حواس میں کارفرما نظر آتا ہے یعنی اگر "عقل" عالم محسوسات و مادیات کے دائرے میں اپنا عملی مظاہرہ کرنا چاہتی ہے تو وہ محسوسات خارجی کی مدد کی ضرور محتاج رہتی ہے، مثلاً اس کا یہ فریضہ ہے کہ جزئیات کے ذریعہ "کلی" کا استخراج کرے، لیکن وہ ایسا جب ہی کر سکے گی کہ خارج میں اس سلسلہ کی جزئیات کا ایک بڑا ذخیرہ اپنے حقائق اصلیہ کو اس کے سامنے پیش کرے۔ پس اگر عقل کی روشنی اور ان حقائق کے درمیان وہم، خیال اور ظن کے تاریک پردے حائل ہو جائیں تو عقل کی روشنی ہرگز اپنا صحیح کام نہیں کر سکتی۔ اسی طرح جب وہ ماوراء محسوسات (روحانیات) کی جانب اپنی روشنی کو متوجہ کرتی ہے تو یہی اوہام، ظنون، خیالات اور جذبات فاسدہ کے تاریک پردے، اس کے اور عالم روحانیات کے درمیان عموماً حائل ہو جاتے ہیں، اور وہ اکثر و بیشتر ان سے مغلوب ہو کر گم کردہ راہ ہو جاتی اور معرفت حق اور معرفت باطل کے درمیان فرق و امتیاز سے عاجز نظر آتی ہے۔ ایسی حالت میں خالق کائنات کی رحمت کاملہ اور ربوبیت تامہ اس کو خاسر و نا کام نہیں چھوڑتی اور خارج سے اس کی پوری مدد کرتی ہے اور یہی وہ خارج کی روشنی ہے جو نبی اور پیغمبر کے ذریعہ کائنات انسانی تک پہنچی، اور دین و مذہب کی زبان میں "وحی روشنی" کہی جاتی ہے۔ چنانچہ قرآن عزیز نے اسی حقیقت کو نمایاں کرنے کے لیے جگہ جگہ وحی کو "نور" (روشنی) سے تعبیر کیا ہے:

﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝﴾ (النساء: ۱۷۴)

"(اے افراد نسل انسانی!) تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی جانب سے برہان (دلیل و حجت) آ گئی اور ہم نے تمہاری جانب واضح اور آشکارا "روشنی" (وحی الٰہی بشکل قرآن) بھیج دی۔"

﴿ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ ﴾ (المائدہ: ۱۵)

"اللہ کی جانب سے تمہارے پاس (حق کی) "روشنی" آ چکی اور ایسی کتاب آ گئی جو (اپنی ہدایتوں میں نہایت) روشن کتاب ہے۔"

﴿ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَ يَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَ لَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ ﴾
(التوبہ: ۳۲)

"یہ لوگ (مشرکین، یہود، نصاریٰ) چاہتے ہیں "اللہ کی روشنی" کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں حالانکہ اللہ یہ "روشنی" پوری کیے بغیر رہنے والا نہیں اگرچہ کافروں کو پسند نہ آئے۔"

﴿ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ﴾ (ابراہیم: ۵)

"اور (دیکھو واقعہ یہ ہے کہ) ہم نے اپنی نشانیوں کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کو بھیجا تھا کہ اپنی قوم کو تاریکیوں سے نکالے اور "روشنی" میں لائے۔"

﴿وَ كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَ لَا الْاِيْمَانُ وَ لٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَ اِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ۝۵۲﴾

(الشوریٰ:۵۲)

"اور اسی طرح ہم نے تیری جانب اپنے "امر" میں سے "روح امر" کی وحی بھیجی حالانکہ اس سے قبل تو نہیں جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب؟ اور نہیں جانتا تھا کہ کیا ہے ایمان؟ لیکن ہم نے اس کو (قرآن کو) نور (روشنی) بنایا، ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ان کو اس کے ذریعہ راہ دکھاتے ہیں، اور اے پیغمبر! بلاشبہ تو (لوگوں) کو سیدھی راہ کی جانب راہنمائی کرتا ہے۔"

پھر اس مسئلہ کی اہمیت پر ایک دوسرے پہلو سے بھی فکر ونظر کی ضرورت ہے وہ یہ کہ ہم اس عالم ہست و بود میں روز و شب کے مشاہدات وتجربات سے یہ نتیجہ نکالنے میں حق بجانب ہوتے ہیں کہ یہاں ہر شے کی کیفیت وکمیت یا اس کی حقیقت معلوم کرنے کے لیے ایک "ترازو" یا "پیمانہ" ضرور ہے اور یہ کہ ہر ایک "پیمانہ" اور ہر ایک "ترازو" اپنے اندر ایک خاص صلاحیت رکھتا اور اپنی صلاحیت کے مطابق ہی اشیاء کے ناپ تول میں کام دے سکتا ہے مثلاً موتی اور جواہرات کے تولنے کے لیے ایک خاص ترازو (کانٹا) ہے، اب اگر ہم یہ چاہیں کہ اس میں شکر، روئی، غلہ جیسی چیزوں کو تولیں تو ظاہر ہے کہ اس کے لیے یہ نہیں، بلکہ دوسری قسم کا ترازو کام دے گا، یا مثلاً کپڑا، زمین وغیرہ جیسی اشیاء کی پیمائش کے لیے ہم ایک خاص قسم کا پیمانہ (گز) استعمال کرتے ہیں۔ پس اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس سے حرارت و برودت کی بھی پیمائش کرلیں تو اس کے لیے یہ نہیں بلکہ دوسرا پیمانہ تھرمامیٹر ❶ کام میں لانا ہوگا، اور اسی طرح ہوا کے دباؤ اور سطح کی اونچائی معلوم کرنے کے لیے بیرومیٹر ❷ اور زلزلوں اور بھونچالوں کی حالت دریافت کرنے کے لیے سیسومیٹر ❸ اور آواز کی مقدار وقوت کی پیمائش کے لیے فونومیٹر ❹ جدا جدا قسم کے پیمانے استعمال کرنے ہوں گے کیونکہ ان کی اپنی صلاحیت و استعداد کار کا یہی فطری تقاضا ہے کہ اگر اس کے خلاف ان کا استعمال کیا جائے گا تو یا تو قطعاً بیکار ثابت ہوں گے اور یا صحیح حقیقت نہ بتلا سکیں گے حالانکہ ان سب کا ایک ہی کام ہے یعنی "ماپ تول" اور ایک ہی نام ہے "ترازو اور پیمانہ" مگر ہر شے کی حقیقت اور اس کی کیفیت وکمیت کے پیش نظر چونکہ ان سب کی صلاحیت کار کی حدود متعین ہیں لہٰذا ان میں سے کوئی ایک بھی اپنی حدود سے متجاوز ہو کر کارآمد ثابت نہیں۔

قانون قدرت کی کارفرمائی کو رہنما بنا کر اگر ہم اسی نقطۂ نظر سے آگے قدم بڑھائیں اور خالص مادیات سے گزر کر معنویات کی حدود پر جا پہنچیں تو یہاں بھی وہی کرشمہ قدرت نظر آتا ہے یعنی انسان کی انفرادی و اجتماعی حیات کے لیے رحمت کردگار نے جو پیمانے مقرر کیے ہیں، اور جن کو وجدان، حواس اور عقل کہا جاتا ہے ان میں بھی جدا جدا صلاحیتوں کے اعتبار سے حدود منقسم ہیں، مثلاً پیمانہ "وجدان" انسان کی صرف اسی کیفیت وحالت سے متعلق ہے جو قدرت کے ہاتھوں نے اس کے وجود کے ساتھ ساتھ اس میں ودیعت

---

❶ ThermaMeter ❷ BeroMeter ❸ SesisoMeter ❹ PhoneMeter

کر دی ہے اور حواس کا پیمانہ ان ہی اشیاء سے تعلق رکھتا ہے جو دیکھنے، سننے، چکھنے، چھونے اور سونگھنے میں آ سکتی ہیں اور پیمانہ "عقل" ان دونوں سے آگے عالم مشاہدات و محسوسات کے حقائق اور ان کی کیفیات کے جانچنے ان کے درمیان امتیاز پیدا کرنے، ان سے نتائج اخذ کرنے اور ان پر احکام صادر کرنے کی خدمت انجام دیتا ہے۔

پس اگر ہم چاہیں کہ "وجدان" سے "حواس" اور "حواس" سے "عقل" کا کام لیں تو خود عقل ہی کے نزدیک ایسا کرنا غلط ہوگا، کیونکہ یہ قانون فطرت کی مقررہ حدود کی خلاف ورزی کے مرادف ہے جس کے اقدام پر ناکامی کے ماسوا اور کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

لیکن عقل انسانی اس کے آگے نہ جاننے کے باوجود پھر جاننے کی جستجو رکھتی اور اپنی ترقی کو اس کے اندر محدود نہیں سمجھتی، نیز تمام خارجی دلائل سے بڑھ کر انسان کے اندر کی قوی تر حجت و برہان "وجدان" ان ہر دو عالم سے بھی بلند تر عالم کے وجود کا جو پتہ دیتی ہے اس کے پیش نظر ہم وسعت نظر کا قدم اور آگے بڑھاتے اور مسطورۂ بالا عالم معنویات سے لطیف تر معنوی عالم کا کھوج لگانا چاہتے اور اس کائنات سے اپنا رشتہ جوڑنا چاہتے ہیں، جہاں حسن، صداقت اور محبت [1] (ذات حق کی صفات ربوبیت، عدالت اور رحمت) اپنی جلوہ آرائیوں سے اس کائنات کو بھی منور کر رہی ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں پہنچ کر پیمانہ عقل بھی کوتاہ ہو کر رہ جاتا ہے اور اس کی رفعت پرواز وہاں تک رسائی نہیں کر پاتی، خصوصاً ایسی حالت میں کہ انسانوں کے درمیان "عقل" کا اس درجہ تفاوت موجود ہے کہ ایک شخص کی عقل اس کو نہ صرف ممکن الوقوع سمجھتی ہے بلکہ اس کو وجود پذیر کر دکھاتی ہے بلکہ تفاوت عقلی کی بوالعجبیوں کا تو یہ حال ہے کہ ایک ہی شخص کی عقل ایک وقت جس بات پر ناممکن کا فتویٰ صادر کر دیتی ہے دوسرے وقت میں اسی بات کو ممکن سمجھنے لگتی ہے تو جب پیمانہ عقل کا عالم محسوسات میں یہ حال ہے تو عالم غیب تک اس کی رسائی معلوم؟ اور پھر جس پیمانہ کے توازن کو غیر متوازن بنانے کے لیے وہم و خیال اور جذبات کا سیل رواں موجیں مارتا رہتا ہو کیسے کہا جا سکتا ہے کہ خارج سے مدد و یاری کے بغیر "عقل" معرفت الٰہی اور علوم غیب تک رسائی حاصل کر سکتی ہے؟

پس انسان کی بیچارگی و درماندگی کے اس مقام پر بھی رحمت کردگار اپنے فیضان سے اس کو محروم نہیں رکھتی اور معنوی اور روحانی حقائق کی معرفت کے لیے ایک مقدس ہستی (پیغمبر) کے ذریعہ اس کو عقل سے بھی رفیع و لطیف پیمانہ "ہدایت وحی" عطا کر دیتی ہے۔ تا کہ انسان "سعادت و شقاوت" میں امتیاز کرنے کے بعد حیات سرمدی اور "نجات ابدی" کو پا سکے۔

قرآن عزیز نے "وحی الٰہی" کو یہی حیثیت دیتے ہوئے سورۂ شوریٰ میں ارشاد فرمایا ہے:

﴿اَللّٰهُ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِیْزَانَ ؕ﴾ (الشوریٰ: ۱۷)

"اللہ وہ ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب (قرآن) کو نازل کیا اور اتارا "میزان" (ترازو) کو یعنی دین حق کو جو حق و باطل کے لیے ترازو اور پیمانہ ہے۔"

---

[1] آج کل علمائے جدید میں یہ بحث جاری ہے کہ سائنس نے اپنی حدود کو اس طرح محدود رکھا کہ اس کے دائرہ میں حسن، صداقت اور محبت کی کوئی قدر و قیمت نظر نہیں آتی اور اس لیے وہ خدا کی ہستی کی معرفت ضروری نہیں سمجھتی مگر یہ سائنس کا کمال نہیں ہے بلکہ نقص ہے جو آج نہیں تو کل ضرور پورا ہو کر رہے گا۔

چنانچہ شاہ عبدالقادر صاحب (نور اللہ مرقدہ) موضح القرآن میں اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

"ترازو فرمایا دین حق کو جس میں بات پوری ہے نہ کم نہ زیادہ۔"

صاحب وحی کی معرفت کی وجدانی دلیل:

"ہدایت وحی" یا "نبوت و رسالت" کی حقیقت و اہمیت پر گزشتہ سطور میں کوتاہ قلمی کے باوجود جو کچھ سپرد قرطاس کیا گیا اس کی تکمیل کے لیے اس سوال کو بھی حل کرنا از بس ضروری ہے کہ جب کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ وہ "حامل وحی" ہے اور "خدا کا پیغمبر اور ایلچی" تو اس کے دعوائے صدق و کذب کی معرفت کا کون سا طریقہ ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ "علم الکلام" کے ماہرین (متکلمین) نے اس معرفت کے لیے بہت سے دلائل و براہین پیش کیے ہیں اور اس مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر اس پر معرکۃ الآراء بحثیں کی ہیں تاہم وہ اپنے طرز استدلال میں اصطلاحی فلسفیانہ اسلوب رکھتی ہیں جس کو ہم "مذہبیات" و "روحانیات" میں خاص اہمیت دینے کو آمادہ نہیں ہیں کیونکہ اس راہ میں وہی اسلوب بیان مفید، دل نشین اور جاذب قلوب ہوسکتا ہے جس کی بنیاد و نہاد وجدانی طرز استدلال پر رکھی گئی ہو اور عقلیت کا پورا پورا لحاظ رکھتے ہوئے اصطلاحی فلسفہ و منطق کی قیود میں اس کو پابہ زنجیر نہ کر دیا گیا ہو اور یہ اس لیے کہ معرفت الٰہی اور معرفت علوم غیبیہ کے لیے دلیل "وجدان" سے زیادہ دوسری کوئی دلیل و برہان موثر نہیں ہے، اسی حکمت بالغہ کے پیش نظر قرآن عزیز کے تمام عقلی استدلالات..... جن پر غور کرنے کے لیے "قرآن" عقل و فکر اور تدبر کو مخاطب بناتا ہے..... کی بنیاد بھی "وجدان" پر قائم کی گئی ہے البتہ یہ قرآن حکیم کا اعجاز بلاغت ہے کہ ان وجدانی دلائل کو اگر کوئی فلسفی دقیق فلسفیانہ طریق استدلال کے سانچہ میں ڈھال کر زیر بحث لانا چاہے تو یہ وجدان پر مبنی استدلالات اسی اہمیت و قوت کے ساتھ اپنی صداقت اور ثمرہ و نتیجہ کو اس رنگ میں بھی تسلیم کرا لیتے ہیں۔

غرض "وجدان" اس سوال کا جواب یہ دیتا ہے کہ تم مدعی نبوت کی زندگی کو "صداقت کی کسوٹی" پر خوب کسو اور اگر آج وہ ہستی تمہارے سامنے نہیں ہے تو تعصب اور نسلی و جماعتی حسد سے پاک اور بے لوث ہو کر بے لاگ تاریخی حقائق سے دریافت کرو، پس اگر تم پر یہ حقیقت منکشف ہو جائے کہ اس کی قبل از دعوائے نبوت زندگی کا ہر شعبہ حیات صداقت و حقانیت کا مظہر ہے اور ہر ایک شعبۂ زندگی بے داغ صداقت کا پیکر اور نہ صرف اسی قدر بلکہ اس کا وجود ہر قسم کی بداخلاقیوں، گناہوں اور آلودگیوں سے پاک اور "معصوم" ہے اور اخلاقی بلندیوں کا مخزن اور ان ہی کیفیات و حالات کے ساتھ اس نے جانے بوجھے لوگوں میں زندگی کا بڑا حصہ گزارا ہے تو پھر اس کے دعوائے صداقت میں شک و شبہ کرنا عقل سلیم کے خلاف ہوگا کیونکہ عقل بآسانی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ جس ہستی نے اپنی مدت حیات کے طویل عرصہ میں نازک سے نازک موقعوں پر بھی کبھی ایک لمحہ کے لیے انسانی دنیا پر جھوٹ نہ بولا ہو، آخر دماغی و قلبی انقلابات کی وہ کونسی تاریخ ہے جس کی بنا پر ایسی باہوش و حواس ہستی کے متعلق یہ کہا جا سکے کہ وہ خالق کائنات "خدائے برحق" پر کذب بیانی اور افترا پردازی کے لیے یک بیک آمادہ ہو جائے، چنانچہ قرآن عزیز نے اسی حقیقت کو سورۂ یونس میں اس طرح بیان فرمایا ہے:

﴿قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَ لَاۤ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾ (یونس: ١٦-١٧)

"اور تم کہو" اگر اللہ چاہتا تو میں قرآن تمہیں سناتا ہی نہیں اور تمہیں اس سے خبردار ہی نہ کرتا (مگر اس کا چاہنا یہی ہوا کہ تم میں اس کا کلام نازل ہو اور تمہیں اقوام عالم کی ہدایت کا ذریعہ بنائے) پھر دیکھو، یہ واقعہ ہے کہ میں اس معاملہ سے پہلے تم لوگوں کے اندر ایک پوری عمر بسر کر چکا ہوں کیا تم سمجھتے بوجھتے نہیں؟ پھر اس سے بڑا ظالم کون ہے جو باندھے اللہ پر بہتان یا جھٹلائے اس کی آیتوں کو، بیشک بھلا نہیں ہوتا گنہگاروں کا۔"

"صاحب وحی" کی صداقت کی یہ ایسی بہترین کسوٹی اور دلیل ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ نے ٦ھ میں پادشاہان دنیا کے نام اسلام کی دعوت و پیغام کے سلسلہ میں والا نامے بھیجے تو وقت کی سب سے بڑی طاقت (رومن امپائر) کے بادشاہ ہرکلیوس (ہرقل) کے پاس حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نامہ مبارک لے کر پہنچے تب اس نے بھی جب آپ ﷺ کی صداقت کو پرکھنا چاہا تو سب سے پہلے اسی وجدانی دلیل کو "معیار صداقت" ٹھہرایا اور صورت حال یہ پیش آئی کہ اس نے سرکاری حکام سے دریافت کیا، یہاں کوئی حجازی قافلہ موجود ہے جس سے اس ہستی کے متعلق معلومات حاصل ہو سکیں؟ اتفاق سے ابوسفیان (جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے) کی سرکردگی میں ایک تجارتی قافلہ مقیم تھا۔ چنانچہ ان لوگوں کو شاہی دربار میں طلب کیا گیا اور ہرکلیوس نے رئیس التجارۃ (ابوسفیانؓ) سے نبی اکرم ﷺ کے متعلق چند سوالات کیے جن میں سب سے اہم سوال یہ تھا کہ "وہ تمہارے اندر ہی پلا بڑھا، رہا سہا ہے تو کیا تم نے اس کی زندگی کے اس طویل دور میں کبھی جھوٹ کا شائبہ پایا ہے؟" ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: "کبھی نہیں بلکہ اس کے برعکس وہ اپنی قوم میں "الصادق الامین" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے" یہ سن کر ہرکلیوس نے یہ کہا:

و سألتك هل كنتم تتهمونه بالكذب قبل ان يقول ما قال فذكرت ان لا فقد اعرف انه لم يكن ليذر الكذب على الناس ويكذب على الله. (بخاری ج ١)

"میں نے تجھ سے یہ بھی دریافت کیا: کیا کبھی اس کے اس دعویٰ سے قبل تم نے اس کو جھوٹا پایا ہے؟" تو نے کہا: "کبھی نہیں" تب میں نے یقین کر لیا کہ جو ہستی انسانوں پر جھوٹ کہنے کو آمادہ نہ ہو وہ کبھی خدا پر جھوٹ نہیں بول سکتی۔"

"جو ہستی انسانوں پر جھوٹ کہنے کو آمادہ نہ ہو وہ کبھی خدا پر جھوٹ نہیں بول سکتی۔" دیکھئے یہ جملہ اس سلسلہ میں وجدان انسانی کا کس درجہ صحیح ترجمان ہے کہ ہرکلیوس نے بھی تمام عقلی و نقلی دلائل سے الگ ہو کر وجدان کے تقاضے سے پہلی دلیل جو پیش کی وہ وہی تھی جس کو وجدان کے خالق (خدائے برتر) نے اپنے پیغمبر سے (صداقتِ دعویٰ کے لیے) پیش کرائی۔ چنانچہ مولانا ابوالکلام آزادؒ نے ان آیات کی تفسیر اسی حقیقت کی روشنی میں اس طرح کی ہے:

"پھر آیت (١٦) میں صداقت نبوت کی ایک سب سے زیادہ واضح اور وجدانی دلیل بیان کی ہے ..... فرمایا، ساری باتیں چھوڑ دو، صرف اس بات پر غور کرو کہ میں تم میں کوئی نیا آدمی نہیں ہوں جس کے خصائل و حالات کی تمہیں خبر نہ ہو، تم ہی میں سے ہوں اور اعلان وحی سے پہلے ایک پوری عمر تم میں بسر کر چکا ہوں، یعنی چالیس برس تک کی عمر کہ عمر انسانی کی پختگی کی کامل مدت ہے اس تمام مدت میں میری زندگی تمہاری آنکھوں کے سامنے رہی بتلاؤ اس تمام عرصہ میں کوئی ایک بات بھی تم نے سچائی اور امانت کے خلاف مجھ میں دیکھی؟ پھر اگر اس تمام مدت میں مجھ سے یہ نہ ہو سکا کہ کسی انسانی معاملہ میں جھوٹ بولوں تو کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ اب خدا پر بہتان

باندھنے کے لیے تیار ہو جاؤں اور جھوٹ موٹ کہنے لگوں، مجھ پر اس کا کلام نازل ہوتا ہے؟ کیا اتنی سی موٹی بات بھی تم نہیں پا سکتے؟

تمام علماء اخلاق ونفسیات متفق ہیں کہ انسان کی عمر میں ابتدائی چالیس برس کا زمانہ اس کے اخلاق وخصائل کے اُبھرنے اور بننے کا اصل زمانہ ہوتا ہے جو سانچہ اس عرصہ میں بن گیا پھر بقیہ زندگی میں بدل نہیں سکتا پس اگر ایک شخص چالیس برس کی عمر تک "صادق وامین" رہا ہے، تو کیونکر ممکن ہے کہ اکتالیسویں برس میں قدم رکھتے ہی ایسا کذاب ومفتری بن جائے کہ انسانوں پر ہی نہیں بلکہ ﴿فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ﴾ "آسمان وزمین کے پیدا کرنے والے خدا" پر افترا کرنے لگے؟

چنانچہ اس کے بعد فرمایا: دو باتوں سے تم انکار نہیں کر سکتے جو شخص اللہ پر افتراء کرے اس سے بڑھ کر کوئی شریر نہیں اور جو صادق کو جھٹلائے وہ بھی سب سے زیادہ شریر انسان ہے اور شریر ومفتری انسان کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اب صورت حال نے یہاں دونوں فریق پیدا کر دیے۔ اگر میں مفتری علی اللہ ہوں تو مجھے ناکام ونامراد ہونا پڑے گا، اگر تم سچائی کے مکذب ہو تو تمہیں اس کا خمیازہ بھگتنا ہے، فیصلہ اللہ کے ہاتھ ہے اور اس کا قانون ہے کہ مجرموں کو فلاح نہیں دیتا۔

چنانچہ اللہ کا یہ فیصلہ صادر ہو گیا، جو مکذب تھے ان کا نام ونشان بھی باقی نہیں رہا، جو صادق تھا اس کا کلمہ صدق آج تک قائم ہے اور قائم رہے گا۔ [1]

بہر حال "صاحب وحی" کے دعوائے صداقت کی یہ وجدانی دلیل عقل سلیم اور فکر مستقیم کی نگاہ میں "علم الیقین" پیدا کرنے کے لیے کافی ووافی ہے، تاہم بقیہ شرائط یعنی صداقت تعلیم نزول وحی کا ادعاء اور مخالفین کے مقابلہ میں تحدی (چیلنج) اور تحدی کا ایفاء "مدعی نبوت ورسالت" کے لیے یہ تمام امور بھی از بس ضروری ہیں اور اپنی جگہ تفصیل طلب اور قابل لحاظ ہیں اس لیے کہ ان شرائط کے پیش نظر ہی نبی اور مصلح کے درمیان امتیاز، نبی اور ساحر وشعبدہ باز کے مابین فرق بین اور نبی اور متنبی میں تضاد قائم کیا جا سکتا ہے۔ [2]

بعثت :

غرض خاتم الانبیاء ﷺ کی حیات طیبہ کے انفرادی اور اجتماعی دونوں پہلوؤں کا یہ حال تھا کہ ایک جانب خلوتہائے راز میں معرفت الٰہی کے لیے استغراق، صراط مستقیم کی جستجو، نوع انسانی کے اصلاح حال کی تڑپ اور طلب تھی اور دوسری جانب افراد قوم و ملک کے ساتھ راست گفتاری، صداقت شعاری، حسن معاملت اور اصابت فکر جیسے اخلاق کریمانہ وصفات حمیدہ سے متصف معاشرتی زندگی کا مظاہرہ تھا اور ان امتیازات کی وجہ سے ہر فرد کی نگاہ میں آپ ﷺ کی وہ قدر ومنزلت تھی کہ باتفاق رائے "الصادق الامین" کے لقب سے یاد کیے جاتے تھے اور کل جو دشمنی ان کو محمد رسول اللہ ﷺ سے دعوائے نبوت کی بناء پر ہوئی وہ آج محمد ﷺ بن عبداللہ کے ساتھ قطعاً نہیں تھی اور سب ہی ان کی تقدیس وتطہیر کے قائل تھے۔

یہی حالات وواقعات تھے جبکہ عمر مبارک چالیس منزلیں طے کر چکی تھی، رمضان کا مہینہ تھا اور آپ ﷺ غار حرا میں مشغول عبادت تھے کہ اچانک آپ ﷺ کے سامنے جبرئیل علیہ السلام فرشتہ نمودار ہوا اور اس نے بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ

---

[1] ترجمان القرآن ج ۲ ص ۱۵۰

[2] یہ مباحث علم کلام میں قابل مراجعت ہیں لیکن قصص القرآن کی تمام جلدوں کے مطالعہ سے یہ کل بحث تسلی بخش تفصیلات کے ساتھ مل جائیں گے۔

کو ثقلین کی رشد و ہدایت کے لیے چن لیا اور رسالت و پیغمبری کے منصب کبریٰ پر فائز کیا۔

یہ واقعہ چونکہ نوع انسانی کی تاریخ میں حیرت زا انقلاب کا باعث ثابت ہوا اور اس نے ذات اقدس ﷺ کو معراج رفعت کی اس حد پر پہنچا دیا جہاں عالم ادیان و ملل کے تمام اصلاحات و انقلابات اس ہستی کا فیض رحمت نظر آتے ہیں اس لیے تاریخ و حدیث کے روشن صفحات نے اس واقعہ کی تمام تفصیلات کو بسند صحیح اپنے سینہ میں محفوظ رکھا ہے، چنانچہ فن حدیث و تاریخ اسلام کے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور و مقبول کتاب الجامع الصحیح میں صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی سند سے اس واقعہ کو جن الفاظ میں نقل کیا ہے اس کا ترجمہ درج ذیل ہے۔ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

نبی اکرم ﷺ پر شروع میں سچے خوابوں کا سلسلہ جاری رہا۔ کوئی خواب آپ ﷺ نہیں دیکھتے تھے مگر وہ اپنی تعبیر میں اس درجہ روشن اور صحیح ثابت ہوتا تھا جیسا کہ طلوع صبح کے لیے سفیدۂ صبح کا ظہور ہوتا ہے پھر آپ ﷺ کو خلوت محبوب ہوگئی اور حراء میں مشغول عبادت رہنے لگے۔ گاہے گاہے آپ ﷺ اہل و عیال کے پاس بھی تشریف لے آتے تھے، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے لیے کچھ توشہ تیار کرتیں اور آپ ﷺ اس کو لے کر پھر غار میں واپس تشریف لے جاتے، اسی طرح حرا میں مشغول استغراق و عبادت تھے کہ اچانک ایک روز آپ ﷺ پر خدا کا فرشتہ نمودار ہوا اور کہنے لگا: "اِقْرَاء پڑھیے۔" نبی اُمی نے کہا: "ما انا بقاری، میں پڑھنا نہیں جانتا" پیغمبر ﷺ ارشاد فرماتے تھے "کہ جب میں نے فرشتہ سے یہ کہا تو اس نے مجھ کو گرفت میں لے لیا جس کی شدت سے مجھ کو تکلیف محسوس ہونے لگی اور پھر چھوڑ کر مجھ سے دوبارہ کہا "پڑھیے" اور میں نے وہی جواب پھر دیا "میں پڑھنا نہیں جانتا" تب اس نے پھر وہی عمل کیا، اور گرفت چھوڑ کر تیسری مرتبہ پھر پہلا جملہ دہرایا اور میں نے بھی وہی سابق جواب دیا غرض تین مرتبہ یہی گفتگو اور یہی عمل ہوتے رہنے کے بعد چوتھی مرتبہ فرشتہ نے (سورۂ اقراء کی) یہ چند آیتیں تلاوت کیں:

﴿ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ ﴾ (العلق: ۱۔۵)

"اپنے اس پروردگار کے نام سے پڑھ جس نے پیدا کیا۔ اس نے انسان کو خون بستہ سے پیدا کیا، پڑھ اور تیرا پروردگار بہت کرم کرنے والا ہے جس نے قلم (تحریر) کے ذریعہ (انسان کو) علم سکھایا، انسان کو وہ سب کچھ سکھایا جس سے وہ ناواقف تھا۔" [1]

غرض نبی اکرم ﷺ نے ان آیات کو دہرایا اور یہ آپ ﷺ کے ذہن نشین ہوگئیں، اس کے بعد جب حراء سے فارغ ہوئے تو یہ حالت کہ قلب (شدت وحی سے) کانپ رہا تھا، آپ ﷺ نے مکان میں داخل ہوتے ہی فرمایا: "مجھ کو کپڑا اڑھاؤ" (حضرت) خدیجہ رضی اللہ عنہا نے فوراً کپڑا اوڑھا دیا، جب آپ ﷺ کو سکون ہوا تو خدیجہ رضی اللہ عنہا کو تمام واقعہ کہہ سنایا اور پھر فرمایا: خشیت

---

[1] حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں بہت ہی لطیف بات ارشاد فرماتے ہیں، موضح القرآن میں لکھتے ہیں: اول جبرئیل علیہ السلام وحی لائے تو یہ پانچ آیتیں، حضرت (محمد ﷺ) نے کبھی لکھا پڑھا نہ تھا اس لیے (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا کہ قلم سے بھی علم وہی دیتا ہے یوں بھی (یعنی بغیر وسائل بھی وہبی طور پر) وہی دے گا۔

علی نفسی۔" مجھے جان کا خوف ہے۔" ❶ (حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے یہ سن کر عرض کیا: "قسم بخدا! خدا آپ ﷺ کو ہرگز رسوا نہیں کرے گا کیونکہ آپ ﷺ صلہ رحمی کرتے ہیں، مہمانوں کی مہمانداری، بیچاروں کی چارہ گری فرماتے اور مفلس کے لیے ذریعہ معاش مہیا کرتے ہیں اور حق رسی کی کڑی سے کڑی مصیبت میں مددگار بنتے ہیں۔ اس گفتگو کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں، ورقہ زمانہ جاہلیت کے ان لوگوں میں سے تھے جنھوں نے سچی عیسائیت کو قبول کر لیا تھا، عبرانی زبان سے واقف اور انجیل کی کتابت کیا کرتے تھے اور بہت ضعیف العمر اور نابینا تھے (حضرت) خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ورقہ سے کہا: برادر من آپ اپنے بھتیجے کا واقعہ تو سنئے۔" ورقہ نے دریافت حال کیا، تب نبی اکرم ﷺ نے گزرا ہوا واقعہ سنایا، ورقہ نے سنا تو کہا: هٰذا الناموس الذی کان ینزل علی موسٰی۔ یہ وہ فرشتہ (جبرئیل علیہ السلام) ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر وحی الٰہی لے کر آیا کرتا تھا۔ کاش کہ میں اس وقت تک زندہ رہوں جب تیری قوم تجھ کو تیرے وطن (مکہ) سے نکالے گی۔" آپ ﷺ نے دریافت کیا: "کیا میری قوم مجھ کو وطن سے بے وطن کرے گی" ورقہ نے کہا: "بیشک ایسا ہوگا اور جس پیغام کے لیے خدا نے آپ ﷺ کو پیغمبر بنایا ہے اس خدمت پر جو بھی مامور ہوا اس کے ساتھ یہی صورت پیش آئی ہے، پس اگر وہ وقت میری زندگی میں آیا تو میں پوری قوت کے ساتھ تیری حمایت کروں گا" مگر ورقہ کو یہ وقت نہیں آیا اس سے قبل ہی ان کا انتقال ہو گیا۔ ❷

حدیث بخاری اور بعض مستشرقین کی کوتاہ اندیشی:

صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں نزول وحی کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ پر فوری تاثر ہوا اس کو خود زبان مبارک سے اس طرح ظاہر کیا گیا ہے ((انی خشیت علی نفسی)) اور پھر اس کے متصل ہی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے تسکین دہ الفاظ منقول ہیں تو یہ واقعہ کا ایسا پہلو ہے جس کی فطری صداقت اور غیر مصنوعی سادگی خود بخود دل میں اتر جاتی ہے اور واقعہ کا نقشہ اس طرح سامنے آ جاتا ہے کہ ایک صادق و امین ہستی اپنی پاک اور بے لوث زندگی کے ساتھ ایک غار میں محو استغراق ہے، اس کے قلب میں خدائے برتر کے لیے عشق سے سرشار جذبہ عبودیت موجزن ہے، وہ شرک اور گناہوں کی آلودگیوں سے نفور و بیزار گوشہ تنہائی کو پسند کر کے پہاڑ کے ایک غار میں سرگرم عبادت ہے، یہ سلسلہ اگرچہ عرصہ سے جاری ہے مگر اچانک ایک روز خدا کا فرشتہ (جبرئیل علیہ السلام) جو ہمیشہ سے خدا کے پیغمبروں کے پاس وحی لے کر آتا رہا ہے، اس پر ظاہر ہوتا ہے اور وحی الٰہی کی پیغام رسانی کرتے ہوئے اس کو نبوت و رسالت کی بشارت دیتا ہے۔ یہ ہستی چونکہ اس سے قبل اس منصب جلیل کی حقیقت سے ناآشنا تھی اس لیے اس حیرت زا خبر اور وحی الٰہی کی عظیم ترین روحانی قوت کے زبردست اثر نے جو فوری انقلاب ذات اقدس ﷺ میں پیدا کیا اس کی وجہ سے تشویش اور گھبراہٹ کا رونما ہونا ایک فطری بات تھی "خشیت علی نفسی" کی مراد یہ نہیں تھی کہ جان کا خوف آپ ﷺ کو پریشان کیے ہوئے تھا، ایک عربی نژاد، قریشی الاصل اور شخصی شجاعت کے مالک سے اس قسم کی توقع کیسے ہو سکتی ہے؟ بلکہ مطلب یہ تھا کہ وہ اس بار عظیم کو برداشت بھی کر سکے گا یا نہیں، چنانچہ اس اعلیٰ تاثر کو اس مقدس انسان کی رفیقہ حیات خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے محسوس کرتے ہوئے اس کے اخلاق کریمانہ اور اوصاف حمیدہ کا ذکر کیا اور کہا کہ ایسی ہستی ناکام زندگی کے لیے نہیں ہوتی اور خدا کبھی آپ ﷺ کو رسوا نہیں کرے گا، اور

❶ یعنی مجھے یہ خوف ہے کہ شاید میں وحی کے بار کو برداشت نہ کر سکوں۔
❷ بخاری باب کیف بدء الوحی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

پھر اس مقدس پیغمبر کو ورقہ کے پاس لے گئیں تا کہ ایک ایسے شخص سے جو عرصہ سے خدا کی وحی اور خدا کی کتاب کا ذکر کرتا رہتا ہے اس اجمال کی تفصیل معلوم کریں۔

اس صاف اور سادہ بات کو دیکھیے اور پھر بعض مستشرقین یورپ کی اس مضحکہ خیز نکتہ چینی پر نظر ڈالیے جو تعصب اور کوتاہ نظری کی عینک لگا کر کی گئی ہے۔

اگر پیغمبر اسلام پر حراء میں وحی الٰہی کا نزول اور فرشتہ کا ظہور ہوا ہوتا تو پھر آپ ﷺ وحی الٰہی سے فیضیاب ہو کر اور منصب رسالت کی بشارت سن کر یہ کیوں فرماتے "انی خشیت علی نفسی" اور خدیجہ رضی اللہ عنہا کو تسکین دینے کی ضرورت پیش نہ آتی کیا آپ ﷺ کو خدا پر بھروسہ نہیں تھا۔

ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا، حقیقت حال کیا تھی اور اس کو رنگ و روغن دے کر کیا بنا دیا؟ یہاں نہ خدا پر عدم اعتماد کی کوئی جھلک ہے اور نہ فرشتہ کے ظہور اور وحی کے نزول پر ریب و شک کا معاملہ ہے بلکہ اس حقیقت کے اعتراف ہی کی وجہ سے جو صورت حال پیدا ہو گئی تھی اس کا ایک فطری تاثر ہے جو آپ ﷺ کی صداقت کا مزید ثبوت فراہم کرتا ہے، کیونکہ اگر اس کے برعکس کہیں آپ اس واقعہ کو اس طمطراق کے ساتھ پیش فرماتے کہ گویا ذات اقدس ﷺ کے لیے یہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ جانی بوجھی بات ہے تب البتہ اس کی گنجائش ہو سکتی تھی کہ اس شخص نے (دعوائے نبوت کے لیے) پہلے سے ایک منصوبہ قائم کر رکھا تھا، اور حراء کی خلوتیں بھی اسی مقصد کے لیے تھیں۔ چنانچہ اب موقع دیکھ کر اس نے یہ اعلان کر دیا کہ میں خدا کا پیغمبر ہوں اور مجھ پر وحی آتی ہے۔

بہر حال اس مسئلہ پر ہم نے مختصر طور پر جو کچھ لکھا ہے علماء اسلام نے مختلف اسالیب بیان کے ساتھ اسی حقیقت کا اظہار فرمایا ہے مثلاً: مشہور محدث و مفسر حافظ عماد الدین بن کثیر (رحمہ اللہ) فرماتے ہیں: [1]

ثم قال: ((لقد خشیت علی نفسی)) و ذلک لانہ شاھد امرا لم یعھدہ قبل ذلک و لا کان فی خلدہ۔

"آپ ﷺ نے فرمایا: ((لقد خشیت علی نفسی)) یہ اس لیے فرمایا کہ آپ ﷺ نے ایک ایسی حقیقت کا آج مشاہدہ کیا کہ اس سے قبل اس سے واقف نہیں تھے اور نہ کبھی آپ ﷺ کے دل میں یہ خیال گزرا تھا کہ ایسا کچھ پیش آئے گا۔"

اور حکیم الامہ شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ کی لطیف توجیہ کا حاصل یہ ہے:

"پھر آپ ﷺ پر غار حراء میں حق (وحی) کا نزول ہوا جب فرشتہ اور آپ ﷺ کے درمیان سلسلہ کلام ختم ہو گیا تو آپ ﷺ پر ایک خاص کیفیت طاری ہوئی جس کو ہم اپنی زبان میں "تشویش و اضطراب" سے تعبیر کرتے ہیں اور حقیقت میں یہ ایک نفسیاتی کیفیت تھی جس کا پیش آنا فطری تھا اس لیے کہ جب نزول وحی کی وجہ سے آپؐ کے بشری قویٰ پر ملکوتی صفات نے اثر کیا تو دو متضاد قوتوں کے درمیان تصادم اور پھر ملکوتی قوت کے غلبہ کی وجہ سے آپ ﷺ کے اندر تشویش پیدا ہو جانا یقینی تھا، یہی وجہ ہے کہ ابتداء نزول وحی کے بعد کچھ مدت تک وحی کا سلسلہ منقطع رہا کیونکہ انسان بشریت اور ملکیت دو جہات کے درمیان محصور ہے، پس جس ہستی کی بشریت پر ملکوتی صفات غالب آ کر اس کو ظلمتوں سے نور کی جانب لے جاتی ہیں تو جس قوت کے ساتھ یہ غلبہ اپنا اثر کرتا ہے انسان اپنے اندر اسی شدت کے ساتھ بشریت و ملکیت کے

---

[1] تاریخ ابن کثیر ج ۳ ص ۷

کے درمیان تصادم اور تزاحم محسوس کرتا ہے اور شدت تصادم کا یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی ملکوتی قوت و استعداد کو اس درجہ کامل و مکمل کر دے جو منصب نبوت و رسالت کے لیے ضروری ہے حتیٰ کہ اس کی قوت بشری (قوت بہیمی و حیوانی) قوت ملکوتی کے ہاتھ میں پوری طرح تابع اور منقاد ہو جاتی ہے، اور اب وہ ہستی جس کو فیضان نبوت سے سرفراز کیا گیا ہے مطمئن اور تصادم کی کشمکش سے بالاتر ہو کر اس منصب جلیل (نبوت و رسالت) کی خدمت کے قابل ہو جاتی ہے۔" [1]

بشریت اور نبوت کا باہمی تعلق:

"نبوت" اور "بشریت" کے درمیان اس درجہ نازک رشتہ ہے کہ قرآن حکیم کی "تعلیم" سے قبل پیروان مذاہب و ادیان نے اس راہ میں بھی اعتدال کو ترک کر کے افراط اور تفریط کو اسوہ بنا لیا تھا اور اس بارہ میں ان کو سخت ٹھوکر لگی تھی، چنانچہ بعض پیروان مذہب نے یہ دیکھ کر کہ نبی اور رسول باوجود اس امر کے کہ وہ انسان اور بشر کی شکل و صورت رکھتا ہے لیکن ساتھ ہی افراد انسانی سے جدا ایسی خصوصیات کا حامل نظر آتا ہے جو مجاہدات و ریاضات کے ذریعہ سے بھی دوسروں کو حاصل نہیں ہوتیں، اس لیے دراصل وہ بشر نہیں بلکہ خدا یا خدا کا بیٹا ہے جس نے انسانوں کی نجات کے لیے جامہ بشریت اختیار کر لیا ہے۔ [2] اس کے برعکس دوسری جماعت نے یہ کہا کہ نبوت و رسالت کوئی منصب نہیں ہے کہ خدا کی جانب سے "عطیہ مناصب" کی طرح دیا جاتا ہو بلکہ اخلاق کریمانہ اور صفات حمیدہ کا وہ اعلیٰ درجہ ہے جو ہر ایک انسان اپنی روحانی جدوجہد سے حاصل کر لے سکتا ہے اور کہتے ہیں کہ اگرچہ عطا و بخشش ہر شے کے لیے اسی کی جانب (خدا کی جانب) سے ہے لیکن کسی شے کا بطور "منصب" عطا ہونے کی حدود میں محدود رہنا اور روحانی جدوجہد سے ہر شخص کے حاصل کر لینے کے لیے اس کا دروازہ کھلا رہنا ان دونوں باتوں کے درمیان جو فرق ہے ہمارا خیال یہ ہے کہ "نبوت" بھی اور درجات روحانیت کی ہی طرح ہے اور عطاء منصب کی شکل میں خاص امتیاز نہیں رکھتی۔

قرآن حکیم نے اس افراط و تفریط کو ختم کرنے کے لیے "نبوت و رسالت کی حقیقت کو" بہت عمدہ طریقوں سے آشکارا کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ نے انسان کی راہنمائی کے لیے جو مختلف درجات ہدایت کا سلسلہ قائم کیا ہے اس کا اعلیٰ درجہ "ہدایت وحی" کا ہے اور یہ انسان کی روحانیت اور مقصد حیات کی کامرانی کا کفیل و ضامن ہے اور جبکہ ہدایت کا یہ سلسلہ "انسانی راہنمائی کے لیے" ہے تو عقل سلیم کا تقاضا یہ ہے کہ درجہ "انسان" ہی کو بخشا جائے لیکن کیا ہر شخص کو جدا جدا بخش دیا جائے۔ نہیں ایسا نہیں ہونا چاہیے اس لیے کہ یہاں درجات عقل مختلف ہیں اور درجات استعداد میں بھی تنوع موجود ہے اس لیے از بس ضروری ہے کہ کسی خاص ہستی کو اس کے لیے چن لیا جائے تو اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس انتخاب کی نوعیت کیا ہونی چاہیے یہ کہ جو عمدہ صلاحیتوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ مجاہدات اور ریاضیات کے ذریعہ نفس پر قابو پائے یا یہ کہ خدائے تعالیٰ جس کو یہ درجہ عطا فرمائے اس کی صلاحیتوں اور اس کی استعدادات کی تخلیق ہی اس طرح کر دے کہ صدق و امانت اس کا مایہ خمیر بنا ہوا ہو اور خارجی مجاہدہ اور ریاضت کا محتاج نہ ہو۔ یہ جدا امر ہے کہ خدائے برتر کے سامنے اظہار عبودیت اور تقرب الی اللہ کے لامتناہی فیض سے فیض یاب ہونے کے لیے

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ ج ص ص ۱۵۳ [2] اوتار اور ابن اللہ کا عقیدہ دراصل ایک سلسلہ کی دو کڑیاں ہیں۔

اس سلسلہ کو بھی کلیۃً ترک نہ کرے۔ تو اس سوال کا جواب یہ ہے کہ عقل و بصیرت اس فیصلہ کو حق بجانب سمجھتے ہیں کہ یہاں دوسری شکل عمل میں آنی چاہیے اس لیے کہ جس طرح خدائے برتر کے مقررہ قانون قدرت نے "ہدایت وحی" سے پہلے کے مختلف درجات ہدایت کو انسان کے مجاہدہ و ریاضت پر موقوف نہیں رکھا اور اس بخشش و فیض کو حسب حال "عطیہ الٰہی" کی حیثیت میں رکھا ہے یعنی "وجدان" "حواس" اور "عقل" ان سب درجات ہدایات کا جب یہی حال ہے کہ وہ جدوجہد سے نہیں بلکہ "عطیہ الٰہی" سے ملتے ہیں تو "ہدایت وحی" بھی جس کو بخشا جائے وہ بطور "منصب و عطیہ" کے ہی عطاء ہو، البتہ یہ ازبس ضروری ہے کہ جس کو بھی بخشا جائے اس کی روحانی صلاحیتیں اور استعدادات ہر طرح اس منصب کی اہل ہوں اور ایسی ہستی کو عطاء نہ ہو کہ اس کی صلاحیت و استعداد عطاء کرنے والے کی بے سلیقگی پر چشمک زن ہو۔

غرض نبی اور "رسول" اس ہستی کو کہتے ہیں جو لوازم بشریت کے ساتھ اپنے تقدس و طہارت اور اخلاق حسنہ و اوصاف حمیدہ کے اس بلند مقام پر فائز ہو اور اس کے صفات صدق و امانت اس درجہ مسلم ہوں کہ اس کو "بشر معصوم" کہہ سکیں، وہ نہ خدا ہوتا ہے اور نہ ابن خدا بلکہ خدا کی جانب سے "ہدایت وحی کا حامل" مخلوق خدا کے لیے "خدا کا ایلچی" اور ان کی ہر قسم کی "رشد و ہدایت کا کفیل" ہو، چونکہ وہ بشر ہے اس لیے افراد نسل انسانی سے تعلق رکھتا ہے، اور چونکہ ہر قسم کی آلودگیوں اور گناہوں سے پاک اور "معصوم" ہے اس لیے اس کو اللہ سبحانہ، کے ساتھ ہم کلامی کا شرف حاصل ہے۔ پس نبوت و رسالت کا بشریت کے ساتھ یہی وہ تعلق ہے جو ہر قسم کی افراط و تفریط سے بری اور حقیقت حال کے لیے آئینہ دار ہے اور اسی حقیقت کو نبی اکرم ﷺ نے خود زبان وحی ترجمان سے ظاہر فرمایا ہے: ((انما انا قاسم واللہ یعطی)) خدا دینے والا ہے اور میں تقسیم کرنے والا ہوں۔ یعنی ایک جانب خدا سے "وحی ہدایت" حاصل کرتا ہوں اور دوسری جانب خدا کے بندوں تک اس کو پہنچا دیتا ہوں یہی میرا فریضہ رسالت و نبوت ہے اور اسی حقیقت کو قرآن حکیم نے مختلف اسالیب بیان کے ساتھ اس سلسلہ کے غلط کار لوگوں کی ہدایت کے لیے اس طرح بیان کیا ہے:

﴿ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴾ (بنی اسرائیل: ۹۳)

"کہہ دیجیے، پاکی ہے میرے پروردگار کے لیے، میں نہیں ہوں مگر انسان، اور خدا کا ایلچی (رسول)۔"

﴿ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَا سْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَ مَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛؕ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّ بَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴾ (الاعراف: ۱۸۸)

"وہی ہو کر رہتا ہے جو خدا چاہتا ہے اگر مجھے غیب کا علم ہوتا تو ضرور ایسا کرتا کہ بہت سی منفعت بٹور لیتا اور (زندگی میں) کوئی گزند مجھے نہ پہنچتا، میں اس کے سوا کیا ہوں کہ ماننے والوں کے لیے (گناہوں کی پاداش عمل سے) خبردار کرنے والا اور (نیک عمل پر) بشارت دینے والا ہوں۔"

﴿ قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ؕ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۙ وَّ جَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ﴾ (مریم: ۳۰-۳۱)

"(عیسیٰ علیہ السلام نے) کہا: میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھ کو (ہدایت انسانی کے لیے) کتاب دی اور مجھ کو "نبی" بنایا اور اس

نے مجھ کو بابرکت کیا، خواہ میں کسی جگہ ہوں۔"

﴿فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ۝﴾ (طه: ٤٧)

"(موسیٰ وہارون) اس (فرعون) کے پاس جاؤ اور کہو ہم تیرے پروردگار کے بھیجے ہوئے آئے ہیں۔ پس بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ رخصت کردے اور ان پر سختی نہ کر۔ ہم تیرے پروردگار کی نشانی لے کر تیرے سامنے آ گئے ان پر سلامتی ہو جو سیدھی راہ اختیار کرے۔"

﴿رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝﴾ (النساء: ١٦٥)

"یہ تمام رسول (خدا پرستی و نیک عملی کے نتائج کی) خوشخبری دینے والے اور (انکار حق کے نتائج سے) ڈرانے والے تھے (اور اس لیے بھیجے گئے تھے) کہ ان کے آنے (اور نیک و بد بتلانے) کے بعد لوگوں کے پاس کوئی حجت باقی نہ رہے جو وہ خدا کے حضور پیش کرسکیں اور (خدا اپنے کاموں میں) سب پر غالب ہے اور (تمام کاموں میں) حکمت والا ہے۔"

﴿يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝﴾ (الاحزاب: ٤٥-٤٦)

"اے نبی! بلاشبہ ہم نے تجھ کو بھیجا ہے (حق پر) گواہی دینے والا اور (نیکی کے انجام پر) بشارت دینے والا اور (بدی کے انجام سے) ڈرانے والا اور بلانے والا اللہ کی راہ کی طرف اس کے حکم سے اور بھیجا روشن چراغ بنا کرے۔"

﴿عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ۝ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ﴾ (الجن: ٢٦-٢٨)

"وہ (خدا) غیب کی تمام باتوں کا جاننے والا ہے پس وہ اپنے غیب (کے معاملات) پر کسی کو خبردار نہیں کرتا مگر جس کو پیغمبر بنا کر چن لے، پس بلاشبہ وہ (خدا) اس رسول کے آگے اور پیچھے نگہبان چلاتا ہے (یعنی اس کو اس بات سے محفوظ رکھتا ہے کہ خدا کی دی ہوئی خبر میں شیطان یا اس کا نفس کوئی ملاوٹ کرسکے اور اس کو شبہ پڑ جائے کہ یہ خدا کی وحی ہے یا کچھ اور) تاکہ خدا یہ ظاہر کردے کہ انہوں نے (رسولوں نے) بلاشبہ اپنے پروردگار کے پیغام (ٹھیک ٹھیک) پہنچا دیئے۔"

ان آیات کی تفسیر میں حضرت شاہ عبدالقادر صاحب (نور اللہ مرقدہ) یہ تحریر فرماتے ہیں:

"یعنی رسول کو خبر دیتا ہے غیب کی، پھر چوکیدار (فرشتے) رکھتا ہے اس کے ساتھ کہ اس میں شیطان دخل نہ کرنے پاوے اور اپنا (رسول کا) نفس غلط نہ سمجھے یہی معنی ہیں اس بات کے کہ پیغمبروں کو عصمت ہے اوروں کو نہیں اور ان کا معلوم "بے شک"

ہے اوروں کے معلوم میں شبہ ہے۔"

"نبی" اور "رسول" سے متعلق مسطورۂ بالا افراط وتفریط کے ساتھ ساتھ مشرکین عرب ایک نئی گمراہی میں مبتلاء تھے وہ کہتے تھے کہ اول تو "پیغمبر" کا وجود ہی ہمارے لیے اچنبھے کی بات ہے، اور اگر یہ اچنبھا ہونا ہی تھا تو اس کے لیے ہماری طرح کا ایک انسان ہی کیوں چنا گیا کیوں ایک "فرشتہ" نہ بھیجا گیا اور اگر انسان ہی بھیجنا تھا تو یا تو مکہ اور طائف کی کسی متمول سرمایہ دار ہستی کو پیغمبر بنایا جاتا ورنہ اس کو ہی غیب سے خزانے اور بے نظیر باغات عطاء کیے جاتے تب ہم سمجھتے کہ بیشک یہ خدا کا فرستادہ ہے:

﴿وَ قَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَ يَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝ اَوْ يُلْقٰۤى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا﴾ (الفرقان: ۷۔۸)

"اور وہ (مشرکین) کہتے ہیں یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے ایسا کیوں نہ ہوا کہ اس کے ساتھ آسمان سے فرشتہ اترتا اور وہ خدا کے پیغام سے خبردار کرتا یا ایسا کیوں نہ ہوا کہ (ہماری آنکھوں دیکھتے) اس پر آسمان سے خزانہ اتر آتا یا قدرتی باغ ہوتا کہ وہ (ہر وقت مرضی کے مطابق) اس سے (پھل) کھاتا۔"

﴿وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّاۤ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَ يَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ وَ جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً اَتَصْبِرُوْنَ وَ كَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۝﴾ (الفرقان: ۲۰)

"اور ہم نے تجھ سے پہلے بھی ایسے ہی پیغمبر بھیجے تھے جو کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے (یعنی پیغمبری کے لیے بشریت منافی نہیں ہے بلکہ انسانوں کے لیے انسان ہی کو پیغمبر ہونا چاہیے) اور ہم نے (انسانوں میں سے انسان ہی کو پیغمبر بنا کر) ایک دوسرے کی آزمائش کا سامان کر دیا کہ آیا تم صبر و استقامت کا ثبوت دیتے ہو یا نہیں اور تیرا پروردگار بلاشبہ (انسانوں کے کردار کا) دیکھنے والا ہے۔"

﴿وَ قَالُوْا لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ وَ لَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝ وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝﴾ (الانعام: ۸۔۹)

"اور وہ کہتے ہیں اس پر (محمد ﷺ) پر کیوں فرشتہ نہیں اتارا گیا اور اگر ہم فرشتہ اتارتے تو البتہ (نتائج اعمال کا) فیصلہ کر دیا جاتا اور پھر وہ مہلت نہ دیے جاتے اور اگر ہم اس کو فرشتہ کر دیتے تو بھی (انسانوں کی ہدایت کے لیے) اس کو بصورت انسان ہی ظاہر کرتے اور (اس طرح) ہم پھر ان لوگوں کو اس شبہ میں مبتلاء کر دیتے جس میں اب مبتلا ہیں۔"

اس جگہ ان کی گمراہی کو دو دلائل سے واضح کیا ہے ایک یہ کہ ایمان واعتقاد کی زندگی سرتاسر "غیب" سے متعلق ہے پس اگر انسان کو اسی عالم میں عالم غیب کے معاملات کا مشاہدہ کرا دیا جائے اور پھر بھی وہ انکار پر جما رہے تو خدا کا قانون "امہال" (مہلت کا قانون) نافذ نہیں ہوگا بلکہ نتائج اعمال کا فوراً ہی ظہور ہو کر رہے گا اور ان کے لیے بھی مضر ہے اور خدا کی حکمت رحمت و ربوبیت کے بھی خلاف ہے دوسری دلیل یہ کہ انسانی دنیا میں اگر فرشتہ کے ذریعہ "ہدایت وحی" کو بھیجا جائے تو انسان کس طرح اس سے مانوس ہو سکتے

ہیں، پھر اگر اسے بھی انسان ہی کی شکل میں بھیجیں تو شبہ کرنے والوں کا شبہ اسی طرح قائم رہے گا۔ اس لیے عقل ونقل دونوں فیصلہ یہی ہے کہ ہدایت کے لیے "انسان" ہی کو مبعوث ہونا چاہیے۔

﴿وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ۝﴾

(بنی اسرائیل: ۹۴-۹۵)

"اور لوگوں کے پاس جب ہدایت آ پہنچی تو ان کو ایمان لانے سے کسی بات نے نہیں روکا مگر اس نے کہ وہ کہتے ہیں" کیا خدا کسی بشر کو پیغمبر بنا کر بھیجے گا" اے پیغمبر! کہہ دیجئے اگر زمین پر انسانوں کی جگہ فرشتوں کی آبادی ہوتی اور وہ اس پر چلتے پھرتے تو ہم ضرور ان کے لیے آسمان سے فرشتہ کو ہی رسول بنا کر بھیجتے۔"

﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝﴾ (الانبیاء: ۷-۸)

"اور (اے پیغمبر!) ہم نے تجھ سے پہلے بھی جن پر وحی نازل کی ہے وہ انسانوں کے سوا اور کچھ نہیں تھے پس (اے معترضین!) اگر تم نہیں جانتے ہو تو جاننے والوں سے دریافت کر لو اور نہ ہم نے ان کو بے جان (دھڑ) بنایا تھا کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ وہ (خدا کی طرح) ہمیشہ رہنے والے تھے۔"

بہرحال ان آیات میں قرآن عزیز نے علمی اور تاریخی دونوں قسم کے دلائل سے یہ صاف کر دیا کہ کائنات انسانی کی ہدایت کے لیے "انسان" کا نبی اور ہادی ہونا فطری بات ہے اور اس لیے اقوام ماضیہ میں ایسا ہی ہوتا رہا ہے۔

پھر اس مسئلہ کی جانب بھی توجہ کی ہے کہ نبوت ورسالت کا تعلق سرداری، سرمایہ داری اور جتھ بندی سے کچھ نہیں ہے اور اس کے لیے جن فطری اعلیٰ ملکات واستعدادات کی ضرورت ہے ان کے پیش نظر اللہ تعالیٰ ہی خوب واقف ہے کہ کون اس "منصب" کا اہل ہے:

﴿وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۝ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝﴾ (الزخرف: ۳۱-۳۲)

"اور وہ کہتے ہیں یہ قرآن کیوں ان دو بستیوں (مکہ اور طائف) کے کسی سردار پر نازل نہیں ہوا، (تو) کیا تیرے پروردگار کی رحمت کو یہ تقسیم کرنے والے ہیں، نہیں، بلکہ ہم نے ہی ان کے درمیان ان کی دنیوی معیشت کو تقسیم کیا ہے اور ہم نے ہی بعض انسانوں کو بعض پر بلندی درجات عطاء کی ہے تاکہ بعض بعض کے مسخر رہیں (یعنی بعض مقتدی ہوں اور بعض مقتدیٰ، بعض پیغمبر ہوں اور بعض اُمتی) اور تیرے پروردگار کی رحمت (نبوت) اس (دولت وثروت) سے (کہیں زیادہ) بہتر ہے

جو وہ خزانہ کیے ہوئے ہیں۔"

﴿ وَ اِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ۘؔ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ ﴾ (الانعام: ۱۲۴)

"اور جب ان کے پاس خدا کی جانب سے کوئی آیت آتی ہے تو یہ (مشرکین) کہتے ہیں "ہم اس وقت تک ایمان نہیں لائیں گے جب تک ہم کو بھی وہی چیز (وحی) نہ دی جائے جو خدا کے رسولوں کو دی گئی (لیکن ایسا نہیں ہو سکتا اس لیے کہ) اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ وہ اپنے منصب رسالت کو کس کے سپرد کرے۔"

اور یہ بات تو بہت واضح اور صاف ہے کہ جس شخص کو کوئی منصب عطاء کیا جائے تو انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ وہ ہر طرح اس کے لیے جوہر قابل اور اہل ہونا چاہیے لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہر ایک جوہر قابل کو وہ "منصب" ملے کیونکہ معطی کی مصلحت ہی خوب فیصلہ کر سکتی ہے کہ کس کو ملے اور کس کو نہ ملے چہ جائیکہ جوہر قابل بھی نہ ہو۔ اس لیے ضروری ہوا کہ جو نبی اور رسول ہو وہ ہر حیثیت سے "انسان کامل" اور گناہوں سے "معصوم" ہو لیکن یہ ضروری نہیں کہ جو شخص بھی اخلاق حمیدہ اور روحانی مجاہدات کے ذریعہ "تقدیس" کا درجہ حاصل کر سکا ہو وہ منصب نبوت پر بھی ضرور فائز ہو۔

بہر حال نبوت "منصب" ہے۔ "ڈگری" نہیں ہے، اور اس لیے جن کو دیا بھی جاتا ہے ان کو متنبہ کر دیا جاتا ہے کہ یہ تم پر فضل خداوندی ہے ورنہ اگر وہ تم سے اس کو سلب کر لینا چاہے تو تمہاری طاقت بلکہ کائنات کی طاقت سے باہر ہے کہ پھر یہ تم کو مل سکے۔

﴿ وَ لَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ۙ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝ ﴾ (بنی اسرائیل: ۸۶-۸۷)

"اور (اے پیغمبر!) اگر ہم چاہیں تو جو تجھ پر ہم نے وحی کی ہے اس کو چھین لیں اور پھر تجھ کو کوئی بھی ایسا کارساز نہ ملے جو ہم پر زور ڈال سکے، لیکن (یہ جو سلسلہ وحی جاری ہے تو) اس کے سواء کچھ نہیں ہے کہ تیرے پروردگار کی رحمت سے ہے اور یقین کر کہ تجھ پر تیرے پروردگار کا بڑا ہی فضل ہے۔"

نبی اور مصلح:

مسطورۂ بالا تفصیلات سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ چونکہ "نبی" اور "رسول" کو براہ راست خدائے برتر سے شرف مکالمت حاصل ہوتا ہے یا خدا کا معصوم فرشتہ خدا کی وحی لا کر سناتا ہے اس لیے اس کا ذریعہ علم "علم یقین" کا درجہ رکھتا ہے جس میں شک و شبہ کی مطلق گنجائش نہیں رہتی اور اس کے علاوہ تمام ذرائع علم یقین کے اس درجہ سے نیچے ہیں بلکہ ان کی افادیت "ظن" سے آگے نہیں بڑھتی اس لیے اگر ایک مرد صالح اپنی قوم یا نوع انسانی کی اصلاح حال کے لیے کوئی قدم اٹھائے تو مقدس سے مقدس تر ہونے کے باوجود اس کے اپنے طریقہ اصلاح میں غلطی کا وقوع اور امکان دونوں موجود رہتے ہیں بلکہ بعض اوقات وہ ایسی فاش غلطی کر گزرتا ہے کہ اس سے فائدہ پہنچنے کی بجائے قوم کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے اس لیے ایک "نیکوکار مصلح" یہ کبھی دعویٰ نہیں کرتا کہ وہ اصلاح حال کے لیے جو

کچھ اپنی جانب سے کہتا ہے غلطی سے پاک ہے مگر ایک "نبی" اور "رسول" کے لیے از بس ضروری ہے کہ وہ یہ بھی اعلان کرے کہ میں خدا کی جانب سے اصلاح حال کے لیے خدا کا پیغام رساں ہوں اور یہ بھی دعویٰ کرے کہ وہ جو "تعلیم اصلاح" پیش کر رہا ہے، خدا کا فرمودہ ہے اور اس لیے ہر قسم کی غلطی اور لغزش سے پاک اور محفوظ ہے وہ یہ نہیں کہے گا کہ یہ میرے دل کی آواز ہے یا اندر سے جو آواز آتی ہے اس کا نتیجہ اور ثمرہ ہے بلکہ صاف صاف یہ کہے گا کہ اس میں میرا اپنا کچھ نہیں میں تو صرف ایلچی اور پیغامبر ہوں یہ جو کچھ بھی ہے خدا کا فرمان اور اس کی "وحی" ہے۔

چنانچہ قرآن عزیز نے جگہ جگہ ان دونوں باتوں کو واضح کیا ہے وہ کہتا ہے کہ ہر ایک پیغمبر کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ اعلان کر دیں کہ خدا نے ان کو اپنی "ہدایت وحی" کے لیے چن لیا ہے اور وہ خدا کے پیغمبر ہیں اور یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ جو کچھ ان پر وحی کیا جاتا ہے اس کو حرف بہ حرف امت تک پہنچائیں۔ حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم سے خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

﴿قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّ لٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَ اَنْصَحُ لَكُمْ وَ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝﴾ (الاعراف: ۶۱-۶۲)

"(نوح علیہ السلام) نے کہا اے میری قوم! مجھ کو گمراہی سے کوئی واسطہ نہیں ہے بلکہ میں تو تمام کائنات کے پروردگار کی جانب سے بھیجا ہوا ہوں تم تک اپنے پروردگار کی جانب سے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں اور میں اللہ کی باتوں میں سے وہ باتیں جانتا ہوں جن سے تم بے خبر ہو۔"

اور حضرت ہود علیہ السلام اور قوم کے درمیان مکالمہ میں حضرت ہود علیہ السلام نے یہ اعلان فرمایا:

﴿قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّ لٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَ اَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ۝﴾ (الاعراف: ۶۷-۶۸)

"(ہود علیہ السلام نے) کہا: اے میری قوم! میں بے وقوف نہیں ہوں لیکن میں جہانوں کے پروردگار کی جانب سے بھیجا ہوا ہوں میں اپنے پروردگار کا پیغام تم تک پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا خیر خواہ ہوں اور (پیغام الٰہی اور خیر خواہی میں) صاحب امانت ہوں۔"

اور حضرت صالح علیہ السلام نے یہ فرمایا:

﴿قَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَ نَصَحْتُ لَكُمْ وَ لٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۝﴾

(الاعراف: ۷۹)

"(صالح علیہ السلام نے) کہا: اے قوم! بلاشبہ میں نے تم کو اپنے پروردگار کا پیغام پہنچا دیا اور تمہاری خیر خواہی کی مگر تم خیر خواہی کرنے والوں کو ناپسند کرتے ہو۔"

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے یہ ارشاد فرمایا:

﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَ لَا يُبْصِرُ وَ لَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ۝ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ۝﴾ (مریم: ۴۱-۴۳)

"اور یاد کرو کتاب (قرآن) میں ابراہیم کا حال، بلاشبہ تھا وہ بہت ہی صادق اور نبی جب اس نے اپنے باپ سے کہا: "اے باپ! ایسی چیز کی پوجا کیوں کرتا ہے جو نہ سنتی ہے نہ دیکھتی ہے اور نہ تجھ کو کسی (نقصان) سے بے پرواہ کرتی ہے (یعنی بت پرستی کیوں کرتا ہے؟) اے باپ! بلاشبہ مجھ کو علم (وحی) سے وہ حصہ ملا ہے جو تجھ کو حاصل نہیں ہے پس میری پیروی کر میں تجھ کو سیدھی راہ دکھلاؤں گا۔"

اور لوط علیہ السلام نے اپنی قوم سے مکالمہ کرتے ہوئے یہ فرمایا:

﴿اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ۝﴾ (الشعراء: ۱۶۱-۱۶۴)

"جب کہا ان سے ان کے بھائی (لوط) نے کیا تم پرہیزگاری اختیار نہیں کرتے بلاشبہ میں تمہارے لیے خدا کا بھیجا ہوا ہوں (اور اس پیغامبری میں) صاحب امانت ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میری پیروی کرو۔"

اور حضرت یعقوب و یوسف علیہما السلام کے ایک طویل حیرت زا واقعہ کے ضمن میں یعقوب علیہ السلام کا وہ مقولہ بھی منقول ہے جس میں انہوں نے اپنے بیٹے یوسف علیہ السلام کو وحی الٰہی کے ذریعہ یہ بشارت دی ہے کہ جس طرح خدا نے تیرے باپ دادا، ابراہیم، اسماعیل، اسحاق اور یعقوب علیہم السلام کو پیغمبری عطا فرمائی اسی طرح تجھ کو بھی اس منصب جلیل سے سرفراز کرے گا۔

﴿وَ كَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَ يُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ عَلٰۤى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَاۤ اَتَمَّهَا عَلٰۤى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝﴾ (یوسف: ۶)

"اور اسی طرح تیرا پروردگار تجھ کو چن لے گا اور تجھ کو تعبیر رویا کا علم بخشے گا اور تجھ پر اپنی نعمت (نبوت) کی تکمیل کرے گا اور اولاد یعقوب پر (جو اس کے اہل ہوں گے) جیسا اس نے اس سے پہلے تیرے باپ دادا ابراہیم، اسحاق پر اس (نبوت) کو پورا کیا بیشک تیرا پروردگار جاننے والا ہے حکمت والا ہے۔"

اور پھر یوسف علیہ السلام کی تبلیغ و دعوت کا اس طرح قرآن میں مذکور ہے:

﴿يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝﴾ (یوسف: ۳۹-۴۰)

"اے میرے قید کے رفیقو! کیا بہت سے آقا اور خداوند بہتر ہیں یا یکتا خدا کی ذات جو ہر شے پر غالب ہے تم اس کے سوا جس کو پوجتے ہو ان کی حقیقت اس کے سوا کچھ نہیں کہ چند نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے گھڑ لیے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے کوئی دلیل نہیں اتاری اور حکم تو خدا کے سوا کسی کا نافذ نہیں، اس نے یہی حکم دیا ہے کہ اس کے سواء کسی کی عبادت نہ کرو، دین کی سیدھی راہ یہی ہے۔ لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔"

اور حضرت شعیب علیہ السلام نے اصحاب ایکہ کے سامنے یہ اعلان کیا:

﴿كَذَّبَ اَصۡحٰبُ لۡـَٔيۡكَةِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۖ ۝ اِذۡ قَالَ لَهُمۡ شُعَيۡبٌ اَلَا تَتَّقُوۡنَ ۚ ۝ اِنِّىۡ لَـكُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِيۡنٌ ۙ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوۡنِ ۚ ۝﴾ (الشعراء: ۱۷۶۔۱۷۹)

"اصحاب ایکہ نے پیغمبروں کو جھٹلایا، جب ان سے شعیب (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے، بلاشبہ میں تمہارے لیے (خدا کی جانب سے) صاحب امانت پیغامبر ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میری پیروی کرو۔"

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے دربار میں بے دھڑک یہ اعلان فرمایا:

﴿وَقَالَ مُوۡسٰى يٰفِرۡعَوۡنُ اِنِّىۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ ۝ حَقِيۡقٌ عَلٰٓى اَنۡ لَّاۤ اَقُوۡلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الۡحَـقَّ ؕ قَدۡ جِئۡتُكُمۡ بِبَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ فَاَرۡسِلۡ مَعِىَ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ؕ ۝﴾ (الاعراف: ۱۰۴۔۱۰۵)

"اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے فرعون! بلاشبہ میں جہانوں کے پروردگار کا پیغمبر ہوں میرے لیے یہی لائق ہے کہ میں خدا کے بارے میں حق کے سواء کچھ نہ کہوں، میں تمہارے پروردگار کی طرف سے "دلیل" لے کر آیا ہوں، پس تو میرے ساتھ بنی اسرائیل کو (آزاد کر کے) بھیج دے (جن کو صدیوں سے غلام بنا رکھا تھا)۔"

اور حضرت داؤد و سلیمان علیہما السلام کے واقعہ میں سلیمان علیہ السلام نے ملکہ سبا کو دعوت اسلام کے لیے جو نامہ مبارک تحریر فرمایا تھا اس کا اسلوب بیان یہ ہے:

﴿اِنَّهٗ مِنۡ سُلَيۡمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ ۝ اَلَّا تَعۡلُوۡا عَلَىَّ وَاۡتُوۡنِىۡ مُسۡلِمِيۡنَ ۝﴾
(النمل: ۳۰۔۳۱)

"یہ سلیمان (علیہ السلام) کی جانب سے ہے اور یہ شروع ہے اللہ کے نام سے جو رحمٰن ہے رحیم ہے بات یہ ہے کہ مجھ پر اپنی بلندی و برتری کا اظہار نہ کر (کیونکہ میں بادشاہ نہیں بلکہ پیغمبر ہوں) اور میرے پاس خدا کی فرمانبردار بندی بن کر حاضر ہو۔"

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے قبل ایک علاقہ میں خدا کے چند نبی دعوت و تبلیغ اسلام کے لیے مامور کیے گئے تھے انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا:

﴿قَالُوۡا رَبُّنَا يَعۡلَمُ اِنَّاۤ اِلَيۡكُمۡ لَمُرۡسَلُوۡنَ ۝ وَمَا عَلَيۡنَاۤ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ۝﴾ (یٰس: ۱۶۔۱۷)

"انہوں نے کہا ہمارا پروردگار (خوب) جانتا ہے کہ بلاشبہ ہم تمہاری جانب اس کے بھیجے ہوئے ہیں اور ہمارے اوپر اس

سے زیادہ کوئی ذمہ داری نہیں کہ امرِحق کا صاف اور کھلا پیغام پہنچا دیں۔"

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بار بار بنی اسرائیل کے سامنے یہ اعلان فرمایا کہ میں خدا کا پیغمبر ہوں اور میری بتلائی ہوئی راہ کے سوا کوئی راہ مستقیم نہیں کیونکہ میں جو کچھ بھی پیش کر رہا ہوں خدا کا فرمودہ ہے:

﴿قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۛ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِیْ نَبِیًّا ۙ﴾ (مریم:۳۰)

"(عیسیٰ علیہ السلام نے) کہا بلاشبہ میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھ کو "کتاب" عطا کی ہے اور اس نے مجھ کو "نبی" بنایا ہے۔"

﴿وَ اِذْ قَالَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ﴾ (الصف:٦)

"جب کہا عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) نے اے بنی اسرائیل! بلاشبہ میں تمہاری جانب خدا کی جانب سے بھیجا ہوا ہوں (رسول ہوں)۔"

اور خاتم الانبیاء محمد ﷺ کی دعوت و تبلیغ میں تو جگہ جگہ یہ حقیقت بہت نمایاں نظر آتی ہے:

﴿یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ۙ وَّ دَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا﴾ (الاحزاب: ٤٥-٤٦)

"اے نبی! بلاشبہ ہم نے تجھ کو (حق کے لیے) گواہ اور (نیک عملی کے لیے) بشارت دینے والا اور (بدعملی کے نتائج سے) ڈرانے والا اور خدا کے حکم سے اس کی جانب بلانے والا اور (ہدایت و صراط مستقیم کے لیے) روشن چراغ بنایا ہے۔"

﴿قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعَا ِالَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ وَ اتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ﴾ (الاعراف: ١٥٨)

"(اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے "اے لوگو! بیشک میں تم سب کی جانب اللہ کا بھیجا ہوا ہوں، اسی کے لیے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی کوئی خدا نہیں ہے مگر صرف وہی یکتا ذات، (وہی) زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے پس ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول "نبی اُمّی" پر جو خود اللہ پر اور اس کی باتوں پر ایمان لاتا ہے اور اس کی پیروی کرو تاکہ تم راہ پاؤ۔"

﴿اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۫﴾ (آل عمران: ١٩)

"بلاشبہ اللہ کے نزدیک (ہمیشہ سے) دین (حق) اسلام ہی ہے۔"

﴿وَ مَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ﴾ (آل عمران: ٨٥)

"جو شخص اسلام کے ماسواء کو دین بنانا چاہے تو خدا کے یہاں وہ مقبول نہیں ہے۔"

غرض پیغمبر اور نبی کے لیے از بس ضروری ہے کہ وہ اپنی دعوت اصلاح اور تعلیم حق پر خود بھی ایمان لائے اور کائنات کے سامنے بھی یہ اعلان کرے کہ یہ "پیغام ہدایت" اور یہ "تعلیم حق" میری جانب سے نہیں بلکہ خدا کی جانب سے ہے اور اسی نے مجھ کو اپنا ایلچی بنا کر اس کی دعوت کے لیے بھیجا ہے یہ جو کچھ ہے سب خدا کا اپنا ہے میں تو صرف اس کی جانب پکارنے والا ہوں اور اس میں شک وشبہ کا کوئی سوال ہی نہیں ہے اور یہ ہر قسم کی لغزش وخطاء سے پاک "علم یقین" اور "وحی الٰہی" ہے جس کے متعلق خدا کا یہ فیصلہ ہے:

﴿لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ۝﴾ (حمٓ السجدة: ٤٢)

اور

﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ۝﴾ (النجم: ٣-٤)

لیکن "مصلح غیر نبی" کو یہ مجاز حاصل نہیں ہے کہ وہ اپنی دعوت اصلاح کے بارہ میں یہ دعویٰ کرے، کیونکہ اس کی یہ دعوت اصلاح یا کسی پیغمبر اور نبی کی "ہدایت وحی" کی پیروی میں ہوگی، تب تو اس کی حیثیت ایک یاددہانی کرنے والے کی ہے اور یا ہدایت وحی کے اتباع کے ساتھ اس کے اپنے اجتہاد اور ضمیر کی آواز کا بھی دخل ہوگا تو اس کے اس حصہ اصلاح کا لغزش، خطاء بلکہ بعض اوقات غلط روی سے بھی محفوظ رہنا لازمی اور ضروری نہیں ہے۔

کیفیت وحی:

وحی سے متعلق جو حقائق سپرد قلم ہو چکے ہیں ان میں ایک یہ اضافہ بھی قابل توجہ ہے: عربی میں وحی کے معنی "مخفی اشارہ" کے ہیں، گویا یہ فطرت الٰہی کی وہ سرگوشی ہے جو ہر ایک مخلوق پر اس کی راہ عمل کھولتی ہے، چنانچہ قرآن نے شہد کی مکھی کے نظام بیت کے متعلق فطری ہدایت کو لفظ "وحی" سے ہی تعبیر کیا ہے:

﴿وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ۝﴾

(النحل: ٦٨)

"اور تیرے پروردگار نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور ان ٹٹیوں میں جو اسی غرض سے بلند کی جاتی ہیں اپنے لیے چھتے بنائے۔"

اور مذہب ودین کی اصطلاح میں اس الہام کو کہتے ہیں جو خدائے برتر کی جانب سے نبی اور پیغمبر پر اس طرح القاء یا فرشتہ کے ذریعہ نازل کیا جاتا ہے کہ اس مقدس ہستی کو اس کے منجانب اللہ ہونے کا روز روشن سے بھی زیادہ یقین حاصل ہو جاتا ہے اور کسی قسم کے بھی شک وشبہ اور تردد کی گنجائش باقی نہیں رہتی اور اسی لیے وہ تحدی کے ساتھ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ یہ "خدا کی وحی" اور اس کا بخشا ہوا "علم یقین" ہے نزول وحی کی یہ صورت کس طرح پیش آتی ہے اور کون سے وہ طریقے ہیں جن کے ذریعہ نبی معصوم کو خدا کی وحی کا علم ہوتا ہے؟ قرآن عزیز اس کے متعلق یہ کہتا ہے:

﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَائِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا فَيُوحِيَ

بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ ﴿٥١﴾ (الشوریٰ:۵۱)

"اور کسی انسان کے لیے یہ صورت ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے (اس دنیا میں بالمواجہہ) گفتگو کرے مگر یا وحی (کے القاء) کے ذریعہ یا پس پردہ یا بھیج دے فرشتہ کو پس وہ اس کی (خدا کی) اجازت سے اس پر وحی لا اُتارے جو اس کی (خدا کی) مرضی ہو بلاشبہ وہ (خدا) بلند و بالا حکمت والا ہے۔"

غرض "وحی" ایک خاص ذریعہ علم کا نام ہے جو خدا کی جانب سے اس کے نبیوں اور رسولوں کے لیے مخصوص ہے اور اس کا تعلق براہ راست عالم قدس اور عالم غیب سے ہے اسی بنا پر اگرچہ انبیاء و رسل کو اس کی معرفت اور اس کے منجانب اللہ ہونے کا یقین کامل آفتاب عالمتاب سے زیادہ بدیہی ہوتا ہے لیکن وہ اس کو حقیقی کیفیت کو دوسروں پر تشبیہ و تمثیل ہی کے ذریعہ واضح کر سکتے ہیں۔ چنانچہ جب بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضرت اقدس ﷺ سے نزول وحی کی کیفیت کے متعلق سوالات کیے تو آپ ﷺ نے یہ جوابات ارشاد فرمائے:

((احیانا یاتینی کصلصلة الجرس)) "کبھی یوں معلوم ہوتا ہے گویا گھنٹہ کی مسلسل گونج ہے۔"

((دوی کدوی النحل)) "(کبھی) جس طرح شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ سے گونج پیدا ہوتی ہے اس طرح کی گونج محسوس کرتا ہوں۔"

((واحیانا یتمثل لی الملك رجلا فاعی مایقول)) "اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ فرشتہ انسان کی شکل میں ظاہر ہو کر مجھ کو خدا کی وحی سناتا ہے اور میں اس کو محفوظ کر لیتا ہوں۔"

ان جوابات میں کیفیت وحی کو اگرچہ قریب الفہم بنانے کی کافی کوشش کی گئی ہے پھر بھی یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ حقیقی کیفیت کو خدا اور خدا کے پیغمبر کے علاوہ دوسرا کوئی نہیں پا سکتا اور پیغمبر اس حقیقت کا اذعان اور اس کے منجانب اللہ ہونے پر غیر متبدل یقین تو رکھتا ہے لیکن غیر نبی پر حقیقی کیفیت کو واضح کرنے سے معذور ہے اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے اس لیے کہ یہ صورت حال تو دنیا کی بن دیکھی اشیاء کے بارہ میں صبح سے شام تک ہم مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ مثلاً جس شخص نے سیب کو نہیں دیکھا اور نہیں چکھا اس کے سامنے دیکھنے اور چکھ لینے والا اگرچہ سیب کی حقیقت کا بہتر سے بہتر نقشہ بھی پیش کر دے اور اس کے رنگ، مزہ، خوشبو، لطافت وغیرہ کی تعبیر بحد کمال بھی پہنچا دے تب بھی وہ شخص سیب کو آنکھ ... دیکھنے اور زبان سے چکھ لینے والے کے مقابلہ میں کسی طرح اس کی حقیقی کیفیت سے آگاہ نہیں ہو سکتا وہ بلاشبہ سیب کے متعلق صحیح علم تو حاصل کر سکتا ہے لیکن حقیقی ذوق کو ہرگز نہیں پا سکتا اسی طرح نبی کی تعلیم و تلقین سے ہم "وحی" کے متعلق ایک اجمالی علم ضرور حاصل کر لیتے ہیں لیکن اس کی حقیقی کیفیت کو نہیں پا سکتے۔

نبی اکرم ﷺ نے قرآن میں مسطور ہر سہ اقسام وحی میں سے پہلی قسم ((الاوحیا)) کے متعلق یہ بھی ارشاد فرمایا ہے: ((وھو اشدہ علی فیفصم عنی وقد وعیت ما قال)) اور وحی کی یہ صورت مجھ پر بہت سخت گزرتی ہے پھر جب یہ کیفیت ختم ہو جاتی ہے تو وحی الٰہی نے جو کچھ کہا ہوتا ہے وہ سب مجھے محفوظ ہوتا ہے" یعنی جب فرشتہ بشکل انسان تمثل اختیار کر کے وحی الٰہی لاتا ہے یا ((من وراء حجاب)) براہ راست خدائے برتر سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوتا ہے تو یہ دونوں صورتیں آپ ﷺ پر آسان ہوتی ہیں مگر "القاء وحی" کی پہلی شکل سخت گزرتی ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اس کے متعلق علماء حق یہ ارشاد فرماتے ہیں:

خالق کائنات نے انسان کو لوازم بشریت کی قیود و شروط کے ساتھ اس درجہ پابند بنا دیا ہے کہ انبیاء و رسل جیسی مقدس اور

معصوم ہستیوں کو بھی اپنی تطہیر و تقدیس کے باوجود ان اثرات سے متاثر ہوئے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں ہے اس لیے جب ان پر ندا کی وحی کا نزول ہوتا اور ایسی حالت میں ان پر عالم قدس کے تمام اثرات چھا جاتے اور انوار و تجلیات کی آغوش میں وہ حضرت حق سے ہم کلامی کا شرف حاصل کرتے ہیں تو اس حالت میں ان پر دو قسم کی کیفیتوں میں سے ایک کیفیت ضرور طاری ہوتی ہے ایک یہ کہ اس کے بشری خواص کو مغلوب کر کے اس کی روحانی کیفیات کو عالم قدس کی جانب اس درجہ بلند اور رفیع کیا جائے کہ وہ حضرت حق کی وحی کے اثرات قبول کرنے اور محفوظ رکھنے کے قابل ہو سکے اور چونکہ جذب و انجذاب کی اس خاص حالت اور عالم آب و گل سے عالم قدس کی جانب اس مخصوص رفعت میں بشری خصوصیات اور روحانی مؤثرات کے درمیان سخت قسم کا تصادم پیدا ہو جاتا ہے اس لیے اس تصادم اور تزاحم سے نبی پر ابتداءً ایک اضطرابی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور آہستہ آہستہ جب یہ تصادم ختم ہو کر یہ عالم قدس کے تمام پاک اور لطیف اثرات اس ہستی پر چھا جاتے ہیں اور وہ ان میں محو اور مستغرق ہو کر لذت وحی کو پا جاتی ہے تو پھر یہ اذیت و تکلیف یک لخت جاتی رہتی ہے اور اس کی مسرت کی کوئی انتہا نہیں رہتی اور یہ سب کچھ چند دقیقوں میں ہو گزرتا ہے۔

یہی وہ صورت وحی ہے جس کی کیفیات کو ذات اقدس ﷺ نے ((صلصلة الجرس)) اور ((دوی النحل)) کی تمثیلات میں سمجھانے کی کوشش فرمائی ہے تمثیلات میں اس پہلو کے اختیار کرنے کی وجہ بھی مسطورۂ بالا حقیقت ہے اس لیے کہ اس صورت خاص میں جب بشری حواس و ادراکات پر عالم قدس کے روحانی اثرات کا غلبہ ہوتا ہے تو اول حواس و ادراکات میں اضطراب و بے چینی پیدا ہو جاتی ہے اور حاسہ سمع کہ جس کا تعلق سماعت وحی سے ہے وہ شروع میں ایک خاص قسم کی گونج محسوس کرتا ہے جو اس عالم پست سے دور کا بھی تعلق نہیں رکھتی اور اس کے بعد وہ "وحی الٰہی" کی اصل کیفیت سے لذت اندوز ہوتا اور اس کو "علم یقین" اور "اذعان حق" کے ساتھ پالیتا ہے کیونکہ عالم قدس کے قوی مؤثرات اس پر غالب آ کر "وحی الٰہی" کے حصول کا ہر طرح اہل بنا دیتے ہیں مگر دوسروں پر اس حقیقت کے تمام و کمال سمجھانے میں ان علامات و اثرات کے اظہار سے آگے نہیں جاتا جن کو ابھی ((صلصلة الجرس)) اور ((دوی النحل)) کی تعبیرات میں سن چکے ہو۔ وحی الٰہی کی اس نوع کے علاوہ دوسری ہر دو انواع "یعنی وراء حجاب کلام الٰہی کی سماعت یا فرشتہ کے ذریعہ وحی کے نزول" میں صورت حال برعکس ہوتی ہے اور اس وقت نبی کے بشری خواص کو عالم قدس کی جانب رفعت دینے اور عالم خاک و گل سے عالم نور کی جانب جذب و انجذاب سے متاثر کرنے کی تکلیف نہیں دی جاتی بلکہ عالم قدس کی تمام کیفیات خود، ہبوط و نزول کرتی اور نبی کی روحانیت کو متاثر بناتی ہیں اور یا فرشتہ بحکم حضرت حق اپنے ملکوتی جسد کو جامہ انسانیت کے ساتھ متمثل کر لیتا اور عالم قدس کے اثرات اور بشری خواص میں امتزاج پیدا کر کے نبی کے حضور حاضر ہوتا اور وحی الٰہی کی تلاوت کرتا ہے اور اس لیے ان دونوں صورتوں میں نبی اور رسول کو پہلی قسم کے تصادم سے دوچار ہونا نہیں پڑتا۔

کیفیت وحی اور بعض مستشرقین کی گمراہی:

چونکہ یورپ کے دورِ علمی کی بنیاد خالص مادیات پر قائم ہے اور روحانی علوم اور ماوراء مادیات کے ناقابل انکار حقائق کے لیے وہ کوئی جگہ دینے کو آمادہ نہیں ہے، اس لیے بعض مستشرقین نے جب وحی الٰہی کی پہلی قسم کے متعلق نبی اکرم ﷺ کے وہ اقوال سنے جن کا ذکر ابھی ہو چکا ہے اور وہ حالات پڑھے جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ نزول وحی کی اس خاص صورت میں آپ ﷺ کرب اور

اضطراب محسوس فرماتے اور سردی کے ایام میں آپ ﷺ کی پیشانی پر پسینہ آ جاتا اور آپ ﷺ پر بے خودی کے سے آثار نظر آنے لگتے تو انہوں نے یہ کہنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں کی کہ یہ نزول وحی کی کیفیت نہیں ہوتی تھی بلکہ (العیاذ باللہ) آپ ﷺ کو ہسٹریا کا دورہ ہو جاتا تھا۔

مستشرقین پرزور الفاظ میں آپ ﷺ کی صداقت و امانت کو تسلیم کرتے ہیں، آپ کی تعلیمات حق کو سراہتے اور کائنات انسانی کے لیے آپ کی تعلیمات کو "تعلیم کامل" مانتے ہیں، لیکن اس کے باوجود آپ ﷺ کے دعویٰ "الہام و وحی الٰہی" کا انکار کرتے اور کیفیت وحی کو مرض سے تعبیر کرتے ہیں۔ ﴿ سُبۡحٰنَكَ هٰذَا بُهۡتَانٌ عَظِيۡمٌ ۝ ﴾

درحقیقت یہ حضرات یا تو از راہ تعصب ناقابل انکار تعلیم حق کے تسلیم کے ساتھ ساتھ ایک ایسی بات کہنا چاہتے ہیں جس سے تعلیم حق (اسلام) پر کاری ضرب لگ سکے اور تعصب کے الزام سے بھی بچ جائیں اور یا پھر اس علمی حقیقت سے بے بہرہ ہیں جس کو تفصیل کے ساتھ ہم ابھی ظاہر کر چکے ہیں کہ نزول وحی کی یہ کیفیت "مرض" نہیں تھا بلکہ اپنے اثرات اور محرکات کی بناء پر ایک فطری صورت حال تھی جس کا پیش آنا از بس ضروری تھا اور دراصل یہ کیفیت دماغ، حواس اور اعضائے انسانی کو مفلوج نہیں بناتی تھی جیسا کہ ہسٹریا وغیرہ میں ہوتا ہے بلکہ اس کے برعکس تمام مادی قویٰ میں روحانی کوائف کی ایسی برقی رو دوڑا دیتی ہے جس سے چند لمحات کے بعد ان کے اندر ایسی زبردست اور مافوق المادہ قوت پیدا ہو جاتی تھی جس کے ذریعہ اس ہستی (نبی) میں عالم قدس سے پوری طرح وابستہ ہو کر خدا کی وحی اور اس کے کلام کو سننے اور قلب و دماغ میں بخوبی محفوظ رکھنے کی صلاحیت رونما ہو جائے۔ چنانچہ اسی لیے نبی اکرم ﷺ نے اس کیفیت کا اظہار کرتے ہوئے یہ بھی ارشاد فرمایا:

((فيفصم عني وقد وعيت ما قال)).

"شدت و کرب کی یہ کیفیت جلد ہی مجھ سے زائل ہو جاتی ہے اور میں وحی الٰہی کو تمام و کمال محفوظ کر لیتا ہوں۔"

کیا ہسٹریا کے دوروں کا کوئی مریض ایسا پیش کیا جا سکتا ہے جس پر ایک جانب مرض کا مسلسل حملہ ہو رہا ہو اور دوسری جانب وہ علمی و عملی صلاحیتوں معاشی و معادی حکمتوں، اور دینی و دنیوی رفعتوں کے لیے ایسا کامل و مکمل دستور و آئین اور اعمال و افکار پیش کر رہا ہو، کائنات جس کا جواب نہ رکھتی ہو اور دوست و دشمن دونوں اس کی رفعت و بلندی کا اعتراف کرتے ہوں؟ کیا دماغی فتور جو کہ ہسٹریا کا ثمرہ اور نتیجہ ہے اور دماغی رفعت و بلندی جس کے ثمرات حیرت زا اور عملی دنیا میں وقیع سے وقیع تر ہوں دونوں یکجا جمع ہو سکتے ہیں؟ اور اگر نہیں ہو سکتے اور بلاشبہ نہیں ہو سکتے تو حقیقت حال کو نظر انداز کرتے ہوئے "وحی الٰہی سے متعلق" مستشرقین کا یہ دعویٰ کس درجہ حقیر اور بے وقعت ہو جاتا ہے صاحب عقل و بصیرت اس کا خود اندازہ لگا سکتے ہیں؟

نزول وحی کا پہلا دور:

نبی اکرم ﷺ پر سب سے پہلے سورۂ علق کی یہ آیات نازل ہوئیں:

﴿ اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ ۝ اِقۡرَاۡ وَرَبُّكَ الۡاَكۡرَمُ ۝ الَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡ ۝ ﴾ (العلق: ۱۔۵)

"پڑھو! اپنے پروردگار کے نام سے، جس نے پیدا کیا، پیدا کیا انسان کو خون بستہ سے، پڑھو! اور تیرا پروردگار جو سب سے زیادہ برگزیدہ ہے وہ ہستی ہے جس نے سکھایا لکھنا، سکھایا انسان کو وہ سب کچھ جو وہ نہیں جانتا تھا۔"

ان آیات میں یہ بتلایا گیا ہے کہ حضرت انسان جو خدا کی سب سے بہتر اور سلسلہ کائنات کی سب سے ترقی یافتہ مخلوق ہے اور اسی وجہ سے وہ کائنات ہست و بود میں "خلیفۃ اللہ" کے منصب پر سرفراز کیا گیا ہے اس کی خلقی کمزوریوں کا یہ حال ہے کہ اس کی نمود کی ابتداء آب نجس اور خون بستہ سے ہوئی ہے لیکن قدرت حق نے جب اس کو مقام رفیع بخشنے کا ارادہ کیا اور "اسفل سافلین" کے لائق مخلوق کو "درجات علیا" پر فائز کرنا چاہا تو اس کو وہ صفت اعلیٰ عطا فرمائی جو صفات الٰہی میں مبداء الصفات ہے یعنی اس کو "صفت علم کا مظہر"، بنایا اس کو "قلم کے ذریعہ" لکھنا سکھایا اور علوم و عرفان کا مہبط و محور ٹھہرایا پھر اس جانب بھی اشارہ کیا کہ یہ سلسلۂ اسباب و مسببات حصول علم کے تین ہی طریقے ہیں "ذہنی، لسانی، رسمی" اور علم ذہنی الفاظ اور رسوم ونقوش کا محتاج نہیں ہوتا اور علم لسانی علم ذہنی کا محتاج ہے مگر رسوم ونقوش کتابت سے بے نیاز اور علم رسمی، رسم الخط اور نقوش کا بھی محتاج ہے پس اگر "علم رسمی" کا کسی جگہ مذکور ہو تو لسانی اور ذہنی علوم کا ذکر خود بخود ہو جاتا ہے کیونکہ یہ اپنے سے بلند ہر دو علوم کے لیے بہترین معبر ہے اور ظاہر ہے کہ علم رسمی "قلم" کا محتاج ہے لہٰذا قرآن عزیز نے ﴿عَلَّمَ بِالْقَلَمِ﴾ کہہ کر لطیف پیرایہ بیان میں اس پوری حقیقت کو واضح کر دیا اس کی مزید تشریح ﴿عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ﴾ سے کر دی اور اس معجزانہ اسلوب کی غرض و غایت یہ ہے کہ ایک جانب "علم" اور "نبوت" کے درمیان کیا علاقہ ہے اس کا اظہار ہو جائے اور دوسری جانب انسان کو اپنے مقصد حیات کا صحیح علم ہو جائے۔

نزول وحی کا دوسرا دور :

غار حراء میں منصب نبوت سے سرفرازی کے وقت سورۂ علق کی یہ چند آیات نازل ہو کر وحی الٰہی کا سلسلہ منقطع ہو گیا، حکمت الٰہی کا تقاضا یہ ہوا کہ حراء میں فرشتہ کے ظہور اور وحی کے نزول سے فوری طور پر نبوت و رسالت کے جو خصائص واثرات ذات اقدس ﷺ پر وارد ہوئے ہیں وہ اچھی طرح راسخ ہو جائیں اور صلاحیت واستعداد نبوت و رسالت کی تکمیل ہو جائے تاکہ آئندہ سلسلۂ وحی کے قوی موثرات ومحرکات پیغمبر ﷺ کے بشری خواص کے اجنبی نہ رہیں اس لیے کچھ عرصہ کے لیے نزول وحی کا سلسلہ بند رہا۔ اسی کو مذہب کی اصطلاح میں "فترت وحی" کہتے ہیں۔

لیکن ذات اقدس ﷺ کو حراء میں پیش آمدہ کیفیت وصورت حال سے جو فطری تشویش پیدا ہوتی تھی جب اس نے سکون و طمانیت کی شکل اختیار کر لی تو نزول وحی کی روحانی کیفیات نے اس درجہ لطف اندوز کیا کہ آپ ﷺ اس "فترت" کو برداشت نہ کر سکے اور لطیف و عمیق جذبات نے اس حد تک اضطراب و بے چینی کی شکل اختیار کر لی کہ گاہ گاہ ناموس اکبر (جبرئیل امین علیہ السلام) ظاہر ہو کر آپ ﷺ کو صبر و تسکین کی دعوت دیتے اور یقین دلاتے تھے کہ اپنی تمام لطافتوں اور حسن و کمال کے ساتھ نبوت و رسالت کا یہ سلسلہ آپ ﷺ کی ذات کے ساتھ وابستہ ہو چکا ہے اور "فترت" کا یہ دور محض عارضی ہے اس لیے آپ اندوہگیں نہ ہوں تب آپ تسکین پاتے اور وقت موعود کے منتظر رہتے کہ کچھ عرصہ بعد نزول وحی کا دوسرا دور شروع ہوا اور سب سے اول سورۂ مدثر کی یہ آیات نازل ہوئیں۔ [1]

[1] فترۃ کا زمانہ کس قدر رہا ہے اس سلسلہ میں چھ ماہ سے ڈھائی سال تک کے متعلق روایات پائی جاتی ہیں اور محدثین کا رجحان چھ ماہ کی طرف زیادہ ہے۔

﴿ يَاأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝١ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝٢ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝٣ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝٤ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝٥ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝٦ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝٧ ﴾ (المدثر: ۱۔۷)

"اے کملی پوش اٹھ (اور لوگوں کو گمراہی کے انجام سے) ڈرا اور اپنے پروردگار کی عظمت وجلال کو بیان کر اور لباس کو پاک کر اور بتوں سے جدا رہ اور زیادہ حاصل کرنے کی نیت سے حسن سلوک نہ کر اور اپنے پروردگار کے معاملہ میں (اذیت و مصیبت پر) صبر اختیار کر۔"

ان آیات نے گویا انسانی مقصد حیات کی تکمیل کر دی کیونکہ سورۂ علق میں کہا گیا تھا کہ انسانیت کبریٰ کے لیے "صحیح علم" شرط ہے، یہ نہیں تو کچھ بھی نہیں اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ علم صحیح کی رفعت و بلندی کے اعتراف کے باوجود انسانیت کی تکمیل اس وقت تک ناممکن ہے کہ علم صحیح کے ساتھ "عمل صحیح" بھی موجود ہو اس لیے کہ اگر علم صحیح ہے اور عمل صحیح مفقود تو اس کی افادیت معطل اور بیکار ہے اور اگر عمل ہے اور علم صحیح ندارد تو وہ عمل موجب زیان و نقصان ہے، رشد و ہدایت اور صراط مستقیم کے لیے دونوں ہی کا وجود ضروری ہے اور تب ہی "انسان" "انسانیت کبریٰ" حاصل کر سکتا ہے۔

غرض جس طرح سورۂ علق کی آیات نے "علم نافع" کی جانب اشارات کیے اسی طرح سورۂ مدثر نے "عمل نافع" کی اساسی تفاصیل ظاہر کی ہیں خدا کی ہستی اور اس کی ربوبیت کاملہ کا عملی اعتراف، باطنی طہارت و پاکیزگی کا کمال ظاہری طہارت و پاکی کا لزوم، بے غرض اور بے لوث اخلاق حمیدہ کی اساس "احسان" پر استقامت اور قبول حق اور نیک عملی کے نتائج پر "صبر" ان آیات کا حاصل ہیں اور یہی وہ بنیادی امور ہیں جن میں علم حق اور عمل صحیح کی تمام کائنات سمو دی گئی ہے۔

نیز ذات اقدس ﷺ کے لیے سورۂ علق اور سورۂ مدثر کا یہ خطاب اور پیغام حق، اشارہ ہے اس جانب کہ یہ نظام عمل منصب رسالت کے لیے "تکمیل نفس" اور دعوت رشد و ہدایت کے لیے "مرتبہ اولین" کی حیثیت رکھتا ہے اور یہی مستقبل قریب میں "بعثت عامہ" کا باعث ثابت ہوگا۔

اعلانِ دعوت وارشاد کی پہلی منزل:

کلام الٰہی کے اس حکم کے بعد جو کہ تبلیغ و دعوت حق کا پہلا پیغام تھا دعوت و ارشاد نے ایک قدم اور آگے بڑھایا اور اب ذات حق نے سورۂ شعراء کی آیات نازل فرما کر نبی اکرم ﷺ کو یہ فیصلہ سنایا کہ سب سے پہلے اہل قرابت اور رشتہ داروں کو دعوت حق دیجئے کہ دوسروں پر بھی اس کا اثر پڑے اور یوں بھی قریش اور بنی ہاشم کے قبول حق کا اثر تمام عرب قبائل پر پڑنا لازمی ہے اس لیے کہ وہ سب قبائل کے سرخیل اور سرگروہ ہیں اور ساکنان حرم ہونے کی وجہ سے تمام عرب پر ان کا دینی اور دنیوی اثر ہے۔ سورۂ شعراء میں ہے:

﴿ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ۝٢١٤ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝٢١٥ فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تَعْمَلُونَ ۝٢١٦ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ۝٢١٧ الَّذِي يَرَاكَ حِينَ

تَقُوۡمُ ﴿۲۱۸﴾ وَ تَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيۡنَ ﴿۲۱۹﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۲۲۰﴾ (الشعراء: ۲۱۴ـ۲۲۰)

"اور (اے پیغمبر!) اپنے قریبی ناتے والوں کو (گمراہی سے) ڈرا اور جو مسلمان تیرے پیرو ہیں ان کے لیے اپنے بازوؤں کو پست رکھ (یعنی نرمی اور تواضع سے پیش آ) اگر وہ نافرمانی کریں تب تو ان سے کہہ دے میں تمہارے ان اعمال (بد) سے بری ہوں اور غالب رحم کرنے والی ذات پر بھروسہ کر جو تجھ کو اس وقت بھی دیکھتی ہے جب تو اس کی بارگاہ میں کھڑا ہوتا ہے اور اس وقت بھی جبکہ تو سجدہ کرنے والوں میں مل کر اس کے سامنے سجدہ ریز ہوتا ہے بلاشبہ وہ سننے والا جاننے والا ہے۔"

گویا یہ "تکمیل علم وعمل" اور "منصب رشد و ہدایت کے فیضان" کے بعد دوسرا درجہ تھا، جس میں اعلانِ حق اور دعوت اسلام کی عملی صورت اختیار کرنے کے لیے تحریک کی گئی، چنانچہ صحیح روایات شاہد ہیں کہ آپ ﷺ نے صفا کی چوٹی پر کھڑے ہو کر اس زمانہ کے طریق اعلان کے مطابق "یا صباحا" "یا صباحا" کہہ کر خانوادۂ قریش کو پکارا اور جب سب جمع ہو گئے تو ایک مثال دے کر سمجھایا کہ بلاشبہ میں خدا کا پیغمبر اور رسول اور صراط مستقیم کے لیے ہادی برحق ہوں ارشاد فرمایا:

"لوگو! اگر میں تم سے یہ کہوں کہ اس پہاڑ کی پشت پر ایک لشکر جرار جمع ہے اور تم پر حملہ کے لیے آمادہ، تو کیا تم مجھ کو صادق سمجھو گے۔ ((او مصدقی؟)) لوگوں نے کہا ہم نے تجھ کو "الصادق الامین" پایا ہے تو جو کچھ کہے گا حق اور صداقت پر مبنی ہوگا تب آپ ﷺ نے فرمایا: تو لوگو! میں تم کو خدائے واحد کی جانب بلاتا ہوں اور اصنام پرستی کی نجاست سے بچانا چاہتا ہوں، تم اس دن سے ڈرو، جب خدا کے سامنے حاضر ہو کر اپنے اعمال و کردار کا حساب دینا ہے۔" [1]

یہ صدائے حق جب قریش کے کانوں میں پہنچی تو وہ حیران رہ گئے اور باپ دادا کے دین "بت پرستی" کے خلاف آواز سن کر برافروختہ ہونے لگے گویا سب میں ایک آگ سی دوڑ گئی اور سب سے زیادہ آپ ﷺ کے حقیقی چچا ابولہب کو طیش آیا اور غضبناک ہو کر کہنے لگا:

تبالك سائر اليوم اما دعوتنا الا بهذا.

"تو ہمیشہ ہلاکت و رسوائی کا منہ دیکھے کیا تو نے اس غرض سے ہم کو بلایا تھا۔" [2]

عجب منظر ہے کہ چند گھڑیاں پہلے جس محمد بن عبداللہ کی صداقت و امانت اور خصائل حمیدہ سے ساری قوم متاثر رہ کر اس کی عظمت و عزت کرتی اور اس کے ساتھ والہانہ محبت کا اظہار کرتی تھی وہی آج اس اعلان پر "کہ میں محمد رسول اللہ ہوں" یکلخت بیگانہ و نفور اور خون کی پیاسی بن گئی۔

دعوت وارشاد کی دوسری منزل:

سیرت کی کتابوں میں پڑھ آئے ہو کہ نبی اکرم ﷺ نے خاندان اور برادری کے لوگوں کو راہ حق دکھانے اور ان کی ایمانی اور اخلاقی حالت درست کرنے کی خاطر کیا کچھ نہیں کیا مگر قریش کے چند اصحاب کے سوائے کسی نے آپ ﷺ کی دعوت پر لبیک نہ کہا

---

[1] تاریخ ابن کثیر ج ۳ ص ۳۸

[2] سورۂ لہب کا نزول ابولہب کی اسی گستاخانہ جرأت کے انجام بد کا اظہار کرتا ہے۔

اور عداوت و بغض کو اپنا شعار بنائے رکھا تب دعوت و ارشاد نے ترقی کے تیسرے زینہ پر قدم رکھا اور ذات حق کی جانب سے حکم ہوا: اے داعی حق! خاندان اور برادری کے انکار و جحود سے متاثر و غمگین نہ ہو اور اپنی مفوضہ خدمت پر استقامت کے ساتھ قائم رہو کیونکہ سعادت و شقاوت تمہارے قبضہ میں نہیں ہے تمہارا کام تو صرف ابلاغ (پہنچانا) ہے۔ البتہ اب خاندان کے دائرہ سے آگے بڑھ کر مکہ اور اطراف مکہ کے قبائل و اقوام کو بھی یہ پیغام حق سناؤ اور دعوت و ارشاد کا یہ تحفہ ان کے سامنے بھی رکھو تاکہ جو سعید روحیں "پیغام حق" کے لیے مضطرب اور بے چین ہیں وہ اس پر لبیک کہہ کر تسکین پائیں اور روح تشنہ کو آب حیات سے سیراب کریں۔

﴿وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا﴾ (الانعام:۹۲)

"اور (دیکھو) یہ کتاب (قرآن) ہے جسے ہم نے (توراۃ کی طرح) نازل کیا، برکت والی اور جو کتاب اس سے پہلے نازل ہو چکی ہے اس کی تصدیق کرنے والی اور اس لیے نازل کی تاکہ تم اُم القریٰ (یعنی شہر مکہ) کے باشندوں کو اور ان کو جو اس کے چاروں طرف ہیں (گمراہیوں کے نتائج سے) ڈراؤ۔"

﴿وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى﴾ (الشوریٰ:۷)

"اور اسی طرح ہم نے تم پر قرآن نازل کیا زبان عربی میں تاکہ (گمراہیوں کے نتائج سے) ڈراؤ شہر مکہ کے باشندوں کو اور ان کو جو اس کے آس پاس ہیں۔"

چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے تبلیغ حق کو مکہ کی تحدید سے آزاد کر کے اطراف مکہ کے لیے عام کر دیا اور طائف، حنین اور یثرب (مدینہ) تک اپنی صدائے حق کو پہنچایا بلکہ مہاجرین کے ذریعہ حبشہ کے عیسائی بادشاہ اصحمہ تک کو کلمہ حق سنایا۔

بعثت عامہ :

اس کے بعد دعوت و ارشاد کی وہ تیسری منزل پیش آئی جو "بعثت محمدی" کا نصب العین اور مقصد وحید، اور تمام انبیاء و رسل علیہم السلام کے مقابلہ میں ذات اقدس محمد ﷺ کی بعثت کے لیے طغرائے امتیاز تھی، یعنی خدائے برتر نے آپ کی بعثت کو "بعثت عام" قرار دیا اور حکم ہوا کہ آپ ﷺ نہ صرف قریش کے لیے، نہ صرف اُم القریٰ (مکہ) اور اطراف مکہ کے لیے نہ صرف عرب کے لیے نبی و رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں بلکہ آپ ﷺ کی بعثت تمام کائنات انسانی کے لیے ہوئی ہے اور آپ ﷺ عرب و عجم اور اسود و احمر سب کے لیے پیغامبر اور خدا کے ایلچی ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے:

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۲۸﴾ (سبا:۲۸)

"اور ہم نے آپ کو کائنات انسانی کے لیے پیغام دے کر بھیجا ہے (اعمال نیک پر) خوش خبری سنانے اور (اعمال بد پر) لوگوں کو ڈرانے کے لیے اور اکثر (جاہل) لوگ اس حقیقت کو نہیں سمجھتے۔"

﴿تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۝۱﴾ (الفرقان:۱)

"پاک اور برتر ہے وہ ذات جس نے حق و باطل کے درمیان تمیز دینے والی کتاب نازل فرمائی اپنے بندے محمد ﷺ پر تا کہ وہ تمام جہان والوں کو (انجام بد سے) ڈرائے۔"

دعوت اسلام کا مجمل خاکہ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی تقریر :

نبی اکرم ﷺ سرزمین عرب میں مبعوث ہوئے اس لیے فطری طریق کار کے پیش نظر سب سے اول قوم عرب ہی ان کی دعوت وارشاد کا مخاطب قرار پائی تا کہ جو قوم کل چوپایوں کی گلہ بان تھی نور نبوت سے مستنیر ہو کر کائنات انسانی کی گلہ بان بن جائے اور خدائے برتر کے سب سے بزرگ تر پیغمبر و رسول کے سایہ رحمت میں تربیت پا کر کائنات ہدایت کے لیے "خیر امۃ" کا لقب پائے۔ تو اب دیکھنا یہ ہے کہ عرب جیسی سرکش، جاہل، تمدن و حضارۃ سے یکسر محروم اور اخلاقی و ملی جذبات و احساسات سے قطعاً منحرف قوم پر "اسلام کی دعوت" نے فوری طور پر کیا اثر کیا تا کہ ہم بآسانی یہ اندازہ کر سکیں کہ جس مذہب کے بنیادی اصول و عقائد اور افکار و اعمال نے ایسی قوم کے تمام شعبہ ہائے حیات میں حیرت زا اور عظیم الشان انقلاب پیدا کر کے اس کو روحانی دنیا کا انسان بنا دیا اس مذہب کی صداقت کے لیے تنہا یہ ایک کارنامہ ہی روشن دلیل بن سکتا ہے۔

مشرکین مکہ کی پیہم مخالفت ایذاء رسانی اور ہولناک طریقہ ہائے عذاب نے جب مسلمانوں کی ایک مختصر جماعت کو افریقہ کے مشہور ملک حبشہ کی جانب ہجرت پر مجبور کر دیا اور وہ عیسائی حکمراں اصحمہ کی حکومت میں پناہ گزین ہو گئے تو سرداران قریش اس کو بھی برداشت نہ کر سکے اور اصحمہ کے دربار میں مشاہیر کا ایک وفد بھیج کر یہ مطالبہ کیا کہ وہ مسلمانوں کو اس لیے ان کے حوالہ کر دے کہ یہ بددین ہو کر اور باپ دادا کے دین کو چھوڑ کر قوم میں تفرقہ پیدا کرنے کا باعث بنے اور یہاں رہ کر بھی حکمران کے دین کے مخالف ہیں۔

اصحمہ نے وفد کا مطالبہ سن کر مسلمانوں کو جواب دہی کے لیے دربار میں طلب اور اسلام کے متعلق دریافت حال کیا، تب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے اسلام سے متعلق تقریر فرمائی اور اس کی مقدس تعلیم کا مختصر اور جامع نقشہ کھینچ کر اصحمہ کو حقیقت حال سے آگاہ کیا۔ یہی وہ تقریر ہے جو دراصل عرب کے دور جاہلیت اور قبول اسلام کے دور کی انقلابی کیفیت کا مجمل مگر بہترین خاکہ ہے۔ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے بادشاہ اور درباریوں کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا:

"بادشاہ! ہم پر ایک طویل تاریک زمانہ گزرا ہے اس وقت ہماری جہالت کا یہ عالم تھا کہ ایک خدا کو چھوڑ کر بتوں کی پرستش کرتے تھے اور خود ساختہ پتھروں کی پوجا ہمارا شعار تھا مردار خوری، زنا کاری، لوٹ مار، قطع رحمی صبح و شام کا ہمارا مشغلہ، ہمسایوں کے حقوق سے بیگانہ، رحم و انصاف سے ہم ناآشنا اور حق و باطل کے امتیاز سے ہم ناواقف، غرض ہماری زندگی سرتا سر درندوں کی طرح تھی کہ قوی ضعیف کو کچلنے اور توانا، ناتواں کو ہضم کر لینے کو اپنے لیے فخر اور طغرائے امتیاز سمجھتا تھا۔

رحمت خدا کا کرشمہ دیکھیے کہ اس نے ہمارے اندر ایک بزرگ پیغمبر مبعوث کیا جس کے نسب سے ہم واقف جس کی صداقت، امانت و عصمت پر دوست و دشمن دونوں گواہ، جس کی قوم نے اس کو "محمد الامین" کا لقب دیا، وہ آیا، اور اس نے ہم کو خدا کی توحید کا سبق دیا خدائے واحد کی جانب بلایا اس نے بتلایا کہ خدا کا کوئی سہیم و شریک نہیں وہ شرک سے پاک ہے بت پرستی جہالت کا شیوہ ہے اس لیے قابل ترک ہے اور صرف خدائے واحد ہی کی عبادت حق عبدیت ہے اس نے ہم کو حق گوئی اور صداقت شعاری کی تلقین کی اور صلہ رحمی کا حکم فرمایا، ہمسایوں اور کمزوروں کے ساتھ حسن سلوک سکھایا، قتل و

غارت کی رسم بد کو مٹایا، زنا کاری کو حرام اور فحش کہہ کر اس ننگ انسانیت عمل سے ہم کو نجات دلائی، نکاح میں محارم اور غیر محارم کا فرق بتایا، جھوٹ بولنے، ناحق مال یتیم کھانے کو حرام فرمایا، نماز اور خیرات وصدقات کی تعلیم دی اور ہر حیثیت سے ہم کو حیوانیت کے قعر مذلت سے نکال کر انسانیت کبریٰ کے مرتبہ پر پہنچایا۔

بادشاہ! ہم نے اس مقدس تعلیم کو قبول کیا اور اس پر صدق دل سے ایمان لائے یہ ہے ہمارا وہ قصور جس کی بدولت یہ مشرکین کا وفد تجھ سے مطالبہ کرتا ہے کہ تو ہم کو ان کے حوالے کر دے۔" [1]

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے اسلام کے صاف اور سادہ مگر روشن اصول کو جب اصحمہ کے سامنے جرأت حق کے ساتھ پیش کیا تو حبشہ کے حکمران نے مسلمانوں کو اپنی پناہ سے نکال کر وفد کے حوالہ کرنے سے انکار کر دیا اور پھر حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے خوش الحانی کے ساتھ سورۂ مریم کی چند آیات تلاوت کیں تو نجاشی حبشہ بے حد متاثر ہوا اور آبدیدہ ہو کر اسلام کی صداقت پر ایمان لے آیا اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے دست حق پرست پر مشرف باسلام ہو گیا۔

یہ ہے دعوت اسلام کا مختصر خاکہ جس نے دنیا کے شب رنگ اور تاریک ترین خطہ انسانی کو ایک بہت ہی قلیل عرصہ میں مثل آفتاب تابناک اور روشن ترین بنا دیا۔ اس خاکہ میں اعتقادات، اخلاق اور اعمال حسنہ کا وہ تمام عطر موجود ہے جس کو قرآن عزیز نے مختلف سورتوں میں حسب حال اور مناسب مقام پر بکثرت بیان کیا ہے بلکہ پورا قرآن انہی روشن حقائق کا ہادی اور مرشد ہے۔

قرآن اور تجدید دعوت:

نبی اکرم ﷺ کی بعثت جبکہ بعثت عام ہے تو ازبس ضروری ہوا کہ کائنات انسانی کی رشد و ہدایت کے لیے خدا کا جو پیغام آپ ﷺ کے ذریعہ آئے وہ آخری پیغام اور کامل و مکمل پیغام ہو اور فطرت کے ایسے سانچے میں ڈھلا ہوا ہو کہ عقل سلیم اور فطرت مستقیم تمام کائنات انسانی کے لیے اس کو ابدی اور سرمدی پیغام یقین کرے اسی پیغام الٰہی کا نام "القرآن" یا "الکتاب" ہے۔

قرآن کی تعلیم اور اس کی دعوت و اصلاح کی حقیقت معلوم کرنے سے قبل چند لمحات کے لیے مذاہب عالم کی تاریخ پر نظر ڈالنا ضروری ہے۔

قرآن کے نزول سے قبل کائنات انسانی پر چار مذہبی تصور حاوی اور فکر و نظر ذہنی پر اثر انداز تھے: ہندومت۔ مجوسی۔ یہودی اور مسیحی۔

ہندومت تصور الٰہی کے متعلق خواص اور عوام کے لیے دو جدا جدا تخیلات رکھتا تھا خواص کے لیے وحدۃ الوجود [2] اور عوام کے لیے اصنام پرستی، وحدۃ الوجود کا تصور اس درجہ فلسفیانہ تھا کہ خدا کا صحیح تصور کسی طرح اس راہ سے ممکن نہ تھا اس لیے کہ اگر ایک جانب وہ ہر وجود کو خدا یا خدا کا جزء مانتا ہے تو دوسری جانب خدا کے لیے کوئی محدود و متعین تخیل بتانے سے عاجز تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ہندومت کے تمام اسکولوں (مذاہب) میں اصنام پرستی ہی کو مذہبی امتیاز رہا اور وہ توحید خالص کو مقبول خواص و عوام نہ بنا سکا۔ چنانچہ ویدک دھرم، بدھ مت، جین مت وغیرہ بلکہ جدید اصلاحی اسکول (مذہب) آریہ سماج سب کے سب توحید خالص کے تصور سے خالی ہیں۔

[1] سیرت ابن ہشام جلد اول و تاریخ ابن کثیر ج ۳

[2] یہاں وہ وحدت الوجود مراد ہے جو یوگیانہ تصور کا نچوڑ ہے۔

مجوسی مذہب کا اعتقادی تصور تو صاف صاف "ثنویت" کی بنیادوں پر قائم ہے یعنی وہ خدا کے تصور و تخیل کو خیر و شر کی جدا جدا دو متقابل قوتوں میں تقسیم کر دیتا ہے وہ کہتا ہے کہ نور اور خیر کا خدا "یزداں" اور ظلمت و شر کا "اہرمن" ہے اور اس طرح خدائے خیر اور خدائے شر دو خدا کائنات ہست و بود پر متصرف اور باہم متقابل ہیں۔

یہودی مذہب اگرچہ خدا کے تصور میں مدعی توحید رہا ہے لیکن موجودہ تورات کے اوراق شاہد ہیں کہ اس کی نگاہ میں خدا کی ہستی تجسم سے پاک نہیں ہے اسی لیے تورات کا تخیلی خدا کہیں حضرت یعقوب علیہ السلام سے کشتی لڑتا نظر آتا ہے اور یعقوب علیہ السلام اس کو پچھاڑ دیتا ہے، اور کہیں اس کی انتڑیوں میں درد ہونے لگتا ہے اور وہ اس کی وجہ سے چیختا نظر آتا ہے، کبھی وہ بنی اسرائیل کو اپنی چہیتی بیوی بنالیتا ہے تو کبھی مصر سے خروج کے وقت بادل اور آگ کا ستون بن کر بنی اسرائیل کی راہنمائی کرتا نظر آتا ہے اور کبھی اس کی آنکھیں دُکھنے آجاتی ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اور اس تصور کا آخری مظاہرہ حضرت عزیر (عزرا) علیہ السلام کو خدا کا بیٹا تسلیم کرنے پر منتج ہو جاتا ہے۔

اسی طرح مسیحی تصور بھی تجسم و تشبہ کے چکر میں آکر حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا کا بیٹا مان لیتا اور اس طرح مشرکانہ عقیدہ "اوتار" کا تخیل اپنا لیتا ہے اور اقانیم ثلثہ (تثلیث) اور مریم پرستی میں حقیقی خدا پرستی کو گم کر بیٹھتا ہے خدا کی ہستی سے متعلق یہ وہ تصورات تھے جن میں دنیا کے بڑے بنیادی مذاہب نزول قرآن کے وقت مبتلا نظر آتے ہیں۔

ان سب مذاہب میں توحید حقیقی سے غفلت نے رسالت یعنی دعوت حق کے داعی کی شخصیت کے متعلق بھی غلط تصورات پیدا کر دیے تھے چنانچہ ہندوستان کے مذہبی تصور میں تو رسالت و نبوت اپنے صحیح معنی میں نظر ہی نہیں آتی اور وہ نبی و رسول کے مفہوم سے ہی یکسر نا آشنا نظر آتا ہے اور مجوسی، یہودی اور مسیحی مذاہب کے معتقدات میں اگر یہ تصور پایا بھی جاتا ہے تو افراط و تفریط کی شکل میں کبھی "ابن اللہ" ہو کر اور کبھی "بداخلاق و بداعمال انسان" کا پیکر بن کر جیسا کہ تورات میں حضرت لوط علیہ السلام اور ان کی بیٹیوں کا ان کے ساتھ اختلاط کا واقعہ مذکور ہے (العیاذ باللہ من ھذہ الخرافات والافتراءات)

گویا ان کے نزدیک یا تو "رسول" اور داعی حق کی شخصیت کوئی اہمیت ہی نہیں رکھتی اور یا پھر خدا، خدا کا اوتار اور خدا کا بیٹا بن کر سامنے آتی ہے اور اس لیے جس طرح وہ حقیقی توحید سے بیگانہ نظر آتے ہیں اسی طرح رسالت و نبوت کے صحیح تصور سے بھی محروم ہو چکے ہیں۔

اسی طرح عالم آخرت کے متعلق بھی ان مذاہب کے تصور کی دنیا افراط و تفریط سے خالی نہیں تھی بعض مذاہب میں تو کائنات انسانی مختلف چولوں کے چکر میں گرفتار نظر آتی اور آواگون (تناسخ) کے ناقص فلسفیانہ نقطہ نگاہ کا رہین منت بنی ہوئی ہے اور ایک حد پر پہنچ کر "برہم" یعنی خدا میں جذب ہو جانا نجات کا آخری نقطہ متعین کیا جاتا ہے۔ نیز خیر و شر کی جزا و سزا کے بارہ میں ایک قادر مطلق خدا نہیں بلکہ ایک جبری قانون میں جکڑی ہوئی مجبور ہستی کا تصور پیش کرتا ہے اور بعض اگرچہ تناسخ کے غلط عقیدہ سے جدا یوم معاد اور یوم حساب کے تصور سے آشنا بھی ہیں لیکن ان کے نزدیک بھی عالم آخرت کا معاملہ اعمال صالحہ و سیئہ یا افعال و کردار کے حق و باطل کی جزا و سزا سے وابستہ نہیں ہے بلکہ نسلی امتیازات اور جماعتی فرقہ بندی اور یا پھر کفارہ کے ساتھ مربوط ہے۔

ان چار بنیادی مذاہب عالم کے علاوہ مشرکین اور فلاسفہ کی بعض ایسی جماعتیں بھی تھیں جو نہ خدا کی ہستی کی قائل ہیں اور نہ عالم آخرت کی اور خدا کی ہستی پر اگر ایمان بھی رکھتی تھیں تو سینکڑوں ہزاروں بلکہ بے تعداد بتوں کی باطل پرستی کے ساتھ ملوث و مجروح۔

غرض یہ تھے مذاہب عالم کے وہ ذہنی تصورات اور فکری معتقدات جن پر کائنات انسانی کی روحانی اور سرمدی سعادت کا مدار سمجھا جاتا تھا اور جو بلاشبہ اپنے نتائج وثمرات کے لحاظ سے کائنات انسانی کو مشعل ہدایت دکھا کر "انسانیت کبریٰ" کے درجہ تک پہنچانے اور انسانوں کا خدا کے ساتھ حقیقی معبود وعبد ہونے کا رشتہ قائم کر کے دین ودنیا کی خیر وفلاح تک پہنچانے میں قطعی تہی دامن تھے۔

ان ہی حالات میں "اسلام" کی دعوت وتبلیغ یا "تعلیم حق" نے رونمائی کی اور کائنات انسانی کے ہر شعبہ حیات میں گوناگوں انقلاب پیدا کر کے نیا عالم پیدا کر دیا اور آفتاب ہدایت کی روشنی سے منور بنا کر اس کو معراج کمال تک پہنچا دیا۔

توحید:

نبی اکرم ﷺ نے خدا کے کلام (قرآن) کے ذریعہ سب سے پہلے اسی عقیدۂ توحید پر روشنی ڈالی اور توحید خالص کی حقیقت واضح کر کے تمام کائنات انسانی کو اس کی جانب دعوت دی۔

قرآن عزیز کی دعوت توحید کا حاصل یہ ہے کہ اللہ ایک ایسی ہستی کا نام ہے جو اپنی ذات وصفات میں ہر قسم کے شرک سے پاک اور وراء الوراء ہے، نہ اس کا کوئی سہیم وشریک ہے اور نہ اس کا ہمتا وہمسر، اس لیے "ابنیت" کا عقیدہ ہو یا "اوتار" کا، صنم پرستی ہو یا ثنیت وتثلیث، یہ سب باطل ہیں وہ یکتا وبے ہمتا ہے، باپ، بیٹا اور اس قسم کی نسبتوں سے پاک ہے، پرستش کے قابل وہ خود ہے نہ کہ اس کے مظاہر اور اس کی مخلوقات، وہ جس طرح تجسم وتشبہ سے بالاتر ہے اسی طرح اس کا نہ کوئی مقابل ہے اور نہ کوئی حریفانہ سہیم۔

﴿ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ ﴾(البقرہ: ۲۵۵)

"اللہ" اس ہستی کا نام ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود اور خدا نہیں ہے، اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی نہ خدا ہے نہ معبود، وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اور زندگی کا بخشنے والا۔"

﴿ وَ اعۡبُدُوا اللّٰہَ وَ لَا تُشۡرِکُوۡا بِہٖ شَیۡئًا ﴾(النساء: ۳۶)

"پس تم اللہ ہی کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ۔"

﴿ لَا تُشۡرِکۡ بِاللّٰہِ ؕؔ اِنَّ الشِّرۡکَ لَظُلۡمٌ عَظِیۡمٌ ﴿۱۳﴾ ﴾(لقمان: ۱۳)

"اللہ کا کسی کو شریک نہ بنا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ شرک بہت بڑا ظلم ہے۔"

﴿ وَ اِلٰـہُکُمۡ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ ﴾(البقرہ: ۱۶۳)

"اور خدا تمہارا ایک ہی ہے۔"

یہ اور اسی مضمون کی بے شمار آیات ہیں جو قرآن عزیز میں توحید خالص کی داعی اور مناد ہیں لیکن سورۂ اخلاص یا سورۂ توحید میں جس معجزانہ اختصار کے ساتھ توحید سے متعلق موجودہ مذاہب کے ناقص اور غلط تصورات کو باطل کرتے ہوئے توحید خالص کی تعلیم دی گئی ہے۔ وہ خود اپنی نظیر ہے:

﴿قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۙ۬ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾﴾

(الاخلاص: ۱۔۴)

"(اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے اللہ یکتا ذات ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا اور نہ اس کا کوئی ہمسر اور سہیم وشریک ہے۔"

ایک مرتبہ توحید سے متعلق مذاہب عالم کی تعلیم پر اور نظر کیجئے اور پھر ان چند مختصر آیات کو غور وفکر کے ساتھ ملاحظہ فرمائیے تو آپ اندازہ کر سکیں گے کہ پہلی دو آیات میں توحید خالص کا صحیح اور حق تصور پیش کر دیا گیا ہے، قرآن کہتا ہے کہ اللہ ایسی ہستی کا نام ہے جو یکتا و بے ہمتا ہے، ساری کائنات اس کی محتاج ہے اور وہ ہر قسم کی احتیاج سے پاک اور بے نیاز ہے وہ صمد ہے یعنی مجموعہ کمالات صرف صمدیت کا حصہ ہے اور بس۔

اس کے بعد وہ نصاریٰ اور یہود سے مخاطب ہو کر شمع ہدایت دکھاتا ہے کہ اللہ اس ہستی کو کہتے ہیں جو باپ اور بیٹے جیسی فانی نسبتوں سے بالاتر ہے وہ نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا، تعالی اللہ علوا کبیرا اور اسی طرح ہندو دھرم سے کہتا ہے کہ ایسی لازوال ہستی کی مقدس شان اس سے بلند و بالا ہے کہ وہ کسی انسان یا حیوان کے جسم میں محدود ہو کر "اوتار" کہلائے یا اس معبود مطلق کے ساتھ چھوٹے معبودوں کا سلسلہ قائم کر کے کسی مخلوق کو اس کا سہیم وشریک ٹھہرایا جائے۔ سُبۡحٰنَكَ هٰذَا بُهۡتَانٌ عَظِیۡمٌ اور وہ مجوس اور ویدک دھرم کے ان پجاریوں کو مخاطب کرتا ہے جو اس کو یزداں کہہ کر اہرمن کو اس کا مقابل حریف تسلیم کرتے ہیں یا روح (جیو) اور مادہ (پرکرتی) کو خدا کے ساتھ ازلی وابدی (قدیم وغیر مخلوق) کہہ کر ان چیزوں کو خدا کا کفو اور ہمسر بتلاتے ہیں اور کہتا ہے ﴿وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾﴾ خدا اس ہستی کا نام ہے جس کا نہ کوئی ہمسر اور حریف ہے اور نہ اس کی طرح انادی (قدیم) اور غیر مخلوق ہے۔

غرض قرآن عزیز نے خدا کی ذات واحد سے متعلق ان تمام نسبتوں کا قطعی انکار کر کے جو توحید خالص کے کسی طرح بھی معارض ہوتی تھیں اس کو یکتا اور بے ہمتا ظاہر کیا ہے اور اس طرح شرک فی الذات اور شرک فی الصفات کا قلع قمع کر دیا ہے اور شرک فی الالوهیة اور شرك فی الربوبیة کے خلاف توحید اور صرف توحید کو ہی اسلام کا بنیادی تصور قرار دیا ہے۔

یہاں یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ جس طرح قرآن نے توحید کے تمام اطراف و جوانب کو نقص و خام کاری سے پاک کر کے حقیقی توحید کے تصور کی جانب راہنمائی کی اور ہر قسم کے تجسم سے وراء الوراء بتلا کر توحید کامل کی جانب دعوت دی اسی طرح اس نے توحید کے اس فلسفیانہ عقیدہ کو بھی باطل ثابت کیا جو اس باب میں تفریط کی حد تک بڑھ کر صفات الٰہی کا بھی منکر ہو گیا اور کہنے لگا کہ وہ قادر ہے بغیر قدرت کے، خالق ہے بغیر خلق کے، بصیر ہے بغیر رویت کے، سمیع ہے بغیر سمع کے وغیرہ وغیرہ۔ اس عقیدہ کا حاصل یہ ہے کہ خدا ایسی ہستی کا نام ہے جس کے لیے "تعطل" لازم ہے جیسا کہ پہلی تعلیمات کا حاصل یہ تھا کہ کسی نہ کسی رنگ میں خدا کے لیے تجسم ضروری ہے۔

قرآن نے کہا کہ پہلی کیفیت اگر افراط پر مبنی تھی تو یہ تفریط پر قائم ہے اس لیے کہ ایک ذات کے لیے متعدد صفات کمال کا ہونا ذات کی وحدت پر اثر انداز نہیں ہے اس لیے بلاشبہ وہ سمیع و بصیر ہے، سنتا ہے اور دیکھتا ہے، لاریب وہ قدرت کاملہ کے ساتھ قادر ہے اور صفت رحم و کرم کے ساتھ رحیم و کریم ہے البتہ اس کی صفت سمع و بصر، صفت رحم و کرم وغیرہ صفات کا انسانی صفات سمع و بصر

سے دور کا بھی تعلق نہیں ہے اور جس طرح وہ اپنی ذات میں بے ہمتا اور یکتا ہے اسی طرح صفات میں بھی ہے:

﴿ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴾ (الشوریٰ: ۱۱)

"اس (خدا) کی کوئی مثال نہیں اور یہ حقیقت ہے کہ وہ سنتا ہے، دیکھتا ہے۔"

غور فرمائیے کہ کس معجزانہ تعبیر کے ساتھ ایک ہی آیت اور ایک ہی جملہ میں اس کی صفات کمالیہ کا اعتراف بھی مذکور ہے اور یہ بھی وضاحت موجود ہے کہ خدا کی ان صفات کو انسانی صفات کی طرح نہ سمجھو بلکہ اس کی ذات کی طرح اس کی صفات بھی ﴿ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ﴾ کے عنوان سے معنون اور انسانی صفات کی حقائق کے مقابلہ میں بے مثال و بے نظیر ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ خدائے برتر کی توحید جب ہی حقیقی توحید کہلا سکتی ہے کہ اس میں نہ تجسم کا عقیدہ شامل حال ہو اور نہ تعطل کا کہ یہ دونوں افراط و تفریط کی راہیں ہیں بلکہ عقیدہ یہ ہو کہ اللہ اپنی ذات میں بھی بے ہمتا و یکتا ہے اور اپنی صفات میں بھی اور وہ ہر طرح کے شرک و کفو سے پاک اور برتر ہے۔

رسالت:

توحید حقیقی کے ثبوت کے بعد قرآن نے "رسالت" کے بنیادی عقیدہ کی اصلاح بھی ضروری سمجھی اور اس نے بتلایا کہ کسی تعلیم کے حسن و قبح میں معلم کی شخصیت کو بہت بڑا دخل ہوتا ہے کیونکہ یہ ممکن ہی نہیں کہ اچھی تعلیم کا معلم بدعمل انسان ہو یا بری تعلیم کا معلم نیکوکار، اور جبکہ یہ ایک حقیقت ثابتہ ہے کہ خدا ہر ایک انسان کے ساتھ براہِ راست ہم کلام نہیں ہوتا تو از بس ضروری تھا کہ کائنات انسانی کی ہدایت کے لیے ایک انسان ہی کو معلم بنایا جائے اور وہی خدا کی جانب سے رسالت اور پیغامبری کا فرض انجام دے۔

پس بشری اوصاف سے متصف یہ انسان نہ خدا ہوگا اور نہ خدا کا بیٹا یا خدا کا اوتار بلکہ بشر اور انسان ہی رہے گا نیز خدا کے پیغامبر ہونے کی وجہ سے پاکی اور تقدس کا جو رشتہ اس کو خدا کی درگاہ سے وابستہ کیے ہوئے ہے اس کے پیش نظر اس کی ہستی کا نہ انکار کیا جا سکتا ہے اور نہ اس کو دوسرے انسانوں کے مساوی کہا جا سکتا ہے اس لیے قرآن نے جگہ جگہ مسیح ابن مریم اور عزیر (علیہما السلام) کے متعلق اس حقیقت کو واضح کیا کہ وہ خدا کے مقدس رسول ہیں۔ خدا یا خدا کے بیٹے نہیں ہیں۔ نیز یہ بھی بتلایا کہ اگر ایک انسان تمہاری طرح کھاتا بھی ہے اور پیتا بھی اور بازاروں میں چلتا پھرتا۔ خرید و فروخت کرتا اور گھر میں اہل و عیال کے ساتھ معاشرتی زندگی بسر کرتا ہے تو اس سے یہ کیسے لازم آ گیا کہ وہ خدا کا فرستادہ "رسول" نہیں ہے اور کس طرح یہ جائز ہے کہ ایک صادق و امین ہستی کے اس دعویٰ کو تم محض قیاس کی بناء پر جھٹلا دو کہ وہ خدا کا رسول نہیں ہے۔

قرآن نے ان حقائق کو جن صاف اور واضح تعبیرات کے ساتھ بیان کیا ہے گذشتہ صفحات میں آپ ان کا مطالعہ فرما چکے ہیں۔

پس جس کتاب میں نبوت و رسالت سے متعلق صحیح تصور موجود نہ ہو وہ کبھی اپنی مذہبی تعلیمات کی صداقت کی مکمل تصویر نہیں پیش کر سکتی، یہی وہ عقیدہ ہے جس کی حقیقت میں "ایمان بالرسل" "ایمان بالکتب" "ایمان بالملائکہ" سب بنیادی عقائد سمٹ کر جذب ہو جاتے ہیں۔

قرآن کہتا ہے کہ جبکہ ہدایت انسانی کے لیے خدائے تعالیٰ اپنی پیغامبری کے لیے ایک انسان اور بشر کو ہی چن لیتا ہے تو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ انسان نے جب سے اس کائنات میں قدم رکھا ہے اسی وقت سے رشد وہدایت کا یہ سلسلہ قائم ہے:

﴿ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴾ (فاطر: ٢٤)

"کوئی گروہ یا جماعت ایسی نہیں ہے کہ جس میں ہماری جانب سے نذیر (پیغامبر) نہ گزرا ہو۔"

﴿ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ﴾ (الرعد: ٧)

"اور ہر قوم کے لیے ہادی آئے ہیں۔"

﴿ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ﴾ (المؤمن: ٧٨)

"ان میں سے بعض کے واقعات کا ہم نے قرآن میں تذکرہ کر دیا ہے اور بعض ایسے ہیں جن کا تذکرہ قرآن میں نہیں کیا۔"

اور یہ یقین لانا بھی ضروری ہے کہ جبکہ خدا ایک ہے اور اس کی تعلیم ایک تو بلاشبہ تمام پیغمبرانِ خدا کی بنیادی تعلیم بھی ایک ہی رہی ہے اور اس لیے اگر خدا کے کسی ایک برحق نبی ورسول کا بھی انکار کر دیا گیا تو گویا اس نے پوری دعوت قرآنی کا انکار کر دیا پس یہ ایمان ضروری ہوا:

﴿ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ﴾ (البقرہ: ٢٨٥)

"ہم خدا کے پیغمبروں میں پیغمبر ہونے کے لحاظ سے کسی کے درمیان کوئی فرق نہیں کرتے (کہ ایک کو مان لیں اور دوسرے کا انکار کر دیں)۔"

لہٰذا جب تمام انبیاء علیہم السلام پر ایمان لانا ازبس ضروری ہوا تو ان پر نازل شدہ تمام کتب سماویہ پر بھی ایمان لانا جزء ایمان ہو گا ورنہ تو ایک جانب سے ایمان لا کر دوسری جانب سے اس پیغمبر کی صداقت کا انکار لازم آئے گا اور جب رسالت اور رسالت کے ساتھ کتب سماویہ پر ایمان حقیقت ثابتہ بن جائے تو ملائکۃ اللہ پر اس لیے ایمان لانا ضروری ہو گا کہ خدا کے ان پیغمبروں نے یہ صاف صاف اعلان کیا ہے کہ خدا کی جانب سے ان پر یہ وحی خدا کا فرشتہ لے کر آتا ہے تو اب یا ہم اس پیغمبر کی صداقت کا انکار کر دیں اور یا پھر بن دیکھے فرشتہ پر اس لیے ایمان لے آئیں کہ بتلانے والی ہستی اپنے کردار واعمال میں ہر طرح صادق وامین اور امراض دماغی و قلبی "جنون وسحر" سے ہر طرح پاک ہے اور ضروری نہیں ہے کہ جس شے کو آنکھوں نے نہ دیکھا ہو اور کانوں نے نہ سنا ہو وہ حقیقت میں بھی غیر موجود ہو کیونکہ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ کسی شے کے عدم علم سے اس شے کا عدم لازم نہیں آتا یعنی یہ ضروری نہیں کہ جس بات کو ہم نہیں جانتے وہ واقعہ میں بھی موجود نہ ہو۔

یوم آخرت:

نبی اکرم ﷺ نے خدا کے آخری اور مکمل پیغام قرآن کے ذریعہ تیسری بنیادی اصلاح "یوم آخرت" سے متعلق فرمائی۔

مذاہب عالم اس سلسلہ میں بھی راہ مستقیم سے روگرداں اور افراط وتفریط کے بحر ظلمات میں پھنسے ہوئے تھے یا تو آواگون ❶ (تناسخ) کے چکر میں یوم آخرت کے اس تصور سے قطعاً بیگانہ ہو چکے تھے اور قیامت (پرلے) کا تعلق انسانی اعمال کی جزاء وسزا اور یوم الحساب سے غیر متعلق سمجھ چکے تھے اور یا پھر اس دن نجات کا مدار اور جزاء وسزا کا معیار اعمال وکردار کی جگہ نسل وخاندان اور سوسائٹی کی معاشرتی گروہ بندی پر سمجھ بیٹھے تھے اور "کفارہ" کو عقیدہ بنا کر حساب ومحاسبۂ اعمال سے مطمئن ہو چکے تھے۔ اور مشرکین اور بعض فلاسفہ نے تو یوم آخرت کے وجود ہی کا انکار کر دیا تھا اور ان کی سمجھ میں ہی نہیں آتا تھا کہ آج کا مردہ انسان کل کس طرح زندگی اختیار کر لے گا اور سینکڑوں اور ہزاروں برس کی بوسیدہ ہڈیاں یوم حساب میں کس طرح جسم بن کر اپنی روح کے لیے لباس بن سکیں گی۔

قرآن نے نازل ہو کر دنیاء انسانی کو بتایا کہ اس صاف اور واضح بات کے سمجھنے میں آخر تم پر کیوں وحشت طاری ہوتی ہے اور کیوں تمہاری عقل اس کو نہیں تسلیم کرتی کہ جس خالق کائنات اور بدیع السماوات والارض نے نمونہ اور نقشہ کے بغیر یہ عجیب و غریب عالم آفرینش کر دیا وہ بلاشبہ اس پر قادر ہے کہ ماضی میں مخلوق اور حال میں مردہ بوسیدہ ہستی کو مستقبل میں دوبارہ وجود عطا فرما دے اور اس کے منتشر اجزاء کو جمع کر کے دوبارہ وہی ہیئت جسمانی عطا اور سابق روح کو اس میں واپس کر دے۔

---

❶ اس موقع پر اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں سے متعلق اگرچہ بحث کرنے کی گنجائش نہیں ہے تاہم اس قدر سمجھ لینا ضروری ہے کہ تناسخ (آواگون) کا عقیدہ اس اساس پر قائم ہے کہ ہر ایک انسان کی موجودہ زندگی سابق میں کیے ہوئے اعمال کا ثمرہ اور نتیجہ ہے ورنہ کائنات میں یہ تنوع ہرگز نہ ہوتا کہ کوئی انسان ہے تو کوئی حیوان اور کوئی نباتات وجمادات نیز انسانوں میں کوئی غلام ہے تو کوئی جاہل اور کوئی صحت یاب ہے تو کوئی مریض اور کوئی امیر کبیر ہے تو کوئی مفلس ومحتاج وغیرہ وغیرہ۔

اس عقیدہ کا مقصد یہ ہوا کہ بغیر عمل وکردار کے اگر عالم میں یہ تغیرات موجود ہیں تو یہ خدا کی صفت عدل کے منافی ہے لیکن عقیدہ کی خام کاری اور بطلان کی مختلف وجوہ میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ اگر روح اپنے اعمال کی وجہ سے مختلف جون بدل کر ان تغیرات عالم کا باعث ہے جو مجموعہ کائنات کے حسن کا باعث ہیں اور جس کی بدولت یہ پورا کارخانہ مکمل نظام کے ساتھ وابستہ نظر آتا ہے تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ انسان کے لئے فطری اور نیچرل طور پر گنہگار، بدکار اور بداعمال ہونا از بس ضروری ہے تاکہ مجموعہ کائنات کا یہ حسن نہ صرف یہ کہ پیدا ہو بلکہ قائم رہے جس کا تغیرات اور تنوعات پر مبنی ہونا از بس ضروری ہے۔

دوسرے الفاظ میں یوں کہہ دیجئے کہ جون بدل کر آواگون کی زندگی اگر اعمال کی جزا وسزا سے متعلق ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ حضرت انسان کے لئے نیکوکار بننے کی جگہ زیادہ سے زیادہ بدکار رہنا چاہیے تاکہ آئندہ نظام عمل میں یہ تنوع باقی رہے جس کا باقی رہنا عقل وفطرت کے مطابق ہے ورنہ تو حیوانات، نباتات، جمادات کے فقدان سے انسانی دنیا کا یہ سارا کارخانہ درہم برہم ہو کر رہ جائے گا۔

تناسخ کے ناقص فلسفیانہ عقیدہ پر یقین رکھنے والوں نے اس حقیقت کو یکسر فراموش کر دیا ہے کہ ایک چیز اپنی انفرادیت کے لحاظ سے خواہ کتنی ہی قبیح اور بری معلوم ہو لیکن مجموعہ کائنات کے پیش نظر اس کا وجود بھی اپنے اندر ضرور حسن رکھتا ہے مثلاً تل (خال) اپنے رنگ وروپ میں کیسا ہی سیاہ فام کیوں نہ ہو لیکن محبوب کے رخسار پر نہ خود حسین بن جاتا ہے بلکہ حسن محبوب کو دوبالا کر دیتا ہے اور حافظ شیرازی رحمہ اللہ جیسے صوفی کو "خال محبوب پر سمرقند و بخارا" بخش دینے پر آمادہ کر دیتا ہے۔

اسی طرح عالم وکائنات میں انفرادی طور پر کسی کا مریض ہونا، اپاہج ومعذور ہونا، ناقص الخلقت ہونا وغیرہ گو قبیح اور قابل افسوس نظریات ہوں مگر مجموعہ کائنات کے حسن کے لئے فطری (نیچرل) ہیں اور اس تنوع پر ہی دنیا کے نظام کا بقاء ہے اور خالق کائنات کے کمالات آفرینش کا آئینہ دار۔

گلہائے رنگ رنگ سے ہے رونق چمن اے ذوق اس جہاں کو ہے زیب اختلاف سے

یا تو صاف کہو کہ اس کائنات کو کسی بلند و بالا ہستی نے پیدا نہیں کیا جس کو خدا (اللہ) کہتے ہیں اور اگر یہ مانتے ہو تو یہ قطعاً عقل کے خلاف ہے کہ جو ابتدائی آفرینش کر سکے وہ اس آفرینش کو دوہرا نہ سکے:

﴿وَ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ۝ اَوَ لَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَ لَمْ يَكُ شَيْئًا ۝﴾ (مریم: ٦٦_٦٧)

"اور انسان کہتا ہے کہ بھلا جب میں مرگیا تو کیا میں (قبر سے) زندہ نکالا جاؤں گا۔ کیا انسان یہ یاد نہیں کرتا کہ ہم نے پہلے اسے پیدا کیا حالانکہ وہ کوئی چیز نہیں تھا۔"

﴿وَ ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّ نَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَ هِيَ رَمِيْمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَ هُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۝﴾ (یسین: ٧٨_٧٩)

"اور ہماری نسبت باتیں بنانے لگا اور اپنی پیدائش کی حقیقت کو بھول گیا، کہتا ہے کہ ہڈیاں جب گل کر خاک ہوگئی ہوں تو کون ہے جو ان کو زندہ کر کے کھڑا کر دے (اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے کہ جس نے ان ہڈیوں کو اول بار پیدا کیا تھا وہی ان کو زندہ کرے گا اور وہ سب کا پیدا کرنا، جانتا ہے۔"

یہ مشرکین مکہ تھے جو خدا اور خالقیت خدا کے تو قائل تھے مگر دوسری زندگی کے منکر و کافر اور جاحد تھے۔ پھر اس نے ان کو بھی مخاطب کیا جو کہتے تھے کہ آخرت کا تصور اس لیے فضول ہے کہ یہ کائنات کسی کی مخلوق ہی نہیں مادہ اور اس کی حرکت یونہی ازل سے ابد تک کائنات کا روپ و رنگ اختیار کیے ہوئے ہے اور حرکت و کشش دو قوتیں اس نظام عالم کے ہر قسم کے تنوعات کے کفیل ہیں۔ قرآن نے کہا، یہ گمراہ کن تصور ایک بنیادی غلط فہمی پر مبنی ہے وہ یہ کہ عقل اور سائنس کے خلاف یہ سمجھ لیا گیا کہ ذرات مادہ (اجزاء اثیریہ) میں شعور اور ارادہ نہ ہونے کے باوجود حرکت، قوت استعداد اور کشش کے ذریعہ خود بخود ایسی اشیاء وجود پذیر ہو سکتی ہیں جن کا مواد (میٹریل) ان ذرات میں موجود نہیں یعنی مادہ میں بالقوہ بھی نہ شعور ہے اور نہ ارادہ، نہ جذبات ہیں نہ احساسات، نہ ادراکات ہیں اور نہ عقل و تمیز، ورنہ تو جسم کو بالقوہ ان صفات کا حامل کہنا بجا ہوتا، لیکن یہ مسلمات میں سے ہے کہ جسم کو نہ شعوری کہہ سکتے ہیں نہ جذباتی، نہ ذی ادراک کہا جا سکتا ہے اور نہ ذی عقل و صاحب تمیز پس دلیل "وجدان" جو فطری دلائل میں سب سے مضبوط اور نیچر دلیل ہے، وہ اس حقیقت کو تسلیم کراتی ہے کہ جبکہ تمام موجودات عالم میں "انسان" موجودات عالم کی ارتقائی ہستی اور اشرف الموجودات ہے اور اس میں جذبات، حسیات، ادراکات، شعور اور عقل جیسے لطیف اوصاف موجود نظر آتے ہیں حالانکہ بلاشبہ مادہ کی قوت و استعداد میں یہ معدوم تھے، تو اس میں قطعاً شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ انسان سے بلند ضرور ایک ایسی ہستی موجود ہے جو قدرت و ارادہ کی علی الاطلاق مالک اور تمام موجودات کی خالق ہے اور اس میں بھی کوئی ریب و شک نہیں کہ انسان ایسی ذی عقل و ذی شعور اور صاحب ارادہ ہستی کی تخلیق محض بے فائدہ نہیں ہے اور اس کی زندگی کے اعمال اور کردار بے وجہ اور مہمل نہیں ہیں اور جبکہ ہم اس دنیا میں انسانوں کے اعمال و کردار کی جزاء و سزا کا مظاہرہ نہیں دیکھتے تو وجدان ہی ہمارے لیے رہنمائی کرتا ہے کہ ایک ایسا دن ضرور مقرر ہے

جب کائنات انسانی اپنے اعمال و کردار کی جزاء وسزا کا نتیجہ وثمرہ پائے گی اور اسی کو یوم القیامہ، یوم الآخرہ اور یوم الحساب کہتے ہیں، چونکہ یہ دن اپنی پائیداری اور قیام کی وجہ سے خاص اہمیت رکھتا ہے اس لیے یوم القیامہ کہلاتا ہے اور چونکہ دنیائے موجودہ کے بعد ہے اس لیے یوم الآخرہ ہے اور چونکہ جزاء وسزا اور اعمال کے محاسبہ پر مشتمر ہوگا اس لیے یوم الحساب ہے:

﴿ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ﴾ (سبا: ۳)

"اور منکرین کہتے ہیں کہ قیامت ہم کو تو کبھی نہیں آئے گی۔ اے محمد ﷺ کہہ دیجئے، ہاں ہاں مجھ کو اپنے پروردگار کی قسم جو عالم الغیب ہے قیامت تو تم کو ضرور پیش آ کر رہے گی۔"

﴿ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۝ ... الی ... اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يُّـحْيِۦ الْمَوْتٰى ۝ ﴾ (القیامة: ۳٦، ٤٠)

"کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ وہ مہمل اور بیکار چھوڑ دیا جائے گا کیا خدا اس پر قادر نہیں کہ مردوں کو زندہ کر دے؟"

﴿ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝ ﴾ (التین: ۱۔۸)

"گواہ ہے انجیر و زیتون (کے باغات سے سرسبز و شاداب وہ مقام بیت اللحم جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی) اور گواہ ہے طور سیناء (جہاں موسیٰ علیہ السلام کو نبوت سے سرفرازی نصیب ہوئی) اور گواہ ہے یہ بلد امین (مکہ جہاں محمد ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی) کہ بلاشبہ ہم نے انسان کو بہتر سے بہتر قوام سے بنایا پھر اس کو نشیبوں کے سب سے نیچے مقام پر دھکیل دیا مگر وہ انسان جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کے لیے بے منت و احسان اجر و ثواب ہے تو اب وہ کیا بات ہے جو تجھ کو دین (قیامت) کے جھٹلانے پر آمادہ کرتی ہے کیا اللہ حاکموں میں سے بہتر حاکم نہیں ہے۔"

اور سچ تو یہ ہے کہ قرآن عزیز کہتا ہے کہ آخرت کے انکار پر منطقی دلائل قائم کرنے اور سفسطہ اور غلط روش کو اختیار کر کے ادھر اُدھر بھٹکنے کی آخر ضرورت کیا ہے جبکہ انسان کی سب سے قریب اور سب سے زیادہ مضبوط دلیل "وجدان" خود بخود اس جانب راہنمائی کرتی ہے کہ یہ نظام عالم جس طرح حیرت زا اور محیر العقول نظام فطرت سے منظم اور قوانین فطرت کے ہاتھوں میں مسخر ہے، ہو نہیں سکتا کہ یہ خود رو نظام ہو اور جبکہ اس کا کوئی خالق ضرور ہے تو اس نے خیر و شر کے ثمرات و نتائج کے لیے بھی ضرور کوئی وقت مقرر کیا ہے ورنہ یہ کامل و مکمل نظام ثمرہ اور نتیجہ کے پیش نظر ایک مہمل شے ماننی پڑے گی۔ پس نتیجہ اور ثمرہ کا وہ دن ہی "یوم آخرت" کے نام سے موسوم ہے جو نہ تناسخ کے چکر سے وابستہ ہے اور نہ ازلیت و ابدیت عالم کا حامل بلکہ جس طرح عالم کی ہر شے کا ایک آغاز ہے اور ایک انجام، اسی طرح خود اس پورے عالم کا بھی ایک آغاز اور انجام ازبس ضروری ہے۔

پس مومن اور مسلم وہی ہے جو توحید خالص، رسالت کے صحیح تصور اور یوم آخرت پر یقین کامل، کے سررشتہ کے ساتھ پیوستہ

ہو اور یہی وہ تین بنیادی عقائد ہیں جو دین کے حقیقی تصور یعنی ایمان باللہ، ایمان بالرسل، ایمان بالکتب، ایمان بالملائکہ، ایمان بالقدر اور ایمان بالآخرہ سب ہی پر حاوی ہیں اور یہی وہ دین کامل ہے جس کی تشریح قرآن عزیز نے سورۂ بقرہ کے آخری رکوع میں اس طرح کی ہے:

﴿ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ٭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ ﴾ (البقرہ: ۲۸۵)

"رسول محمد (ﷺ) ایمان رکھتے ہیں اس شے پر جو اس پر ان کے رب کی جانب سے اتاری گئی ہے (یعنی قرآن) اور ہر ایک (ایماندار) ایمان رکھتا ہے خدا پر، فرشتوں پر، سماوی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر، (وہ کہتے ہیں خدایا) ہم تیرے پیغمبروں کے درمیان کسی ایک کو بھی پیغمبر تسلیم کرنے کے سلسلہ میں فرق نہیں کرتے اور کہتے ہیں ہم نے تیرا حکم سنا اور اس کی پیروی کی، اے پروردگار ہم تجھ سے مغفرت کے خواہاں ہیں اور ہم کو آخر کار تیری ہی جانب لوٹنا ہے۔"

مابعد الطبیعاتی عقائد و افکار سے متعلق قرآن حکیم کی یہی وہ اصلاحی اور انقلابی تعلیمات تھیں جن کو نبی اکرم ﷺ نے اول عرب کے سامنے روشناس کیا اور پھر تمام کائنات انسانی تک پہنچا کر مذاہب کی دنیا ہی بدل ڈالی اور اسلام کی اس دعوت توحید نے مذاہب عالم میں ہلچل پیدا کر دی اور کسی نہ کسی رنگ میں ان کو توحید حقیقی کے اس ارتقائی نقطہ کی جانب جھکنا پڑا اور اس نے صرف یہی نہیں کیا کہ خدا اور اس کے بندوں کے درمیان رشتہ معبودیت و عبودیت ہی کو صحیح نقطۂ نظر پر استوار اور عقائد اور مابعد الطبیعاتی افکار کے رخ روشن کو آشکارا کر دیا، بلکہ اس نے "ایمان اور عمل صالح" کو دین کی بنیاد بنا کر اخلاق، معاشرت، معاش، غرض مذہب اور اجتماعی سیاست سب ہی کو اصلاح و انقلاب کے سانچے میں ڈھال کر دنیا کی صحیح راہنمائی کا حق ادا کر دیا۔

یہ بحث چونکہ طویل الذیل ہے اور آیت ﴿ وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ ﴾ کی تفسیر کے ضمن میں شرح و بسط کی محتاج، اس لیے یہ مقام اس کی وسعت کو برداشت نہیں کر سکتا۔

اسراء (معراج)

"اسراء" کے معنی شب میں لے جانے کے ہیں، نبی اکرم ﷺ کا وہ بے نظیر شرف ومجد اور حیرت زا واقعہ "جس میں خدائے برتر نے اپنے رسول کو مسجد حرام (مکہ) سے مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) اور وہاں سے ملاء اعلیٰ تک بجسد عنصری اپنی نشانیاں دکھانے کے لیے سیر کرائی" چونکہ شب کے ایک حصہ میں پیش آیا تھا اس لیے "اسراء" کہلاتا ہے۔

"معراج" عروج سے مشتق ہے جس کے معنی چڑھنے اور بلند ہونے کے ہیں اور اسی لیے معراج زینہ کو بھی کہتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے چونکہ اس شب میں ملاء اعلیٰ کے منازل ارتقاء طے فرماتے ہوئے سبع سماوات، سدرۃ المنتہیٰ، اور اس سے بھی بلند ہو کر آیات اللہ کا مشاہدہ فرمایا اور ان واقعات کے ذکر میں زبان وحی ترجمان نے "عرج بی" کا جملہ استعمال فرمایا اس لیے اس باجبروت اور پرعظمت واقعہ کو "معراج" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

بعض علماء نے اصطلاحی فرق وامتیاز کے لیے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس واقعہ کا وہ حصہ جس کا ذکر بصراحت سورۂ بنی اسرائیل میں ہے قرآنی تعبیر کے اتباع میں "اسراء" ہے، اور وہ حصہ جس کا تذکرہ سورہ نجم اور صحیح احادیث میں ہے ذات اقدس ﷺ کی تعبیر "ثم عرج بی" کی مناسبت سے "معراج" کے عنوان سے معنون ہے۔

واقعہ کی وحدت:

اس لیے دو مختلف تعبیروں اور واقعات کی تفصیلات میں جزوی اختلاف کے پیش نظر تطبیق روایات کی خاطر اس واقعہ کے تعدد کا قائل ہونا تاریخی اور تحقیقی نقطۂ نظر سے ہرگز صحیح نہیں ہے اور مشہور محقق، جلیل القدر محدث، مفسر اور مؤرخ حافظ عماد الدین بن کثیر کا یہ ارشاد بلاشبہ درست اور حقیقت حال کے لیے کاشف ہے، فرماتے ہیں:

ان تمام روایتوں کو جمع کرنے سے یہ بات بخوبی واضح ہوگئی کہ واقعہ معراج صرف ایک ہی مرتبہ پیش آیا ہے اور راویوں کی عبارات کے بعض حصص کا ایک دوسرے سے کچھ مختلف اور تفصیلات میں کم وبیش ہونا وحدت واقعہ پر اثر انداز نہیں ہے کیونکہ انبیاء علیہم السلام کے علاوہ دوسرے انسان خطاء کاری سے محفوظ نہیں ہیں۔

سو ان روایات کے جزوی اختلافات کو دیکھ کر جن علماء نے تعدد واقعہ کا مسلک اختیار کیا اور ہر ایک مختلف روایت کو جدا جدا واقعہ بنا دیا اور اس طرح یہ دعویٰ کر دیا کہ معراج کا واقعہ متعدد بار پیش آیا ہے۔ انہوں نے بعید از قیاس بات کہہ ڈالی اور قطعاً غلط راہ روی اختیار کر لی اور حقیقت حال سے دور پڑ گئے ...... یہ مسلک اس لیے بھی صحیح نہیں ہے کہ نہ سلف صالحین سے تعدد واقعہ منقول ہے اور نہ تاریخی دلائل اس کے مؤید ہیں اور اگر ایسا ہوتا تو خود نبی اکرم ﷺ ضرور بصراحت اس سے مطلع فرماتے اور راویان روایت

بلاشبہ اس کو روایت کرتے۔ ❶

تحقیق تاریخ وسنہ :

یہ عدیم النظیر واقعہ کب پیش آیا؟ اس کے تعین میں اگرچہ متعدد اقوال مذکور ہیں لیکن ان دو باتوں پر سب کا اتفاق نظر آتا ہے، ایک یہ کہ واقعہ معراج قبل از ہجرت پیش آیا، اور دوسری بات یہ کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد وقوع میں آیا اور جبکہ واقعہ ہجرت باتفاق ۱۳ نبوت کو پیش آیا اور بخاری میں مذکور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہجرت سے تین سال قبل اور ایک دوسری روایت کے پیش نظر نماز پنجگانہ کی فرضیت سے قبل ہو چکا تھا۔ ❷ تو اب واقعہ معراج کو ہجرت سے قبل کے ان تین برسوں کے اندر ہی ہونا چاہیے۔

نیز کتب تاریخ وسیرت دونوں شاہد ہیں کہ معراج اور ہجرت کے درمیان کوئی اہم واقعہ موجود نہیں ہے اور بنظر تحقیق ان ہر دو کے درمیان نہایت گہرا رشتہ اور ربط وعلاقہ پایا جاتا ہے تو بلاشبہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ واقعہ معراج ہجرت سے بہت قریب زمانہ میں پیش آیا اور درحقیقت یہ واقعہ ہجرت ہی کی پرجلال و پرعظمت "تمہید" تھی۔

غالباً ابن سعد نے طبقات میں اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی الصحیح الجامع میں اسی لیے واقعہ معراج اور ہجرت کو کسی تیسرے واقعہ کی مداخلت کے بغیر آگے پیچھے بیان کیا ہے اور جو حضرات بخاری کے ابواب وتراجم کی باہمی ترتیب کی دقیقہ سنجی سے واقف اور ان کے تفقہ کی بالغ نظری سے آگاہ ہیں، وہ جانتے ہیں کہ ان کا رجحان یہ ہے کہ ان ہر دو واقعات کے درمیان زمانہ اور تعلق دونوں اعتبار سے انتہائی قربت ہے۔ تو اب یہ کہنا آسان ہے کہ جو ارباب سیر وتاریخ یہ فرماتے ہیں کہ معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال یا ڈیڑھ سال قبل پیش آیا ان کا ارشاد پایہ تحقیق رکھتا ہے۔

پھر مہینہ اور تاریخ کے تعین میں بھی متعدد اقوال موجود ہیں مگر راجح قول یہ ہے کہ مہینہ رجب کا تھا اور تاریخ ۲۷ تھی۔ چنانچہ ابن عبدالبر، امام نووی اور عبدالغنی مقدسی رحمہم اللہ جیسے مشہور اور جلیل القدر محدثین کا رجحان اسی جانب ہے کہ رجب تھا اور آخر الذکر فرماتے ہیں کہ ۲۷ تھی اور دعویٰ کرتے ہیں کہ امت مرحومہ میں ہمیشہ سے عملاً اسی پر اتفاق بھی رہا ہے۔

قرآن عزیز اور واقعہ معراج :

قرآن عزیز میں اسراء یا معراج کا واقعہ دو سورتوں بنی اسرائیل اور النجم میں مذکور ہے، سورۂ بنی اسرائیل میں مکہ (مسجد حرام) سے بیت المقدس (مسجد اقصیٰ) تک سیر کا تذکرہ ہے، اور سورہ النجم میں ملاء اعلیٰ کی سیر وعروج کا بھی ذکر موجود ہے، اور اگرچہ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ بنی اسرائیل کی صرف ابتدائی آیات ہی میں یہ واقعہ مذکور ہے مگر حقیقت حال یہ ہے کہ پوری سورت اسی عظیم الشان واقعہ سے متعلق ہے اور سورۃ کی تمام آیات اسی کا تکملہ ہیں اور اسی دعوے کے لیے ایک صاف اور واضح دلیل خود اسی سورۃ میں یہ موجود ہے کہ وسط سورہ میں آیت ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ﴾ میں اسی واقعہ معراج کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ اس سے قبل حضرت موسیٰ اور حضرت نوح علیہما السلام کے واقعات دعوت وتبلیغ اسی سلسلہ میں بطور شواہد ونظائر پیش کیے گئے ہیں کہ منکرین نے ہمیشہ اسی طرح خدا کی صداقتوں کو جھٹلایا ہے جس طرح آج واقعہ معراج کو جھٹلا رہے ہیں۔

---

❶ ترجمہ عبارت تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۲۲ مطبوعہ مصر (جدید)۔ ❷ فتح الباری ج ۷ ص ۱۷۹

احادیث اور واقعہ معراج کا ثبوت:

مشہور محدث زرقانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ معراج کا واقعہ پینتالیس صحابہ رضی اللہ عنہم سے منقول ہے اور پھر ان کے نام بھی شمار کرائے ہیں۔ ❶ ان صحابہ میں مہاجرین بھی ہیں اور انصار بھی اور یہ ہرگز نہیں سمجھنا چاہیے کہ چونکہ انصار صحابہ مکہ میں موجود نہیں تھے اس لیے ان کی روایات صرف شنیدہ ہیں اس لیے کہ ایسے اہم واقعہ کو جس کا اسلام کی ترقی کے ساتھ بہت گہرا تعلق اور ہجرت کے واقعہ کے ساتھ خصوصی ربط ہے صحابہ رضی اللہ عنہم نے براہ راست نبی اکرم ﷺ سے ہی دریافت حال کیا ہوگا اور اگر مہاجرین سے بھی سنا ہوگا تو پھر ذات اقدس ﷺ سے تصدیق ضرور کی ہوگی، چنانچہ شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ الفاظ موجود ہیں:

قلنا رسول الله كيف أسرى بك. (ترمذی)

"ہم نے (صحابہ رضی اللہ عنہم نے) عرض کیا اے خدا کے رسول ﷺ! آپ کو معراج کس طرح ہوئی؟"

لفظ "قلنا" یہ ثابت کر رہا ہے کہ بلاشبہ معراج سے متعلق صحابہ رضی اللہ عنہم کے عام مجمع میں نبی اکرم ﷺ سے استفسار کیا جاتا تھا جن میں مہاجرین و انصار سب ہی شریک ہوتے تھے اور مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ جو انصاری صحابی ہیں ان کی روایت معراج میں ہے:

انّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدّثهم. (بخاری کتاب المعراج)

"نبی اکرم ﷺ نے ان سے (صحابہ رضی اللہ عنہم سے) واقعہ بیان فرمایا۔"

واقعہ کی نوعیت:

چونکہ یہ واقعہ اپنی اہمیت کے ساتھ ساتھ طویل بھی تھا اس لیے بربناء بشریت واقعہ کے اصل تفصیلی حالات میں اتحاد و اتفاق اور بحد تواتر روایات منقول ہونے کے باوجود متعدد روایات کی فروعی تفصیلات میں جو اختلاف نظر آتا ہے وہ معمولی توجہ سے رفع کیا جا سکتا ہے اور بلاشبہ ان جزوی اختلافات سے اصل واقعہ کی حقیقت پر مطلق کوئی اثر نہیں پڑتا خصوصاً جبکہ قرآن عزیز نے ان عجیب اور حیرت زا واقعات کو نص قطعی سے واضح کر دیا ہے جن کے متعلق ملحدین اپنے الحاد و زندقہ کے ذریعہ باطل تاویلات پیش کر کے اس واقعہ کی معجزانہ حیثیت کا انکار کرتے ہیں۔

واقعہ معراج و اسراء اور قرآن عزیز:

سورۂ بنی اسرائیل میں واقعہ اسراء بیت المقدس تک کی سیر سے وابستہ ہے:

﴿سُبْحٰنَ الَّذِیْۤ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝۱﴾ (بنی اسرائیل: ۱)

"پاکی ہے اس ذات کے لیے جس نے اپنے بندے کو (یعنی پیغمبر اسلام کو) راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کہ اس کے اطراف کو ہم نے بڑی ہی برکت دی ہے سیر کرائی اور اس لیے سیر کرائی کہ اپنی نشانیاں اسے دکھائیں۔ بلاشبہ وہی ذات ہے جو سننے والی دیکھنے والی ہے۔"

---

❶ جلد ۶ ص ۱۶

﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ﴾ (بنی اسرائیل: ٦٠)

"اور وہ دکھلاوا جو تجھ کو ہم نے دکھایا سو لوگوں کی آزمائش کے لیے (دکھلایا)۔"

اور سورۂ النجم میں ملاء اعلیٰ تک عروج کا ذکر بھی موجود ہے:

﴿وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى ۝ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝﴾ (النجم: ۱۔۱۸)

"شاہد ہے ستارہ جبکہ غروب ہو، تمہارا رفیق نہ گمراہ ہوا اور نہ بھٹکا اور نہیں بولتا اپنے نفس کی خواہش سے یہ نہیں ہے مگر حکم جو اس کو بھیجا گیا ہے، اس کو بتلایا ہے سخت قوتوں والے زور آور (فرشتہ) نے (کہ یہ خدا کی وحی ہے) جو سیدھا بیٹھا اور تھا وہ آسمان کے اونچے کنارہ پر، پھر وہ قریب ہوا، پس جھک آیا، پھر رہ گیا (دونوں کے درمیان) دو کمان بلکہ اس سے بھی نزدیک کا فرق، پس خدا نے اپنے بندہ (محمد ﷺ) پر وحی نازل فرمائی جو بھی وحی بھیج، اس (بندہ) نے جو دیکھا (اس کے) دل نے جھوٹ نہیں کہا (یعنی آنکھ کی دیکھی بات کو جھٹلایا نہیں بلکہ تصدیق کی) تو کیا تم اس سے اس پر جھگڑتے ہو جو اس نے خود دیکھا ہے (یعنی واقعہ پر جھگڑتے ہو) اور اس (بندہ) نے خدا کو دیکھا ایک (خاص) نزول کے ساتھ جبکہ وہ بندہ سدرۃ المنتہیٰ کے نزدیک موجود تھا جس کے پاس (آرام سے رہنے کی بہشت) جنت الماویٰ ہے اس وقت سدرہ (بیری کا درخت) پر چھا رہا تھا جو کچھ چھا رہا تھا اس رؤیت کے وقت نہ نگاہ بہکی اور نہ حد سے متجاوز ہوئی بلاشبہ، اس (بندہ) نے (اس حالت میں) اپنے پروردگار کے بڑے بڑے نشان دیکھے۔"

سورۂ بنی اسرائیل اور واقعہ معراج:

یہاں سورۂ بنی اسرائیل اور سورۂ النجم کی تفسیر کا موقع نہیں صرف اشارات ہی پر اکتفاء مناسب معلوم ہوتا ہے، کیونکہ اگر ایک جانب یہ آیات اپنے مکمل تفسیری حق کا مطالبہ کرتی ہیں تو دوسری جانب کتاب اپنے سیاق وسباق کے پیش نظر اختصار کی طالب ہے بہرحال حسب ضرورت دونوں کا لحاظ رکھتے ہوئے اس قدر گزارش ہے کہ بنی اسرائیل کی ابتدائی آیت میں واقعہ اسراء کے متعلق جو کچھ کہا گیا اس کی اگر تحلیل کی جائے تو بآسانی یہ فیصلہ کیا جا سکتا ہے کہ جہاں تک قرآن کا تعلق ہے اس کا فیصلہ یہی ہے کہ واقعہ اسراء بحالت بیداری بجسد عنصری پیش آیا ہے، اور اس مطلب سے ہٹ کر جب اس کو روحانی یا منامی رؤیا کہا جاتا ہے تو تاویلات باردہ کے بغیر دعویٰ پر دلیل قائم نہیں ہو سکتی۔

بنی اسرائیل میں اس واقعہ کی ابتداء خدائے برتر کی قدوسیت اور سبحانیت کے بعد لفظ "اسریٰ" سے ہوئی ہے یہ لفظ "س، ر، ی۔ سری یسری" سے ماخوذ ہے۔ لغت میں جس کے معنی "رات میں چلنے" کے آتے ہیں:

سریٰ، یسری، سری و سریۃ... الخ سار لیلا (منجد) "سری، یسری، سریہ میں سری کے معنی ہیں وہ رات میں چلا۔"

اسریٰ، اسراءً، سار لیلًا (منجد) "اسریٰ کے معنی ہیں "رات میں چلا"۔

یہی معنی اقرب الموارد، قاموس، لسان العرب اور تمام کتب لغت میں بصراحت مذکور ہیں اور اسی لفظ اسری کو جب متعدی بنانا چاہتے ہیں یعنی "راتوں رات لے جانا" ظاہر کرنا چاہتے ہیں تو "ب تعدیہ" بڑھا دیتے ہیں۔ اس موقعہ کے علاوہ قرآن عزیز میں جہاں جہاں "اسراء" اور اس کے مشتقات آئے ہیں ان تمام مقامات میں بھی اسی معنی میں استعمال ہوا ہے۔ چنانچہ سورۂ ہود میں لوط علیہ السلام کے واقعہ میں ہے:

﴿قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ﴾(ہود:۸۱)

"فرشتوں نے کہا: لوط! ہم تو تیرے پروردگار کے بھیجے ہوئے (فرشتے) ہیں۔ یہ تجھ تک ہرگز نہیں پہنچ پائیں گے پس تو اپنے لوگوں کو کچھ رات گئے (یہاں سے) لے نکل۔"

یہ آیت ﴿فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ﴾ (سورہ دخان: ۲۳) میں بھی موجود ہے اور سورۂ طٰہٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں ہے:

﴿وَ لَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ﴾(طٰہٰ:۷۷)

"اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) پر وحی کی کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے جا۔"

اور سورۂ شعراء میں ہے:

﴿وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۝﴾(الشعراء:۵۲)

"اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) پر وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے کر نکل جا۔ تمہارا تعاقب ضرور کیا جائے گا۔"

اور یہی آیت سورۂ دخان میں بھی مذکور ہے:

ان تمام آیات میں لفظ "اسراء" کا جس طرح اطلاق کیا گیا ہے اس سے دو حقیقتوں پر روشنی پڑتی ہے۔ ایک یہ کہ "اسراء" اس سیر اور اس چلنے کو کہتے ہیں جو رات میں پیش آئے اس لیے دن یا شام کے چلنے پر "اسراء" کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔

دوسری بات یہ کہ "سری یا اسراء" ان تمام آیات میں روح مع جسد پر اطلاق ہوا ہے یعنی لوط اور موسیٰ علیہما السلام اور ان کے متبعین جن کے لیے یہ حکم ہو رہا ہے کہ وہ دشمنوں سے بچ کر راتوں رات ان بستیوں (مصر اور سدوم) سے نکل جائیں، ان کا رات کے حصہ میں نکل جانا نہ خواب کی شکل میں تھا اور نہ روحانی طور پر اور نہ رویاء کشفی کے طریقہ پر بلکہ عالم بیداری میں روح مع جسد کے تھا۔

پس جبکہ قرآن کے ان تمام اطلاقات میں اسراء کے یہ معنی بغیر کسی تاویل کے قابل تسلیم ہیں تو بنی اسرائیل کی آیت ﴿سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ﴾ میں "اسراء" کو روح مع جسد تسلیم کرنے میں کیوں پس و پیش ہو اور کس لیے اس واقعہ کو فقط روحانی، منامی، یا بین النوم والیقظہ کشفی طریقہ کے ساتھ مخصوص کیا جائے؟ جبکہ اس آیت ﴿اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا﴾ میں ایک لفظ بھی ایسا موجود نہیں ہے جو اس اسراء کو قرآن کے عام اطلاقات سے جدا معنی پر دلالت یا اشارہ کرتا ہو۔

رہا یہ مسئلہ کہ بنی اسرائیل کی آیت ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ﴾ (بنی اسرائیل : ٦٠) کے لفظ "رویا" سے فائدہ اٹھا کر یہ کہنا کہ چونکہ "رویا" عالم خواب پر بولا جاتا ہے، اس لیے اسراء کا واقعہ منامی یا روحانی تھا، بدیں وجہ صحیح نہیں ہے کہ عربی بول چال میں جس طرح "رویا" کا اطلاق خواب کی حالت پر ہوتا ہے اسی طرح وہ اس رویت پر بھی بولا جاتا ہے جس کا مشاہدہ آنکھ بحالت بیداری کرتی ہے۔ چنانچہ عربی کے نہایت مستند اور مشہور لغت لسان العرب میں یہ تصریح موجود ہے:

اور بلاشبہ "رویا" بیداری میں عینی مشاہدہ کے لیے بھی آتا ہے۔

اور صاحب لسان نے جاہلی شاعر راعی کے اس شعر کو اس معنی کے لیے سند ٹھہرایا ہے:۔

فکبر للرؤیا و ھش فوادہ و بشر نفسا کان نفسا یلومھا

"اس نے تکبیر کہی اور اس کا دل مسرت سے لبریز ہو گیا اور اس نے اپنے نفس کو پہلے ملامت کر رکھا تھا خوشخبری دی اس منظر کو دیکھ کر جس کا اس نے عینی مشاہدہ کیا۔" اسی طرح متنبی کے اس مصرعہ کو بھی سند قرار دیا ہے:

و رویاکَ احلی فی العیون من الغمض "اور تیرا دیدار (میری) آنکھوں میں نیند سے بھی زیادہ لذیذ ہے۔"

ان مستند اقوال عرب کے بعد "رویا" کو صرف خواب کی حالت کے ساتھ مخصوص کر دینا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے؟ اب جبکہ ﴿اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ﴾ میں "اسراء" کے متبادر معنی "سیر روح مع جسد" کے ہیں اور "رویا" کا اطلاق دونوں قسم کی رؤیت پر ہوتا رہا ہے تو اس مقام پر "اسراء" کا قرینہ اس کا متقاضی ہے کہ یہاں "بحالت بیداری عینی مشاہدہ" کے معنی ہی متعین ہونے چاہئیں اور دوسرے معنی قیاسی اور تاویلی حیثیت سے زیادہ وقیع نہیں ہیں۔

بعض معاصر علماء نے "اسراء" کو روحانی قرار دیتے ہوئے لسان العرب کے پیش کردہ سندات کو اول تو مستند ہی تسلیم نہیں کیا اور بفرض تسلیم کے بعد یہ دعویٰ کیا ہے کہ ان ہر دو شاعروں راعی اور متنبی کے شعر و مصرعہ سے رویا کے معنی "خواب میں رؤیت" ہی کے نکلتے ہیں نہ کہ رویاء بصری کے مگر تعجب یہ ہے کہ دونوں باتیں محض دعویٰ پر ہی ختم ہو گئی ہیں اور دعوے کے لیے زحمت دلیل کی ضرورت نہیں محسوس کی گئی۔ تسلیم کر لیجئے کہ لغت عرب کے لیے متنبی مستند نہیں ہے مگر مشہور جاہلی شاعر راعی کس لیے غیر مستند قرار پایا جبکہ کلام عرب کی سند کے لیے جاہلی شعراء سے زیادہ کوئی سند مقبول نہیں سمجھی گئی نیز راعی نے جبکہ جملہ "فکبر" کو "للرویاء" کے ساتھ وابستہ کیا ہے تو اس کے صاف معنی یہ ہوئے کہ "رویاء" کی وجہ سے اس نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور ظاہر ہے کہ نعرۂ تکبیر خواب میں بلند نہیں ہوا تھا بلکہ عالم بیداری کا واقعہ تھا، اسی طرح متنبی کے مصرعہ کا مطلب یہ ہے کہ شب وصل میں تیرے دیدار کے مقابلہ میں نیند ہیچ ہے اگرچہ یہ صحیح ہے کہ نیند خود بہت شیریں ہے مگر دیدار محبوب کے مقابلہ میں اس کی شیرینی بھی بے حقیقت ہے۔

اس لغوی حقیقت کے آشکارا ہو جانے کے بعد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ ارشاد جو صحیح بخاری میں مذکور ہے:

رویا عین اریھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم.

سونے پر سہاگہ ہے کیونکہ وہ لغت عرب کے امام بھی ہیں اور ترجمان القرآن بھی، اور ان کے مقابلہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد پیش کرنا قطعاً مرجوح ہے کہ وہ اسراء کو رویا بمعنی خواب مراد لیتے ہیں۔

مرجوح اس لیے ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جو روایات اس سلسلہ میں منقول ہیں وہ بلحاظ صحت روایت وہ درجہ نہیں رکھتیں جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کو حاصل ہے بلکہ محدثین کے نزدیک بچند وجوہ ان کی

صحت غیر مستند ہے۔ مثلاً حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت کتب حدیث کی بجائے فقط سیرت کی روایت ہے اور پھر محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ اس کے متعلق یہ کہتے ہیں "حدثنی بعض آل ابی بکر" "مجھ سے یہ روایت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے خاندان کے ایک فرد نے بیان کی ہے" اس کا حاصل یہ ہوا کہ یہ روایت منقطع ہے کیونکہ درمیان کا ایک راوی مجہول ہے جس کے متعلق کوئی علم نہیں کہ وہ کس درجہ کا راوی ہے نیز اس روایت کے طریق میں بھی باہم اختلاف ہے اس لیے کہ بعض روایت میں ہے:

ما فقدت جسد رسول الله صلى الله عليه وسلم.

"میں نے رسول اللہ ﷺ کا جسد اطہر گم نہیں پایا۔"

حالانکہ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حریم نبوی ﷺ میں ہجرت کے بعد داخل ہوئی ہیں اور واقعہ معراج ہجرت سے قبل کا واقعہ ہے تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا "ما فقدت" "میں نے گم نہیں پایا" فرمانا کیسے صحیح ہو سکتا ہے؟ اس لیے بلاشبہ اس روایت میں جرح و نقص ہے۔

اسی طرح حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی روایت بھی سیرت میں منقول روایت ہے جس کو محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے یعقوب بن عتبہ بن مغیرہ بن الاخنس سے روایت کیا ہے اور محدثین اس پر متفق ہیں کہ یعقوب نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا زمانہ نہیں پایا، اس لیے یعقوب اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ضرور کوئی راوی متروک ہے، جس کا روایت میں کوئی ذکر نہیں ہے۔ پس یہ روایت بھی مجروح و منقطع ہے اور بروایت ابن اسحاق حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہ قول "قال كانت رؤيا من الله صادقة" حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: "معراج اللہ تعالیٰ کی جانب سے سچا خواب تھا" کسی طرح بھی صحت کو نہیں پہنچتا۔

اب ایک مرتبہ پھر احادیث معراج پر نظر ڈالیے اور دیکھئے کہ ایک جانب بخاری و مسلم اور صحاح کی وہ روایات ہیں جو متن و سند کے لحاظ سے مسلم اور صحت کے اعلیٰ معیار پر قائم سمجھی جاتی ہیں۔ ان کی تفصیلات واقعہ معراج کو بجسد عنصری ظاہر کرتی ہیں اور اسی لیے جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم اسی مسلک کو اختیار کیے ہوئے ہیں اور دوسری جانب محمد بن اسحاق کی سیرت میں منقول اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی جانب منسوب وہ روایات ہیں جن کی صحت تک مجروح ہے، اس لیے بات صرف یہی نہیں ہے کہ جو شخص سورۂ بنی اسرائیل کی آیت میں "رؤیا" بمعنی "خواب" لیتا ہے اس کا قول درست نہیں ہے بلکہ بلحاظ سند یہ انتساب بھی صحیح نہیں ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ رؤیا منامی کے قائل ہیں کیونکہ جن جلیل القدر محدثین و مفسرین نے اس قول کو ان بزرگوں کی جانب منسوب کیا ہے اس کا مدار محمد بن اسحاق کی ہی یہ ہر دو روایات ہیں اور ان دونوں کی صحت کا حال ابھی روشن ہو چکا۔ ممکن ہے کہ یہ کہا جائے بعض روایات میں واقعہ کی ابتداء اس طرح مذکور ہے "بينا انا نائم" یا "بين النائم واليقظان" یعنی نبی اکرم ﷺ بحالت خواب تھے یا بیداری اور خواب کی درمیانی حالت میں تھے کہ خدا کا قاصد "جبرئیل" آیا، نیز بخاری کی شریک والی روایت کے ختم پر ہے "استيقظ وهو في المسجد الحرام" اور آپ ﷺ جاگ اٹھے جبکہ آپ ﷺ مسجد حرام میں تھے، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ گزرا خواب میں گزرا۔

مگر یہ اس لیے صحیح نہیں کہ پہلے دو جملوں کا صاف اور سادہ مطلب یہ ہے کہ جب معراج یا اسراء کا واقعہ پیش آنے والا تھا تو اس وقت آپ ﷺ سو رہے تھے لیکن واقعہ بحالت بیداری پیش آیا جیسا کہ باقی تمام روایات سے ظاہر ہوتا ہے اور بقول قرطبی رحمۃ اللہ علیہ

دوسرے جملہ کا مطلب یہ ہے کہ راوی اس بیداری کا ذکر کر رہا ہے جو علی الصباح نماز فجر کے لیے ہوئی یعنی اگرچہ آپ ﷺ ابتداء شب میں اُم ہانی کے مکان میں سوئے تھے مگر کچھ حصہ شب میں جب معراج کا واقعہ پیش آیا اور آپؐ اس سے فارغ ہو کر کرۂ ارضی پر واپس تشریف لائے تو باقی رات مسجد حرام میں سو کر گزاری اور جب آپؐ صبح کو بیدار ہوئے ہیں تو لوگوں نے مسجد حرام میں آپ کو پایا۔

علاوہ ازیں شریک کی روایت میں تعبیر ادا کی فاش غلطیاں ہو گئی ہیں جن پر محدثین نے تنبیہ فرمائی ہے مثلاً ان کی روایت کہتی ہے کہ معراج کا واقعہ بعثت سے بھی قبل پیش آیا:

انه جاءته ثلثة نفر قبل ان یوحی الیه و هو نائم فی المسجد الحرام.

"آپ کے پاس تین فرشتے بعثت اور نزول وحی سے قبل اس حالت میں آئے کہ آپ ﷺ مسجد حرام میں سو رہے تھے۔"

چنانچہ امام نووی، خطابی، ابن حزم، عبدالحق، قاضی عیاض رحمہم اللہ نے شریک کی روایت پر سخت تعاقب کیا ہے امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

شریک نے اس روایت میں بہت سی غلطیاں کی ہیں جن کا علماء نے انکار کیا ہے اور مسلم نے بھی یہ الفاظ کہہ کر شریک کے اوہام پر تنبیہ کی ہے: "شریک نے روایت میں مقدم و موخر کر دیا ہے اور کم و بیش کر دیا ہے، اوہام میں سے ایک وہم یہ ہے کہ شریک کی روایت میں ہے: "معراج کا واقعہ نزول وحی سے قبل پیش آیا ہے۔" حالانکہ یہ قطعاً غلط ہے اور اس قول کا کوئی راوی بھی موافق نہیں ہے۔ حافظ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب الجمع بین الصحیحین میں اس شریک والی روایت کو نقل کر کے کہا ہے کہ شریک نے اس میں بہت سی غیر معروف (ناقابل قبول) باتیں بڑھا دی ہیں اور غیر معروف الفاظ کا بھی اضافہ کر دیا کیونکہ اسراء کی حدیث کو حفاظ حدیث کی ایسی جماعت نے نقل کیا ہے جو بلند پایہ اور ہر قسم کی جرح سے محفوظ اور مشہور ائمہ حدیث ہیں۔ مثلاً ابن شہاب زہری، ثابت بنانی، قتادہ، عن انس اور ان میں سے کوئی ایک حافظ حدیث بھی ان اجزاء کو بیان نہیں کرتا جن کو شریک نے بیان کیا ہے اور شریک محدثین کے نزدیک حافظ حدیث نہیں ہے۔

بہرحال فتح الباری میں معراج اور اسریٰ کے متعلق اتحاد و تغائر کی بحث کرتے ہوئے حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ یہی فیصلہ فرماتے ہیں کہ معراج بحالت بیداری اور روح مع الجسد ہوئی ہے:

فمنهم من ذهب الی ان الاسراء والمعراج وقعا فی لیلة واحدة فی الیقظة بجسد النبی ﷺ و روحه بعد المبعث و الی هذا ذهب الجمهور من علماء المحدثین والفقهاء المتکلمین و تواردت علیه ظواهر اخبار الصحیحة ولا ینبغی العدول عن ذلك اذ لیس فی العقل ما یحیله حتی یحتاج الی تاویله. [1]

"پس ان علماء میں سے وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ بلاشبہ واقعات اسراء و معراج دونوں ایک ہی رات میں بحالت بیداری جسم اور روح کے ساتھ بعثت کے بعد پیش آئے۔ تمام محدثین، فقہاء اور متکلمین کا یہی مذہب ہے اور صحیح احادیث سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے اور اس سے تجاوز کرنا یعنی اس کا انکار کرنا مناسب ہے اس لیے کہ ایسا ہونا عقل کے نزدیک محال نہیں ہے کہ تاویل کرنے کی احتیاج ہو۔"

اور قاضی عیاض شفاء میں یہی تحریر فرماتے ہیں:

---

[1] فتح الباری ج ۷ ص ۱۵۶ مطبوعہ البہیۃ المصریہ

و ذهب معظم السلف و المسلمين الیٰ ان الاسراء بالجسد فی اليقظة و هو الحق و هذا قول ابن عباس و جابر و انس و حذيفة و عمرو ابی هريرة و مالك بن صعصعة ابی حبة البدری و ابن مسعود و ضحاك و سعيد بن جبير و قتادة ابن للسيب و ابن شهاب ابن زيد والحسن و ابراهيم و مسروق و مجاهد و عكرمة و ابن جريج و هو دليل قول عائشة و هو قول الطبرانی و ابن حنبل و جماعة عظيمة من المسلمين و هو قول اكثر المتاخرين من الفقهاء والمحدثين والمتكلمين والمفسرين.

"جلیل القدر سلف صالحین اور بزرگ ترین مسلمان اس جانب میں کہ اسراء بجسد عنصری بیداری میں پیش آیا اور یہی مذہب حق ہے اور یہی ابن عباس، جابر، حذیفہ، عمر، ابوہریرہ، مال بن صعصعہ، ابوحبہ بدری، ابن مسعود رضی اللہ عنہم اور ضحاک، سعید ابن جبیر، قتادہ، ابن مسیب، ابن شہاب، ابن زید، حسن، ابراہیم نخعی، مسروق، مجاہد، عکرمہ، ابن جریج رحمہم اللہ کا قول ہے، اور یہی دلیل ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے قول کی اور یہی طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے اور ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا اور مسلمانوں کی جماعت عظیم کا، اور یہی قول ہے متاخرین میں سے اکثر فقہاء، محدثین، متکلمین اور مفسرین کا۔"

اور خفاجی نسیم الریاض میں قاضی عیاض کی اس عبارت "و هو دليل قول عائشة" کے متعلق فرماتے ہیں کہ اگرچہ یہ بات بظاہر خلاف معلوم ہوتی ہے اس لیے کہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی جانب جو قول منسوب ہے وہ اس کے قطعاً خلاف ہے لیکن قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کا یہ دعویٰ ہے کہ جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم کی یہ نقول اس امر کی دلیل ہیں کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی جانب منسوب قول صحیح نہیں ہے اور وہ بھی جمہور ہی کے ساتھ ہیں۔

الحاصل قرآن عزیز اور احادیث صحیحہ بغیر کسی تاویل کے بصراحت یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اسراء اور معراج کا واقعہ بجسد عنصری اور بحالت بیداری پیش آیا ہے اور ان دلائل کو بطور فہرست اس طرح شمار کرایا جا سکتا ہے:

① سورۂ بنی اسرائیل کی آیت ﴿ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ ﴾ میں اسراء کے متبادر معنی وہی ہیں جو حضرت موسیٰ اور حضرت لوط علیہما السلام سے متعلق آیات میں ہیں یعنی بحالت بیداری اور بجسد عنصری رات میں لے چلنا۔

② آیت ﴿ وَ مَا جَعَلْنَا الرُّءْیَا الَّتِیْۤ اَرَیْنٰكَ ﴾ میں "رویا" بمعنی عینی مشاہدہ ہے نہ کہ خواب یا روحانی رؤیت اور لغت عرب میں "رویا" کے یہ معنی مجاز نہیں بلکہ حقیقت ہیں۔

③ آیت ﴿ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ ﴾ میں قرآن نے اس واقعہ کو اقرار و انکار کی شکل میں ایمان و کفر کے لیے معیار قرار دیا ہے اور اگرچہ انبیاء علیہم السلام کے روحانی مشاہدہ یا خواب پر بھی مشرکین و منکرین کا انکار وجود ممکن اور ثابت ہے لیکن اس جگہ تبادر یہی ظاہر کرتا ہے کہ واقعہ کی عظمت و فخامت کے پیش نظر منکرین کا انکار اس لیے شدید سے شدید تر ہوا کہ نبی اکرم ﷺ نے اس واقعہ کو عینی مشاہدہ کی طرح بیان فرمایا۔

④ سورۃ النجم کی آیت ۱۷ ﴿ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ مَا طَغٰی ۝ ﴾ میں رؤیت جبرئیل نہیں بلکہ واقعہ اسراء کا مشاہدۂ عینی مراد ہے اور سورۃ کی آیت ﴿ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ مَا طَغٰی ۝ ﴾ میں یہ بتلانا مقصود ہے کہ آنکھ نے جو کچھ دیکھا قلب نے ہو بہو اس کی تصدیق کی اور واقعہ سے متعلق نہ رؤیت عینی نے کجی اختیار کی اور نہ رؤیت قلبی نے اس حقیقت کا انکار کیا بلکہ دونوں کی مطابقت نے اس کی

صداقت پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔

⑤ صحیح حدیث میں ہے کہ جب مشرکین نے اس واقعہ کے انکار پر یہ حجت قائم کی کہ اگر یہ صحیح ہے تو نبی اکرم ﷺ بیت المقدس کی موجودہ جزئی تفصیلات بتائیں کیونکہ ہم کو یقین ہے کہ نہ انہوں نے بیت المقدس کو کبھی دیکھا ہے اور نہ بغیر دیکھے جزئی تفصیلات بتائی جاسکتی ہیں، تب نبی اکرم ﷺ کے سامنے سے بیت المقدس کے درمیانی حجابات منجانب اللہ اٹھا دیئے گئے اور آپ ﷺ نے ایک ایک چیز کا مشاہدہ کرتے ہوئے مشرکین کے سوالات کے صحیح جوابات مرحمت فرمائے جن میں مسجد کی بعض تعمیری تفصیلات تک زیر بحث آئیں، یہ دلیل ہے اس امر کی کہ مشرکین یہ سمجھ رہے تھے کہ آپ ﷺ اسراء کو بحالت بیداری اور بجسد عنصری ہونا بیان فرما رہے ہیں اور نبی اکرم ﷺ نے ان کے خیال کی تردید نہیں فرمائی بلکہ اس کی تائید کے لیے معجزانہ تصدیق کا مظاہرہ فرما کر ان کو لاجواب بنا دیا۔

⑥ ترجمان القرآن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے بسند صحیح منقول ہے کہ قرآن میں مذکور "رویاء" سے مراد "رویاء عین" ہے نہ کہ خواب یا روحانی مشاہدہ۔

⑦ آیت ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ﴾ (بنی اسرائیل: ۶۰) میں یہ مذکور ہے کہ واقعہ اسراء اور جہنم کے اندر سینڈھ کے درخت کا موجود ہونا اور آگ میں نہ جلنا یہ دونوں واقعے اقرار و انکار کی صورت میں ایمان و کفر کے لیے آزمائش ہیں پس جبکہ جہنیوں کی غذا کے لیے ایک مادی خاردار درخت کا موجود ہونا، سرسبز و شاداب رہنا اور آگ سے نہ جلنا مشرکین کے انکار کا باعث ہوا، بلاشبہ اسراء کے واقعہ میں بھی آزمائش کا پہلو یہی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے کس طرح زمان و مکان کی قیود کو توڑ کر بجسد عنصری و بحالت بیداری وہ سیر کر لی جس کا ذکر سورۂ بنی اسرائیل اور والنجم میں اور صحیح احادیث میں ہے اور یقیناً مشرکین نے اس کا انکار کیا جس کے رد میں قرآن نے اس کو ﴿اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ﴾ کہہ کر اس قدر اہمیت دی ورنہ تو انبیاء علیہم السلام کے روحانی مشاہدات اور خواب کے واقعات کا انکار تو ان کے لیے ایک عام بات تھی۔

⑧ اسراء کا واقعہ جب پیش آیا تو صبح کو نبی اکرم ﷺ نے جن صحابہ رضی اللہ عنہم کی محفل میں اس واقعہ کا تذکرہ کیا وہ سب باتفاق یہ فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ بجسد عنصری بحالت بیداری پیش آیا مثلاً حضرت عمر، حضرت انس، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم وغیرہ اور اس کے برعکس ذیل کے قائلین میں حضرت امیر معاویہ، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اسمائے گرامی ہیں جن کا اسلام یا حرم نبوی سے تعلق اس واقعہ سے برسوں بعد مدینہ کی زندگی پاک سے وابستہ ہے اس لیے واقعہ کے ایام میں موجود اصحاب کا قول راجح ہے۔

⑨ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا جو مسلک جمہور کے خلاف منقول ہے وہ بلحاظ درجۂ روایت وصحت سند نہ صرف مرجوح بلکہ مجروح ہے اس لیے اول تو ان بزرگوں کی جانب اس قول کا انتساب ہی درست نہیں اور بالفرض صحیح بھی ہو تو جمہور کے مسلک کے مقابلہ میں ہر حیثیت سے مرجوح ہے۔ و ذلک تسع ایات بینات۔

والنجم اور واقعہ معراج:

واقعہ معراج کی تفصیلات اگرچہ مستند، مشہور اور مقبول روایات و احادیث سے ثابت و منصوص ہیں لیکن خود قرآن عزیز

(والنجم) میں بھی بنص صریح بعض وہ تفصیلات مذکور ہیں جن کو بنی اسرائیل کے اجمال کی تفسیر کہنا چاہیے اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان چند آیات کی تفسیر بھی بیان کر دی جائے۔

﴿وَ النَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَ مَا غَوٰى ۚ﴾ (النجم:۱-۲)

نجم، تارہ کو کہتے ہیں، اور "النجم" کہہ کر کبھی خاص ستارہ ثریا پر بھی اطلاق کرتے ہیں اور "ہویٰ" کے معنی سقوط و غروب کے ہیں اور "والنجم" میں "واؤ" قسم کے لیے ہے جس سے استعمالات قرآنی میں اکثر مضمون ما بعد کی اہمیت کے پیش نظر استشہاد مقصود ہوتا ہے "ضل" ضلالت سے ہے، گمراہ ہونے اور بہک جانے کو کہتے ہیں اور "غویٰ" غوایت سے جس کے معنی بے راہ روی اور بچل جانے کے ہیں۔

پس ہر دو آیات کا مطلب یہ ہوا کہ شب دیجور کے یہ ستارے یا ثریا اس امر کی شہادت ہیں کہ جس طرح نظام شمسی میں ثریا بلکہ تمام ستارے طلوع سے غروب تک ایسے محکم اور مضبوط نظام فطرت میں منسلک ہیں کہ مقررہ وقت و معین رفتار کے ساتھ بغیر بھٹکے بچلے ہوئے جاری و ساری ہیں، ٹھیک اسی طرح روحانی نظام شمسی کے تمام ستارے (انبیاء علیہم السلام) بھی نبوت و رسالت کے مقررہ اصول معین راہ پر جاری و ساری رہے ہیں اور کبھی خدا کے معین کردہ نظام نبوت سے نہ بھٹکے اور نہ بے راہ ہوئے تو پھر یقین کرو کہ اس نظام روحانیت (نبوت) کا آفتاب عالمتاب یعنی تمہارا رفیق (محمد ﷺ) بھی نہ بھٹکا اور نہ بے راہ ہوا، اور ہو بھی کیسے سکتا تھا کہ ایسا ہونے پر سارا نظام نبوت ہی درہم برہم ہو کر رہ جاتا اور انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا مقصد ہی فوت ہو جاتا، یا یوں کہہ لیجئے کہ تمہارے سامنے جس شب کا ذکر ہو رہا ہے اس شب دیجور میں ثریا جیسے روشن ستارہ کا طلوع ہو کر غروب ہو جانا اس پورے نظام شمسی کے تغیر و فنا کی بولتی تصویر ہے پس اگر تمہارا رفیق (محمد ﷺ) کسی ایسے واقعہ کا اظہار کرتا ہے جو عام قانون قدرت کے پیش نظر عجیب و غریب معلوم ہوتا اور اس نظام شمسی کے ایک خاص دور انقلاب اور حیرت زا تغیر کا پتہ دیتا ہے تو تم کو یقین کرنا چاہیے کہ یہ واقعہ بلاشبہ عالم وجود میں آیا اور تمہارا رفیق اس معاملہ میں نہ بھٹکا اور نہ بے راہ ہوا بلکہ جو کچھ دیکھا اور جو کچھ نقل کیا وہ سب حرف بحرف حق مبنی بر حقیقت ہے۔

﴿وَ مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ؕ﴾ (النجم:۳) "نطق" گویائی اور "ہویٰ" خواہش نفس۔ ﴿اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى ۙ﴾ "وحی" وہ یقینی الہام جو خدا کی جانب سے نبی پر نازل ہوتا ہے اور جس کے خدا کی جانب سے ہونے میں کسی قسم کا شک و تردد نہیں ہوتا یعنی "رسالت" اور یہ بھی واضح رہے کہ تمہارے رفیق کی صدق مقالی کا یہ عالم ہے کہ وہ خدا کی باتیں کبھی بھی اپنی خواہش نفس سے نہیں کہتا بلکہ جو کچھ بھی کہتا ہے وہ خدا کی ہی وحی سے ہوتا ہے۔

﴿عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۙ وَ هُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ﴾ (النجم:۵-۹)

"علمہ" تعلیم، سکھلانا، "شدید القوی" زبردست روحانی طاقتوں والا، "مرۃ" زور آور "فاستوی" استواء، سیدھا ہو بیٹھا، "افق الاعلی" (آسمان کا) اونچا کنارہ "دنی" دنو، قریب ہونا، "فتدلی" تدلی، جھک آنا، "قاب قوسین" دو کمان کی مقدار، "ادنی" قریب یا کم۔

صاحب وحی (محمد ﷺ) اور وحی نازل کرنے والے (خدا) کے باہم رشتہ وحی کا اظہار کرنے کے بعد ضرورت تھی کہ ان

دونوں کے درمیان جو وحی کے لیے رابطہ ہے یعنی جبرئیل علیہ السلام کچھ اس کے متعلق بھی کہا جائے، کیونکہ مشرکین مکہ اس کی شخصیت اور اس کے فرض کی تفصیلات سے قطعاً ناآشنا تھے اور یوں بھی وحی کی عظمت، صاحب وحی کی جلالت اور وحی نازل کرنے والی ہستی کے جلال و جبروت کا تقاضا تھا کہ رابطہ وحی کی شخصیت کے بعض نمایاں اوصاف کو بھی بیان کیا جائے۔ اس لیے ارشاد ہوا۔ اس پر (محمد ﷺ پر) جو وحی لاتا ہے وہ زبردست روحانی و جسمانی طاقتوں کا پیکر ہے۔ وہ پیغمبر خدا ﷺ کو اپنی حقیقی ہیئت و صورت میں صاف نمایاں نظر آیا اور آپ ﷺ نے اس کو آسمان کے بلند کنارے پر دیکھا، پھر وہ قریب ہوگیا، پس (پیغمبر خدا ﷺ کی جانب) جھک آیا، پھر ہوگیا اتنا قریب جیسا کہ دو کمان کی مسافت یا اس سے بھی قریب تر۔

﴿ فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ؕ﴿۱۰﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿۱۲﴾ ﴾ (النجم: ۱۰-۱۲)

"فواد" قلب "رای" رؤیت بصر "تمارونه" "ممارات" بمعنی مقابلہ کرنا، جھگڑا کرنا۔

جب صاحب وحی (محمد ﷺ) اور وحی کے لانے والے (جبرئیل علیہ السلام) کے درمیان صورت حال یہ پیش آئی تو اس کے بعد موحی (وحی کرنے والے خدا) نے اپنے بندے پر جو کچھ چاہا وہ براہ راست وحی فرمائی یعنی جب اس مقام رفیع پر بلا کر جہاں کسی مخلوق کا گزر نہ ہوا اور نہ ہو، مخاطب کو کیا بتلایا جائے کہ خدا اور اس کے پیغمبر کے درمیان کیا کچھ وحی کی سرگوشیاں ہوئیں، کیونکہ کسی کو وہ رفعت جب نصیب ہی نہیں تو وہ ان حقائق کو سمجھ ہی کیا سکتا ہے، لہٰذا اسی قدر کافی ہے کہ یہ یقین کر لو کہ خدا نے جو چاہا اپنے بندہ (محمد ﷺ) سے بات چیت کی اور یہ کہ اس کی آنکھ نے اس شب میں جن اسرار الٰہی کو دیکھا، قلب نے اس کو جھوٹا نہیں کہا، بلکہ وہ ایک ایسی حقیقت تھی جس کے بارے میں چشم و قلب دونوں کے درمیان مطابقت و تصدیق کا ہی سلسلہ قائم رہا تو پھر اے مخاطبین جو کچھ اس (محمد ﷺ) نے دیکھا ہے کیا تم اس کے متعلق جھگڑتے ہو؟

﴿ وَ لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۙ﴿۱۳﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿۱۴﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ؕ﴿۱۵﴾ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۙ﴿۱۶﴾ ﴾ (النجم: ۱۳-۱۶)

"نزلة اخرٰی" ایک قسم کا نزول یا دوسری مرتبہ "سدرة" بیری کا درخت "سدرة المنتهٰی" ملاء اعلیٰ کا ایک مقام رفیع "جنة الماوٰی" نیکوں کے قیام کی جنت "یغشٰی" "غشیان"، ڈھانپ لینا۔

حالانکہ جھگڑنے کی کوئی بات نہیں اس لیے کہ اس نے وحی کرنے والے (خدا) کو ایک خاص کیفیت نزول کے ساتھ دیکھا ہے اور اس وقت دیکھا جب وہ (محمد ﷺ) سدرة المنتہٰی کے پاس تھا جس کے قریب جنت الماوٰی ہے اور اس وقت اس سدرہ کو ڈھانپنے والی شے (یعنی فرشتوں) نے ڈھانپ رکھا تھا۔ [1] یا یہ کہیے کہ اس نے جبرئیل علیہ السلام کو دوسری مرتبہ (اصلی ہیئت میں) دیکھا۔ سدرة المنتہٰی کے قریب۔۔۔ الخ۔ پس نہ مشاہدہ جلوۂ حق کوئی جھگڑنے کی بات ہے اور نہ رؤیت جبرئیل علیہ السلام کہ جس کو اس سے قبل بھی اس نے دیکھا ہے اور چشم حق بیں اور قلب حق آگاہ کے لیے ان میں سے ایک بات بھی قابل نزاع نہیں۔

﴿ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ مَا طَغٰى ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾ ﴾ (النجم: ۱۷-۱۸)

---

[1] مشکلات القرآن ص ۳۴۰ تا ۳۶۰

"زاغ" زیغ، کجی۔ طغی، طغیان، سرکشی، خلاف حق رجحان۔

بہر حال اس کے مشاہدۂ حق پر کوئی جھگڑے اور انکار کرے یا تسلیم کرے اور حق جانے، حقیقت تو یہ ہے کہ اس نے لیلۃ الاسراء میں جو کچھ بھی مشاہدات کیے اور آنکھوں سے جو کچھ بھی دیکھا اس چشم حق بین نے حقیقت حال کے خلاف نہ کسی قسم کی کجی اختیار کی اور نہ وہ راہ سے بے راہ ہوئی اور بلا شائبہ شک وشبہ اس نے اپنے پروردگار کے بڑے بڑے نشان دیکھے۔

واقعہ کی تفصیلات:

وہ نشان کیا تھے جن کو اس جگہ ﴿ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝ ﴾ کہا، اور بنی اسرائیل میں ﴿ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ﴾ فرمایا اور اسی سورہ میں دوسرے مقام پر ﴿ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ ﴾ کہہ کر ان کی اہمیت کو روشناس کرایا تو بخاری ومسلم میں منقول صحیح، مشہور اور مقبول روایات کا مجموعی بیان یہ ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے ایک صبح کو ارشاد فرمایا: گزشتہ شب میرے خدا نے مجھ کو اپنے خاص مجد وشرف سے نوازا، جس کی تفصیل یہ ہے کہ شب گذشتہ جبکہ میں سو رہا تھا، رات کے ایک حصہ میں جبرئیل علیہ السلام آئے اور مجھ کو بیدار کیا، ابھی پوری طرح جاگ بھی نہ پایا تھا کہ حرم کعبہ میں اٹھا لائے اور تھوڑی دیر لیٹا تھا کہ پوری طرح بیدار کر کے اول میرا سینہ چاک کیا اور ملاء اعلیٰ کے ساتھ مناسبت تام پیدا کرنے کے لیے عالم دنیا کی کدورتوں کو) دھویا اور ایمان وحکمت سے بھر دیا۔ اس کے بعد حرم کے دروازہ پر لایا گیا اور وہاں جبرئیل علیہ السلام نے میری سواری کے لیے خچر سے کچھ چھوٹا جانور براق پیش کیا جو سفید رنگ کا تھا۔ جب میں اس پر سوار ہو کر روانہ ہوا تو اس کی سبک رفتاری کا یہ عالم تھا کہ حد نگاہ اور حد رفتار یکساں نظر آتی تھی کہ اچانک بیت المقدس جا پہنچے، یہاں جبرئیل علیہ السلام کے اشارہ پر براق کو مسجد کے دروازہ کے اس حصہ سے باندھ دیا جس سے انبیاء بنی اسرائیل مسجد اقصیٰ کی حاضری پر اپنی سواریاں باندھا کرتے تھے (اور جو اس وقت تک بطور یادگار قائم تھا) پھر میں مسجد اقصیٰ میں داخل ہوا اور دو رکعات پڑھیں، اب یہاں سے ملاء اعلیٰ کی تیاری شروع ہوئی تو اول جبرئیل علیہ السلام نے میرے سامنے دو پیالے پیش کیے ان میں سے ایک شراب (خمر) سے لبریز تھا اور دوسرا دودھ (لبن) سے، میں نے دودھ کا پیالہ قبول کیا اور شراب کا پیالہ مسترد کر دیا، جبرئیل علیہ السلام نے یہ دیکھ کر کہا: آپ ﷺ نے دودھ کا پیالہ قبول کر کے دین فطرت کو اختیار کیا (یعنی خدا کی جانب سے جو میں نے آپ ﷺ کو یہ دو پیالے پیش کیے تو دراصل یہ تمثیل تھی دین فطرت اور دین زیغ کی، مگر آپ ﷺ نے اس حقیقت کو پہچان لیا اور دودھ کے پیالہ کو قبول فرما کر جو دین فطرت کی تمثیل تھا دین فطرت کو قبول فرما لیا) اس کے بعد ملاء اعلیٰ کا سفر شروع ہوا اور جبرئیل علیہ السلام کی ہمرکابی میں براق نے آسمان کی جانب پرواز کی، جب ہم پہلے آسمان (اسماء دنیا) تک پہنچ گئے تو جبرئیل علیہ السلام نے نگہبان فرشتوں سے دروازہ کھولنے کو کہا، نگہبان فرشتہ نے دریافت کیا، کون ہے؟ جبرئیل علیہ السلام نے کہا: میں جبرئیل ہوں، فرشتہ نے دریافت کیا، تمہارے ساتھ کون ہے؟ جبرئیل علیہ السلام نے جواب دیا: محمد (ﷺ) فرشتہ نے کہا: کیا خدا کے مدعو ہو کر آئے ہیں؟ جبرئیل علیہ السلام نے کہا: بیشک، فرشتہ نے دروازہ کھولتے ہوئے کہا: ایسی ہستی کا آنا مبارک ہو۔ جب ہم اندر داخل ہوئے تو حضرت آدم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ جبرئیل علیہ السلام نے میری جانب مخاطب ہو کر کہا یہ آپ کے والد (اور نسل انسانی کے مورث اعلیٰ) آدم علیہ السلام ہیں، آپ ﷺ ان کو سلام کیجیے، میں نے ان کو سلام کیا اور انہوں نے جواب سلام دیتے

ہوئے فرمایا: "مرحبا بالابن الصالح و النبی الصالح"۔"خوش آمدید، برگزیدہ بیٹے اور برگزیدہ نبی" اس کے بعد دوسرے آسمان تک پہنچے اور پہلے آسمان کی طرح سوال و جواب ہو کر دروازہ میں داخل ہوئے تو وہاں یحییٰ و عیسیٰ علیہما السلام سے ملاقات ہوئی، جبرئیل علیہ السلام نے ان کا تعارف کرایا اور کہا کہ آپ ﷺ سلام پر پیش قدمی فرمائیے، میں نے سلام کیا اور ان دونوں نے جواب دیتے ہوئے فرمایا: "مرحبا بالاخ الصالح و النبی الصالح۔"خوش آمدید اے برگزیدہ بھائی اور برگزیدہ نبی" پھر تیسرے آسمان تک پہنچ کر یہی مرحلہ پیش آیا اور جب میں آسمان ثالث میں داخل ہوا تو حضرت یوسف علیہ السلام سے ملاقات ہوئی جبرئیل علیہ السلام نے تقدیم سلام کے لیے کہا اور میرے سلام کرنے پر یوسف علیہ السلام نے بھی جواب سلام کے بعد یہی کلمہ کہا: "خوش آمدید، اے برگزیدہ بھائی اور برگزیدہ نبی" بعد ازاں چوتھے آسمان پر اس سوال و جواب کے ساتھ حضرت ادریس علیہ السلام سے ملاقات ہوئی اور پانچویں آسمان پر حضرت ہارون علیہ السلام سے اور چھٹے آسمان پر موسیٰ علیہ السلام سے اسی طرح ملاقات ہوئی لیکن جب میں وہاں سے روانہ ہونے لگا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رقت طاری ہوگئی، میں نے سبب دریافت کیا تو فرمایا: مجھے یہ رشک ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی حکمت بالغہ نے ایسی ہستی کو جو میرے بعد مبعوث ہوئی یہ شرف بخش دیا کہ اس کی امت میری امت کے مقابلہ میں چند در چند زیادہ جنت سے فیضیاب ہوگی۔ اس کے بعد سابق سوالات و جوابات کا مرحلہ طے ہو کر جب میں ساتویں آسمان پر پہنچا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی جو بیت المعمور سے پشت لگائے بیٹھے تھے اور جس میں ہر روز ستر ہزار نئے فرشتے (عبادت کے لیے) داخل ہوتے ہیں، انہوں نے میرے سلام کا جواب دیتے ہوئے فرمایا: "مبارک اے میرے برگزیدہ بیٹے اور برگزیدہ نبی" یہاں سے پھر مجھ کو سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچایا گیا (تمہاری بول چال میں یہ ایک انتہاء کی بیری کا درخت ہے) جس کا پھل (بیر) ہجر کی ٹھلیا کے برابر ہے اور جس کے پتے ہاتھی کے کان کی طرح چوڑے ہیں۔ [1] اس پر ملائکۃ اللہ جگنو کی طرح بے تعداد چمک رہے تھے اور خدا کی خاص تجلی نے اس کو حیرت انگیز طور پر روشن و پُرکیف بنا دیا تھا۔

اسی سفر میں میں نے چار نہروں کا بھی معائنہ کیا ان میں سے دو ظاہر نظر آتی تھیں اور دو باطن میں بہہ رہی تھیں، یعنی دو نہریں جن کا نام نیل اور فرات [2] ہے آسمان دنیا پر نظر پڑی اور دو نہریں جنت کے اندر موجود پائیں اور ان مشاہدات کے بعد محمد ﷺ کو شراب (خمر) دودھ اور شہد کے پیالے پیش کیے گئے اور میں نے دودھ کو قبول کرلیا اس پر جبرئیل علیہ السلام نے مجھے بشارت سنائی

---

[1] سدرۃ المنتہیٰ کے متعلق مختلف روایات کا حاصل یہ ہے کہ جڑ چھٹے آسمان پر ہے اور اس کی شاخیں ساتویں آسمان سے بھی نکل گئی ہیں اور یہ وہ مقام ہے جہاں سے چیزیں زمین پر اترتی اور زمین سے اوپر چڑھ کر وہاں تک پہنچتی ہیں گویا نزول و عروج کا مقام اتصال ہے۔ اس مقام سے آگے نبی اکرم ﷺ کے علاوہ نہ جبرئیل علیہ السلام اور دوسرے ملائکۃ اللہ کا گذر ہوا اور نہ کسی نبی مرسل کا۔
محدثین کہتے ہیں کہ یہ مقام اس درخت کی شکل میں دراصل "ایمان و حکمہ" کی حقیقت کو مشکل و مصور ظاہر کرتا ہے، اس لیے کہ ایمان، نیت صالح اور عمل صالح کا جامع ہے، پس یہ درخت پھل کے ذائقہ اپنی خوشبو اور اپنے سایہ ہر سہ صفات کے لحاظ سے حقیقت ایمان کا مظہر ہے یعنی اس درخت کے پھل کا لذیذ ذائقہ نیت صالح کا مظہر ہے اور عمدہ خوشبو قول صالح اور راحت بخش سایہ عمل صالح کا مظہر ہے اور اسی لے نبی اکرم ﷺ نے ایمان کی تشبیہ شجر کے ساتھ دی ہے۔ ارشاد مبارک ہے: الایمان بضع سبعون شعبہ الحدیث

[2] تو یہ مراد ہے کہ جس وقت آپ نے جنت میں دو نہریں دیکھیں تو آپ نے اسی وقت جب دنیا کی جانب نگاہ کی تو وہاں سامنے نیل اور فرات بہتی ہوئی نظر آئیں اور یا ملاء اعلیٰ کی نہروں کے اسی طرح نام ہیں جس طرح دنیا کے دو دریا نیل اور فرات ہیں۔

کہ آپ ﷺ نے "دین فطرت" کو قبول کر لیا (یعنی جو ہر قسم کی کدورتوں سے پاک اور شفاف ہے عمل میں شیریں اور خوشگوار اور نتیجہ میں حد درجہ مفید اور احسن ہے)۔

پھر خدائے تعالیٰ کا خطاب ہوا کہ تم پر شبانہ روز پچاس نمازیں فرض قرار دی گئیں جب میں ان اسرار الٰہی کے مشاہدات سے فارغ ہو کر نیچے اترنے لگا تو درمیان میں موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، انہوں نے دریافت کیا: معراج کا کیا تحفہ لائے؟ میں نے کہا: پچاس نمازیں، انہوں نے فرمایا: تمہاری امت اس بار گراں کو برداشت نہ کر سکے گی اس لیے واپس جایئے اور تخفیف کی التجاء کیجئے کیونکہ میں تم سے قبل اپنی امت کو آزما چکا ہوں۔ چنانچہ میں درگاہِ الٰہی میں رجوع ہوا اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے پانچ کی تخفیف ہو گئی، موسیٰ علیہ السلام تک لوٹ کر آیا تو انہوں نے پھر اصرار کیا کہ اب بھی زیادہ ہیں اور کم کراؤ، اور میں اسی طرح چند مرتبہ آتا جاتا رہا حتیٰ کہ صرف پانچ نمازیں رہ گئیں، مگر موسیٰ علیہ السلام مطمئن نہیں ہوئے اور فرمایا میں بنی اسرائیل کا کافی تجربہ اور ان کی اصلاح کر چکا ہوں، اس لیے مجھے اندازہ ہے کہ آپ ﷺ کی امت یہ بھی برداشت نہ کر سکے گی، اس لیے تخفیف کے لیے مزید عرض کیجئے، تب میں نے کہا کہ اب عرض کرتے شرم آتی ہے، میں اب راضی برضا اور اس کے فیصلہ کے سامنے سر نیاز جھکاتا ہوں۔ جب میں یہ کہہ کر چلنے لگا تو ندا آئی "ہم نے اپنا فرض نافذ کر دیا اور اپنے بندوں کے لیے تخفیف کر دی یعنی مشیت الٰہی قبل ہی یہ فیصلہ کر چکی ہے کہ امت محمد (ﷺ) پر بصورت اداء اگرچہ پانچ نمازیں فرض رہیں گی مگر ان کا اجر و ثواب پچاس ہی کے برابر ہو گا اور یہ تخفیف ہمارا فضل و کرم ہے"۔

ان ہی روایات میں ہے کہ میں نے جنت و جہنم کا بھی مشاہدہ کیا اور پھر مشاہدہ کی تفصیلات بھی منقول ہیں۔

معراج میں رؤیت باری:

کیا معراج میں نبی اکرم ﷺ نے ذات احدیت کے جمال جہاں آراء کا بے حجاب مشاہدہ کیا؟ صحیح روایات میں اس مسئلہ کے متعلق جو تعبیرات مذکور ہیں ان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مشاہدہ ضرور کیا تاہم نبی اکرم ﷺ اس مشاہدہ کی کیفیت کے حقیقی اظہار سے اس لیے قاصر ہیں کہ دنیوی تعبیرات میں کوئی تعبیر ایسی موجود نہیں کہ بلند سے بلند ترین مخلوق اس کے ذریعہ جمال جہاں آراء کی کیفیت وحقیقت کو بیان کر سکے اس لیے آپ ﷺ نفس واقعہ کا اقرار فرماتے ہیں جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت میں منقول ہے "رایتہ نورا میں نے اس کو "نور" دکھا" اور مشاہدہ کے باوجود جمال جہاں آراء کی ناقابل بیان کیفیت کا پھر ان الفاظ میں اظہار بھی فرماتے جاتے ہیں "نور انی اراہ"۔ اس نور بحت کا حقیقی مشاہدہ کہاں ہو سکتا تھا۔

پس حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی جانب سے رؤیت باری کی نفی میں آیت قرآنی کا یہ استدلال ﴿لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ ۖ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ﴾ (الانعام: ۱۰۳) "اس کو آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اور وہ آنکھوں کا یعنی دیکھنے والوں کی پوری حقیقت کا ادراک کیے ہوئے ہے۔" اس لیے مرجوح ہے کہ آیت میں موجودہ دنیا کی مادی اور محدود بصارت کے مشاہدہ کا انکار ہے جو لاریب حق ہے لیکن ملاء اعلیٰ کا وہ مقام معراج جہاں زمان ومکان اور حدود و قیود سے آزاد اسرار الٰہی کے مشاہدات کے لیے کسی کو نواز گیا ہو تو اس کے مشاہدۂ حقیقت کا یہ آیت کسی طرح انکار نہیں کرتی۔

یہی وجہ ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانہ سے آج تک محققین علماء کی ایک کثیر جماعت سلفاً عن خلف سورہ والنجم کی آیات ﴿أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ﴾ ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ﴾ کی تفسیر میں صحیح احادیث کی استمداد سے یہ ثابت کرتی رہی ہے کہ ان

مقامات میں رؤیت سے "رؤیت باری" مراد ہے چنانچہ محقق عصر علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہ نے سورۂ والنجم کی دقیق ولطیف اور بے بہا تفسیر میں اس حقیقت کو باحسن وجوہ بیان فرمایا ہے۔ ❶

ہجرت

ہجرت لفظ "ہجر" سے ماخوذ ہے جس کے معنی چھوڑ دینے کے ہیں اور اسلام کی اصطلاح میں "اللہ کے لیے ترک وطن کر دینا" ہجرت کہلاتا ہے۔

ہجرتِ حبش:

اللہ کے دین پر استقامت اور کلمہ حق کی حفاظت کی خاطر فدا کاران اسلام کو ترک وطن کی پہلی آزمائش اس وقت پیش آئی جبکہ کفار مکہ اور مشرکین قریش نے ہر قسم کے ظلم وستم کا نشانہ بنا کر مسلمانوں کے لیے ان کے محبوب وطن (مکہ) میں دین حق پر قائم رہتے ہوئے لحات زندگی کو ناممکن بنا دیا اور اب ترک وطن کے علاوہ کوئی چارۂ کار باقی نہ چھوڑا، پس مٹھی بھر مسلمانوں پر مشرکین کے ناقابل برداشت مظالم اور مسلمانوں کے حیرت زا صبر واستقلال نے دنیاء تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کر دیا جو "ہجرت حبش" کے عنوان سے معنون ہے۔

حبشہ کا موجودہ فرمانروا اصحمہ ❷ عیسائی تھا اور دین مسیحی کا عالم بھی اس لیے نبی اکرم ﷺ نے مسلمانوں کو اجازت مرحمت فرمائی کہ وہ سردست حبشہ کو ہجرت کر جائیں، توقع ہے کہ اصحمہ کی حکومت ان کا خیر مقدم کرے گی اور وہ کسی مزاحمت کے بغیر دین حق پر قائم ومستقیم رہ سکیں گے۔

ہجرت کے اس دور کی نمایاں شخصیت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور ان کی رفیقۂ حیات رسول اللہ ﷺ کی لخت جگر حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا ہیں، نبی اکرم ﷺ نے اس مقدس جوڑے کو رخصت فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ لوط اور ابراہیم علیہما السلام کے بعد یہ پہلا جوڑا ہے جو خدا کی راہ میں ہجرت کر رہا ہے۔ ❸ پھر آہستہ آہستہ یہ تعداد اسی تک پہنچ گئی ان مہاجرین میں نبی اکرم ﷺ کے عم زاد بھائی حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بھی تھے یہی وہ مرد حق کوش ہیں جنھوں نے قریش کے وفد کی مہاجرین سے متعلق زہر چکانی اور مطالبہ مراجعت کے سلسلہ میں نجاشی حبشہ کے دربار میں اسلام پر بے نظیر تقریر فرمائی اور جس کا ذکر صفحات گذشتہ میں ہو چکا ہے۔

---

❶ تفسیر کا یہ حصہ فتح الملہم شرح مسلم جلد اول از علامہ شبیر احمد عثمانی اور مشکلات القرآن لحضرت الکشمیری نور اللہ مرقدہ، دونوں میں منقول ہے اور اپنی جگہ قابل مراجعت ہے۔

❷ حبشہ کے بادشاہ کا لقب "نجاشی" تھا جو "نجوی" کا معرب ہے نجوی حبشی زبان میں حکمران کو کہتے ہیں۔

❸ مستدرک حاکم ج ۴ ص ۴۰

ہجرت مدینہ کے اسباب:

۱۱ نبوت موسم حج کے موقعہ پر الحراء اور منیٰ کے درمیان مقام عقبہ میں یثرب (مدینہ) کے چند لوگوں نے شب کی تنہائی میں نبی اکرم ﷺ کا پیغام حق سنا اور اسلام قبول کرلیا۔ یہ چھ یا آٹھ اشخاص تھے۔ دوسرے سال چند سابق اشخاص اور بعض دوسرے حضرات نے جو تعداد میں بارہ تھے حاضر خدمت ہوکر اسلام پر تبادلہ خیالات کیا اور مشرف باسلام ہوگئے ان کے اسماء گرامی بروایت محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ یہ ہیں: ابوامامہ، عوف بن الحارث، رافع بن مالک، قطبہ بن عامر، عقبہ بن عامر، معاذ بن حرث، ذکوان بن عبدقیس، خالد بن مخلد، عبادہ بن صامت، عباس بن عبادہ، ابوالہیثم، عدیم بن ساعدہ۔ [1]

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ بن صامت فرماتے ہیں کہ ہم نے عقبہ اولیٰ میں حسب ذیل شرائط کے ساتھ اسلام پر بیعت کی تھی۔

① خدائے واحد کے ماسواء کسی کی پرستش نہیں کریں گے۔ ② چوری نہیں کریں گے۔
③ زنا نہیں کریں گے۔ ④ اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گے۔
⑤ کسی پر جھوٹی تہمتیں نہیں لگائیں گے اور نہ کسی کی غیبت کریں گے۔
⑥ اور کسی بھی اچھی بات میں آپ ﷺ (یعنی نبی اکرم ﷺ) کی نافرمانی نہیں کریں گے۔

بیعت کے بعد نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا، اگر تم نے ان شرائط کو پورا کیا تو تمہارے لیے جنت کی بشارت ہے اور اگر تم ان برائیوں میں سے کسی کے مرتکب ہوئے تو پھر تمہارا معاملہ خدا کے ہاتھ ہے چاہے بخش دے اور چاہے جرم پر سزا دے۔

اس واقعہ نے مدینہ کے ہر گھر میں اسلام کا چرچا کر دیا اور آہستہ آہستہ ہر ایک خاندان میں آفتاب اسلام کی ضیاء باری ہونے لگی اور نتیجہ یہ نکلا کہ اوس وخزرج کی تمام شاخوں میں سے ۱۳ نبوت کو تہتر مرد اور دو عورتیں اسی مقام عقبہ پر موسم حج میں شب کی تاریکی کے اندر آفتاب نبوت کی درخشانی سے فیضیاب ہونے جا پہنچے۔ نبی اکرم ﷺ بھی اپنے چچا عباس رضی اللہ عنہ کو ہمراہ لے کر وہاں پہنچ گئے اور ان کے سامنے اسلام پر ایک مؤثر وعظ فرمایا جس سے ان کے قلوب نور ایمان سے جگمگا اٹھے۔ اس کے بعد انصار اور نبی اکرم ﷺ کے درمیان اس امر پر گفتگو ہوئی کہ اگر ذات اقدس ﷺ مدینہ میں نزول اجلال فرمائیں تو اشاعت اسلام کو بھی بہت زیادہ فائدہ پہنچے اور ہم کو بھی فیضیاب ہونے کا بخوبی موقع میسر آئے اور اس سلسلہ میں جانبین سے محبت ومودت کے قول وقرار بھی ہوئے جن کی تفاصیل کتب سیر وتاریخ میں مذکور ہیں۔ ان ہی حضرات میں نبی اکرم ﷺ نے بارہ اشخاص کو منتخب فرما کر دعوت وتعلیم اسلام کے لیے اپنا نقیب مقرر فرمایا۔

یثرب (مدینہ) میں اسلام کی اشاعت نے جب اس طرح روز افزوں ترقی اختیار کرلی تو اب وحی الٰہی نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی جاں نثارانِ اسلام کو اجازت دی کہ وہ مشرکین مکہ کی ہولناک ایذا رسانی سے محفوظ ہوجانے کے لیے مدینہ ہجرت کرجائیں اور خدا کے لیے ترک وطن اختیار کریں، چنانچہ آہستہ آہستہ مسلمانوں نے مدینہ کو ہجرت شروع کر دی، مشرکین مکہ نے یہ دیکھ کر مسلمانوں کو ہجرت سے روکنے کے لیے مظالم میں اور اضافہ کر دیا اور انسدادِ ہجرت کے لیے ممکن ذرائع کو اختیار کیا مگر فدا کارانِ اسلام

[1] البدایہ والنہایہ ج ۳ ص ۱۴۹

کا جذبہ ہجرت فرو نہ ہوا بلکہ وہ کثرت کے ساتھ مال، جان، آبرو اور اولاد کی زندگی کو خطرہ میں ڈال کر اللہ کی راہ میں وطن عزیز کو خیر باد کہتے رہے اور اکثر ایسا ہوا کہ جب اہل مکہ نے ان کے اموال اور اہل وعیال کو ساتھ لے جانے سے روک دیا تو ان مردانِ خدا نے صبر آزما زندگی کے ساتھ ہجرت حق کی خاطر ان کو بھی وہیں چھوڑا اور تنہا خدا کے بھروسہ پر مدینہ روانہ ہو گئے۔

ہجرت نبوی ﷺ:

اب مکہ میں مشاہیر مسلمانوں میں سے صرف ابوبکر اور علی رضی اللہ عنہما ہی باقی رہ گئے تھے ❁ اور ایک قلیل تعداد باقی مسلمانوں کی تھی تب قریش نے سوچا کہ محمد ﷺ کو قتل کر کے اسلام کو مٹا دینے کا اس سے بہتر دوسرا کوئی موقعہ نہیں آئے گا۔

دارالندوہ:

چنانچہ تمام سردارانِ قریش قصی بن کلاب کے قائم کردہ گورنمنٹ ہاؤس "دارالندوہ" میں جمع ہوئے اور سرور عالم ﷺ کے قتل سے متعلق سازشی مجلس مشاورت قائم کی۔ اس مجلس میں عتبہ، شیبہ، ابوسفیان، طعیمہ بن عدی، جبیر بن مطعم، حارث بن عامر، نضر بن حارث، ابوالبختری، زمعہ بن اسود، حکیم بن حزام، ابوجہل، منبہ بن الحجاج، امیہ بن خلف جیسے صنادید قریش شریک مشورہ تھے۔ مشورہ شروع ہونے والا ہی تھا کہ ایک شیطان "شیخ نجدی" دارالندوہ کے دروازہ پر آ موجود ہوا اور شرکت مجلس کا خواستگار بنا، قریش مکہ نے ہم مشرب پا کر بخوشی اجازت دی اور اب مشورہ شروع ہوا مختلف اہل الرائے نے مختلف رائیں دیں لیکن شیخ نجدی نے ہر ایک رائے کو غلط قرار دیا۔ آخر ایک شخص نے کہا: تمام قبائل میں سے ایک ایک جوان لیجئے اور ان سے کہئے کہ وہ بیک وقت محمد ﷺ پر حملہ کر کے قتل کر دیں اس سے کام بھی بن جائے گا اور بنو عبد مناف کسی سے قصاص لینے کی جرأت بھی نہ کر سکیں گے اور صرف خون بہاء پر معاملہ طے ہو جائے گا۔ شیخ نجدی نے اس رائے کو بہت سراہا اور یہی رائے طے پا گئی۔ ادھر جبرئیل علیہ السلام نے وحی الٰہی کے ذریعہ ذاتِ اقدس ﷺ کے سامنے اس پوری داستان کو کہہ سنایا اور عرض کیا کہ خدا کی مرضی یہ ہے کہ آپ ﷺ آج کی شب اپنے بستر پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سلا کر خود مدینہ کو ہجرت کر جائیے، چنانچہ وحی الٰہی کے مطابق آپ ﷺ قریش کے نوجوانوں کی حراست کے باوجود سورۂ یٰسین کی چند آیات ﴿فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ﴾ پڑھتے ہوئے اور "شاهت الوجوه" فرما کر مٹھی بھر خاک ان کے سروں پر ڈالتے ہوئے صاف بچ کر نکل گئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مکان پر جا کر اور وحی الٰہی کا مژدہ رفاقت سنا کر ان کو ہمراہ لیے مدینہ کو روانہ ہو گئے۔

ہجرت کا یہ واقعہ ربیع الاول ۱۳ نبوت دوشنبہ کے روز پیش آیا یہ واقعہ اپنے خصوصی حالات اور معجزانہ اثرات کے ساتھ بہت مشہور اور صحیح احادیث و روایات میں مذکور ہے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی سفر ہجرت میں رفاقت کی عظمت و جلالت کے لیے رہتی دنیا تک قرآن عزیز اس طرح ناطق ہے:

﴿ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾ (التوبہ: ۴۰)

"دوسرا تھا دو کا جبکہ وہ دونوں غار میں تھے کہ یہ اپنے رفیق (ابوبکر رضی اللہ عنہ) سے کہہ رہا تھا ابوبکر (رضی اللہ عنہ) غم نہ کھا بلاشبہ خدا ہمارے ساتھ ہے۔"

❁ تاریخ ابن کثیر ج س ص ۱۷۵

نبی اکرم ﷺ نے اس موقعہ پر ابوبکر رضی اللہ عنہ کو مخاطب کرتے ہوئے ﴿لَا تَحْزَنْ﴾ فرمایا ﴿لَا تَخَفْ﴾ نہیں فرمایا۔ یہ اس لیے کہ "خوف" اور "حزن" کے لغوی فروق میں سے ایک دقیق فرق یہ بھی ہے کہ عموماً "خوف" اپنی مضرت کے سلسلہ میں ہوا کرتا ہے بخلاف "حزن" کے کہ وہ اس رنج کو کہتے ہیں جو اکثر دوسرے کی مصیبت کی وجہ سے خود کو پیش آتا ہے۔ گویا قرآن عزیز بنص صریح ناطق ہے اس حقیقت کے لیے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اپنی جان اور اپنی ذات کا خوف نہیں تھا بلکہ ذات اقدس ﷺ کی گرفتاری اور مشرکین کے ہاتھوں ظلم رسانی کا حزن و ملال جانکاہی پر آمادہ کیے ہوئے تھا، پس حضور ﷺ قدسی صفات نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اس حالت کا اندازہ لگایا تو ﴿لَا تَخَفْ﴾ کی جگہ ﴿لَا تَحْزَنْ﴾ ارشاد فرمایا اور ساتھ ہی ﴿إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾ فرما کر ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رفاقت کی مقبولیت پر بھی مہر تصدیق ثبت فرما دی۔ دنیا اپنے بغض و عناد اور زندقہ والحاد سے جو چاہے کہے لیکن رسول اکرم ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کی "معیت حقہ" کے لیے قرآن کے جملہ ﴿اللّٰهَ مَعَنَا﴾ کی ناطقیت کے بقاء و دوام کو ساری کائنات بھی مل کر مٹانا چاہے تو نہیں مٹا سکتی۔

﴿ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۲۱﴾

قرآن عزیز اور ہجرت مدینہ:

واقعہ معراج میں گزر چکا ہے کہ درحقیقت اسراء تمہید تھی ہجرت کے عظیم الشان واقعہ کی یعنی واقعہ اسراء کے عجائبات اس امر کی تمہید تھے کہ اب آپ ﷺ کی تبلیغی زندگی کا دور ایک دوسرا رخ اختیار کرنے والا ہے جو کامرانیوں اور کامیابیوں سے بھرپور ہے اس لیے ازبس ضروری ہے کہ پہلے آپ کو قبلتین اور ملاء اعلیٰ کے اسرار وغوامض سے آگاہ کر دیا جائے تا کہ مکی زندگی جب مدنی حیات میں منقلب ہو تو اس سے قبل نبوت و رسالت کے کمالات غایت قصویٰ تک پہنچ چکے ہوں اور آپ کا منصب ہدایت اس مقام رفیع تک جا پہنچا ہو، جہاں خدا کی بلند سے بلند ترین مخلوق کا بھی گزر نہ ہوا ہو تا کہ آپ ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ﴾ (المائدہ: ۳) کے شرف کو حاصل کر سکیں۔

پس سورۂ بنی اسرائیل از ابتداء تا انتہاء ہجرت مدینہ کے ہی اسرار و لطائف سے معمور ہے چنانچہ ابتدائی آیات میں اسراء کا بیان ہے اور پھر ذکر آ گیا ہے رشد و ہدایت کے اصول کا اور درمیان میں امم سابقہ اور ان کے ہداۃ انبیاء و رسل کے واقعات تبلیغی کا تذکرہ شواہد و نظائر بن کر سامنے آ جاتا ہے اور اس ضمن میں معراج کے حکم و اسرار کا بھی ذکر ہوتا جاتا ہے اور اس کے بعد ﴿رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ ... الاية﴾ سے مکہ سے خروج اور مدینہ کی ہجرت کا ذکر شروع ہو جاتا ہے اور یہ ذکر آخر سورت تک جاری رہتا ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے مسطورۂ ذیل ہر دو آیات کے سلسلہ مضامین کو ہجرت مدینہ سے ہی وابستہ قرار دیا ہے:

﴿وَ اِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَ اِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۷۶﴾ (بنی اسرائیل: ۷۶)

"اور قریب تھا کہ وہ (مشرکین) البتہ تجھ کو عاجز کر دیتے سرزمین (مکہ) سے تا کہ تجھ کو اس سے نکال دیں اور ایسی حالت میں ان کی ہلاکت بہت قلیل عرصہ میں سامنے آ جاتی۔"

یہ مشرکین کے حق میں سخت قسم کی تہدید و تخویف ہے کہ جب بھی تمہارے مظالم کی بدولت نبی اکرم ﷺ کو ہجرت مدینہ پیش آئے گی تمہاری اجتماعی زندگی کی ہلاکت قریب سے قریب تر ہو جائے گی، گویا ہجرت مدینہ اسلام کی روز افزوں ترقی اور معاندین اسلام کی موت و ہلاکت کے لیے تقدیر مبرم ہے۔

﴿وَ قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝﴾ (بنی اسرائیل: ۸۰)

"اور کہیے! اے میرے پروردگار مجھ کو داخل کر (مدینہ) میں اچھا داخلہ اور نکال مجھ کو (مکہ) سے عزت کے ساتھ اور میرے لیے اپنی جانب سے زبردست نصرت و مدد عطا کر۔"

اسی طرح سورۂ انفال میں بعض واقعات کے ضمن میں ہجرت مدینہ کا تذکرہ موجود ہے:

﴿وَ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَ يَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝﴾ (الانفال: ۳۰)

"اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جب منکرین تیرے خلاف سازش کر رہے تھے تاکہ تجھ کو قید کر لیں یا مار ڈالیں یا (مکہ سے) نکال دیں اور وہ اپنی سازشوں میں لگے ہوئے تھے خدا (اس کے خلاف) تدبیر کر چکا تھا اور اللہ تدبیر کرنے والوں میں سب سے بہتر مدبر ہے۔"

اور اسی طرح سورۂ توبہ میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی عظمت و جلالت قدر کے تذکرہ کے ساتھ ساتھ ہجرت مدینہ کا ذکر اس طرح موجود ہے:

﴿اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَ اَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَ جَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝﴾ (التوبہ: ۴۰)

"اگر تم اللہ کے رسول کی مدد نہیں کرو گے تو (نہ کرو) اس کی اللہ تعالیٰ نے اس وقت مدد فرمائی جب اس کو منکرین نے (مکہ سے) نکالا جبکہ وہ دونوں (محمد ﷺ اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) غار (حراء) میں (روپوش) تھے جب وہ (رسول) اپنے رفیق (ابوبکر رضی اللہ عنہ سے) کہہ رہا تھا، تو غم نہ کھا بلاشبہ اللہ ہمارے ساتھ ہے، پس اللہ نے اس پر اپنا سکینہ (طمانیت) اتارا اور اس کو ایسے لشکر کے ذریعہ قوت پہنچائی کہ تم اس کو نہیں دیکھ رہے تھے اور (اس طرح) خدا نے کافروں کا کلمہ پست کر دیا اور اللہ کا کلمہ ہی سب سے بلند ہے اور بلاشبہ اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔"

ہجرت؟:

اسلام میں "ہجرت" ایک اہم فریضہ ہے، کون نہیں جانتا کہ انسان کے لیے وطن، مال اور اہل و عیال کس درجہ عزیز ہوتے

ہیں اور وہ ان ہی متاع گرانمایہ پر اپنی بیوی دنیوی عیش و راحت اور بقاء حیات کا مدار سمجھتا ہے لیکن اس کی انسانیت اور انسانیت کا ارتقاء ان تمام مقاصد حیات سے بھی ایک بلند اور رفیع مقصد زندگی کا طالب ہے اور وہ خالق کائنات اور رب العالمین کی معرفت ہے جس کی ربوبیت نے اس کو یہ جامہ ہستی عطاء کیا، اسی معرفت کا نام "دین" اور "ملت" ہے۔ انسان جب اس مقصد حقیقی کو پالیتا ہے تو پھر اس کی نگاہ میں اس درجہ وسعت اور رفعت پیدا ہوجاتی ہے کہ دنیا کی ان تمام رنگینیوں اور نیرنگیوں کا دامن وسیع بھی اس کو تنگ نظر آتا اور وہ اس تنگ دامنی سے عاجز ہو کر آخرکار "حیات روحانی" کی آغوش میں ہی تسکین پاتا ہے اور جب اس مرحلہ پر پہنچ جاتا ہے تو پھر اس حیات باقی "دین حق" کی خاطر وہ دنیا کی تمام متاع گرانمایہ تن، من، دھن، حتیٰ کہ اہل وعیال کو بھی تج دیتا ہے اور اس دُرِ بے بہا کو آنچ تک نہیں آنے دیتا جس کا نام "ایمان" ہے۔ اسی حقیقت حال کو اسلام کی مقدس اصطلاح میں "ہجرت" کہا جاتا ہے۔

اسی بناء پر "ہجرت" ایک صادق الایمان اور مخلص مسلمان کے اور منافق اور کافر ہستی کے درمیان امتیاز پیدا کرنے کے لیے بہترین "کسوٹی" اور "معیار" ہے، نیز فضاء روحانی کا ٹمپریچر معلوم کرنے کے لیے "جہاد" اور "ہجرت" ہی ایسے دو "مقیاس الحرارت" ہیں جن سے مومنوں کے ایمان کی حرارت کا صحیح اندازہ ہوجاتا ہے۔

قرآن عزیز نے ہجرت کی اہمیت پر جگہ جگہ توجہ دلائی ہے اور اس کو ایمان و اسلام کی کسوٹی قرار دیا ہے۔ جس کے لیے یہ مقامات خصوصیت کے ساتھ قابل مطالعہ ہیں: (البقرہ پ ۲ آیت ۲۱۸، آل عمران پ ۴ آیت ۱۹۵، سورۂ انفال پ ۱۰ آیت ۷۴، سورہ توبہ پ ۱۰ آیت ۲۰، سورہ النحل پ ۱۴ آیت ۱۰۹، ۴ / ۱۰۰، سورہ نساء پ ۵ آیت ۹۷، سورہ النحل پ ۱۴ آیت ۴۱، سورہ نساء آیت ۴۱)۔

ابتدائے اسلام میں مکہ دار الکفر اور دار الحرب تھا، اس لیے وہاں سے مدینہ کو ہجرت کر جانا اسلام کے اہم ترین فرائض میں سے تھا تاکہ مسلمان مدینہ میں امن و عافیت کے ساتھ احکام اسلام کی پیروی کر سکیں اور نہ صرف اسی قدر بلکہ اسلام کے مقصد عظمیٰ "امر بالمعروف" اور "نہی عن المنکر" کی یا دوسرے الفاظ میں "اعلاء کلمۃ اللہ" کی صحیح خدمت انجام دے سکیں مگر جب ۸ ہجری میں "فتح مبین" نے مکہ کی اس حالت کو بدل کر "دار الاسلام" بنا دیا تو اب ہجرت کا یہ خاص فرض ختم ہوگیا اور زبان وحی ترجمان نے ((لا ھجرۃ بعد الفتح)) [1] فرما کر اس حقیقت کا اعلان کر دیا، البتہ اب بھی مرکز توحید کے ساتھ والہانہ عشق و محبت کے جذبہ میں مکہ اور مدینہ ہجرت کر کے جانا اجر و ثواب کا ضرور استحقاق پیدا کرتا ہے۔

اور اگر کسی مقام اور کسی ملک میں بھی مسلمانوں کے لیے حیات ایمانی کے پیش نظر وہی صورت حال پیدا ہو جائے جو اسلام کے ابتدائی دور (مکی دور) میں تھی تو اس وقت مسلمانوں کے لیے وہی احکام عائد ہو جائیں گے جو "مکی دور" کے متعلق قرآن و حدیث اور ان سے مستنبط "فقہ اسلامی" میں پائے جاتے ہیں اور اصولی طور پر اس وقت صرف دو ہی اسلامی مطالبے سامنے آجائیں گے یا "جہاد فی سبیل اللہ [2] کے ذریعہ اس حالت کا انقلاب" اور یا پھر "ہجرت" اور کسی طرح بھی یہ جائز نہیں ہوگا کہ حالت راہنہ (موجودہ حالت) پر قناعت کر کے مطمئن زندگی بسر کی جائے۔

---

[1] فتح مکہ کے بعد مدینہ کی ہجرت فرض نہیں رہی۔
[2] البتہ جہاد فی سبیل اللہ کے طرق و اسباب پر وقت کے تقاضے کے پیش نظر ہی عمل واجب ہوگا۔

مکہ جب دار الکفر اور دار الحرب تھا تو اس وقت ہجرت مدینہ کو اسلام نے کس درجہ اہمیت دی اور اس مقصد رفیع کے لیے مسلمانوں سے کس درجہ قربانی اور ایثار نفس کا مطالبہ کیا۔ آیات ذیل سے اس حقیقت کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے:

﴿ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَ قٰتَلُوْا وَ قُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ لَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ ﴾ (آل عمران: ۱۹۵)

”جن لوگوں نے ہجرت کی اور جو اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور میری راہ میں لڑے اور مارے گئے میں ضرور ان کے گناہ ان سے دور کردوں گا اور ان کو ایسی جنتوں میں داخل کروں گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں، یہ بدلہ ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ کے پاس اچھا بدلہ ہے۔“

﴿ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ ﴾ (التوبہ: ۲۰)

”جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کیا اللہ کے نزدیک بہت بلند رتبے والے ہیں اور وہی کامیاب ہیں۔“

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا ۙ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۙ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ ﴾

(النساء: ۹۷-۹۹)

”بیشک جن کو فرشتوں نے ایسی حالت میں موت سے دوچار کیا کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے ان سے (فرشتوں نے) پوچھا کہ تم کس حالت میں تھے انہوں نے جواب دیا کہ ہم زمین میں کمزور تھے، فرشتوں نے کہا کیا اللہ کی زمین وسیع نہیں تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے سو یہی ہیں جن کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے مگر وہ کمزور مرد اور عورتیں اور بچے جو ہجرت کے لیے کوئی حیلہ نہیں کر سکتے اور نہ ہجرت کے لیے) راہ پاتے ہیں تو یہ وہ ہیں کہ امید ہے اللہ تعالیٰ ان کو معاف کردے اور اللہ بے شبہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔“

ختم نبوت:

نبوت و رسالت کا یہ سلسلہ جو حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک پہنچا تھا رشد و ہدایت کے اسلوب و نہج کے لحاظ سے اس معنی میں یکسانیت رکھتا ہے کہ اس تمام سلسلہ میں نبوت و رسالت جغرافیائی حدود میں محدود رہی ہے اور اس لیے

مختلف زبانوں میں ایک ہی وقت میں متعدد انبیاء علیہم السلام کی بعثت فرائض رسالت ادا کرتی رہی ہے۔ حتیٰ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیغام حق نے اگرچہ ایک گونہ وسعت اختیار کی اور بنی اسرائیل کی گم کردہ راہ بھیڑوں کے علاوہ بھی بعض حلقہ انسانی اس دعوت کی مخاطب بنی تاہم انہوں نے عالمگیر دعوت و پیغام کا دعویٰ نہیں کیا اور انجیل شاہد ہے کہ خود ذات قدسی نے بصراحت کہہ دیا کہ ان کی بعثت کا تخاطب محدود ہے۔

لیکن یہ سلسلہ آخر کب تک اسی طرح محدود رہ سکتا تھا اور جو حلقہ دعوت وارشاد آہستہ آہستہ ترقی پذیر اور وسعت گیر ہوتا جا رہا تھا وہ قانون قُدرت کے عام اصول کے خلاف کس طرح ہمیشہ کے لیے محصور رہ سکتا تھا۔ البتہ انتظار تھا تو اس کا کہ وہ وقت قریب آ جائے جبکہ دنیا کی وسیع پہنائیوں اور عالمگیر وسعتوں کے درمیان ایسی ہم آہنگی پیدا ہو جائے کہ نہ ایک کے مفاد و مضار دوسرے حصوں سے اوجھل ہو سکیں اور نہ بیگانہ و بے تعلق رہ سکیں بلکہ خدا کی یہ وسیع کائنات مادی اسباب کی ہمہ گیری کی بدولت ایک "کنبہ" بن جائے اور انسان کبیر (عالم) کے تمام جوارح (ممالک و امصار) ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح وابستہ ہو جائیں کہ ایک کا نفع وضرر دوسروں کے نفع وضرر پر اثر انداز ہونے لگے۔ بلکہ قانون فطرت اپنا مظاہرہ کرے اور مادی دنیا کی ہمہ گیر ہم آہنگی کے رونما ہونے سے قبل روحانی پیغام سعادت کو عالمگیر وسعت اور ہمہ گیر عظمت عطاء فرمائے۔ چنانچہ عالم اسباب میں فطرت کے عام قانون کی طرح رشد و ہدایت کا جو آغاز پہلے انسان کے ذریعہ ہوا تھا اس کا انجام اس مقدس ہستی تک پہنچ کر کامل و مکمل ہو گیا جس کا نام محمد اور احمد ﷺ ہے۔

﴿ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ﴾ (المائدہ: ۳)

مسئلہ کے اس پہلو کی تعبیر یوں بھی کی جا سکتی ہے کہ اس عالم رنگ و بو میں دو زندگیاں توام اور ہم رشتہ نظر آتی ہیں ایک مادی اور دوسری روحانی اور خدائے برتر کی ربوبیت کاملہ نے عالم کی ان ہر دو حیات کی راہ گزر کے لیے روشنی کا بھی انتظام کیا ہے تاکہ ان پر عمل پیرا ہو کر زندگی کی ٹھوکروں، لغزشوں اور تاریک راہوں سے محفوظ رہا جا سکے، چنانچہ اسی مقصد کے لیے اس نے مادی دنیا کے لیے آگ کا درخت لگایا:

﴿ اَفَرَءَیْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ۝ ﴾ (الواقعہ: ۷۱-۷۲)

چقماق میں آگ پیدا کی اور تیل کو ذریعہ بنا کر دیے کو روشنی بخشی۔

﴿ یَكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَ لَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ﴾ (النور: ۳۵)

مگر اس روشنی کو آغاز بھی بخشا اور انجام بھی اور فطری اور مصنوعی دونوں طریقوں سے اس کی ابتداء کو انتہاء تک پہنچا کر کامل و مکمل کر دیا کہ اس کے بعد نہ روشنی کی طلب باقی رہے نہ انتظار۔

غرض جو روشنی صنعت کے ہاتھوں دیے کی شکل میں نمود پذیر ہوئی اور شمع کافوری، لالٹین، روشن گیس اور بجلی کے قمقموں کی شکل میں ترقی کرتی رہی اور جو روشنی براہِ راست فطرت کے ہاتھوں چھوٹے سے ستارہ کی صورت میں چمکی اور بڑے بڑے روشن ستاروں اور بدر و قمر کی شکل میں رو بہ ترقی نظر آتی رہی وہ آخر کار ایک ایسی روشنی پر جا کر رک گئی جس کے بعد کسی روشنی کی ضرورت ہی

باقی نہ رہی اور طلب و انتظار کی تمام فرصتیں اس روشنی پر جا کر ختم ہو گئیں، دنیا نے جس کو آفتاب کہہ کر پکارا۔

اسی طرح اس کی رحمت عام اور ربوبیت کامل نے روحانی روشنی کا آغاز پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام کے ذریعہ کیا اور مادی دنیا کی وسعتوں کے ساتھ ساتھ اس کی نوح، ہود، صالح، ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، موسیٰ، عیسیٰ علیہم السلام جیسے نبیوں اور رسولوں کے ذریعہ روحانی ستارے اور قمر و بدر بنا کر وسعت عطاء فرمائی اور آہستہ آہستہ ترقی دے کر اس درجہ پر پہنچا دیا کہ مناسب وقت آنے پر وہ روشنی محمد ﷺ کے پیغام رشد و ہدایت کی شکل میں آفتاب روحانیت بن کر سارے عالم پر چھا گئی۔

یہی وجہ ہے کہ اگر قرآن عزیز نے سورۂ قمر میں مادی آفتاب کے لیے "سراج" کی تشبیہ دے کر اس کی عالمگیر درخشانی کا ذکر فرمایا تو سورۂ احزاب میں روحانی آفتاب محمد ﷺ کو "سراجاً منیرا" کہہ کر دونوں آفتاب ہائے درخشاں کی ہم آہنگی کا اعلان فرمایا اور مادی و روحانی ہر دو آفتاب عالم تاب کو سراج (چراغ) سے تشبیہ دے کر ساتھ ہی اس حقیقت کو بھی واضح کر دیا کہ گو یا روشنیاں اپنی ہمہ گیر وسعت کے لحاظ سے آفتاب کہلانے کی مستحق ہیں تاہم یہ بات کسی طرح فراموش نہیں ہونی چاہیے کہ یہ انجام اصل کے اعتبار سے اسی آغاز کا کامل و مکمل نمونہ ہے جس کی ابتدائی نمود روحانی اور مادی دیے (سراج) سے ہوئی اور روحانی وسعت و عظمت کے لحاظ سے بعض کو بعض پر اور ایک کو سب پر فضیلت و برتری حاصل ہوئی مگر اصل اور بنیاد کے پیش نظر سب کی نہاد ایک ہی روشنی "وحی الٰہی" سے وابستہ و پیوستہ ہے۔

الانبیاء اخوة من علات امهاتهم شتی و دینهم واحد

ان ہر دو حقائق کے پیش نظر لانے کے بعد یہ حقیقت بھی لائق توجہ ہے کہ فطرت ہم کو روز و شب یہ تماشا دکھلا رہی ہے کہ اس کارزار حیات میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ زیر و بم، نشیب و فراز، عروج و زوال اور زوال و کمال کے دائرہ میں محدود و محصور ہے یعنی جب کسی امر کے متعلق کہا جائے کہ یہ عروج و کمال کو پہنچ رہا ہے تو اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اب سے قبل اس میں جو کمی تھی وہ پوری ہو رہی ہے اور اسی طرح جب یہ سنا جاتا ہے کہ فلاں شے ابھی ابتدائی درجہ میں ہے تو اس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اس کو ابھی بحد کمال پہنچنا ہے۔

غرض آغاز اور انجام، ابتداء اور انتہاء ان ہی دو نقطوں سے کارزار ہستی کا دائرہ بنتا ہے اور یہی دونوں زوال و عروج، نقص و کمال اور نشیب و فراز کی پرکار بناتے ہیں۔ پس آدم علیہ السلام نبوت کا آغاز تھے اور محمد ﷺ اس کا آخری انجام۔

پس جو شخص بھی دلیل یا وجدان کی ہدایت سے یہ تسلیم کرتا ہے کہ کائنات ہست و بود سب کچھ اسی کی مخلوق ہے تو گویا وہ یہ تسلیم کر لیتا ہے کہ یہ سب نہ ازلی ہیں نہ ابدی بلکہ ان کے لیے آغاز بھی ہے اور انجام بھی اور اس لیے انسانی تخلیق نے کوئی بھی روپ اختیار کیا ہو بہرحال پہلا انسان اپنے ساتھ ہی مادی و روحانی ہدایت لے کر آیا ہے اور یہی وہ آغاز تھا جس کو ادیان سماوی نے نبوت آدم کے نام سے یاد کیا ہے اور جس کا سلسلہ برابر اس دنیا میں قائم رہا تا آنکہ محمد ﷺ کا ظہور ہوا اور ذات قدسی صفات نے بعثت عام کا اعلان فرمایا۔

تو اب اس روحانی رشد و ہدایت یا پیغام الٰہی کے نشو و ارتقاء کے لیے اگر ذات اقدس محمد ﷺ کے ساتھ ختم نبوت کو وابستہ نہ سمجھا جائے تب تین صورتوں میں سے کوئی ایک صورت ہی وقوع پذیر تسلیم کی جا سکتی ہے ایک یہ کہ سلسلہ نبوت و رسالت نبی اکرم ﷺ پر ختم نہیں ہوا بلکہ اس سے آگے ترقی و تکمیل کی راہ پر گامزن ہے یہاں تک کہ اس حد کمال تک پہنچ جائے جس کے بعد کسی تکمیل کی

حاجت باقی نہ رہے، دوسری صورت یہ کہ اس سلسلہ کے آغاز نے جو ترقی کی راہ اختیار کی ہے وہ تنزل کی جانب مائل ہو جائے اور یہ پیغام کسی طرح بھی شرمندۂ تکمیل نہ ہو سکے۔ تیسری شکل یہ ہے کہ جو سلسلہ ایک خاص حیثیت میں رو بہ ترقی ہے وہ جب حد تکمیل کو پہنچ جائے تو پھر کمال صورت زوال اختیار کر لے یا یوں کہہ دیجئے کہ حد کمال آغاز کی جانب لوٹ جائے اور تحصیل حاصل کا نمونہ پیش کر دے۔

لیکن آخری دو شکلیں غیر معقول بلکہ فطری تقاضا کے خلاف ہیں، پہلی صورت تو اس لیے کہ اس سے خدائے تعالیٰ کی ربوبیت کاملہ اور صفت رحمت وقدرت کا نقص لازم آتا ہے کہ جس مقصد سے اس نے ایک آغاز کیا تھا اس مرضی ومشیت کے باوجود اس کو درجہ تکمیل نہ دے سکا۔ تعالیٰ اللہ علوا کبیرا۔

اور اگر اس کو تسلیم کر لیا جائے تو گویا یہ مان لینا ہوگا کہ کائنات ہست و بود میں نقص، نشیب، زوال، اور ابتداء کے علاوہ کمال، فراز، عروج اور انتہاء کا وجود ہی نہیں ہے گویا دوکان فطرت میں عیب کے سواء ہنر کا کوئی سودا موجود ہی نہیں۔ اسی طرح دوسری مشکل، اس لیے جب کہ تکمیل ایسی حقیقت کا نام ہے جس کے بعد اس سلسلہ کی نہ ضرورت باقی رہے نہ طلب تو پھر رشد و ہدایت اور پیغام حق جیسی روشن شے کے پایہ تکمیل تک پہنچ جانے کے بعد اس کو ابتداء سے پھر دہرانا بے معنی بات ہے اور تحصیل حاصل نہ عقل کا کام ہے نہ حکمت و دانائی کا چہ جائیکہ ایسے فعل کی نسبت اس ذات کی جانب ہو جس کے لیے کہا گیا ہے: ان ربك علیم حکیم۔

پس اگر مؤخر الذکر دونوں صورتیں غیر معقول اور ناقابل توجہ ہیں تو اب پہلی شکل ہی لائق غور رہ جاتی ہے، مگر جب اس کی تحلیل کی جائے تو یہ سوال خود بخود سامنے آ جاتا ہے کہ جب کہ تاریخ ادیان وملل نے بلکہ واقعات وحقائق نے یہ ثابت کر دیا اور روشن دلائل و براہین سے ثابت کر دیا کہ قرآن عزیز ایک ایسا روحانی قانون، دستور، آئین اور پیغام رشد و ہدایت ہے جس کی نظیر پیش کرنے سے تمام سابقہ ادیان اور موجودہ مدعیان وحی والہام عاجز و درماندہ رہے ہیں اور ہیں تو پھر علم وعقل اور حکمت و دانش کا وہ کون سا تقاضا ہے جس کے پیش نظر ﴿ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ ﴾ کا انکار کیا جا سکے اور جو تکمیل کہ محمد ﷺ کے ذریعہ ہو چکی اس کو جھٹلا کر اور تاریخ ادیان کی صاف اور صادق شہادت کا منکر بن کر اس سلسلہ کی آخری کڑی "نبی منتظر" کے لیے چشم براہ ہوا جا سکے۔

یہی وہ حقیقت ہے جس کو قرآن عزیز نے ﴿ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ﴾ (الاحزاب: ۴۰) کہہ کر روشن کیا ہے اور جس کی شہادت خود ذات قدسی صفات نے یہ کہہ کر دی ہے:

((قال رسول الله ﷺ مثلی و مثل النبیین کمثل رجل بنٰی دارا فاتمها الا لبنة واحدة فجئت انا فاتممت تلك اللبنة)). (مسلم)

"میری اور دوسرے انبیاء علیہم السلام کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس نے مکان بنایا اور اس کو مکمل کر لیا مگر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی پس میں قصر نبوت کی وہی اینٹ ہوں جس نے آ کر اس قصر کی تکمیل کر دی۔"

آپ کہہ سکتے ہیں کہ اس بات کو مان لینے میں کیا حرج ہے کہ قصر نبوت کی تکمیل آپ ﷺ ہی کی ذات سے ہوئی لیکن پھر آپ ﷺ کے کمال نبوت کے مختلف اطوار واحوال میں سے یہ امتیازی شان بھی منصۂ شہود پر آئی کہ جو شخص بھی جدید نبی یا رسول بنے

اس کا انتساب آپ ﷺ ہی کے فیض نبوت کے ساتھ وابستہ ہو یعنی آئندہ بھی نبی اور رسول آتے رہیں مگر وہ مستقل نہ ہوں بلکہ آپ ﷺ کے ماتحت اور قرآن ہی کے زیرنگیں ہوں، لیکن یہ کہنا اس لیے صحیح نہیں ہے کہ جو بات کہی گئی اس کو خواہ کسی خوبصورت سے خوبصورت عنوان سے کہیے سب کا حاصل یہی نکلتا ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی نبوت و رسالت کے بعد نبی اور رسول کی احتیاج باقی ہے اور اس کے بغیر دین الٰہی اور پیغام ربانی تشنہ تکمیل ہے ورنہ تو تکمیل نبوت کے بعد نبی اور رسول کی جگہ خاتم النبیین کے صرف نائب اور جانشین ہونے چاہئیں تاکہ ان کے ذریعہ پیغام کامل اور ہدایت تام کی یاددہانی ہوتی رہے اور یہی وہ نیابت و وراثت ہے جس کا حق خدمت علماء امت "علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل" اور "العلماء ورثۃ الانبیاء" کے مصداق بن کر ادا کرتے چلے آئے ہیں اور تاقیام حشر کرتے رہیں گے۔

اس اہم مسئلہ کی وضاحت یوں بھی کی جاسکتی ہے کہ کتاب کائنات کے وہ صفحات جن پر مذاہب وملل کی تاریخ ثبت ہے شاہد ہیں کہ اقطاع عالم کے درمیان رسل و رسائل اور دیگر وسائل کے مفقود ہونے کی وجہ سے جبکہ فطرت نے رشد و ہدایت کے پیغام کو عرصہ مدید تک جغرافیائی حدود میں محدود رکھا اور اس لیے ایک ہی دور میں متعدد مقامات پر متعدد انبیاء و رسل کا ظہور ہوتا رہا اور پھر جب کائنات پر وہ زمانہ پرتو ڈالنے لگا جس کے قریبی عرصہ میں ساری کائنات کے باہم روابط نے ہم آہنگی اور تعارف کی بنیاد ڈال دی اور فطری تقاضا کی بناء پر روحانی پیغام نے بھی بعثت خاص کی جگہ بعثت عام کی شکل اختیار کر لی اور ایک ایسا پیغام آ گیا جو تمام عالم کے لیے یکساں طور پر بیک وقت رشد و ہدایت کا آفتاب بن کر درخشاں ہے تو اس کے بعد یا تو یہ ہونا چاہیے کہ وہی پیغام رہتی دنیا تک کے لیے رشد و ہدایت کا پیغام بنے اور جس پیغمبر کی معرفت وہ پیغام آیا ہے اس کی ذات اقدس کو اس پیغام کا مکمل و متمم مان کر خاتم الانبیاء والرسل تسلیم کیا جائے ورنہ غور کیا جائے کہ محدود پیغام و دعوت حق کے بعد جب بعثت عام نے ساری کائنات کی راہنمائی کا فرض انجام دے دیا تو اس کے بعد ضرورت وطلب کا کون سا عنوان باقی رہا جس کی تکمیل کے لیے اس سلسلہ کو پھر بھی جاری رکھا جائے اور یا بعثت خاص کو دہرایا جائے جس کا حاصل عروج سے انحطاط کی شکل میں ظاہر ہو اور یا بعثت عام کی تحصیل حاصل کی غیر معقولیت، معقولیت کی شکل اختیار کرے اور آیت ﴿وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ﴾ (سبا: ۲۸) کی بشارت کو بے حقیقت بنا دیا جائے۔

ذات اقدس ﷺ کی بعثت عام کے بعد ایسی حیثیت سے اس سلسلہ کا اجراء تحصیل حاصل اور غیر معقول اس لیے ہے کہ فطرت کے مادی اور روحانی تقاضہ کے خلاف اگر قدرت حق کو یہ منظور تھا کہ پیغام و دعوت اور نظام رشد و ہدایت تدریجی طور پر ترقی پذیر نہ ہو اور مادی دنیا کے محدود حالات سے بے نیاز ہو کر انجام پائے تو بلاشبہ آغاز ہی میں وحی الٰہی "بعثت عام" کی شکل اختیار کرتی اور پھر رہتی دنیا تک وہی بروئے کار ہوتی اور یا اس کا سلسلہ کسی تکمیل کا محتاج نہ ہو کر رہتی دنیا تک تجدید کی شکل میں جاری رہتا۔

مگر واقعات اور مشاہدات اس کے خلاف ہیں اور اول محدود پیغامات کا سلسلہ اور ان کے درمیان ترقی پذیر وسعت کا دائرہ اور پھر دعوت عام کی شکل میں اس ترقی کی انتہاء یہ پوری تدریجی کیفیت صاف بتلا رہی ہے کہ فطرت الٰہی نے فیصلہ کر لیا ہے کہ دوسرے امور کی طرح رشد و ہدایت الٰہی کا یہ پیغام بھی آغاز کی نمود کے ساتھ ساتھ آہستہ آہستہ ترقی پذیر اور وسعت گیر ہوتا رہے تا آنکہ وہ وقت آ جائے کہ یہ وسعت عالمگیر دعوت بن کر پایہ تکمیل کو پہنچ جائے اور یہ سلسلہ اس حد پر پہنچ کر ختم ہو جائے اور آئندہ نبی و رسول کی جگہ نائبین رسول "علماء" تاقیام ساعت اس مکمل قانون دعوت کی روشنی میں تبلیغ حق کا فرض انجام دیتے رہیں

تا کہ ایک جانب "وحدت امت" کا وہ نظام جو بعثت عام اور دعوت عام سے وابستہ ہو چکا ہے پارہ پارہ نہ ہو سکے اور دوسری جانب حیات عالم کے ساتھ ساتھ اس پیغام حق کا فرض بھی مسلسل ادا ہوتا رہے اور اس طرح خدائے برتر کا یہ اعلان ﴿تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَا﴾ (الفرقان : ۱) جدید نبی منتظر اور رسول مطلوب کے نظریہ کی شکل میں بے روح ہو کر نہ رہ جائے۔

سطور بالا میں انبیاء علیہم السلام کے پیغام حق کی وحدت کا تذکرہ آ چکا ہے مسئلہ ختم نبوت کے ساتھ اس کا بہت گہرا تعلق ہے اور اس سلسلہ کی دلیل روشن کے لیے تمہید و توطیہ بننے کی حیثیت رکھتا ہے۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ جب ہم اس خاکدان ہستی پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ حقیقت ہر جگہ نمایاں نظر آتی ہے کہ ہر کثرت کے لیے کوئی نقطہ وحدت ضرور ہے۔ چنانچہ افراد کے لیے نوع، انواع کے لیے جنس، اجناس کے لیے جوہر، جواہر کے لیے وجود اور وجودات کے لیے وجود بحت (خالص) محور و مرکز ہے۔ اسی طرح اجسام کے لیے سطح، سطحات کے لیے خط اور خطوط کے لیے نقطہ مرکز و مدار ہے، نیز اعداد خواہ اپنی کثرت میں کسی حد تک کیوں نہ پہنچ جائیں ان کا محور و مرکز ہر حالت میں "اکائی" ہے۔

غرض جب بھی کسی کثرت کا تصور کیجیے اس کے ساتھ وحدت کا تصور لازم و ضروری ہے اور اگر وحدت کو پیش نظر لایئے تو وہ کسی نہ کسی کثرت کے لیے محور و مرکز ہونے کا ضرور پتہ دیتی ہے پس وحدت و کثرت کا یہی رابطہ ہے جس نے حدود عدم سے گزر کر ہست کے ساتھ تعلق پیدا کیا اور اس کو عالم ہست و بود کا نام دیا۔

تو اس حقیقت کو پیش نظر رکھ کر جب ہم سلسلہ نبوت و رسالت پر نظر ڈالتے ہیں اور سبع سماوات کی طرح سطح عالم پر مختلف ادوار میں ہزاروں سیارگان رشد و ہدایت کو ضوفشاں پاتے ہیں تب مسطورہ بالا حقیقت کی بنیاد پر فطرت تقاضا کرتی ہے کہ اس کثرت کا بھی کوئی نقطہ وحدت ضرور ہونا چاہیے جو کثرت کے لیے محور و مرکز بن سکے اور جس طرح "اکائی" کے بعد کثرت کے لیے کوئی اور مبدأ و منتہاء نہیں ہے اسی طرح انبیاء و رسل کے سلسلہ کثرت کے لیے بھی ایک ہی مبدأ و منتہاء ہونا از بس ضروری ہے۔

یہی وہ حقیقت ہے جو "ختم نبوت" کے نام سے موسوم ہے اور اسی کو قرآن حکیم نے اس جوہر حکمت کے ساتھ ادا کیا ہے:

﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ﴾ (الاحزاب : ۴۰)

"محمد ﷺ مردوں میں سے کسی کے صلبی باپ نہیں ہیں تاہم وہ خدا کے پیغمبر اور آخر الانبیاء ہیں۔"

نبوت "نبا" سے ماخوذ ہے جس کے معنی "خبر دینا" ہے اور رسالت کے معنی "پیغام" ہیں اور اسلام کی اصطلاح میں نبوت و رسالت خدا کی جانب سے ایک منصب ہے جو مخلوق کی رشد و ہدایت کے لیے کسی مخصوص انسان کو عطاء ہوتا ہے اور اس کے لائے ہوئے پیغام کو "وحی" کہتے ہیں کیونکہ یہ پیغام درحقیقت پیغامبر کا اپنا کلام نہیں ہوتا بلکہ خدائے برتر کا فرمان ہوتا ہے جس میں خطاء و قصور یا سہو و نسیان کی مطلق گنجائش نہیں ہوتی۔

﴿لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ﴾ (حم السجدہ : ۴۲)

"اس (وحی الٰہی) کے سامنے سے اور نہ اس کے پیچھے سے باطل کا گذر بھی نہیں ہوتا یہ تو اتارنا ہے حکمت والے ہر طرح

قابل ستائش والے کی جانب سے (یعنی خدا کی جانب سے)۔"

گویا اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب خدائے برحق کسی شخصیت کو نبوت و رسالت یعنی پیغام حق سے سرفراز کر دیتا ہے تو تمام انسانوں کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے خالق و مالک خدا کے فرمان "وحی الٰہی" کے سامنے بے چون و چرا سر تسلیم خم کر دیں۔ وہ شخصیت کی صداقت اور خدا کی جانب سے اس کے دعویٰ وحی کی حقانیت کا تو ہر حیثیت سے حق رکھتے ہیں لیکن اگر اس کے دونوں دعووں کی تصدیق و تائید عقل کی راہ سے دلائل و براہین کے ساتھ ہو جائے اور کسوٹی پر اس کی صداقت بے لوث اور صاف روشن ہو جائے تب اس کے دیے ہوئے پیغام خدا کو ماننے نہ ماننے میں وہ آزاد نہیں رہ سکتے اور بلاشبہ اس کے پیغام کو پیغام حق سمجھ کر قبول کر لینا اور اس کے سامنے سر نیاز جھکا دینا فرض اولین ہے۔ ہاں چونکہ وہ پیغام کسی بڑے سے بڑے عاقل و فرزانہ انسان کا پیغام نہیں بلکہ "پیغام الٰہی" ہے اس لیے وہ خود یہ ضروری سمجھتا ہے کہ جو کچھ کہے عقل کی کنج و کاؤ سے خواہ کتنا ہی بالاتر ہو لیکن عقل کی نگاہ میں اور دلائل و براہین کی ترازو میں ناممکن اور محال نہ ہو کیونکہ فطرت اور عقل کے درمیان بیر نہیں ہے بلکہ عقل، فطرت کے قوانین کے سمجھنے اور سمجھ کر قبول کرنے کے لیے بہترین ذریعہ اور آلہ ہے اور وحی الٰہی درحقیقت فطرت کے روحانی قوانین کی ترجمان ہے۔

بہر حال کسی نبی یا رسول کے مبعوث ہونے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ خدا کی مخلوق "جن و بشر" اپنی روحانی سعادت اور اخلاق و کردار کی بلندی کے لیے اپنے عقل و دماغ کے اختراع کی بجائے پیغام حق کو راہنما بنائے تاکہ ذی عقل کائنات الٰہی اس راہ میں رقیبانہ تضاد و تصادم سے بے نیاز ہو کر انسانوں کے نہیں بلکہ انسانوں کے پیدا کرنے والے خدا کے قوانین پر عمل پیرا ہو کر اجتماعی وحدت، عالم گیر اخوت و مساوات کی قدروں کو حاصل کر سکیں اور ایک دوسرے کا حاکم و محکوم اور آقا و غلام بننے کے بجائے سب ہی یکساں طور پر صرف اپنے پیدا کرنے والے ہی کے محکوم و غلام بن جائیں۔

دوسری جانب اس خاکدان عالم کا یہ حال ہے کہ اس کی ہر ایک شے نشو و ارتقاء کے قانون قدرت میں جکڑی ہوئی نظر آتی ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ اگر مادی اور روحانی قوانین و نوامیس کی خالق ایک ہی ذات ہے تو بلاشبہ دونوں کے نوامیس و قوانین میں ہم آہنگی اور وحدت کارفرما نظر آنی چاہیے ورنہ العیاذ باللہ وحدت واکائی کی جگہ دوئی کو محور و مرکز ماننا پڑے گا جو فطرتاً ناممکن اور عقلاً محال ہے۔

تب از بس ضروری ہے کہ رشد و ہدایت کے اس منصب "نبوت و رسالت" کا سلسلہ بھی قانون ارتقاء سے اسی طرح جکڑا ہوا ہونا چاہیے جس طرح مادیات کا اور اس لیے تسلیم کرنا ہوگا کہ رشد و ہدایت کا یہ سلسلہ ارتقائی بنیادوں پر اس طرح ترقی پذیر ہو کہ کائنات انسانی اپنے بقاء و وجود تک کسی وقت بھی اس راہ میں نشو و ارتقاء سے محروم نہ رہے۔

اس حقیقت کے واضح ہو جانے کے بعد اب رشد و ہدایت کے اس نظام کو جو منصب نبوت و رسالت کے نام سے معنون ہے یوں سمجھنا چاہیے کہ قانون قدرت نے ایک جانب انسان کی مادی نشو و ارتقاء کا یہ سامان مہیا کیا کہ اس کی عقل و دانش اور اس کے شعور دماغی کو آہستہ آہستہ ترقی پذیر کرنا شروع کیا اور دوسری جانب اسی معیار پر انسان کو روحانی و اخلاقی تربیت کا ساز و سامان بھی انبیاء و رسل کے ذریعہ آہستہ آہستہ ترقی پذیر شکل میں عطا فرمایا اور آخر ایک وقت وہ بھی آیا کہ انسان عقل و شعور کی ابتدائی اور متوسط منازل سے گزر کر بلوغ و کمال کی اس حد پر پہنچ گئے جس کو ان کے لیے حد کمال کہا جا سکتا ہے اور جس معراج کمال پر پہنچ کر انسان "انسان کامل" کہلانے کا بجا طور پر مستحق ہو جاتا ہے تاہم حد بلوغ کی اس معراج ارتقاء پر پہنچ جانے پر بھی اس کی جلاء اور صیقل کے لیے رہتی

دنیا تک نت نئے سامان ہوتے رہیں گے اور خالق کائنات کی ربوبیت کاملہ ان کے کمال کو نقص سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنی تربیت حق کا ہاتھ ان سے نہ اٹھائے گی۔

ٹھیک اسی طرح نبوت و رسالت کی شمع رشد و ہدایت کا یہی حال رہا ہے کہ وہ ہزار ہا ہزار سال تک اپنے ابتدائی اور متوسط منازل ارتقاء سے گزرتی رہی اور آخر کار وہ وقت بھی آ پہنچا کہ اس کی ترقی اور نشوو ارتقاء نے "کمال و تمام" کی شکل اختیار کر لی اور اس حد کمال پر پہنچ گئی جہاں اس کے ذریعہ کائنات ہست و بود کے سامنے ایسا قانون مکمل اور دستور کامل آ گیا جو ہر طرح عقل و شعور انسانی کے حد بلوغ کے مناسب حال ہے اور جس کی راہنمائی اور روشنی "عروج و کمال" کی ضامن و کفیل ہے۔ ساتھ ہی اس میں یہ لچک بھی موجود ہے کہ گویہ قانون رشد و ہدایت اپنے بنیادی اصول کے لحاظ سے اٹل اور غیر متبدل ہے مگر عقل و شعور کے کمال و بلوغ کے تحفظ کے لیے جس طرح اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کاملہ نے راہیں مسدود نہیں کیں بلکہ رہتی دنیا تک اس کی تربیت کے سامان مہیا کیے ہیں اسی طرح اس منصب نبوت و رسالت کی تکمیل اور نقطہ ارتقاء کے حد کمال پر پہنچ جانے کے بعد اس کی عطاء کردہ رشد و ہدایت کے تحفظ کی راہیں بھی بند نہیں کیں اور تا قیام قیامت اس کے جلاء و صیقل کے لیے ((علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل)) کا سلسلہ قائم و دائم رکھا۔

یہی حقیقت ہے جس کو حدیث نبوی ﷺ نے خاتم النبیین کی تفسیر کو ایک روشن مثال کے ذریعہ سمجھایا اور "ختم نبوت" کی حقیقی روح کو مادی شکل میں پیش کر کے حرف آخر قرار دیا۔

((عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان مثلی و مثل الانبیاء من قبلی کمثل رجل بنٰی بیتا فاحسنہ و اجملہ الاموضع لبنۃ من زاویۃ فجعل الناس یطوفون بہ و یعجبون لہ و یقولون ھلّا وضعت ھذہ اللبنۃ و انا خاتم النبیین)) [1]

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ سے روایت فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری اور مجھ سے پہلے نبیوں اور رسولوں کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے گھر بنایا اور اس کو بہت عمدہ آراستہ و پیراستہ کیا مگر اس کے ایک گوشہ میں ایک اینٹ کی جگہ تعمیر میں چھوڑ دی تو اب لوگ اس کو دیکھنے جوق در جوق آتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں مگر ساتھ ہی کہتے جاتے ہیں کہ یہ ایک اینٹ بھی کیوں نہ بھر دی گئی (تاکہ تعمیر کی تکمیل ہو جاتی) اور میں نبیوں کو ختم کرنے والا ہوں۔"

وفی بعض الفاظہ فکنت انا سددت موضع اللبنۃ و ختم لی البنیان و ختم لی الرسل۔ [2]

"چنانچہ میں نے اسی جگہ کو پر کیا ہے اور میں وہی نبوت کی آخری اینٹ ہوں جس سے قصر مکمل ہو گیا اور میں ہی آخر الانبیاء ہوں۔"

حاصل کلام یہ ہے کہ رب العالمین کی ربوبیت کاملہ نے کائنات ہست و بود میں قانون ارتقاء کو جس طرح نافذ فرمایا ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ عقل و شعور انسانی کے حد بلوغ پر پہنچ جانے کے باوجود اس کی ترقی کا سلسلہ تا ابد جاری رہے اور اس میں ایسی پابندی یا روک نہ ہونی چاہیے جس سے اس کی صلاحیتوں کے نشوو ارتقاء کا سدباب ہو جائے اور دوسری جانب پیغام حق کا جو سلسلہ نبوت و رسالت (بذریعہ وحی الٰہی) عالم کی رشد و ہدایت کے لیے عطاء ہوا ہے وہ بھی حد کمال و تمام پر پہنچ جانے کے باوجود فطرت کے قانون

[1] رواہ بخاری فی کتاب الانبیاء و مسلم [2] کنز العمال عن ابن عساکر

ارتقاء کے مطابق نہ کمال سے نقص کی جانب رجوع کرے کہ حقیقت ظل اور بروز کے پردہ میں مستور ہو کر رہ جائے اور نہ ربوبیت حق کے اس عطاء ونوال اور بخشش کا ہی سد باب ہو جائے جو "رشد و ہدایت" کے عنوان سے معنون اور عالم انسانی کی حقیقی راہنما ہے، اس لیے طریقہ یہ رکھا گیا کہ جب انسان اپنے عقل وشعور میں حد بلوغ تک پہنچ گیا یا اس کے سامان پوری طرح مہیا ہو گئے تب نبوت و رسالت کو بھی بہ حد کمال وتمام پہنچا کر ختم کر دیا گیا اور اعلان کر دیا گیا:

﴿اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا﴾ (المائدہ: ۳)

"آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت (نبوت و رسالت) کو پورا کر دیا۔"

مگر رشد و ہدایت کو رہتی دنیا تک اس طرح باقی رکھا کہ آخری پیغمبر کے ذریعہ جو آخری پیغام کامل ومکمل بن کر آیا وہ اساس و بنیاد قرار پائے اور نت نئی مادی ترقیات کے ساتھ ساتھ اس کا فیضان علم بھی درخشاں و تاباں رہے اور یہ خدمت علماء حق کے سپرد ہو، یہی وہ حقیقت ہے جس کو کلام معجز نظام نے اس انداز میں بیان کیا ہے:

﴿فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ﴾ (النساء: ۵۹)

"اگر تم کسی معاملہ میں اختلاف کرو تو اس اختلاف کو اللہ اور اس کے پیغمبر محمد ﷺ کی جانب رجوع کرو۔"

ظاہر ہے کہ اگر نبوت و رسالت محمد ﷺ پر پہنچ کر کامل نہ ہوتی اور اس کا سلسلہ کمال نبوت ہی کی شکل میں آگے بڑھتا رہتا تو یہ نہ کہا جاتا کہ محمد ﷺ کی جانب یعنی ان کے ارشادات حق کی جانب رجوع کرو بلکہ خطاب یہ ہوتا کہ تم اللہ کی جانب اور جو نبی تم میں موجود ہو اس کی جانب رجوع کرو اس لیے نبوت و رسالت کو ظل و بروز کی اصطلاحوں کی آڑ میں باقی رکھنے کی کوشش کرنا قانون فطرت اور دین حق کے صریح خلاف اور باطل ہے۔ چنانچہ اس حقیقت کو نمایاں کرنے کے لیے قرآن حکیم نے کئی جگہ مختلف معجزانہ خطابت کو اختیار کیا ہے، ایک جگہ ارشاد فرمایا:

﴿وَ اُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَ مَنْۢ بَلَغَ﴾ (الانعام: ۱۹)

"اور میری جانب اس قرآن کی وحی کی گئی تاکہ اس کے ذریعہ میں تم کو (بری باتوں سے) ڈراؤں اور ان تمام لوگوں کو بھی جن کو (رہتی دنیا تک) یہ قرآن پہنچے۔"

اور دوسری جگہ ہے:

﴿وَ مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۱۰۷﴾ (الانبیاء: ۱۰۷)

"اور نہیں بھیجا ہم نے تم کو مگر تمام جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر۔"

اور ایک جگہ ہے:

﴿هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَ كَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ۝۲۸﴾ (الفتح: ۲۸)

"اللہ وہ ہے جس نے بھیجا اپنے رسول (محمد ﷺ) کو ہدایت اور دین حق دے کر تا کہ اس کو تمام ادیان پر غالب کرے اور اللہ اس کے لیے بطور گواہ کافی ہے۔"

اور ایک جگہ ارشاد ہے:

﴿ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ﴾ (النساء: ۵۹)

"اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (محمد ﷺ) کی اور ان کی اطاعت کرو جو تم میں سے اولوالامر ہیں۔"

اس آیت میں صاف طور پر یہ کہہ دیا گیا ہے کہ اب انسانی رشد و ہدایت کے لیے صرف ایک ہی طریقہ ہے کہ اللہ کی اور محمد ﷺ کی اطاعت کی جائے اور محمد ﷺ کے علاوہ اب کسی نبی و رسول کی اطاعت کا سوال نہیں ہے بلکہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کا آخری طریقہ یہ ہے کہ تم میں سے جو صاحب امر ہوں (علماء مجتہدین خلفاء حق) ان کی پیروی کرو۔

ان آیات بینات کے علاوہ قرآن حکیم نے جن آیات میں خدا کی کتابوں یا رسولوں پر ایمان لانے کی ہدایت کی ہے وہاں یہ کہہ کر ﴿ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ﴾ (النساء: ۶۰) ۔ ﴿ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ﴾ (النساء: ۱۳۶) کہ محمد ﷺ اور ان سے پہلے نبیوں اور رسولوں اور قرآن اور اس سے قبل کی کتابوں پر ایمان لاؤ، اس حقیقت کو نمایاں کیا اور ابھارا ہے کہ جہاں تک پیغمبر اور کتاب اللہ پر ایمان لانے کا تعلق ذات اقدس، قرآن حکیم اور اس سے قبل کے نبیوں، رسولوں اور کتابوں کا ہے اور یہ صرف اس لیے کہ یہ سلسلہ آگے بشکل نبوت و رسالت اور وحی الٰہی نہیں چلے گا بلکہ محمد ﷺ کی رسالت ہی بہ حد کمال پہنچ کر قیامت تک بلا فصل باقی اور جاری رہے گی اور قرآن حکیم کامل و مکمل دستور ہدایت بن کر ہمیشہ اس کے لیے زندہ شہادت دے گا۔

حق تعالیٰ کی جانب سے "خاتم النبیین" کا جو منصب جلیل ذات اقدس ﷺ کو عطاء ہوا ہے عقل و نقل دونوں اعتبار سے ایک اور صرف ایک ہی معنی رکھتا ہے اور وہ یہ کہ محمد ﷺ آخر انبیاء و رسل ہیں اور نبوت و رسالت کا سلسلہ آپ ﷺ پر پہنچ کر ختم ہو گیا۔

تاج العروس میں ہے (و) الخاتم (من کل شئی عاقبته و اخرته کخاتمه والخاتم (اخر القوم کالخاتم) و منه قوله تعالٰی و خاتم النبیین ای اخرهم (فصل الخاء من باب المیم).

تاج العروس کے علاوہ تمام معتبر اور مشہور عربی لغات ناطق ہیں کہ "خاتم" بفتح تاء ہو یا بہ کسرۂ تا "آخر شئ" اس کے حقیقی معنی ہیں اور جب کسی شخصیت کے لیے بولا جائے تو "آخر القوم" مراد ہوتے ہیں، اس لیے آخر الانبیاء والرسل ہونا ذات اقدس ﷺ کی وہ خصوصیت ہے جس میں دوسرا کوئی شریک و سہیم نہیں۔

یہ درست ہے کہ خاتم بمعنی "مہر" بھی حقیقی معنی ہیں اور یہی نہیں، ان دونوں کے ماسواء اس لفظ کے چند اور معانی بھی حقیقی ہیں لیکن اطلاقات ہی اس کو ظاہر کر سکتے ہیں کہ ان ہر دو حقیقی معنی میں سے کون سے معنی برمحل ہیں مثلاً جب آپ ہاتھ میں انگشتری پہنے ہوئے ہوں اور اس پر آپ کا نام کندہ ہو، اس وقت اگر کہا جائے کہ "خاتمک فی انملک" تو اس وقت خاتم بمعنی "مہر" حقیقی ہوں گے لیکن اس لفظ خاتم کو اگر کسی انسان پر اطلاق کریں تو اس وقت خاتم بمعنی "آخر" حقیقی معنی ہوں گے اور خاتم القوم یا خاتم الانبیاء تب

ہی صحیح ہوگا کہ آنے والا شخص قوم کا آخری فرد یا نبیوں کا آخری نبی ہو اور اس حقیقی اطلاق کی موجودگی میں مجازی معنی تب ہی قابل اعتناء ہوں گے کہ یا حقیقی معنی اس مقام پر ناممکن الاستعمال ہوں اور یا مجازی معنی، حقیقی معنی سے مغائر و متضاد نہ ہوں بلکہ اس کے ساتھ پوری مطابقت رکھتے ہوں۔

تب یہ بات واضح اور صاف ہے کہ اگر کوئی شخص بلاغت قرآن اور اعجاز نظم قرآنی کے خلاف بلکہ عربیت کے عام اصول کے خلاف آیت کریمہ "خاتم النبیین" میں خاتم کے حقیقی معنی ترک کر کے بلحاظ اطلاق مجازی معنی "مہر" کے لیتا ہے تب بھی مجازی معنی اور مفہوم وہی صحیح اور لائق توجہ ہو سکتے ہیں جو حقیقی معنی "آخر" سے متبائن اور متخالف نہ ہوں اور "نبیوں کی مہر" کا یہ مطلب ہوگا کہ جس طرح کسی تحریر یا کسی شے کے ختم پر "مہر" اس لیے لگائی جاتی ہے کہ اس پر تحریر یا شے کا اختتام ہو گیا اور اب کسی بھی اضافے کی گنجائش باقی نہیں رہی، اسی طرح ذات اقدس ﷺ انبیاء و مرسلین کے سلسلہ کے لیے "مہر" ہیں کہ آپ ﷺ کے بعد اب فہرست انبیاء و رسل میں کسی اضافہ کی گنجائش نہیں رہی اور اس سلسلہ پر مہر لگ گئی اور جس طرح کاغذ یا لفافہ پر مہر ثبوت ہے اس امر کا کہ اب اس کے بعد کسی مضمون یا لفظ و جملہ کی توقع عبث ہے، اسی طرح نبیوں کی مہر اس کے لیے کھلی دلیل ہے کہ اب کسی اضافہ کی توقع محال ہے، پس "مہر" بہ اطلاق مجاز کے اس مفہوم کو چھوڑ کر اگر کسی خاص مزعومہ کی بناء پر یہ معنی مراد ہوں کہ ذات اقدس ﷺ نبیوں کے لیے مہر ہیں کہ جس طرح کوئی کاغذ یا تحریر جب ہی مستند ہوتی ہے کہ اس پر ذمہ دار شخصیت کی مہر ثبت ہو اس طرح کوئی نبی "نبی یا رسول" نہیں بن سکتا جب تک آپ ﷺ اس کے لیے مہر تصدیق نہ بن جائیں" تو یہ مراد دو وجہ سے باطل ہے: اول اس لیے کہ یہ مفہوم حقیقی معنی "آخر" کے متضاد و متبائن ہے دوم اس لیے کہ ہزاروں یا لاکھوں انبیاء علیہم السلام جو ذات اقدس ﷺ کے زمانہ بعثت سے قبل اس کائنات ارضی پر مبعوث ہو چکے اپنی اپنی امت کے زمانہ میں ان کی نبوت غیر مستند اور ناقابل قبول رہی، اس لیے کہ ان کی نبوت کی تصدیق کنندہ "مہر" ان کی بعثت سے ہزاروں یا سینکڑوں برس کے بعد آئی جبکہ وہ اپنے اپنے فرض منصبی سے سبکدوش ہو چکے تو اب بے سود و بے فائدہ، اور اگر یہ مراد ہے کہ آپ ﷺ کے بعد جو نبی آئیں گے ان کے لیے آپ ﷺ "مہر" ہیں تو یہ ترجیح بلا مرجح کیوں؟ کہ ہزاروں لاکھوں انبیاء و رسل کے لیے تو مہر نہ بنے اور بعد میں آنے والوں کے لیے "مہر" قرار پائے اور اگر یہ مطلب ہے کہ اگلوں اور پچھلوں سب ہی انبیاء و رسل کے لیے مہر تصدیق ہیں تب بھی اگلوں کے لیے مہر ہونا بے کار رہا کہ ان کے وقت نبوت گزر جانے کے بعد مہر تصدیق پہنچی۔

علاوہ ازیں یہ احتمالات خود ساختہ اور ظنی ہیں اور کسی ایک احتمال کے یقینی ہونے کی بھی قرآن میں صراحت موجود نہیں ہے تو پھر حقیقی اطلاق کو ترک اور حقیقی سے مطابق مجازی مفہوم سے روگردانی کے بعد ایسے احتمالات جو حقیقی مفہوم کا حق نہ ادا کرتے ہوں باطل نہیں تو اور کیا ہیں؟

پھر یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ قرآن کا حکیمانہ طریق استدلال یہ ہے کہ وہ ایک مقام پر جو بات کہنا چاہتا ہے اس کو متعدد اور مختلف اسالیب بیان کے ساتھ اس طرح ادا کر دیتا ہے کہ ایک آیت دوسری آیت کی خود ہی تفسیر بن جاتی اور حقیقت حال روشن ہو کر سامنے آ جاتی ہے۔ اس حقیقت کو مفسرینؒ نے اس طرح ادا کیا ہے کہ "القران یفسر بعضہ بعضا" یعنی قرآن کا بعض حصہ دوسرے بعض حصہ کی خود تفسیر کر دیتا ہے۔ چنانچہ یہی صورت حال یہاں بھی موجود ہے، وہ یہ کہ قرآن حکیم اسلام کی خوبی بیان کرتے

ہوئے اعلان کرتا ہے:

﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ﴾(المائدہ: ۳)

"آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین کی حیثیت میں پسند کرلیا۔"

آیت کریمہ کو ایک مرتبہ خوب غور سے پھر پڑھئے اور دیکھئے کہ اس جگہ نہ "خاتم" ہے اور نہ "خاتم" کہ اس کو معرض بحث میں لا کر خود ساختہ احتمالات پیدا کر لیے جائیں، بلکہ یہاں صاف صاف کہا گیا ہے کہ جو دین اسلام وجود انسانی کے ساتھ ساتھ رشد و ہدایت کا مرکز بنا ہوا ہے اس کو آج "کامل" اور اس نعمت دین کو تمام کر دیا گیا اور ظاہر ہے کہ "کامل" کا مقابل "ناقص" اور "تمام" کا متوازی "ناتمام۔ ادھورا" ہوتا ہے یعنی ایک چیز آہستہ آہستہ ترقی پذیر تھی اور رفتہ رفتہ اس حد پر پہنچ گئی جس کے بعد اب ترقی کا خاتمہ ہے اس لیے کہ وہ کامل و مکمل ہو کر سامنے آ گئی جس کے بعد ناقص یا ناتمام کے دہرانے کا سوال ہی باقی نہیں رہتا۔

سو اگر یہ صحیح ہے کہ اسلام، دور محمدی ﷺ پر پہنچ کر ہی کامل اور تمام ہوا ہے تو بلا شبہ آیت کریمہ ﴿ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ﴾(الاحزاب: ۴۰) کے یہی معنی صحیح ہو سکتے ہیں محمد ﷺ اسی دین کے پیغامبر ہیں جو کائنات انسان کی ابتداء سے ہی رشد و ہدایت انسانی کا فرض انجام دے رہا ہے اور خدا کا پسندیدہ ﴿ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ ﴾ اور انسانیت کی مادی ترقی کے ساتھ ساتھ وہ بھی روحانی مدارج ارتقاء طے کرتے ہوئے آج "کامل" اور "تمام" ہو گیا اور اب کسی جدید پیغام کی حاجت نہیں رہی اور جب جدید پیغام کی ضرورت نہیں ہے تو اب نئے پیغامبر کی بھی ضرورت خود بخود باقی نہیں رہی اور رہتی دنیا تک یہی کامل پیغام اور پیغامبر انسانی دنیا کے لیے کافی اور بس ہے: ﴿ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ﴾

لہٰذا حقیقی اطلاق لیجئے یا مجازی "خاتم" کے معنی اور مفہوم میں "آخر" ہونے کا تصور غیر منفک اور لازم ہے اور اس کے خلاف جو کچھ بھی ہے وہ باطل ہے۔

آیت کریمہ کا شان نزول اگرچہ ایک خاص واقعہ سے تعلق رکھتا ہے لیکن اپنے مفہوم و معنی کے لحاظ سے ہمہ گیر اور غیر موقت ہے اور عربیت اور نقل و روایات دونوں لحاظ سے ایک ٹھوس حقیقت کا اظہار کرتی ہے۔

اس آیت کے تین حصے ہیں، ایک میں کہا گیا ہے کہ محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں اس لیے کہ آپ ﷺ کی اولاد ذکور حیات مستعار کو پورا کر چکی اور آپ ﷺ صلبی بیٹا نہیں رکھتے اور اسلام میں لے پالک "متبنی" بے معنی رسم ہے اور اس سے دوسرے کا بیٹا گود لینے والے کا بیٹا نہیں بن جاتا اور اس کے احکام حاصل نہیں کر لیتا تو ایسی شکل میں زید رضی اللہ عنہ کو محمد ﷺ کا بیٹا کہنا ہر طرح غلط ہے۔ ﴿ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ ﴾ مگر اس سے یہ احساس پیدا نہیں ہونا چاہیے کہ جب آپ ﷺ مردوں میں سے کسی کے صلبی باپ نہیں ہیں تو امت کے ساتھ کس طرح آپ ﷺ کو شفقت پدری ہو سکتی ہے حالانکہ امم سابقہ سالفہ میں انبیاء و رسل اپنی اپنی امتوں کے بیشتر صلبی باپ بھی رہے ہیں اور روحانی باپ بھی۔ یہ احساس اس لیے نہیں ہونا چاہیے اگرچہ آپ ﷺ امت مرحومہ کے صلبی باپ نہیں ہیں تو نہ ہوں مگر روحانی باپ تو ہیں جیسا کہ ہمیشہ انبیاء و رسل اپنی اپنی امتوں

روحانی باپ ہوتے ہیں بلکہ روحانی باپ کا رشتہ و رابطہ تو صلبی باپ سے بھی ہزار ہا درجہ بڑھ چڑھ کر ہے کیونکہ وہ مادی و روحانی دونوں تربیتوں کا کفیل و مربی ہے اس لیے دوسرے نبیوں اور رسولوں کی طرح آپ ﷺ بھی خدا کے رسول ہیں ﴿وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ﴾ یہ آیت کا دوسرا حصہ ہے۔

پھر یہ بات اسی حد پر پہنچ کر ختم نہیں ہو جاتی بلکہ امت مرحومہ کے لیے اس سے بھی بلند و بالا یہ بشارت ہے کہ آپ ﷺ سے قبل جس قدر بھی روحانی باپ (انبیاء و رسل) گزرے ہیں علیٰ قدر مراتب ان میں امت کے لیے شفقت و رحمت کا جذبہ محدود رہا ہے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ان کے گزر جانے کے بعد دوسرا روحانی باپ (نبی یا رسول) مبعوث ہو کر امت پر میری ہی طرح یا مجھ سے زیادہ شفقت و تربیت کا حق ادا کرنے والا ہے لیکن ذات اقدس ﷺ کی یہ شان رفیع ہے کہ آپ ﷺ صرف اللہ کے رسول ہی نہیں ہیں بلکہ آخر الانبیاء والرسل ہیں جن کے بعد کسی نبی اور رسول کی بعثت کی ضرورت نہیں رہی اس لیے کہ دین کامل ہو گیا اور خدا کی نعمت پوری ہو گئی، ایسی صورت میں تم اندازہ کر سکتے ہو کہ اس کی شفقت و رحمت کا کیا ٹھکانا ہو گا جو مربی یہ سمجھتا ہو کہ اب اگلوں کی طرح اس کے بعد دوسرا کوئی مربی آنے والا نہیں ہے کہ امت پر اپنی رحمت نچھاور کرے اب تو رہتی دنیا تک اس کی آغوش تربیت وا رہے گی اور اسی کی نبوت و رسالت کا غیر منقطع سلسلہ جاری رہے گا۔ "وخاتم النبیین"۔

خلاصہ یہ کہ محمد ﷺ کی شان مبارک اس خصوصی امتیاز کی حامل ہے کہ اس کی بعثت کے بعد کسی نبی یا رسول کی بعثت کی حاجت باقی نہیں رہی اور اس طرح یہ حقیقت بھی روشن ہو گئی کہ ذات اقدس ﷺ اس امر کے باعث نہیں ہیں کہ انہوں نے نبوت و رسالت کا سلسلہ ختم کر دیا بلکہ جب خدا تعالیٰ کو منظور ہوا کہ اب یہ سلسلہ نبوت و رسالت اس ارتقائی منزل پر پہنچ گیا ہے کہ آخری پیغام بن کر کامل و تمام ہو جائے تو ذات اقدس ﷺ کو اس نے اس کے لیے چن لیا اور بلا شرکت غیرے ان کو یہ منصب عظمیٰ عطا فرمایا:

﴿ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۲۱﴾

پھر کسی نادان کا یہ کہنا کہ اگر آپ ﷺ آخر الانبیاء والرسل ہیں تو یہ آپ ﷺ کی منقبت نہیں بلکہ نقص ہے کہ آپ ﷺ اس رحمت کے لیے سد باب ثابت ہوئے جو نبوت و رسالت کے عنوان سے جاری تھی۔

اس نادان کا یہ خیال اسی طرح فاسد ہے جس طرح اس شخص کا خیال جس نے ایک محفل میں شرکت کی اور دیکھا کہ جو معزز مہمان بھی آتا ہے اس کا پر جوش استقبال ہوتا ہے اور اس سے محفل کی رونق میں اضافہ ہوتا جاتا ہے مگر جب اس نے یہ دیکھا کہ ایک شخص ایسا بھی آ پہنچا جس کو سب نے حاصل محفل سمجھ کر نہ صرف پر جوش استقبال ہی کیا بلکہ تمام محفل کا سرتاج کہا اور اس کے بعد محفل اپنا کام کر کے ختم ہو گئی تو یہ نادان بہت کڑھا اور پچھتانے لگا کہ کاش یہ حاصل محفل نہ بنتا اور محفل اسی طرح سجی سجائی رہتی اور مہمانوں کی آمد کا یہ سلسلہ یونہی جاری رہتا۔

ٹھیک اسی طرح محمد ﷺ کے آخر الانبیاء والرسل ہونے پر یہ نادان اپنے فساد خیال کا اظہار کر رہا اور باطل تاویلات کے درپے ہو رہا ہے۔ ﴿يُضِلُّ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ﴾

قرآن عزیز نے اکثر مقامات پر "نبی" اور "رسول" کے ایک ہی معنی لیے ہیں جس کو اُردو میں پیغمبر سے تعبیر کیا جاتا ہے لیکن

خاص خاص مقامات پر وہ نبی اور رسول میں فرق بھی کرتا ہے اس فرق کو علماء اسلام نے یوں ظاہر کیا ہے کہ نبی عام ہے اور رسول خاص۔ یعنی خدائے تعالیٰ جس شخصیت کو ہم کلامی کا شرف عطا فرماتے ہیں وہ "نبی" کہلاتا ہے کیونکہ لغت میں "نبی" خبر دینے والے کو کہتے ہیں گویا جو شخص خدا سے براہ راست لے کر بندگان خدا کو اس کے احکام کی خبر دے وہ نبی ہے قطع نظر اس امر کے کہ اس کو جدید کتاب یا جدید شریعت عطا کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو لیکن جب خدا نے ہم کلامی کے منصب کے ساتھ ساتھ اس شخصیت کو "کتاب جدید" یا "شریعت جدیدہ" بھی عطاء کی ہو تو اس کو "رسول" کہتے ہیں۔ چنانچہ اس مقام پر قرآن حکیم نے اسی فرق و امتیاز کو معجزانہ اسلوب کے ساتھ ظاہر کیا ہے وہ کہتا ہے کہ جہاں تک گذشتہ انبیاء و رسل کی فہرست کا تعلق ہے اس فہرست میں آپ ﷺ کا منصب صرف "نبی" ہی نہیں بلکہ "رسول" ہے، اور خود قرآن اس کے لیے شہادت جاوید ہے، اور جبکہ وہ پیغام الٰہی کے سلسلہ میں آخری پیغامبر ہیں تو اس جگہ یہ یقین کر لینا چاہیے کہ وہ صرف مصطلحہ رسولوں کے ہی آخر نہیں ہیں بلکہ سرتا سر سلسلہ نبوت کے لیے "آخر" ہیں تاکہ ظاہر ہو جائے کہ جب وہ خاتم الانبیاء ﷺ ہیں تو خاتم الرسل بدرجہ اولیٰ و اتم ہیں کیونکہ جب عام ہی کا وجود مفقود ہے تو خاص کا وجود کس طرح کتم عدم سے ظاہر ہو سکتا ہے "وخاتم النبیین" اور اسی نمایاں حقیقت کو خود ذات اقدس ﷺ نے ایک طویل صحیح حدیث میں برہان قاطع کے طور پر ظاہر کیا ہے:

((لا نبی بعدی)).

"میرے بعد اب کسی نبی کی بعثت نہیں ہے"

((ان الرسالة والنبوة قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی)).

"بلاشبہ رسالت اور نبوت دونوں ختم ہو گئے۔ پس میرے بعد نہ رسول ہے اور نہ نبی۔"

((ختم بی الانبیاء علیهم الصلوة والسلام)).

"مجھ پر انبیاء علیہم السلام کے سلسلہ کا خاتمہ ہو گیا۔"

((انا العاقب الذی لیس بعده نبی)).

"میرا نام عاقب [1] ہے جس کے بعد نبی کی بعثت نہیں ہے۔"

((وختم بی النبیون)).

"اور مجھ پر نبیوں کا سلسلہ ختم ہو گیا"۔ [2]

---

[1] عاقب: انجام کو پہنچانے والا۔

[2] مسند احمد، ترمذی، مسلم، بخاری وغیرہا

غزوۂ بدر

غزوہ:

ارباب سیر و حدیث نے یہ اصطلاح مقرر کر لی ہے کہ جہاد فی سبیل اللہ کے سلسلہ میں جس لشکر کے ساتھ نبی اکرم ﷺ نہ ہوں اس کو سریہ اور جس میں بنفس نفیس خود شرکت فرمائیں اس کو "غزوہ" کہتے ہیں۔

بدر:

قرآن عزیز نے جن اہم غزوات کا تذکرہ کیا ہے ان میں سب سے زیادہ نمایاں حیثیت "غزوۂ بدر" کو حاصل ہے بدر دراصل ایک کنویں کا نام ہے جس کی نسبت سے یہ وادی بھی بدر ہی کہلاتی ہے، یہ وادی مکہ اور مدینہ کے درمیان مدینہ سے قریب سلطانی راستہ پر واقع ہے اسی جگہ وہ اہم غزوہ پیش آیا جس نے دنیا کی تاریخ ادیان و ملل ہی کا نہیں بلکہ ہر شعبہ حیات کا رخ پلٹ کر ظلم سے عدل کی جانب پھیر دیا۔

واقعہ:

یہ واقعہ چونکہ ادیان و ملل کی تاریخ انقلاب میں نمایاں حیثیت رکھتا ہے اس لیے راویان حدیث و سیرت نے اس کے ہر ایک جزء کی تفصیل کو واضح طور پر بیان کیا ہے تاکہ اس تاریخی واقعہ کا کوئی گوشہ بھی تشنہ تکمیل نہ رہے لیکن ہم اس مقام پر مختصر مگر جامع الفاظ میں اس کا ذکر مناسب سمجھتے ہیں۔

ہجرت مدینہ مشرکین کے لیے کچھ اس درجہ برہمی اور اشتعال کا باعث ہوئی اور وہ پیغمبر ﷺ اور مسلمانوں کو اپنی ناقابل برداشت ایذا رسانی سے محفوظ دیکھ کر کچھ اس درجہ برافروختہ ہوئے کہ اب انہوں نے طے کر لیا کہ جس قیمت پر بھی ہو سکے مسلمانوں کو نیست و نابود کر دینا چاہیے۔ چنانچہ اس کے لیے انہوں نے ہجرت سے متصل ہی معرکہائے جنگ کی ابتداء کر دی اور غزوۂ بواط اور غزوۂ عشیرہ جیسے چھوٹے چھوٹے غزوات اسی سلسلہ میں پیش آئے مگر مشرکین مکہ کی آتش حسد کے لیے یہ کافی نہ تھا اور وہ چاہتے تھے کہ کسی طرح مسلمانوں کے ساتھ ایک فیصلہ کن جنگ ہو جائے۔

اس ارادہ کی تکمیل کے لیے انہوں نے ضروری سمجھا کہ سامان حرب و ضرب بافراط میسر آئے اور اس کے لیے بہترین طریقہ یہ سوچا کہ ابوسفیان کی سرکردگی میں ایک قافلہ تجارت شام کی منڈیوں میں جائے اور نفع کثیر حاصل کر کے اس سے سامان جنگ مہیا کیا جائے اور اس جذبہ نے جوش و خروش کی یہ کیفیت پیدا کر دی کہ جب قافلہ تجارت کی تیاری شروع ہوئی تو مکہ کے ہر متنفس نے اپنے سرمایہ کا کچھ حصہ اس تجارت کے لیے پیش کیا حتیٰ کہ ایک بڑھیا (عجوز) نے بھی اپنی محنت کی معمولی پونجی اس خدمت کے لیے پیش کر

دی اور تقریباً ستر قریشیوں پر مشتمل یہ قافلہ ابوسفیان کی قیادت میں شام کو روانہ ہوگیا۔

مشہور محدث و مفسر ابن جریر طبری اپنی کتاب "تاریخ الامم والملوک" میں قریش کی اس کیفیت کا اس طرح تذکرہ فرماتے ہیں:

و قد كانت الحرب بينهم قبل ذلك فقتلت قتلى و قتل ابن الحضرمي في ناس بنخلة و اسرت أسارى من قريش و كانت تلك الواقعة هاجت الحرب بين رسول الله ﷺ و بين قريش و ذلك قبل مخرج ابي سفيان و اصحابه الى الشام. ❶

"اور قافلہ کی روانگی سے قبل مسلمانوں اور قریش مکہ کے درمیان جنگ چھڑ گئی تھی اور ان لڑائیوں میں لوگ مارے جا چکے تھے اور (مشہور مشرک) ابن حضرمی مارا جا چکا تھا اور قریش کے لوگ قیدی بھی بنائے جا چکے تھے اور یہ واقعہ قریش کے اور مسلمانوں کے درمیان جنگ کے مشتعل ہو جانے کا باعث بن گیا اور یہ سب کچھ ابوسفیان اور اس کے رفقاء کے شام کی جانب قافلہ تجارت کی شکل میں نکلنے سے قبل پیش آ چکا تھا۔"

اور جلیل القدر محدث و مفسر ابن کثیر رحمہ اللہ اپنی تاریخ البدایہ والنہایہ میں تحریر فرماتے ہیں:

باب سرية عبدالله بن جحش التى كان سببًا لغزوة بدر العظمٰى و ذلك ﴿يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝﴾ ❷

"اب سریہ عبداللہ بن جحش (سریہ نخلہ) ❸ جو سبب بنا بدر کبریٰ کے غزوہ کا اور جس کے متعلق قرآن نے یہ کہا "اور یہ دن ہے حق و باطل کے نکھر جانے کا وہ دن جبکہ (حق و باطل کی جنگ کے لیے) دو جماعتیں آپس میں ملیں اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔"

قریش کا تجارتی قافلہ جب نفع کثیر حاصل کر کے شام سے واپس ہو کر مکہ جا رہا تھا بدر سے قریب ہو کر گزرا تو نبی اکرم ﷺ کو علم ہوا۔ آپ ﷺ نے فوراً صحابہ رضی اللہ عنہم کو جمع کر کے مشورہ فرمایا تب بعض حضرات نے تو بخوشی اس کے مقابلہ کے لیے آمادگی ظاہر کی اور بعض نے یہ سمجھ کر کہ کسی اہم جنگ کا معاملہ نہیں ہے اس کے تعاقب پر آمادگی کا ثبوت نہیں دیا، چنانچہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے بروایت محمد اسحاق رحمہ اللہ اس واقعہ کا اس طرح ذکر کیا ہے:

و قال "هذه غير قريش فيها اموالهم فاخرجوا اليها لعل الله ينفلكموها فانتدب الناس فخفف بعضهم و ثقل بعض و ذلك انهم لم يظنوا ان رسول الله يلقى حربًا. ❹

"نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ قریش کا قافلہ جا رہا ہے جس میں ان کا مال تجارت ہے اس کا تعاقب کرو کیا عجب کہ اللہ تعالیٰ اس کو تمہارے لیے مال غنیمت بنا دے پس لوگوں کو اس کے لیے پکارا گیا تو بعض نے اس کو پسند کیا اور بعض نے نکلنے میں گرانی محسوس کی اور یہ عدول حکمی کے پیش نظر نہیں بلکہ اس لیے تھی کہ وہ سمجھ رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کسی جنگ کے ارادہ سے نہیں جا رہے ہیں۔"

مسلمانوں کا یہ لشکر جو قافلہ کے تعاقب میں نکلا سامان حرب سے بے پرواہ ہو کر مدینہ سے نکلا مشہور روایت کے مطابق ان

---

❶ ج ۲ ص ۲۶۷ ❷ ابن حضرمی اسی غزوہ میں مارا گیا ❸ ج ۳ ص ۲۴۸ ❹ تاریخ الامم والملوک جلد ۳ ص ۲۵۶

کی تعداد صرف تین سو تیرہ تھی جبکہ بحمد اللہ مدینہ کے اندر ہی مسلمانوں کی آبادی ہزارہا بالغ نفوس پر مشتمل تھی اور چند تلواریں دو تین گھوڑے ساٹھ زرہ اور صرف ساٹھ اونٹ ان کا متاع جنگ تھا درآنحالیکہ مسلمانوں کے پاس بلکہ خود نکلنے والے مجاہدین کے پاس مدینہ میں بیش از بیش سامان جنگ اور اونٹ گھوڑے موجود تھے غرض یہ لشکر جنگی لشکر نہیں تھا بلکہ فدا کارانِ توحید کا ایک مختصر سا قافلہ تھا جو قریش کے حرب وضرب کے سرمایہ پر قابض ہو کر دشمن کو بے مایہ بنانے نکلا تھا۔

ابوسفیان کو مسلمانوں کے تعاقب کا حال معلوم ہوا تو گھبرایا اور فوراً ضمضم نامی ایک شخص کو اجیر بنا کر مکہ روانہ کیا کہ وہ قریش کو اس معاملہ کی خبر دے اور مدد طلب کرے قریش نے جب حقیقت حال کو سنا تو ان میں بہت زیادہ جوش پیدا ہو گیا اور تمام سردارانِ قریش آمادۂ جنگ ہو کر اپنے اپنے لشکر کو لے کر نکل کھڑے ہوئے اور اس کروفر سے نکلے کہ تعداد میں ایک ہزار تھے نیزے اور تلواریں بے شمار تھیں سات سو زرہ، ستر گھوڑے اور بے تعداد اونٹ تھے وہ اونچی بنے، نیزے اور تلواریں سجے، ڈھالیں اور بکتر لگائے نشہ غرور میں جھومتے ہوئے بدر کی جانب بڑھے۔

اِدھر مسلمان آگے بڑھتے ہوئے جب وادی صفراء کے قریب پہنچے تو نبی اکرم ﷺ نے بسبس بن عمرو اور عدی بن الزغباء کو جاسوس بنا کر بھیجا کہ وہ قافلہ کا حال معلوم کر کے آئیں ابن اسحاق کہتے ہیں کہ یہ دونوں بدر پہنچے تو وہاں کنویں کے قریب قبیلہ جہینہ کا ایک شخص مجدی بن عمرو موجود تھا اور نزدیک ہی دو لڑکیاں آپس میں بات چیت کر رہی تھیں۔

ایک نے دوسری سے کہا کہ کل یا پرسوں یہاں قریشی قافلہ آنے والا ہے میں اس میں کام کروں گی اور تیرا قرض اتار دوں گی اور پھر مجدی نے اس لڑکی کی تصدیق کی بسبس نے یہ سنا تو وہ اور عدی اونٹوں کو پانی پلا کر فوراً روانہ ہو گئے۔ [1]

دوسری جانب ابوسفیان ڈرتا اور چھپتا چھپاتا قافلہ سے آگے بڑھ کر تجسس حال کے لیے بدر پہنچا مجدی وہاں موجود تھا ابوسفیان نے دریافت کیا تو نے کسی اجنبی کو تو یہاں نہیں دیکھا؟ مجدی نے کہا اور تو کوئی نئی بات نظر نہیں آئی البتہ تھوڑی دیر ہوئی کہ غیر متعارف دو آدمی ضرور یہاں آئے تھے اور اونٹوں کو پانی پلا کر واپس ہو گئے۔

ابوسفیان کنویں کے پاس گیا تو اونٹوں کی لید پڑی دیکھی اس نے لید کو کریدا تو کھجور کی گٹھلیاں نکلیں، ابوسفیان نے یہ دیکھ کر کہا بلاشبہ یہ اونٹ یثرب کے تھے اور تیزی کے ساتھ قافلہ تک پہنچا اور حالات سے باخبر کر کے قافلہ کا رخ ساحل کی جانب پھیر دیا اور بدر کو بائیں ہاتھ چھوڑتا ہوا مکہ کو چل دیا۔ [2]

اس مدت میں مسلمان وادی صفراء سے گزر کر وادی ذفران تک پہنچ چکے تھے یہاں اترے تو ایک جانب بسبس اور عدی سے یہ معلوم ہوا کہ عنقریب ابوسفیان کا قافلہ بدر پہنچنے والا ہے دوسری جانب یہ پتہ لگا کہ مکہ سے قریش ایک ہزار جمعیت لے کر کروفر کے ساتھ مسلمانوں سے لڑنے کی غرض سے بدر کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

ابوسفیان نے جب ساحلی جانب اختیار کر لی اور اس کو یہ یقین ہو گیا کہ اگر مسلمان میرے تعاقب کے لیے بدر کی جانب آئیں گے تو میں ان کی زد سے محفوظ رہوں گا۔ اس لیے اس نے مکہ کی جانب دوسرا قاصد روانہ کیا کہ اب جنگ کی ضرورت نہیں ہے میں مسلمانوں کی زد سے بچ کر جلدی مکہ پہنچ جانے والا ہوں قریش بدر کے قریب آچکے تھے کہ قاصد نے ابوسفیان کا پیغام سنایا مگر

---

[1] تاریخ ابن کثیر ج ۲ ص ۲۶۵ و سیرت ابن ہشام ج ا روض الانف ج ۲ [2] ایضاً

ابوجہل نے واپسی کے لیے سختی کے ساتھ انکار کر دیا اور کہا کہ اب بدر ضرور پہنچنا ہے اور مسلمانوں کا قلع قمع کر کے اس کانٹے کو ہمیشہ کے لیے نکال دینا ہے۔

بہر حال مسلمانوں کو جب وادی ذفران میں یہ دونوں خبریں ملیں تو نبی اکرم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے دوبارہ مشورہ ضرور سمجھا کیوں کہ اب معاملہ کٹھن تھا۔ مسلمان بے سروسامان اور پھر تھوڑی تعداد میں تھے اور دشمن ہر طرح وقت کے ہتھیاروں سے مسلح کثیر سامان جنگ کے مالک تھے اور تعداد میں تین گنے سے بھی زیادہ اور بقول ارباب سیرت انصار اگرچہ رسول اللہ ﷺ کی معیت سفر کو صد ہزار باعث نازش و مباہات سمجھتے اور ہمرکاب رہتے تھے لیکن عقبہ ثانیہ کے وقت وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ یہ معاہدہ کر چکے تھے کہ جب تک قریش یا غیر قریش اپنی جانب سے مدینہ پر حملہ آور نہ ہوں انصار مدینہ سے باہر نکل کر جنگ کے لیے مجبور نہیں ہوں گے۔

مشورہ کے لیے یہ اہم وجوہ تھیں جن کے پیش نظر نبی اکرم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دشمن سر پر ہے اور قافلہ قریش! اب بتاؤ کیا چاہتے ہو، جنگ کر کے حق و باطل کا فیصلہ یا بغیر کانٹا لگے قافلے پر قبضہ؟

مسلمانوں نے جب یہ سنا تو بعض نے طبعی طور پر جنگ کی مخالفت کی اور اس بارے میں گرانی محسوس کی، انہوں نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ ہم جنگ کے ارادے سے نہیں نکلے تھے، اس لیے بے سروسامان ہیں ہم تو اب بھی یہی چاہتے ہیں کہ قافلہ پر قبضہ کر کے واپس چلے جائیں، نبی اکرم ﷺ نے اس کمزور رائے کو ناپسند فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: قافلہ کو چھوڑو، اب اس قوم کے متعلق رائے دو جو تمہارے مقابلہ کے لیے مکہ سے نکل آئی بعض لوگوں نے جب دوبارہ عذر کیا تو آپ ﷺ نے پھر پہلی بات لوٹا دی تب جلیل القدر صحابہ ابوبکر، عمر، علی، رضی اللہ عنہم سمجھ گئے کہ مرضی مبارک حق و باطل کی جنگ سے وابستہ ہے اس لیے انہوں نے جذبہ وفاداری کا اظہار کرتے ہوئے عرض کیا کہ ہم ہر طرح جنگ کے لیے تیار ہیں اور اسلام کی خاطر آپ ﷺ کے پسینہ کی جگہ اپنا خون بہانے کو حاضر ہیں اور حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے تو اس شد و مد کے ساتھ فدا کارانہ جذبات کا اظہار کیا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو ان کی تقریر پر رشک ہونے لگا۔ مگر آپ ﷺ اب بھی نگاہ مبارک سے کسی بات کے طالب نظر آ رہے تھے یہ دیکھ کر انصار میں سے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کیا ہم انصار کی جانب اشارہ ہے کہ ہم کچھ عرض کریں اور پھر انصار کی جانب سے پوری وفاداری اور فدا کاری کا یقین دلاتے ہوئے نہایت موثر تقریر فرمائی۔

مہاجرین و انصار کی یہ تقاریر سن کر سرور عالم ﷺ کا چہرۂ مبارک مسرت سے تمتما اٹھا اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اب اللہ کے نام پر آگے بڑھو اور بشارت حاصل کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ دو گروہ (قافلہ اور مشرکین مکہ کا لشکر) میں سے ایک کو تمہارے قبضہ میں دے دوں گا اور قافلہ نہیں بلکہ مشرکین کا لشکر تمہارے قبضہ میں دے دیا جائے گا اور خدا کا وعدہ بلاشبہ سچا ہے اور قسم بخدا میں جنگ سے قبل ابھی سے قوم کے سرداروں کی قتل گاہ کو دیکھ رہا ہوں اور صحیح مسلم میں ہے کہ آپ ﷺ نے بدر پہنچ کر زمین پر ہاتھ رکھ کر بتایا کہ "اس جگہ فلاں قریشی مارا جائے گا اور یہاں فلاں قتل ہوگا۔"

سلف سے خلف تک تمام مفسرین، محدثین اور اصحاب سیر و تاریخ اس پر متفق ہیں کہ یہی وہ مشورہ ہے جس کے متعلق سورۂ انفال کی یہ آیات نازل ہوئی ہیں:

﴿ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۪ وَ اِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۙ﴿۵﴾ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَمَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَ هُمْ يَنْظُرُوْنَ ؕ﴿۶﴾ وَ اِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَ تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَ يَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۷﴾ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَ يُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۚ﴿۸﴾ ﴾ (الانفال: ۵۔۸)

"(اللہ اور رسول کے لیے ہیں) اس لیے کہ تیرے پروردگار نے تجھ کو حق کے لیے تیرے گھر سے نکالا اور حالت یہ ہوگئی کہ مسلمانوں کا ایک فریق اس نکلنے پر گرانی کا اظہار کر رہا تھا اور وہ تجھ سے حق کے بارے میں حق کے ظاہر ہو جانے کے بعد جھگڑا کر رہے تھے گویا وہ آنکھوں دیکھے موت کے منہ میں ہنکائے جا رہے ہیں اور (یہ واقعہ اس وقت پیش آیا) جبکہ اللہ تم کو وعدہ دے رہا تھا کہ دونوں فریق (قافلہ اور مشرکین مکہ کا لشکر) میں سے ایک فریق کو تمہارے قبضہ میں دے دے گا اور تم یہ شبہ کرتے تھے کہ تم کو وہ گروہ ملے جس کے مقابلہ میں کانٹا بھی نہ لگے اور اللہ کا ارادہ یہ تھا کہ وہ اپنے وعدہ کے کلمات سے حق کو ثابت کر دکھائے اور کافروں کی جڑ کاٹ دے اور اس طرح حق کو حق کر دے اور باطل کو باطل اگرچہ مجرموں کو یہ بات پسند نہ آئے۔"

اب مسلمان آگے بڑھے اور بدر کے قریب پہنچ کر مدینہ کی جانب والے رخ "عدوۃ الدنیا" پر خیمہ زن ہو گئے اور مشرکین آگے بڑھے تو بدر پہنچ کر مدینہ سے دور مکہ کی جانب والے رخ "عدوۃ القصویٰ" پر اترے اور محاذ جنگ کا نقشہ اس طرح بنا کہ مسلمان اور مشرکین بالمقابل تھے اور ابوسفیان کا قافلہ اس وقت ساحل کی جانب نیچے نیچے مشرکین کے لشکر کی پشت پر سے گزر رہا تھا کہ جب وہ چاہیں تو مشرکین مکہ کی نصرت و مدد کے لیے بے روک ٹوک آ سکتے اور کمک کا کام دے سکتے ہیں اور پھر یہ عجیب صورت حال تھی کہ مسلمانوں کا محاذ جنگ اس درجہ ریتیلا تھا کہ انسانوں اور چوپاؤں دونوں کے قدم ریت میں دھنسے جا رہے تھے اور چلنا دشوار ہو رہا تھا مگر مشرکین کا محاذ جنگ ہموار اور پختہ فرش کی طرح تھا غرض دشمن تعداد میں تین گنے سے زیادہ سامان جنگ میں پوری طرح مکمل ذرائع رسل و رسائل میں ہر طرح مطمئن جائے وقوع نہایت عمدہ اور ان تمام باتوں کے ساتھ ساتھ قافلہ کی کمک متوقع تھی اور خود اپنی حالت یہ کہ تعداد میں بہت کم اسلحہ جنگ برائے نام سامان حرب نہ ہونے کے برابر، سواریوں کا شمار برائے بیت، جائے وقوع حد درجہ خراب اور ان تمام ناسازگار حالات کے ساتھ کمک قطعاً غیر متوقع، اور حد یہ کہ دشمن پانی پر قابض اور مسلمان اس سے محروم۔

ظاہر ہے کہ ایسی حالت میں اگر مسلمانوں کو ان کی ذاتی رائے پر چھوڑ دیا جاتا تو ان کی عقل و خرد بہ اسباب ظاہر اس کے سواء اور کیا فیصلہ کر سکتی تھی کہ وہ اس وقت کو ٹال دیں اور دشمن سے کسی ایسے دوسرے وقت کے لیے جنگ کا قول و قرار کریں کہ وہ دشمن کی طرح ہر حیثیت سے جنگ کے لیے تیار ہوں۔ چنانچہ اسی بناء پر مسلمانوں نے وادی ذفران میں شوریٰ کے وقت ابتداءً یہی کہا بھی مگر وحی الٰہی کے ذریعہ چونکہ نبی اکرم ﷺ کو یہ معلوم ہو چکا تھا کہ خدا کا یہ وعدہ کہ تم کو "عیر اور نفیر" دونوں میں سے ایک پر مسلط کر دیا جائے گا صرف اس شکل میں پورا ہونے والا ہے کہ مسلمان مشرکین کے لشکر (نفیر) کا مقابلہ کریں اور حق و باطل کے اس معرکہ میں

مسلمان کامیاب ہوں اور مشرکین ناکام و خاسر اس لیے مسلمانوں نے پیغمبر ﷺ کی مرضی پا کر ہمہ قسم کی بے سروسامانی کے باوجود خود کو حق و باطل کی معرکہ آرائی کے لیے والہانہ و فداکارانہ جذبہ پاک کے ساتھ پیش کر دیا۔ ایسی صورت حال کو قرآن عزیز نے اس معجزانہ اسلوب بیان کے ساتھ ظاہر کیا ہے:

﴿ إِنْ كُنْتُمْ آمَنْتُمْ بِاللَّهِ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ إِذْ أَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوَىٰ وَالرَّكْبُ أَسْفَلَ مِنْكُمْ ۚ وَلَوْ تَوَاعَدْتُمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيعَادِ ۙ وَلَٰكِنْ لِيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ ﴾

(الانفال: ۴۱۔۴۲)

"اگر تم اللہ پر اور اس (غیبی مدد) پر یقین رکھتے ہو جو ہم نے فیصلہ کر دینے والے دن اپنے بندہ پر نازل کی تھی جبکہ لشکر ایک دوسرے کے مقابل ہوئے تھے تو چاہیے کہ اس تقسیم پر (یعنی مال غنیمت کی مقررہ تقسیم پر) کاربند ہو اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ یہ وہ (بدر کا دن تھا کہ) تم ادھر قریب کے ناکہ پر تھے ادھر دشمن دور کے ناکہ پر اور قافلہ تم سے نچلے حصہ میں تھا (یعنی سمندر کے کنارے کنارے گزر رہا تھا) اور اگر تم آپس میں لڑائی کی بات ٹھہراتے تو ضرور جنگ کے وقت کے بارہ میں تم اختلاف کرتے کیونکہ تم چاہتے ہو کہ کسی حالت میں جنگ نہ ہو اور دشمن چاہتا ہے کہ ضرور جنگ ہو (یعنی تمہیں دشمنوں کی کثرت اور اپنی بے سروسامانی کا اندیشہ تھا اور قافلہ پر تسلط آسان نظر آ رہا تھا اور دشمن اپنی کثرت اور سازوسامان کے بل پر گھمنڈ کیے ہوئے تھا لیکن اللہ نے دونوں لشکروں کو بھڑا دیا تاکہ جو بات ہونے والی تھی اسے کر دکھائے نیز اس لیے کہ جسے ہلاک ہونا ہے اتمام حجت کے بعد ہلاک ہو اور جو زندہ رہنے والا ہے اتمام حجت کے بعد زندہ رہے اور بلاشبہ اللہ سب کی سنتا اور سب کچھ جانتا ہے۔"

﴿ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللَّهُ بِبَدْرٍ وَأَنْتُمْ أَذِلَّةٌ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَنْ يَكْفِيَكُمْ أَنْ يُمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُنْزَلِينَ ۝ بَلَىٰ ۚ إِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا وَيَأْتُوكُمْ مِنْ فَوْرِهِمْ هَٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُسَوِّمِينَ ۝ وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُمْ بِهِ ۗ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوا خَائِبِينَ ۝ ﴾

(آل عمران: ۱۲۳۔۱۲۷)

"اور اللہ تمہاری مدد کر چکا ہے بدر کی لڑائی میں اور تم کمزور حالت میں تھے پس اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم شکر گزار ہو۔ (یہ جب ہوا) کہ تو مسلمانوں سے کہہ رہا تھا کیا تم کو کافی نہیں ہے کہ تمہارا پروردگار تمہاری مدد کو آسمان سے اترنے والے تین

ہزار فرشتے بھیجے ہاں بلاشبہ اگر تم صبر کرو اور تقویٰ کی راہ اختیار کرو اور پھر ایسا ہو کہ دشمن اسی دم تم پر چڑھ آئے تو تمہارا پروردگار (بھی) پانچ ہزار نشان رکھنے والوں سے تمہاری مدد کرے گا اللہ نے صرف یہ اس لیے کیا کہ تمہارے لیے خوشخبری ہو اور اس کی وجہ سے تمہارے دل مطمئن ہو جائیں اور مدد و نصرت جو کچھ بھی ہے اللہ کی ہی طرف سے ہے اس کی طاقت سب پر غالب ہے اور وہ اپنے تمام کاموں میں حکمت رکھنے والا ہے اور نیز اس لیے تاکہ منکرین حق کی جمعیت و طاقت کا ایک حصہ بیکار کر دے۔ انہیں اس درجہ ذلیل و خوار کر دے کہ وہ نامراد ہو کر الٹے پاؤں پھر جائیں۔"

دعائے نصرت:

غرض اس حالت میں دونوں فریق جنگ کے لیے صف آرا ہوئے تو اول آپ ﷺ نے مسلمانوں کی صفوف کو درست فرمایا اور پھر اس عریش (خس پوش جھونپڑی) کے نیچے جا کر جو آپ ﷺ کے لیے میدان جنگ میں بنا دی گئی تھی درگاہِ الٰہی میں الحاح و تضرع کے ساتھ دعا شروع کی اور عرض کیا:

اللھم انجزلی ما وعدتنی اللھم ان تھلک ھذہ العصابة من اھل الاسلام لا تعبد فی الارض.

"خدایا! تو نے مجھ سے جو وعدۂ (نصرت) فرمایا اس کو پورا کر خدایا! اگر یہ مٹھی بھر مسلمان ہلاک ہو گئے تو پھر خطہ زمین پر کوئی تیرا عبادت گزار باقی نہیں رہے گا۔"

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو قریب آئے اور عرض کیا خدا کے رسول ﷺ! بس کیجیے اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ ضرور پورا کرے گا۔

غیبی نصرت و امداد:

اور آخر یہی ہوا بھی کہ ہر قسم ناسازگار حالات اور اس درجہ کمزوری کے باوجود کہ کسی مسلمان کا اس معرکہ سے صحیح و سالم بچ کر نکل جانا خود ایک معجزہ ہوتا مسلمانوں کو غیبی نصرت و مداد نے بامراد اور کامیاب کیا فتح اور نصرت نے قدم چومے اور تاریخ عالم کا ایک بے نظیر اور حیرت زا انقلاب پیش کر دیا اور مشرکین قریش کے تمام سردار اور مشہور نبرد آزما ہی قتل نہیں ہوئے بلکہ شرک و کفر کی اجتماعی طاقت ہی کا خاتمہ ہو گیا۔ یہ غیبی نصرت کیا تھی؟ قرآن حکیم اس کا جواب متعدد آیات میں یہ دیتا ہے:

① مسلمانوں کی نگاہ میں دشمنوں کی تعداد اصل تعداد سے کم نظر آئی تاکہ مسلمان مرعوب نہ ہوں اور مشرکین کی نگاہوں میں مسلمان مٹھی بھر معلوم ہوئے تاکہ وہ جنگ سے جی نہ چرائیں اور معرکہ حق و باطل ٹل نہ جائے۔

﴿اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۔۔ الی ۔۔ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴾ (الانفال: ۴۳۔۴۴)

اور ایک وقت میں دو گنے معلوم ہوئے تاکہ مسلمانوں سے مرعوب ہو کر رہ جائیں۔

﴿ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ اُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝﴾ (آل عمران: ۱۳)

② مسلمانوں کی دعاء پر اول ان کی مدد ایک ہزار فرشتوں سے کی گئی۔

﴿اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّىْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝﴾ (الانفال: ۹)

اور پھر یہ تعداد بڑھا کر تین ہزار کر دی گئی۔

﴿اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ۝﴾ (آل عمران: ۱۲۴)

اور اگر دشمن تم پر یک لخت حملہ کر دے تو ہم تین ہزار کی بجائے پانچ ہزار فرشتوں سے مدد کریں گے۔

﴿يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ۝﴾ (آل عمران: ۱۲۵)

③ مسلمانوں پر عین معرکہ کے وقت اونگھ طاری کر دی جس کے چند منٹ بعد ان کی بیداری نے ان میں ایک نئی تازگی اور نئی روح پیدا کر دی ﴿اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ﴾ (الانفال: ۱۱)

④ آسمان سے پانی برسا کر مسلمانوں کے لیے ریتلی زمین کو پختہ فرش کی طرح بنا دیا اور نشیب کی وجہ سے حوض نما گڑھے میں پانی مہیا کر دیا اور دشمنوں کی زمین کو کیچڑ کی طرح دلدل بنا ڈالا۔

﴿وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۝﴾ (الانفال: ۱۱)

نتیجہ جنگ:

بہر حال معرکہ جنگ بپا ہوا اور دونوں جانب سے نبرد آزما ایک دوسرے کے مقابل ہو کر "ھل من مبارز" پکارنے اور داد شجاعت دینے لگے اور پھر ایک ہجومی جنگ شروع ہو گئی مسلمان اول تو جنگ مغلوبہ لڑے مگر فراغت دعاء کے بعد جب میدان جنگ میں آ کر نبی اکرم ﷺ نے "شاھت الوجوہ" "چہرے روسیاہ ہوں" پڑھتے ہوئے مٹھی بھر خاک اور کنکریاں دشمنوں کی جانب پھینکیں تو خدائے برحق کی معجزانہ قدرت نے ہوا کے ذریعہ اس کے ذرات تمام مشرکین کی آنکھوں تک پہنچا دیے اور وہ اس ناگہانی پریشانی سے مضطرب ہو کر آنکھیں ملنے لگے اور جنگ مغلوبہ "جنگ غالبہ" کی شکل میں بدل گئی۔

﴿وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى﴾ (الانفال: ۱۷)

"(اے محمد ﷺ) اور تو نے جب (کنکریاں) پھینکیں تو درحقیقت تو نے نہیں پھینکیں بلکہ اللہ نے پھینکیں (کیونکہ انسانی ہاتھ ایک مٹھی میں اتنے بڑے لشکر کے ہر آدمی پر رمی نہیں کر سکتا تھا یہ جو کچھ ہوا نبی ﷺ کے ہاتھ پر خدا کا معجزہ ہوا)۔"

اور دیر نہیں لگی کہ مشرکین کے بڑے بڑے آدمی مارے گئے اور دشمنوں کے پیر اکھڑ گئے وہ بھاگتے تھے مگر بھاگنے کا موقع نہ پاتے تھے۔ چنانچہ ان کے ستر آدمی قتل ہوئے اور ستر گرفتار اور باقی نے راہ فرار اختیار کی۔

مسلمان اگرچہ خدا کی نصرت اور اس کے فضل سے کامیاب ہوئے اور فتح و کامرانی کے مالک بنے تاہم بائیس مجاہدین

بھی جام شہادت نوش کیا۔

جنگ بدر نے تاریخ عالم کا رخ بدل دیا:

بدر کا معرکہ مؤرخین اور اصحاب سیر سے بھی اگر چہ اپنی تاریخی اہمیت کا اعتراف کراتا ہے اور وہ یہ کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ معرکہ بدر ایک ہنگامی معرکہ نہیں تھا بلکہ اس نے قریش مکہ کی قوت کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر دیا اور مسلمانوں کے لیے اعلاء کلمۃ اللہ کی راہیں کھول دیں لیکن وہ بھی اس حقیقت حال سے شاید بے خبر ہیں کہ معرکہ بدر صرف مشرکین مکہ اور مسلمانوں کی آویزش حق و باطل کا معرکہ نہیں تھا بلکہ جس زمانہ میں یہ واقعہ پیش آیا اس وقت دنیا ایک موڑ پر کھڑی تھی اور تاریخ عالم کا اشہب تیز گام اس موڑ پر حیران و سرگرداں کھڑا تھا کہ کس جانب رخ کرے اس لیے بدر کا انقلاب عالمگیر انقلاب تھا۔

صفحۂ عالم پر اگر بدر کا معرکہ پیش نہ آتا اور مشرکین مکہ کی طاقت شکست و ریخت نہ ہوتی تو بلاشبہ نہ صرف حجاز نہ صرف عرب و عجم بلکہ کائنات ہستی کا ہر ایک بحر و بر ظلم، سرکشی اور باطل سے دوچار رہتا۔ آزادی ضمیر فنا ہو جاتی جذبات حق مٹ کر رہ جاتے اور یہ سب ظلم و جبر کے بل پر اپنے لیے آپ جگہ پیدا کر لیتے اب جبکہ بدر کا معرکہ پیش آ گیا اور مشرکین مکہ کی قوت ٹوٹ گئی تو دنیا نے موڑ سے آگے بڑھ کر وہ راہ اختیار کر لی جو آزادی ضمیر عدل و انصاف حق پرستی اور نیکوکاری کی راہ تھی جہاں ضعیفوں کی نصرت فرض اور بیچاروں کے لیے چارۂ کار مہیا تھا اس لیے خدا کا یہ عظیم الشان احسان کہ بدر میں حق کو فتح و کامرانی نصیب ہوئی صرف مسلمانوں ہی کے لیے نہیں تھا بلکہ تمام کائنات انسانی پر احسان عظیم تھا۔

مولانا ابوالکلام آزاد نے کیا خوب فرمایا:

بعض اوقات قدرتی حوادث کا ایک معمولی سا واقعہ بھی فتح و شکست کا فیصلہ کر دیتا ہے جنگ، واٹرلو کے تمام مؤرخین متفق ہیں کہ اگر ۱۷ اور ۱۸ جون ۱۸۱۵ء کی درمیانی شب میں بارش نہ ہوئی ہوتی تو یورپ کا نقشہ بدل گیا ہوتا کیونکہ اس صورت میں نپولین کو زمین خشک ہونے کا بارہ بجے تک انتظار نہ کرنا پڑتا۔ سویرے ہی لڑائی شروع کر دیتا نتیجہ یہ نکلتا کہ بلوشر کے پہنچنے سے پہلے ویلنگٹن کو شکست ہو جاتی واٹرلو میں اگر بارش نہ ہوئی ہوتی تو یورپ کا سیاسی نقشہ بدل جاتا لیکن اگر بدر میں نہ ہوئی ہوتی تو کیا ہوتا؟ تمام کرۂ ارضی کی ہدایت و سعادت کا نقشہ اُلٹ جاتا اسی طرح پیغمبر اسلام ﷺ نے اپنی دعاء میں اشارہ کیا تھا: اللھم ان تھلک ھذہ العصابۃ فلا تعبد فی الارض۔ خدایا! اگر خدام حق کی یہ چھوٹی سی جماعت آج ہلاک ہو گئی تو کرۂ ارضی میں تیرا سچا عبادت گزار کوئی نہیں رہے گا۔

قرآن عزیز کی روشنی میں غزوۂ بدر پر دوبارہ نظر:

غزوۂ بدر سے متعلق بیان کردہ تفصیلات جمہور علماء اسلام کے نزدیک مسلم ہیں خصوصاً اس مسئلہ میں تو سلف و خلف میں سے کسی کی بھی دو رائے نہیں ہیں کہ مسلمان جب مدینہ سے نکلے تو صرف قافلہ پر حملہ مقصود تھا لیکن وادی ذفران میں پہنچ کر قدرتی حادثہ نے ایک دوسرے مقابلہ سے دوچار کر دیا اور یہ مشرکین مکہ کی وہ یورش تھی جو مسلمانوں کا قلع قمع کرنے کے لیے ظہور میں آئی، اور اب مسلمانوں کو "عیر و نفیر" دو کے ساتھ واسطہ پڑ گیا۔ اس لیے یہی وہ مقام ہے جہاں مسلمانوں کو بذریعہ وحی یہ بشارت سنائی گئی کہ ان دونوں میں سے کسی ایک کو مسلمانوں کے سپرد کر دیا جائے گا اور بعض مسلمانوں نے اگر چہ انسانی کمزوری کی بناء پر "نفیر" کے مقابلہ میں

"عیر" کو ترجیح دینے کا خیال ظاہر کیا مگر نبی اکرم ﷺ کو وحی نے اطلاع کر دی تھی کہ اللہ تعالیٰ "نفیر" کے مقابلہ کو مقدر کر چکا ہے اور اس کا وعدہ اسی شکل میں پورا ہوگا اس لیے ذات اقدس ﷺ کا رجحان اسی جانب ہوا اور مشورہ کے بعد آخر وہی فیصلہ ہوا جو خدا اور خدا کے رسول ﷺ کی مرضی تھی...... چنانچہ قرآن عزیز کی آیات ﴿ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ﴾(الانفال: ۵) اور ﴿ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ﴾(الانفال: ۴۲) اسی حقیقت کا اعلان کر رہی ہیں۔

مگر جمہور کے ان مسلمات کے خلاف مولانا شبلی (مرحوم و مغفور) نے سیرت النبی ﷺ جلد اوّل میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ مسلمان شروع ہی میں مدینہ سے صرف "نفیر" کے لیے نکلے تھے اور خدا کے وعدہ "عیر و نفیر" کا حال مسلمانوں کو مدینہ ہی میں معلوم ہو چکا تھا اور نبی اکرم ﷺ نے "عیر و نفیر" کے متعلق جو کچھ مشورہ کیا اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے جو کتب سیر میں مذکور زبردست تقاریر فرمائیں وہ سب وادی ذفران میں نہیں بلکہ مدینہ ہی میں ہو چکا تھا۔

مولانائے مرحوم نے اپنے اس دعوے کو ثابت کرنے کے لیے طویل بحث فرمائی ہے اور احادیث و سیر میں مذکور واقعات کی ترتیب کا اس لیے انکار کر دیا ہے کہ وہ اس ترتیب کو قرآن کی تصریحات کے خلاف سمجھتے ہیں اور یہ کہ بعض صحیح احادیث و روایات بھی ان کے خیال کی ہی تائید کرتی ہیں۔

چونکہ یہ مسئلہ علمی نظر و فکر سے تعلق رکھتا ہے اس لیے ازبس ضروری ہے کہ قرآن عزیز ہی کی روشنی میں مناظرانہ اسلوب سے بچ کر خالص تحقیقی رنگ میں اس پر "محاکمہ" کیا جائے تاکہ اصل حقیقت واضح ہو سکے۔

قرآن عزیز نے اس واقعہ کی تفصیلات دیتے ہوئے دو جگہ بصراحت اس حقیقت کا اعلان کیا ہے کہ "نفیر" کا معاملہ مدینہ سے "عیر" کی خاطر نکلنے کے بعد اچانک سامنے آیا اور اس لیے بعض مسلمانوں نے نفیر کے مقابلہ کو ابتداءً خطرہ کی نگاہ سے دیکھا اور گراں محسوس کیا۔

① پہلا مقام سورۂ انفال کی وہ چند آیات ہیں جو ﴿ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ﴾ سے شروع ہو کر ﴿ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴾ تک مسلسل چلی گئی ہیں جو تقریباً سات یا آٹھ آیات ہیں۔

قرآن عزیز نے ان آیات میں اس پورے واقعہ کو اختصار کے ساتھ بیان کر دیا ہے جو معرکہ بدر میں از اوّل تا آخر پیش آیا یعنی مدینہ سے نکلنے پر مسلمانوں کے سامنے کیا کیا صورتیں پیش آئیں وہ سب ہی ایک دوسرے کے ساتھ مربوط کر کے بیان کی گئیں ہیں۔ پس جس طرح ﴿ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ ﴾ کے ساتھ ﴿ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ﴾ کا تعلق ہے اسی طرح ﴿ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ ﴾ اور ﴿ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ ﴾ اور ﴿ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ ﴾۔ ﴿ يُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ﴾ وغیرہ واقعات کا بھی تعلق ہے اور یہ ظاہر ہے کہ مولانا شبلی مرحوم بھی جمہور کے ساتھ اس پر متفق ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کا درگاہِ الٰہی میں استغاثہ پیش کرنا ملائکہ کی مدد کا آنا، مسلمانوں پر اونگھ طاری کر کے تازہ دم کر دینا، آسمان سے پانی کا برس کر مسلمانوں کے حق میں رحمت ثابت ہونا، یہ کل معاملات اس آن ہی نہیں پیش آ گئے تھے، جس آن میں مسلمان مدینہ سے نکلے تھے بلکہ یہ ایک طویل سلسلہ تھا جو ایک مدت کے اندر وقوع پذیر ہوتا رہا ہے۔

پس اگر بقول مولانائے مرحوم آیت ﴿ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ ﴾ میں اس آن کے ماسوا جو مدینہ سے خروج کے ساتھ مربوط ہے اور کچھ مراد نہیں ہے تو پھر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ باقی وہ تمام واقعات جو اس آیت کے ساتھ مربوط کر کے بیان ہوئے ہیں گوکلام مستانف ہی کی حیثیت میں کیوں نہ ہوں" وہ سب بھی ایک ہی آن سے متعلق ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ قطعاً باطل اور خلاف واقعہ ہے اس لیے اس آیت کا صاف اور صریح مطلب یہ ہے کہ قرآن عزیز عام بول چال اور محاورہ کے مطابق یہ کہہ رہا ہے کہ مسلمانوں کو ذرا اس واقعہ کی جانب بھی نظر کرنی چاہیے۔

"جب پروردگار نے تم کو ایک مرتبہ مدینہ سے باہر حق کی خاطر نکالا تھا اور تمہارے سامنے ایسی صورت حال پیش آ گئی تھی کہ تم پر یہ گراں گزرنے لگا تھا کہ کیوں ہم مدینہ سے باہر نکلے کہ آخر کار ہمارے سامنے یہ صورت گراں بار آ گئی اور یہ وہ وقت تھا جبکہ خدا نے تم سے "عیر ونفیر" میں سے ایک کا وعدہ کیا، وغیرہ وغیرہ۔"

یہی وجہ ہے کہ تمام مفسرین آیت ﴿ وَ اِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝ ﴾ کے متعلق عربیت کے قاعدہ سے یہ فرما رہے ہیں:

والجملة فی موضع الحال و هی حال مقدرة لان الکراهة وقعت بعد الخروج کما تراه ان شاء الله تعالیٰ و یعتبر ذٰلك ممتدًا.

"اور یہ جملہ حال واقعہ ہو رہا ہے اور یہ حال مقدرہ ہے اس لیے کہ جس کراہت کا آیت میں ذکر ہو رہا ہے وہ مدینہ سے نکلنے کے بعد پیش آئی تھی جیسا کہ انشاء اللہ ابھی تجھ کو معلوم ہو جائے گا یا یوں کہیے کہ یہ اس پوری حالت کا نقشہ بیان ہو رہا ہے جو مدینہ سے نکلنے کے وقت سے معرکہ بدر کے ختم تک پیش آئی یعنی ﴿ اَخْرَجَكَ ﴾ میں اخراج سے زمانہ ممتد مراد ہے آنی مراد نہیں ہے۔"

تو اب صورت حال یہ بنی کہ جو شخص ﴿ لَكٰرِهُوْنَ ﴾ میں مذکورہ واقع کراہت کو آنی قرار دیتا ہے اور اس پورے واقعہ کو مدینہ کے اندر ہونا ثابت کرتا ہے اس کے پاس تو صرف ایک ایسا تخمینی احتمال ہے جس کا ثبوت ان قرائن سے قطعاً نہیں ملتا جو مابعد آیات میں موجود ہیں اور جو شخص یہ کہتا ہے کہ آیت ﴿ اَخْرَجَكَ ﴾ میں اخراج آنی نہیں ہے بلکہ وہ ممتد مدت مراد ہے جس میں یہ معرکہ پیش آیا تو بعد کی تمام آیات بلاشبہ اس کے دعوے کے لیے واضح قرینہ بنتی اور دعوے کی تصویب کرتی نظر آتی ہیں۔

② دوسرا مقام سورۂ انفال ہی کی وہ آیات ہیں جو ﴿ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ﴾ سے شروع ہو کر ﴿ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ ﴾ پر ختم ہوتی ہیں۔ ان آیات میں قرآن حکیم نے اوّل مسلمانوں اور مشرکوں کے محاذ جنگ کا نقشہ اس طرح کھینچا ہے کہ مسلمانوں کا محاذ جنگ مدینہ سے قریب وادی میں تھا اور مشرکین مکہ ان کے بالمقابل جانب بعید کی وادی میں خیمہ زن تھے اور اس وقت ابوسفیان کا قافلہ مسلمانوں کی وادی سے نیچے نیچے سمندر کے کنارے اس طرح گزر رہا تھا کہ وہ مکی فوج کی پشت پر تھا کہ اگر وہ چاہے تو مسلمانوں کی زد سے محفوظ ہو کر بے خوف اپنی فوج کی مدد کر سکتا ہے۔

﴿ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَ هُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَ الرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ﴾ اور اس کے بعد کہتا ہے کہ یہ صورت حال مسلمانوں کے لیے اس درجہ ناسازگار تھی کہ اگر تقدیر الٰہی یہ فیصلہ نہ کر لیتی کہ بدر کا معرکہ ضرور پیش آئے گا اور اس کا انجام

مسلمانوں کے حق میں ہوگا اور جنگ کے معاملہ کو مسلمانوں اور مشرکوں کے باہمی عہد و پیمان پر چھوڑ دیا جاتا تو مسلمان آپس میں بھی مختلف المیعاد ہو جاتے بعض کہتے کہ اس میدان میں حق و باطل کا فیصلہ ہو جائے تو اچھا ہے، اور بعض کہتے کہ ہم ان ناسازگار حالات میں ہرگز جنگ کی طاقت نہیں رکھتے اس لیے دوسرے وقت کے لیے اس جنگ کو ٹال دینا چاہیے اور "نفیر" کی جگہ "عیر" کو قبضہ میں کر لینا چاہیے جیسا کہ پیش آیا اور بعض کو جنگ کا معاملہ سخت گراں گزرا اور ہو سکتا تھا کہ سب ہی مسلمان یہ چاہتے کہ اس وقت معرکہ جنگ بپا نہ ہو اور مشرکین اپنے سازوسامان کے زعم پر یہ اصرار کرتے کہ اس وقت اور اسی جگہ معرکہ ہو جانا از بس ضروری ہے اور یہ نقشہ سامنے آ جاتا ﴿ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ﴾ مگر ہوا یہ ﴿ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ﴾۔

ان آیات میں قابل غور بات یہ ہے کہ اگر مشرکین مکہ کی فوج کشی کا حال مسلمانوں کو مدینہ ہی میں معلوم ہو گیا تھا اور نبی اکرم ﷺ نے مسلمانوں سے مدینہ ہی میں وہ مشورہ فرمایا تھا جس کا ذکر تمام کتب حدیث و سیرت میں موجود ہے اور اس مقام پر خدا نے ﴿ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ ﴾ کا وعدہ فرما کر اپنے نبی کو وحی کے ذریعہ یہ بھی بتا دیا تھا کہ خدا کی مرضی معرکہ حق و باطل کی ہے قافلہ پر تسلط کی نہیں ہے تو پھر عقل حیران ہے کہ ان تمام امور کے معلوم ہو جانے کے بعد مسلمان خود کو کس لیے بے سروسامان سمجھ رہے تھے اور کس وجہ سے بعض مجاہدین اسلام جنگ سے جی چرا رہے تھے جبکہ مدینہ میں مسلمانوں کے پاس ہزاروں اونٹ موجود تھے گھوڑے بھی کم نہیں تھے، سو پچاس گھوڑوں کا مہیا ہونا معمولی بات تھی تلواروں اور نیزوں کی بھی کچھ کمی نہیں تھی اور ان سب باتوں پر مستزاد یہ کہ جب ان کو دشمنوں کی عددی طاقت کا بھی صحیح اندازہ تھا تو آخر وہ کیا سبب تھا کہ مسلمان جن میں انصار بھی ہیں اور مہاجرین بھی صرف تین سو تیرہ ہی کی تعداد میں کیوں نکلے؟ اور نکلے بھی اس بے سروسامانی کے ساتھ کہ نیزے اور تلواریں تک بھی ہر ایک کے پاس موجود نہیں چہ جائیکہ باقی سامان حرب و ضرب مکمل ہوتا اور کیا بدر کے اس واقعہ کے علاوہ کسی بھی ایسے غزوہ یا سریہ کا حوالہ دیا جا سکتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اس کے لیے مدینہ میں بیٹھ کر تیاری فرمائی ہو اور مسلمانوں میں دشمن کے مقابلہ کے لیے وہ ہراسانی اور گرانی پیدا ہوئی ہو جس کا ذکر قرآن ان جملوں میں کرتا نظر آتا ہے:

﴿ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ﴾ ﴿ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ ﴾ ﴿ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ﴾

کیا ہمارے سامنے غزوۂ تبوک (غزوہ عسرت) کا نقشہ موجود نہیں ہے کہ دشمن کی تعداد لاکھوں تک پہنچی ہوئی ہے اور مشرکین جیسے غیر متمدن نہیں بلکہ متمدن عیسائی طاقت سے معاملہ ہے جو ہر قسم کے متمدن سازوسامان جنگ سے مسلح ہے اور پھر نبی اکرم ﷺ مدینہ میں نہیں مدینہ کے قرب و جوار میں نہیں بلکہ خود دشمن کے گھر پر جا کر معرکہ حق و باطل گرم کرنا چاہتے ہیں لیکن ان تمام باتوں کے باوجود ایک مسلمان بھی ہراساں نہیں، گراں خاطر نہیں بلکہ پروانہ وار نثار ہونے کو ایک دوسرے پر بازی لے جانے کے لیے مدینہ سے تبوک کی جانب قدم بڑھا رہے ہیں۔

بات بالکل صاف ہے کہ مسلمان درحقیقت اس بے سروسامانی کے ساتھ لڑنے کے لیے نہیں بلکہ قافلہ پر قبضہ کرنے کے لیے نکلے تھے اور اس کے لیے یہ جمعیت اور یہ صورت حال کافی تھی لیکن بدر کے قریب پہنچ کر اچانک صورت حال تبدیل ہو گئی اور

مسلمانوں کو دو باتوں کا ایک ساتھ علم ہوا ابوجہل مکہ سے لشکر کشی کر کے آ رہا ہے اور ابوسفیان کا قافلہ بدر سے گزر کر مکہ جا رہا ہے تب وہ سب کچھ پیش آیا جس کو تفصیل کے ساتھ سن آئے ہو اور یہی وہ حالت تھی جس کا ذکر قرآن نے اس طرح کیا:

﴿وَ اِنَّ فَرِیۡقًا مِّنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ لَکٰرِہُوۡنَ ۙ﴾ اور ﴿وَ لَوۡ تَوَاعَدۡتُّمۡ لَاخۡتَلَفۡتُمۡ فِی الۡمِیۡعٰدِ ۙ﴾

بہر حال ان ہر دو مقامات کا تبادر، کلام الٰہی کا سیاق و سباق اور آیات کے اندر موجود قرائن و دلائل کے سامنے مصنف سیرت النبی ﷺ کا ﴿کَمَاۤ اَخۡرَجَکَ رَبُّکَ مِنۡۢ بَیۡتِکَ﴾ کے اجمال سے بے دلیل ایک دعویٰ کر دینا کسی طرح صحیح نہیں ہے اور آیت ﴿وَ اِنَّ فَرِیۡقًا مِّنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ لَکٰرِہُوۡنَ ۙ﴾ میں "وٗ" حالیہ کے لیے بقاعدۂ عربیت ہرگز یہ ضروری نہیں کہ حال اور ذوالحال کا زمانہ اس طرح ایک ہو کہ دونوں آن واحد سے وابستہ ہوں بلکہ زمانہ کا امتداد نہ صرف ممکن الوقوع بلکہ اکثر الوقوع ہوتا ہے نیز "حال مقدرہ" کی مثالیں کلام عرب میں بیشتر موجود ہیں اور "حال مقدرہ" کا حال یہ ہے کہ جو واقعہ کسی ایک بات کی بناء پر آئندہ قریبی زمانہ میں پیش آنے والا ہے اس کو برسبیل تقدیر واو حالیہ کے ساتھ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ گویا وہ اسی آن میں پیش آیا ہے کیونکہ اس کا پیش آنا یقینی ہے اور اس صورت میں آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ مدینہ سے خروج اس حالت میں ہوا کہ جب صورت حال نازک بن کر سامنے آئی تو مسلمانوں کے ایک گروہ پر گراں گزرنے لگا کہ اے کاش! مدینہ سے کیوں نکلے جو اس صورت کے ساتھ دوچار ہونا پڑا۔

④ یہ بھی واضح نہیں ہے کہ کاروانِ تجارت مسلمانوں کے ہاتھ سے اس طرح بچ کر نکل گیا تھا کہ مسلمان اس کا تعاقب نہ کر سکیں اور اس کو قابو میں نہ لا سکیں۔ چنانچہ آیت ﴿وَ الرَّکۡبُ اَسۡفَلَ مِنۡکُمۡ ؕ﴾ اس پر صاف دلالت کر رہی ہے البتہ مسلمانوں کو اپنے جاسوسوں کے ذریعہ جو کچھ قافلہ کے متعلق معلوم ہوا تھا اس کے پیش نظر یہ خیال اب بھی تھا کہ ابوسفیان کا قافلہ بدر ہی کے راستہ سے گزرے گا اور اس لیے وہ وادی ذفران میں مشورہ کے وقت کاروانِ تجارت کے طالب تھے اور اسی لیے اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ کیا کہ دونوں میں سے کسی ایک گروہ پر تم کو ضرور مسلط کر دیں گے درحقیقت حال کے پیش نظر ہی یہ بھی اپنے رسول کو بتلا دیا کہ "عیر" سے نہیں بلکہ "نفیر" سے تم کو واسطہ پڑے گا اور تم کامیاب ہو گے۔

اس صورت حال کو اگرچہ بعض اصحاب سیرت نے واضح نہیں کیا مگر محققین ارباب سیر نے اس حقیقت کو مستند روایات سے ثابت کیا ہے:

چنانچہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر اور تاریخ میں اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری اور شیخ بدرالدین عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں بسند اس واقعہ کو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں:

قال رسول الله ﷺ و نحن بالمدينة انى اخبرت عن عيرابى سفيان انها مقبلة فهل لكم ان تخرجوا قبل هذه العير لعل الله يغنمناها فقلنا نعم فخرج و خرجنا فلما سرنا يومًا او يومين قال لنا ما ترون فى قتال القوم فانهم قد اخبروا بخروجكم فقلنا لا والله مالنا طاقة لقتال العدو ولكنا اردنا العير. (الحديث) [1]

[1] تفسیر ابن کثیر برحاشیہ فتح الباری ج ۴ ص ۲۶۱

"ہم مدینہ میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے ابھی معلوم ہوا کہ ابوسفیان کا کاروان تجارت شام سے آ رہا ہے کیا تم تیار ہو کہ اس سے قبل اس کی راہ گھیر لو کیا عجب کہ اللہ تعالیٰ اس بہانہ ہم کو مال غنیمت عطا کر دے ہم سب نے عرض کیا "ہاں" پس آپ ﷺ بھی نکلے اور ہم بھی نکلے ابھی ایک یا دو دن کی مسافت پر ہی پہنچے تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے معلوم ہوا ہے کہ اہل مکہ فوج کشی کے ارادہ سے آ رہے ہیں اب کیا ارادہ ہے؟ تب ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! قسم بخدا اس حالت میں ہم میں دشمن کے مقابلہ کی طاقت نہیں ہے البتہ قافلہ پر حملہ کا ارادہ ضرور ہے۔"

یہ اور اسی قسم کی روایات بکثرت موجود ہیں جن میں صراحت ہے کہ مسلمان وادی ذفران میں کاروانِ تجارت پر حملہ آور ہونے کے متوقع تھے اور وجہ یہی تھی کہ ان کے جاسوسوں نے بدر میں اس کے آنے کی خبر دی تھی۔

④ آیت ﴿وَ تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ﴾ (انفال: ۷) میں جمہور کے نزدیک نبی اکرم ﷺ اسی جانب ہیں جس جانب خدا ہے اور جب بعض مسلمانوں نے نبی اکرم ﷺ کے رخ کو پہچان لیا تو پھر وہ بھی خدا اور خدا کے رسول ﷺ کی مرضی کے ساتھ ہو گئے اس لیے اس حقیقت کو ان جذباتی الفاظ سے بے حقیقت نہیں بنایا جا سکتا۔

ایک طرف وہ لوگ ہیں جو قافلہ تجارت پر حملہ کرنا چاہتے ہیں دوسری طرف خدا ہے (جو چاہتا ہے) کہ حق کو قائم کر دے اور کافروں کی جڑ کاٹ دے اب سوال یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ ان دو میں سے کس کے ساتھ ہیں؟ عام روایتوں کے مطابق اس سوال کا کیا جواب ہوگا میں اس تصور سے کانپ اٹھتا ہوں۔ ✽ پس اس آیت کو بھی اپنے دعوے کے لیے سند بنانا کس طرح صحیح نہیں ہو سکتا۔

⑤ کفار قریش جو مکہ سے لڑنے کے لیے بدر میں آئے ان کی نسبت قرآن مجید میں ہے:

﴿وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ رِئَآءَ النَّاسِ وَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ﴾ (الانفال: ۴۷)

"ان لوگوں کی طرح نہ بنو جو اپنے گھروں سے مغرورانہ نمائش اور خدا کی راہ سے روکے ہوئے نکلے۔"

اگر قریش صرف قافلہ تجارت کے بچانے کے لیے نکلتے تو خدا کیوں کہتا کہ وہ اظہار شان اور دکھاوے کے لیے خدا کی راہ سے لوگوں کو روکتے ہوئے نکلے...... الخ"

یہ بھی مصنف سیرت النبی کا ایک انوکھا استدلال ہے اس لیے کہ جن روایات میں یہ ہے کہ کفار قریش قافلہ تجارت کے بچانے کے لیے نکلے ان ہی میں یہ بھی بصراحت موجود ہے کہ جب ابوسفیان نے قاصد کے ہاتھ کہلا بھیجا کہ ہم مسلمانوں کی زد سے بچ گئے ہیں تم اب مکہ واپس چلے جاؤ تو ابوجہل نے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ اب تو ہم مسلمانوں کا قلع قمع کر کے ہی جائیں گے اور یہی وہ جذبہ تھا جس نے کفار قریش کو بدر کی جانب سے نخوت کے ساتھ پیش قدمی کے لیے ابھارا جس کا ذکر قرآن حکیم اس آیت میں کر رہا ہے:

اس کے بعد مولانائے مرحوم نے احادیث سے اپنے مقصد کی تائید چاہی ہے اور اس سلسلہ میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ تمام ذخیرۂ حدیث میں کعب بن مالک کی روایت کے علاوہ کہیں یہ مذکور نہیں کہ آنحضرت ﷺ بدر میں قریش کے قافلہ تجارت پر حملہ آوری کے

✽ سیرۃ النبی ج ۲ ص ۲۳۱

لیے نکلے نیز کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت مولانا کے نزدیک متعدد وجوہ سے قابل بحث ہے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی روایت بخاری میں اس طرح منقول ہے:

عن عبداللہ بن کعب قال کعب لم اتخلف عن رسول اللہ ﷺ فی غزوۃ غزاھا الا غزوۃ تبوک غیر ان کنت تخلفت فی غزوۃ بدر ولم عاتب احد تخلف عنھا انما خرج النبی ﷺ یرید عیر قریش حتی جمع اللہ بینہ و بینھم علی غیر میعاد۔ (جلد ثانی کتاب الغزوات)

"کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر کسی غزوہ میں پیچھے نہیں رہا بجز غزوۂ تبوک کے اور وہاں غزوۂ بدر میں بھی شریک نہیں تھا اور جو اس میں شریک نہیں ہوا اس پر کچھ عتاب نہیں کیوں کہ آنحضرت ﷺ قریش کے قافلہ کے لیے نکلے تھے کہ خدا نے دونوں فریق کو اچانک مقابل کر دیا۔"

حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی اس روایت کی تائید ذخیرۂ حدیث میں دیگر روایات سے بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ گذشتہ صفحات میں ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث جس کو ابن مردویہ اور ابن ابی حاتم سے تمام محدثین وارباب سیر نے نقل کیا ہے گزر چکی ہے اس میں صراحت کے ساتھ یہ کہا گیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ اوّل مدینہ سے ابوسفیان کے قافلہ کے لیے نکلے اور جب ایک یا دو دن کی مسافت پر پہنچے تو معلوم ہوا کہ کفار مکہ کا لشکر مقابلہ کے لیے آرہا ہے تب آپ ﷺ نے پھر مشورہ کیا اور اسی مشورہ میں بعض مسلمانوں نے جنگ کے حق میں گرانی کا اظہار کیا اس لیے یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ ذخیرہ حدیث میں کعب کی روایت کے علاوہ کوئی روایت اس کو ظاہر نہیں کرتی کہ نبی اکرم ﷺ مدینہ سے ابوسفیان کے قافلہ کے لیے نکلے تھے۔

رہا کعب کی حدیث کا معرضِ بحث ہونا تو یہ دعویٰ خود محل نظر ہے جو حسب ترتیب لائق توجہ ہے:

① فرماتے ہیں کہ حضرت کعب چونکہ غزوۂ بدر میں شریک نہیں تھے اس لیے ان کی روایت اس موقعہ مشاہدہ و واقعیت کی روایت نہیں۔

میدان استدلال میں یہ عجیب دلیل ہے اس لیے کہ جب مصنف سیرت النبی ﷺ کا یہ دعویٰ ہے کہ نبی اکرم ﷺ مدینہ سے شروع ہی میں کفار قریش سے جنگ کے ارادہ سے نکلے تھے اور مدینہ میں ہی مشہور تاریخی مشورہ فرمایا تھا تو کعب بن مالک رضی اللہ عنہ خواہ غزوۂ بدر میں شریک نہ ہوئے ہوں لیکن مدینہ میں بہرحال موجود تھے اس لیے یہ کیسے ممکن ہے کہ نبی اکرم ﷺ انصار و مہاجرین سے مشورہ فرمائیں اور موجودہ صحابہ رضی اللہ عنہم شرکت نہ کریں۔ لہٰذا حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی روایت کو مشاہدہ و واقعیت کی روایت تسلیم نہ کرنا قطعاً بے سند ہے۔ البتہ اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ جنگ کے متعلق مشورہ مدینہ سے باہر کسی وادی میں ہوا تھا تب یہ بیشک کہا جا سکتا ہے کہ کعب رضی اللہ عنہ اگر اس مشورہ کے متعلق کچھ فرمائیں تو وہ مشاہدہ و واقعیت کی روایت نہیں ہوگی کیونکہ وہ غزوۂ بدر میں شریک نہیں تھے۔

② اس واقعہ کی روایت سے ان کا مقصود یہ ہے کہ غزوۂ بدر کی اہمیت کم ہو جائے تاکہ عدم شرکت سے ان کا وزن کم نہ ہو۔ الخ

مولانا کا ایک صحابی کے متعلق یہ سوءِ ظن بھی قطعاً بے سند اور بے دلیل ہے اس لیے کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بدر کی اہمیت کو کم کرنا نہیں چاہتے بلکہ اس کی اہمیت اور عظمت کا احساس ہی ان کو اس پر مجبور کر رہا ہے کہ وہ اپنی عدم شرکت کے لیے معذرت پیش کریں کہ ان کو یہ سعادت اس لیے نصیب نہ ہو سکی کہ جب مسلمان مدینہ سے نکلے تھے تو چونکہ کاروانِ تجارت کے لیے نکلے تھے اس لیے سب

کی شرکت ضروری نہیں تھی تاہم جو نکلے ان کو وہ بے نظیر شرف ہاتھ آ گیا جس سے ہم جیسے محروم رہ گئے۔

کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی اس روایت میں ایک اور باریک نکتہ مستور ہے جو مولانا کے دعوے کو یکسر ہوا بنا دیتا ہے وہ یہ کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ اس جانب بھی توجہ دلا رہے ہیں کہ اگر بدر کا معرکہ غزوۂ تبوک کی طرح مدینہ کے اندر ہی طے شدہ ہوتا اور نبی اکرم ﷺ مدینہ سے اس ہی غرض کے لیے نکلتے تو یہ ناممکن تھا کہ اس قدر اہم اور عظیم الشان غزوہ کے لیے "نفیر عام" نہ ہوتا اور جو لوگ جی چرا کر یہاں بیٹھ رہتے واپسی پر ان سے باز پرس نہ کی جاتی جبکہ غزوۂ تبوک میں انہی کعب رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء سے عدم شرکت پر اس قدرت سخت باز پرس ہوئی تھی کہ ذات اقدس ﷺ نے ان کے مقاطعہ کا حکم صادر فرما دیا تھا اور جب تک ان کی توبہ کے قبول پر وحی الٰہی کا نزول نہیں ہوا تقریباً پچاس دن مقاطعہ کا سلسلہ جاری رہا اس لیے یہ یقین کرنا چاہیے کہ غزوۂ تبوک میں مجھ پر ناراضی کا اظہار اور مقاطعہ کا اعلان اور بدر میں ان امور کا فقدان بلاشبہ اس لیے تھا کہ معرکہ بدر ارادی نہیں تھا بلکہ حسب اتفاق بالکل اچانک پیش آ گیا اور درحقیقت نبی اکرم ﷺ اور مسلمان مدینہ سے "عیر" کے ہی لیے نکلے تھے غرض حضرت کعب رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر کی حیثیت کو کم کرنا نہیں چاہتے بلکہ اپنے عذر عدم شرکت کی معقولیت کو ظاہر کرنا اور واقعہ کی نوعیت کو واشگاف کرنا چاہتے ہیں۔

پھر یہ عجیب بات ہے کہ مصنف سیرت النبی تو یہ معلوم کر سکیں کہ قرآن ناطق ہے کہ نبی اکرم ﷺ مدینہ سے ہی کفار قریش کے مقابلہ میں نکلے اور ان کے بقول احادیث بھی یہی صراحت کر رہی ہیں لیکن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ پر ساری عمر یہ حقیقت آشکارا نہ ہو سکی ہاں یہ حقیقت جدا ہے کہ مولانا کے نزدیک کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنی اہمیت کو برقرار رکھنے کے لیے جان بوجھ کر کذب بیانی تک پر آمادہ ہو گئے مگر میں تو اس کے تصور سے بھی کانپ اٹھتا ہوں۔

③ مولانا کے نزدیک بخاری میں مذکور کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کے بھی خلاف ہے جو مسلم اور مصنف ابن ابی شیبہ میں منقول ہے:

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاور حین بلغه اقبال ابی سفیان قال فتکلم ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فاعرض عنه فتکلم عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فاعرض عنه فقام سعد بن عبادة رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال ایانا ترید یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیده لو امرتنا ان نخیضها البحر لاخضناها.... الخ

"حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ کو جب ابوسفیان کے آنے کی خبر معلوم ہوئی تو آپ ﷺ نے مشورہ طلب کیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے تو آپ ﷺ نے توجہ نہ فرمائی۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے آپ ﷺ نے ان کی طرف بھی توجہ نہ کی۔ پھر سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ کا روئے خطاب ہم انصار کی طرف ہے خدا کی قسم اگر دریا میں سواری ڈالنے کا آپ ﷺ حکم دیں تو ہم ڈال دیں گے.....الخ"

یعنی اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ابوسفیان کے آنے کا حال معلوم ہوا تو اسی وقت آپ ﷺ نے مہاجرین و انصار سے مشورہ کیا اور انصار سے اعانت کی خواہش کی اور ابوسفیان کی آمد کا حال مدینہ ہی میں معلوم ہو چکا ہے اس بنا پر یہ محقق طور پر ثابت ہو گیا کہ اس غزوہ کی شرکت کے لیے آپ ﷺ نے انصار سے مدینہ ہی میں خواہش کی تھی۔

مگر مولانا کا یہ استدلال بھی صحیح نہیں ہے اس لیے کہ اس روایت میں راوی نے ایک بہت بڑی غلطی کر دی ہے وہ یہ کہ اس

نے انصار مقررین میں سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا نام لیا ہے، حالانکہ تمام محدثین کا اس پر اتفاق ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر میں شریک نہیں تھے اور تمام ذخیرۂ حدیث میں اس تقریر کو حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کی جانب منسوب کیا گیا ہے اور یہی صحیح و درست ہے البتہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے اسی قسم کی تقریر حدیبیہ کے موقع پر کی تھی جس کا ذکر روایات میں بکثرت موجود ہے تو ثابت ہوا کہ اس روایت میں راوی نے واقعہ کو خلط ملط کر دیا ہے۔ پس حدیث انس رضی اللہ عنہ کے ابتدائی جملوں میں بھی یا تو ابہام و اجمال ہے اور یا راوی کے وہم کی وجہ سے مدینہ کے ابتدائی مشورہ اور وادی ذفران کے مشہور تاریخی مشورہ کے درمیان خلط ہو گیا ہے۔ چنانچہ مشہور محدث اور بخاری کے شارح حافظ ابن حجر رحمہ اللہ بھی روایت انس رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے یہ فرماتے ہیں:

و وقع فی مسلم ان سعد بن عبادة هو الذی قال ذٰلك و كذا اخرجه ابن ابی شيبة من مرسل عكرمة و فيه نظر لان سعد بن عبادة لم يشهد بدرًا و يمكن الجمع بان النبی ﷺ استشارهم فی غزوة بدر مرتين الاولٰی و هو بالمدينة اول ما بلغه خبر العير مع ابی سفيان و ذٰلك مبيّن فی رواية مسلم ووقع عند الطبرانی ان سعد بن عبادة قال ذٰلك بالحديبية و هٰذا اولٰی بالصواب.

"اور مسلم میں ہے کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے وہ تقریر کی جو مقداد رضی اللہ عنہ کی جانب منسوب ہے اور ابن ابی شیبہ رضی اللہ عنہ نے بھی "مصنف" میں اسی طرح عکرمہ کے مرسل کے ذریعہ نقل کیا ہے اور اس پر اعتراض واقع ہوتا ہے اس لیے کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہوئے ہاں حدیث مسلم کے اس مضمون کو دوسری صحیح حدیث کے ساتھ اس طرح جمع کیا جا سکتا ہے کہ دراصل بدر کے معاملہ میں دو مشورے ہوئے ہیں ایک مدینہ کے اندر ہوا جب نبی اکرم ﷺ کو ابوسفیان کے قافلہ کا حال معلوم ہوا مسلم کی روایت میں شاید اس کا ذکر ہے اور دوسرا مشورہ راستہ میں وادی ذفران میں ہوا جیسا کہ فتح الباری میں بصراحت مذکور ہے اور طبرانی میں ہے کہ دراصل سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی یہ تقریر حدیبیہ کے موقع پر ہوئی تھی (اور راوی نے اس جگہ خلط ملط کر دیا ہے) اور یہی صحیح اور درست ہے۔"

غرض حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث سے بھی مولانا کا استدلال صحیح نہیں ہے رہا یہ معاملہ کہ انصار جب قافلہ کے لیے مدینہ سے نکل چکے تھے تو پھر اس اہمیت کے ساتھ وادی ذفران میں ان کی رائے معلوم کرنے کی ضرورت ہی کیا باقی رہ گئی تھی تو یہ شبہ بھی نادرست ہے کیونکہ سابق میں یہ ثابت ہو چکا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے مدینہ سے نکلتے وقت بھی ابوسفیان کے قافلہ پر قابض ہونے کے لیے مہاجرین و انصار سے مشورہ کیا تھا وہ غالباً اس لیے کیا ہوگا کہ انصار بھی شریک ہونا چاہتے ہیں اور جب اچانک جنگ کا یہ معاملہ بہت ہی شدید پیش آ گیا اور صورت حال انتہائی نازک ہو گئی تو انصار سے دریافت کرنا از بس ضروری تھا کہ اس حالت میں بھی وہ مدینہ سے باہر معرکہ آرائی کے لیے تیار ہیں یا نہیں۔

بہرحال بخاری، نسائی، ترمذی اور دیگر کتب حدیث میں مذکور غزوۂ بدر سے متعلق روایات کے خلاف مسلم کی روایت انس رضی اللہ عنہ کے آخری ٹکڑوں میں جو کچھ بھی مذکور ہے وہ سب اسی مشورہ سے متعلق ہے جو وادی ذفران میں مدینہ سے باہر ہوا تھا اور تمام صحیح روایات کے خلاف یہ راوی کا وہم ہے کہ اس نے پہلے ٹکڑے کے ساتھ دوسرے ٹکڑوں کو اس طرح خلط ملط کر دیا ہے کہ گویا یہ سب کچھ ابوسفیان کے قافلہ کے وقت ہی پیش آ یا تھا اور اس پر بھی مستزاد یہ کہ اس روایت میں کفار قریش سے جنگ کا اشارہ تک بھی نہیں ہے کہ مولانا کے لیے دلیل ہو سکے بلکہ ابوسفیان کے قافلہ ہی کا مذکور ہے اس لیے مولانا کو پھر اس روایت کے ٹکڑوں کو بھی اپنے

موافق بنانے میں تکلفات کرنے پڑتے ہیں۔

اسی طرح مولانائے مرحوم کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے استناد بھی صحیح نہیں جس میں بدر کے واقعہ کا ان الفاظ میں ذکر ہے:

عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال لما قدمنا المدينة اصبنا من ثمارها فاجتوينا واصابنا بها وعك و كان النبی صلی اللہ علیہ وسلم يتخبر عن بدر فلما بلغنا ان المشركين قد اقبلوا سار رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم الی بدر و بدر بئر فسبقنا علی المشركين اليها. (الحديث)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم مدینہ آئے تو وہاں پھل کھانے کو ملے جو ہمارے ناموافق مزاج تھے اس لیے ہم بیمار ہو گئے، آنحضرت ﷺ بدر کو پوچھا کرتے تھے، جب ہم کو خبر ملی مشرکین آ رہے ہیں تو رسول اللہ ﷺ بدر کو چلے بدر ایک کنویں کا نام ہے جہاں ہم مشرکین سے پہلے پہنچ گئے۔"

یہ روایت طویل ہے مگر اس میں ابتدائی واقعات کو نظر انداز کر کے صرف معرکے کا تفصیل کے ساتھ ذکر ہے۔ چنانچہ اس میں نہ مدینہ کے اندر مشورہ کا ذکر ہے نہ بعض مسلمانوں کی کراہت اور گرانی کا تذکرہ ہے اور نہ مہاجر و انصار کی ولولہ انگیز تقاریر مذکور ہیں حتیٰ کہ مسلمانوں کی تعداد اور بے سروسامانی تک کا بھی کوئی ذکر نہیں ہے اور اس پر طرہ یہ کہ مدینہ کی آمد کے وقت مہاجرین کی ناموافق آب و ہوا کے بعد ہی متصل بدر کے واقعہ کا ذکر شروع کر دیا گیا ہے حالانکہ اس درمیان میں کتنے سرایا اور دوسرے اہم واقعات پیش آ چکے تھے جو کتب احادیث میں بسند صحیح منقول ہیں۔

پس اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت اس بات کے لیے سند ہو سکتی ہے کہ اس میں قافلہ کے لیے نکلنے کا کوئی ذکر نہیں ہے بلکہ مشرکین مکہ سے جنگ کا ہی ذکر ہے تو بلاشبہ یہ روایت اس شخص کے لیے ہی سند ہو سکتی ہے جو بدر کے معرکے سے متعلق ان تمام ابتدائی واقعات کا انکار کر دے جس کا اس روایت میں ذکر موجود نہیں حالانکہ قرآن اور دوسری روایات میں بصراحت وہ واقعات مذکور ہیں۔

روایت و درایت کا مسلمہ اصول ہے کہ جب ایک ہی واقعہ سے متعلق مفصل و مجمل دونوں قسم کی روایات بسند صحیح موجود ہوں تو ہمیشہ مجمل کی تفصیل و تشریح مفصل ہی کے ذریعہ کی جائے گی اور اگرچہ بہت سے مقامات پر مولانا بھی اس کو تسلیم فرماتے ہیں مگر یہاں نہ معلوم کیوں نظر انداز کرنا چاہتے ہیں۔

تفصیل و اجمال کی اس حقیقت کے پیش نظر ابن جریر رحمہ اللہ نے اپنی تاریخ میں، امام احمد رحمہ اللہ نے مسند میں ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے مصنف میں اور بیہقی رحمہ اللہ نے دلائل میں بدر کی مفصل و مجمل روایات کے ضمن میں اس روایت کو بھی نقل کر دیا ہے اور جن روایات میں قافلہ کا تذکرہ ہے اور جن میں نہیں ہے ان سب کو بیان کر کے ایک دوسرے کے متضاد نہیں سمجھا۔

مصنف سیرۃ النبی قرآن اور احادیث سے استشہاد کے بعد واقعہ کے بعض پہلوؤں سے عقلی استشہاد کرنا چاہتے ہیں جو قابل توجہ ہیں:

① رسول اللہ ﷺ نے بدر سے قبل جس قدر سرایا بھی بھیجے ہیں ان میں سے کسی ایک میں بھی انصار کو نہیں بھیجا۔ پس اگر مدینہ میں

ہی مشورہ نہ ہوا ہوتا تو کاروان تجارت کے مقابلہ میں بھی انصار نہ نکلتے حالانکہ وہ مہاجرین سے زیادہ تعداد میں نکلے یعنی کل فوج (۳۰۵) تھی جن میں (۷۰) مہاجرین تھے باقی سب انصار۔

لیکن یہ استشہاد بھی اس لیے درست نہیں ہے کہ کاروان تجارت کا یہ معاملہ چونکہ زیادہ اہم نہیں تھا اور دشمن میں مقابلہ کی طاقت نہیں تھی اس لیے نبی اکرم ﷺ نے یہ چاہا کہ اس سلسلہ میں جو مال غنیمت ہاتھ آئے اس میں انصار کا بھی حصہ ہو مگر عقبیٰ میں انصار کے معاہدہ کے پیش نظر ضرورت تھی اس بات کی کہ ان سے مشورہ لیا جائے کہ وہ نکلنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ چنانچہ کاروان تجارت کے سلسلہ میں مدینہ کے اندر ہی مشورہ کیا گیا تھا جس میں انصار نے بخوشی رفاقت کو منظور کیا تھا۔ چنانچہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تاریخ میں ابن اسحاق رحمہ اللہ سے بسند یہ روایت کی ہے:

لما سمع رسول الله ﷺ بابی سفیان مقبلًا من الشام ندب المسلمین الیهم و قال هٰذه عیر قریش فیها اموالهم فاخرجوا الیها لعل الله ینفلکموها فانتدب الناس فخلف بعضهم و ثقل بعض و ذٰلك انهم لم یظنوا ان رسول الله ﷺ لم یلقی حربًا۔ [1]

"نبی اکرم ﷺ نے جب ابوسفیان کی شام سے آمد کا حال سنا تو مسلمانوں کو کاروان ابوسفیان کے لیے پکارا اور فرمایا" یہ قریش کا کاروان ہے اس میں ان کا مال تجارت ہے پس اس کے لیے نکلو کیا تعجب ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ مال غنیمت تمہارے ہاتھ لگا دے پس لوگ تیار ہو گئے بعض نے تو اس مقابلہ کو پسند کیا اور بعض کو نکلنا شاق گزرا کیونکہ ان کو یہ خیال ہی نہیں تھا کہ رسول اللہ ﷺ اس سفر میں جنگ سے دو چار ہوں گے۔"

اس روایت کا جملہ ((لعل الله ینفلکموها)) اور ((لم یظنوا ان رسول الله ﷺ لم یلقی حربا)) صاف پتہ دے رہے ہیں کہ انصار اس مرتبہ اس لیے مدینہ سے نکلے کہ جنگ کا اندیشہ نہیں تھا اور کثیر مال غنیمت کی توقع تھی اور اسی بنا پر نبی اکرم ﷺ نے اس مرتبہ ان کو ہمراہ لینے کا ارادہ فرمایا۔

۲ ابوسفیان کا کاروان تجارت جب شام سے روانہ ہو کر حدود مدینہ وشام سے نکل گیا اور مکہ کی راہ پر پڑ گیا تب نبی اکرم ﷺ کو جاسوسوں نے اطلاع دی اس سے قبل اطلاع نہ ہو سکی۔ لہٰذا مولانائے مرحوم کا یہ عقلی استدلال واقعہ کی اصل حقیقت کو نہیں بدل سکتا کہ مکہ سے شام کو جو قافلہ تجارت جاتا تھا وہ مدینہ کے پاس سے ہو کر گزرتا تھا اس لیے شام سے آنے والے قافلہ کے لیے آپ ﷺ کو شام کی جانب بڑھنا چاہیے تھا نہ کہ مکہ کی جانب جہاں قریش کے اثرات زیادہ تھے۔

اس کے بعد مولانا نے جمہور کے مسلک کو پیش نظر رکھ کر پانچ دفعات میں اپنی جانب سے واقعہ بدر کے اسباب کی ایسی ترتیب دی ہے کہ جس پر مولانا کو آخر میں یہ کہنے کا موقع مل سکا:

"کیا واقعات کا یہ نقشہ قریش کے جوش عداوت اور رسول اللہ ﷺ کی شان نبوت کے موافق ہے۔" [2]

مولانائے مرحوم بہترین ادیب ہیں اور وہ خوب جانتے ہیں کہ کسی اچھے سے اچھے واقعہ کو بھی اگر مخالفانہ رنگ دینے کی کوشش کی جائے تو اس کو الفاظ کی تعبیرات میں بھیانک سے بھیانک رنگ میں پیش کیا جا سکتا ہے۔

---

[1] ج ۳ ص ۲۵۶ [2] سیرۃ النبی ج ۳ ص ۳۱۹

مسئلہ طلاق، نکاح بیوگان، تعدد ازدواج جیسے مسائل کے متعلق عیسائی پادریوں اور ہندو آریہ سماجیوں نے جن توہین آمیز اور مضحکہ خیز تعبیرات میں رنگ کر اپنے معتقدین کے سامنے پیش کیا ہے وہ نگاہوں سے اوجھل نہیں ہیں مگر آج کی دنیا تہذیب و تمدن میں جب انہی عیسائیوں اور ہندوؤں نے سینکڑوں اور ہزاروں سال کے تجربہ کے بعد یہ یقین کر لیا کہ سوسائٹی کا "معاشرتی نظام" رحمۃ للعالمین کے لائے ہوئے قانون کو اختیار کیے بغیر صحیح نہیں ہوسکتا، تو آج وہ پارلمنٹ کونسل اور اسمبلیوں کے ذریعہ ان ہی قوانین طلاق، نکاح بیوگان وغیرہ کو اپنی معاشرت میں شامل اور ان امور کے جواز کے لیے بہتر سے بہتر عقلی دلائل و ادبی تعبیرات اختیار کر رہے ہیں۔

پس غزوۂ بدر کیوں پیش آیا؟ اس کے لیے جمہور نے باتفاق تاریخ و سیرت یہی کہا ہے کہ مسلمانوں کا مدینہ میں محفوظ رہ کر تبلیغ اسلام کرنا مشرکین کو کسی طرح برداشت نہ ہوسکا اور انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ چھوٹی چھوٹی جھڑپیں شروع کر دی تھیں کہ اس اثناء میں "سریہ عبداللہ بن جحش پیش آ گیا، جس میں ان کا مشہور سردار عمرو بن حضرمی قتل ہو گیا اور عثمان بن عبداللہ اور حکم بن کیسان جیسے بہادر سردار قید ہو گئے اس بناء پر کفار مکہ کو اشتعال آ جانا ایک فطری بات تھی۔ چنانچہ مشہور محدث ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں اس سریہ کا عنوان ہی یہ قائم کر دیا ہے:

"باب سریۃ عبداللہ بن جحش التی کانت سببا لغزوۃ بدر العظمی و ذلک ﴿ یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝﴾۔

ابھی یہ اشتعال بڑھ ہی رہا تھا کہ ابوسفیان کے کاروان تجارت کا قصہ مزید پیش آ گیا جو دراصل کاروان تجارت نہیں تھا بلکہ مسلمانوں کے استیصال کا وہ "سرمایہ" تھا جس کے گھمنڈ پر قریش یقین کیے بیٹھے تھے کہ جوں ہی وہ مکہ میں بحفاظت تمام پہنچ جائے گا سمجھ لینا چاہیے کہ مسلمانوں کے خاتمہ کا سامان ہاتھ آ گیا۔

تو اب خود ہی انصاف کیجئے کہ اس میں کون سی بات ایسی ہے جو نبی اکرم ﷺ کی شان نبوت کے خلاف اور قریش کے جوش عداوت کے منافی ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ مولانا شبلی مرحوم نے آرنلڈ ❁ کی رہنمائی کے لیے یا اس کی تقلید میں اس واقعہ کے تمام نقشہ کو جمہور کے خلاف اس لیے پلٹنے کی سعی فرمائی ہے کہ وہ وقت کے عیسائی مستشرقین کے اس اعتراض سے مرعوب ہو گئے ہیں کہ "قافلہ کا لوٹنا انتہائی معیوب بات ہے" لہٰذا جو شخص نبوت کا مدعی ہو وہ کیسے ایسا فعل کر سکتا ہے حالانکہ یہ بات مرعوب ہونے کی نہیں تھی بلکہ ضرورت تھی اس امر کی کہ ان تاریخی اسباب و وسائل کو روشنی میں لایا جائے جن کے پیش نظر مشرکین مکہ کے کاروان تجارت کو روکنا اور ان پر قابض ہونا لوٹ کھسوٹ نہیں بلکہ جنگی نقطۂ نظر اور مسلمانوں کی جماعتی بقاء و حفاظت کے اعتبار سے از بس ضروری تھا۔

صورت حال یہ تھی کہ مکہ کے قیام میں نبی اکرم ﷺ اور مسلمانوں پر تیرہ سال مسلسل مشرکین مکہ نے جو مظالم کیے ان پر صبر و ضبط کے بعد جب مدینہ کو ہجرت کر گئے تب بھی ان مشرکین نے مسلمانوں کو چین سے نہ بیٹھنے دیا اور جنگ و جدل اور سازشی مکر و فریب میں لگے رہے۔ چنانچہ ابوداؤد میں ہے:

❁ آرنلڈ نے بھی غزوۂ بدر کے متعلق انہی خیالات کا اظہار کیا ہے۔

ان کفار قریش کتبوا الی ابن ابی و من کان یعبد معه الاوثان من الاوس والخزرج رسول الله ﷺ یومئذٍ بالمدینة قبل وقعة بدر انکم آویتم صاحبنا و انا نقسم بالله لتقاتلنّه او لتخرجن او نسیرن الیکم باجمعینا حتی نقتل مقاتلتکم و نستبیح نساء کم.(الحدیث باب فی خبر النضیر)

"نبی اکرم ﷺ مدینہ میں تشریف لے آئے تھے کہ بدر کے واقعہ سے بہت پہلے کفار قریش نے عبداللہ بن ابی اور اس کے بت پرست ساتھیوں کو جو اوس اور خزرج میں باقی رہ گئے تھے یہ لکھا کہ تم نے ہمارے صاحب کو پناہ دی ہے اور ہم خدا کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ یا تو تم ان سے لڑو یا ان کو نکال دو ورنہ تو ہم سب تم پر چڑھ آئیں گے اور تمہارے جوانوں کو قتل کریں گے اور تمہاری عورتوں کو باندیاں بنالیں گے۔"

پھر معاملہ دھمکیوں تک ہی نہیں رہا بلکہ کاروان تجارت کی آمدورفت کے پردہ میں منافقین اور یہود مدینہ سے برابر مسلمانوں کے استیصال کے لیے مختلف تدابیر پر خط و کتابت کا سلسلہ برابر جاری رہا اور صرف یہی نہیں بلکہ اب کاروان تجارت کا مقصد محض تجارتی کاروبار تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ نفع کے حصول کو مسلمانوں کے مقابلہ کی تیاریوں پر صرف کرنا نصب العین بنالیا گیا۔

ایسی حالت میں مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے تھا؟ دشمن کو اپنے خلاف اور اپنے استیصال کے لیے سازش کرنے مقابلہ کی تیاریوں میں مشغول رہنے کاروان تجارت کے ذریعہ مدینہ میں مقیم دشمنوں کے ساتھ مشرکین مکہ کو معاندانہ خط و کتابت جاری رکھنے اور خود کاروان تجارت کے ذریعہ اپنے استیصال کے لیے سرمایہ فراہم کرنے دینے کے لیے آزاد چھوڑ دینا اور اس طرح ہمیشہ کے لیے اپنا خاتمہ کرالینا یا ان تمام ذرائع کا سد باب کر کے فتنہ کا سر کچل دینے کی کوشش کرنا؟

لہٰذا مسلمانوں نے وہی کیا جو عقل، تدبیر، سیاست، اخلاق مدن کے نزدیک نہ صرف جائز بلکہ واجب اور ضروری تھا، یہی وہ امور تھے جن کی جانب ارباب سیر و تاریخ نے بھی توجہ دلائی ہے۔ چنانچہ سب سے پہلے سریہ "سریہ حمزہ" کے متعلق (جو کہ مشرکین کے کاروانِ تجارت کے روکنے کے لیے نکلا تھا) زرقانی شرح مواہب میں تحریر فرماتے ہیں:

فخرجوا یعترضون عیرًا لقریش جاءت من الشام ترید مکة ای یعترضون لها لیمنعوها من مقصدها باستیلائهم.... الخ (جلد ۱ ص ۴۵۲)

"پس وہ نکلے کہ قریش کے کاروان تجارت کے درپے تھے" جو شام سے مکہ جارہا تھا یعنی وہ یہ چاہتے تھے کہ جس مقصد کے لیے یہ کاروان تجارت آ جارہے ہیں ان پر غلبہ کر کے اس مقصد کو پورا نہ ہونے دیں۔"

اور ابوسفیان کے جس کاروان تجارت کے واقعہ سے بدر کے معرکہ کا تعلق ہے اس کے متعلق تو تمام ارباب سیر و تاریخ متفق ہیں کہ قریش کے اندر مسلمانوں کے استیصال کا جوش و خروش اس درجہ بڑھا ہوا تھا کہ جب ابوسفیان کا کاروان تجارت مکہ سے چلا ہے تو کوئی قریشی اور قرشیہ باقی نہیں رہی تھی جس کے پاس ایک مثقال بھی موجود تھا کہ اس نے اپنا راس المال کاروان کے حوالہ نہ کر دیا ہو۔ زرقانی میں ہے:

کان فیها خمسون الف دینار و کان لم یبق قرشی و لا قرشیة له مثقال الا بعث به فی العیر. (جلد ۱ ص ۴۷۶)

"کاروانِ تجارت کے ساتھ پچاس ہزار دینار سرخ تھے اور کوئی قرشی و قرشیہ کہ جس کے پاس ایک مثقال بھی موجود تھا ایسے

نہیں تھے کہ جس نے قافلہ میں اپنا راس المال نہ لگایا ہو۔"

ابوسفیان کا یہ کاروان صرف کاروانِ تجارت ہی نہ تھا بلکہ سامان حرب وضرب کے لیے بنیاد کار تھا اس کا اندازہ ابوجہل کے اس قول سے بھی ہوتا ہے جو قافلہ کے گھر جانے پر اس نے قرشیوں کو مشتعل کرتے ہوئے کہا:

النجاء النجاء علی کلّ صعب و ذلول غیرکم اموالکم ان اصابہا محمد (ﷺ) لم تفلحوا بعدھا ابدًا.

"نجات حاصل کرو انتہائی مصیبت و ذلت سے نجات حاصل کرو کاروانِ تجارت کارواں نہیں ہے تمہارے مال و دولت کا ذخیرہ ہے اگر محمد (ﷺ) اس پر قابض ہو گئے تو پھر تم ہمیشہ کے لیے ناکام و نامراد ہو کر رہ جاؤ گے۔"

کیا ابوجہل کا یہ خطرہ محض کاروانِ تجارت کے لٹ جانے پر ہوسکتا تھا؟ ہرگز نہیں بلکہ وہ یہ سمجھتا تھا کہ یہ تجارت کا کارواں نہیں ہے بلکہ سامان جنگ کی وہ ریڑھ کی ہڈی ہے جس کی حفاظت کی خاطر آج کی مہیب جنگوں میں فیصلہ کن لڑائیاں لڑی جاتی ہیں۔

تو اب انصاف فرمایئے کہ اس قسم کے کاروانِ تجارت پر حملہ کر کے دشمن کی تجارت کا سدباب کرنا کون سا گناہ تھا جس کے لیے ہم دوسروں کی ہرزہ سرائی سے مرعوب ہو کر حقائق کا انکار کرنے لگیں۔

مولانا کو یہ بات بھی کھٹکتی ہے کہ زر و مال کے حاجت مند انصار سے زیادہ مہاجرین تھے تو پھر نبی اکرم ﷺ کی اس رفاقت میں مہاجرین کے مقابلہ میں انصار کیوں زیادہ تعداد میں تھے سو ان احتمالات عقلی کا باب تو اس درجہ وسیع ہے کہ جس قدر جی چاہے وسیع سے وسیع تر کرتے چلے جایئے ورنہ بات صاف ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے رجحان طبع نے صورت ہی ایسی پیدا کر دی کہ انصار کی تعداد مہاجرین سے زیادہ ہو گئی ورنہ شاید حالت برعکس ہوتی البتہ مولانا کی توجیہہ کے خلاف یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ اگر مدینہ ہی میں جنگ کے لیے مشورہ ہوا تھا تو پھر مہاجرین جو انصار کے بغیر بھی اب تک مختلف غزوات و سرایا میں سربکف میدان جنگ میں جاتے رہے تھے آج اس عظیم الشان غزوہ میں انصار کے مقابلہ میں کیوں پیچھے رہے۔

اس موقع پر بار بار حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی تقریر کا حوالہ دینا بھی اس لیے غیر موزوں ہے جبکہ ہم محدثین سے یہ نقل کر چکے کہ مسلم کی حدیث میں حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا نام راوی کا وہم ہے اور دراصل ان کی یہ تقریر حدیبیہ کے موقع پر ہوئی تھی نہ کہ معرکہ بدر کے موقع پر۔

مولانائے مرحوم نے سیرت النبی میں طبری کے حوالہ سے اس روایت کو نقل کرتے ہوئے "جس کو ہم گذشتہ صفحات میں نقل کر آئے ہیں اور جو یہ ثابت کرتی ہے کہ مدینہ میں ابوسفیان کے قافلہ سے متعلق جو مشورہ ہوا تھا اس میں بعض مسلمان اس لیے نکلتے ہوئے کسمساتے رہے کہ جنگ کا معاملہ نہیں ہے صرف قافلہ کا معاملہ ہے۔" یہ تنقید فرمائی ہے:

"لیکن یہ واقعات صریح آیات قرآن کے خلاف ہیں قرآن مجید میں یہ تصریح موجود ہے کہ جو لوگ مدینہ سے نکلتے ہوئے کسمساتے تھے وہ عدم ضرورت کی وجہ سے نہیں بلکہ اس وجہ سے کہ ان کو یہ نظر آتا تھا کہ موت کے منہ میں جا رہے ہیں۔"[1]

مگر تنقید فرماتے ہوئے مولانا کو یہ بات فراموش ہو گئی کہ انہوں نے جمہور کے خلاف کوئی دلیل نہیں پیش فرمائی بلکہ جو دعویٰ تھا وہی دلیل بنا کر پیش کر دیا گیا اس لیے جمہور کا دعویٰ مع دلیل تو یہ ہے کہ قرآن عزیز کی زیر بحث آیات مدینہ کے مشورہ سے متعلق ہی

---

[1] سیرت النبی ﷺ ج ۱ ص ۳۳

نہیں ہیں بلکہ وادی ذفران کے مشورہ سے متعلق ہیں جیسا کہ گذشتہ صفحات میں مدلل خود قرآن سے ہی ثابت کیا جا چکا ہے اور اس روایت میں جس مشورہ کا ذکر ہے وہ قرآن میں مذکور نہیں ہے۔ البتہ احادیث و روایات سیر میں بسند صحیح منقول ہے لہٰذا دونوں مواقع پر کسمسانے کی وجوہ جدا جدا تھیں اور قرآن نے اس پورے واقعہ کے ان ہی خاص اجزاء کو بیان کرنا مناسب سمجھا جو مسلمانوں کی بے سروسامانی اور دشمن کی قوت اور پھر مسلمانوں پر خدا کی نصرت کے نزول سے تعلق رکھتے ہیں۔

طبقات ابن سعد میں ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ مدینہ سے ایک میل پر پہنچے تو لشکر کا جائزہ لیا، ابن عمر رضی اللہ عنہ اس زمانہ میں کمسن تھے لہٰذا ان کو واپس کر دیا۔ ✽ اس سے بھی مولانا یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ مدینہ سے قافلہ کے مقابلہ کے لیے نہیں بلکہ کفار مکہ سے جنگ کے لیے ہی نکلے تھے اور نہ تو ایسے نوخیز لڑکے قافلہ کو لوٹنے میں زیادہ مفید ثابت ہو سکتے تھے مگر یہ بھی مولانا کا محض قیاس ہی قیاس ہے اس لیے کہ قافلہ کے مقابلہ میں اگرچہ کسی بڑی جنگ کی توقع نہیں تھی، مگر بہر حال معمولی جنگ کا خطرہ تو موجود ہی تھا کیا ابوسفیان اور اس کے تیس چالیس بہادر قریشی ایک ہزار اونٹ پر لدا ہوا سامان آسانی سے حوالہ کر دیتے یہ کیسے ہو سکتا تھا؟

پس اگر معمولی جنگ کا خطرہ بھی تھا تو نوعمر لڑکوں کو واپس کر دینا اس کے لیے کس طرح دلیل بن سکتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ شروع ہی میں قافلہ کے مقابلہ کو نہیں بلکہ کفار مکہ سے فیصلہ کن جنگ کے لیے نکلے تھے۔

اسی طرح استیعاب میں سعد بن خثیمہ کا جو واقعہ مذکور ہے اس سے بھی مولانا کا مقصد حل نہیں ہو سکتا اس لیے کہ اگر باپ کی فرمائش پر بیٹے نے یہ گوارا نہ کیا کہ اپنی بجائے باپ کو اس موقعہ پر نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نکلنے دے تو اس سے یہ کیسے لازم آ گیا کہ اگر مسلمان مدینہ سے قافلہ پر حملہ کے لیے نکلے تو اس یقین کے ساتھ نکلے تھے کہ ان میں سے کسی ایک شخص کو بھی چشم زخم نہیں پہنچے گا اور سب ہی صحیح سالم واپس آ جائیں گے۔ تو بدقسمتی سے عیسائی مستشرقین سے مرعوب ہو کر ہم نے بزعم خود یہ تصور کر لیا کہ قافلہ پر حملہ کے معنی گویا ڈاکوؤں کا قافلہ لوٹنے کے مترادف ہے۔

مسلمان تو جب بھی دشمنوں کے مقابلہ کو نکلے خواہ وہ براہ راست جنگ کے ارادے سے نکلے ہوں یا دشمن کو دوسرے معاملات میں زک دینے ہمیشہ جہاد اور شہادت ہی کے نقطہ نظر سے نکلتے تھے اور مال غنیمت تو ان کے لیے خدا کا مزید فضل و احسان تھا جو کبھی بغیر جنگ ہی ہاتھ آ گیا اور کبھی خون میں نہانے کے بعد حاصل ہوا۔

اب ہم مصنف سیر النبی ﷺ کے غزوۂ بدر کے متعلق ان تمام دعاوی و شبہات پر تحقیقی نظر ڈالنے کے بعد جو جمہور کے خلاف ان کی جانب سے پیش کیے گئے ہیں صرف ایک سوال پر اس بحث کو ختم کر دینا مناسب سمجھتے ہیں کہ اگر معرکہ بدر میں ابتداء ہی سے یہ بذریعہ وحی بتا دیا گیا تھا کہ خدا کی مرضی معرکہ حق و باطل کی ہے اور قافلہ پر حملہ کرنے یا بقول مولانا کے ''قافلہ لوٹنے'' کا تصور و تخیل گناہ عظیم اور شان اسلام کے خلاف ہے تو آخر جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایسا تصور قائم ہی کیوں کیا اور اگر کیا بھی تھا تو قرآن نے ﴿اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ﴾ کا وعدہ کر کے اس گناہ عظیم کے تصور کی حوصلہ افزائی کیوں کی اور کیوں صاف صاف یہ نہیں کہہ دیا کہ خدائے تعالیٰ ایک لمحہ کے لیے بھی تم کو قافلہ پر قابو پانے کی اجازت نہیں دیتا کیونکہ اس کا تصور بھی گناہ عظیم ہے البتہ اس کا وعدہ کرتا ہے

✽ اسد الغابہ میں بھی یہ واقعہ مذکور ہے ج ۳ ص ۲۲۷

کہ تم کو دشمنوں پر قابو دے گا اور تم کامیاب ہو گے تو کیا پھر قرآن عزیز کا ﴿إِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ﴾ کا اس طرح ذکر کرنا اس امر کی صاف شہادت نہیں ہے کہ معرکہ بدر سے قبل ضرور چند اکابرین اسلام کی یہ مٹھی بھر جماعت قافلہ کے لیے نکلی تھی مگر اچانک جب کفار مکہ سے سابقہ پڑ گیا اور مسلمانوں نے بے سروسامانی کو دیکھ کر قافلہ پر قبضہ چاہا تو اللہ تعالیٰ نے اوّل یہ وعدہ دیا کہ ان دونوں "عیر ونفیر" میں سے ایک تم کو ضرور دیں گے اور پھر نبی اکرم ﷺ کو بذریعہ وحی یہ اطلاع کر دی کہ خدا کی مرضی یہ ہے کہ وہ اب قافلہ کی بجائے معرکہ حق و باطل میں مسلمانوں کو کامیابی عطا کر کے ہمیشہ کے لیے تاریخ ظلم کا رخ عدل کی جانب پھیر دینے والا ہے۔

الحاصل قرآن وحدیث اور تاریخی حقائق کی روشنی میں معرکہ حق و باطل "غزوۂ بدر" کے متعلق جمہور علماء اسلام کا مسلک ہی صحیح ہے اور بلاشبہ واقعات کی صحیح و مستند تفصیلات کسی طرح بھی شان نبوت کے خلاف نہیں اور نہ علم الاخلاق وعلم الاجتماع اور حق وصدق پر مبنی سیاسیات مدن کے منافی ہیں۔ "ھذا ھو الحق و الحق احق ان یتبع"۔

غزوۂ اُحد

اُحد:

اُحد مدینہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے، یہ مدینہ منورہ سے جانب جنوب تقریباً دو میل (ایک فرسخ) پر واقع ہے۔

غزوۂ اُحد:

یہی وہ مقام ہے جہاں شوال ۳ھ مطابق جنوری ۶۲۵ عیسوی میں مسلمانوں اور مشرکوں کے مقابلہ میں معرکہ حق و باطل گرم ہوا، اس لیے اس کا نام غزوۂ "اُحد" ہے۔

غزوۂ اُحد بھی بہت اہم غزوہ ہے اور اپنی تفصیلات و جزئیات کے اعتبار سے اپنے دامن میں عبرت و موعظت کا بے شمار ذخیرہ رکھتا ہے، اس غزوہ کے تفصیلی حالات کتب حدیث و سیرت اور تفاسیر قرآن حکیم میں مکمل طور پر مذکور ہیں۔ [1]

ان حالات کا خلاصہ یہ ہے کہ بدر میں جو زخم قریش کو لگ چکا تھا اس نے ناسور کی شکل اختیار کر لی تھی، کیونکہ بدر کے واقعہ ہائلہ سے قریش کا ہر گھر ماتم گسار اور عرب کے مشرک قبائل نوحہ خواں تھے ابوسفیان نے تو قسم کھالی تھی کہ جب تک بدر کا انتقام نہ لے لوں گا نہ غسل کروں گا، نہ تبدیل لباس عکرمہ بن ابوجہل اور دوسرے نوجوانوں کی تقریریں اور عورتوں کی نوحہ خوانی قریشیوں اور قبائل عرب کو غیرت اور اشتعال دلا کر جنگ کے لیے آمادہ کر رہی تھیں اور اس طرح ابوسفیان کی سرکردگی میں تین ہزار نبرد آزما سورماؤں کا لشکر جرار مکہ سے مسلمانوں کو مٹانے کے لیے نکلا اور اُحد کے سامنے آ کر خیمہ زن ہو گیا۔ نبی اکرم ﷺ کو جب ابوسفیان کی تیاریوں کا حال معلوم ہوا تو صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا، عمر رسیدہ اور تجربہ کار صحابہ نے یہ رائے دی کہ ہم کو باہر نکل کر جنگ کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ مفید طریقہ یہ ہے کہ ہم مدینہ کے اندر ہی دشمن کا انتظار کریں اور جب وہ مدینہ پر حملہ آور ہو تو اس کا پر زور مقابلہ کریں، ہمارے اس طرز عمل سے اول تو دشمن کو جرأت ہی نہ ہوگی کہ مدینہ پر حملہ آور ہو، اور اگر اس نے اقدام کیا تو بلاشبہ شکست فاش اٹھا کر راہ فرار اختیار کرے گا، مگر ان صحابہ رضی اللہ عنہم کو جو بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے اور بدر کی فضیلت کو اس وقت حاصل کرنا چاہتے تھے، یہ رائے پسند نہیں آئی اور نوجوانوں نے بھی ان کا ساتھ دیا اور اکثریت کی رائے یہ قرار پائی کہ ہم کو دشمنوں کا مقابلہ میدان میں نکل کر ہی کرنا چاہیے، نبی اکرم ﷺ نے جب اکثریت کا رجحان یہ پایا تو اس پر صاد فرما کر حجرہ میں تشریف لے گئے تو تجربہ کار اور اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنے اصاغر کو ان کی رائے پر ملامت کی کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے رجحان کے خلاف کیوں اپنی آزادانہ رائے سے آپ ﷺ کو پریشان کیا، چنانچہ جب آپ ﷺ باہر تشریف لائے تو ان نوجوانوں اور شمع اسلام کے پروانوں نے اپنی رائے پر

---

[1] ہم نے زیادہ حصہ فتح الباری ج ۷ سے لیا ہے اور باقی سیرت حلبیہ اور زرقانی اور تاریخ ابن کثیر سے۔

اظہارِ ندامت کیا اور عرض کیا آپ ﷺ مدینہ ہی کے اندر دشمن کا مقابلہ کریں یہی مناسب ہے۔ یہ سن کر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "نبی کی شان کے یہ خلاف ہے کہ جب خدا کی راہ میں ہتھیار سج کر تیار ہو جائے تو پھر معرکہ حق و باطل کے بغیر ہی ان کو اتار دے، اب خدا کا نام لے کر میدان میں نکلو۔

نبی اکرم ﷺ جب مدینہ سے نکلے تو ایک ہزار کا لشکر جلو میں تھا، اس لشکر میں تین سو منافقین عبداللہ بن ابی کی سرکردگی میں ہمرکاب تھے، یہ مدینہ ہی میں مشرکین مکہ کے ساتھ سازش کر چکے تھے کہ مخلص مسلمانوں کو بزدل بنانے کے لیے یہ طریقہ اختیار کریں گے کہ اول مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ نکلیں گے اور راہ سے ہی ان سے کٹ کر مدینہ واپس آ جائیں گے، چنانچہ رأس المنافقین یہ بہانہ کر کے لشکر اسلام سے کٹ کر جدا ہو گیا اور مدینہ واپس آ گیا کہ جب نبی اکرم ﷺ نے ہم جیسے تجربہ کاروں کی بات نہ مان کر الھڑ نوجوانوں کی رائے کو ترجیح دی تو ہم کو کیا ضرورت ہے کہ مخواہ اپنی جانوں کو ہلاکت میں ڈالیں۔

مگر منافقین کا مقصد پورا نہ ہوا اور ان فداکارانِ اسلام پر ان کی مراجعت کا مطلق کوئی اثر نہ پڑا اور ایسے جانباز اور نثارانِ اسلام پر اثر ہی کیا پڑتا جن کے بچوں کی جانبازی اور اسلام پر فداکاری کا جذبہ اور ولولہ یہ ہو کہ نبی اکرم ﷺ نے مدینہ سے باہر جب لشکر اسلام کا جائزہ لیا اور صغیر السن لڑکوں کو واپسی کا حکم دیا تو رافع بن خدیج جو ابھی نوعمر ہی تھے یہ دیکھ کر پنجوں کے بل کھڑے ہو گئے کہ دراز قد بن کر جنگ کے سپاہی رہ سکیں۔ چنانچہ ان کی تدبیر کارگر ہو گئی۔ اسی طرح جب سمرہ بن جندب صغیر سن شمار کر لیے گئے تو رونے لگے اور عرض کیا یا رسول اللہ اگر رافع شریک جنگ ہو سکتا ہے تو میں کیوں خارج کیا جا رہا ہوں جبکہ میں رافع کو کشتی میں پچھاڑ دیا کرتا ہوں، آخر دونوں کی کشتی کرائی گئی۔ اور سمرہ نے رافع کو پچھاڑ دیا اور مجاہدین میں شامل کر لیے گئے، البتہ مسلمانوں کے دو قبیلے بنوسلمہ، بنو حارثہ میں کچھ بد دلی سی پیدا ہو چلی تھی مگر فداکار مسلمانوں کے جوش و ولولہ کو دیکھ کر ان کی ہمت بھی بلند ہو گئی۔ غرض اس ولولہ اور جذبہ کے ساتھ مجاہدین کا لشکر اُحد پہنچا اور دونوں صفیں ایک دوسرے کے مقابلہ میں صف آرا ہو گئیں۔ نبی اکرم ﷺ نے لشکر اسلام کو اس طرح صف آرا کیا کہ اُحد کو پس پشت لے لیا اور پچاس تیر اندازوں کو حضرت عبداللہ بن جبیر کی کمان میں پہاڑ کی ایک گھاٹی پر مقرر فرما دیا کہ فتح و شکست کسی حال میں بھی اپنی جگہ سے حرکت نہ کریں تاکہ پشت کی جانب سے دشمن حملہ آور نہ ہو سکے۔

اب جنگ شروع ہو گئی اور دونوں صفیں بالمقابل نبرد آزما ہو کر جوہر شجاعت دکھانے لگیں، ابھی جنگ کو کچھ زیادہ دیر نہیں لگی تھی کہ مسلمانوں کا پلہ بھاری ہو گیا اور مشرکین مکہ کا لشکر درہم برہم ہو کر بھاگنے لگا، نبرد آزما مسلمانوں نے جب مالِ غنیمت جمع کرنے کا ارادہ کیا تو تیر اندازوں سے صبر نہ ہو سکا اور وہ گھاٹی چھوڑنے پر آمادہ ہو گئے۔ کمان افسر حضرت عبداللہ بن جبیر نے ہر چند روکا۔ اور فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی نہ کرو، مگر انہوں نے یہ کہہ کر جگہ چھوڑ دی کہ آپ کا حکم جنگ تک محدود تھا اب جبکہ جنگ ختم ہو گئی تو خلاف ورزی کیسی؟ حصول غنیمت کے شوق نے ادھر مسلمان تیر اندازوں سے جگہ خالی کرا دی۔ اُدھر خالد بن ولید (جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے) اپنے جنگی دستہ کے ساتھ میدان خالی دیکھ کر گھاٹی کی جانب سے مسلمانوں پر ٹوٹ پڑے، اب مسلمان گھبرائے اور اس اچانک حملہ سے ان کے پیر اکھڑ گئے اور اس طرح فتح و نصرت یک بیک شکست سے بدل گئی۔ اگرچہ نبی اکرم ﷺ کے گرد و پیش ابوبکر، عمر، علی، طلحہ، زبیر رضی اللہ عنہم جیسے فداکار موجود تھے، تاہم مسلمانوں کے فرار سے دشمنوں کو موقع مل گیا اور ایک شقی ازلی نے نبی اکرم ﷺ کے پتھر کھینچ کر مارا جس سے آپ کا ایک دندان مبارک شہید ہو گیا، آپ پتھر کے صدمہ سے قریب کی ایک گھاٹی

میں گر گئے، ابھی آپ سنبھلے بھی نہ تھے کہ ایک مشرک نے پکار دیا ان محمداً قد مات۔ محمد (ﷺ) کا انتقال ہو گیا۔ اس آواز نے مسلمانوں میں اور زیادہ انتشار اور سخت بے چینی پیدا کر دی مگر مسلمان فوراً سنبھلے اور ثابت قدم صحابہ رضی اللہ عنہم نے للکارا کہ اگر یہ خبر صحیح ہے تو اب ہم زندہ رہ کر کیا کریں گے آؤ اور جنگ کا فیصلہ کر کے دم لو؟ اس صدائے حق نے مسلمانوں کے دل میں غیرت کا جذبہ پیدا کر دیا، وہ سب پلٹ پڑے اور حملہ آور ہونے کی غرض سے سمٹ کر یکجا ہو گئے، مگر نقشہ جنگ بدل چکا تھا اور قریش اپنی کامیابی پر نازاں ہو کر میدان سے الگ ہو چکے تھے مسلمانوں نے آنکھ اٹھا کر دیکھا تو جلوہ جہاں آراء پر نظر پڑتے ہی ان کے دل میں بھی سکون پیدا ہو گیا اور پروانہ وار آپ کے گرد جمع ہو گئے، غار میں گر جانے سے خود سر میں گھس گیا اور زرہ کی کڑیوں کی زد سے چہرۂ مبارک اور بازوں پر بھی ہلکے زخم آ گئے تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے خود کو سر سے نکالا اور زخموں کو دھویا اور بوریا جلا کر راکھ کو زخم کے اندر بھر دیا، جس سے خون بند ہو گیا۔

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت:

اس غزوہ میں ستر مسلمان شہید اور بہت سے زخمی ہوئے نبی اکرم ﷺ کے حقیقی چچا دودھ شریک بھائی بے تکلف دوست اور جان نثار صحابی حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت اس واقعہ کا زبردست سانحہ ہے، زبان وحی ترجمان نے ان کو سید الشہداء کا لقب عطا فرمایا۔ مشرکین مکہ نے اس جنگ میں درندوں اور خونخوار حیوانوں کی طرح مردہ نعشوں تک کے ناک کان کاٹ ڈالے اور پیٹ چاک کر کے دل وجگر کو نیزوں کی انی سے چھید چھید کر دل کا بخار نکالا، ابوسفیان کی بیوی ہندہ نے تو سید الشہداء کا جگر چاک کر کے دانتوں سے چبا ڈالا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو ایک حبشی غلام وحشی نے شہید کیا تھا جس کی خوشی میں ہندہ نے اس کو اپنا سونے کا ہار عطاء کیا۔ ابوسفیان اپنی کامیابی کی مسرت میں کہہ رہا تھا اعلی ھبل اعلی ھبل۔ ہبل کی جے ہو، ہبل کی جے ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اس کے جواب میں یہ پکارو۔ اللہ اعلیٰ و اجل، اللہ اعلیٰ و اجل۔ اللہ ہی سب سے بلند و بالا اور بزرگ ہے۔ ابوسفیان نے پھر طیش میں آ کر کہا: لنا العزی و لا عزی لکم۔ ہماری مددگار عزیٰ دیوی ہے اور تمہارے پاس عزیٰ کا ہمسر نہیں ہے۔" حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عمر تم یہ جواب دو، اللہ مولانا و لا مولی لکم۔ ہمارا والی و مددگار اللہ تعالیٰ ہے اور تمہارا کوئی بھی مددگار نہیں۔ بہر حال ابوسفیان یہ کہہ کر کہ آئندہ سال پھر بدر میں معرکہ آرائی ہوگی، اپنا لشکر لے کر واپس چلا گیا۔

قرآن عزیز اور غزوۂ اُحد:

مسلمانوں کا غزوۂ اُحد کے لیے تیار ہونا، منافقین کا لشکر اسلام سے جدا ہو کر مسلمانوں میں انتشار پیدا کرنے کی سعی کرنا، مسلمانوں کا اول خدا کی مدد سے کامیاب ہونا، اور پھر اپنی غلط کاری اور محمد ﷺ کے حکم کے خلاف ورزی کی پاداش میں شکست کھا جانا اور فتح کا شکست سے بدل جانا اور خدائے تعالیٰ کا مسلمانوں کی تسلی کرنا، ان تمام امور کو قرآن عزیز نے آل عمران میں قدرے تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے، چنانچہ محمد بن اسحاق سے منقول ہے:

انزل اللہ فی شان احد ستین ایۃ من ال عمران۔ [1]

---

[1] فتح الباری ج ۷ ص ۲۷۸

"اللہ تعالیٰ نے غزوۂ اُحد کی شان میں آل عمران کی ساٹھ آیتیں نازل فرمائی ہیں۔"

وروی ابن ابی حاتم من طریق المسور بن مخرمة قال قلت لعبدالرحمٰن بن عوف اخبرنی عن قصتکم یوم احد قال اقرأ العشرین و مائة من ال عمران تجدها ﴿وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ﴾ الی قولہ ﴿اَمَنَةً نُّعَاسًا﴾۔ (الآیات) [1]

"اور ابن ابی حاتم نے بطریق مسور بن مخرمہ روایت کیا ہے کہ وہ کہتے تھے میں نے عبدالرحمٰن بن عوف سے عرض کیا، آپ غزوۂ اُحد کا اپنا قصہ بیان فرمائیں۔ انہوں نے فرمایا: تم آل عمران کی ایک سوبیس آیات پڑھو تو تم کو سارا واقعہ معلوم ہو جائے گا۔ یہ آیات یہاں سے شروع ہو کر ﴿وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ... اَمَنَةً نُّعَاسًا... الایة﴾ پر ختم ہوتی ہیں۔"

﴿وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِذْ هَمَّتْ طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝﴾

(آل عمران: ۱۲۱۔۱۲۲)

"اور (اے پیغمبر! قابل ذکر ہے وہ بات) جبکہ تم صبح سویرے اپنے گھر سے نکلے تھے (اور اُحد کے میدان میں) لڑائی کے لیے مورچوں پر مسلمانوں کو بٹھا رہے تھے اور اللہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ پھر جب ایسا ہوا تھا کہ تم میں سے دو جماعتوں نے ارادہ کیا تھا کہ ہمت ہار دیں (اور واپس لوٹ چلیں) حالانکہ اللہ مددگار تھا اور جو ایمان رکھنے والے ہیں ان کو چاہیے کہ ہر حال میں اللہ ہی پر بھروسہ رکھیں۔"

﴿وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۭ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاۗءَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝﴾(آل عمران: ۱۳۹۔۱۴۰)

"اور دیکھو! نہ تو ہمت ہارو، نہ غمگین ہو، تم ہی سب سے برتر و اعلیٰ ہو بشرطیکہ تم سچے مومن ہو! اگر تم نے (اُحد) میں زخم کھایا ہے تو دوسروں کو بھی ویسے ہی زخم (بدر میں) لگ چکے ہیں۔ دراصل یہ (ہار جیت کے) اوقات ہیں جنھیں ہم انسانوں میں اِدھر اُدھر پھراتے رہتے ہیں، علاوہ بریں یہ اس لیے تھا تاکہ اس بات کی آزمائش ہو جائے، کون سچا ایمان رکھنے والا ہے کون نہیں اور اس لیے کہ تم میں سے ایک گروہ کو (ان وقائع اور ایام کے نتیجوں کا) شاہد حال بنا دے اور یہ ظاہر ہے کہ اللہ ظلم کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔"

[1] فتح الباری ج ۷ ص ۲۷۸

غزوۂ احزاب (غزوۂ خندق)

غزوۂ احزاب تمام غزوات میں خاص اہمیت رکھتا ہے اور اپنی نوعیت کے اعتبار سے نرالا ہے، اس لیے کہ اس غزوہ میں مسلمانوں کو تمام کافر جماعتوں سے بیک وقت واسطہ پڑا اور قبائل عرب، یہود اور ان کے حلیف سب کے سب جمع ہو کر مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے نکلے تھے۔ اور مدینہ کے اندر بھی منافقین کا گروہ خفیہ ان کی مدد کر رہا تھا حزب کے معنی چونکہ گروہ کے ہیں اور "احزاب" اس کی جمع ہے۔ اس لیے یہ غزوۂ احزاب کہلایا، اور جب کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے مسلمانوں نے پہلی مرتبہ خندق کھود کر مدینہ کو دشمن سے محفوظ رکھنے کی تدبیر اختیار کی، اس لیے اس کو غزوۂ خندق بھی کہتے ہیں۔ یہ غزوہ شوال ۰۵ھ مطابق فروری ۶۲۷ء میں پیش آیا جبکہ ابوسفیان دس ہزار پر مشتمل لشکر جرار کے ساتھ مدینہ پر چڑھائی کے لیے مکہ سے نکلا۔ اس واقعہ سے متعلق تاریخ وسیر کی کتابوں کے علاوہ صحیح بخاری میں بھی بہت کافی تفصیلات ملتی ہیں اور اس کے بہت سے اہم اجزا پر روشنی پڑتی ہے۔

مختصر طور پر واقعات کی تفصیل یہ ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ کو دشمنوں کی نقل و حرکت کا علم ہوا، تو حسب دستور آپ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا! ہم اہل فارس کا دستور یہ ہے کہ ایسے موقع پر خندق کھود کر دشمن سے خود کو محفوظ کر لیتے اور اس کو مجبور بنا دیتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے اس مشورہ کو قبول فرما کر خندق کھودنے کا حکم دیا اور کدال لے کر خود بھی بہ نفس نفیس شرکت فرمائی۔ کائنات انسانی کی تاریخ میں آقا اور غلام، حاکم اور محکوم، افسر اور ماتحت، مخدوم اور خادم کے درمیان یہ پہلا منظر تھا جو آنکھوں نے دیکھا اور کانوں نے سنا کہ دو جہان کا سردار ہاتھ میں کدال لیے تین دن کے فاقہ سے پیٹ پر پتھر باندھے مہاجرین و انصار کے ساتھ خندق کھودنے میں برابر کا شریک نظر آتا ہے بلکہ ایک سخت پتھر کے حائل ہو جانے پر جب سب صحابہ رضی اللہ عنہم نے زور لگایا اور اس نے اپنی جگہ سے حرکت نہ کی اور خدمت اقدس ﷺ میں اس واقعہ کو پیش کیا تو آپ ﷺ نے "بسم اللہ" کہہ کر کدال کی ایک ضرب سے اس کو پارہ پارہ کر دیا۔ [1]

آپ کے ساتھ صحابہ رضی اللہ عنہم بھی تین شبانہ روز بھوک سے پیٹ پر پتھر باندھے دین حق کی حمایت اور اعلاء کلمۃ اللہ کی خاطر مصروف کار تھے۔

ایک جانب اگر لبثنا ثلثہ ایام لا نذوق ذاقا کا مظاہرہ تھا تو دوسری جانب زبان وحی ترجمان پر یہ دعائیہ کلمہ جاری تھا اللھم ان العیش عیش الاخرۃ فاغفر الانصار والمھاجرۃ۔ خدایا عیش تو آخرت کا عیش ہے، پس تو انصار و مہاجرین کو مغفرت سے نواز" اور جب جاں نثاران توحید، شمع نبوت سے یہ سنتے تو پروانوں کی طرح والہانہ جوش کے ساتھ یہ کہہ کہہ کر قربان ہونے لگتے۔

---

[1] بخاری باب غزوۂ احزاب۔

نحن الذین بایعوا محمدًا علی الجھاد مابقینا ابدًا

"ہم وہ ہیں جنھوں نے زندگی بھر کے لیے نبی اکرم محمد ﷺ کے ہاتھ پر جہاد کی بیعت کر لی ہے۔"

اور جب شمع نبوت کے پروانوں سے آپ ﷺ یہ والہانہ رجز سنتے ہیں تو مسرت وشادمانی کے ساتھ پھر ارشاد فرماتے ہیں:

اللھم لا خیر الا خیر الاخرة فبارک فی الانصار والمھاجرة

"خدایا! خیر و نیکی تو آخرت ہی کی ہے پس تو انصار و مہاجرین کے درمیان اپنی برکت کا نزول فرما۔"

اور براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غزوۂ خندق میں خدا کے رسول ﷺ کی حالت یہ تھی کہ خندق سے مٹی اٹھا کر اِدھر اُدھر منتقل کر رہے تھے اور جسد مبارک گرد آلود ہو رہا تھا، اور یہ رجز پڑھتے جاتے تھے۔

واللّٰہ لو لا اللّٰہ ما اھتدینا و لا تصدقنا و لا صلینا

"قسم بخدا اگر خدا کی ہدایت رہنمائی نہ کرتی تو نہ ہم کو ہدایت نصیب ہوتی اور نہ صدقہ و نماز۔"

فانزلن سکینة علینا و ثبت الاقدام ان لاقینا

"پس اے خدا! تو ہم پر طمانیت نازل فرما، اور میدان جنگ میں ہم کو ثابت قدم رکھ۔"

ان الاولی قد بغوا علینا اذا ارادوا فتنة ابینا

"اور جن لوگوں نے ہم پر سرکشی کرتے ہوئے چڑھائی کی ہے جب انہوں نے فتنہ کا ارادہ کیا تو ہم نے انکار کر دیا (ان کو ناکام کر دیا) اور تنہا جوش کے ساتھ "ابینا" کو بلند آواز سے کہتے تھے۔"

خندق کی کھدائی کا کام چند روز جاری رہا اور اس طرح دشمن سے حفاظت کا پوری طرح سامان ہو گیا، لیکن جب محاصرہ کو بیس روز ہو گئے تو یہود بنی قریظہ کی عہد شکنی اور مسلسل محاصرہ سے کچھ اُکتانے اور مضطرب ہونے لگے، اس وقت خدا کی نصرت نے نزول کیا اور مسلمانوں کی کامرانی کے اسباب مہیا ہو گئے، ہوا یہ کہ کفار کے لشکر میں ایک شخص نعیم بن مسعود نخعی تھا، یہ گو ابھی تک مسلمان نہیں ہوا تھا، لیکن اس کے قلب میں صداقت اسلام گھر کر چکی تھی، اس لیے اس نے اپنی ہوشیاری سے مشرکین مکہ اور یہود مدینہ کے درمیان بے اعتمادی پیدا کر دی اور جنگ کے معاملہ میں دونوں فریق میں ایسا اختلاف پیدا ہو گیا کہ ایک نے دوسرے کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے سے انکار کر دیا اور ابھی مشرکین مکہ واپس بھی نہ ہوئے تھے کہ قدرت کی جانب سے ہوائے تند کا ایسا طوفان اٹھا کر جس نے آن کی آن میں دشمن کے تمام لشکر کو زیر وزبر کر ڈالا، خیمے اُکھڑ کر گرنے لگے، چوپائے بھڑک بھڑک کر بھاگنے لگے اور سارے لشکر میں ابتری پھیل گئی اور دشمن نے محاصرہ چھوڑ کر راہ فرار اختیار کی اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ان کے فتنہ سے نجات دی۔

نبی اکرم ﷺ نے اسی موقع پر ارشاد فرمایا:

((نصرت بالصبا و اھلکت العاد بالدبور))۔

"اللہ تعالیٰ کی جانب سے مجھ کو پروا ہوا کے ذریعہ فتح عطا کی گئی اور عاد پچھوا ہوا سے ہلاک کیے گئے تھے۔"

نبی اکرم ﷺ کو جب دشمن کی خبریں معلوم کرنے کی ضرورت پیش آئی تھی تو تین مرتبہ آپ ﷺ نے دریافت کیا کہ اس خدمت کو کون انجام دے گا، اور تینوں مرتبہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے پیش قدمی کر کے عرض کیا: اس خدمت کے لیے میں حاضر

ہوں۔تب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((ان لکل نبی حواریا و ان حواری الزبیر)).

"ہر ایک نبی کے حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری زبیر ہیں۔"

اور اس موقعہ پر حضور اقدس ﷺ نے یہ دعا، فرمائی:

((اللھم منزل الکتاب سریع الحساب، اھزم الاحزاب، اللھم اھزمھم و زلزلھم)).

"اے کتاب (قرآن) کے نازل کرنے والے خدا! اے جلد حساب لینے والے، تو مشرکین کی جماعتوں کو شکست دے دے، الٰہی ان کو فرار کرا اور ان کو ڈگمگا دے۔"

لا الہ الا اللہ وحدہ عز جندہ و نصر عبدہ و غلب الاحزاب وحدہ فلا شئی بعدہ.

"کوئی خدا نہیں اللہ کی ذات کے ماسوا جو یکتا و بے ہمتا ہے اس نے اپنے لشکر (مسلمانوں) کو عزت بخشی اور اپنے بندہ (محمد ﷺ) کی مدد کی اور یکتا ذات احزاب (سب جماعتوں) پر غالب ہے اور اس کے ماسوا سب فانی ہے۔"

یہی وہ غزوہ ہے جس میں مشغولیت جہاد کی وجہ سے حضور اقدس ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی نماز عصر قضا ہوگئی اور آپ ﷺ نے مغرب کے وقت دونوں نمازوں کو ادا کیا۔

قرآن عزیز اور غزوۂ احزاب:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یہ آیت غزوۂ خندق ہی کے متعلق نازل ہوئی:

﴿اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَ مِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَ اِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ﴾

"اور جب چڑھ آئے (مشرکین) تم پر اوپر کی جانب سے اور نیچے کی جانب سے اور جب پھر گئیں (دہشت کی وجہ سے) آنکھیں اور پہنچ گئے دل گلوں تک (یعنی کلیجے منہ کو آ گئے)۔" [1] (الاحزاب: ۱۰)

قرآن حکیم میں اسی غزوہ کی نسبت سے اس سورت کا نام ہی احزاب ہو گیا۔ اس سورت کے دوسرے اور تیسرے رکوع میں اسی واقعہ کا تذکرہ ہے۔

﴿يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۟ ... الٰی ... وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا ۟﴾ (الاحزاب: ۹۔۲۷)

"اے ایمان والو! اللہ کی نعمت کو یاد کرو جو تم پر اس وقت کی گئی جب تم پر (مشرکین کے) لشکر چڑھے تھے۔ پس ہم نے ان پر ہوا کو اور ایسے لشکروں کو بھیج دیا جن کو تم نہیں دیکھ رہے تھے اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ ان کاموں کو دیکھنے والا ہے۔ ﴿وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا﴾ تک۔"

---

[1] بخاری باب غزوۂ احزاب۔

واقعہ حدیبیہ

حدیبیہ مکہ مکرمہ سے جدہ کی جانب ایک منزل پر واقع ہے، اور آج کل شمیسیہ کے نام سے مشہور ہے، حدیبیہ دراصل کنویں کا نام ہے۔ یہی وہ مقام ہے جس کے ساتھ "فتح مبین" اور بیعت رضوان کی مقدس تاریخ وابستہ ہے۔

۰۶ ہجری مطابق فروری ۶۲۸ء ماہ ذی قعدہ روز دوشنبہ وہ وقت سعید تھا کہ سرور دو عالم ﷺ چودہ سو صحابہ رضی اللہ عنہم کے جلو میں اداء عمرہ کے ارادہ سے مکہ معظمہ روانہ ہوئے اور جب ذوالحلیفہ پہنچے تو قربانی کے جانوروں کے قلادہ ڈالا اور احرام باندھا اور بنی خزاعہ کے ایک شخص کو جاسوس بنا کر بھیجا کہ وہ قریش کے حالات کا اندازہ لگا کر خبر دے۔

حضور اقدس ﷺ جب غدیر اشطاط [1] پہنچے تو جاسوس نے آکر خبر دی کہ قریش کو آپ ﷺ کی آمد کی اطلاع ہو چکی ہے اور وہ قبائل کو جمع کر کے مقابلہ کی تیاریوں میں مصروف ہیں، ان کا ارادہ ہے کہ آپ کو مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہونے دیں۔

نبی اکرم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا تو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

"خدا کے رسول ﷺ! ہم تو بیت اللہ کے قصد سے نکلے ہیں، جنگ یا قتل و قتال ہمارا مقصد نہیں ہے، لہٰذا ہم بیت اللہ کی زیارت کو اپنا مقصد سمجھتے ہوئے ضرور آگے بڑھتے رہیں گے اور جو جماعت خواہ مخواہ سدراہ ہوگی اس سے مجبوراً لڑنا پڑے گا۔"

مشورہ کے بعد ذات اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: ((امضوا علی اسم اللہ)) "اب خدا کا نام لے کر بڑھے چلو۔" [2]

زائرین بیت اللہ خدا کے عشق میں چور، اور بیت اللہ کی زیارت میں مسرور مکہ کی جانب قدم بڑھائے چل رہے تھے کہ خدا کے رسول ﷺ نے فرمایا: خالد بن ولید فوج کا دستہ لیے غمیم میں گھات لگائے تمہارا منتظر ہے، اس لیے مناسب یہ ہے کہ اس جانب سے کاوا کاٹ کر داہنی جانب چلیں اور اچانک بے خبری میں اس کے مقابل پہنچ جائیں، جب مسلمان اچانک خالد بن ولید کے دستہ فوج کے سامنے آگئے تو اپنی گھات کو ناکام دیکھ کر خالد گھبرا گئے، دستہ فوج کو لے کر تیزی کے ساتھ مشرکین مکہ کے پاس جا پہنچے اور ان کو مسلمانوں کی آمد سے مطلع کیا۔

نبی اکرم ﷺ جب اس ٹیلہ پر پہنچے کہ اس کے بعد وادی میں اتر کر مکہ پہنچ جانا تھا تو اچانک آپ کی اونٹنی قصواء بیٹھ گئی، صحابہ رضی اللہ عنہم نے یہ دیکھ کر اس کو چوکے دیئے بھڑکایا اور کوشش کی کہ کسی طرح وہ اٹھ کھڑی ہو مگر وہ نہ اٹھی۔ لوگ جب بار بار "حل حل" [3] کہہ کر تھک گئے تو کہنے لگے: "خلات القصواء" "قصواء نافرمان ہو گئی۔"

نبی اکرم ﷺ نے یہ سنا تو فرمایا: ((ما خلات القصوا و ما ذاك لها بخلق ولكن حبسها حابس الفيل)) "قصواء ہرگز نافرمان نہیں ہوئی اور نہ یہ اس کی عادت ہے بلکہ اس کو اس خدا نے روک دیا تھا جس نے ہاتھی والوں کو روک دیا تھا، یعنی قریش مکہ کی

---

[1] مکہ کے قریب ایک مقام ہے۔ [2] بخاری باب غزوۃ الحدیبیہ۔ [3] اونٹنی کو اٹھانے کے لیے بولتے ہیں۔

بیہودگی اور جنگی ذہنیت کی وجہ سے چونکہ جنگ کی صورت حال پیدا ہوگئی ہے اس لیے خدا کی مرضی یہ ہے کہ ہم اس وقت تک آگے نہ بڑھیں جب تک کہ کعبہ کی حرمت کا عہد نہ کرلیں۔

چنانچہ اس ارشاد کے بعد ذات اقدس ﷺ نے فرمایا:

((والذی نفسی بیدہ لا یسئلونی خطۃ یعظمون فیہا حرمات اللہ الا اعطیتہم ایاہا)).

"اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے وہ مجھ سے جو بھی ایسی بات چاہیں گے کہ اس میں حرمات اللہ کی عظمت ان کے پیش نظر ہو تو میں ضرور اس کو پورا کروں گا۔"

حضور اقدس ﷺ جب یہ اعلان فرما چکے تو اب جو قصوا کو کھڑا ہونے کے لیے ڈپٹا وہ فوراً کھڑی ہوگئی اور چل پڑی اور حدیبیہ کے میدان میں جا پہنچی۔

جب زائرین بیت اللہ کا مقدس قافلہ حدیبیہ میں فروکش ہوگیا تو صلاح یہ قرار پائی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو مکہ بھیجا جائے تاکہ وہ مشرکین مکہ پر یہ واضح کریں کہ ہمارا ارادہ بجز زیارت بیت اللہ کے اور کچھ نہیں، لہٰذا تم کو روکنا مناسب نہیں ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جب مکہ میں داخل ہوئے اور ابوسفیان وغیرہ سے مل کر گفتگو کی تو انہوں نے ایک نہ سنی اور کہنے لگے کہ تم اگر چاہتے ہو کہ تنہا طواف بیت اللہ کرلو، تو کرلو، ورنہ ہم محمد (ﷺ) اور ان کے دوسرے رفقاء کو ہرگز مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "یہ تو میں ہرگز نہیں کرسکتا کہ خدا کے رسول ﷺ کے بغیر طواف اور عمرہ کو ادا کرلوں" قریش نے جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا یہ اصرار دیکھا تو ان کو واپس جانے سے روک لیا۔

بیعت رضوان:

یہ خبر مسلمانوں تک اس طرح پہنچی کہ عثمان رضی اللہ عنہ قتل کردیے گئے، مسلمانوں کے لیے یہ خبر ایک بہت بڑا سانحہ تھا جس سے ہر شخص مضطرب اور بے قابو ہوا جا رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے اسی وقت ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر مسلمانوں سے اس بات پر بیعت لی کہ مر جائیں گے، مگر ہم میں سے کوئی ایک بھی راہ فرار اختیار نہیں کرے گا۔ نبی اکرم ﷺ جب سب مسلمانوں سے بیعت لے چکے تو ان میں حیرت انگیز والہانہ جوش وخروش پیدا ہوگیا، جس کی خبر شدہ شدہ مکہ بھی پہنچ گئی، مشرکین مکہ بہت گھبرائے اور خوف زدہ ہوکر مسلمانوں تک یہ خبر پہنچائی کہ قتل عثمان رضی اللہ عنہ کی خبر غلط ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ صحیح سلامت حدیبیہ واپس تشریف لے آئے۔

چونکہ جہاد کی یہ بیعت بہت ہی نازک اور اہم موقع پر لی گئی اور مسلمانوں نے پورے ولولہ اور جذبہ ایثار کے ساتھ اس بیعت کو کیا، اس لیے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی اس فداکاری کی قدر و منزلت فرمائی اور سورۃ فتح میں اپنی رضا اور خوشنودی کا پروانہ مرحمت فرما کر ان کے اس کارنامہ کو زندۂ جاوید بنا دیا اور اسی حقیقت کے پیش نظر اسلامی تاریخ میں اس کا نام "بیعت رضوان" قرار دیا۔

﴿لَقَدْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ فَعَلِمَ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ عَلَیْهِمْ وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا ﴿۱۸﴾﴾ (الفتح: ۱۸)

"بلاشبہ اللہ راضی ہوا ایمان والوں سے جبکہ وہ تیرے ہاتھ پر اس درخت کے نیچے بیعت کرنے لگے اور جان لیا اللہ نے جو

ان کے جی میں تھا، پس اتارا ان پر اطمینان وسکون اور انعام میں دیا، ان کو ایک فتح قریب۔" ❶

مسلمانوں کے فداکارانہ جوش اور والہانہ جذبہ نے مشرکین مکہ پر ایسا اثر کیا کہ اب وہ خود صلح پر آمادہ ہو گئے اور پیش قدمی کر کے سہیل بن عمرو کو سفیر بنا کر بھیجا کہ وہ نبی اکرم ﷺ سے شرائط صلح طے کرے تا کہ یہ قضیہ ختم ہو جائے، مگر یہ شرط بہر صورت رہے گی کہ مسلمان اس سال نہیں بلکہ آئندہ سال عمرہ کر پائیں گے۔ ❷

معاہدۂ صلح:

سہیل بن عمرو جب مسلمانوں کے کیمپ میں پہنچا تو حضور اقدس ﷺ نے صلح کے نقطہ خیال کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھا اور طویل گفت وشنید کے بعد حسب ذیل دفعات پر دونوں جانب سے معاہدہ کی تصدیق وتوثیق عمل میں آ گئی۔

① اس سال مسلمان مکہ میں داخل ہوئے بغیر ہی واپس چلے جائیں۔
② آئندہ سال مسلمان مکہ میں بغرض عمرہ اس طرح داخل ہوں گے کہ معمولی حفاظتی ہتھیاروں کے علاوہ کوئی جنگی ہتھیار نہیں ہوگا اور تلواریں نیام کے اندر ہی رہیں گی اور صرف تین دن قیام کریں گے، اور جب تک وہ رہیں گے ہم مکہ چھوڑ کر پہاڑیوں پر چلے جائیں گے۔
③ معاہدہ کی مدت کے اندر دونوں جانب امن وعافیت کے ساتھ آمد ورفت کا سلسلہ جاری رہے گا۔
④ اگر کوئی شخص مکہ سے اپنے ولی کی اجازت کے بغیر مسلمان ہو کر بھی مدینہ چلا جائے گا تو اس کو مکہ واپس کرنا ہوگا، اور اگر مدینہ سے کوئی شخص مکہ بھاگ آئے گا تو ہم اس کو واپس نہیں کریں گے۔
⑤ تمام قبائل آزاد ہیں کہ ہر دو فریق میں سے جو جس کا حلیف بننا پسند کرے اس کا حلیف بن جائے۔
⑥ یہ معاہدہ دس سال تک قائم رہے گا اور کوئی فریق اس مدت کے اندر اس کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔ ❸

معاہدہ کی تحریر کے وقت نام مبارک کے ساتھ رسول اللہ لکھنے پر سہیل نے اعتراض کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ "یہ تو یہ واقعہ اور حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا، لیکن ہم کو چونکہ صلح مقصود ہے اس لیے تم اگر یہ پسند نہیں کرتے تو مجھ کو اصرار نہیں، اور یہ فرما کر آپ ﷺ نے کاتب معاہدہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ اس جملہ کو محو کر دیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ کب ممکن تھا کہ وہ اس جملہ کو اپنے ہاتھ سے مٹائیں جس کی نسبت نے ساری کائنات میں انقلاب پیدا کر کے ظلمت کو نور سے، شرک کو ایمان سے، اور جہل کو علم سے بدل ڈالا۔ نبی اکرم ﷺ نے جب یہ محسوس کیا تو مقام تحریر کو معلوم کر کے دست مبارک سے اس جملہ کو محو کر دیا۔ ❹

معاہدہ جب مکمل ہو گیا تو مسلمانوں نے یہ محسوس کیا کہ اس میں ہمارا پہلو کمزور رہا، اور صورت حال یہ ہو گئی کہ گویا ہم نے دب کر صلح کی ہے حتیٰ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ضبط نہ ہو سکا اور اعلاء کلمۃ اللہ اور اسلام کی سربلندی کے جذبہ نے مجبور کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کریں "یا رسول اللہ ﷺ! کیا یہ حدیبیہ کا واقعہ "فتح" ہے؟ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہاں!

---

❶ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں ﴿وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا﴾ میں فتح قریب سے مراد فتح خیبر ہے جو حدیبیہ کے بعد پیش آیا اور مسلمانوں کو جس میں بہت مال غنیمت ہاتھ آیا اور یہی صحیح قول ہے ج ۷ ص ۳۵۵۔

❷ البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۱۶۷۔۱۶۸ ❸ ایضاً ص ۱۶۱۔۱۶۹ ❹ تاریخ طبری ج ۳ ص ۸۰

قسم بخدا بلاشبہ یہ "فتح" ہے۔ ❶

یہ واقعہ جو اپنی دفعات معاہدہ کے لحاظ سے مسلمانوں کے حق میں بظاہر شکست اور ذلت کا باعث نظر آتا تھا "فتح مبین" کیسے تھا؟ تو اس کا جواب جلیل القدر محدثین کی زبانی سنئے۔ امام حدیث وسیرت زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اسلام میں جو عظیم الشان فتوحات شمار کی گئی ہیں، ان میں سب سے پہلی "فتح عظیم" صلح حدیبیہ ہے، اس لیے کہ اس سے قبل برابر کفار ومشرکین سے جنگ و پیکار کا سلسلہ جاری تھا، اور جب یہ "صلح" عمل میں آ گئی تو اس کی وجہ سے ہر دو فریق کو امن و اطمینان کے ساتھ ایک دوسرے سے ملنے اور گفتگو کرنے کا موقع میسر آیا اور تبادلہ خیالات کی آزادی نصیب ہوئی، نتیجہ یہ نکلا کہ جو شخص بھی اسلام کو اپنی عقل صحیح سے جانچتا اور اس کی حقیقت پر غور کرتا، اس کے لیے بجز اس کے کوئی چارہ باقی نہ رہتا تھا کہ وہ فوراً اسلام قبول کر لے، چنانچہ ان دو سال میں (جب تک معاہدہ پر عمل رہا اور مشرکین نے اپنی جانب سے اس کی خلاف ورزی نہیں کی) لوگ اس قدر مسلمان ہوئے کہ اس سے قبل کی پوری مدت میں اسی قدر یا اس سے بھی کم مسلمان ہوئے تھے۔ ❷

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

"اس مقام پر "فتح مبین" سے مراد واقعہ حدیبیہ ہے، صلح حدیبیہ نے درحقیقت "فتح مبین" "فتح مکہ" کے لیے راہ کھول دی، یہ اس لیے کہ جب جنگ کا خطرہ درمیان سے جاتا رہا اور امن واطمینان کی صورت پیدا ہوگئی تو مکہ اور مدینہ کے درمیان سلسلہ آمد ورفت بے خوف خطر ہونے لگا اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ جیسے شجیع اور مدبر حضرات کا قبول اسلام اسی صلح کا کارنامہ ہے اور یہی اسباب ترقی آہستہ آہستہ "فتح مکہ" کا باعث ہے۔ ❸

اور ابن ہشام رحمۃ اللہ علیہ، امام زہری رحمۃ اللہ علیہ کی توجیہہ کی تائید کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"زہری کے قول کی تائید اس حقیقت حال سے بخوبی ہو جاتی ہے کہ واقعہ حدیبیہ میں جب نبی اکرم ﷺ نکلے ہیں تو چودہ سو مسلمان جلو میں تھے اور دو سال بعد جب فتح مکہ کے لیے نکلے ہیں تو دس ہزار کی تعداد تھی۔" ❹

---

❶ فتح الباری ج ۷ ص ۳۵۵ ❷ ایضاً

❸ فتح الباری ج ۷ ص ۳۵۵ ❹ فتح الباری ج ۷ ص ۳۵۵

الفتح الاعظم

رمضان المبارک ۸ ہجری مطابق جنوری ۶۳۰ ء میں "فتح مکہ" کا عظیم الشان واقعہ پیش آیا۔ اس واقعہ کی تاریخی حیثیت یہ ہے کہ حدیبیہ کے معاہدہ میں یہ طے پا گیا تھا کہ قبائل عرب اس کے لیے آزاد ہوں گے کہ نبی اکرم ﷺ اور قریش میں سے جس کے بھی حلیف بننا چاہیں بن جائیں، جب معاہدہ پر دونوں جانب سے دستخط ہو گئے تو فوراً عرب کے قبیلہ خزاعہ نے اعلان کیا کہ ہم مسلمانوں کے حلیف ہونا پسند کرتے ہیں، اور قبیلہ بنو بکر نے کہا کہ ہم قریش کے حلیف بننا چاہتے ہیں، اور دونوں قبائل اس طرح الگ الگ دو جماعتوں کے حلیف ہو گئے۔

تقریباً ڈیڑھ سال تو معاہدہ پر ہر دو جانب سے پوری طرح عمل ہوتا رہا، لیکن ڈیڑھ سال کے بعد ایک نیا واقعہ پیش آیا وہ یہ کہ بنی خزاعہ اور بنی بکر کے درمیان عرصہ سے جنگ و پیکار کا سلسلہ جاری رہ چکا تھا جو اس درمیانی مدت میں اگرچہ بند رہا مگر اچانک کسی بات پر پھر جنگ چھڑ گئی اور بنو بکر ایک شب کو مقام ذنیرہ [1] میں بنو خزاعہ پر جا چڑھے، قریش کو جب یہ معلوم ہوا تو انہوں نے آپس میں مشورہ کیا اور کہنے لگے شب کا وقت ہے اور مسلمان یہاں سے بہت دور ہیں، آج موقعہ ہے کہ بنی خزاعہ کو پیغمبر اسلام ﷺ کے حلیف ہونے کا مزہ چکھایا جائے، چنانچہ انہوں نے بھی بنی بکر کا ساتھ دیتے ہوئے بنی خزاعہ کو تہ تیغ کرنا شروع کر دیا۔

عمرو بن سالم نے جب یہ حال دیکھا تو ایک وفد لے کر دربار قدسی میں استغاثہ کیا، اور بنی خزاعہ کی دردناک حالت کو پیش کرتے ہوئے طالب امداد ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

واللہ لا منعکم ما امنع نفسی منه.

"قسم بخدا میں جس چیز کو اپنی ذات سے روکوں گا تم کو بھی اس سے ضرور محفوظ رکھوں گا۔"

ادھر قریش کو جب یہ علم ہوا تو وہ ڈرے، اپنی حرکت بیجا پر نادم ہوئے اور انہوں نے ابوسفیان کو مامور کیا کہ وہ مدینہ جائے اور مسلمانوں کے اشتعال کو دُور کرنے کی یہ تدبیر کرے کہ قریش چاہتے ہیں کہ سابق معاہدہ کی مدت میں مزید اضافہ اور از سرنو معاہدہ کی توثیق ہو جائے۔ ابوسفیان مدینہ پہنچ کر سب سے پہلے اپنی بیٹی ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہوا جو نبی اکرم ﷺ کی رفیقۂ حیات تھیں۔ ابوسفیان نے جونہی ارادہ کیا کہ نبی اکرم ﷺ کے بچھے ہوئے بستر پر بیٹھ جائے، اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے فوراً اس کو سمیٹ دیا، اور کہنے لگیں: "باپ! یہ خدا کے نبی ﷺ کا بچھونا ہے۔ ابوسفیان نے کہا کہ "پھر کیا ہوا، میں تیرا باپ ہوں۔"

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا: "یہ صحیح ہے مگر تو مشرک ہے اور یہ پیغمبر خدا کا پاک بستر۔"

---

[1] مکہ کے قریب ایک مقام ہے۔

ابوسفیان اگرچہ اس وقت بڑبڑاتا ہوا وہاں سے چلا گیا، مگر اس حیرت زا واقعہ نے اس کی آنکھیں کھول دیں اور وہ سمجھا کہ حقیقت حال کیا ہے؟۔ [1]

غرض وہ دربار اقدس ﷺ میں حاضر ہوا، اور عرض و معروض کرنے لگا، آپ ﷺ نے دریافت فرمایا: یہ تجدید و توثیق کی کیا حاجت ہے، کیا کوئی نیا واقعہ پیش آ گیا ہے؟ ابوسفیان نے عرض کیا: "نہیں نئی کوئی بات نہیں ہے"۔ تب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: "تم مطمئن رہو کہ ہم اپنے عہد پر قائم ہیں۔"

ابوسفیان اس جواب کو سن کر مطمئن نہ ہوا، اس لیے کہ وہ حقیقت حال کو چھپا کر جھوٹ بول چکا تھا اور چاہتا تھا کہ اس طرح نبی اکرم ﷺ کو دھوکا دے کر اپنا مقصد پورا کر لے، لیکن اس صاف اور سچے جواب نے اوس ڈال دی اور اس کا مقصد پورا نہ ہو سکا۔ تب اس نے صدیق اکبر، فاروق اعظم، علی حیدر رضی اللہ عنہم کی خدمت میں حاضر ہو کر جدا جدا گفتگو کی اور چاہا کہ معاملہ قریش کے حسب مراد طے ہو جائے لیکن اس کی مراد بر نہ آ سکی، اور بے نیل و مرام مکہ واپس ہو گیا۔

نبی اکرم ﷺ نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو صورت حال سے آگاہ فرمایا، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ! ہمارے اور قریش کے درمیان تو معاہدہ ہے۔" آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تھا، مگر قریش نے خود نقض عہد کر دیا ہے۔"

اب جہاد کی تیاری شروع ہوئی، مگر عام طور پر یہ کسی کو معلوم نہ ہو سکا کہ کس جانب ارادہ ہے، آپ ﷺ نے اطراف مدینہ میں نفیر عام کرا دیا کہ جو شخص بھی اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہے وہ رمضان تک مدینہ پہنچ جائے، آپ ﷺ پوری کوشش فرما رہے تھے کہ کسی طرح ہماری تیاری کا حال قریش کو نہ معلوم ہو جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی دلی خواہش یہ تھی کہ مکہ میں جنگ بپا نہ ہونے پائے اور قریش مرعوب ہو کر منقاد و مطیع ہو جائیں کہ اسی اثناء میں ایک حادثہ پیش آ گیا۔

حاطب بن بلتعہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ:

حاطب بن بلتعہ رضی اللہ عنہ ایک بدری صحابی تھے، ان کے اہل و عیال مکہ ہی میں تھے کہ یہ صورت حال پیش آ گئی، انہوں نے یہ خیال کرتے ہوئے کہ اس واقعہ کا حال بہر حال مشرکین کو معلوم ہو ہی جائے گا، سو اگر میں بھی قریش مکہ کو اس کی اطلاع کر دوں تو ہمارا (مسلمانوں کا) کوئی نقصان بھی نہیں ہوگا اور میں ان کی ہمدردی حاصل کر کے اپنے اہل و عیال کو ان کی مضرت سے بھی محفوظ رکھ سکوں گا، مشرکین مکہ کے نام ایک مکتوب لکھ دیا، نبی اکرم ﷺ کو بذریعہ وحی الٰہی یہ معلوم ہو گیا، اور آپ ﷺ نے حضرت علی، مقداد، زبیر رضی اللہ عنہم کو مامور فرمایا کہ روضۂ خاخ جاؤ، وہاں ناقہ سوار عورت ملے گی، وہ جاسوس ہے، اس کے پاس ایک خط ہے، وہ اس سے چھین لو، یہ حضرات روضۂ خاخ پہنچے تو عورت کو موجود پایا، انہوں نے خط کا مطالبہ کیا، عورت نے انکار کیا کہ میرے پاس کوئی خط نہیں ہے، مگر جب انہوں نے جامہ تلاشی کی دھمکی دی تو مجبور ہو کر اس نے سر کے بالوں میں سے ایک پرچہ نکال کر دیا۔

یہ پرچہ جب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا تو وہ حضرت حاطب کا خط تھا، نبی اکرم ﷺ نے ان کی جانب مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا: حاطب! یہ کیا؟ حاطب نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! عجلت نہ فرمائیں، یہ خط میں نے اس لیے لکھا کہ میں جانتا ہوں

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۷۸

کہ مدینہ میں مقیم سب مہاجرین کا مکہ کے قریشیوں کے ساتھ کسی نہ کسی قسم کا رشتہ اور تعلق ہے، ایک میں ہی ایسا ہوں جس کا ان کے ساتھ کوئی رشتہ نہیں ہے، تو میں نے یہ صرف اس یقین پر کیا ہے کہ مسلمانوں کو تو اس بات سے کوئی نقصان نہیں ہوگا اور میں اس طرح قریش کی ہمدردی حاصل کر کے اپنے اہل و عیال کو محفوظ کر سکوں گا، یا رسول اللہ ﷺ! بخدا میں نے ہرگز، ہرگز یہ کام ارتداد اور کفر پر رضا کی نیت سے نہیں کیا، میں اب بھی اسلام کا شیدائی اور فدائی ہوں۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ سب سن کر ارشاد فرمایا: "حاطب نے تمہارے سامنے سچ سچ بات کہہ دی۔" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! مجھ کو اجازت دیجیے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں" نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "حاطب بدر کے مجاہد ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے شرکائے بدر کے لیے یہ ارشاد فرمایا ہے: "اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم" حاطب کے واقعہ پر ہی قرآن حکیم کی یہ آیت نازل ہوئی:

﴿ يَاۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ ...الی... فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ ﴾ [1] (الممتحنہ: ۱)

بہر حال رمضان کی ابتدائی تاریخیں تھیں کہ ذات اقدس ﷺ دس ہزار جاں نثاروں کے ساتھ مکہ کی جانب روانہ ہوئے، آپ جب کدید اور عسفان کے درمیان کدید تک پہنچے تو دیکھا کہ مسلمانوں پر روزہ کی سختی حد سے متجاوز ہوتی جا رہی ہے، تب آپ ﷺ نے پانی طلب فرمایا اور مجمع کے سامنے نوش فرمایا۔ [2] تا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم دیکھ لیں اور سمجھ لیں کہ مسافرت اور پھر جہاد کے موقعہ پر افطار کی اجازت ہے، اور قرآن کی دی ہوئی رخصت کا یہی مطلب ہے۔

اسی سفر میں ذات اقدس ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ مسلمان ہو کر حاضر خدمت ہوئے، آپ ﷺ نے حکم دیا کہ اہل و عیال کو مدینہ بھیج دو، اور تم ہمارے ساتھ رہو۔

اسلامی لشکر جب مکہ کے قریب پہنچا تو ابوسفیان چھپ کر لشکر کا صحیح اندازہ کر رہے تھے کہ اچانک مسلمانوں نے گرفتار کر کے خدمت اقدس میں پیش کیا، آپ ﷺ نے ابوسفیان پر نگاہ کرم ڈالتے ہوئے معاف کر دیا، اور قید سے آزاد کر دیا، ابوسفیان نے رحمۃ للعالمین ﷺ کا یہ خلق دیکھا تو فوراً مشرف باسلام ہو گئے، اسی طرح عبداللہ بن ابی امیہ بھی اسلام کے والہ و شیدا بن کر حاضر خدمت ہوئے، آپ ﷺ نے ان حضرات کے قبول اسلام پر بہت مسرت کا اظہار فرمایا اور ارشاد فرمایا:

﴿ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۚ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ ﴾ (یوسف: ۹۲)

نبی اکرم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ابوسفیان کو ابھی مکہ واپس نہ جانے دو اور سامنے کی پہاڑی پر لے جاؤ تا کہ وہ مسلمانوں کی طاقت و شوکت کا اندازہ کر سکے۔

ابوسفیان اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ پہاڑی پر کھڑے ہوئے اسلامی لشکر کا نظارہ کر رہے تھے، اور مہاجرین و انصار قبائل کے جدا

---

[1] بخاری۔ اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔ [2] بخاری، باب الغزوات

جدا لشکر اپنے پرچم لہراتے ہوئے سامنے سے گزر رہے تھے، اور ابوسفیان ان کو دیکھ دیکھ کر متاثر ہو رہے تھے کہ انصاری قبیلہ کا ایک لشکر پاس سے گذرا، اس لشکر کا پرچم حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھا، انہوں نے ابوسفیان کو دیکھا تو جوش میں آ کر کہنے لگے:

"الیوم یوم الملحمة الیوم تستحل الکعبة."

"آج کا دن جنگ کا دن ہے، آج کعبہ میں بھی جنگ حلال ہے۔"

ابوسفیان کی نسلی عصبیت بھڑک گئی اور کہنے لگا:

"یاعباس حبذا یوم الذمار."

"اے عباس جنگ کا دن مبارک ہو"۔

جب سب لشکر اسی طرح گذر گئے تو آخر میں ایک چھوٹی سی جماعت کے جلو میں سرور دو عالم ﷺ سامنے سے گزرے، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں پرچم تھا اور وہ آگے آگے چل رہے تھے، ابوسفیان کی نگاہ جب نبی اکرم ﷺ پر پڑی تو اس نے خدمت اقدس ﷺ میں سعد اور اپنے درمیان مکالمہ کا حال سنایا۔ یہ سن کر ذات اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: سعد نے جھوٹ بولا۔

"هذا یوم یعظم الله فیه الکعبة و یوم تکسی فیه الکعبة."

"آج کا دن وہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں کعبہ کی عظمت کو بالا کرے گا اور آج کعبہ پر غلاف چڑھایا جائے گا"۔

اور یہ فرما کر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو برطرف کر کے پرچم اور لشکر کی سیادت حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بیٹے کو عطا کر دی۔

اب نبی اکرم ﷺ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ تم مکہ کے زیریں حصہ کی جانب سے داخل ہونا اور کسی کو قتل نہ کرنا، ہاں اگر کوئی خود اقدام کرے تو دفاع کی اجازت ہے، اور بنفس نفیس مکہ کے بلند حصہ سے داخل ہوئے، حضرت خالد رضی اللہ عنہ سے بعض قبائل کے افراد نے مزاحمت کی، اس لیے ان کے ہاتھوں چند مقتول ہو گئے۔ لیکن نبی اکرم ﷺ بغیر کسی مزاحمت کے مکہ میں داخل ہوئے۔ (بخاری)

جب مرالظہران میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو قبول اسلام کے لیے خدمت اقدس میں پیش کیا تھا تو یہ بھی عرض کیا تھا: یارسول اللہ ﷺ! ابوسفیان میں فخر کا مادہ ہے اس لیے اگر اس کو کوئی امتیازی حیثیت نصیب ہو جائے تو بہتر ہو۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

من دخل دار ابی سفیان فهو امن.

"جو شخص ابوسفیان کے مکان میں داخل ہو جائے گا اس کو امن ہے۔"

غرض جب آپ ﷺ باعزت و اجلال مکہ میں داخل ہوئے تو اس وقت یہ اعلان کرا دیا:

① جو مکان بند کر کے بیٹھ جائے اس کو امن ہے۔
② جو ابوسفیان کے مکان میں پناہ لے اس کو امن ہے۔
③ جو مسجد حرام میں پناہ لے اس کو امن ہے۔

البتہ اس امن عام اور عفو عظیم سے چند ایسی ہستیوں کو مستثنیٰ فرما دیا جنھوں نے اسلام کے خلاف بہت زہر چکانی کی تھی اور

مسلمانوں کی ایذا رسانی میں بہت زیادہ حصہ لیا تھا، سر پر مغفر اوڑھے اور اس پر سیاہ عمامہ باندھے ہوئے تھے اور سورہ ﴿اِنَّا فَتَحْنَا﴾ پڑھتے ہوئے آیات کو بلند آواز سے دہراتے جاتے تھے، اور تواضع کا یہ عالم تھا کہ درگاہ الٰہی میں خشوع وخضوع کے ساتھ ناقہ پر اس درجہ جھکے ہوئے تھے کہ چہرہ مبارک ناقہ کی پیٹھ کو مس کر رہا تھا۔

بت شکنی:

جب نبی اکرم ﷺ مسجد حرام میں داخل ہوئے تو سب سے پہلے آپ ﷺ نے حکم فرمایا کہ کعبہ سے تمام بت نکال کر پھینک دیے جائیں اور دیواروں پر جو تصاویر منقوش ہیں وہ مٹا دی جائیں، چنانچہ جب تین سو ساٹھ بتوں کے سرنگوں ہونے کا وقت آیا تو دو مورتیاں حضرت ابراہیم علیہ السلام و حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اس حالت میں سامنے آئیں کہ ان کے ہاتھوں میں بانسوں کے تیر تھے، آپ ﷺ نے دیکھ کر فرمایا خدا ان مشرکوں کو مارے، یہ خوب جانتے تھے کہ یہ دوں مقدس ہستیاں اس ناپاک بات سے مقدس اور پاک تھیں۔

نبی اکرم ﷺ نے کعبہ کا طواف کیا اور پھر بتوں کے سامنے کھڑے ہو کر لکڑی سے ان کو چرکا دیتے جاتے اور یہ پڑھتے جاتے تھے:

﴿جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ﴾ (بنی اسرائیل: ۸۱) ﴿وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ۝﴾

"حق آ پہنچا اور باطل اڑ گیا اور باطل نہ کسی شے کو پیدا کرے اور نہ پھیر کر لائے (یعنی باطل تو خود فنا ہونے کے لیے ہے"۔

رحمۃ للعالمین کی شان:

کعبہ جب بتوں کی نجاست وتلویث سے پاک کر دیا گیا تو نبی اکرم ﷺ کعبہ میں داخل ہوئے اور اس کے گوشوں میں گھومتے ہوئے بلند آواز سے تکبیرات کہتے رہے اور نماز نفل ادا کی، باہر تشریف لائے تو مصلیٰ ابراہیمی پر جا کر نماز ادا کی، جب آپ ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم وضو فرما رہے تھے تو مشرکین انگشت بدنداں وحیران تھے کہ بایں فتح وکامرانی نہ جشن ہے نہ کبر ونخوت کا اظہار، بلکہ درگاہ الٰہی میں اظہار عبودیت کے لیے ہر ایک مجاہد بیتاب نظر آتا ہے، بلاشبہ یہ "بادشاہت" نہیں ہے بلکہ دوسرا ہی کوئی عالم ہے۔ [1]

آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! آپ ہمارے لیے دو خدمتیں "حجابۃ اور سقایہ" جمع فرما دیجیے اور کعبہ کی کنجی ہمارے حوالہ کر دیجیے۔ [2] لیکن نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعدد بار عرض کرنے کا کوئی جواب نہیں دیا اور بار بار یہی فرمایا: "عثمان بن طلحہ کہاں ہیں؟" جب عثمان رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے کعبہ کی کلید ان کے حوالہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

هاك مفتاحك يا عثمان اليوم يوم بر و وفاء.

---

[1] تاریخ ابن کثیر ج ۴ ص ۳۰

[2] سقایہ یعنی حجاج کو پانی پلانے کی خدمت بنی ہاشم کے سپرد تھی، اب وہ کلید برداری کا شرف بھی جمع کرنا چاہتے تھے۔

"عثمان لو یہ اپنی کنجی، آج کا دن بھلائی اور وفاء عہد کا دن ہے۔" ❶

اب لوگ منتظر تھے کہ دیکھئے جن مشرکین نے برسوں تک آپ ﷺ کو اور مسلمانوں کو ہر قسم کی ایذاء دی، مصائب میں مبتلاء کیا، آج ان کے ساتھ کیا معاملہ ہوتا ہے؟

آپ ﷺ نے تمام قریشی قیدیوں کو حاضر ہونے کا حکم دیا اور جب سب خدمت اقدس میں پیش ہوئے تو آپؐ نے دریافت فرمایا: "اے قریشی گروہ! تمہارا کیا خیال ہے کہ میں تمہارے ساتھ کس طرح پیش آؤں؟ انہوں نے جواب دیا: "ہم آپ سے خیر کی اُمید رکھتے ہیں۔"

آپ ﷺ نے یہ سن کر زبان وحی ترجمان سے یہ ارشاد فرمایا: ((اذهبوا فانتم الطلقاء)) "جاؤ تم سب آزاد ہو"۔ یہ سننا تھا کہ نہ صرف قریش بلکہ ہر صاحب بصیرت کے سامنے یہ حقیقت روشن ہوگئی کہ بادشاہ اور پیغمبر کی زندگی کا امتیازی نشان کیا ہے؟ پیغمبرانہ زندگی نہ ذاتی عداوت و کدورت کو کوئی وقعت دیتی ہے اور نہ اس کا غیظ و غضب ہواء نفس کے تابع ہوتا ہے، ایک نبی کو اگر صبر آزما حد تک ایذاء و تکلیف دی جائے اور پھر موذی شخص رحم کا طالب ہو تو وہ بلاشبہ "عفو و کرم" ہی پائے گا اور مکارم اخلاق کے ہر پہلو کا مظاہرہ دیکھے گا، چنانچہ اس درمیان میں جب ایک شخص لرزتا، کانپتا آپ ﷺ خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے شیریں گفتاری کے ساتھ ارشاد فرمایا:

هون عليك فاني لست بملك انما انا ابن امراة من قريش كانت تاكل القديد.

"گھبراؤ نہیں، میں کوئی بادشاہ نہیں ہوں میں تو خشک گوشت کھانے والی ایک قریشی عورت ہی کا بیٹا ہوں۔"

اسی عفو و کرم کا یہ نتیجہ نکلا کہ زعماء قریش جوق در جوق حاضر خدمت ہوتے اور دولت اسلام سے مشرف ہو کر سعادت کبریٰ سے محظوظ ہوتے تھے، چنانچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد ابوقحافہ رضی اللہ عنہ جیسے حضرات اسی دن مسلمان ہوئے۔

خطبہ:

نبی اکرم ﷺ نے اس موقع پر ایک اہم خطبہ بھی دیا جو اسلام کے بہت سے احکام کی اساس و بنیاد ہے اس خطبہ کے چند اہم اعلانات یہ ہیں:

① مسلم اور غیر مسلم ایک دوسرے کے وارث نہیں ہو سکتے۔
② معاملات اور قضایا میں مدعی کے ذمہ گواہوں کا پیش کرنا اور گواہوں کی عدم موجودگی میں مدعا علیہ کے ذمہ حلف اٹھانا ہے۔
③ کسی عورت کو تین دن کا سفر بغیر ذی رحم محرم کے درست نہیں ہے۔
④ صبح اور عصر کے بعد کوئی نفل نماز نہیں ہے اور عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن روزہ جائز نہیں ہے۔
⑤ اے گروہ قریش! بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے تم سے نخوت جاہلیت اور باپ دادا کے نام و نسب پر فخر کا خاتمہ کر دیا ہے، آگاہ رہو کہ تمام

---

❶ یہ وہی عثمان بن طلحہ ہیں جنہوں نے کلید کعبہ طلب کرنے پر نبی اکرم ﷺ کو نہیں دی تھی لیکن رحمت عالمیاں کی درگاہ میں انتقام بے حقیقت شے تھی، اس لیے آپ ﷺ نے ان ہی کے خاندان میں یہ سعادت باقی رہنے دی، یہی خاندان آج تک کعبہ کا مجاور اور شیبی کے لقب سے مشہور ہے، کیونکہ حضرت عثمانؓ بن طلحہ بنوشیبہ میں سے تھے۔

انسانی دنیا آدم علیہ السلام کی اولاد ہے اور آدم علیہ السلام کی تخلیق مٹی سے کی گئی ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝۱۳﴾(حجرات: ۱۳)

فتح مکہ اور قرآن عزیز:

سورہ فتح، حدید، نصر، ان تینوں سورتوں میں اللہ تعالیٰ نے فتح مکہ کے متعلق اشارات فرمائے ہیں۔ مثلاً سورہ الفتح پارہ ۲۶ آیت ۳ میں ہے:

﴿وَ يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝۳﴾(الفتح: ۳)

"اور خدا تجھ کو مدد دے گا زبردست مدد۔"

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ یہ فتح مکہ کی جانب اشارہ ہے۔ اور سورۂ حدید میں ہے:

﴿لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ اُولٰٓىِٕكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ؕ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ﴾(الحدید: ۱۰)

"تم میں برابر نہیں ہیں وہ کہ جس نے کہ خرچ کیا فتح مکہ سے پہلے اور جہاد کیا، ان لوگوں کا درجہ بڑا ہے ان سے جو کہ خرچ کریں فتح مکہ کے بعد اور جہاد کریں اور سب سے وعدہ کیا ہے اللہ نے خوبی کا۔"

اور سورۃ نصر میں ہے:

﴿اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ ۝۱ وَ رَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝۲﴾(النصر: ۱۔۲)

"جب آ جائے اللہ کی مدد اور فتح (مکہ) اور تم دیکھو لوگوں کو کہ وہ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہونے لگیں۔"

یہاں باجماع امت "الفتح" سے مراد فتح مکہ ہے۔ [1] حافظ ابن حجر امام شعبی رحمہ اللہ سے نقل فرماتے ہیں ﴿اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝﴾ میں "فتح مبین" صلح حدیبیہ کی جانب اشارہ ہے اور "فتح قریب" سے بھی صلح حدیبیہ کے ہی ثمرات ونتائج مراد ہیں اور سورۂ نصر کی آیت ﴿اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ ۝﴾ میں "نصر وفتح" سے باتفاق فتح مکہ مراد ہے۔

اور اس نقل کے بعد تحریر فرماتے ہیں:

"ان آیات کے مفہوم ومراد میں صلح حدیبیہ اور فتح مکہ سے متعلق جو مختلف اقوال پائے جاتے ہیں اور موجب اشکال بنتے ہیں، شعبی رحمہ اللہ کی اس تقریر سے تمام اقوال میں مطابقت بھی ہو جاتی ہے اور اشکال بھی دور ہو جاتا ہے۔"

---

[1] فتح الباری ج ۸ ص ۳۵۵

سورۂ الفتح، النصر اور الحدید کی مسطورہ بالا آیات کا مصداق فتح مکہ ہے یا صلح حدیبیہ؟ اس بارہ میں مختلف اقوال و روایات اور امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کی توجیہ اور اس پر حافظ حدیث ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کی تائید و تصدیق کے مطالعہ کے بعد بھی ہم یہ کہنے کی جرات کر سکتے ہیں کہ سورۂ فتح میں "فتح مبین" "نصر عزیز" اور "فتح قریب" کا ذکر اور پھر سورۂ حدید میں انفاق و جہاد فی سبیل اللہ کو "الفتح" کے قبل اور بعد کے ساتھ تقسیم درجات و فضائل کا تذکرہ اور پھر سورۂ نصر کی ایک آیت ﴿نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ میں "نصر و فتح" کا اجتماعی ذکر صاف صاف اس حقیقت کا اعلان ہے کہ ان مقامات میں ایسے واقعہ کا تذکرہ ہے جس کی ابتداء جہاد و قتال سے شروع ہو کر ایک ایسی فتح و نصرت پر نتیجہ خیز ہوئی ہو جس کے بعد سرزمین حجاز ہمیشہ کے لیے شرک و بت پرستی کی تلویث سے پاک ہو جائے اور ظاہر ہے کہ یہ شرف بلاشبہ فتح مکہ کو ہی حاصل ہے، البتہ اس میں بھی شبہ نہیں کہ صلح حدیبیہ کے وقت سورۂ الفتح کا نزول اور ﴿اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا﴾ کا اسلوب بیان یہ بھی واضح کرتا ہے کہ صلح حدیبیہ چونکہ اپنے اسباب و عواقب اور نتائج و ثمرات کے لحاظ سے فتح مکہ کا پیش خیمہ اور اس کے لیے تمہید ثابت ہوئی، اس لیے وہ بھی "فتح مبین" کہلانے کی مستحق ہے، یعنی وہ واقعہ "فتح قریب" "نصر عزیز" اور "الفتح" و "نصر" کا باعث ہو وہ یقیناً "فتح مبین" کہلانے کا حق رکھتا ہے۔

غزوۂ حنین

"فتح عظیم" کے بعد مشرکین عرب کی شوکت وصولت کا قریب قریب خاتمہ ہوگیا، اور اب عرب قبائل جوق در جوق اسلام میں داخل ہونے لگے، یہ دیکھ کر دو قبائل کی حمیت جاہلیت بھڑک اٹھی اور وہ اسلام کی ترقی کو برداشت نہ کر سکے، ہوازن اور ثقیف دونوں قبائل کے سرداروں کا اجتماع ہوا اور انہوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ محمد (ﷺ) اپنی قوم (قریش) کو مغلوب کر کے مطمئن ہو گئے ہیں، لہٰذا اب ہماری باری ہے، پس کیوں نہ ہم ہی پیش قدمی کر کے مسلمانوں پر حملہ آور ہو جائیں اور ان کا قلع قمع کر کے رکھ دیں، دونوں نے یہ منصوبہ باندھا اور مالک بن عوف نضری کو اپنا بادشاہ تسلیم کر کے آتش حسد کو مسلمانوں کے خون سے بجھانے کی کوشش کی، مالک نے بہت سے قبائل کو اپنے ساتھ ملا کر جنگ کی تیاری شروع کر دی۔

نبی اکرم ﷺ کو جب یہ حال معلوم ہوا تو صحابہ رضی اللہ عنہم کو جمع فرمایا اور بعد مشاورت، مدافعت کے لیے آمادہ ہو کر حنین کو روانہ ہو گئے۔ اس وقت لشکر اسلامی میں بارہ ہزار جاں نثار موجود تھے، ان میں سے دس ہزار مہاجرین و انصار اور مدنی جاں نثار تھے اور دو ہزار وہ تھے جو فتح مکہ کے وقت مشرف باسلام ہوئے اور اسّی (۸۰) وہ مشرکین (طلقاء) تھے جو اسلام قبول نہ کرنے کے باوجود رحمۃ للعالمین کے مظاہرے دیکھ کر خود اپنی خواہش سے مسلمانوں کے رفیق جنگ بن گئے تھے۔

۱۰ شوال ۸ ہجری مطابق فروری ۶۳۰ء کو ذات اقدس ﷺ کے جلوس میں مجاہدین اسلام کا لشکر حنین جا پہنچا۔ آپ نے دشمن کے مقابلہ میں جب اسلامی فوج صف آراء ہونے کا حکم دیا تو مہاجرین کا پرچم حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مرحمت فرمایا اور انصار میں سے بنی خزرج کا پرچم خباب بن منذر کو بخشا اور اوس کا اسید بن حضیر کو عنایت فرمایا۔ اور اسی طرح مختلف قبائل کے سرداروں کو ان کی فوج کا پرچم عطاء فرمایا۔

نبی اکرم ﷺ بھی بنفس نفیس ہتھیار سجے، دو زرہ ملبوس کیے خود سر پر رکھے اپنے مشہور خچر پر سوار اسلامی فوج کی کمان کر رہے تھے۔ ابھی جنگ نے قتل وقتال کی صورت نہیں دیکھی تھی کہ مسلمانوں کے دلوں میں اپنے لشکر کی اکثریت اور فوج کی فراوانی اس درجہ اثر کر گئی کہ بعض مسلمانوں کی زبان سے ان شاء اللہ کہے بغیر ہی اپنی قوت کے گھمنڈ پر یہ نکل گیا کہ آج ہماری قوت کو کوئی شکست نہیں دے سکتا۔

مسلمان خدائے واحد کا پرستار مسلمان، اور خدائے قدوس پر بھروسہ کی بجائے اپنی عددی اکثریت پر گھمنڈ کرے، یہ اس کی بھول ہے، اس لیے خدا کو مسلمانوں کا یہ فخر پسند نہیں آیا اور اس لیے ان پر یہ تازیانہ عبرت لگا کہ جب جنگ کا افتتاح ہوا اور مسلمانوں کے لشکر نے پیش قدمی کی تو اچانک دشمن کی ان ٹولیوں نے جو گوریلا جنگ لڑنے کے لیے پہاڑ کی مختلف گھاٹیوں میں گھات لگائے بیٹھی تھی، چہار جانب سے اسلامی لشکر پر بارش کی طرح تیر باری شروع کر دی۔

اسلامی لشکر اس بے محابا تیر باری کا متوقع نہ تھا اس لیے ان کی صفوں میں تزلزل پیدا ہو گیا اور تھوڑی سی دیر میں مسلمانوں

کے قدم اُکھڑ گئے اور نبی اکرم ﷺ اور مشہور مہاجرین و انصار صحابہ رضی اللہ عنہم کے علاوہ تمام بدوی قبائل اور مدنی لشکر کی اکثریت نے راہ فرار اختیار کی۔ نبی اکرم ﷺ اس حالت میں بھی یہ رجز پڑھتے اور شجاعانہ مظاہرہ فرماتے جاتے تھے۔ انا النبی لا کذب، انا ابن عبد المطلب۔ غرض اس وقت نبی اکرم ﷺ کے اشارہ پر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے بلند آواز سے مفرور مسلمانوں کو للکارا۔ "یا معشر الانصار" "یا" "یا اصحاب بیعۃ الرضوان"۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی صدائے حق گونجی ہی تھی کہ ایک ایک مسلمان اپنی حالت پر متاسف ہو کر پلٹ پڑا، اور منٹوں میں تمام جاں نثار نبی اکرم ﷺ کے گرد جمع ہو کر داد شجاعت دینے لگے اور نتیجہ یہ نکلا کہ شکست مبدل بہ فتح و نصرت ہوگئی اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم نے ہزیمت کو "نصر عزیز" سے بدل دیا۔

مشرکین کی جماعت میں ایک مشہور ذی رائے درید بن صمہ نامی تھا، اس نے مالک کے اس طرز عمل کی سخت مخالفت کی تھی کہ میدان میں عورتوں، بچوں اور مال و دولت کے خزانوں کو ساتھ لے جائے، مگر مالک نے اس کی رائے پر عمل نہ کیا اور سب کو ساتھ لے کر آیا تھا۔ چنانچہ یہ سب مال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ لگا اور مشرکین کی رہی سہی طاقت کا بھی خاتمہ ہو گیا۔

بہت سے مشرکین اور ان کے قبائل پر اگرچہ اسلام کی صداقت روشن ہو چکی تھی مگر پھر بھی وہ اپنے خیال میں مادی شوکت کو ہی مدار صداقت تسلیم کرتے تھے۔ چنانچہ مسلمانوں پر خدائے تعالیٰ کے اس فضل و کرم کو جب انہوں نے اپنی آنکھوں سے اس طرح دیکھ لیا تو اب وہ بھی برضا و رغبت حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔

غزوۂ حنین اور قرآن حکیم:

غزوۂ حنین میں مسلمانوں کے اپنی کثرت پر عجب و غرور اور اس کے انجام میں ابتداء شکست اور پھر خدا کے فضل سے فتح و نصرت کا حال قرآن حکیم نے سورہ توبہ میں اپنے معجزانہ اسلوب بیان کے ساتھ اس طرح کیا ہے:

﴿لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِیْ مَوَاطِنَ كَثِیْرَةٍ ۙ وَّ یَوْمَ حُنَیْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَیْـًٔا وَّ ضَاقَتْ عَلَیْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّیْتُمْ مُّدْبِرِیْنَ ۝ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلٰی رَسُوْلِهٖ وَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ اَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَ عَذَّبَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِیْنَ ۝ ثُمَّ یَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝﴾

(التوبہ: ۲۵-۲۷)

"بلاشبہ اللہ بہت میدانوں میں تمہاری مدد کر چکا ہے اور حنین کے دن (بھی) جب تم اپنی کثرت پر اترا گئے تھے تو دیکھو وہ کثرت تمہارے کچھ کام نہ آئی اور زمین اپنی پوری وسعت پر بھی تم پر تنگ ہوگئی اور آخر کار ایسا ہوا کہ تم میدان کو پیٹھ دکھا کر بھاگنے لگے۔ پھر اللہ نے اپنے رسول (ﷺ) پر اور مومنوں پر اپنی جانب سے دل کو سکون و قرار نازل فرمایا اور ایسی فوجیں اتار دیں جو تمہیں نظر نہیں آتی تھیں اور ان لوگوں کو عذاب دیا جنھوں نے کفر کی راہ اختیار کی تھی اور جو کفر کی راہ اختیار کرتے ہیں ان کی جزاء یہی ہے، اس کے بعد اللہ جس پر چاہے گا اپنی رحمت سے لوٹ آئے گا اور اللہ بڑا ہی بخشنے والا رحمت والا ہے۔"

غزوہ تبوک اور قبول توبہ کا عجیب واقعہ

علی الثلاثة الذین خلفوا

تبوک "شام" کا ایک مشہور شہر ہے، ۹ ہجری میں سردار دو عالم ﷺ کو یہ اطلاع ملی کہ قیصر روم ہرقل ایک عظیم الشان لشکر مسلمانوں پر چڑھائی کے لیے تیار کر رہا ہے اور کئی لاکھ نبرد آزما والینٹیر اب تک بھرتی ہو چکے ہیں۔

مسلمانوں کے لیے یہ وقت بہت ہی کٹھن تھا، سرزمین حجاز میں قحط پڑا ہوا تھا زمین پیداوار سے خالی، نہریں اور تالاب خشک اور گرمی نہایت شدت کی پڑ رہی تھی اور تمام آدمی عسرت کے ساتھ بسر کر رہے تھے۔

اس کے باوجود موسم بہار تھا، باغوں میں کھجوریں پک رہی تھیں، کھجور کے پتوں سے سائبان تیار کیے جا رہے تھے اور عرب کے دستور کے مطابق لوگ باغوں میں خیمہ زن موسم کی بہار لوٹنا چاہتے تھے کہ اچانک یہ خبر آئی۔

سخت آزمائش کا وقت تھا، سینکڑوں میل کی راہ بادسموم اور تپتے ہوئے ریت سے واسطہ، مگر فدا کارانِ اسلام عیش دنیا اور مصائب موسم سے بے پروا اور بے خوف ہو کر پروانہ وار اسلام پر نثار ہونے کے لیے مدینہ میں جمع ہو رہے تھے۔

نبی اکرم ﷺ کا عموماً یہ دستور تھا کہ جب کسی غزوہ کا ارادہ فرماتے تو عام طریقہ سے یہ ظاہر نہ ہونے دیتے کہ کہاں کا قصد ہے تا کہ دشمن صحیح حالات نہ پا سکے لیکن غزوۂ تبوک میں چونکہ سخت موسم تھا، حجاز میں قحط سالی، ناسازگاری حالات اور دشمن کی زبردست قوت کا مقابلہ کرنا تھا، اس لیے اس کڑی آزمائش میں ذات اقدس ﷺ نے تمام قبائل عرب میں اصل حقیقت کا اعلان کرا دیا تا کہ جو شخص بھی اس وادی پرخار میں قدم رکھے سوچ سمجھ کر رکھے۔

مالی استعانت:

مسطورہ بالا نازک حالات کے پیش نظر یہ پہلا غزوہ ہے جس میں نبی اکرم ﷺ نے مجاہدین کی مالی استعانت کے لیے ترغیب دی اور جلیل القدر جاں نثارانِ اسلام کو اپنی مالی فدا کاری کا ثبوت دینے کے لیے موقعہ بہم پہنچایا۔ چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دس ہزار دینار سرخ، تین سو اونٹ اور پچاس گھوڑے پیش کیے اور ذات اقدس ﷺ نے ان کے اس جذبہ اخلاص پر یہ دعا فرمائی:

اللهم ارض عن عثمان فانی راض عنه.

"خدایا تو عثمان سے راضی ہو اس لیے کہ میں اس سے راضی ہوں۔"

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا نصف مال پیش کر دیا۔ حضرت عبدالرحمن بن عوف نے سو اوقیہ، اور حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ نے ساٹھ وسق کھجوریں پیش کیں اور حضرت عباس و حضرت طلحہ رضی اللہ عنہما نے زر کثیر پیش کیا اور عورتوں نے بھی اپنے حوصلہ سے زیادہ زیورات پیش کیے۔ حتیٰ کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تو اپنا کل مال ہی اسلام پر قربان کر دیا۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جب اپنا مال لے کر حاضر خدمت

ہوئے تو نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: "ابوبکر رضی اللہ عنہ تم اپنے اہل وعیال کے لیے بھی کچھ چھوڑ کر آئے ہو؟" ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: "ہاں یارسول اللہ ﷺ! میں اپنے گھر میں اللہ اور اس کے رسول کا نام چھوڑ آیا ہوں۔"

غرض ان عظیم الشان تیاریوں کے بعد جب مسلمانوں کا لشکر جرار اعلاء کلمۃ اللہ کے فداکارانہ ولولہ اور جوش کے ساتھ تبوک کی طرف بڑھا تو ہرقل کو بھی جاسوسوں نے خبر کر دی۔ ہرقل یا تو کروفر کے ساتھ جنگ کی تیاریوں میں مشغول تھا اور یا یہ خبر سنتے ہی ہوش وحواس کھو بیٹھا اور "رومی" مسلمانوں کے عدیم النظیر جذبہ ایثار و فداکاری سے متاثر و خائف ہو کر تبوک میں مسلمانوں کے پہنچنے سے قبل ہی منتشر ہو گئے اور نبی اکرم ﷺ راہ کے چند عیسائی امراء کو امن کا پروانہ دیتے اور معاہدات کرتے ہوئے کامرانی کے ساتھ واپس آ گئے۔

عذرخواہی:

جب آپ مدینہ جلوہ افروز ہوئے تو منافقین نے اس عظیم الشان آزمائش میں عدم شرکت کے لیے جھوٹے اعذار تراش کر خدمت اقدس میں عذرخواہی کی اور ذات اقدس ﷺ نے اسلام کے جماعتی نظام کی مصالح کے پیش نظر ان سے درگزر فرمایا۔

مگر عذرخواہ جماعتوں میں تین اشخاص مخلصین اسلام میں سے بھی تھے اور وہ کعب بن مالک، ہلال بن امیہ اور مرارہ بن ربیع جیسی ہستیاں تھیں۔ انہوں نے منافقین کی طرح حاضر ہو کر کذب بیانی سے کام نہیں لیا اور صاف صاف عرض کر دیا کہ اے خسرو دین و دنیا میں چاہتا تو منافقین کی طرح کوئی جھوٹا عذر پیش کر کے آپ کے مواخذہ سے بچ جاتا لیکن اگر کسی دنیادار سے ایسا معاملہ پیش آتا تو کر بھی لیتا مگر خدا کے نبی ﷺ کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا۔ سچ بات یہ ہے کہ میں محض اپنی کاہلی کی وجہ سے "محروم الجہاد" رہا، ہر دن یہ خیال کرتا رہا کہ آج اپنے باغوں کے لطف سے اور سیر ہولوں کل ضرور روانہ ہو جاؤں گا اور لشکر اسلام کو ایک دو منزل ہی پر جا پکڑوں گا، آخرکار اس کاہلی کا نتیجہ محرومی کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اب جو حکم ہو اس کے لیے سرتسلیم خم ہے۔ یہی ہلال اور مرارہ نے بھی کہا اور اس طرح تینوں مجرموں کی طرح حکم رسول ﷺ سننے کے لیے گوش برآواز ہو گئے۔

معاشرتی مقاطعہ:

یہ تینوں حضرات اسلام کے فدائی، اخلاص کے پیکر اور عاشقانِ رسول ﷺ تھے اس لیے ان کا معاملہ منافقین کا سا نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ نظام جماعت کی خلاف ورزی کر گزریں اور جہاد جیسے عظیم ترین رکن ملت کو محض کاہلی اور سستی پر قربان کر دیں اور پھر ان کو معمولی معذرت پر معاف کر دیا جائے اس لیے ضرورت تھی کہ اس معاملہ میں ایسا فیصلہ دیا جائے کہ آئندہ کسی مخلص مسلمان کو ایسی غلط کاری اور نظام کی خلاف ورزی کی جرات نہ ہو سکے، چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

اما هذا فقد صدق فقم حتى يقضى الله فيك.

"تم نے سچ سچ بات کہہ دی، اب جاؤ اور خدا کے فیصلہ کا انتظار کرو۔"

تینوں، اس حکم کے بعد گھر واپس آ گئے اور نبی اکرم ﷺ نے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کو حکم فرما دیا کہ ان تینوں سے کلام وسلام سب ترک کر دیا جائے، چنانچہ تمام مسلمانوں نے ان کا معاشرتی مقاطعہ کر دیا۔

ضبط ونظم کی عدیم النظیر مثال:

کعب خود فرماتے ہیں کہ اس واقعہ نے ہم تینوں پر جو کچھ اثر کیا اس کا اندازہ دوسرا کوئی نہیں کر سکتا۔ میرے دونوں رفیقوں پر تو اس درجہ اثر پڑا کہ انہوں نے باہر نکلنا ہی ترک کر دیا۔ مگر میں سخت جان تھا، برابر نمازوں کے اوقات میں مسجد نبوی میں حاضر ہوتا رہا۔ جب میں مسجد میں حاضر ہوتا تو نبی اکرم ﷺ کو سلام کرتا اور دیکھتا رہتا کہ لب مبارک کو حرکت ہوئی یا نہیں مگر بدقسمتی اور محرومی کے سواء کچھ نہ پاتا، البتہ یہ محسوس کرتا تھا کہ جب میں نماز میں مشغول ہوتا تو آپ میری جانب دیکھتے رہتے اور جب میں فارغ ہو کر آپ ﷺ کی جانب متوجہ ہوتا تو میری جانب سے رخ مبارک پھیر لیتے۔

لیکن اس تمام واقعہ میں مسلمانوں کی اسلام دوستی اور امر رسول پر امتثال ووالہانہ استقامت کا یہ حال تھا کہ جب میں لوگوں کی اس سختی سے اُکتا گیا تو ایک روز اپنے سب سے محبوب عزیز اور چچا زاد بھائی ابوقتادہ کے پاس گیا، اس ابوقتادہ کے پاس جو اس سے قبل مجھ پر جان چھڑکتا تھا اور میرا عاشق وجاں نثار تھا، میں نے اس کو سلام کیا، مگر قسم بخدا اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں اس حالت کو دیکھ کر تڑپ گیا اور ابوقتادہ سے کہا! ابوقتادہ! میں خدا کی قسم دے کر تجھ سے دریافت کرتا ہوں، کیا تجھے معلوم نہیں کہ میں خدا اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہوں اور میں عاشق خدا اور رسول ہوں؟ ابوقتادہ پھر بھی خاموش رہا اور کوئی جواب نہیں دیا، میں نے دو مرتبہ پھر اس بات کو دہرایا مگر اس نے سکوت ہی اختیار کیا اور کوئی جواب نہ دیا، آخر جب تیسری مرتبہ کہا تو صرف یہ کہہ کر چپ ہو گیا۔

"اللہ و رسولہ اعلم" "اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتا ہیں"۔

یہ سن کر مجھ سے ضبط نہ ہو سکا اور میری آنکھیں ڈبڈبا آئیں کہ اللہ اکبر! یہ انقلاب اور صرف یہیں تک معاملہ ختم نہیں ہوا بلکہ چالیس دن گزرنے پر رسول اکرم ﷺ نے حکم فرمایا کہ ان تینوں کی رفیقہ حیات کو بھی چاہیے کہ شوہروں سے مقاطعہ کر کے الگ ہو جائیں۔ چنانچہ ان اللہ کی بندیوں نے ہمارے ساتھ قلبی تعلق کے باوجود حکم رسول کو مقدم سمجھا اور اپنے میکے چلی گئیں، البتہ ہلال بن امیہ کی رفیقہ زندگی نے دربار رسالت میں جا کر عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! ہلال بہت بوڑھے ہیں، ان کی خدمت گزار صرف میں ہوں، دوسرا کوئی نہیں، اگر وہ میری خدمت سے محروم ہو گئے تو ان کی ہلاکت کا اندیشہ ہے، اب کیا حکم ہے؟ تب آپ نے فرمایا: "خدمت کرتی رہو، باقی تعلقات کو سردست منقطع کر دو یہ سن کر اس نے سر تسلیم خم کر دیا اور اس کے باوجود کہ شوہر اور بیوی یا عزیزوں اور رشتہ داروں کے درمیان دوسرا کوئی موجود نہیں ہوتا تھا تب بھی کیا مجال کہ ایک لمحہ کے لیے بھی کسی نے امر رسول سے انحراف کرنے کی جرات کی ہو۔ اللہ اللہ! یہ ہے سچی شان انقیاد اور اطاعت خدا اور رسول۔

عشق رسول اور صداقت اسلام کا حیرت انگیز معیار:

کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا چالیس دن سے مسلسل معاشرتی مقاطعہ ہے، غیروں کا تو ذکر ہی کیا، قریبی عزیز و رشتہ دار حتیٰ کہ رفیقہ زندگی بھی اسلام اور رسول اللہ ﷺ کے حکم پر پروانہ وار نثار ہوتے ہوئے "کعب" کا مقاطعہ کئے ہوئے ہیں، گویا اس طرح کعب رضی اللہ عنہ پر خدا کی زمین تنگ ہو گئی اور وہ اس مایوسی اور حیرانی کی حالت میں مدینہ کے بازار سے گزر رہے ہیں کہ اچانک شام کا ایک نبطی پکارتا ہوا نظر آیا: من یدل علی کعب بن مالک "مجھ کو کوئی کعب بن مالک تک پہنچا دے"۔

لوگوں نے ہاتھ کے اشارے سے بتایا کہ کعب وہ جا رہے ہیں، نبطی آگے بڑھا اور کعب کی راہ روک کر ان کی خدمت میں ایک خط پیش کیا، کعب نے پڑھا تو شاہ غسان کا خط تھا، اس میں لکھا تھا:

اما بعد! فانه قد بلغني ان صاحبك قد جفاك ولم يجعلك الله بدار هوان ولا مضيعة فالحق بنا نواسك.[1]

"امابعد! مجھ کو معلوم ہوا ہے کہ تمہارے ساتھی (محمد ﷺ) نے تم پر بڑا ظلم کر رکھا ہے، خدا نے تم جیسی ہستی کو اس ذلت اور ضیاع کے لیے نہیں بنایا۔ پس تم فوراً یہاں چلے آؤ ہم تمہاری خاطر خواہ عزت کریں گے۔"

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں خط پڑھتے ہی مجھ کو سخت رنج و ملال ہوا اور میں نے دل میں کہا کہ یہ آزمائش و بلا پہلی آزمائش سے بھی زیادہ کٹھن ہے، میں اور شاہ غسان کو میرے متعلق یہ گمان کہ اس امتحان سے گھبرا کر اس کے پاس بھاگ جاؤں اور خدا اور خدا کے رسول سے منہ موڑ لوں، آہ یہ بہت ہی تکلیف دہ صورت حال ہے۔ بہر حال شاہ غسان کی اس ذلیل حرکت پر مجھے ایسا غصہ آیا کہ میں ایک تنور کے سامنے پہنچا اور اس کے خط کو اس میں جھونک کر نبطی سے کہا: "یہ ہے تیرے بادشاہ کے خط کا جواب اور میں خدمت اقدس میں حاضر ہو کر بے چینی کے ساتھ عرض رسا ہوا" "شاہ ہر دوسرا! آخر یہ اعراض کیوں اس درجہ کو پہنچ گیا کہ اب مشرکین تک مجھے پھسلانے کی جرات کرنے لگے۔"[2]

غرض اسی طرح پچاس راتیں گزر گئیں اور ہماری محرومی کی گرہ نہ کھلی اور ارشاد خداوندی کے بموجب خدا کی زمین وسیع ہونے کے باوجود ہم پر تنگ ہوگئی اور اپنی جان وبال نظر آنے لگی کہ یک بیک صبح کی نماز کے بعد سلع کی چوٹی پر سے ایک پکارنے والے نے پکارا "اے کعب بشارت ہو" میں تو انقلاب حال کا منتظر ہی تھا، فوراً سمجھ گیا کہ درگاہِ الٰہی میں توبہ قبول ہوگئی، اب کیا تھا مسرت و خوشی سے پھولا نہ سمایا اور وہیں سجدہ میں گر گیا۔

اب جوق در جوق لوگ آ رہے ہیں اور قبول توبہ کا مژدہ سنا رہے ہیں اور کل تک جو اجنبی نظر آتے تھے اس وقت جاں نثار اور محب بن کر اظہار مسرت کر رہے ہیں اور رفیقۂ حیات کی جانب سے بھی مبارک باد پیش کی جا رہی ہے، سب سے پہلے جس شخص نے مجھ کو قبول توبہ کی مفصل بشارت سنائی وہ ایک سوار تھا، میں نے انتہاء خوشی میں جو کپڑے پہنے ہوئے تھا اتار کر اس کو دے دیئے۔ خدا کی شان کہ میرے پاس اور کپڑے بھی نہیں تھے اس لیے مستعار مانگ کر پہنے اور بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا، راہ میں بھی لوگوں کا تانتا بندھا ہوا تھا اور مجھ پر مبارک بادیوں اور بشارتوں کے پھول، برسائے جا رہے تھے، دربار رسالت پہنچا تو آنحضرت ﷺ آگے بڑھے اور مجھ سے مصافحہ کیا اور مبارک باد پیش کی، اسی مسرت کے ساتھ میں جلوۂ جہاں آرا کا طلب ہوا تو دیکھا کہ چہرۂ مبارک مسرت و شادمانی سے برق کی طرح چمک رہا ہے، مسکراتے ہوئے ارشاد فرمایا:

ابشر بخير يوم مر عليك منذ ولدتك امك.

"اس مبارک دن میں بشارت حاصل کر، تیری ولادت سے آج تک جس سے بہتر کوئی دن نہیں آیا۔"

میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ قبول توبہ آپ کی جانب سے ہے یا خدا کی جانب سے؟ حضور ﷺ نے فرمایا میری جانب سے نہیں خدا کی جانب سے ہے۔"

---

[1] فتح الباری ج ۸ ص ۹۷ [2] ایضاً

آپ ﷺ نے یہ جواب مرحمت فرمایا اور رخ انور قمر کی طرح روشن نظر آنے لگا۔ میں نے مسرت کے لہجہ میں عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! "میری قبول توبہ کا ایک جزیہ بھی ہو جائے کہ میں اپنا کل مال خدا کی راہ میں تصدق کر دوں۔" آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "بہتر یہ ہے کہ کچھ حصہ اپنے لیے رکھ لو" میں نے عرض کیا: "بہتر ہے، خیبر کا جو حصہ میرے پاس ہے اس کو روکے لیتا ہوں" میں نے یہ بھی عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ یہ سچائی کا صدقہ ہے کہ آج اس نعمت بیکراں سے مالا مال ہوں اس لیے عہد کرتا ہوں کہ عمر بھر صدق مقال کے ماسواء میرا شعار کچھ نہ ہوگا۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میرے اس معاملہ میں میں رنج وغم کے ہر دو رفقاء کا بھی مسرت و بہجت سے یہی حال ہوا اور ہماری قبول توبہ پر جو آیات فضل نازل ہوئی تھیں نبی اکرم ﷺ نے ہمارے سامنے ان کی تلاوت فرمائی۔

قبول توبہ اور سورۂ توبہ:

﴿ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۟ۙ﴿۱۱۷﴾ وَّ عَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَ ضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَ ظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾﴾ (التوبہ: ۱۱۷۔۱۱۹)

"بے شک اللہ اپنی رحمت سے نبی پر متوجہ ہو گیا اور مہاجرین اور انصار پر بھی جنھوں نے بڑی تنگی اور بے سروسامانی کی حالت میں اس کے پیچھے قدم اٹھایا اور اس وقت اٹھایا کہ قریب تھا ان میں سے ایک گروہ کے دل ڈگمگا جائیں، پھر وہ اپنی رحمت سے ان سب پر متوجہ ہو گیا۔ بلاشبہ وہ شفقت رکھنے والا، رحمت کرنے والا ہے، اور ان تین شخصوں پر بھی (اپنی رحمت کے ساتھ رجوع ہوا) جو معلق حالت میں چھوڑ دیے گئے تھے حتیٰ کہ نوبت یہ آ گئی کہ زمین اپنی ساری وسعت کے باوجود ان پر تنگ ہو گئی تھی اور وہ خود بھی اپنی جان سے تنگ آ گئے تھے اور انہوں نے جان لیا تھا کہ اللہ سے بھاگ کر انہیں کوئی پناہ نہیں مل سکتی مگر خود اسی کے دامن میں۔ پس اللہ ان پر اپنی رحمت کے ساتھ لوٹ آیا تا کہ وہ رجوع کریں، بلاشبہ اللہ ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے، بڑا ہی رحمت والا۔"

قرآن عزیز اور غزوۂ تبوک:

قرآن عزیز نے صرف اسی واقعہ کا ذکر نہیں کیا بلکہ غزوۂ تبوک کی اہمیت کے پیش نظر اس کی بہت سی تفصیلات بیان کیں اور اس سلسلہ میں پند و موعظت کے ذریعہ مسلمانوں کی رشد و ہدایت کا سامان مہیا کیا ہے۔ چنانچہ اس سورہ میں چھٹے رکوع سے لے کر آخر سورہ تک اسی غزوہ اور غزوہ سے متعلق حالات و مواعظ کا تذکرہ ہے۔

﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ ... الی ... فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ٫ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾﴾ (التوبہ: ۳۸، ۱۲۹)

اہم غزوات اور نتائج و بصائر

بدر الکبریٰ:

① عقائد اسلامی و افکار ملی کے بنیادی مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ فتح و شکست کا مدار عددی اکثریت و اقلیت پر نہیں ہے بلکہ صرف عنایت خداوندی اور اس کے فضل و کرم پر ہے۔

﴿كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾ (البقرہ: ۲۴۹)

② جو جماعت احساس فرض کے ساتھ عدل و نصفت کے لیے میدان میں نکلتی ہے کبھی ناکام نہیں ہوتی اور انجام اسی کے ہاتھ رہتا اور خدا کی نصرت کا پیغام اسی کو نصیب ہوتا ہے۔

﴿وَ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ﴾ (آل عمران: ۱۲۳)

③ اگر قلب میں اخلاص اور صداقتِ حق کا جذبہ موجود ہو۔ اور خدا اور اس کے رسول پاک ﷺ کے حکم و ارشاد کے سامنے گردن خم ہے تو بہ اسباب دنیوی بشری تقاضے کے پیش نظر اپنی جانب سے خوف و ہراس قابل ملامت نہیں ہے اور خدائے برتر ضرور اس کو ثبات و استقامت عطا فرماتا ہے۔

④ "صبر و استقامت" ایسے میٹھے پھل ہیں جن کی شیرینی دنیا و دین دونوں ہی میں لذت و سکون اور رفعت و سعادت سے ہمکنار کرتی ہے، چنانچہ غزوۂ بدر الکبریٰ اس حقیقت کے لیے زندۂ جاوید شہادت ہے۔

⑤ باطل سے برسر پیکار حامل حق و صداقت جماعت بہ اسباب دنیوی جس قدر زیادہ بے یار و مددگار ہوتی ہے خدا کی نصرت و حمایت اسی قدر زیادہ معجزانہ کرشمے دکھا کر حمایت حق کا ساتھ دیتی اور باطل کو ناکام بنا کر حق کو شاد کام کرتی ہے۔ چنانچہ بدر میں ابر رحمت کا نزول، ملائکۃ اللہ کا ورود نظر مسلم میں دشمن کی کثیر تعداد کا مشاہدۂ قلیل اور مشرکین کی نگاہ میں مسلمانوں کی تعداد قلیل کا مشاہدۂ کثیر، یہ سب معجزانہ امور اسی قانون الٰہی کی کرشمہ سازیاں تھیں۔

غزوۂ اُحد:

① جہاد مخلص و منافق کی معرفت کے لیے بے نظیر کسوٹی ہے، چنانچہ غزوۂ اُحد اور غزوۂ تبوک میں یہ حقیقت نمایاں نظر آتی ہے۔ چنانچہ اُحد کے موقع پر رأس المنافقین عبداللہ بن ابی اپنی جماعت کے ساتھ لشکر اسلامی سے یہ کہہ کر جدا ہو گیا کہ محمد (ﷺ) نے چونکہ ہمارا مشورہ نہیں مانا اس لیے ہم کیوں میدان جہاد میں جا کر ہلاکت میں پڑیں اور غزوۂ تبوک میں یہ کہہ کر لوگوں کو

فداکاری و جاں نثاری سے روکتا رہا ﴿لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ﴾ گرمی کی شدت میں جنگ کی آگ کے اندر نہ کودو" اور اس حقیقت کو فراموش کر دیا: ﴿نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا﴾ جہنم کی آگ کی شدت دنیا کی گرمی کی شدت سے کہیں زیادہ سخت ہے۔

۲ امیر "خلیفہ" اور اس کے نائبین کا فرض ہے کہ اہم امور میں مسلمانوں سے مشورہ کرے، اور باتفاق رائے یا بکثرت رائے جو فیصلہ ہو اسی کو اپنا "عزم" بنائے۔

نبی اکرم ﷺ پر نزول وحی ہوتا تھا اس لیے آپ ﷺ اگر صحابہ ؓ سے مشورہ نہ بھی فرماتے تو کوئی قباحت نہ تھی تاہم "اسوۂ حسنہ" کو شعار بنانے کے لیے آپ ﷺ اہم امور میں برابر مسلمانوں سے مشورہ فرماتے رہے، چنانچہ غزوۂ اُحد میں بھی مشورہ فرمایا اور اس مشورہ کی یہ خصوصیت ہے کہ خود ذات اقدس ﷺ اور معمر و تجربہ کار صحابہ ؓ کو جن کی قوت و اصابت رائے پر آپ ﷺ کو اعتماد تھا کی رائے یہ تھی کہ غزوۂ اُحد کے موقعہ پر مسلمانوں کو مدینہ سے نکل کر جنگ نہیں کرنی چاہیے مگر اکثریت کے لحاظ سے ان صحابہ ؓ کی تعداد بہت زیادہ تھی، جن کا اصرار تھا کہ ہم کو مدینہ سے باہر میدان میں نکل کر جنگ کرنی چاہیے، تو آپ ﷺ نے اکثریت کے فیصلہ کو برقرار رکھتے ہوئے باہر نکل کر جنگ کرنے کو ہی ترجیح دی اور اس عملی اسوۂ حسنہ کو اپنے مسطورۂ ذیل ارشاد مبارک سے محکم و مضبوط بنا دیا۔

حضرت علی ؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک صحابی نے یہ استفسار کیا: مالعزم یا رسول اللہ ﷺ! اے خدا کے رسول! (قرآن میں مذکور ﴿فَاِذَا عَزَمْتَ﴾ میں "عزم" سے کیا مراد ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((مشاورۃ اھل الرای ثم اتباعھم))۔

اہل الرائے سے مشورہ کرنے کے بعد (امام و خلیفہ کا) ان کی دی ہوئی رائے پر عمل پیرا ہونے کا نام "عزم" ہے۔"[1]

۳ تمام معاملات میں عموماً اور جہاد و میدان جنگ میں خصوصاً "ضبط و نظم" اہم امور میں سے ہے، اگر کسی جماعت میں اس کا فقدان ہے تو وہ جماعت حامل حق و صداقت ہی کیوں نہ ہو، کامیابی و کامرانی کا سہرا اس کے سر نہیں ہو سکتا اور جس درجہ اس بنیادی حقیقت کار میں کمی ہوگی اسی قدر اس جماعت میں اضمحلال اور ضعف غالب ہوگا۔

غور کیجیے کہ غزوۂ اُحد میں مشرکین کے مقابلہ میں تیر بار مسلم جماعت کے نظم و ضبط کی خلاف ورزی نے کس طرح مسلمانوں کی فتح و نصرت کو اچانک شکست کے ساتھ بدل دیا، پیغمبر خدا ہادی اعظم ﷺ شریک جنگ ہیں، مسلمان مشرکین پر غالب اور مشرکین ہزیمت سے دو چار ہو رہے ہیں کہ مال غنیمت کے شوق میں اپنے سردار کے منع کرنے کے باوجود جب تیر بار جماعت نے گھاٹی چھوڑ دی تو یک بیک فتح شکست سے بدل گئی اور صرف یہی نہیں بلکہ سردار دو عالم ﷺ کو بھی چشم زخم پہنچا اور دندان مبارک تک شہید ہو گیا۔ ﴿فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ ۝﴾

۴ یہ ضروری نہیں ہے کہ جب کبھی حق و باطل میں معرکہ آرائی ہو تو حق ضرور جیت جائے اور ابتدائے کار میں بھی اس کو کبھی شکست نہ ہو، اگر ایسا ضروری ہو تو حق و باطل کی آزمائش و امتحان کی کوئی سبیل باقی نہ رہے اور قبول حق و باطل اختیاری نہ رہے اضطراری بن جائے، یہی حقیقت ہے جس کو ابوسفیان کے اس جواب پر "الحرب سجال" جنگ ان دو ڈولوں کی طرح ہے جو ایک رسی میں

---

[1] تفسیر ابن کثیر در منثور بسند صحیح تفسیر آیت ﴿فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ﴾

اس طرح بندھے ہوں کہ کبھی ایک نیچے پانی میں چلا جاتا ہے اور دوسرا اُبھر آتا ہے اور کبھی پہلا اُبھر آتا ہے۔
رومہ کے شہنشاہ ہرقل (ہرکلوس) نے کہا تھا کہ "تیرا یہ قول سچ ہے کہ کبھی تم کو فتح ہو جاتی ہے اور کبھی اس مدعی رسالت (ﷺ) کو، اور کبھی تم شکست کا منہ دیکھتے ہو اور کبھی وہ، تو اے سفیان! نبی و رسول کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ جنگ کے موقعہ پر کبھی بھی اس کو شکست نہ ہو، ہاں البتہ یہ ازبس ضروری ہے کہ اس معرکہ آرائی کا آخری انجام حق کی فتح اور باطل کی شکست پر جا کر ختم ہو جائے گا۔

⑤ میدان جہاد میں منافق اور ضعیف اعضاء کا جدا رہنا ہی مفید اور کامیابی کے لیے ازبس ضروری ہے، اسی لیے جن غزوات میں منافقین نے مسلمانوں میں ضعف پیدا کرنے کے لیے شرکت جنگ سے پہلو تہی کی یا میدان میں نکل کر واپس ہو گئے تو ان کی یہ ناپاک حرکت مسلمانوں کو ذرہ برابر بھی نقصان نہ پہنچا سکی، بلکہ اس کے برعکس مخلص فداکاروں اور جاں نثاروں کی چھوٹی سے چھوٹی تعداد نے بھی وہ انقلاب پیدا کر دیا کہ باطل کا قلع قمع ہو کر رہ گیا۔

غزوۂ احزاب:

① کائنات انسانی پر خدا کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ اس نے ذات اقدس محمد ﷺ کے ذریعہ "اخوت و مساوات" کا وہ عظیم الشان علمی و عملی نقشہ پیش کیا کہ جس کی مثال عالم انسانی کی تاریخ پیش کرنے سے عاجز ہے۔
غزوۂ خندق میں سرور دو عالم ﷺ نے اپنے جاں نثار رفقاء کے ساتھ بھوک سے پیٹ پر پتھر باندھ کر خندق کھودنے اور ٹوکری میں بھر کر اس کی مٹی منتقل کرنے میں جس طرح برابر کا حصہ لیا وہ اگر ایک طرف یہ ظاہر کرتا ہے کہ دنیوی بادشاہ شہنشاہ اور ہادی اعظم نبی و رسول کے درمیان کس قدر عظیم فرق ہے، اسی طرح یہ بھی روشن کر دیتا ہے کہ اسلام کے مقدس جھنڈے کے نیچے خدمت حق کے لیے خلیفہ و امام اور ہادی برحق تک بھی کس طرح ایک سپاہی کے دوش بدوش ادنیٰ سے ادنیٰ کام میں برابر کا شریک و سہیم بن جاتا ہے۔

② کفار کی تمام جماعتوں کے متفقہ حملہ کے وقت حضرت سلمان فارسی کا مشورہ دینا کہ ایسے نازک وقت میں اہل فارس کا یہی دستور ہے اور نبی اکرم ﷺ کا ان کے دیئے ہوئے مشورہ کو قبول فرمانا دلیل ہے اس امر کی کہ ہر زمانہ میں وقت کے ترقی یافتہ وسائل دنیوی کو امر حق کی حمایت کے لیے اختیار کرنا اور اپنانا اسلام سے انحراف نہیں بلکہ بہترین اسلامی خدمت ہے۔ بشرطیکہ وہ اسباب و وسائل اسلامی اصول و احکام سے متصادم نہ ہوں۔

③ "جہاد" اسلام کا اس درجہ عظیم الشان رکن اور اس کی بقاء و حفاظت کے لیے ایسا اہم فریضہ ہے کہ اس ادائے فرض و مشغولیت میں نبی اکرم ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا نماز جیسا اہم فریضہ قضا ہو گیا اور آپ ﷺ نے اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے عصر کی نماز مغرب کے وقت ادا فرمائی۔ اور نماز کیسا اہم سے اہم تر فریضہ ہے اس حقیقت سے واضح ہوتا ہے کہ جہاد جیسے عظیم الشان فداکارانہ اور جاں نثارانہ عمل کے وقت بھی جبکہ انسان میدان جہاد میں جان ہتھیلی پر لیے مشغول جنگ ہوتا ہے، عبادت الٰہی سے غافل نہیں رکھا گیا اور ایسے وقت میں نص قرآنی نے "صلوٰۃ خوف" کی طرح ڈال کر نماز کی اہمیت و جلالت قدر پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔

④ جنگ میں ایسے طریقے اختیار کرنا صحیح ہیں جن میں کذب اور خلف وعد جیسے قبیح امور کا دخل نہ ہوتے ہوئے دشمن کو بغیر جنگ ہی

کے نقصان و ہزیمت کا منہ دیکھنا پڑ جائے، یا وہ یہ صحیح اندازہ نہ کر سکے کہ اسلامی لشکر کا رخ کس جانب ہے اور اس طرح حقیقت حال مستور ہو کر دھوکے میں پڑ جائے، چنانچہ غزوات اسلامی میں یہ دونوں پہلو عملی لباس میں صاف نظر آتے ہیں اور یہی مفہوم ہے ارشاد نبوی ((الحرب خدعة)) کا۔

صلح حدیبیہ:

① اجتماعی مصالح اسلامیہ اگر متقاضی ہوں تو خلیفہ اور امیر المومنین کو اختیار ہے کہ وہ کفار مشرکین سے ایسی صلح کر لے جو اگرچہ بظاہر حال شکست خوردہ نظر آتی ہو، مگر وقت نظر اور فکر عمیق کا یہ فتویٰ ہو کہ ثمرہ اور نتیجہ کے لحاظ سے یہ مسلمانوں کے حق میں فتح مبین اور ظفر و نصر کا سبب ثابت ہوگی، جیسا کہ حدیبیہ کے صلح نامہ کی دفعہ سے ظاہر ہوتا ہے۔

② بسا اوقات ہماری ظاہر بین نظریں ایک معاملہ کو موجب توہین سمجھتی اور اس کو کراہت سے دیکھتی ہیں لیکن وہ خدا کے نزدیک اسلام اور مسلمانوں کے حق میں بہتر اور موجب عزت بننے والی ہوتی ہے اسی طرح بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جس شئے کو ہماری نظریں خیر اور موجب فلاح سمجھتی ہیں وہ ثمرہ اور نتیجہ کے اعتبار سے باعث شر اور موجب ذلت و رسوائی ہو جاتی ہے۔ اس لیے مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے احکام کو ہر معاملہ میں اسوۂ حسنہ بنائے اور اپنی عقل و خرد پر اعتماد کر کے ان کی خلاف ورزی پر آمادہ نہ ہو جائے۔ ﴿ وَعَسَىٰٓ أَن تَكْرَهُوا۟ شَيْـًٔا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَعَسَىٰٓ أَن تُحِبُّوا۟ شَيْـًٔا وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ ﴾

③ معاہدات اقوام و امم میں اسلام کی امتیازی شان یہ ہے کہ "نقض عہد" کو "عذر" سمجھے اور یقین کرے کہ عہد کی خلاف ورزی کرنے والا نہ دنیا میں صاحب عزت ہو سکتا ہے اور نہ عالم آخرت میں اس کو فلاح نصیب ہو سکتی ہے بلکہ روز قیامت اس کے ہاتھ میں غداری کا جھنڈا ہوگا تا کہ کائنات انسانی کے سامنے اس کے عذر کا مظاہرہ ہو سکے۔ ﴿ وَأَوْفُوا۟ بِٱلْعَهْدِ ۖ إِنَّ ٱلْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔولًا ۝ ﴾

④ جو لوگ قلت تعداد اور فقدان اسباب ظاہری کے باوجود خدا کے رسول کے ہاتھ پر فداکاری اور جاں نثاری کے لیے حدیبیہ میں بیعت کر رہے تھے خدا نے ان کے اس ایثار و عقیدت حق کی جزاء عظیم یہ عطاء فرمائی کہ قرآن حکیم میں بصراحت ان کو اپنی خوشنودی کی سند بخشی اور اسی مبارک سند کی بنا پر وہ بیعت "بیعت رضوان" کے نام سے رہتی دنیا تک موسوم ہوئی، پس یہ واقعہ برہان قاطع ہے اس امر کے لیے کہ ﴿ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ ٱلْمُحْسِنِينَ ۝ ﴾

⑤ اگر آزادی ضمیر نصیب ہو اور تعصب راہ میں حائل نہ ہو تو اسلام ایسا دین فطرت ہے کہ خود بخود کائنات انسانی کو اپنے اندر جذب کرتا چلا جاتا ہے، چنانچہ "صلح حدیبیہ" نے اس لیے "فتح مبین" کا لقب پایا کہ جب مسلمانوں اور مشرکوں کے درمیان ایک معاہدہ کے ذریعہ جنگ کا التوا ہو گیا تو مشرکین کو امن و اطمینان کے ساتھ مسلمانوں میں میل جول کا موقعہ ملا اور نتیجہ یہ نکلا کہ دعوت اسلام کے وقت سے حدیبیہ کے وقت تک فدا کاران اسلام کی جو تعداد تھی تقریباً اٹھارہ یا بائیس مہینوں کے اندر اندر اس سے زیادہ شمع اسلام کے پروانے نظر آنے لگے، ایسا کیوں ہوا؟ صرف اس لیے کہ مشرکین نے دیکھا کہ قوم مسلم اپنے اخلاق و اعمال اور کردار و گفتار بلکہ زندگی کے ہر شعبہ میں صادق و عادل، حق پسند و حق آگاہ ہے اور اس کی جماعتی و انفرادی حیات کا پایہ وقت کی تمام اقوام و ملل سے بلند تر ہے۔

فتح مکہ:

① مسلمان جب کسی غیر مسلم طاقت سے معاہدہ کرلیں تو جس مدت کے لیے معاہدہ ہوا ہے ان کا اسلامی فرض ہے کہ اس مدت کو اپنی جانب سے پورا کریں اور نقض عہد نہ کریں البتہ اگر معاہد طاقت کی جانب سے خلاف ورزی ہو تو پھر مسلمان بری الذمہ ہیں بلکہ بعض حالات میں نقض عہد کرنے والی طاقت کا استیصال ازبس ضروری ہے جیسا کہ فتح مکہ کے اسباب سے ظاہر ہوتا ہے۔

② فتح مکہ کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ عنوۃ (بہ زور طاقت) فتح ہونے کے باوجود خون ریزی سے محفوظ رہا، اور نبی اکرم ﷺ نے حرم کعبہ کے احترام وعظمت کے پیش نظر خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو ہدایت دیتے ہوئے ابتداء ہی میں ارشاد فرما دیا تھا کہ داخلہ حرم کے وقت ہرگز کسی پر تلوار نہ اٹھائی جائے، الا یہ کہ مشرکین میں سے کوئی از خود اقدام کرے اور اس لیے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ذریعہ رجز کے خلاف "الیوم یوم المرحمہ" فرما کر اس حقیقت حال کو خوب روشن کر دیا۔

③ دنیوی شہنشاہ اور نبی الرحمۃ کے درمیان اگر فرق وامتیاز معلوم کرنا ہو تو فتح مکہ اس کے لیے روشن برہان ہے، تاریخ سے دریافت کرو کہ جب کوئی بادشاہ شہنشاہ کسی ملک کو فتح کرتا تو اس کے ساتھ کیا سلوک روا رکھتا تھا۔ یہی کہ مفتوح قوم پر مظالم کرے، قتل و غارت کر کے ان کو غلام بنائے یا تلوار کے گھاٹ اتارے، لیکن جب نبی الرحمۃ کو اقتدار اعلیٰ نصیب ہوا اور فتح مکہ کی صورت میں مشرکین وکفار پر یہ ید قدرت حاصل ہوا تو اس مقدس ہستی نے کیا کیا؟ صرف یہ کہ ان کو جمع کیا اور اعلان کر دیا:

((لا تثریب علیکم الیوم اذھبوا انتم الطلقاء)).

"آج تم پر گذشتہ بداعمالیوں اور سفاکیوں پر کوئی ملامت نہیں، جاؤ تم سب آزاد ہو۔"

ایک شخص عمر بھر نبی اکرم ﷺ اور مسلمانوں کی مخالفت کے باوجود جب فتح مکہ کے وقت کانپتا، خوف کھاتا اور لرزتا ہوا حاضر خدمت ہوا ہے تو اس وقت بھی نبی الرحمۃ کی زبانِ اقدس اس حقیقت کا اعلان کرتی ہے جس سے آپ ﷺ کی شان پیغمبری نمایاں نظر آتی ہے، آپ ﷺ فرماتے ہیں:

"خوف نہ کرو! میں کوئی بادشاہ نہیں ہوں بلکہ تمہاری طرح خشک گوشت کھانے والی ایک قریشی عورت کا بیٹا ہوں۔"

④ کافر ومشرک گروہ اگر اسلامی طاقت کا حلیف بننا چاہے تو بہ تقاضائے مسلم مفاد اس کو حلیف بنایا جا سکتا ہے بلکہ بعض حالات میں حلیف بنانا ازبس ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ حلیف کے مال اور اس کی جان وآبرو سب کو اپنے مال جان اور آبرو کی طرح سمجھے اور اسی قسم کا معاملہ کرے جو مسلمانوں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

غزوۂ حنین:

① ایک لمحہ کے لیے بھی کسی مسلمان کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ فتح وشکست کا مدار "کثرت تعداد" پر سمجھے بلکہ اس کا یقین راسخ ہر حالت میں خدا کی نصرت کے ساتھ وابستہ رہنا چاہیے۔ چنانچہ بدر میں اعتماد علی اللہ نے ذلت وقلت کو عزت وکثرت کے ساتھ بدل دیا اور حنین میں اپنی کثرت تعداد پر اعتماد نے کثرت وشوکت کو مبدل بہ ہزیمت بنا دیا۔ ﴿وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ﴾

② اگر اسلام اور مسلمانوں کے مصالح کا تقاضا ہو تو ایک غیر مسلم طاقت کے مقابلہ میں دوسری غیر مسلم طاقت یا غیر مسلم جماعت کا

تعاون واشتراک حاصل کرنا بلاشبہ درست اور مشروع ہے، اسی لیے حنین میں نبی اکرم ﷺ نے "طلقاء" کو شریک جنگ رکھا اور جنگ میں استعانت من المشرکین کے مسئلہ میں بلحاظ دلائل اگرچہ قبول وعدم قبول دونوں قسم کے اقوال موجود ہیں، لیکن قرآن و حدیث کی روشنی میں جمہور کا مسلک جواز وقبول ہی کا ہے۔ چنانچہ محدثین وفقہاء امت نے کتاب الجہاد میں اس کی تصریح کر دی ہے۔ [1]

غزوۂ تبوک:

① مفاد اسلامی کے پیش نظر جب خلیفۃ المومنین نفیر عام (جہاد عام) کا اعلان کر دے تو ادائے فرض کے مقابلہ میں ہر قسم کی مشکلات ہیچ ہو جانی چاہئیں، اور اسباب و وسائل کی پریشانیاں ہرگز راہ میں حائل نہ رہنی چاہئیں غزوۂ تبوک ہم کو اسی جانب رہنمائی کرتا ہے۔

② جہاد اور نفیر عام کے موقعہ پر مالی اعانت بھی جہاد ہی کا اہم شعبہ ہے اور

گر زر طلبی سخن در نیست
گر جاں طلبی مضائقہ نیست

کے خلاف عزم وعمل اور خلوص وصداقت کی روشن دلیل ہے، اس لیے جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم نے غزوۂ تبوک میں مالی اعانت کی اپیل پر ایک دوسرے سے مسابقت کی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنا کل مال راہ خدا میں دے کر صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا نام گھر میں باقی چھوڑا۔

③ جماعتی زندگی میں جن لوگوں کے متعلق شروع سے ہی یہ معلوم ہو کہ جماعت میں ان کی شرکت از راہ خلوص نہیں بلکہ از راہ نفاق ہے وہ اگر جہاد جیسے فداکارانہ عمل سے پہلوتہی کرنے کے لیے کوئی بہانہ کر کے میدان جہاد سے جی چرائیں تو ان سے درگذر کی جا سکتی ہے کہ ان کی عدم شرکت مفید ہی ہے نہ کہ مضرت رساں لیکن مخلص وایثار پیشہ فرد جماعت اگر ایسے نازک موقعہ پر کوتاہی کر جائے جیسا کہ غزوۂ تبوک کا اہم معاملہ تھا تو یہ کوتاہی ناقابل معافی جرم ہے تاوقتیکہ ماضی پر ندامت اور مستقبل میں ایسی شنیع حرکت سے پرہیز کے عزم کے ساتھ درگاہ الٰہی میں عجز و نیاز سے تائب نہ ہو جائے۔

④ اسلامی احکام کی کھلی خلاف ورزی پر مسلمانوں کا کسی فرد مسلم یا جماعت مسلمہ کے خلاف سوشل اور معاشرتی مقاطعہ درست ہے بلکہ بعض اہم اور نازک حالات کے پیش نظر کبھی واجب اور ضروری ہو جاتا ہے تاکہ ایک جانب مسلمانوں میں ضبط ونظم کا صحیح جذبہ پیدا ہو جائے، اور دوسری جانب مخلص ومنافق کے درمیان بین تفاوت نظر آنے لگے۔

---

[1] فتح الباری کتاب الام امام شافعی رحمہ اللہ، مبسوط، البدائع والصنائع۔

تبنی

رسوم جاہلیت میں سے ایک رسم تبنی (گود لے کر بیٹا بنانا) بھی ہے، یہ رسم مشرکین عرب وعجم میں یکساں رائج تھی، اس رسم قبیح کے ثمرات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بچہ اپنے حقیقی ماں باپ کے انتساب سے کٹ کر ایک اجنبی کے لیے صلبی بیٹے کی طرح ہو جاتا اور اس کے خاندان کے تمام محارم اس کے محارم بن جاتے ہیں۔ نیز اس اجنبی کے حقیقی ورثاء کو محروم وراثت بنا کر خود اس کی تمام جائیداد کا مالک بن جاتا یا اپنی موت پر اپنے حقیقی ورثاء کو محروم رکھ کر اجنبی کو اپنا وارث بناتا ہے اس لیے بلاشبہ یہ رسم نسبی انتساب اور معاشرتی نظام دونوں لحاظ سے مذموم وقبیح اور خلاف فطرت ہے۔

اسلام جو کہ انسان کے ہر شعبہ حیات کو مکروہ جراثیم سے پاک کرنے اور ان میں انقلاب واصلاح کی روح پھونک کر نظام کائنات کو بہتر وخوب تر بنانے آیا ہے اس نے اس رسم بد کے انہداد پر بھی توجہ کی اور ایک خاص واقعہ کو سامنے رکھ کر ارادہ کیا کہ معاشرت میں گندھی ہوئی اس رسم پر ایسی ضرب کاری لگائے کہ مسلمانوں میں سے ہمیشہ کے لیے اس کا خاتمہ ہو جائے اور غیر مسلم بھی اس کی معقولیت پر سر تسلیم خم کرنے کے لیے مجبور ہو جائیں۔

انسداد تبنی کے لیے خدائے برتر نے جس واقعہ کو منتخب فرمایا اس کی روداد حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی زندگی سے وابستہ ہے۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ:

حضرت زید رضی اللہ عنہ کا تعارف اسد الغابہ میں ابن اثیر جزری نے اس طرح کرایا ہے: زید بن حارثہ بن شراجیل رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام (مولیٰ) ہیں اور بہت ہی محبوب صحابی ہیں۔ یہ عرب کے معزز قبیلہ بنی کلب کے ایک فرد تھے، مگر بچپن ہی میں ایک حادثہ کی وجہ سے غلام بنا لیے گئے، صورت یہ پیش آئی کہ ان کی والدہ ان کو ساتھ لیے اپنے خاندان بنی معمن میں جا رہی تھیں راہ میں قبیلہ بنی قین نے ان کو لوٹ لیا اور زید کو بھی لے گئے اور عکاظ کے بازار میں لا کر فروخت کر دیا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے برادر زادہ حکیم بن حزام نے ان کو اپنی پھوپھی کے لیے خرید لیا۔ یہ ابھی آٹھ سال کے ہی تھے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو نبی اکرم ﷺ کی رفیقہ حیات ہونے کا شرف حاصل ہو گیا۔ اور انہوں نے زید کو حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ہبہ کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کو آزاد کر کے اپنا بیٹا بنا لیا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم اس دن سے زید کو ابن محمد ﷺ کہنے لگے اور اس وقت تک کہتے رہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآىِٕهِمْ ﴾ "مسلمانو! تم لے پالکوں کو ان کے باپ دادا کی نسبت ہی سے پکارا کرو۔"

نبی اکرم ﷺ نے زید اور اپنے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ کرا دیا اور وہ دونوں حقیقی بھائیوں کی طرح رہنے لگے، ادھر زید کی گم شدگی نے ان کے والد حارثہ کو غم سے نڈھال کر دیا تھا۔ حسن اتفاق کہ بنی کلب کے چند آدمی حج کی نیت سے مکہ

آئے تو زید کو دیکھا اور پہچان لیا۔ زید نے بھی ان کو پہچانا اور اپنے قبیلہ کو اپنی موجودگی کا پیغام دیا، حارثہ اور ان کا بھائی کعب دونوں نے جب یہ سنا تو فوراً بھاگے ہوئے مکہ آئے اور دربار قدسی میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ اب زید کو ہمارے حوالہ کر دیجئے اور زرفدیہ لے لیجئے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اس سے بہتر یہ بات ہے کہ زید آ جائے اور اس کے سامنے دونوں صورتیں پیش کر دی جائیں، وہ تمہارے ساتھ جانا قبول کرتا ہے یا میرے ساتھ رہنا چاہتا ہے اور جو اس کی مرضی ہو اس پر ہم بھی راضی ہو جائیں۔"

حارثہ بخوشی اس پر رضا مند ہو گئے کیونکہ وہ یقین رکھتے تھے کہ بیٹا بہر حال باپ کو ہی ترجیح دے گا، چنانچہ زید بلائے گئے ذات اقدس ﷺ نے دریافت فرمایا ان کو پہچانتے ہو؟ زید نے کہا کیوں نہیں، یہ میرے والد ہیں اور یہ چچا ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ لینے آئے ہیں، اب تم مختار ہو، ان کے ساتھ چلے جاؤ یا میرے پاس رہو، زید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا! میں آپ پر کسی کو ترجیح نہیں دے سکتا، میرے باپ چچا جو کچھ بھی ہیں، آپ ﷺ ہی ہیں، حارثہ نے یہ سنا تو رنج و تکلیف کے ساتھ کہا: "زید کس قدر افسوس ہے تجھ پر کہ غلامی کو آزادی پر اور باپ دادا اور خاندان پر اجنبی کو ترجیح دے رہا ہے۔" زید نے کہا: "اس ہستی کے ساتھ رہ کر میری آنکھوں نے جو کچھ مشاہدہ کیا ہے اس کے بعد میں دنیا و مافیہا کو اس کے سامنے ہیچ سمجھتا ہوں۔"

تب نبی اکرم ﷺ نے حارثہ اور حاضرین کو بتلایا کہ میں نے زید کو آزاد کر دیا ہے۔ اب وہ میرا غلام نہیں بلکہ بیٹا ہے، حارثہ نے یہ سنا تو بہت خوشی کا اظہار کیا اور باپ اور چچا دونوں مطمئن واپس گئے۔ [1] اور گاہے گاہے آ کر دیکھ جاتے اور آنکھیں ٹھنڈی کر جایا کرتے تھے۔

ترمذی کی ایک مختصر روایت میں حارثہ کی جگہ ان کے دوسرے بیٹے جبلہ کی آمد اور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مسطورۂ بالا گفتگو کا ذکر ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کی مزید قدر افزائی کے لیے ان کا نکاح اپنی دودھ پلائی (حاضنہ) اُم ایمن کے ساتھ کر دیا، جن کے بطن سے حضرت اسامہ پیدا ہوئے اور اس کے بعد ارادہ کیا کہ ان کی شادی اپنی پھوپھی زاد بہن زینب رضی اللہ عنہا بنت جحش کے ساتھ کر دیں۔ یہ ہاشمی خاندان کی بیٹی اور آپ کی پھوپھی امیہ بنت عبدالمطلب کی لخت جگر تھیں، اس لیے زینب رضی اللہ عنہا اور زینب کے بھائی اس عقد پر راضی نہیں تھے تب وحی الٰہی نے نازل ہو کر یہ حکم دیا کہ جس بات کا حکم اللہ اور اس کا رسول دے پھر اس کی خلاف ورزی کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝﴾ (الاحزاب: ۳۶)

"جب اللہ اور اس کا رسول کوئی فیصلہ کر دے تو پھر کسی مرد مومن اور عورت مومنہ کو ان کے معاملہ میں کوئی اختیار باقی نہیں رہتا اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے بلاشبہ وہ کھلی گمراہی میں پڑ گیا۔"

وحی الٰہی کے نزول پر حضرت زینب رضی اللہ عنہا اور ان کے بھائیوں نے آپ کے فیصلہ کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا اور اس طرح

---

[1] ج ۲ ص ۲۲۴۔۲۲۵

آپ نے خاندان سے ہی عملی طور پر فخر بالانساب کی جڑ کاٹ دی تا کہ آپ کا عمل اسوۂ حسنہ بنے۔ حضرت زید کا سب سے بڑا شرف یہ ہے کہ قرآن میں ان کا نام بصراحت مذکور ہے۔ یہ شرف کسی اور صحابی رسول ﷺ کو نصیب نہیں ہوا۔

انسداد تبنی:

حضرت زید اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا اگرچہ حبالۂ عقد میں منسلک ہو گئے تھے لیکن حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا یہ فطری رجحان مٹ نہ سکا کہ وہ قریشی ہاشمی ہیں اور ان کا شوہر آزاد شدہ غلام، اسی طرح حضرت زید رضی اللہ عنہ کو یہ فخر حاصل تھا کہ وہ بہرحال عرب کے معزز قبیلہ کے فرد اور نبی اکرم ﷺ کے منہ بولے بیٹے ہیں اور زینب رضی اللہ عنہا پر ان کو قوام ہونے کا شرف حاصل ہے۔ چنانچہ ان دو متضاد ذہنیتوں نے ان کے آپس میں محبت کا رشتہ قائم نہ ہونے دیا اور آخرکار زید اس پر آمادہ ہو گئے کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دیں، حضرت زید رضی اللہ عنہ نے متعدد بار اس ارادہ کا حضور اقدس ﷺ سے تذکرہ کیا، مگر آپ ﷺ نے یہ سمجھ کر کہ شاید دیر یا مدت ازدیاد محبت کا باعث ہو جائے زید کو طلاق دینے سے روکا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی ناچاقی نے اب صورت حال بدل دی اور وحی الٰہی نے یہ فیصلہ کر دیا کہ وقت آ گیا ہے کہ اب "تبنی کی رسم بد" کا خاتمہ کر دیا جائے اور جس طرح آپ ﷺ نے فخر بالانساب کے پہلو کو اپنے خاندان ہی میں سب سے پہلے شکست دی اسی طرح اس کی ابتداء بھی خود ذات اقدس ﷺ کے ہی عمل سے ہو اور یہ اس طرح کی زید رضی اللہ عنہ جب طلاق دے دیں تو پھر زینب رضی اللہ عنہا کا عقد آپ ﷺ سے ہو جائے، کیونکہ اس سے ایک طرف زینب رضی اللہ عنہا اور ان کے خاندان کو جو صدمہ پہنچے اس کا اندمال ہو سکے اور دوسری جانب تبنی کی رسم بد کا انسداد ہو جائے۔

نبی اکرم ﷺ کو جب وحی الٰہی نے یہ نقشہ بتلایا تو بربناء بشریت آپ ﷺ کے قلب میں یہ جذبہ پیدا ہوا کہ زید رضی اللہ عنہ اگر زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق نہ دے تو اچھا ہے تا کہ زینب رضی اللہ عنہا کے خاندان کو بھی توہین محسوس نہ ہو اور میں بھی منافقین اور مشرکین کے اس طعن و تشنیع سے محفوظ رہوں کہ وہ یہ کہیں گے "محمد (ﷺ) نے اپنے بیٹے کی بیوی کو اپنی بیوی بنا لیا، حالانکہ دوسروں کے لیے بیٹے کی بیوی کو حرام بتاتے ہیں۔" چنانچہ آپ برابر زید رضی اللہ عنہ کو طلاق سے باز رکھتے رہے، مگر جب کسی طرح باہم موافقت نہ ہو سکی تب زید نے طلاق دے ہی دی اور عدت گزرنے پر خدا کا حکم ہوا کہ اب زینب رضی اللہ عنہا کو آپ اپنی بیوی بنائیں تا کہ آئندہ منہ بولے بیٹے کی رسم کا خاتمہ ہو اور مسلمانوں کی معاشرت میں یہ تنگی نہ پیدا ہو سکے کہ منہ بولے بیٹے کی بیوی کے نکاح کو صلبی بیٹے کی بیوی کی طرح حرام سمجھا جائے اور ساتھ ہی اللہ تعالیٰ کی وحی نے یہ بھی واضح کر دیا کہ خدا جو فیصلہ کر چکا ہے وہ تو ظاہر ہو کر ہی رہے گا اور تمہارے بشری خوف سے وہ ٹلنے والا نہیں ہے اور حقیقت بھی یہ ہے کہ حکم الٰہی کے مقابلہ میں سماج انسانی کا خوف ہیچ در ہیچ ہے۔

قرآن عزیز نے انسداد تبنی کے معاملہ کو دو شقوں میں تقسیم کر دیا ہے: ایک ذہنی و علمی انقلاب اور دوسرا عملی، چنانچہ ذہنی اصلاح و انقلاب کے لیے حسب ذیل آیات نازل فرمائیں:

﴿وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآىِٕهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي

الدِّيْنِ﴾(الاحزاب: ۴۔۵)

"اور اللہ نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا (حقیقی) بیٹا نہیں بنا دیا، یہ قول تمہارے اپنے منہ کی بات ہے اور اللہ سچ بات کہتا ہے اور وہی سیدھی راہ دکھاتا ہے تم ان منہ بولے بیٹوں کو ان کے (حقیقی) باپوں کی نسبت سے پکارا کرو یہی اللہ کے نزدیک انصاف کا طریقہ ہے اور اگر تم کو ان کے باپ دادوں کے نام معلوم نہ ہوں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔"

چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم تصریح کرتے ہیں کہ ہم نے اسی وقت سے حضرت زید کو ابن محمد ﷺ کہنا چھوڑ دیا اور زید بن حارثہ کہنے لگے۔ اور انسداد تبنی کے عمل پہلو کو روشن کرنے کے لیے ان آیات کا نزول ہوا:

﴿وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللّٰهَ وَ تُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ وَ اللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَیْ لَا یَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ حَرَجٌ فِیْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِیَآىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝﴾(الاحزاب: ۳۷)

"اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جب تم اس شخص سے کہتے تھے جس پر اللہ نے اور تم نے انعام کیا کہ اپنی بیوی کو روکے رکھ (اور طلاق نہ دے) اور اللہ سے ڈر اور صورت حال یہ تھی کہ تم اپنے جی میں اس بات کو چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور تم لوگوں (کے طعن وتشنیع) سے ڈرتے تھے اور اللہ زیادہ مستحق ہے کہ اس سے خوف کیا جائے سو جب زید اپنی حاجت پوری کر چکا (اور اس نے طلاق دے دی) تو ہم نے اس (زینب رضی اللہ عنہا) کا نکاح تجھ سے کر دیا تاکہ (آئندہ) مسلمانوں پر یہ تنگی نہ رہے کہ وہ اپنے منہ بولے بیٹے کی بیویوں سے نکاح نہ کر سکیں جب ان کے منہ بولے بیٹے اپنی حاجت پوری کر لیں (یعنی طلاق دے دیں) اور اللہ کا یہ حکم اٹل ہے۔"

قرآن عزیز کی ان آیات کا مفہوم اپنے متعلقہ مسئلہ کے ساتھ اس قدر صاف اور واضح ہے کہ اس میں کسی دوسرے مفہوم کی گنجائش تک نہیں اور نہ کسی قسم کی کوئی پیچیدگی ہی ہے کہ جو معاملہ کے رخ کو کسی دوسری جانب پھیرنے کا موجب ہو مگر حیرت اور حیرت سے زیادہ رنج وملال ہے ان راویان روایت پر جنھوں نے روایت ودرایت کی کسوٹی پر کسے بغیر ہی یہود بنی اسرائیل کی اسلام دشمنی اور رسل دشمنی میں گڑھی ہوئی خرافی داستان کو ان آیات کی تفسیر کے ضمن میں درج کر دیا اور یہ قطعاً محسوس نہ کیا کہ جب کہ ان بے سروپا روایات کا نہ قرآن کی آیات سے جوڑ لگتا ہے اور نہ ذخیرۂ حدیث میں کوئی ایک صحیح روایت بھی اس کی جانب اشارہ کرتی ہے تو پھر ہمارے لیے کس طرح یہ جائز ہوسکتا ہے کہ ہم ایسی روایات کو بیان یا نقل کر کے ایک جانب دشمنان اسلام کے لیے غلط اور پُر از بہتان نکتہ چینی کا سامان مہیا کریں اور دوسری طرف بے علم مسلمانوں کے دینی وذہنی انتشار کا باعث بنیں۔

خرافی داستان:

اگر یہ خرافی داستان کتب تفسیر میں نقل نہ ہوتی اور اس کے مفاسد کا اثر موافق ومخالف دونوں جانب پر نہ پڑا ہوتا تو ایک لمحہ

کے لیے بھی قلم اس کے لیے آمادہ نہ ہوتا کہ اس ہرزہ سرائی کو روایت کہہ کر پیش کرے، مگر اصل حقیقت کو واشگاف کرنے کے بعد محض اس لیے اس داستان کو سپردِ قلم کیا جا رہا ہے کہ جب کبھی اس پر نگاہ پڑے تو فوراً ذہن میں آ جائے کہ یہ ایک خرافی داستان سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتی اور اس لیے دشمنانِ اسلام کو اس کی سند لینا محض تعصب اور اسلام دشمنی پر مبنی ہے نہ کہ حقیقت حال کی طلب و جستجو کے پیشِ نظر۔

کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف لے گئے، اتفاق سے حضرت زید رضی اللہ عنہ موجود نہیں تھے، حضرت زینب رضی اللہ عنہا پر اچانک نظر پڑی تو وہ بہت حسین نظر آئیں، آپ فوراً ہی یہ پڑھتے ہوئے "سبحان مقلب القلوب" "پاک ہے وہ ذات جو دلوں کو پھیر دینے پر قابو رکھتی ہے" واپس ہو گئے۔ جب زید رضی اللہ عنہ آئے تو زینب رضی اللہ عنہا نے ان سے پورا واقعہ سنایا۔ زید رضی اللہ عنہ یہ سن کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دینا چاہتا ہوں۔ حضور ﷺ نے پوچھا ایسا کیوں کرتے ہو؟ تو کہنے لگے اور کوئی وجہ نہیں ہے وہ خود کو بہت بلند مرتبہ سمجھتی اور مجھ کو زبان سے ایذاء پہنچاتی ہے۔ یہ سن کر نبی اکرم ﷺ کے قلب میں (العیاذ باللہ) اگرچہ یہ آیا کہ زید طلاق دے دے، مگر زبان سے منع کیا کہ خدا سے ڈر اور ایسا نہ کر، تب اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ پر عتاب فرمایا اور کہا کہ تیرے دل میں جو بات تھی اس کو تو نے چھپایا، مگر اللہ تعالیٰ اس کو ظاہر کر کے رہے گا۔ (اعاذنا اللہ من ھذہ الخرافات)

اس روایت کو ابن ابی حاتم اور طبری نے قتادہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی نسبت کے ساتھ روایت کیا ہے مگر قاضی عیاض نے شفاء میں حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں ابن کثیر، ابن حبان، سید محمود آلوسی نے اپنی تفاسیر میں اور خفاجی نے نسیم الریاض میں اس کو روایت و درایت دونوں اعتبار سے ساقط الاعتبار اور نا قابل قبول ثابت کیا ہے اور ان دونوں بزرگوں کی جانب اس روایت کے انتساب کو باطل اور غلط قرار دیا ہے۔ فتح الباری میں ہے:

وو ردت اثار اخرىٰ اخرجها ابن ابی حاتم الطبری فقلها كثير من المفسرين لاينبغي التشاغل بها والذی و ردته منها هو المعتمد۔ ❶

"اس سلسلہ میں اور بھی آثار بیان کئے جاتے ہیں جن کو ابن ابی حاتم اور طبری نے روایت کیا ہے اور بہت سے مفسرین نے اس کو نقل کر دیا ہے یہ آثار ہرگز اس قابل نہیں ہیں کہ ان کی جانب کوئی توجہ بھی دی جائے اور قابل اعتماد آثار وہی ہیں جن کو ہم نے اس جگہ بیان کر دیا ہے۔"

اور سید محمود آلوسی اس داستان کو نقل کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

وللقصاص فی هذه القصة كلام لاينبغي ان يجعل في حيز القبول۔ ❷

"اور داستان سراؤں کے پاس اس واقعہ کے متعلق بھی گڑھی ہوئی باتیں ہیں جو ہرگز اس قابل نہیں کہ ان کو قبولیت کا درجہ دیا جائے۔"

اور ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے تو اس داستان کو اپنی تفسیر میں نقل کرنا بھی پسند نہیں کیا اور اس کا حوالہ دیتے ہوئے اپنا یہ محققانہ فیصلہ صادر فرمایا:

---

❶ ج ۵ کتاب التفسیر ص ۴۲۵ ❷ ج ۴ ص ۴۹۸۔ ۲۹۴

ذکر ابن ابی حاتم و ابن جریر ھٰھنا اٰثارًا عن بعض السلف رضی اللہ عنھم احببنا ان نضرب عنھا صفحًا بغدم صحتھا فلا نوردھا. ❶

"ابن ابی حاتم اور ابن جریر نے اس موقع پر بعض سلف رضی اللہ عنہم کی جانب منسوب چند آثار کو ذکر کیا ہے ہم نے یہ پسند کیا کہ ان کی جانب مطلق التفات نہ کریں اس لیے کہ وہ قطعاً صحیح نہیں ہیں اور اس لیے ہم ان کا اس جگہ ذکر نہیں کریں گے۔"

اور پھر یہ تمام اہل تحقیق ان آثار کو نقل کرتے ہیں جو اس سلسلہ میں بسند صحیح ثابت ہیں اور جو آیات کی وہی تفسیر کرتے ہیں جس کو سطور بالا میں ہم بیان کر چکے ہیں۔

حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ زید کے طلاق دینے سے قبل اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی نبی اکرم ﷺ کو یہ بتلا دیا تھا کہ انسداد تبنی کے سلسلہ میں خدا کا یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو زید طلاق دے گا اور تم کو اس سے نکاح کرنا ہوگا۔ یہ بات تھی جس کو نبی اکرم ﷺ بر بنائے بشریت دشمنوں کے طعن سے بچنے کی خاطر کہ "کہیں گے محمد (ﷺ) نے بیٹے کی بیوی سے نکاح کر لیا" اپنے دل میں چھپائے رکھا اور آپ ﷺ کوشش کرتے رہے کہ کسی طرح زید رضی اللہ عنہ زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق نہ دے اسی کو قرآن نے ﴿تُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ﴾ کہا ہے اور زید رضی اللہ عنہ کا طلاق دینا اور پھر زینب رضی اللہ عنہا کا حرم نبوی ﷺ میں داخل ہونا اس حقیقت کا اعلان ہے جس کو ﴿مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ﴾ میں کہا گیا ہے۔ ❷

اور عمر بن فائد نے بھی امام زہری رحمہ اللہ سے یہی تفسیر نقل کی ہے اور اسی پر تمام محدثین و مفسرین کا اعتماد ہے اور یہی صحیح ہے۔

لیکن یہ صورت حال کیوں اختیار کی گئی اور معاملہ کو اس خاص رنگ میں کیوں رکھا گیا جو قرآن عزیز کی ان آیات سے ظاہر ہوتا ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ اس کے متعلق یہ حقیقت واضح فرماتے ہیں:

حاصل کلام

والحاصل ان الذی کان یخفیه النبی ھو اخبار اللہ ایاہ انھا ستصیر زوجته الذی کان تحمله علی اخفاء ذٰلک خشیة قول الناس تزوج امراءۃ ابنه و اراد اللہ ابطال ما کان اھل الجاھلیة علیه من احکام التبنّی بامر ابلغ فی ابطال منه و ھو تزوج امراءۃ الذی یدعی ابنا و وقع ذلک من امام المسلمین لیکون ادعٰی لقبولھم و انما وقع الخبط فی تاویل متعلق الخشیة. واللہ اعلم. ❸

"حاصل کلام یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ صرف اس بات کو پوشیدہ رکھ رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے انسداد تبنی کے سلسلہ میں یہ خبر دی ہے کہ زینب تمہارے نکاح میں آئے گی اور نبی اکرم ﷺ نے اس لیے اس بات کو پوشیدہ رکھا کہ آپ لوگوں کے اس طعن سے بچنا چاہتے تھے کہ محمد (ﷺ) نے بیٹے کی بیوی سے شادی کر لی اور اللہ تعالیٰ یہ ارادہ کر چکا تھا کہ لے پالک کے جو احکام زمانہ جاہلیت میں نافذ تھے ان کو باطل کر دے اور اس کے لیے اس طریقہ سے بہتر کوئی دوسرا طریقہ نہیں تھا کہ عملاً

---

❶ ج ۳ ص ۱۳۳ ❷ نسیم الریاض ج ۴ ص ۲۹۹ ❸ ج ۱ ص ۴۲۵

کسی منہ بولے بیٹے کی بیوی سے شادی کرائی جائے اور اس کے لیے ذات اقدس (ﷺ) کو اس لیے چنا گیا کہ آپ امام المسلمین ہیں پس آپ کا عمل مسلمانوں کے لیے سب سے زیادہ اتباع اور قبولیت کا داعی ہوگا اور مسلمان اچھی طرح اس مسئلہ کی حقیقت کو سمجھ جائیں گے (لہٰذا صورت حال یہ اختیار کی گئی کہ پہلے زینب رضی اللہ عنہا کی آپ کے منہ بولے بیٹے زید رضی اللہ عنہ سے شادی ہو اور پھر وہ طلاق دے اور بحکم خداوندی پھر وہ آپ کے نکاح میں آئیں) یہ ہے وہ اصل بات جو کہ اس کے لیے خبط میں پڑ گئی کہ تاویل کرنے والوں نے یہ قیاس آرائیاں کر ڈالیں کہ آیت میں خشیۃ کا متعلق کیا ہے۔"

غرض اسرائیلی داستانوں میں سے یہ بھی ایک خرافی داستان تھی جس کا پردہ فاش ہونا از بس ضروری تھا، ورنہ تو یہ روایت خرد و عقل کے نزدیک یوں بھی ناقابل اعتماد اور لغو ہے کہ زینب رضی اللہ عنہا جبکہ نبی اکرم ﷺ کی پھوپھی زاد بہن تھیں اور بچپن سے جوانی تک مسلسل آپ کے سامنے رہیں اور شادی کے بعد بھی آپ سے پردہ نہیں کرتی تھیں تو اس واقعہ کے دن کون سی خاص بات تھی کہ زینب رضی اللہ عنہا آپ کی نگاہ میں اجنبی بن کر نظر آنے لگیں اور آپ ﷺ نے اخلاق کریمانہ کے خلاف دل و زبان کی مطابقت بھی چھوڑ دی۔

اگر قرآن کی آیت کا یہ مطلب لیا جائے تو کیا پھر ایک لمحہ کے لیے بھی قرآن کو یہ حق ہے کہ ذات اقدس ﷺ کو ایک نبی، رسول اولوالعزم پیغمبر کی حیثیت میں پیش کر سکے۔ ﴿سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ○﴾

بصائر:

① باوجود اس امر کے کہ پیغمبر و رسول اس حقیقت سے آشنا ہوتے اور اس پر یقین رکھتے ہیں کہ خدا کا فیصلہ اٹل اور ناقابل رد ہوتا ہے تاہم اگر کوئی امر ایسا ہو جس میں ان کی ذات وقت کے خود ساختہ اخلاقی پہلو کی بناء پر مورد طعن و تشنیع بنتی ہو تو بہ تقاضائے بشریت وہ اس کی زد سے محفوظ رہنے کی کوشش کرتے ہیں اور متوقع رہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جس مقصد خیر کے لیے اس صورت حال کو رونما کرنا چاہتا ہے کاش کہ وہ کسی ایسی صورت میں نمودار ہو کہ ان کی ذات اس طعن و تشنیع سے بچ جائے، لیکن جبکہ خدا کی مصلحت اسی خاص صورت حال میں مضمر ہوتی ہے تو وقت آنے پر نبی و رسول اپنی خواہشات ذاتی کو پس پشت ڈال کر خدا کے فیصلہ پر سر تسلیم خم کر دیتا ہے، قرآن عزیز نے زیر بحث واقعہ میں اسی حقیقت کو معجزانہ انداز بیان میں ادا کیا۔

② قرآن عزیز کی تفسیر خصوصاً واقعات پر مبنی آیات کی تفسیر میں اجمال اس تفصیل سے بدرجہا بہتر ہے جو محض عقلی احتمالات کے پیش نظر آیات کے حقیقی مفہوم کو بھی بدل ڈالے اور لفظی تعبیرات کے اجمال سے غلط اور باطل عمارت تیار کر لے بلاشبہ ایسی تفصیل تفسیر نہیں بلکہ تحریف ہے اور اسی لیے ہر مفسر کا فرض ہے کہ اس سے اپنا دامن بچائے۔

قرآنی حقائق سے آگاہ محققین مفسرین اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ تفسیر قرآن میں لفظی تعبیرات سے حقیقت کی جستجو کیے بغیر عقلی احتمالات بیان کر کے متضاد اقوال پیدا کر دینا تفسیر قرآن کی محمود خدمت نہیں ہے بلکہ قلوب میں تردد و اضطراب پیدا کر دینے کا موجب ہے۔

تفسیر قرآن کی بہترین خدمت یہ ہے کہ اول قرآن عزیز کی تفسیر خود قرآن سے ہی کی جائے ﴿القرآن یفسر بعضہ بعضا﴾ اور ساتھ ہی صحیح و مستند احادیث رسول سے اس کے اجمال کی شرح کرتا جائے، اور پھر اگر مزید تشریحات صحیح آثار صحابہ رضی اللہ عنہم سے حاصل ہو سکیں تو ان سے بھی استفادہ کیا جائے اور ان تمام تحقیقات کے بعد ایک مضبوط و مدلل اور محقق قول فیصل نقل

کرتا جائے اور احتمالات کی کشاکش سے اضطراب اقوال کا شکار نہ بنے۔ اور اگر لطائف وحکم اور نکات پر قلم اٹھائے تو ان میں بھی یہ پیش نظر رہے کہ آیت کی حقیقی روح سے جدا نہ ہو جائے بلکہ اس کے اندر محدود رہے نیز دور از کار لفظی اور تخمینی احتمالات کی راہنمائی میں بعید تاویلات سے اپنا دامن محفوظ رکھے اور غیر مستند روایات (واحادیث وآثار) اور اسرائیلیات سے ہرگز ہرگز احتمال کے طور پر بھی استشہاد واستناد نہ کرے بلکہ اس کا فرض ہے کہ حسب موقعہ ان کی تردید اور ان کا ابطال کرتا جائے تاکہ ارباب مطالعہ کو قرآنی ہدایات سے حصول سعادت اور اخذ بصیرت وموعظت کے لیے آسانی ہو۔

بنو نضیر

یہ واقعہ ۴ ہجری میں پیش آیا۔ جو قبائل یہود یمن سے بھاگ کر حجاز (مدینہ) میں آبسے تھے، ان میں سے یہ بھی مشہور قبیلہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ جب مدینہ تشریف فرما ہوئے تو آپ ﷺ نے مدینہ اور اطراف مدینہ کے یہود سے عہد و پیمان کر کے "صلح وعہد" کی طرح ڈالی یہ انصار میں سے بنی خزرج کے حلیف بھی تھے۔

یہود نے اگرچہ ظاہراً اس صلح وعہد پر رضامندی کا اظہار کر دیا تھا لیکن ان کے روایتی حسد وبغض اور تاریخی منافقت نے اس عہد پر ان کو تادیر قائم نہیں رہنے دیا اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ اور مسلمانوں کے خلاف اندرونی اور بیرونی سازشوں کا جال بچھانا شروع کر دیا۔ اسی اثناء میں بنو نضیر کے ذمہ دار افراد نے ایک روز یہ سازش کی کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جا کر عرض کریں کہ ہم کو ایک معاملہ میں آپ ﷺ سے مشورہ کرنا ہے اور جب آپ تشریف لے آئیں تو دیوار کے قریب ان کو بٹھایا جائے، اور جب وہ گفتگو میں مصروف ہو جائیں تو اوپر سے ایک بھاری پتھر آپ ﷺ پر گرا کر آپ ﷺ کا خاتمہ کر دیا جائے۔

چنانچہ نبی اکرم ﷺ مدعو ہو کر تشریف لائے، ابھی آپ ﷺ دیوار کے قریب بیٹھے ہی تھے کہ وحی الٰہی نے حقیقت حال سے مطلع کیا اور آپ ﷺ فوراً خاموشی کے ساتھ واپس تشریف لے گئے اور وہاں جا کر محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا کہ وہ بنو نضیر تک یہ پیغام پہنچا دیں کہ چونکہ تم نے غداری کی اور نقض عہد کیا ہے اس لیے تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ حجاز مقدس کی سرزمین سے جلد جلاوطن ہو جاؤ، منافقین نے یہ سنا تو جمع ہو کر بنو نضیر کے پاس پہنچے اور کہنے لگے، تم محمد ﷺ کا فرمان ہرگز تسلیم نہ کرو اور یہاں سے ہرگز جلاوطن نہ ہو، ہم ہر طرح تمہارے شریک کار ہیں۔

بنو نضیر نے یہ پشت پناہی دیکھی تو حکم ماننے سے انکار کر دیا اور حالات کا انتظار کرنے لگے تب نبی اکرم ﷺ نے جہاد کی تیاری کی اور حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کو مدینہ کا امیر بنا کر بنو نضیر کی گڑھی (چھوٹا قلعہ) پر حملہ آوری کے لیے نکلے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں اسلامی پرچم اور صحابہ رضی اللہ عنہم جلو میں تھے۔

بنو نضیر نے یہ دیکھا تو قلعہ بند ہو گئے اور یقین کر لیا کہ اب مسلمان ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، چنانچہ نبی اکرم ﷺ چھ شبانہ روز ان کا محاصرہ کیے رہے اور پھر حکم دیا کہ ان کے ان درختوں کو کاٹ ڈالو جو ان کے لیے پھل مہیا کرتے ہیں اور ان کا وجود ان کی

رسد رسانی کے لیے تقویت کا باعث ہے۔ ان حالات کو دیکھ کر بنی نضیر کے دلوں میں رعب اور خوف طاری ہو گیا اور ان کو منافقین کی جانب سے مایوسی اور رسوائی کے سوا اور کچھ ہاتھ نہ آیا۔ آخر مجبور ہو کر انہوں نے درخواست کی کہ ہم کو جلا وطن ہونے کا موقع دیا جائے۔ لہٰذا ان کو اجازت دی گئی کہ سامان حرب کے علاوہ جس قدر سامان بھی وہ اونٹوں پر لاد کر لے جانا چاہتے ہیں لے جائیں۔

اجازت نامہ حاصل ہونے کے بعد یہ منظر بھی قابل دید تھا کہ کل کے باغی، سرکش اور فتنہ جو غدار آج اپنے ہاتھوں سے اپنے مکانات کو برباد کر کے اس وطن کو خیر باد کہہ رہے تھے جس جگہ محفوظ و مامون رہنے کے لیے نبی اکرم ﷺ نے خود بنفس نفیس ایک عہد نامہ کے ذریعہ ان کو دعوت دی تھی۔

بنونضیر نے اپنے مکانات کو اس لیے برباد کر دیا کہ وہ یہ برداشت نہیں کر سکتے تھے کہ ان کے بعد مسلمان ان کے گھروں میں آباد ہوں۔

بہر حال بنونضیر جلاوطن ہو کر جب چلے تو ان میں سے بعض اکابر قوم مثلاً حی بن اخطب اور ابی الحقیق تو خیبر میں مقیم ہو گئے اور اکثر شام کے نواح میں جا بسے اور دو سردار یامین بن عمرو اور ابوسعد مشرف باسلام ہو کر مدینہ ہی رہ گئے۔

قرآن عزیز اور بنونضیر:

اسی واقعہ کے سلسلہ میں قرآن عزیز کی سورۂ حشر نازل ہوئی اور اس میں بنونضیر کی غداری، منافقین کی فتنہ پردازی مسلمانوں پر خدا کا احسان و کرم اور جنگ کے موقعہ پر سبز درختوں کے کاٹنے کا حکم، اور ایسی صورت میں جبکہ جنگ نہ پیش آئی ہو مال غنیمت کا مصرف اور فے کا حکم، ان تمام امور کا تفصیل کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔

بصائر:

① منافق کا نفاق ایک خود فریبی ہوتی ہے جو انجام کے لحاظ سے نہ خود اپنے لیے مفید ثابت ہوتا ہے اور نہ منافقین پر اعتماد کرنے والا ہی اس سے کوئی فائدہ اٹھا سکتا ہے بلکہ بسا اوقات وہ اپنی اور اپنے حلیفوں کی ذلت و رسوائی اور ہلاکت و بربادی کا سامان مہیا کر دیتا اور ابدی خسران کا سبب بن جاتا ہے۔ چنانچہ منافقین مدینہ یہود بنی نضیر، بنی قریضہ اور بنی قینقاع کے حالات و واقعات تاریخی اس کے لیے زندۂ جاوید شہادت ہیں۔

② جس قوم میں شر و فساد اور مکر و فریب، اخلاق کا درجہ لے لیتے ہیں ان کے قویٰ جسمانی و روحانی سے صلاح و خیر کی تمام استعداد فنا ہو جاتی ہے اور وہ نہ دنیا میں کسی عزت و شوکت کی مالک رہتی ہے اور نہ آخرت میں اس کے لیے کوئی حصہ خیر باقی رہتا ہے، چنانچہ سامیتی (سیمیٹک) اقوام میں سے اگر کسی قوم میں اس کو نمایاں دیکھنا ہو تو یہود کو دیکھ لینا کافی ہے۔

③ عام طریقے پر جنگ میں سبز درختوں اور ہری کھیتیوں کو کاٹنا اور برباد کرنا اصلاحات جنگ کے منافی اور ممنوع ہے لیکن جب یہ اشیاء زمانہ جنگ میں دشمن کی مزید تقویت کا باعث ہو کر فساد و شر کے بقاء میں معاون ہوں تو ایسی حالت عام حکم سے مستثنیٰ ہیں جیسا کہ "بنونضیر" کے واقعہ میں نص قرآنی ناطق ہے۔

واقعہ افک

شعبان ۵ ہجری مطابق دسمبر ۶۲۶ء میں بنی مصطلق کے سردار حارث بن ضرار کی فتنہ سامانیوں کی وجہ سے غزوہ بنی المصطلق پیش آیا، منافقین کا یہ دستور بن گیا تھا کہ جس غزوہ کے اسباب ظاہری سے غالب گمان فتح کا ہوتا، اس میں مال غنیمت کے لالچ سے ضرور ساتھ ہو جاتے۔ چنانچہ اس غزوہ میں بھی منافقین کا گروہ مع اپنے سردار عبداللہ بن ابی کے موجود تھا، واپسی پر ایک معمولی حادثہ پیش آ گیا اور عبداللہ بن ابی اور اس کے منافق گروہ نے اس پر افتراء اور بہتان کی ایک عمارت تیار کر لی مگر قرآن عزیز نے جلد ہی اس افتراء کی حقیقت آشکارا کر دی اور مفتریوں کو ذلیل ورسوا ہو جانا پڑا۔

بخاری میں اس واقعہ کی جو تفصیلات مذکور ہیں ان کا حاصل یہ ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ کامیابی کے ساتھ غزوۂ بنی المصطلق سے واپس ہوئے تو مدینہ کے قریب ایک منزل پر پڑاؤ تھا کہ آخر شب میں کوچ کا اعلان ہوا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اعلان سن کر رفع حاجت کے لیے عجلت کے ساتھ قیام گاہ سے دور چلی گئیں، فارغ ہونے کے بعد واپس ہوئیں تو گلے میں جو ہار پہنے ہوئے تھیں وہ سینہ پر نہ پایا، وہ یہ سمجھ کر کہ ٹوٹ کر وہیں گر گیا ہوگا جہاں رفع حاجت کے لیے گئی تھیں، اس کو تلاش کرنے کے لیے واپس گئیں اسی اثناء میں جو جماعت ان کے ہودج کو اونٹ پر سوار کراتی تھی اس نے ہودج اٹھا کر اونٹ پر کس دیا اور چونکہ اس زمانے میں کم خوری کی وجہ سے عورتیں عموماً فربہ اندام نہیں ہوتی تھیں اور اس لیے وہ بھی بہت لاغر تھیں، لہٰذا ہودج پر مامور جماعت نے ان کی عدم موجودگی کا مطلق احساس نہیں کیا اور اونٹ پر ہودج رکھ کر روانہ ہو گئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب ہار کو تلاش کرتی ہوئی واپس ہوئیں تو قافلہ جا چکا تھا اور اب ہار بھی ہودج کے قریب ہی مل گیا، وہ سخت پریشان ہوئیں پھر سوچا کہ جونہی مسلمانوں کو یہ محسوس ہوگا کہ میں ہودج میں نہیں ہوں تو فوراً نبی اکرم ﷺ اسی جگہ سواری بھیج دیں گے اس لیے مناسب یہ ہے کہ قافلہ کا پیادہ پا پیچھا کرنے کی بجائے اسی جگہ انتظار کیا جائے۔ رات آخر تھی، سپیدۂ سحر نمودار ہونے والا تھا کہ ان کی آنکھ لگ گئی۔

اِدھر صفوان بن معطل سہمی اس خدمت پر مامور تھے کہ وہ قافلہ سے بہت پیچھے رہ کر نگرانی کرتے ہوئے اور جو چیز بھی قافلہ کی رہ جائے اس کو لیتے ہوئے آئیں وہ پیچھے سے چلتے ہوئے جب اس مقام پر پہنچے تو انہوں نے محسوس کیا کہ یہاں کوئی انسان موجود ہے، قریب آئے تو ان کو پہچان لیا کیونکہ آیت حجاب سے پہلے وہ ان کو دیکھ چکے تھے۔

انھوں نے دیکھتے ہی فوراً بلند آواز سے "انا للہ وانا الیہ راجعون" پڑھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آواز سن کر بیدار ہو گئیں، اور سمٹ کر بیٹھ گئیں، صفوان نے ایک لفظ کہے بغیر اونٹ کو بٹھا دیا اور وہ بھی خاموشی کے ساتھ اونٹ پر ہودج میں سوار ہو گئیں اور صفوان مہار پکڑے ہوئے روانہ ہوئے اور دوپہر کے قریب لشکر میں جا پہنچے۔

جب یہ خبر عبداللہ بن ابی کو معلوم ہوئی تو اس نے اور اس کی جماعت نے موقعہ کو غنیمت جانا اور تیزی کے ساتھ افتراء اور

بہتان کو لشکر میں پھیلا دیا مگر مسلمانوں نے کسی طرح اس کو باور نہیں کیا، البتہ صرف تین مسلمان (دو مرد اور ایک عورت) حسان بن ثابت، مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش اپنی سادہ لوحی سے منافقین کے جال میں پھنس گئے۔

خدا کا کرم و فضل دیکھیے کہ زیادہ دن نہ گزرے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے وحی الٰہی (قرآن عزیز) کے ذریعہ منافقین کی خباثت کو آشکارا کر دیا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی اور عفت مابی پر مہر تصدیق ثبت کر کے بہتان لگانے والوں پر کوڑوں کی سزا (حد قذف) جاری کرنے کا حکم دیا اور اس طرح کذاب اور مفتری کیفر کردار کو پہنچے۔

اس واقعہ پر بعض مستشرقین اور یورپین مؤرخین نے بہت جولانئ طبع کا ثبوت دیا ہے اور خوب آب و نمک لگا کر اس کو بیان کیا ہے جس کو پڑھ کر اسلام اور داعی اسلام ﷺ سے متعلق ان کے قلبی عناد کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔

بہرحال قرآن عزیز نے اس واقعہ پر مسلمانوں کو صاف طور سے یہ بتلا دیا کہ یہ کذب و افتراء پر مبنی داستان سن کر تم نے خود ہی یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ یہ محض جھوٹ اور بہتان ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنكُمْ ۚ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَّكُم ۖ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُم مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ ۚ وَالَّذِي تَوَلَّىٰ كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١١﴾ لَّوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوا هَٰذَا إِفْكٌ مُّبِينٌ ﴿١٢﴾ لَّوْلَا جَاءُوا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ ۚ فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَاءِ فَأُولَٰئِكَ عِندَ اللَّهِ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿١٣﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِي مَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٤﴾ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وَهُوَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُم مَّا يَكُونُ لَنَا أَن نَّتَكَلَّمَ بِهَٰذَا سُبْحَانَكَ هَٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ ﴿١٦﴾ يَعِظُكُمُ اللَّهُ أَن تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَدًا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧﴾ وَيُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿١٩﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٠﴾﴾ (النور: ۱۱-۲۰)

"جن لوگوں نے بہتان کا یہ طوفان اٹھایا ہے وہ تم ہی میں سے ایک جماعت (منافقین کی جماعت) ہیں (اے پیغمبر) تم اس کو اپنے حق میں برا نہ سمجھو، بلکہ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے (یعنی خدا کی مصلحت کے راز نے اس میں تمہاری بہتری کا انجام پوشیدہ رکھا ہے) ان میں سے ہر ایک آدمی کے لیے وہ سب کچھ ہے جو اس نے گناہ کمایا ہے اور جس نے اس

(گناہ) کا بڑا بوجھ اٹھایا ہے اس کے واسطے بہت بڑا عذاب ہے، جب تم نے اس بہتان کو سنا تھا کیوں نہ ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتوں نے اپنے لوگوں پر نیک خیال قائم کر لیا اور کیوں یہ نہ کہہ دیا کہ یہ صریح بہتان کا طوفان ہے، وہ (طوفان اٹھانے والے اپنے بہتان پر) کیوں چار گواہ نہ لائے، پس جب وہ گواہ پیش نہ کر سکے تو یہی لوگ اللہ کے یہاں سرتا سر جھوٹے ہیں اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت دنیا اور آخرت دونوں میں تم پر نہ ہوتی تو پڑ جاتی اس جھوٹا چرچا کرنے میں تم پر کوئی بڑی آفت جبکہ تم اس بہتان کو اپنی زبانوں پر جاری کرنے لگے اور ایسی بات منہ سے نکالنے لگے جس کی تم کو خبر تک نہیں اور تم اس کو ہلکی بات سمجھتے ہو حالانکہ (بہتان اور افتراء) اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے، اور جب تم نے اس کو سنا تھا تو کیوں نہ کہا ہمارے لیے زیبا نہیں کہ ایسی جھوٹی بات منہ سے نکالیں "اللہ کے لیے پاکی ہے" یہ تو بہت بڑا بہتان ہے۔ اللہ تم کو سمجھاتا ہے کہ ایسا کام پھر کبھی نہ کر بیٹھنا، اگر تم واقعی سچے ایمان والے ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے لیے پتہ کی باتیں واضح کرتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا ہے جو لوگ چاہتے ہیں کہ بدکاری کا چرچا ہو ایمان والوں میں ان چاہنے والوں کے لیے دردناک عذاب ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی بلاشبہ اللہ (حقیقت حال کا) جاننے والا ہے اور تم جاننے والے نہیں ہو۔ اور اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا اور اس کی رحمت نہ ہوتی تم پر اور یہ بات نہ ہوتی کہ وہ نرمی کرنے والا ہے اور مہربان تو کیا کچھ نہ ہو جاتا۔"

سورۂ نور کی ان آیات نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی طہارت و پاک دامنی کا ہی صرف اعلان نہیں کیا بلکہ مسلمانوں کو یہ تنبیہ بھی کی کہ ان کو ایک لمحہ کا انتظار کیے بغیر اس قسم کے افتراء پردازوں کے افتراء پر صاف صاف یہ کہہ دینا چاہیے تھا کہ یہ محض افتراء اور بہتان ہے۔

یہ آیات اس بناء پر "آیات براۃ" بھی کہلاتی ہیں کہ ان میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی براۃ کا اعلان ہے اور منافقین اور معاندین کی ذلت و خذلان کا اظہار۔

موعظت:

① فاسق و فاجر یا بد باطن انسانوں کی دی ہوئی خبر خصوصاً جبکہ وہ باعصمت و عفت اور صاحب تقویٰ و خیر افراد کے خلاف ہو ہرگز قابل توجہ نہیں اور اس کے لیے صرف اسی قدر کہہ دینا کافی ہے کہ یہ محض افتراء ہے تاوقتیکہ خبر دینے والا اس پر روشن دلیل و حجت قائم نہ کر دے۔

② بے گناہ پر الزام اور تہمت لگانا بہت بڑا گناہ ہے اور چونکہ اس گناہ کا مرتکب حق العباد میں سے ایک اہم حق کا ہتک کرتا ہے، اس لیے نہ صرف اخلاق کی نگاہ میں بلکہ اجتماعی قانون کی نظر میں بھی حد درجہ مجرم ہے، قرآن عزیز کی نصوص نے اس لیے حد قذف (بے گناہ پر تہمت لگانے کی سزا) کے لیے اسی کوڑے تجویز کیے ہیں تا کہ آئندہ کسی کو بھی یہ جرات نہ ہو سکے کہ وہ ایک پاکباز انسان پر بہتان لگائے یا بغیر شہادت کے اس کی تشہیر کرے۔

③ یہ واقعہ گو آغاز کے اعتبار سے نبی اکرم ﷺ کے لیے بہت سخت ایذاء کا باعث ہوا اور اہل بیت کو اس نے بے حد پریشان خاطر بنایا، لیکن انجام کے پیش نظر اہل بیت رسول اللہ ﷺ کے لیے یہ سرتا سر خیر ثابت ہوا کیونکہ اس سے ایک جانب منافقوں کی

منافقت کا راز فاش ہو گیا اور دوسری جانب صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور اہل بیت رسول کی عظمت شان کا بے نظیر مظاہرہ عمل میں آ گیا کہ قرآن کی دس آیات نے ان کی براءۃ کے لیے نازل ہو کر ان کی عصمت وعظمت دونوں پر عدیم النظیر مہر تصدیق ثبت کر دی۔

④ بعض مرتبہ اشرار اور خبیث النفس انسانوں کی ہفوات اس درجہ آب ورنگ رکھتی ہیں کہ سادہ لوح مسلمان اور نیکوکار انسان بھی مغالطے اور دھوکے میں آ جاتے ہیں اس لیے مسلمان کا فرض ہے کہ سنی سنائی بات پر اس وقت تک ہرگز ہرگز یقین نہ کرے جب تک کہ اسلامی اصول شہادت کے مطابق شنیدہ خبر کی تصدیق نہ ہو جائے۔

((قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ایاك و الظن فان بعض الظن اثم)).

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ سوء ظن سے بچو اس لیے کہ بعض بدگمانیاں گناہ کا مرتکب بنا دیتی ہیں۔"

⑤ حقوق العباد میں خدائے برتر نے جو حدود وقصاص اور تعزیرات مقرر فرما دیئے ہیں، جرائم کے ارتکاب پر ان میں مسلم اور غیر مسلم کا کوئی فرق نہیں ہے اور قانون اسلامی کی نگاہ میں اس حیثیت سے تمام مجرم یکساں قابل گرفت ہیں۔ اس لیے واقعہ افک میں منافق مفتریوں کے ساتھ تین مسلمان (مرد وعورت) حسان۔ حضرت مسطح اور حضرت حمنہ بنت جحش کو بھی جھوٹی تہمت لگانے کے الزام میں کوڑے کھانے پڑے۔

نباء فاسق ①

غزوۂ بنی المصطلق ② میں جب مسلمان فتح یاب ہو گئے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے مشورہ کی بناء پر نبی اکرم ﷺ نے سردار قبیلہ کی بیٹی حضرت جویرہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کر لیا تو نبی اکرم ﷺ کے رشتہ مصاہرت کی وجہ سے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم نے اسیران جنگ کو رہا کر دیا اور مسلمانوں کے اس حسن سلوک واخلاق کریمانہ اور اسلامی محاسن سے متاثر ہو کر تمام قبیلہ مشرف باسلام ہو گیا۔ تب نبی اکرم ﷺ نے ولید بن عقبہ کو اس لیے ان کے پاس بھیجا کہ وہ قبیلہ کے دولت مندوں سے "زکوٰۃ" وصول کر کے ان ہی کے فقراء ومساکین پر تقسیم کر دیں۔

اہل قبیلہ کو جب ولید کی اس آمد کا علم ہوا تو وہ عامل اسلام کے استقبال کے لیے تیاریاں کرنے لگے اور ایک معزز ترین ہستی کے استقبال کی طرح ساز وسامان کے ساتھ میدان میں نکلے۔

زمانہ جاہلیت میں اس قبیلہ کے اور ولید کے درمیان کچھ ناچاقی رہ چکی تھی اور پرانی عداوت کا رشتہ چلا آتا تھا، اس لیے استقبال کے اس اہتمام کو ولید نے دوسری نظر سے دیکھا اور سمجھا اور اپنی غلط رائے پر جمود کر کے اہل قبیلہ سے معاملہ کیے بغیر ہی مدینہ واپس آ گئے اور دربار قدسی میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ بنی المصطلق تو مرتد ہو گئے اور انہوں نے زکوٰۃ دینے سے بھی انکار کر دیا اور وہ تو سرکشی پر آمادہ ہیں۔

---

① فاسق کی دی ہوئی خبر ② یہ غزوہ ۵ھ میں پیش آیا۔

نبی اکرم ﷺ کو یہ سن کر بنی المصطلق کے طرز عمل سے رنجیدہ ہوئے اور مسلمان تو برافروختہ ہو گئے اور جہاد کی تیاریاں ہونے لگیں تاکہ مرتدین کا مقابلہ کیا جائے، حتیٰ کہ وہ اسلام پر واپس آ جائیں یا کیفر کردار کو پہنچ جائیں۔

ادھر بنی المصطلق کو ولید کے اس عجیب طرز عمل نے حیرت میں ڈال دیا اور جب ان کو معلوم ہوا کہ ولید نے کیسی بیجا جسارت کے ساتھ ان کے متعلق دربار نبوی میں غلط بیانی کی ہے تو وہ بے حد پریشان ہوئے کیونکہ ان کے تو وہم وخیال میں بھی یہ نہیں تھا کہ ان جیسے پختہ کار اور ثابت قدم مسلمانوں پر اس قسم کی تہمت بھی لگائی جاسکتی ہے۔ چنانچہ انہوں نے فوراً قدمت اقدس ﷺ میں ایک موقر وفد بھیجا جس نے حاضر ہو کر کل ماجرا کہہ سنایا۔

ایک جانب اپنے عامل (ولید) کا وہ بیان اور دوسری جانب حدیث العہد مسلم جماعت کا یہ بیان، اس لیے نبی اکرم ﷺ نے خاموشی اختیار فرمائی اور وحی الٰہی کا انتظار کیا۔ آخر وحی الٰہی نے راہنمائی کی اور قرآن عزیز (سورۂ حجرات) کی ان آیات نے نازل ہو کر نہ صرف زیر بحث معاملہ کی حقیقت ہی واضح کر دی بلکہ اس سلسلہ میں ایک مستقل قانون یا "معیار تحقیق" عطاء فرما دیا:

﴿يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۞ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۞ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۞﴾ (الحجرات: ٦-٨)

"اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی (غلط کار) خبر لے کر آئے تو تحقیق کر لیا کرو، ایسا نہ ہو کہ نادانی کی وجہ سے کسی قوم پر (جہاد کے نام سے) حملہ آور ہو جاؤ اور پھر کل کو (اصل حال معلوم ہونے کے بعد) اپنے کیے پر پچھتانے لگو، اور جان لو کہ تم میں اللہ کا رسول موجود ہے، اگر وہ تمہاری بات اکثر معاملات میں مان لیا کرے تو تم (اپنی غلط روی کی وجہ سے) مصیبت میں پڑ جاؤ لیکن اللہ نے (اپنے فضل سے) تمہارے لیے ایمان کو محبوب بنا دیا ہے اور تمہارے دلوں میں اس کو زینت بخشی ہے اور تمہارے دلوں میں کفر اور گناہ اور نافرمانی کے لیے نفرت پیدا کر دی ہے۔ اور (درحقیقت) یہی لوگ ہیں اللہ کے فضل اور احسان کی وجہ سے راہ یاب اور اللہ جاننے والا ہے حکمتوں والا ہے۔"

موعظت:

① خبروں کو بیان کرنے میں عام طور پر سنجیدہ اور مہذب جماعت بھی اس کو معیوب نہیں سمجھتی کہ جو خبر بھی ان کے کانوں تک پہنچے وہ اس کو بے تکلف نقل کرتے رہیں اور حقیقت حال کی جستجو کی زحمت قطعاً گوارا نہ کریں، خواہ اس خبر سے کسی ناکردہ گناہ پر افتراء کیا جا رہا ہو یا کسی فرد و جماعت کو مضرت پہنچ رہی ہو، حالانکہ نبی اکرم ﷺ نے پرزور الفاظ میں یہ تنبیہ فرمائی ہے:

عن ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال كفى بالمرء اثماً ان يحدث بكل ما سمع. (ابوداؤد)

"ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انسان کے لیے یہ گناہ کافی ہے کہ ہر شنیدہ بات کو نقل کرتا رہے۔"

یعنی یہ بھی گناہ کی بات ہے کہ سنی سنائی جھوٹی بات کی تشہیر کرے۔"

④ جب کوئی ایسی خبر سنی جائے جو بلحاظ مفاد یا مضرت خبر دینے والے پر یا دوسروں پر اثر انداز ہوتی ہو تو اسلامی آداب اجتماعی کا تقاضا ہے کہ پہلے اس کی تحقیق ہونی چاہیے اور جب وہ پایہ ثبوت کو پہنچ جائے تب اس سے متعلق نتائج وثمرات کی جانب متوجہ ہونا چاہیے۔

"خبر" سے متعلق یہ حکم اخلاقی حیثیت رکھتا ہے اور معاشرتی زندگی میں روزمرہ واجب العمل ہے لیکن محاکم شرعیہ میں جب کوئی معاملہ جائے اور خبر "شہادت" کی حیثیت اختیار کر لے تو اس کے قبول عدم قبول میں اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے دوسرے مزید شرائط ہیں جو فقہ اسلامی کے "باب الشہادۃ" میں بہ تفصیل مذکور ہیں۔

مسجد ضرار

منافقین کو یہ تو جرأت ہوتی نہ تھی کہ علانیہ اسلام کی مخالفت کر کے اس کو نقصان پہنچائیں، البتہ ہر وقت اس کوشش میں لگے رہتے تھے کہ کسی طرح در پردہ مسلمانوں میں تفرقہ پیدا کر کے ان کو ضعف و انحطاط کی راہ پر لگا دیں۔ چنانچہ اس مقصد کی تکمیل کے لیے انہوں نے جہاں اور بہت سی فتنہ سامانیاں بپا کر رکھی تھیں ان میں سے ایک واقعہ جب ۰۹ ہجرت میں بھی رونما ہوا۔

نبی اکرم ﷺ کو معلوم ہوا کہ تبوک کے میدان میں جو کہ مدینہ سے چودہ منزل پر براہ دمشق واقع تھا..... ہرقل شاہ روم نے مسلمانوں کے مقابلے کے لیے لشکر جرار جمع کر لیا ہے اور اس کا مقدمہ الجیش آگے بڑھ کر بلقاء تک آ پہنچا ہے، آپ نے عرب میں قحط اور گرمی کی شدت کے باوجود جہاد کے لیے منادی کر دی اور مسلمان جوق در جوق شوق جہاد میں مدینہ میں جمع ہونے لگے۔

نبی اکرم ﷺ بھی تیاریوں ہی میں مصروف تھے کہ منافقین نے وقت سے فائدہ اٹھا کر سوچا کہ مسجد قباء کے مقابلہ میں ..... جو ہجرت کے بعد سب سے پہلی مسجد تھی اس حیلہ سے ایک مسجد تیار کریں کہ جو لوگ ضعف یا اور کسی عذر کی وجہ سے مسجد نبوی میں نہ جاسکیں تو یہاں نماز پڑھ لیا کریں کیونکہ اس طرح مسلمانوں کو ورغلانے کا بھی موقعہ ہاتھ آئے گا اور ایک قسم کی تفریق بھی پیدا ہو جائے گی۔

یہ سوچ کر وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم نے ضعیف و ناتواں اور معذوروں کے لیے قریب مسجد بنائی ہے۔ اب ہماری خواہش ہے کہ حضور وہاں چل کر ایک مرتبہ اس میں نماز پڑھ دیں تو وہ عنداللہ مقبول ہو جائے۔

آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس وقت تو میں اہم غزوہ کے لیے جا رہا ہوں واپسی پر دیکھا جائے گا۔

مگر آپ جب بخیر و کامرانی مراجعت فرما ہوئے تو وحی الٰہی کے ذریعہ اس مسجد کی تعمیر کے حقیقی سبب سے آگاہ ہو چکے تھے، چنانچہ واپس تشریف لا کر سب سے پہلے صحابہ رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ وہ جائیں اور اس مسجد کو آگ لگا کر خاک سیاہ کر دیں۔

چونکہ حقیقتاً اس مسجد کی بنیاد "تقویٰ" اور "وجہ اللہ" کی جگہ "تفریق بین المسلمین" پر رکھی گئی تھی اس لیے بلاشبہ وہ اسی کی مستحق

تھی اور اس کو "مسجد" کہنا حقیقت کے خلاف تھا۔ اس لیے قرآن عزیز نے اس بظاہر مسجد و بباطن بیت الشر کی تعمیر کے متعلق حقیقت حال کو روشن کرتے ہوئے بتلا دیا کہ یہ مسجد تقویٰ نہیں بلکہ ضرار کہلانے کی مستحق ہے:

﴿وَ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّ كُفْرًا وَّ تَفْرِيْقًۢا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَ لَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝﴾ (التوبہ: ۱۰۷۔۱۰۸)

"اور (منافقوں میں سے) وہ لوگ بھی ہیں جنھوں نے اس غرض سے ایک مسجد بنا کھڑی کی کہ نقصان پہنچائیں، کفر کریں، مومنوں میں تفرقہ ڈالیں اور ان لوگوں کے لیے ایک کمین گاہ پیدا کریں جو اس سے پہلے اللہ اور اس کے رسول سے لڑ چکے ہیں وہ ضرور قسمیں کھا کر کہیں گے کہ ہمارا مطلب اس کے سواء کچھ نہ تھا کہ بھلائی ہو، لیکن اللہ کی گواہی یہ ہے کہ وہ اپنی قسموں میں قطعاً جھوٹے ہیں (اے پیغمبر ﷺ) تم کبھی اس مسجد میں کھڑے نہ ہونا، اس بات کی کہ تم اس میں کھڑے ہو (اور بندگانِ الٰہی تمہارے پیچھے نماز پڑھیں) وہی مسجد حق دار ہے جس کی بنیاد اوّل دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے (یعنی مسجد قبا اور مسجد نبوی) اس میں ایسے لوگ آتے ہیں جو پسند کرتے ہیں کہ پاک و صاف رہیں اور اللہ بھی پاک و صاف رہنے والوں کو ہی پسند کرتا ہے۔"

موعظت:

① منافقت ایک ایسا مرض ہے جو انسان کی تمام خصائل حمیدہ اور اخلاق حسنہ کو تباہ و برباد کر کے اس کی انسانیت کو حیوانیت سے بدل دیتا ہے، اور اس کے افکار و اعمال میں مطابقت باہمی نہ رہنے سے اس کی زندگی کو اسفل السافلین میں گرا دیتا ہے۔

② ایک ہی "عمل" عامل کی نیت کے فرق سے "پاک" بھی ہو سکتا ہے اور "ناپاک" بھی "طیب" بن سکتا ہے اور "خبیث" بھی، تعمیر مسجد ایک عمل خیر ہے اور باعث اجر و ثواب، مگر جبکہ لوجہ اللہ ہو اور عبادت الٰہی کا حقیقی مقصد پیش نظر رہے۔

انما یعمر* مساجد اللہ من اٰمن باللہ و الیوم الاٰخر و اقام الصلوٰۃ و اٰتی الزکوٰۃ و لم یخش الا اللہ۔ (ج ۹ ص ۱۸)

"اللہ کی مسجدوں کو تو بس وہی آباد کرتا ہے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لایا اور نماز ادا کی اور زکوٰۃ دی اور خدا کے سوا کسی سے نہ ڈرا۔"

اور یہی عمل خیر "عمل شر" اور لائق نفرت بن جاتا ہے، جبکہ اس کا مقصد کار شیطان ہو یعنی تفریق بین المسلمین یا نماز کی آڑ میں اسلام کے خلاف کمین گاہ اور جاسوسی کا مرکز بنانا ہو، اسی لیے یہ عمل خیر کافروں کے ہاتھ سے انجام پانا غیر مقبول اور مردود ہے۔

"مشرکوں کا حق نہیں ہے کہ وہ اللہ کی مسجد کو آباد کریں، حالانکہ وہ اپنی جانوں پر کفر کی گواہی دیتے ہیں۔"

* تعمیر مساجد اللہ میں مساجد کی آبادی اور اس کی تعمیر دونوں کا مفہوم شامل ہے۔

وفات یا وصل بالرفیق الاعلیٰ

﴿اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّ اِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ﴾

آخر وہ وقت بھی آ پہنچا جس کے تصور کے لیے نہ صرف مسلمان بلکہ دنیائے انسانیت بھی تیار نہ تھی، یہ وقت کائنات انسانی کے لیے مصیبت عظمیٰ اور واہیۂ کبریٰ ثابت ہوا۔ چار دانگ عالم پر حیرت طاری تھی کہ وہ کس طرح غیر متوقع طور پر ہادیٔ اکبر، مصلح اعظم کے فیض صحبت سے محروم ہو گئے۔ آنکھوں نے جو کچھ دیکھا، قلب اس کے باور کرنے کو تیار نہ تھا اور قلب جو کچھ چاہتا تھا، آنکھیں اس نظارہ کو واپس نہ لاسکتی تھیں، دل پاش پاش تھے، جگر شق ہو رہے تھے چشم گریاں اشک کے سیلاب بہا رہی تھی کیونکہ آج روحانیت کے آفتاب عالمتاب کے اور کائنات انسانی کے درمیان موت کا لکہ ابر حائل ہو چکا تھا۔

اگر دنیا کا کرۂ آفتاب درحقیقت کبھی غروب نہیں ہوتا اور رہتی دنیا تک غروب نہیں ہوگا، بلکہ دیکھنے والوں کے اور اس کے درمیان پردۂ شب حائل ہو جاتا ہے تو کس کی مجال اور کس کی جرأت ہے کہ وہ آفتاب رسالت (محمد ﷺ) کے متعلق غروب ہونے کا دعویٰ کر سکے کیونکہ یہاں تو پردۂ شب کو بھی حائل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔

"الدین السمحة البیضاء لیلها و نهارها سواء."

"دین اسلام آسان و روشن دین ہے۔ جس کے رات اور دن دونوں یکساں طور پر روشن ہیں۔"

یعنی یہاں شب تاریک کا گزر ہی نہیں ہے، البتہ "موت" ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ﴾ کا پیغام بن کر اس آفتاب رسالت کے اور ہمارے درمیان لکۂ ابر بن کر حائل ہو گئی۔

اس لیے اس مصیبت کبریٰ میں بھی مسلمانوں کے زخمی قلوب کے لیے مرہم اور کشتگان فراق رسول اکرم ﷺ کے لیے بہترین اکسیر و تریاق موجود تھا۔ اور وہ یہ یقین اور اذعان ہے جس کو قرآن عزیز نے یہ کہہ کر پہلے ہی "قلب مسلم" عطا کر دیا:

﴿اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّ اِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝ ... كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ .... وَ مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۭ﴾

"یعنی "موت" اس حقیقت کا نام ہے جو نبی مرسل بلکہ خاتم المرسلین کو بھی پیش آ کر رہے گی اور بقائے حقیقی تو ذات احدیت کا ہی بلا شرکت غیرے طغرائے امتیاز ہے۔"

"اللہ اللہ! وہ کیسا عجیب سماں تھا کہ جب نبی اکرم ﷺ نے "اللّٰھم الرفیق الاعلیٰ" فرماتے ہوئے جان جاں آفرین کے

سپرد فرمادی تو تمام صحابہ رضی اللہ عنہم رنج و غم اور صدمہ جانکاہ سے اس درجہ متحیر اور مصیبت زدہ ہو رہے تھے کہ ان کے ہوش و حواس تک بجا نہ تھے، اسی عالم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرط غم سے تلوار سونت کر یہ نعرہ لگایا کہ جو محمد ﷺ کا انتقال ہو گیا کہے گا تو اسی تلوار سے اس کی گردن اڑا دوں گا۔

اسی اضطراب انگیز عالم میں خدا کا ایک بندہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ آتا ہوا نظر آتا ہے، سب سے پہلے وہ حجرۂ عائشہ رضی اللہ عنہا میں پہنچتا اور دل بریاں و چشم پرنم کے ساتھ سرور دو عالم ﷺ کی جبین نور کو بوسہ دیتا اور فراق رسول سے کرب و بے چینی کا اظہار کرتا ہے اور اس فرض عشق سے فارغ ہو کر جب باہر آتا ہے تو صحابہ رضی اللہ عنہم کی اس حالت کا جائزہ لے کر کہ جس میں جاہلیت و اسلام دونوں ادوار کی بے نظیر شخصیت عمر بن الخطاب بھی شامل ہے تو آگے بڑھ کر کہتا ہے: "اے خطاب کے بیٹے بیٹھ جا" حضرت عمر وہیں بیٹھ جاتے اور انتہائی حزن و غم سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا منہ تکنے لگتے ہیں۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اب منبر نبوی ﷺ پر کھڑے ہو کر صدائے حق بلند کرتے ہوئے صحابہ رضی اللہ عنہم کے مجمع کو یوں خطاب کرتے ہیں:

"لوگو! جو شخص محمد ﷺ پرستش کرتا تھا اس کو معلوم ہو جانا چاہیے "ان محمدا قد مات" کہ محمد ﷺ نے ذائقہ موت چکھ لیا اور جو خدائے واحد کا پرستار ہے تو بلاشبہ "ان اللہ حی لا یموت" اللہ تعالیٰ زندۂ جاوید ہے اور موت سے پاک اور بری، اس کو موت نہیں ہے۔"

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی یہ صدائے حق جب فضا میں گونجی تو سب سے اول حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد تمام صحابہ رضی اللہ عنہم پر سکون و اطمینان طاری ہو گیا اور وہ سمجھ گئے کہ بلاشبہ سردار دو عالم ﷺ اپنا فرض رسالت پورا کر کے "رفیق الاعلیٰ" سے جا ملے اور اب اسلام مکمل ہو چکا اس لیے اب ہمارا فرض ہے کہ رسول پاک ﷺ کے اسوۂ حسنہ اور زندۂ جاوید معجزہ کلام اللہ "قرآن" کو پیشواء بنا کر خدمت اسلام کا فرض انجام دیں۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی کیفیت تو یہ ہوئی کہ فرمانے لگے قسم بخدا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے یہ صدائے حق بلند کرتے ہوئے جب یہ آیت تلاوت کی ﴿مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ .... الآیۃ﴾ تو مجھے ایسا معلوم ہوا گویا ابھی اس وقت اس آیت کا نزول ہو رہا ہے اور عشق رسول نے فراق رسول سے جو مبہوت کر دیا تھا قرآن اور تعلیم رسولؐ کی روشنی میں جو کچھ رفیق محترم نے کہا وہ یک بیک مثل آفتاب میرے سامنے آ گیا۔

تمام کتب احادیث و سیر کی روایات متفق ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی وفات ماہ ربیع الاول روز دوشنبہ کو ہوئی البتہ کس تاریخ کو ہوئی؟ اس بارے میں متعدد اقوال پائے جاتے ہیں۔

واقدی اور ابن سعد صاحب طبقات الکبریٰ کی روایات ۱۲ ربیع الاوّل ظاہر کرتی ہیں اور یہی قول مشہور و معروف ہے اور بیہقی اور ابن کثیر میں منقول بعض روایات میں ہے کہ ۲ ربیع الاوّل اور بعض میں ۱۰، ۴ اور یکم ربیع الاول بھی منقول ہے۔ ❶

ابوالقاسم سہیلی اپنی مشہور کتاب روض الانف میں دعویٰ کرتے ہیں کہ ۱۵ھ ربیع الاول کا مہینہ اور دوشنبہ کا دن بالاتفاق

---

❶ تاریخ ابن کثیر ج ۵ ص ۲۵۵

متعین ہونے کے بعد حسابی اعتبار سے وفات کی تاریخ کسی طرح (بارہ) ربیع الاول نہیں ہو سکتی، البتہ ۲ یا ۱۳ یا ۱۴ یا ۱۵ ربیع الاول میں سے کوئی تاریخ ہو سکتی ہے اور یہ اس لیے کہ جمہور کا اس پر "اجماع" ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع میں حج (وقوف عرفہ) جمعہ کے دن کیا ہے، پس جبکہ ۹ ذی الحجہ کو جمعہ کا دن تھا تو خواہ بعد کے تمام مہینے صرف انتیس دن کے مان لیجئے یا صرف تیس دن کے، یا بعض انتیس کے اور بعض تیس کے کسی صورت میں بھی دوشنبہ کو ۱۲ ربیع الاول نہیں ہوتی اس لیے یہ روایت صحیح نہیں ہے۔

البتہ ابن جریر طبری نے ابن کلبی اور ابومخنف کی روایت سے ۲ ربیع الاول نقل کی ہے، تو یہ اس صورت میں صحیح ہو سکتی ہے کہ محرم، صفر، ربیع الاول تینوں مہینے انتیس کے تسلیم کر لیے جائیں ورنہ تو قیاس صحیح سے قریب تر روایت خوارزمی کی ہے جس میں تاریخ وفات یکم ربیع الاول منقول ہے کیونکہ یہ تاریخ تینوں میں انتیس اور تیس دن کے فرق سے بھی صحیح ہو جاتی ہے۔

ابن کثیر رحمہ اللہ نے سہیلی کے اعتراض کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ علماء نے اس کے جوابات دیئے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ تسکین بخش نہیں ہیں۔ البتہ جواب کی ایک ہی صورت ہے وہ یہ کہ "اختلاف مطالع" کا اعتبار کیا جائے، یعنی یہ تسلیم کیا جائے کہ مکہ اور مدینہ میں رؤیت ہلال مختلف رہی ہو کیونکہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اہل مدینہ نے ذی الحجہ کا چاند جمعہ کے دن دیکھا اور مکہ میں جمعرات کو رؤیت ہوئی تو پھر اگر باقی تینوں مہینوں کو تیس تیس کا ہی تسلیم کر لیا جائے تب یہ کہا جا سکتا ہے کہ بلاشبہ دوشنبہ کو ۱۲ ربیع الاول تھی۔

تو کیا مدینہ میں ذی الحجہ کا چاند جمعہ کو دیکھا گیا اس کی تصدیق وتائید حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی اس روایت سے ہوتی ہے کہ آپ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ حجۃ الوداع کے لیے جب مدینہ سے نکلے تو ذی قعدہ کے ختم ہونے میں پانچ دن باقی تھے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب مدینہ سے نکلنے لگے تو ظہر کی چار رکعات پڑھ کر نکلے اور ذوالحلیفہ پہنچ کر عصر کی دو رکعات پڑھیں، پس ان دونوں مستند روایات سے واضح ہوا کہ آپ کی روانگی نہ جمعرات کو ہوئی اور نہ جمعہ کو بلکہ سنیچر کے دن ہوئی تھی، لہٰذا اس صورت میں تسلیم کرنا پڑے گا کہ مدینہ نے جمعہ کے دن ذی الحجہ کا چاند دیکھا۔

پس یہی ایک شکل بنی ہے جس سے تاریخ وفات ۱۲ ربیع الاول سے متعلق مشہور روایت تسلیم کی جا سکتی ہے۔ [1]

عبرت وموعظت:

① قرآن عزیز سورۂ فاتحہ میں ﴿اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ﴾ اور دوسری جگہ سورۂ نساء میں ﴿اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ﴾ کی تفسیر اس طرح مذکور ہے:

﴿فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿٦٩﴾﴾ (النساء: ٦٩)

یہی وہ رفقاء ہیں جن کے متعلق نبی اکرم ﷺ نے ((اللّٰھم الرفیق الاعلیٰ)) کہہ کر وقت آخر اشارہ فرمایا۔

---

[1] تاریخ ابن کثیر ج ۵

سہیلی کہتے ہیں کہ چونکہ اہل جنت، جنت میں مختلف القلوب نہیں ہوں گے بلکہ ایک انسان کے قلب واحد کی طرح ہوں گے اس لیے "الرفقاء العلیا" نہیں فرمایا "الرفیق الاعلیٰ" فرمایا تا کہ اہل جنت کی "وحدت قلبی" کی جانب اشارہ ہو جائے۔

۲) "موت" خدائے برتر کا وہ اٹل فیصلہ ہے جس سے نبی و رسل اور خاتم الانبیاء و الرسل بھی مستثنیٰ نہیں ہیں اور بقاء و حیات سرمدی و ابدی صرف ذاتِ حق کے لیے ہی مخصوص ہے۔

۳) صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی عظمت شان و جلالت مرتبہ کا اس ایک واقعہ سے بھی واضح اعلان ہو جاتا ہے کہ وفات النبی ﷺ کے قریبی وقت میں نزاکت حالات نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی عقل و خرد پر جو اثر ڈالا اگر خدانخواستہ وہ دیر پا ہو جاتا تو اسلام اپنی حقیقت سے خالی ہو کر رہ جاتا (عیاذاً باللہ) مگر یہ سعادت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہی حصہ میں تھی کہ مسلمانوں کی اس ڈگمگاتی کشتی کو قرآن کی روشنی میں پار لگا دیا۔ اور "اسلام" کو ایک عظیم الشان فتنہ سے بچا لیا۔

﴿ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ ﴾